والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم ترٰھم رکعا سجدا

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے

الصارم السلی بالقول الجلی علی منکر ترتیب افضلیت ابی بکر و عمر و عثمان و علی

# نعرہ تحقیق
# حق چار یار

تحقیق و تخریج کے ساتھ اضافہ شدہ ایڈیشن



مؤلف
مولانا حافظ فدا حسین رضوی
امیر مرکزی جماعت اہلسنت پاکستان ضلع راولپنڈی

مکتبہ ضیائیہ راولپنڈی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے

رب دے یار دا یار صدیق
سنیاں دا دلدار صدیق

# حق چار یار
## نعرہ تحقیق

مؤلف

علامہ حافظ فدا حسین رضوی
امیر مرکزی جماعت اہل سنت ضلع راولپنڈی

ناشر
مکتبہ ضیائیہ راولپنڈی

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں


| | |
|---|---|
| نام کتاب ............ | نعرہ تحقیق حق چار یار |
| مؤلف ............ | علامہ حافظ فدا حسین رضوی<br>امیر مرکزی جماعت اہل سنت ضلع راولپنڈی |
| نظر ثانی ............ | علامہ مفتی طارق محمود نقشبندی |
| کمپوزنگ ............ | علامہ تنویر احمد ہزاروی، مولانا تیمور حسین ستی |
| پروف ریڈنگ ............ | مولانا فرحان علی رضوی، مولانا نقاش احمد رضوی |
| بار طبع ............ | دوم |
| تعداد ............ | 1100 |
| قیمت ............ | |
| ناشر ............ | **مکتبہ ضیائیہ** اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی |
| **اسٹاکسٹ** ............ | **احمد بک کارپوریشن**<br>کمیٹی چوک راولپنڈی۔فون 051-5558320 |

ملنے کے پتے

- **مکتبہ ضیائیہ** اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی۔فون 051-5534669
- **شبیر برادرز** اردو بازار لاہور۔فون 041-37246006
- **مکتبہ غوثیہ** کراچی۔فون 021-34926110
- **مکتبہ غوثیہ عطاریہ** اقبال مارکیٹ راولپنڈی
- **فضل حق پبلشرز** اقبال مارکیٹ، لاہور


Marfat.com

# فہرست مضامین


انتساب ---------------------------------------- ۱۴
پیش لفظ از علامہ مفتی داود رضوی -------------------- ۱۵
تقدیم ترجمان فکر رضا علامہ سید صابر حسین شاہ ------------ ۲۳
کچھ صاحب صاحب مقالہ کے بارے میں ---------------------- ۴۳
تقریظ ---- حجۃ الاسلام پیر سید عرفان شاہ صاحب مشہدی موسوی ---- ۴۵
تقریظ ---- مفتی اعظم پاکستان خواجہ پیر مفتی اشرف القادری ---- ۴۶
تقریظ ---- جامع المعقول والمنقول شیخ الحدیث مفتی محمد طیب ارشد ---- ۵۰
تقریظ ---- رئیس المناطقہ علامہ مولانا مفتی محمد سلیمان رضوی ---- ۵۲
تقریظ ---- مفسر قرآن مفتی عبد الرزاق بھترالوی ---- ۵۵
تقریظ ---- مفکر اسلام علامہ سید شاہ تراب الحق قادری جیلانی ---- ۶۱
تقریظ ---- شیخ الحدیث مفتی محمد ایوب ہزاروی ---- ۶۲
تقریظ ---- شیخ الحدیث پیر سائیں غلام رسول قاسمی ---- ۶۸
تقریظ ---- استاذ العلماء شیخ الحدیث والتفسیر حافظ عبد الستار سعیدی ---- ۷۲
تقریظ ---- استاذ العلماء شیخ الحدیث مفتی محمد صدیق ہزاروی سعیدی ---- ۷۳
تقریظ ---- استاذ المناظرین مفتی عبد الشکور الباروی ---- ۷۵
تقریظ ---- فقیہ ملت علامہ خادم حسین رضوی ---- ۷۶
تقریظ ---- شیخ الحدیث مفتی محمد رضاء المصطفیٰ ظریف القادری ---- ۷۸
تقریظ ---- ادیب ملت علامہ محمد منشاء تابش قصوری ---- ۸۰
تقریظ ---- زینۃ الفقہاء شیخ الحدیث مفتی محمد گل شہزاد ---- ۸۳
تقریظ ---- مصنف کتب کثیرہ علامہ حکیم سید بادشاہ تبسم بخاری ---- ۸۵
تقریظ ---- سید السادات علامہ سید عنایت الحق شاہ ---- ۹۵
تقریظ ---- پاسبان مسلک رضا ابو حذیفہ محمد کاشف اقبال مدنی ---- ۹۷
تقریظ ---- فخر السادات علامہ پیر سید کرامت علی حسین شاہ ---- ۹۸


Marfat.com

تقریظ ---- استاذ الفقہاء شیخ الحدیث علامہ مفتی محمد احسان اللہ مجددی کیلانی ---------- ۹۹
تقریظ ---- شیخ الحدیث مفتی پیر محمد اسلم بندیالوی، نقشبندی ---------- ۱۰۱
تقریظ ---- مبلغ اسلام، شیخ الحدیث علامہ مفتی محمد انصر القادری ---------- ۱۰۶
تقریظ ---- ابو الحقائق غلام مرتضی ساقی مجددی ---------- ۱۱۱
تقریظ ---- استاذ العلماء مفتی محمد عابد جلالی ---------- ۱۱۵
تقریظ ---- جانشین ابو البیان علامہ پیر صاحبزادہ محمد رفیق احمد مجددی ---------- ۱۲۱
تقریظ ---- شیخ الحدیث علامہ مفتی غلام حسن قادری ---------- ۱۲۵
تقریظ ---- فخر السادات سید ابو الحسنین سید ظفر علی شاہ بنوری ---------- ۱۲۶
تقریظ ---- فاضل جلیل علامہ شہزاد احمد مجددی ---------- ۱۲۸
سخن اولین ---------- ۱۳۰
روافض یہود و نصاریٰ سے بھی دو ہاتھ آگے ہیں ---------- ۱۳۸
وادیٔ نمل کی چیونٹی روافض سے زیادہ عقل مند تھی ---------- ۱۴۰
روافض سے دوستی ---------- ۱۴۲
اعلیٰ حضرت کے قلم سے ---------- ۱۴۴
ائمہ اہل سنت و جماعت کے ارشادات ---------- ۱۴۷
اعلیٰ حضرت کے صدائے دلنواز ---------- ۱۵۱

## باب اول

حق چار یار پر اعتراضات کے جوابات ---------- ۱۵۳
روافض کا خیال پر ضلال ---------- ۱۵۹
مفہوم مخالف کی تعریف ---------- ۱۶۱
مفہوم مخالف کے متعلق احناف کا موقف ---------- ۱۶۱
روافض کا فلسفہ ---------- ۱۶۳
عبارت مذکورہ حقیقت کے آئینے میں ---------- ۱۶۴
وضاحت، کل افرادی، کل مجموعی ---------- ۱۶۵

Marfat.com

خلاصہ کلام ---------- ۱۶۶

اصل مسئلہ ---------- ۱۶۷

دعوی مذکورہ پر دلیل ---------- ۱۶۷

محدث ہزاروی کی چند عبارات ---------- ۱۶۸

محدث ہزاری کے خلفاء فہرست ---------- ۱۷۳

عبدالقادر شاہ اور جماعت اہل سنت کا مرکزی ناظم اعلی محدث ہزاروی کے خلفاء ہیں کتاب کا عکس - ۱۷۶

دلیل دوم ---------- ۱۷۷

منکرین حق چار یار کی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں گستاخیاں ---------- ۱۷۷

سختی کی وجہ ---------- ۱۹۹

فکر اعلی حضرت ---------- ۱۹۹

علامہ پیر سید مہر علی شاہ صاحب کی طرف سے حق چار یار کا نعرہ اور پنج یار کا رد ---------- ۲۰۰

سب صحابہ کہہ کر عوام کو دھوکہ دینا روافض کا پرانا طریقہ ---------- ۲۰۲

حق چار یار کا مطلب ---------- ۲۰۵

حق چار یار کہنے کا عجیب فائدہ ---------- ۲۰۵

اعتراض نعرہ تحقیق دیوبندیوں کی ایجاد ہے ---------- ۲۰۶

جواب ---------- ۲۰۶

نعرہ تحقیق کے جواب حق چار یار پر مزید اعتراضات کے جوابات ---------- ۲۰۷

حصر اور قصر کے قواعد کا مدلل اور مفصل جواب ---------- ۲۰۹

قضیہ حق چار یار پر ایک اور اعتراض کا جواب ---------- ۲۶۰


## باب دوم


قرآن کریم سے حق چار یار پر دلائل ---------- ۲۹۱

سوال نعرہ تحقیق کا ۱۹۵۳ سے پہلے کا کوئی ثبوت لائو ---------- ۲۹۲

جواب ---------- ۲۹۲

۱۹۵۳ سے پہلے حق چار یار پر لکھی جانے والی چند کتب کے سرورق ---------- ۲۹۴


Marfat.com

قرآن کریم سے دلیل اول ---------- ۳۰۰
قرآن کریم سے دوسری دلیل ---------- ۳۰۳
قرآن کریم سے تیسری دلیل ---------- ۳۰۶
قرآن کریم سے چوتھی دلیل ---------- ۳۱۳
قرآن کریم سے پانچویں دلیل ---------- ۳۱۵
قرآن کریم سے چھٹی دلیل ---------- ۳۱۶
قرآن کریم سے ساتویں دلیل ---------- ۳۱۸
قرآن کریم سے آٹھویں دلیل ---------- ۳۱۹

## باب سوم

احادیث نبویہ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حق چار یار کا ثبوت ---------- ۳۲۲
حدیث انا مدینۃ العلم وابو بکر اساسھا ---------- ۳۲۳
عارف کھڑی میاں محمد بخش ---------- ۳۲۳
حدیث مذکورہ کو مقدم کرنے کی وجہ ---------- ۳۲۴
لاعلمی کا بہانہ ---------- ۳۲۶
جاہل مفتی یعنی مفت سے مفتی ---------- ۳۲۶
سیدنا علی المرتضیٰ کا فرمان ---------- ۳۲۷
حق چار یار کا نعرہ تخلیق نور محمدی کے وقت ---------- ۳۲۸
حق چار یار کا نعرہ نوح علیہ السلام کے دور میں ---------- ۳۳۰
حق چار یار کا نعرہ عرش پر ---------- ۳۳۲
حق چار یار کا نعرہ لواء الحمد پر ---------- ۳۳۳
حق چار یار اور سبق آموز واقعہ ---------- ۳۳۵
چار یار کی محبت صرف مومن کے دل میں جمع ہوتی ہے ---------- ۳۳۶
حق چار یار سے بغض رکھنے والا فاجر ---------- ۳۳۷
حق چار یار کی محبت نماز کی طرف فرض ہے ---------- ۳۳۸
ترتیب افضلیت اور حق چار یار بزبان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ---------- ۳۳۹
حدیث مبارکہ کی سند ---------- ۳۴۱

Marfat.com

سند میں مذکورہ راویوں کا تعارف ---------- ۳۴۲
یہ حدیث کم از کم حسن درجہ رکھتی ہے ---------- ۳۴۷
امام ذہبی کا فرمان ---------- ۳۴۷
محدثین کرام کی توثیق ---------- ۳۵۰
حق چار یار کو جنت کی خوشخبری ---------- ۳۵۲
حق چار یار جنت میں ---------- ۳۵۳
حق چار یار جنت میں داخل کرنے والے ---------- ۳۵۵
حق چار یار جنت میں لکھا ہوا ---------- ۳۵۶
حق چار یار اور آسمانی ڈول ---------- ۳۶۶
حق چار یار اور خلافت راشدہ ---------- ۳۶۷
چار یاروں کے ہاتھوں میں کنکروں کی تسبیحات ---------- ۳۷۰
حق چار یار حراء پر ---------- ۳۷۲
حق چار یار کی موافقت تاجدار کائنات ﷺ ---------- ۳۷۳
حق چار یار اور قیام قیامت ---------- ۳۷۴
مسئلہ۔ جواب ---------- ۳۷۷
سید کفریہ عقیدہ نہیں رکھ سکتا ---------- ۳۷۸
منافق کو سید نہ کہو؟ ---------- ۳۷۸
اہل بیت سے کوئی بھی جہنمی نہیں ---------- ۳۸۰
حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وجہ تسمیہ ---------- ۳۸۱
بدعقیدہ سید ---------- ۳۸۲
رافضی سید ---------- ۳۸۳
رافضی شکلیں شکلوں سے سمجھیں ---------- ۳۸۴
رافضیوں کے متعلق انداز اعلیٰ حضرت کی ایک جھلک ---------- ۳۸۵
حق چار یار کی سنت، سنت مصطفےٰ ﷺ ---------- ۳۹۱

## باب چہارم

حق چار یار اور افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ---------- ۳۹۶
افضلیت سے مراد کثرت ثواب ---------- ۳۹۷

Marfat.com

دلیل قرآن کریم سے ---------- ۴۰۰
خلاصہ کلام ---------- ۴۰۵
منطق کیا کہتی ہے ---------- ۴۰۵
افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اجماع امت ہے ---------- ۴۰۸
افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ قطعی ہے ---------- ۴۱۰
افضلیت کی قطعیت پر دلیل ---------- ۴۱۵
اعلی حضرت نے رافضیوں کی سبائیات کا دروازہ بند کر دیا ---------- ۴۱۶
رضا کے نیزے کی مار ---------- ۴۱۸
حضرت علی کو ابو بکر صدیق سے افضل ماننے والا رافضی ہے ---------- ۴۱۹
ابن تیمیہ کے حوالے سے لوگوں کو دھوکہ ---------- ۴۲۰
عوام اہل سنت کو دھوکہ دہی کی ناپاک جسارت ---------- ۴۲۲
شیخ الاسلام ابوذرعہ ولی عراقی رحمۃ اللہ علیہ کا عظیم فتوی ---------- ۴۲۳
امام اعظم رضی اللہ عنہ کا رافضیوں کے منہ پر طمانچہ ---------- ۴۲۵
میمون بن مہران فقیہ تابعی کا ارشاد ---------- ۴۲۶
حق چار یار اور افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ---------- ۴۲۷
حق چار یار اور افضلیت صدیق رضی اللہ عنہ بزبان مولی علی المرتضی رضی اللہ عنہ ---------- ۴۲۸
حق چار یار اور ترتیب خلافت بزبان مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ---------- ۴۳۱
حق چار یار اور علی المرتضی ---------- ۴۳۳
حق چار یار ترتیب افضلیت و خلافت بزبان مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ---------- ۴۳۴
حق چار یار اور حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ ---------- ۴۳۷
حق چار یار اور امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ ---------- ۴۴۱
پہلی صدی میں حق چار یار کا نعرہ ---------- ۴۴۵
حق چار یار اور تابعی حضرت ابو ایوب سختیانی رضی اللہ عنہ ---------- ۴۴۵
حق چار یار اور حضرت سعد بن طارق تابعی رضی اللہ عنہ ---------- ۴۴۶
دوسری صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ---------- ۴۴۷
تیسری صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ---------- ۴۴۹
چوتھی صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ---------- ۴۵۰
پانچویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ---------- ۴۵۲

Marfat.com

چھٹی صدی ہجری میں کا نعرہ ۴۵۴
ساتویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ۴۵۸
آٹھویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ۴۶۱
نویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ۴۶۲
دسویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ۴۶۳
گیارھویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ۴۶۶
بارہویں صدی میں حق چار یار کا نعرہ ۴۶۹
تیرہویں صدی میں حق چار یار کا نعرہ ۴۷۰
چودھویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ ۴۷۱
توجہ طلب بات ۴۷۲
خلفاء راشدین کی خلافت کی ترتیب کا لطیف استخراج ۴۷۴
حق چار یار اور عطا محمد بندیالوی ۴۸۳
عبارت مذکورہ سے حاصل ہونے والے فوائد ۴۸۴
اقول ۴۸۴

## باب پنجم

شعراء اہل سنت کے اشعار سے حق چار یار پر استدلال ۴۸۹
امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۷۲۵ھ صاحب مطلع الانوار ۴۹۰
الشاہ امام احمد رضا خان بریلوی رضی اللہ عنہ ۴۹۰
مرزا اسد اللہ خان غالب ۴۹۲
اقبال احمد صاحب ۴۹۳
حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ۴۹۷
سید میر محمد اسد اللہ شاہ ۴۹۸
میاں محمد بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ ۵۰۰
مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ ۵۰۱
محترم خاقانی صاحب ۵۰۶
دائم اقبال دائم قادری ۵۰۶
علامہ شرف الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ ۵۰۸

Marfat.com

امام شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ ۵۰۹
سید السادات مقبول بارگاہ رسالت مآب حضرت سیدنا عبد الواحد بلگرامی ۵۱۲
حق چار یار کا نعرہ مقبول بارگاہ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ۵۱۲
سبع سنابل کے متعلق ۵۱۳
علامہ علی رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ ۵۱۴
علامہ عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ ۵۱۵
پیر سائیں غلام رسول قاسمی ۵۲۰
شیخ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ ۵۲۱
پیر فرخ بخش رحمۃ اللہ علیہ مرحوم ۵۲۳
خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ ۵۲۵
محمد نور علی صاحب نعیم کلکتہ ۵۲۶
حضرت نظامی گنجوی ۵۳۱
وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ ۵۳۱
مذکورہ اشعار کے متعلق دلچسپ واقعہ ۵۳۴

## باب ششم

آیت تطہیر کی تفسیر اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ خیر ۵۳۷
آیت تطہیر کے دو ترجمے نقل کرنے کی وجہ ۵۳۹
آیت تطہیر کے متعلق اہل سنت کا مؤقف ۵۴۱
امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں ۵۴۱
امام جلال الدین محلی فرماتے ہیں ۵۴۲
قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ ۵۴۲
قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کی خوبصورت تحقیق ۵۴۶
ازواج مطہرات کا اہل بیت سے ہونا بارگاہ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے منظور شدہ ہے ۵۴۸
قاطع رافضیت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۵۴۸
آیت تطہیر کی تفسیر سید الاولیاء پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی ۵۴۸
آیت تطہیر کی تفسیر مفسر شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی ۵۴۹
صاحب بیضاوی کا قول فیصل ۵۵۳

Marfat.com

ہر متقی حضور کی آل ہے ۵۵۵
آل ابو بکر آل رسول ہے ۵۵۷
شان تطہیر ۵۶۰
سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی گستاخی ۵۶۰
شان تطہیر ازواج مطہرات کو حاصل ہے ۵۶۱
ازواج مطہرات کے لئے شان تطہیر نام سے ہی واضح ہے ۵۶۲
شان تطہیر صحابہ کرام کو بھی حاصل ہے ۵۶۲
نص قرآنی کا انکار ۵۶۳
صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں گستاخی ۵۶۳
مجدد الف ثانی کا فرمان ۵۶۴
اللہ تعالی ابو بکر صدیق سے خطاء کا واقع ہونا نہیں چاہتا ۵۶۶
ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ امت مصطفوی میں سب سے زیادہ پاکیزہ وطاہر ۵۶۷
ابو بکر رضی اللہ عنہ کی رضا کا تذکرہ ۵۶۷
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی نسبی قرابت ۵۶۹
فرمان مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم امیر معاویہ مجھ سے ہے اور میں امیر معاویہ سے ۵۷۰
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زلف ۵۷۱
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خال المؤمنین ۵۷۱
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کاتب وحی تھے ۵۷۲
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ مشیر رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے ۵۷۲
سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت، خلافت راشدہ ۵۷۳
شان امیر معاویہ بیان کرنا سنیوں کا کام ہے ۵۷۴
رافضیوں کا مشہور اعتراض اور اس کا جواب ۵۷۵
فرمان اعلی حضرت ۵۸۵
کوئی مسلمان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مخالف نہیں ہو سکتا ۵۹۱
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مخالف خدا اور رسول کا مخالف ہے ۵۹۲
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مخالف گمراہ ہے ۵۹۳
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مخالف رافضی ہے ۵۹۴
سوال: امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو باغی کہنا کیسا ہے؟ ۵۹۵
جواب: از حجۃ الاسلام پیر سید عرفان شاہ مشہدی ۵۹۵
پیر سید غلام رسول قاسمی کے قلم سے ۵۹۷

Marfat.com

محسن اہل سنت مفتی عبدالرزاق بھترالوی کے قلم سے ۵۹۹
صرف بغاوت، بغاوت کی رٹ نہ لگائی جائے ۶۰۱
علماء حق صحابہ کرام کی بغاوت کی وضاحت کرتے ہیں ۶۰۳
علماء ربانیین کا تحقیق و تدقیق کے بعد فیصلہ ۶۰۴
غلطی کی بنیادی وجہ ۶۰۸
علماء سوء کو چھوڑیں، علماء حق کی طرف آئیں ۶۰۹
صدر الشریعہ امجد علی اعظمی کا فتوی ۶۱۱
گستاخ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے ۶۱۱
سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا اجتہاد ۶۱۳
امور عشرین سے موضوع کے متعلق چند امور ۶۱۵
محدث اعظم پاکستان کا فیصلہ ۶۱۶
سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ دیگر صحابہ کرام کے لئے پردہ ہیں ۶۱۷
صرف محبت باعث نجات نہیں ۶۱۸
ابن تیمیہ پر سرسری نظر ۶۲۰
روافض ابن تیمیہ کو کیوں مانتے ہیں ۶۲۱
فیصلہ عوام پر ۶۲۴
سوال وجواب ۶۲۵
حق چار یار اور مسائل مذکور فتاوی جات کے تناظر میں ۶۲۶
علامہ فدا حسین رضوی کا فتوی ۶۲۷
حزب الاحناف کا فتوی ۶۲۸
جامعہ ہجویریہ داتا دربار کا فتوی ۶۲۹
دار العلوم انجمن نعمانیہ کا فتوی ۶۳۲
جامعہ نظامیہ رضویہ کا فتوی ۶۳۶
مفتی محمد ابراہیم چشتی کا فتوی ۶۳۸
محمد اسماعیل قادری نورانی کا فتوی ۶۴۰
عرض مصنف ۶۴۱

Marfat.com

# انتساب

فقیر حقیر بندہ لاشی ء اپنی اس ادنی سی کوشش کو مرکز دائرہ علم وایمان، محیط کرہ فعلیت وامکان، مسند آرائے ربع مسکون، رونق مثلثات گردوں، اسد میدان شجاعت ، اعتدال میزان عدالت سطح خطوط استقامت، استوی سطوح کرامت، مخزن اجناس عالیہ، معدن خصائص کاملہ، تزکیہ نفوس فاصلہ، تصفیہ قلوب کاملہ، بہجت حدائق بلاغت، سراج وہاج ہدایت نسخہ کیمیائے سادت صحیفہ دلائل نبوت تشریح حجت بالغہ، تصریح واقعات ماضیہ، موضع احکام الٰہیہ، افق مبین انوار شمسیہ، بے سہاروں کے سہارا، بے چاروں کے چارہ، ہادی السبل خیر الرسل احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ ﷺ کی طرف منسوب کرتا ہوں جن کا فرمان عالی شان ہے:

**"یامعاویة انت منی و انا منك"**

اے معاویہ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے

(السیرة الحلبیة)

Marfat.com

# پیش لفظ

از حضرت علامہ مولانا مفتی محمد داود رضوی سلمہ اللہ تعالیٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بے حد حمد و ثناء اس وحدہ لاشریک ذات کو زیبا جو اپنی ذات و صفات میں شرکت سے منزہ ومبرہ ہے ایسی کبریائی کی مالک کہ دنیا کے بڑے بڑے لوگ بھی اس کی بارگاہ ایزدی میں سجدہ ریز ہیں ایسا قادر مطلق کے بڑے بڑے فلاسفروں اور داناؤں کی عقلیں اس کے کمالات قدرت کے احاطہ سے قاصر نظر آتی ہیں۔اور اہل عرفاں کی بھی یہ صدا ہے ماعرفناک حق معرفتک۔

وبصد عجز و نیاز سے ہزاروں صلوات طیبات اس نبی کائنات، مجمع الحسنات، معدن الخیرات، فخر موجودات سرور کائنات ختم الانبیاء حضرت محمد مصطفی علیہ التحیہ والثناء پر ہو کہ جن کی ذات والا صفات مرکز دائرۃ کائنات ہے جن کا ظہور پر نور عنوانِ موجودات ہے۔اور بے حد درود و سلام آپ ﷺ کی آل واصحاب رضی اللہ عنہم پر ہوں قرون اولیٰ سے لے کر آج تک گلشن اسلام کی آبیاری کرنے والے جملہ اکابرین اہلسنت کا یہ قطعی اجماعی عقیدہ رہا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے بعد تمام لوگوں سے ولایت باطنی و خلافت ظاہری میں علی الاطلاق افضل واعلی ہستی امام الاولیاء حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ وارضاہ عنا کی ہیں۔ آج بھی اہلسنت اپنے اس علامتی نشان سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔اس گروہ مقدس کا شروع ہی سے یہ طرۂ امتیاز ہے کہ یہ اپنے نظریاتی گلستانوں میں ہر قسم کے افراط و تفریط کی آمیزشوں سے پاک رہا اور ہمیشہ سے جادۂ حق پہ قائم رہا (ما انا علیہ وصحابی) کے کلمات

Marfat.com

مبارکہ سے جنت نعیم کی نوید مسعود سننے والے اس گروہ پاک کا یہی نظریہ ہے صحابہ کبار واہلبیت اطہار رضی اللہ عنہم کی محبت والفت اور تعظیم وتکریم ایمان کا حصہ ہے۔

حضرت خضر علیہ السلام کے گلستانِ علم وحکمت کے خوشہ چین دوسو ستر علوم عقلیہ ونقلیہ پہ دسترس رکھنے والی شخصیت امام المتکلمین شاہ عبدالعزیز پرھاروی قدس سرہ النورانی متوفی ۱۲۳۹ھ صفحہ قرطاس کو مزین کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

حب اہل بیت واصحاب نبی
عین ایمان ست بشنوائے اخی
مذہب شیعہ ست وقبیح
خارجی خارج شد از دین ملیح
مذہب سنی کتاب وسنت ست
جائی سنی درمیاں جنت ست۔[1]

لہذا جو لوگ صحابہ واہلبیت اطہار رضی اللہ عنہم میں سے کسی کی بھی تنقیص وعیب جوئی کے درپے ہیں وہ درحقیقت صرف اسلام ہی نہیں بلکہ بانی اسلام کے دشمن ہیں ان کے مقاصد رزیلہ اسلام کی آہنی دیوار کو منہدم کرنا اور ناشرین اسلام کو سب وشتم کرکے قرآن وحدیث کو باطل کرنا ہے۔

صائب الفکر شخص کیلئے امام المحدثین شیخ ابوزرعہ رازی قدس النورانی متوفی ۲۶۴ کا فرمودہ ہی کافی ہے۔

---

(1) ایمان کامل ص۱۳ مطبوعہ اجمیری کتب خانہ ملتان

Marfat.com

عن ابی زرعہ الرازی انہ قال:اذا رایت الرجل ینتقص احدا من اصحاب رسول اللہ ﷺ فاعلم انہ زندیق وذالک ان الرسول حق والقرآن حق وما جاء بہ حق وانما ادی الینا ذالک کلہ الصحابۃ وھؤلاء یریدون ان یجرحوا شھودنا لیبطلواالکتاب والسنۃ والجرح بھم اولی وھم زنادقہ انتھی۔[1]

حضرت ابوزرعہ رازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جب تو دیکھے کسی شخص کو جو رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں سے کسی ایک کی تنقیص کرتا ہے تو جان لے وہ زندیق ہے۔ یہ اس لئے رسول اللہ ﷺ حق ہیں قرآن حق ہے اور جو کچھ سرکار علیہ السلام لے کر آئے وہ بھی حق ہے اور یہ سب کچھ ہم تک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پہنچایا۔ یہ (زندیق) لوگ چاہتے ہیں وہ ہمارے گواہوں (صحابہ) پر جرح کریں تاکہ کتاب وسنت کو باطل کریں۔ جرح (عیب) کے وہ زیادہ مستحق ہیں وہ زندیق ہیں۔

یہ بات ذہن نشین ہونی چاہیے کہ اہلسنت وجماعت میں رائج شدہ نعرے ان کا مذہبی شعار ہیں اور ان نعروں سے اہلسنت کے عقائد و نظریات کی بھی عکاسی و ترجمانی ہوتی ہے۔ اور ان کے ذریعے اہل حق اور باطل فرقوں سے امتیاز بھی واضح طور پر نظر آتا ہے۔ مثال کے طور پر مشرکین کی تردید کیلئے نعرہ تکبیر، اللہ اکبر لگایا جاتا ہے۔ شان رسالت کے منکرین عام ازین وھابیہ دیابنہ ہوں یا دیگر کفار کا رد کرنے کیلئے نعرہ رسالت، یارسول اللہ ﷺ لگایا جاتا ہے۔ جبکہ اہل تشیع، روافض کا یہ وطیرہ ہیکہ وہ خلفاء ثلاثہ حضرت ابو بکر عمر فاروق حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی توہین کرنے میں مصروف رہتے ہیں اور ان کی خلافت

---

(1) فتح المغیث للسخاوی ص۹۲ج۳مطبوعہ مرکز اہلسنت برکات انڈیا۔تاریخ دمشق ص۳۲ج۳۸مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت مناہل العرفان فی علوم القرآن ص ۲۸۱ج۱دارالحدیث قاھرہ۔الکفایۃ للخطیب ص۴۹مکتبہ شاملہ۔فتاوی ارشادیہ ص۱۲۷مطبوعہ مکتبہ غوثیہ کراچی۔شرح مقدمہ ابن ابی زید القیروانی فی العقیدہ ص۴۳۲مطبوعہ التحقیۃ استنبول۔القدمۃ السنیۃ ص۴۶۴مکتبہ احقیقۃ استنبول۔

Marfat.com

افضیلت کا انکار کر کے اپنی عاقبت برباد کرنے میں لگے رہتے ہیں تو اہلسنت نے یہ ضرور
محسوس کی کے اپنا مؤقف واضح کریں کہ حضرت مولائے کائنات علی المرتضی کرم اللہ و
ہی خلیفہ رسول نہیں ہے بلکہ سرکار دوعالم رسول اللہ ﷺ کے چاروں یار حق پر ہیں۔
کی خلافت وافضلیت برحق ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اہلسنت شیعوں اور خارجیوں کا رد کر
کے لئے نعرہ تحقیق حق چار لگاتے ہیں۔ اور خارجی لوگ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ ع
توہین کرتے ہیں اور ان پر سب وشتم کر کے اپنی قلبی غلاظت کا اظہار کرتے ہیں۔ اہلسن
ان کی سرکوبی کیلئے نعرہ حیدری یا علی لگاتے ہیں۔ درجنوں احادیث نبویہ علیہ الصلوۃ والسلام میں
یاروں کی امتیازی شان کو بیان فرمایا گیا اور درجنوں احادیث مبارکہ چار یار کی اصطلا
شاید ہیں۔

نعرہ تحقیق، حق چار کی اصلاح جو زد خاص وعام ہے اس کے ثبوت کیلئے ایک صحیح ا
حدیث مبارکہ پیش خدمت ہے جسے ایک درجن سے زائد جلیل القدر محدثین نے اپنی
اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے:

عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله ﷺ ان الله اختار
اصحابی علی جمیع العالمین سوی النبیین والمرسلین
واختارلی من اصحابی اربعة ابابکر وعمر وعثمان وعلیا
فجعلهم خیرا اصحابی وفی اصحابی کلهم خیر (1)
الحدیث۔سندهٔ صحیح۔۔

---

(1) شرح اصول اعتقاد اهل السنة للامام لالکائی ص۲۳۰-۲۳۱ج۲ رقم الحدیث ۲۳۳۴ مطب
دارالحدیث قاهره کتاب الشریعة للامام ابی بکر آجری ص۴۳۱مطبوعه دارالحدیث ق
۔الشفاص۴۲ج۲مطبوعه بیروت تاریخ دمشق لابن عساکر ص۱۳۶ج۳۲رقم الحدیث ۶۷۰۶مطبوع
احیاء التراث العربی بیروت کشف الاستار ص۱۳۴ج۳مکتبه شاملة۔تاریخ بغداد ص۱۶۲ج
الحدیث۷۰۲۱مکتبه شاملة مجمع الزوائد للهیثمی ص۴۳۷ج۹رقم الحدیث ۱۶۳۸۳شاملة۔تهذیب الک
ص۱۰۴ج۱۵مکتبه الشاملة بیان الوهم والایهام ص ۶۸۷ ج۴دارالحدیث من اجله حسن م
شامله۔تهذیب التهذیب ص۲۲۷ج۵مکتبه شاملة فضائل الخلفاء الراشدین لابی نعیم ص۲۵۶
الحدیث ۲۲۸مکتبه شامله۔تفسیر قرطبی عن جابر موضوعا ص۲۹۷ج۱۶مکتبه شامله مجمع بحار الا
ص۳۵۷ج۵مطبوعه مکتبه دارالایمان مدینه منوره۔ (بقیه اگلے صفحه پر

Marfat.com

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے سارے صحابہ کو انبیاء ومرسلین کے سوا سارے جہاں پر پسند فرمایا (ترجیح دی) اور میرے صحابہ میں سے چار کو میرے لئے پسند فرمالیا ہے۔ یعنی ابوبکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم کو ان کو میرے صحابہ سے افضل بنایا ہے۔ اور میرے صحابہ میں خیر ہی خیر ہے۔

اربعۃ کی دلالت چار پر خاص ہے اصولی اس دلالت کو قطعی قرار دیتے ہیں تو ثابت ہوا کہ واختارلی منهم اربعة میں اربعۃ کی دلالت چار (یاروں) پر خاص ہے، تو پھر یہ بات نکھر کر سامنے آگئی کہ اللہ کے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم نے "چار یار" کا تذکرہ علیحدہ خصوصیت کے ساتھ کیا تو پھر چار یاروں کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کرنا اللہ کے پیارے محبوب علیہ السلام کی سنت مبارکہ ہوئی۔

صدہا اکابرین اہلسنت نے اپنے اپنے انداز میں چار یاروں کا خصوصیت کے ساتھ تذکرہ کیا ہے۔ برصغیر پاک وہند میں اسلام کے لہلاتے کھیت کو سیراب کرنے والی عظیم شخصیت کہ جنہوں نے سینکڑوں تشنگان وعلم وحکمت کو سیراب کیا کہ جن کی خانقاہ سے سیدی اعلیٰ حضرت جیسے عظیم مجدد، مفسر، محدث، مجتہد سیراب ہوئے عمدۃ السالکین سند الواصلین حضرت السید شاہ برکت اللہ مارہروی قدس سرہ القوی متوفی ۱۱۴۲ھ فرماتے:

خدایا تازہ کن ہر دم بہارش
بحق مصطفیٰ وچار یارش۔ (1)

---

(بقیہ) الریاض النضره للطبری ص۲۷ج۱ مطبوعه دارالکتب العلمیة بیروت صریح السنة للطبری ص۲۳۔المجروحین للحبان ص۴۱ج۲الموضح للخطیب ص۳۱۲ ج۲۔الروض الانیق للسیوطی ص۱۲۰مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت۔شرح شفاء ملا علی قاری ص۹۴ج۲ مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت حجه الله علی العالمین للنبهانی مطبوعه قدیمی کتب خانه کراچی۔ الاسالیب البدایة للنبهانی ص۲۶۴مطبوعه مکتبه الحقیقه استنبول حضرات القدس ص۲۸ج۱مطبوعه قادری رضوی کتب خانه لاہور۔ فضائل الخلفاالاربعة وغیرهم لابی نعیم ص۱۰۱رقم الحدیث ۱۰۳ مطبوعه دار البخاری مدینه منوره۔

(1) السید شاہ برکت حیات اور علمی کارنامے ص۳۱بزم قاسمی برکاتی کراچی

Marfat.com

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم پیشوا میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کا یہ معمول مبارک تھا جب مغرب کے بعد وظائف کیا کرتے تھے تو پہلے بالترتیب خلفاء اربعۃ کا ذکر کرتے پھر کہتے از چہار یار مرحبا یا خواجہ نقشبند۔ (1)

## شاہی سکّوں پر چار یار

رئیس العلماء حضرت علامہ قاضی غلام محمود ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

سنی سلاطین اسلام کو عقیدۂ خلافت راشدہ اور کلمہ ءِ اسلام لاالہ اللہ محمد رسول اللہ ء کے تحت تحفظ کا اتنا دینی احساس تھا کہ انہوں نے اپنے شاہی سکّوں کے درمیان کلمہ طیبہ اور ارگرد ابو بکر، عمر، عثمان، علی چار خلفائے راشدین کے نام کنندہ کیے تھے۔ چنانچہ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کا سکہ بھی اسی طرح تھا۔ (2)

علاوہ ازین شاہجہان بادشاہ کے سکہ پر کلمہ طیبہ اور چار یار کے نام کندہ تھے۔ اور شیر شاہ سوری کے سکے پر بھی کلمہ طیبہ اور چار یاروں کے نام کندہ تھے۔ (3)

اور اہلسنت کی مساجد میں یہ شعر لکھنے کا رواج قدیم سے چلا آرہا ہے۔

چراغ و مسجد و محراب و منبر ابو بکر و عمر و عثمان حیدر۔ (4)

حضرت علامہ قاضی غلام محمود ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک اقتباس پیش خدمت ہے۔ آپ کہ اس

---

(1) خطباب شیر ربانی ص۸۷ مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور
(2) آئین اکبری جلد اول ص۱۰۱
(3) اردو دائرہ المعارف زیر اہتمام دانش گاہ یونیورسٹی پنجاب لاہور جلد ۱۱ ص ۸۸۴
(4) افضلیت خلیفہ اول ص۲۶۔۲۷ مطبوعہ بزم عاشقان مصطفی

Marfat.com

آیۂ مبارکہ وعد اللہ الذین آمنوا منکم الایۃ سورۃ النور پ۱۸ کی تفسیر نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

دیکھئے اس آیت کے تحت سب نے چار یاروں کا خصوصی ذکر فرمایا ہے جب ہی تو ہم کہا کرتے ہیں، حق چار یار، حق چار یار، حق چار یار، ان چاروں کی بڑی ہے بہار۔ ان کے دشمن پر خدا کی مار، ان کے دوستوں کا بیڑا پار۔

جن کا ڈنکا بج رہا ہے چار سو لیل و نہار
وہ ابو بکر و عمر و عثمان و حیدر چار یار

اعتراض: اب بعض فسادی "حق چار" پر یہ اعتراض کیا کرتے ہیں، کہ حضور ﷺ کے یار یعنی صحابہ صرف چار ہی تو نہیں تھے پھر "حق سب یار" کہا کرو "حق چار یار کیوں کہا کرتے ہو؟

جواب: اس کا جواب یہ ہے کہ وہ یہ بتائیں کہ وہ پنجتن کیوں کہا کرتے ہیں کیا صرف یہ پنج تن پاک تھے؟ اور معاذ اللہ باقی پلید، نہیں ایسا نہیں لیکن بات در اصل یہ ہے کہ بعض اوقات کسی کی تخصیص کسی خاص اہمیت کے پیش نظر ہوا کرتی ہے تو "حق چار یار" اور "پنج تن پاک" کی تخصیص اسی خاص اہمیت کے پیش نظر کی جاتی ہے۔

ورنہ حضور ﷺ کے یاروں کی تعداد بھی چار سے زیادہ تھی اور وہ سبھی اور حضور ﷺ کی ازواج مطہرات پاک بیویاں سبھی تھیں۔ کہ آیت تطہیر اصل میں اتری ہی پاک بیویوں کے حق میں تھی۔ جیسا کہ قرآن پاک کے سیاق وسباق (آگے پیچھے کے الفاظ) سے مفہوم

Marfat.com

ہوتا ہے۔[1]

قبلہ قاضی صاحب کے ذکر کردہ اقتباسات سے یہ حقیقت نصف النھار کی طرح چمک اٹھی کہ نعرہ تحقیق "حق چار یار" اہلسنت کا شعار ہے اور اس کا منکر اور اس پر اعتراض کرنے والا "فسادی" ہے۔ حضرت قاضی صاحب نے معاندین کے اس اعتراض کی بھی کھلی کھول کر رکھ دی جو کہ یہ کہتے ہیں۔ حق چار یار سے باقیوں کی حقانیت کی نفی ہو جاتی ہے۔ آپ فرماتے ہیں۔ جس طرح پنجتن پاک سے باقی ازواج مطہرات وصحابہ کی نفی نہیں ہوتی اسی طرح حق چار یار سے باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حقانیت کی نفی نہیں ہوتی۔

حضرت العلام برادر مکرم علامہ فدا حسین رضوی حفظہ اللہ نے باوجود یہ کہ تدریسی، تصنیفی، تقریری مصروفیات کے بڑی جانفشانی سے اس دوسرے ایڈیشن میں کچھ چیزوں کا اور بھی اضافہ کیا معترضین کا علمی انداز میں محاسبہ کیا اور ان کے دندان شکن جواب دیئے اور اس ایڈیشن میں مزید علماء کی تقاریظ کا بھی اضافہ کیا اور احادیث مبارکہ اقوال اکابرین کی تخریج بھی کر دی گئی۔ اللہ تعالیٰ کتاب کو اہلسنت کیلئے نافع بنائے امین بجاہ طہ ویسین۔

محمد داؤد رضوی

---

(1) افضلیت خلیفہ اول ص ۲۵ ناشر بزم عاشقان مصطفی

Marfat.com

# تقدیم

ترجمان فکر رضا، شہزادہ غوث الوریٰ، سید السادات، ادیب اہل سنت
مولانا سید صابر حسین شاہ بخاری قادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم
وعلی الہ واصحابہ اجمعین

بندہ پرورد گارم امت احمد نبی
دوست دار چہار یارم تابع اولاد علی
مذہب حنفیہ دارم ملت حضرت خلیل
خاکپائے غوث اعظم زیر سایہ ہر ولی

سرور کائنات فخر موجودات حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفی ﷺ کے یوں تو تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنی مثال آپ ہیں لیکن ان تمام میں افضل ترین حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، پھر حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔ پھر حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں اور پھر حضرت سیدنا مولی علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔ یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ حضرت نبی آخر الزمان محمد مصطفیٰ ﷺ کے عہد مبارک اور خود خلفائے راشدین کے وقت میں جمعۃ المبارک اور عیدین کے خطبات میں کسی صحابی کا نام نہیں پڑھا جاتا تھا مگر جو محاربات صحابہ

Marfat.com

کرام رضی اللہ عنہم میں واقع ہوئے، اس کے سبب باہمی نزاع اور خلفائے راشدین کی نسبت سب وشتم کا رواج ہوا تو اس کے تدارک کے لئے خطبات میں خلفائے راشدین کا نام باقاعدگی سے لئے جانے کا رواج ہوا تاکہ معلوم ہو کہ یہ سب واجب التعظیم ہیں۔ فقہائے نے اس عمل کو اچھا قرار دیا اور یوں یہ مبارک سلسلہ چل نکلا۔

چاروں خلفائے راشدین کی ترتیب حق ہے، ان کی افضلیت حق ہے ان کی خلافت حق ہے اسی پر اہل سنت وجماعت کا اجماع اور اتفاق ہے۔ اس پر اکابرین اہل سنت کی تصانیف شاہد عدل ہیں۔ اسی ترتیب کو مد نظر رکھتے ہوئے برصغیر کے نامور صوفی باصفاء حضرت سید داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ (م ۴۶۵ھ تا ۴۶۹ھ تقریبا) نے اپنی شہرہ آفاق کتاب، کشف المحجوب کے ساتویں باب ''صحابہ کرام رضی اللہ عنہم'' میں خلفائے راشدین کا ذکر خیر فرمایا ہے۔

سلطان الفقر سلطان العارفین حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۱۰۲ھ /۱۶۹۱ء) جو دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے حضوری ہیں۔ آپ نے چہار یار'' کا ذکر کچھ اس پیرائے میں فرمایا ہے:

''کسی که مدخل مجلس محمدی شود، اول در وجود طالب الله چهار نظر تاثیر کنداز نظر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ دروجود طالب الله تاثیر صدق پیدا شود ، کذب ونفاق از وجود طالب بر خیزدواز نظر حضرت عمر رضی اللہ عنہ دروجود طالب الله خطرات وہوای نفسانی کلی برخیزد ۔ واز نظر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ دروجود طالب الله تاثیر کند وادب وحیا پیدا شود ۔ واز وجود طالب الله بی ادبی وبی حیائی برخیزدواز نظر حضرت علی رضی اللہ عنہ دروجود طالب الله علم ہدایت وفقر پیدا شود واز وجود طالب جهل وحب دنیا برخیزد ۔ بعد ازان طالب الله لائق تلقین میشود ۔

Marfat.com

وحضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور ادست بیعت کند مراتب مرشد لازوال ولا تخف ولا تحزن حاصل شود"۔ (1)

جب کوئی شخص مجلس نبوی ﷺ میں داخل ہو جاتا ہے، تو سب سے پہلے اس کے وجود پر چار نگاہوں کی مندرجہ ذیل تاثیریں ہوتی ہیں۔ چنانچہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے طالب اللہ کے وجود میں صدق کی تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ جھوٹ اور نفاق طالب کے وجود سے دور ہو جاتے ہیں۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نظر سے طالب اللہ کے وجود میں نفسانی خطرات اور خواہشات بالکل دور ہو جاتی ہیں۔ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی نظر کی تاثیر سے طالب اللہ کے وجود میں ادب اور حیا پیدا ہوتے ہیں اور طالب اللہ کے وجود سے بے حیائی دور ہو جاتی ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نظر سے طالب اللہ کے وجود میں علم ہدایت اور فقر پیدا ہوتے ہیں اور اس کے وجود سے جہالت اور دنیاوی محبت دور ہو جاتی ہیں بعد ازاں طالب اللہ تلقین کے لائق ہو جاتا ہے اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اسے بیعت فرماتے ہیں تب اسے "خوف نہ کھاؤ اور حزن نہ کرو" کے لازوال مرشدی مراتب نصیب ہوتے ہیں۔

حضرت سید شاہ برکت اللہ مارہروی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۱۴۲ھ / ۱۷۲۹ء) نے اپنے ہندی اشعار میں عقیدہ اہل سنت کی وضاحت اور فرقہ تفضیلیہ کا رد کچھ اس انداز میں فرمایا ہے:

ابی بکر اور عمر پن عثمان ، علی بکھان
مست نیتی اور لاج اتی بدیا بوجھ سجان
مور کھ لوگ نہ بوجھی ہیں دھرم کرم کا چھین
ایک تو چاہیں ادھک کے ایک تو دیکھیں ہین

(1) کلید جنت، مترجم، ڈاکٹر کے بی نسیم، مطبوعہ، حضرت سلطان باھو اکیڈمی لاہور ۱۹۹۲ء
ص ۱۱۵، ۱۱۴

Marfat.com

حضرت ابو بکر و عمر کے بعد حضرت عثمان و علی کی تعریف بیان کرو، سچائی، عدل، شرم و حیا اور علم بالترتیب ان کی امتیازی خصوصیات ہیں۔ (رضی اللہ عنہم) بے وقوف لوگ دین و مذہب کی روح تک نہیں پاسکتے۔ اس لئے کہ وہ ایک کو بڑھاتے ہیں اور باقی سب کو گھٹادیتے ہیں۔[1]

حضرت پیر سید محمد یسین شاہ راشدی قادری المعروف پیر سائیں جھنڈے دھنی اول رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۷۵ھ / ۱۸۵۹ء) فرماتے ہیں:

> "فکر مجلس چہار یار نبوی: واضح ہو کہ انسان کامل "ام الکتاب" (کتابوں کی ماں) ہے اور دونوں جہاں "کتاب مبین" ہیں جو کچھ کتاب مبین میں مرقوم ہے ان کا "سیر ام الکتاب" میں کیا جاسکتا ہے۔ مجلس چار یار نبوی کا فکر اس طرح کرے کہ اخفی میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کا تصور کرے، خفی میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے نور کا، سری میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے نور کا، روحی میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے نور کا، قلبی میں حضرت علی المرتضیٰ شاہ رضی اللہ عنہ کے نور کا تصور کرے، اس فکر کی کمالیت یہ ہے کہ چاروں بزرگوں کو ایک مجلس میں حاضر سمجھے اور قلب کے فکر سے ان کے حضور ذوق حاصل کرے"۔[2]

حضرت علامہ شاہ فضل رسول قادری عثمانی بدایونی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۸۷۲/۱۲۸۹ء) اپنی شہرۂ آفاق کتاب المعتقد المنتقد" میں فرماتے ہیں۔ اور امام برحق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ابو بکر، پھر عمر، پھر عثمان، پھر علی رضی اللہ عنہم ہیں اور ان (چاروں کی) فضیلت تریب خلافت کے موافق ہے۔[3]

---

(1) تاریخ مشائخ قادریہ رضویہ برکاتیہ، محمد صادق قصوری، مطبوعہ لاہور ۲۰۰۴ء ص ۲۴۵
(2) صراط الطالبین مطبوعہ لاہور ۲۰۰۷ء ص ۱۰۰، مترجم: صاحبزادہ سید محمد زین العابدین راشدی
(3) المعتقد المنتقد ص ۲۷۶

Marfat.com

ب اس عبارت پر اعلیحضرت امام احمد رضا خان محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۴۰ھ / ۱۹۲۱ء) کے حواشی ملاحظہ فرمائیں:

”اس حسین عبارت میں مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے آئمہ سابقین کی پیروی کی اور اس میں اس زمانے کے تفضیلیوں کا رد ہے جو جھوٹ اور بہتان کے بل پر سنی ہونے کے مدعی ہیں اس لئے کہ انہوں نے فضیلت میں تریب کے مسئلے کو (ظاہر سے) اس طرف پھیرا کہ خلافت میں اولیت (خلافت میں زیادہ حقدار ہونے) کا معنی دنیوی خلافت کا زیادہ حق دار ہونا اور یہ اس کے لئے ہے جو شہروں کے انتظام اور لشکر سازی اور اس کے علاوہ دوسرے امور جن کے انتظام وانصرام کی سلطنت میں حاجت ہوتی ہے ان کا زیادہ جاننے والا ہو اور یہ باطل خبیث قول ہے، صحابہ اور تابعین رضی اللہ عنہم کے اجماع کے خلاف ہے بلکہ افضلیت ثواب کی کثرت میں اور رب الارباب (اللہ تعالیٰ) کی نزدیکی میں اور اللہ تبارک وتعالی کے نزدیک بزرگی میں ہے۔ اسی لئے ”طریقہ محمدیہ“ وغیرہا کتابوں میں اہل سنت وجماعت کے عقیدوں کے بیان میں اس مسئلے کی تعبیر یوں فرمائی کہ اولیاء محمدیین (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے اولیاء) میں سب سے افضل ابو بکر ہیں پھر عمر ہیں پھر عثمان ہیں پھر علی ہیں رضی اللہ عنہم اور اس ناتواں بندے کی ان گمراہوں کی رد میں ایک جامع کتاب ہے جو کافی اور مفصل اور تمام گوشوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ جس کا نام میں نے ”مطلع القمرین فی ابانتہ سبقۃ العمرین“ رکھا“۔[1]

نوٹ: یہ بات خوش آئند ہے کہ مطلع القمرین کے حال ہی میں دو ایڈیشن شائع ہو کر سامنے آگئے ہیں۔ ان کا مطالعہ از بس ضروری ہے۔ صابر

(1) المعتمد المستند مطبوعہ کراچی ص ۶۲

Marfat.com

حضرت سید ابو الحسین احمد نوری مارہروی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۲۴ھ / ۱۹۰۶ء) فرماتے ہیں:

"ہاں یہ بات یقینی ہے کہ بعد انبیاء و مرسلین تمام مخلوقات الٰہی، انس و جن و ملک سے افضل صدیق اکبر ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر مولیٰ علی رضی اللہ عنہم اور اسی ترتیب افضلیت پر ان کی خلافت واقع ہے"۔ (1)

شیخ الاسلام حضرت خواجہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۹۸۱/۱۴۰۱ء) اسی ترتیب کے پیش نظر اپنے وصایا شریف میں دو ٹوک فیصلہ یوں فرماتے ہیں:

"واشهدان سيدنا ابا بكرن الصديق رضی اللہ عنہ وان سيدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ وان سيدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ وان سيدنا على ابن ابى طالب كرم الله تعالى وجهه الكريم خلفاء رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم وصحبه وسلم بالترتيب المعلوم المتوارث بالاخبار المتواتره وكل من انكر خلافة احد منهم فهو كافر واصحاب النبى صلی اللہ علیہ وسلم وصحبه وسلم كلهم عدول صدوق نجوم الاهتداء رضوان الله تعالى عليهم اجمعين اياک ثم اياک عن قول سؤ فى حق احد منهم"۔ (2)

اور یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ اور سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم، اخبار متواترہ سے معلوم و مشہور ترتیب کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آلہ وصحبہ وسلم کے برحق خلیفے ہیں اور ہر وہ شخص جو ان حضرات میں سے کسی

(1) سراج العوارف فی الوصایا والمعارف ترجمہ نور علی نور، مترجم: مفتی محمد خلیل خان برکاتی مطبوعہ لاہور ص ۶۰

(2) وصایا قمریہ" مترجم: علامہ غلام احمد سیالوی مطبوعہ کنز الایمان سوسائٹی لاہور ص ۱۲ - ۱۳

Marfat.com

ایک کی خلافت کا انکار کرے کافر ہے۔ اور آنحضور ﷺ کے تمام صحابہ کرام سب سے بڑے عادل اور بہت زیادہ سچے اور ہدایت کے ستارے ہیں رضی اللہ عنہم ان حضرات میں سے کسی ایک کے حق میں نازیبا کلمہ استعمال کرنے سے ہر طرح پرہیز کر۔

بر صغیر میں مختلف سلاطین کے ادوار میں شاہی سکوں پر بھی خلفائے راشدین کے نام کندہ کئے جاتے تھے۔ جلال الدین اکبر کے دور میں سکے کی دوسری طرف وسط میں کلمہ طیبہ اور "ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب" لکھا ہوا تھا اور چاروں طرف چہار یار کبار کے اسمائے گرامی کندہ تھے۔

شاہ جہان کے عہد میں بھی سکہ پر کلمہ طیبہ اور "چہار یار" کے نام کندہ تھے۔

شیر شاہ سوری کے زمانے میں سکے کی ایک طرف بخط فارسی لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور ابو بکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم کندہ تھے۔ (1)

نوٹ: راجا نور محمد نظامی بھوئی گاڑ (حسن ابدال) کے ذخیرہ کتب میں چند شاہی سکے ابھی بھی موجود ہیں۔ راقم نے ان کے ہاں ایسے سکے دیکھے ہیں جن پر خلفائے راشدین کے نام کندہ ہیں۔ ضابر

شیر اسلام ٹیپو سلطان شہید تو اپنی لائبریری کی ہر کتاب کے شروع میں اللہ تعالی کا نام پاک، رسول پاک ﷺ کا اسم مبارک پنجتن پاک اور چاروں خلفائے راشدین کے اسمائے گرامی لکھتے تھے۔ کتابوں پر آپ کی ایک چھوٹی مہر "نبی مالک" بھی لگی ہوئی تھی، اسی طرح۔ آپ

---

(1) آئین اکبری ج ۱ اور اردو دائرہ معارف اسلامیہ ج ۱۱

Marfat.com

کی ایک شیر نما تلوار پر شیر کی گردن کی تصویر پر پانچ جگہ نمایاں تھی اور اس کی دھار پ
قرآنی آیات اور خلفائے راشدین کے نام کندہ کئے ہوئے تھے۔

لفظ "یار" ولی، رفیق، دوست، محبوب کے لئے بولا اور لکھا جاتا ہے لیکن جب چار یار" کہ
جائے تو پھر ہر سنی مسلمان کا ذہن فورا نبی کریم رؤف الرحیم ﷺ کے چہار صحابہ کبا
حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، اور حضرت
مولی علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہی کی طرف جاتا ہے۔

چہار یار" کی اصطلاح بہت پرانی ہے۔ حضرت شرف الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نام حق (تصنیف
سال ۶۹۳ھ) میں اور حضرت نظامی گنجوی رحمۃ اللہ علیہ نے بدائع منظوم (تصنیف سال ۱۱۴۳ھ
میں "چار یار" کی اصطلاح استعمال فرمائی ہے، برصغیر میں تقریبا ہر منظوم کتاب کے آغا
میں حمد، نعت کے بعد "منقبت چہار یار" بھی موجود ہے۔

علمائے اہل سنت نے مستقل کتابیں لکھ کر خلفاء راشدین کی عظمت کا دفاع کیا اور روافض
وخوارج کے مطاعن کی تردید فرمائی مثلا مولانا غلام دستگیر قصوری رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۱۵ھ
/۱۸۹۷ء) نے ایک کتاب "ہدیۃ الشیعتین منقبت چار یار مع حسنین" لکھی جو ۱۲۹۵ھ میں
شائع ہوئی۔

مولانا محمد کرم الدین دبیر رحمۃ اللہ علیہ (م۱۹۴۶/۱۳۶۵ء) نے "السیف المسلول لاعداء خلفا
الرسول" تحریر فرمائی جو ۱۳۱۷ھ/۱۸۹۹ء میں لاہور سے شائع ہوئی۔

ملاجان محمد قندہاری رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء میں فارسی میں "تحفۃ الخلفا
الراشدین رجوما للشیاطین الرافضین والخوارجین" رقم فرمائ
جو ۱۳۳۰ھ/۱۹۱۲ء میں لاہور سے شائع ہو کر سامنے آئی۔

Marfat.com

اسی طرح مولانا ابو البشیر محمد صالح علوی نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۹۵۹/۱۳۷۸ء) نے "فضائل صحابہ" لکھی جس میں خلفائے راشدین کے فضائل یکجا کئے۔ مولانا سید میر محمد اسد اللہ جلال پوری رحمۃ اللہ علیہ نے "فضائل چہار یار" لکھی جو ۱۹۳۰ء میں شائع ہوئی اسی طرح مولانا غلام دستگیر نامی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۸۱ھ/۱۹۶۱) نے "مناقب خلفائے راشدین" مرتب فرما کر شائع کروائی۔

اکابر اہل سنت کی اکثریت نے "چہار یار" کی اصطلاح اپنی تصانیف میں استعمال فرمائی ہے۔ چند مشاہیر کے اسمائے گرامی ملاحظہ فرمایئے:

- حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ (م۶۷۲ء/۵۲)
- حضرت شیخ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ (م۶۷۷ء/۵۷ھ)
- حضرت مولانا میر سید عبد الواحد بلگرامی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء)
- حضرت سید شاہ برکت اللہ مارہروی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۱۴۲ھ/۱۷۲۹ء)
- حضرت پیر سید محمد یسین شاہ راشدی قادری پیر سائیں جھنڈے دھنی اول رحمۃ اللہ علیہ (م۱۲۷۵ھ/۱۸۵۹ء)
- حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۱۷ھ/۱۸۹۹ء)
- حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ (۲۳-۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴ء)
- حضرت مولانا غلام قادر بھیروی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۲۷ھ/۱۹۰۹ء)
- حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء)
- حضرت مولانا محمد جمیل الرحمن قادری رضوی بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۴۳ھ/۱۹۲۵ء)
- حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۵۶ھ/۱۹۳۷ء)
- حضرت مولانا محمد غازی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۵۸ھ/۱۹۳۹ء)
- حضرت مولانا محمد کرم الدین دبیر رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۶۵ھ/۱۹۴۶ء)
- حضرت ابو الرجا مولانا غلام رسول قادری رحمۃ اللہ علیہ (م۱۹۷۱/۱۳۹۱ء)

Marfat.com

- حضرت مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۹۷۱/۱۳۹۱ء)
- حضرت خواجہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۰۱ھ /۱۹۸۱ء)
- حضرت مفتی محمد خلیل خاں برکاتی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۰۵ھ /۱۹۸۵)
- حضرت مولانا قاضی غلام محمود ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۱۲ھ /۱۹۹۱ء)
- حضرت مولانا ابو النور محمد بشیر کوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۲۸ھ /۲۰۰۷ء)

حضرت مولانا محمد غازی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۵۸ھ /۱۹۳۹ء):

ایک وہابی کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ایسا ہی اللہ جل شانہ، محمد، چار یار، حاجی گنج البحر فرید۔ کہنے والوں کو مشرک قرار دیتے ہیں، ہمارے قیاس میں مطلب اس کلام کا یہ ہے کہ اللہ جل شانہ واحد ہے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سچے پیغمبر ہیں اور خلفاء اربعہ کی خلافت برحق ہے اور یہ بزرگ یعنی بابا صاحب۔ رضی اللہ عنہ خدا کا مقبول بندہ ہے، حاصل یہ ہوا کہ ہم دہری، مشرک، کافر، رافضی، خارجی، وہابی نہیں ہم سچے سنی مسلمان ہیں جیسا کہ یہ مقبول بندہ تھا، پس ہمارا مذہب اسی بزرگ کا مذہب ہے، علیحدہ مذہب نہیں، کوئی شخص توحید اور رسالت کے اقرار کرنے سے مشرک کافر کیسے کہا جا سکتا ہے؟۔[1]

اسی تناظر میں شیخ الاسلام حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۰۱ھ /۱۹۸۱ء) فرماتے ہیں:

"باوا صاحب رضی اللہ عنہ کے دروازہ کو بہشتی دروازہ کہنا اور اس سے گزرنے والوں کو بہشتی یقین کرنا برحق ہے کیونکہ وہاں سے گزرنے والوں کے

(1) "عجالہ بر دو سالہ" مطبوعہ راولپنڈی ۱۹۶۷ء ص ۱۳

Marfat.com

الفاظ یہ ہوتے ہیں اللہ محمد چار یار حاجی خواجہ قطب فرید جن سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان، اس کے رسول محمد ﷺ پر ایمان رسول اللہ ﷺ کے چار یاروں پر ایمان اور اولیاء کرام پر ایمان کا اقرار کرتے ہوئے گزرتے ہیں۔ پھر بہشت کے حصول کی خاطر اور دوزخ سے محفوظ رہنے کی غرض ہے وہاں حاضری دینا آخرت اور اس کی سزاء جزاء پر بھی اظہار ایمان ہوتا ہے۔ یہ تمام ارکان ایمان ان لوگوں میں موجود ہوتے ہیں تو یقیناً بہشتی ہیں"۔ (1)

حضرت مولانا محمد غازی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خواجہ محمد قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ نے مندرجہ بالا عبارات میں اہل سنت کے عقیدہ کی کیسی خوبصورت وضاحت فرمائی ہے کہ چار یار سے مراد خلفائے اربعہ کی خلافت برحق اور چار یاروں پر ایمان کا اقرار اور پھر عجالہ بر دو سالہ پر حضرت قبلہ پیر مہر علی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۵۶ھ/۱۹۳۷ء) کی تصدیق نے تو سونے پر سہاگے کا کام کیا ہے۔

اہل سنت کی تقریبات میں "حق چار یار" کے نعرہ پر اعتراض کرنے والوں کو حضرت مولانا محمد غازی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ محمد کرم الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کی وضاحت اور قبلہ عالم پیر سید مہر علی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصدیق کا ضرور خیال کرنا چاہیئے۔

حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (م۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) کی خدمت میں ایک استفتاء اور آپ کی طرف سے اس کا بصیرت افروز۔جواب موقع محل کی مناسبت کے پیش کیا جاتا ہے۔

---

(1) انوار قمریہ مطبوعہ لاہور ۲۰۰۲ ص ۱۷۲ تالیف: مولانا قاری غلام احمد سیالوی

Marfat.com

سوال: عمرو اگر ایک روٹی کے چار ٹکڑے کرے اور اعتقاد اس سے یہ رکھتا ہے کہ صحابہ کرام چہار کا مرتبہ ہر ایک کا برابر ہے زید کہتا ہے کہ اس کا ثبوت نہیں ہے آیا اگر یہ فعل عمرو کرے تو جائز ہے یا نہیں اور یہ فعل کرنے سے رافضی لوگ وہ روٹی نہیں کھاتے اور مراد یہ لیتے ہیں کہ ایک روٹی کے چار ٹکڑے سے اہل سنت لوگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مرتبہ برابر سمجھتے ہیں اس وجہ سے رافضی لوگ وہ روٹی نہیں کھاتے تو عقیدہ عمرو اگر یہ دیکھ کر ایک روٹی کے چار ٹکڑے کرے تو جائز ہے یا نہیں۔

جواب: معاذ اللہ رافضی ایک وہم پرست قوم ہے ولہذا امام شافعی رضی اللہ عنہ نے ان کو نساء ھذہ الامۃ فرمایا بلکہ انکی وہم پرستی جاہلہ عورتوں سے بھی کہیں زائد ہے عدد چار کی صرف اس لئے دشمنی کہ اہل سنت چار خلفائے کرام مانتے ہیں کیسی گندی جہالت ہے آسمانی کتابیں بھی چار ہیں قرآن عظیم توریت انجیل زبور اگلے مرسلین اولوالعزم بھی چار ہیں۔ نوح ابراہیم موسی عیسی علیھم الصلوۃ والسلام اللہ ومحمد وحیدر وبتول وحسین وشھید وعابد سجاد وباقر وصادق وموسی وکاظم وجوادو مھدی وآئمہ سب میں چار چار حرف ہیں تو ان سب سے نفرت کریں اور کرتے ہی ہیں اگرچہ بظاہر نام دوستی لیتے ہیں مگر تقیہ ومتعہ شیعہ کے چار چار حرفوں کا کیا علاج ہوگا سوا چار حرف کے اگر کہیں تو شیعہ میں تانیث کی علامت زائد ہے حرف اصلی تین ہی ہیں اسی طرح تقیہ متعہ لہذا ان سے محبت ہے تو یزید سے کیوں نہیں کرتے اس میں بھی حرف اصلی تین ہی ہیں اور شمر ان کا بڑا محبوب ہونا چاہیئے کہ خالص تین ہے۔ طرفہ یہ کہ وہ چار خلفاء میں سے تین کے دشمن ہیں اور تین روٹیاں کھانا یا ایک روٹی کے تین ٹکڑے کرنا ناپسند نہیں رکھتے، جہاں ان تین میں چوتھا شامل ہوا اور نفرت آئی تو یہ نفرت تین سے نہ ہوئی بلکہ چوتھے سے کہ خاص مذہب ناصبیوں کا ہے اس کی نظیر ان اوہام پرستوں کی دس کے عدد سے عداوت ہے کہ عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کا عدد ہے اور نو کے عدد سے محبت رکھتے ہیں حالانکہ وہ ان دس میں نو کے دشمن ہیں۔

Marfat.com

ملا علی قاری شرح فقہ اکبر میں لکھتے ہیں:

"من اجهل ممن يكره التكلم بلفظ بعشرة اوفعل شئى يكون عشرة لكونهم يبغضون العشرة المشهود لهم بالجنة ويستثنون عليا والعجب انهم يوالون لفظ التسعة وهم يبغضون التسعة من العشرة بالجمله"۔

کسی عدد خاص سے اس وجہ سے نفرت کہ اس کا ایک معدود اپنا مبغوض ہے یا اس لئے محبت کہ اپنا محبوب ہے وہی بلکہ مجنون کا کام مثلا روافض کو تین سے محبت ہے تو خلفائے ثلثہ تین ہیں عمر و غنی و سنی و غوث و قطب کے حروف تین ہیں تین سے عداوت ہے تو بتول زہرا کے ابنائے ثلثہ تین ہیں الہ و نبی و علی و حسن و رضا کے حرف تین ہیں پانچ سے اگر محبت ہے تو فاروق و عثمان و شیخین و ختنین و اصحاب میں پانچ پانچ حرف ہیں اور عداوت ہے تو پنجتن پانچ ہیں مصطفےٰ و مرتضی و فاطمہ و مجتبےٰ و حسنین کے حرف پانچ ہیں یا ان کے طور پر پوچھئے کیا تم پانچ کے دشمن ہو تو تعزیہ۔ تابوت۔ جریدہ۔ مرثیہ۔ کربلا۔ روافض سب سے عداوت کرو اور دوست ہو تو شیطان۔ نمرود۔ شداد۔ فرعون۔ ہامان۔ ابلیس سب کے دوست بنو سنی کو ان اوہام پرستوں کی ریس نہ چاہیئے ایک روٹی کے تین چار پانچ نو نہیں جتنے ٹکڑے کریں جائز ہے وہ خیال جہالت ہے ہاں اگر رافضیوں کے سامنے ان کے چڑانے کو چار کریں تو یہ نیت محمود ہے گمراہ کی مخالفت کا اظہار ایسا امر ہے جسکے باعث فعل مفعول افضل ہو جاتا ہے یہاں تو سب ٹکڑے مساوی تھے تو ان کے سامنے انکی مخالفت کے اظہار کو چار ٹکڑے کرنا بدرجہ اولی افضل ہوگا موزوں کے مسح سے پاؤں کا دھونا افضل ہے مگر رافضی خارجی کے سامنے ان کے غیظ دلانے کو مسح موزہ بہتر ہے نہر سے وضو افضل ہے مگر معتزلی کے سامنے اس کی مخالفت جتانے کو حوض سے وضو احسن ہے "کمافی فتح القدیر وبیناه فی فتا والنا" سوال میں چاروں صحابہ رضی اللہ عنہم کا مرتبہ برابر کہا یہ خلاف عقیدہ اہل سنت ہے۔ اہل سنت کے نزدیک صدیق اکبر کا مرتبہ سب سے زائد ہے پھر فاروق اعظم پھر مذہب منصور میں عثمان غنی پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم جو چاروں کو برابر جانے وہ بھی سنی نہیں ہاں یہ

Marfat.com

معنے لے کر چاروں کا ماننا فرض ہے۔ اس بات میں برابری ہے تو حرج نہیں جیسے "لا نفر
بین احد من رسله" ہم اس کے رسولوں میں فرق نہیں کرتے کہ ایک کو مانیں ایک
نہ مانیں بلکہ سب کو مانتے ہیں اور فرماتا ہے: "تلک الرسل فضلنا بعضهم عل
بعض" ان رسولوں میں ہم نے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی۔ واللہ تعالی اعلم۔[1]

امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مختصر سوال کے جواب میں کیسا بے مثال جوا
رقم فرمایا ہے دریا کو کوزے میں بند فرمایا ہے رافضیوں کے سامنے ان کو چڑانے کو روٹی کے
چار ٹکڑے کریں تو یہ نیت محمود ہے، گمراہ کی مخالفت کا اظہار ایسا امر ہے جس کے باعث
فعل مفعول افضل ہو جاتا ہے۔" تو اگر خارجیوں، ناصبیوں کے چڑانے اور ان کا رد کرنے
کے لئے ہم اپنی تقریبات میں حق چار یار کا نعرہ بلند کریں تو کیا یہ نیت محمود نہیں؟ اگر ان کی
مخالفت کے اظہار کو چار ٹکڑے کرنا بدرجہ اولی افضل ہو گا" تو کیا اجتماعات میں حق چار یار
نعرہ لگانا بدرجہ اولی افضل نہ ہو گا؟

اہل سنت کی تقریبات میں جو بھی نعرہ لگایا جاتا ہے اس کا کوئی نہ کوئی پس منظر ضرور ہو
ہے۔ اور ہر نعرہ سے عقیدہ کی وضاحت بھی ہوتی ہے جب ہم نعرہ تکبیر لگاتے ہیں تو اللہ تعا
کی کبریائی کا برملا اعلان کر کے ان لوگوں کا رد کرتے ہیں جو اللہ تعالی کی وحدانیت کے منکر
ہیں اور اسی نعرہ سے شرک کا قلع قمع بھی کیا جاتا ہے۔

نعرہ رسالت کے جواب میں "یا رسول اللہ" کہہ کر ہم اپنے پیارے نبی حضرت احمد مجتبیٰ محمد
مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی خاتمیت اور حیات کا اظہار کر کے ان لوگوں کا رد کرتے ہیں
جو آپ کے بعد کسی ظلی یا بروزی نبی کے قائل ہیں یا جو آپ کے حیات کے منکر ہیں اسی
طرح نعرہ تحقیق کے جواب میں " حق چار یار " کہہ کر ان لوگوں کا رد کرتے ہیں جو ال

(1) فتاوی افریقیہ ص ۱۶۰ تا ۱۶۳ مطبوعہ کراچی ۱۹۸۱ء

Marfat.com

چاروں صحابہ کرام میں سے کسی ایک پر بھی انگلی اٹھاتے ہیں "حق چار یار" سے نہ صرف رافضیوں بلکہ خارجیوں کا بھی اور ناصبیوں کا رد ہو جاتا ہے۔ البتہ نعرہ حیدری سے صرف خارجیوں کا رد ہو سکتا ہے۔

صاحبزادہ عزیز احمد رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

"چاروں خلفائے راشدین کے ناموں کی ابتداء میں "ع" آتا ہے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اصل نام "عبد اللہ" ہے جس کی ابتداء میں حرف "ع" ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا پہلا حرف "ع" ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا پہلا حرف "ع" اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا پہلا حرف "ع" ہے۔ یہ سب عین ہیں۔ حق ہیں اور درست ہیں ان سب میں عینیت ہے، کوئی "غ" اور غیر" نہیں ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: "خیر القرونی قرنی "اس سے مراد خلفائے اربعہ راشدہ ہیں خلفائے راشدین کے ناموں کے آخری حرف کو لیں تو "قرنی" بنتا ہے۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا آخری حرف "ق" ہے۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا آخری حرف "ر" ہے۔
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا آخری حرف "ن" ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ کا آخری حرف "ی" ہے۔

تو (ق۔ر۔ن۔ی) قرنی بنتا ہے گویا یہ اشارہ ہے کہ ان حروف میں جو ترتیب ہے۔ خلافت کے اندر بھی یہی ترتیب ہو گی"۔ (1)

---

(1) ماہنامہ کاروان قمر کراچی جون جولائی۔۲۰۱۰ ص ۵۳

Marfat.com

اہل لطائف نے یہ بھی لکھا ہے کہ حروف تہجی "الف" سے شروع ہوتے ہیں اور "ی" پر ختم ہو جاتے ہیں اسی طرح خلافت بھی ابو بکر رضی اللہ عنہ کے الف سے شروع ہوئی اور علی رضی اللہ عنہ کی "ی" پر ختم ہو گی۔ (1)

ملک شیر باز کھلان نے علم الاعداد کی روشنی میں خلفائے راشدین کی عظمت کو اس طرح بیان کیا ہے:

"چاروں صحابہ کرام کے اعداد کا مجموعہ ۱۳۱۲ ہے اور مفرد عدد سے ہے ۱۳۱۲ کے اعداد میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اعداد ۹۲ شامل کرنے سے ۱۴۰۴ کا عدد حاصل ہوا۔ اب یہ عدد چاروں صحابہ کرام پر تقسیم کر دیں ۴/۱۴۰۴=۳۵۱۔ اس طرح ہر ایک کے حصہ میں ایک قرآن کا عدد آیا یہ اور اس بات کا اشارہ ہے کہ یہ چاروں صحابہ کرام قرآن پاک کے چار ستون ہیں اور ان کے کاندھوں پر اسلام کی عظیم الشان عمارت کھڑی ہے۔ ہر ستون اپنی جگہ خاص اہمیت کا حامل ہے۔ ۱۴۰۴ کا صفر ہٹانے سے ۱۴۴ کا عدد باقی رہا۔ یہ دو سجدوں کا عدد ہے اور ۱۴۴ کا دگنا محرم کا عدد ۲۸۸ ہے لہذا یہ سب علم الاعداد کی رو سے شہادت کے رتبہ جلیلہ پر فائز ہیں۔ اللہ۔ محمد، علی، فاطمہ، حسن، حسین، ابو بکر، عمر، عثمان سب کے اعداد ۱۹۶۱ ہیں اور مجموعہ اعداد۔ ۱+۹+۶+۱=۱۷ ہے، یہ مسلم کا عدد ہے یہ مسجد کا عدد ہے، یہ رکوع کا عدد ہے، یہ الصلوۃ کا عدد ہے اور ۱۷×۱۷=۲۸۹ (اللہ اکبر) تکبیر کا عدد ہے۔ لہذا ہیں کرنیں ایک ہی مشعل کی "ہمارے لئے یہ مبارک ہستیاں اندھیرے میں اجالا کرتی ہیں۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے اعداد۔ ۲۳۱، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ۳۱۰، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ۶۶۱ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اعداد ۱۱۰ ہیں، چاروں

(1) سلطان الواعظین۔ مولانا ابو النور محمد بشیر کوٹلوی: خطبات اول مطبوعہ لاہور ص ۲۲۹

Marfat.com

صحابہ کرام کے اعداد ۱۳۱۲ ہیں۔ ۱۳۱۲ میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے اعداد شامل کرنے سے حاصل جمع ۲۰۹۸ کا عدد بنا۔ یہ عدد ''اقراء باسم ربک الذی خلق'' کے اعداد کے برابر ہے۔ صحابہ کرام کی فضیلت سے ناآشنا حضرات غور فرمائیں ''۔(1)

ستم ظریفی اور ظلم کی انتہا ہے کہ بعض وہ لوگ جو" حق چار یار" کے نعرہ کے خلاف صف آراہوئے ہیں جو اپنے آپ کو سنی کہتے ہوئے نہیں تھکتے ایسے لوگوں کے بارے میں حضرت سید ابوالحسن احمد نوری مارہروی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۲۴ھ / ۱۹۰۶ء) کا فیصلہ ملاحظہ فرمائیے:

"اور جب ایسا ہونا محال و ناممکن الوقوع ہے تو تمام فرائض سے اہم واول فرض یہ کہ ہر مسلمان کے عقیدے، مذہب مہذب اہل سنت و جماعت کے مطابق ہوں کہ حق انہی میں منحصر ہے اور تمام اولیائے کرام، اکمل الاولیاء سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور امام الاولیاء سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے لے کر اس وقت تک اور اس وقت سے لے کر حضرت امام مہدی بلکہ ان کے بعد کے دور تک اسی مذہب پر ثابت قدم رہے اور اسی پر گامزن رہیں گے اور کیوں نہ ہو جبکہ حدیث شریف میں فرمایا کہ "جس نے جماعت مسلمین کو ایک بالشت بھر چھوڑا، اس نے اسلام کا طوق اپنی گردن سے اتار دیا"۔ بے ادب بے نصیب ہیں جو اپنی نفسانی خواہشات کے باعث جماعت اہل سنت سے خلاف کرتے ہیں اور پھر لطف یہ ہے کہ اپنی نادانی سے دم سنیت کا بھرتے ہیں اور طرفہ تماشا یہ ہے کہ اپنے معاونوں اور حاشیہ برداروں پر یہ واضح کرتے ہیں کہ اولیائے کرام اور مشائخ عظام کی راہ وروش وہی ہے جس پر ہم ہیں۔ مسلمان یاد رکھیں کہ ان کی کتابوں، کتابوں کے، دیباچوں اور تقریروں میں جو مواد مضامین،

---

(1) نظریہ پاکستان علم الاعداد کی روشنی میں مطبوعہ راولپنڈی ۱۹۸۷ ص ۴۳تا۴۹

Marfat.com

علمائے اہل سنت کی موافقت میں ملتے ہیں وہ سب تقیہ اور زمانہ سازی پر محمول ہیں، اس لئے کہ ان کی خلوتوں اور تنہائیوں میں جو کچھ ہوتا ہے وہ ان کے ان دعووں کے بالکل برعکس ہوتا ہے۔ کہنا چاہیے کہ ان کا طور طریق، بالکل منافقوں جیسا ہے جو آغاز اسلام میں رہا۔ اور ہم (ببانگ دہل) عزت وجلال خداوندی کی قسم سے (مؤکد) کہتے ہیں کہ ہم، ہمارے مشائخ (طریقت) اور تمام ہی اولیائے کرام ظاہر وباطن میں، خلوت، جلوت (گوشۂ تنہائی اور انجمن آرائی) میں مذہب اہل سنت وجماعت پر رہے ہیں، اسی پر قائم ہیں اور اسی پر (ان شاءاللہ تعالی) ثابت قدم رہیں، اسی پر ہم زندہ رہے اسی پر وفات پائیں گے اور اسی پر بروز حشر اٹھائے جائیں گے، اگر کوئی شخص ہماری اور ان کی نسبت اس کے برخلاف کہتا ہے وہ کذاب ومفتری ہے (کہ جھوٹ بولتا اور تہمت لگاتا ہے) ہم اور ہمارے مشائخ اور تمام اولیائے الٰہی دنیا وآخرت میں اس سے اور اس کے اس افتراء سے بے زار، بے زار اور ہزار در ہزار بار بے زار ہیں جو موجود ہیں وہ غیر موجودین تک یہ بات پہنچادیں"۔ (1)

بد قسمتی سے اہل سنت کے اس باغی طائفہ کی کاروائیاں عوام اہل سنت کے اندر جاری ہیں۔ سادہ لوح عوام اہل سنت کے عقائد و نظریات کے تحفظ کے لئے علماء اہل سنت جہاد بالقلم میں مصروف ہیں۔ ان ہی علماء اہل سنت کے نقش قدم پر چلتے ہوئے شاہین صفت نوجوان عزیزم مولوی حافظ فدا حسین رضوی بھی میدان عمل میں نکل آیا ہے۔ یہ فاضل نوجوان تلاش وجستجو میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ پیش نظر مقالہ اسی تناظر میں لکھا گیا ہے اس مقالے کی تکمیل کے لئے اس نوجوان نے کئی لائبریریاں کھنگالیں اس سلسلے میں یہ راقم تک آپہنچا، مجھے اس کی معاونت کرتے ہوئے بہت خوشی حاصل ہوئی ہے۔ پیش نظر مقالہ، نعرہ

---

(1) سراج العوارف فی الوصایا المعارف ترجمہ نور علی نور مترجم: مفتی محمد خلیل خان برکاتی مطبوعہ لاہور ص ۲۲

Marfat.com

تحقیق۔ حق چاریار" نہایت محققانہ انداز میں قلم بند کیا گیا ہے مقالہ نگار نے موضوع کا حق ادا کر دیا ہے۔ سخن اولین" میں مقالہ کا پس منظر بیان کر دیا ہے۔ مقالہ چھ ابواب پر مشتمل ہے قرآنیات، احادیث، صحابہ کرام، تابعین، تبع تابعین اور اولیائے کرام علماء اہل سنت کے ارشادات کی روشنی میں موضوع کو احسن انداز میں نبھایا ہے عصر حاضر کے علماء اہل سنت کے تقاریظ سے مقالے کی اہمیت اور افادیت میں گراں قدر اضافہ ہوا ہے۔ امید ہے اس مقالے کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ اور معاشرے پر اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

حضرت سید شاہ برکت اللہ مارہروی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۱۴۲ھ / ۱۷۲۹ء) کی "دعا" ملاحظہ فرمایئے جس میں "چاریاروں" کی دوستی کو کس انداز میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا گیا ہے:

> "اے اللہ! اپنے محبوب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل، جو چاروں مقامات یعنی شریعت، طریقت، حقیقت اور معرفت کے ہادی ہیں، میرے قلب کی اپنی طرف رہنمائی فرما، اے میرے خدا لفظ محمد کے چاروں حروف کی قبولیت کے طفیل اپنی راہ میرے دل پر ظاہر فرما، اے میرے رب! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چاروں یاران کبار رضی اللہ عنہم کی دوستی کے صدقے میں میری جان کو اپنے غم سے آشنا کر دے، اے میرے خدا! کعبہ شریف کے چاروں ستون کے ناموں کے صدقے میں میری جان کو اپنا غم عطا فرما، تیری ذات ہے کہ جس نے انسان کے بدن میں چار دروازے کان، منہ، آنکھ اور ناک کشادہ کئے، تو وہ ہے جس نے اپنے نیک بندوں کے لئے جنت میں چار نہریں جاری کیں، اے اللہ! تو اپنے کو مجھے عطا فرما دے اور مجھے اپنا بنا لے، اس خودی کو بے خودی میں تبدیل کر دے، اور اس بے خودی کو اپنی خودی سے بدل دے۔ ہم حاضر ہونے کے باوجود غائب ہیں اور تو غائب ہونے کے باوجود حاضر ہے، اپنے اس غائب کو ہماری حاضری

Marfat.com

پر ظاہر کر دے۔ اور اپنی حاضری سے ہمارے غیب ہونے کو جلوہ عطا فرما دے"۔ (1)

راقم کے والد ماجد حضرت سید مسکین شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ (م ۲۰۰۵ء / ۱۴۲۶ھ) بھی ہ
جمعرات کو فاتحہ دلواتے وقت اہل بیت اطہار کے ساتھ چہار یار کبار کے نام بھی ضرور لیتے
تھے۔

مولانا غلام دستگیر قصوری رحمۃ اللہ علیہ کے برادر مولانا محمد بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ایک شعر پر اختتام
کیا جاتا ہے جو آپ اکثر پڑھتے تھے وہ یہ ہے:

حق ہے یہی خلیفہ حق چار یار ہیں
چاروں نبی کے یار ہیں فخر کبار ہیں (بلبل)

(1) چهار انواع " مطبوعه کراچی مترجم ڈاکٹر سید محمد امین ، شریف احمد خان ۱۹۸۸ء ص ۳۹

Marfat.com

# کچھ صاحب مقالہ کے بارے میں

مولوی فدا حسین رضوی گجر خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ آپ کے والد گرامی کا نام محمد ریاض ہے۔ آپ کی ولادت ۳۱ دسمبر ۱۹۸۴ء کو گاؤں ٹانڈہ تحصیل حسن ابدال، ضلع اٹک میں ہوئی ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں میں حاصل کی۔ گاؤں کی جامع مسجد محمدیہ غوثیہ کے امام وخطیب مولانا محمد اکرم سے بنیادی مسائل سیکھے اور قرآن کریم ناظرہ پڑھا گورنمنٹ پرائمری سکول ٹانڈہ سے ۱۹۹۶ء میں جماعت پنجم کا امتحان پاس کیا۔ جامعہ انوارلقرآن مرکزی جامع مسجد حسن ابدال اور جامعہ محمدیہ غوثیہ انوارالقرآن صدر راولپنڈی میں قاری عبد الخالق اور قاری مشتاق احمد سے ۱۹۹۸ء میں حفظ قرآن پاک کی سعادت سے بہرہ ور ہوئے۔

جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی میں قاری عبد الرب صاحب قاری محمد صادق سے ۲۰۰۳ء میں تجوید وقرأت کی دولت سے سرفراز ہوئے ۲۰۰۴ء میں روالپنڈی بورڈ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۲۰۰۶ء میں قبلہ حافظ پیر عبد الحق صاحب مدظلہ (دریائے رحمت شریف، حضرو) کے ہاتھ پر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں شرف بیعت کیا۔ ۲۰۰۸ء میں ہی ایف اے کا امتحان پاس کیا جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی سے درس نظامی کی تعلیم جاری رکھی۔ یہاں نہایت قابل اور محنتی اساتذہ کے زیر سایہ آپ کی خداداد صلاحیتوں کو مزید جلا ملی۔ ان اساتذہ میں مفتی عبد الرزاق بتھرالوی شیخ الحدیث مولانا محمد یعقوب ہزاروی، استاذ العلماء مولانا عبد الرشید قریشی، پیر سید ضیاء الحق شاہ، مولانا حافظ ناصر محمود صاحب، مولانا سردار احمد حسن سعیدی، مولانا خان محمد قادری، مولانا نور زمان چشتی سے آپ نے اکتساب فیض کیا۔

بعد ازاں جامعہ جماعتیہ مہر العلوم راولپنڈی چلے گئے اور یہاں مفسر قرآن علامہ عبد الرزاق بتھرالوی سے اپنی علمی پیاس بجھائی مفسر قرآن نے بھی آپ کی تعلیم وتربیت میں کوئی کسر

Marfat.com

اٹھانہ رکھی آپ نے یہاں اپنے اس ہونہار شاگرد کو تدریسی ذمہ داری بھی سونپ دی جو ۲۰۰۹ء سے سرانجام دے رہے ہیں۔یوں آپ اپنے استاد محترم کے منظور نظر بن گئے۔
آپ نے بھی اپنے استاد محترم کی ہر ہر ادا اپنانے کی کوشش کی محبوب کائنات ﷺ ان کی اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت تو گویا آپ کو گھٹی میں پلا دی گئی تھی۔ سفیر عشق رسول امام احمد رضا بریلوی کی تعلیمات سے اس قدر متاثر ہوئے کہ اپنے نام کے ساتھ "رضوی" کا اضافہ کر دیا۔
آپ نے زمانہ طالب علمی میں بزم ارشاد جامعہ رضویہ اور بزم غوثیہ ضیائیہ جامعہ محمدیہ غوثیہ انوار القرآن میں مختلف تقریری مقابلوں میں حصہ لیا اور نمایاں پوزیشن حاصل کی۔
تحریک تبلیغ اہل سنت ٹانڈہ کے زیر اہتمام آپ نے ہر سال عید میلاد النبی اور گیارہویں شریف کی تقریبات میں حصہ لیا اور نہایت مؤثر انداز میں تقاریر کیں۔ اسی طرح مختلف مقامی مساجد میں درس قرآن پاک بھی دیا۔
آپ نوجوانی میں ہی نہایت خلیق اور مہر و وفا کی تصویر ہیں نیک صالح، گفتگو کم، الفاظ مختصر، آواز، دھیمی، سادگی پسند، مطالعہ و تحقیق کا اعلیٰ ذوق، اہل سنت کے عقائد و نظریات پر نہایت سختی سے کاربند اور صلح کلیت کے شدید مخالف ہیں۔
اللہ تعالیٰ اپنے محبوب حضرت احمد مجتبےٰ محمد مصطفی ﷺ کے طفیل ان کے علم و عمل اور عمر میں برکتیں عطا فرمائے اور انہیں توفیقات سے نوازے کہ احسن انداز میں جہاد بالقلم جاری رکھ سکیں۔
"آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ وآلہ واصحابہ اجمعین"۔

دعا گو دعا جو

سید صابر حسین شاہ بخاری قادری
اداراہ فروغ افکار رضا
برھان شریف ضلع اٹک، پنجاب پاکستان
۲ جمادی الثانی ۱۴۳۱ھ ۱۷ مئی ۲۰۱۰ء

Marfat.com

# تقریظ

حجۃ الاسلام، گنج عرفان، پاسبان مسلک رضا شیخ الحدیث

پیر سید عرفان شاہ صاحب مشہدی موسوی مدظلہ ناظم اعلیٰ مرکزی جماعت اہل سنت پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عصر حاضر پُر فتن ہے الحاد کے خوفناک پنجے افکار وعقائد کی دنیا کو جکڑنے کے درپے ہیں، صراط مستقیم سے پھسلانے کے لئے سینکڑوں دام لگائے گئے ہیں جن میں طماع اور جاہ پرست بہت تیزی سے پھنس رہے ہیں، صراط مستقیم جادۂ حق بہت سیدھا اور بہت روشن ہے مگر سالک وطالب کو سچائی اور خلوص کے ساتھ آگے بڑھنے اور اس پر قائم رہنے کی ضرورت ہے، صراط مستقیم راہِ نجات ہے اور ہمارے ہادی اور رہبر امام الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اپنے فرمان عالی شان میں راہ نجات "ما انا علیہ واصحابی" سے اپنے اور اپنے پاک اصحاب کے نقوشِ اقدام کو متعین فرما چکے ہیں۔ خیر امت کے افراد کو رسوخِ عقیدہ اور جہد مسلسل کے ساتھ جن کے نقوشِ اقدام کی اتباع کرنی ہے مفسدین ومنافقین ان کے بارے میں جھوٹ اور مکاری سے من گھڑت نظریات کا پرچار کر کے اہل اسلام کو راہِ نجات سے بھٹکا کر شقاق میں ڈالنے کی مذموم کوششوں میں مصروف ہیں۔ ایسے پُر آشوب دور میں افراد امت کو سرکار دوعالم ﷺ کی سنت اور آپ کے پاک صحابہ کی سنت سے جوڑنے کی سعی بلیغ کو دینی وشرعی ضرورت بہت شدید ہے، زیر نظر کتاب میں عزیز القدر حضرت مولانا فدا حسین حفظہ اللہ نے اس ضرورت کو پورا کرنے کی مقدور بھر کوشش کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس کوشش کو شرف قبولیت سے نوازے اور پڑھنے والوں کو اہل سنت وجماعت کی دعوت حق کی فہم سلیم عطا فرمائے۔ (آمین)

راقم الحروف: سید محمد عرفان مشہدی موسوی

بریڈفورڈ، انگلینڈ 19.06.2010

Marfat.com

# تقریظ

عالمی مبلغ اسلام، استاذ الاساتذہ، شیخ الحدیث والتفسیر، اشرف العلماء والمشائخ، مفتی اعظم پاکستان خواجہ پیر مفتی اشرف القادری محدث نیک آبادی

نحمدہ ونصلی ونسلم وتبارک علی رسولہ لکریم
وعلی آلہ وصحبہ اجمعین۔اما بعد:

بندہ نے نوجوان محقّق، حامئ سنن، ماحی فتن، عزیز محترم مولٰینا حافظ فدا حسین رضوی حفظہ اللہ کی تصنیف کردہ کتاب مستطاب "حق چار یار" کو مختلف مقامات سے دیکھا۔ اندازہ ہوا کہ عزیز موصوف نے دور حاضر کے نہایت خطرناک "سُنی نما رافضی" فتنہ کا کتنی محنت وجانفشانی سے تعاقب کیا، بلکہ اس فتنہ کا مدلّل انداز میں ردّ بلیغ بھی کیا ہے۔

یہ رضا کے نیزے کی مار ہے کہ عدو کے سینے میں غار ہے
کسے چارہ جوئی کا وار ہے کہ یہ وار وار سے پار ہے

بندہ اس کتاب کی پر زور تصدیق وتائید کرتا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی تمام اہلسنت کی طرف سے مصنف کو جزائے خیر دے!

ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمیں باد

Marfat.com

جن مسائل پر کتاب "حق چار یار" میں گفتگو کی گئی ہے، ان کے بارے میں مختصراً اپنا نظریہ سطور ذیل میں لکھ دینا مناسب سمجھتا ہوں:

۱۔ اہلسنت کے نزدیک تمام انسانوں میں فقط انبیاء علیہم السلام گناہ سے معصوم ہیں۔ انبیاء کرام علیہم السلام کی طرح ائمہ اہلبیت کو بھی معصوم ماننا روافض کا عقیدہ ہے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ و مولا علی المرتضی و دیگر خواص مقربین رضی اللہ عنہم معصوم نہیں، البتہ محض اللہ تعالی کے فضل سے گناہوں سے محفوظ ہیں۔ خصوصاً ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بہ اجماع مفسرین قرآن میں "اتقی" یعنی "امت میں سب سے بڑا پرہیز گار" فرمایا تو جسے قرآن امت میں سب سے بڑا پرہیز گار فرمائے اسے گنہگار بتلانا یقیناً قرآن کی تکذیب ہے۔ کیونکہ گنہگار" پرہیز گار کی ضد ہے۔ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو گنہ گار کہنا شان صدیق اکبر رضی اللہ عنہ میں کھلی بے ادبی ہے۔ خبر دار ابو بکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان میں بے ادبی کرنے والے کو ہمارے فقہاء کرام نے کافر قرار دیا ہے

۲۔ ساری امت میں مطلقاً تمام صحابہ واہل بیت سے بھی افضل سیدنا ابو بکر صدیق، پھر سیدنا عمر فاروق اعظم، پھر سیدنا عثمان ذوالنورین اور پھر سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں اللہ تعالی نے قرآن میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو " اتقی (امت میں سے بڑا متقی فرمایا۔ دوسری جگہ فرمایا۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقکم یعنی (تم میں سے زیادہ بزرگی والا وہ ہے جو تم سب میں بڑا متقی ہو) لہذا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تمام امت میں سب سے افضل و بزرگ تر ہیں۔

مولا علی کرم اللہ تعالی وجہہ کو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل قرار دینا یہ اہلسنت کا نہیں روافض کا عقیدہ ہے اس دور میں جو شخص ایسا عقیدہ رکھتا ہو پکا رافضی ہے۔

۳۔ اہلسنت کے نزدیک سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ منہاج النبوۃ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے

Marfat.com

بلا کسی تخصیص تقسیم یا استثناء کے کامل واکمل خلیفہ اول اور نائب مطلق بلا فصل ہیں۔ ا
وصف وکمال میں آپ کے ساتھ کوئی دوسرا شریک وسہیم نہیں۔ آپ کو محض سیاست م
خلیفہ اول بلا فصل کہنا اور روحانیت میں خلیفہ اول بلا فصل مولا علی کرم اللہ تعالی وجہہ
ٹھہرانا یقیناً خطرناک گمراہی ہے جس سے رفض و تشیع کی بدبو آتی ہے ایسا کہنا درحقیق
حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کاملہ بلا فصل کی وقعت گھٹانے اور آپکی خلافت نا ق
وادھوری ٹھہرانے کی کوشش ہے۔ جس کا مآل بالآخر کفر پر منتج ہوگا۔

۴۔ آیہ تطہیر میں " اھل البیت " سے اولا تفسیر القرآن بالقرآن کی روشنی م
ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن مراد ہیں اور حدیث پاک کی روشنی میں دیگر اہل بیت بھی اس م
داخل ہیں ہم نہ تو قرآن کا انکار کرسکتے ہیں نہ حدیث کا

۵۔ روافض خلفاء اربعہ (صدیق، فاروق، عثمان علی) رضی اللہ عنہم میں سے صرف ایک
مولا علی کرم اللہ تعالی وجہہ کو حق مانتے، باقی تین کے حق ہونے کا انکار کرتے ہیں خوار
ونواصب صرف پہلے تین خلفاء کو حق مانتے اور مولا علی کرم اللہ تعالی وجہہ کو حق نہی
جانتے ان دونوں فرقوں کی گمراہی سے اظہار برات کیلئے " حق چار یار " کا نعرہ لگایا گیا۔ حق
چار یار " کی ترکیب میں " چار " کا لفظ یقیناً اسم عدد ہے، مگر اس سے مقصود زائد بر چار
اخراج نہیں بلکہ خلفاء اربعہ میں سے صرف ایک کے اقرار اور باقی تین سے انکار یا صرف
تین کے اقرار اور ایک سے انکار کے نظریئے کی نفی، اور تمام خلفاء اربعہ کا اثبات ہے۔
مطلب یہ کہ صرف ۴/۱ یا صرف ۴/۳ ہی نہیں بلکہ چاروں برحق ہیں۔ بس صرف اس
لئے حق چار یار کا نعرہ لگایا جاتا ہے۔ تاکہ سننے والوں کو پتہ چل جائے کہ یہ نعرہ لگانے وال
رافضی وشیعہ یا خارجی وناصبی نہیں۔ بلکہ پکا سنی ہے۔ لہذا " حق چار یار کا نعرہ لگانا بالکل
درست اور اہلسنت کی علامت ہے۔ اس پر اعتراض کرنے والا جاہل یا رافضی مکار ہے۔
دیکھئے یہ نعرہ صدیوں سے لگایا جارہا ہے لیکن آج تک اہلسنت کے ذمہ دار علماء واکابر امت
میں سے کسی نے بھی اس پر اعتراض نہ کیا ہاں اب کچھ ہی عرصے سے بعض سنی نما رافضی

Marfat.com

الباطن "گندم نما جو فروش" لوگوں نے شور مچانا شروع کیا ہے۔ فانا للہ وانا الیہ راجعون

یہ ہے میرا عقیدہ، میرے تمام اساتذہ ومشائخ واکابر آئمہ دین کا عقیدہ اور تمام اہلسنت کا عقیدہ اللہ تعالی اس عقیدے پر مجھے اور تمام اہلسنت کو جینے مرنے کی توفیق عطا فرمائے:
آمین! آمین! آمین بحق طه ویسین۔ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وصحبہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

خاکپائے اہل اللہ

خواجہ مفتی محمد اشرف القادری
عفا عنہ ربہ القوی
سجادہ نشین خانقاہ قادریہ عالمیہ نیک آباد گجرات
بانی ومہتمم اعلی وشیخ الحدیث الجامعۃ الاشرفیہ علی مسجد گجرات
بانی ومہتمم اعلی۔ الکلیۃ الاسلامیہ للبنات (اسلامیہ گرلز کالج) گجرات
سرپرست اعلی الجمعیۃ القادریہ الاشرفیہ انٹرنیشنل

Marfat.com

# تقریظ عظیم

جامع المعقول والمنقول استاذ الفقہاء شیخ الحدیث علامہ
مفتی محمد طیب ارشد صاحب مد ظلہ العالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِی خَلَقَ نُوْرَنَبِیِّهٖ مِنْ نُوْرِهٖ قَبْلَ الْاَشْیَاءِ وَشَرَّفَهٗ بِالنُّبُوَّةِ وَآدَمُ بَیْ
الطِّیْنِ وَالْمَاءِ لَابَعْدَ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً مِنْ وَلَادَتِهِ الْعُظْمٰی وَاخْتَارَلَهٗ اَصْحَابَ
الْاَصْفِیَاءَ وَهُمْ لِلْمُتَحَیِّرِیْنَ فِی الدِّیْنِ کَالنُّجُوْمِ فِی السَّمَاءِ وَفَضَّلَ عَلَیْهِ
خُلَفَاءَهُ الْاَرْبَعَةَ بِالصِّفَاتِ الْعُلٰی مِنْهُمْ اَبُوْبَکْرٍ کَانَ اَفْضَلَ بَعْدَالْاَنْبِیَاءِ مِنْ کُلِّ
بَشَرٍ وَخَلِیْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ (ﷺ) بِلَافَصْلٍ۔

وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِیْبِهِ الْمُخْتَارِ وَعَلٰی آلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْیَ
اَمَّابَعْدُ لَمَّا طَالَعْتُ الْکِتَابَ الْمُسْتَطَابَ الْمُزَیَّنَ بِالْآیَاتِ وَالْمُبَرْهَنَ بِالْاَخْبَ
وَالْآثَارِ اَلْمُسَمّٰی بِاِسْمِ" نعرۂ تحقیق حق چاریار" اَلَّفَهٗ مَوْلٰیناحَافِظَ فِدَاحُسَیْنِ
اَسْعَدَہُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِی الدَّارَیْنِ فَوَجَدْتُهٗ لِاَہْلِ السُّنَّةِ جِلَاءَ الْعَیْنَیْنِ اَثْبَتَ فِیْ
اَنَّ الْجَوَابَ حق چاریارقَدْ صَارَ قَدِیْمًا لِاَہْلِ السُّنَّةِ شِعَارًا لَامِنْ مُحْدَثَاتِ ا
یَابْنَةِ الْغَابِیَةِ کَمَایَقُوْلُهٗ شَیْخُ التَّفْضِیْلِیَّةِ الطَّاغِیَةِ وَحَقَّقَ فِیْهِ بِالدَّلَاءِ
الْقَوَاطِعِ اَنَّ هٰذَا الْجَوَابَ رَدٌّ عَلَی الرَّوَافِضِ وَهُمُ الَّذِیْنَ یُنْکِرُوْنَ خِلَافَةَ الْخُلَفَا
الثَّلَاثَةِ لِلْعَدَاوَةِ وَالشَّقَاوَةِ وَضَرْبٌ شَدِیْدٌ عَلَی الْفِرْقَةِ التَّفْضِیْلِیَّةِ الضَّالَّةِ وَهِ

Marfat.com

اَلَّتِیْ تُفَضِّلُ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ عَلٰی سَاءِرِ الصَّحَابَةِ وَتُبْغِضُ مُعَاوِيَةَ الَّذِیْ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ صَاحِبَ الْكِتَابَةِ۔

وَهٰذَا الْكِتَابُ دَافِعُ الْفَسَادَاتِ فِی الْاِعْتِقَادَاتِ فَيَنْبَغِیْ لِلْخُطَبَاءِ اَنْ يُبَيِّنُوْا مِنْهُ فِی الْخِطَابَاتِ وَالْاَءِمَّةِ اَنْ يُدَرِّسُوْا مِنْهُ فِی الْمَسَاجِدِ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ اَسْءَلُ اللّٰهَ تَعَالٰی اَنْ يَجْعَلَهٗ بِمَنِّهٖ فِیْ اَهْلِ السُّنَّةِ مَقْبُوْلاً وَمُؤَلِّفَهٗ بِفَضْلِهٖ مَاجُوْرًا وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

حررہ: محمد طیب ارشد

۷جمادی الاولی ۱۴۳۳ ھ بمطابق ۳۱مارچ ۲۰۱۲ء

خادم درجۃ التدریس والافتاء

مدرسہ اسلامیہ تھون سرائے عالمگیر ضلع گجرات

Marfat.com

# تقریظ

رئیس المناطقہ شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ

## مولانا مفتی محمد سلیمان رضوی صاحب مدظلہ

مہتمم دار العلوم انوار رضا، راولپنڈی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرات گرامی! تاریخ عالم میں نئی چیز کا معرض وجود میں آنا ایک فطری عمل ہے تمام انواع خلق میں ہر آئے دن نئی اشیاء معرض میں آتی رہتی ہیں۔ حتی کہ زبانیں (السنہ) نیز دریافت ہوئیں۔ علوم دور آدم میں نہ تھے یکے بعد دیگرے ان علوم نے جنم لیا جن کے سہارے ہم زندہ ہیں اور ہماری زندگی میں ان کا عمیق دخل ہے اور مقتضائے مدنی زندگی ہیں جوں جوں علوم بڑے ان میں دریافت ہونے والے قواعد وضوابط کو عمل میں لاکر اہل علم نے نئی چیزیں دریافت کیں جن کا لامتناہی سلسلہ آپ کے سامنے ہے۔ یوں ہی علم شرائع میں اہلیان مذاہب وادیان نے ختم نہ ہونے والا ایک سلسلہ تصنیف شروع کیا جن کا لامتناہی ہونا اظہر من الشمس اور از قسم بدیہات ہے۔

اب غیر منصوص حلال وحرام میں امتیاز حل اور حرمت کے لئے نیز کاوشیں کی گئیں لہذا کسی نئی چیز کو اس لئے نظر انداز کرنا کہ بعد کی پیداوار ہے اور بعد والوں کی تحقیق ہے یہ کوئی دانشمندی نہیں حتی کہ امت مسلمہ میں بعد میں لکھی جانے والی کتب کو اس مزعومہ سے نظر انداز کرنے پر عقل پر ماتم کیا جانا چاہیے۔

Marfat.com

بلکہ یہ کہ تمام امور معاملات وعبادات تدریجاً آئے اسلئے بعد کے کسی عمل کو نظر انداز کرنا اس کی کوئی شرعی حیثیت نہیں ان جزئیات میں اگر جایا جائے تو نہ ختم ہونے والا سلسلہ چل نکلے گا۔ مسلم امہ میں تقبیل ابھامین کو سب سے پہلے جناب صدیق اکبر خلیفۃ الرسول بلا فصل رضی اللہ عنہ نے اپنایا۔ آج پوری امت کا معمول ہے اسلئے کہ اس کے امتناع کی نہ کوئی وجہ ہے اور نہ کوئی دلیل۔ یوں ہی نعرہ تحقیق کا جواب باصواب حق چار یار کو تاخر زمانی تو کہا جا سکتا ہے البتہ تاخر رتبی کسی طور پر ٹھیک نہیں۔ یہ سوال کہ ان کے حق کہا جانے سے کیا باقیوں کا عدم حق ہونا لازم آئے گا اولاً تو مفہوم مخالف امام شافعی کا موقف ہے احناف کا نہیں مستزاد یہ کہ ایجاب جزی سلب کلی کو مستلزم نہیں۔

ثانیاً جب یزید پلید کو اچھا کہنے والے نہ تھے تو اس وقت توقف کو ترجیحاً احناف نے اپنایا مگر جب یزید کو خارجیوں نے خلیفہ برحق کہنا شروع کیا تو شیخ عبد الحق محدث دہلوی جیسے عظیم محدثین نے آیت والذین یوذون اللہ ورسولہ ، لعنھم اللہ فی الدنیا والآخرہ کو کبری اور حدیث من اذاھم فقد آذانی کو صغری بنا کر لعن یزید کا جواز نکالا تو یوں جب کچھ حضرات نے صحابہ کے بارے میں دلالت التزامی کے انداز میں تنقیص اور عدم فضیلت کا باب کھولا بایں حالات نعرہ تحقیق کا ہونا لازمی قرار دیا جانے لگا۔ اسلئے کہ اگر نعرہ تکبیر کے ہوتے ہوئے نعرہ رسالت، نعرہ غوثیہ تک لگائے جا رہے ہیں جو ایک مستحسن عمل لاثبات العقائد اہل سنت قرار دیا گیا ہو۔ وہاں نعرہ تحقیق سے اگر خلفائے راشدین معروفہ معنے میں لینے سے ان کی اس امتیازی حیثیت کو اجاگر کیا جائے کہ الخلافۃ من بعدی ثلاثون سنۃ (الحدیث) تو یہ نعرہ ممنوع کیا اسے لازم قرار دیا جانا چاہیے۔ جو طرہ امتیاز ہے اہلسنت کا کہ اہلبیت "بتمامہا" اور صحابہ بشمول خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے سب کی عظمتوں کا تحفظ اور سب کا ادب سب کی تکریم کا اظہار ہو وھو المراد پھر یہ کہ نعرہ تحقیق کے نہ ہونے کی صورت میں رفض بے لگام ہو جائے گی۔

Marfat.com

یوں ہی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو بلال رضی اللہ عنہ کا دعوت امامت بر مصلی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت اس کے موجود امام صحابہ کے ہوتے ہوئے دینا وجہ افضلیت علی الصحابہ پر دال ہے جب کہ منطوق عبارت مروا ابابکر (الحدیث) نیز فضیلت کلی کی مشعر ہے اسلئے کہ جزوی فضیلت تو حضرت زبیر عبد اللہ ابن عباس زبیر بن عوام، سعد ابن ابی وقاص، ابوذر، ابی ابن کعب، زید بن ثابت، معاذ بن جبل، سعد ابن معاذ، ابو موسیٰ، خذیفہ، ابو عبیدہ رضی اللہ عنہم سمیت کئی ایک کو حاصل ہے جزوی میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہی کی کیا تخصیص۔

بہر کیف اہل سنت کے مطالعہ کے لئے کتاب "نعرہ تحقیق حق چار چار" تصنیف حضرت علامہ مولانا فدا حسین رضوی انتہائی مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کی افادیت کو عام فرمائے اور مصنف علام کے لئے تحفظ عظمت صحابہ کو بلندی درجات کا سبب بنائے آمین ثم آمین۔ کم از کم اہلسنت کو صحابہ و اہلبیت رضی اللہ عنہم کی محبتوں میں توازن بر قرار رکھنے کی توفیق عطا فرمائے اور عقیدہ بقول اعلحضرت فاضل بریلوی

اہل سنت کا ہے بیڑہ پار اصحاب حضور
نجم ہے اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی

یہ ہونا چاہئے اللہ اسی پر زندگی اور اسی پر موت عطا فرمائے اور اہلسنت کو آپس میں اتحاد و اتفاق بر قرار رکھنے کی توفیق انیق عطا فرمائے۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد
یکے از خدام اہلسنت
(مفتی) محمد سلیمان رضوی
انوار رضا راولپنڈی
2010-06-19

Marfat.com

# تقریظ

عمدۃ المصنفین استاذ المدرسین مفتی عبد الرزاق بھتر الوی مدظلہ العالی
شیخ الحدیث و مہتمم جامعہ جماعتیہ مہر العلوم راولپنڈی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نعرہ تحقیق اور اس کا جواب حق چار یار دینا کیسا ہے؟ اہل سنت کے نزدیک یہ جواب دینا بالکل صحیح، رافضیوں کے نزدیک صحیح نہیں اس میں دراصل اختلاف ہے اہل سنت اور رافضیوں کا، وہ اختلاف ایک اور اختلاف پر مبنی ہے رافضیوں کے نزدیک حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بلافصل ہیں، ان کے اس عقیدہ پر ان کی اذان بہت واضح طور پر دلالت کر رہی ہے۔ جس میں انہوں نے قرآن وسنت کے خلاف یہ الفاظ شامل کئے ہوئے ہیں۔

"اشھد ان امیر المؤمنین امام المتقین علی ولی اللہ وصی رسول اللہ خلیفہ بلافصل"۔

اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ اجماع امت سے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ خلیفہ اول اور خلیفہ بلافصل ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے آپ کے خلیفہ اول ہونے پر اشارات ملتے ہیں۔ (زیادہ تفصیل راقم کی نجوم الفرقان کے حصہ دوم میں دیکھئے) اس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ دوم اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلیفہ سوم اور حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ چہارم ہیں۔ ان کی خلافت بالترتیب کا ثبوت حق ہے۔

Marfat.com

رافضیوں کے نزدیک پہلے تین خلفاء رضی اللہ عنہم کی خلافت ناحق ہے، انہوں نے نبی کریم صلی
کی وصیت پر عمل نہ کر کے (معاذ اللہ) ظالمانہ طریقہ سے خلافت حاصل کی، گویا کہ تی
خلفاء رضی اللہ عنہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کا حق چھین لیا۔ جھگڑا اس بات میں ہے، کہ
خلفاء رضی اللہ عنہم اپنے اپنے وقت میں حق پر تھے، یا تین کی خلافت باطل تھی، انہوں نے
کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت پر عمل نہ کر کے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا حق چھین لیا حضرت امام
رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بلا فصل رافضی بھی نہیں کہتے۔ بلکہ وہ تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا ذکر ہی
کرتے، وہ تو ان سے ناراض ہیں کہ انہوں نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کیوں
تھی، حسین حسین تو وہ کہتے ہیں کبھی آپ نے ان کی زبان سے حسن حسن بھی سنا ہے؟
نہیں وہ ان کا نام نہیں لیتے۔ بغض معاویہ رضی اللہ عنہ سے در حقیقت بغض مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
مرتکب ہو رہے ہیں۔

اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

"ان ابنی هذا سید ولعل الله ان یصلح به بین فئتین عظیمتین من المسلمین"۔(1)

بیشک یہ میرا بیٹا سردار ہے، اللہ تعالی اس کے ذریعے مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں کے درمیان صلح کرائے گا۔

نعرہ تحقیق کا جواب حق چار یار سے دینا اہل سنت کے نزدیک صحیح ہے کیونکہ اس
رافضیوں کا رد ہے، جو انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بلا فصل ثابت کیا ہے۔

رافضیوں کے نزدیک یہ جواب درست نہیں، اس لئے کہ "حق چار یار" کہنے سے حضر
علی رضی اللہ عنہ کا خلیفہ بلا فصل ہونا ثابت نہیں ہو سکتا۔

---

(1) رواه البخاری عن أبی بکرة، مشکوة باب مناقب اهل البیت

Marfat.com

"حدثنا محمد بن المسكين ثنا محمد يعني الفريابي قال سمعت سفيان يقول من زعم ان عليا رضی اللہ عنہ كان احق بالولاية فقد خطأ ابا بكر وعمر والمهاجرين والانصار وما أراه يرتفع له مع هذا عمل الى السماء"۔ (1)

حضرت سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جس شخص نے یہ گمان کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ولایت کے زیادہ حق دار تھے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ وحضرت عمر رضی اللہ عنہ سے تو اس نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خطاء کا مرتکب ٹھہرایا اور تمام مہاجرین وانصار کو خطاء وار کہا ( اس لئے کہ اجماع امت سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ نامزد ہوئے۔ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو خلیفہ نامزد کرنے پر بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اعتراض نہ کیا تو ان کی خلافت اجماع سکوتی سے ثابت ہو گئی ) اور میں ان کے عمل کو آسمانوں کی طرف اٹھتا ہوا نہ دیکھتا۔ (یعنی ان کا عمل درجہ قبولیت میں نہیں آئے گا)

رافضیوں کا نعرہ تحقیق کا جواب حق چار یار سے منع کرنا اسی وجہ سے ہے کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بلا فصل ثابت کرنا چاہتے ہیں، جو اس نعرہ سے ان کیلئے مشکل ہے، رافضیوں کی اختراعی صورت کی کوئی حقیقت نہیں، وہ کہتے ہیں کہ اگر حق چار یار سے خلافت مراد لیتے ہو تو حق پانچ یار کہو، کیونکہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت بھی حق تھی۔

حق چار یار کا یہ مطلب ہی نہیں کہ صرف چار یاروں کی خلافت حق ہے، باقیوں کی خلافت باطل ہے، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ چار یاروں کی خلافت کی ترتیب حق ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بلا فصل نہیں، آیئے حدیث پاک دیکھئے جس میں پانچ خلفاء کا ذکر ہے جن کا عادل ہونا مشہور ہے، اس میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو شامل نہیں کیا گیا۔

---

(1) ابو داؤد ج ۲ ص ۲۹۱ باب التفضیل

Marfat.com

"حدثنا یحیی بن فارس ثنا قبیصة ثنا عباد السماک قال سمعت سفیان یقول الخلفاء خمسة ابو بکر وعمر وعثمان وعلی وعمر بن عبد العزیز"۔[1]

عباد سماک کہتے ہیں میں نے سفیان رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا کہ خلفاء پانچ ہیں ابو بکر اور عمر اور عثمان اور علی اور عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہم۔

اگرچہ اس حدیث پاک سے پانچ خلفاء تو سمجھ آئے لیکن حق چار یار میں حضرت عمر بن عب العزیز رضی اللہ عنہ نہیں آتے وہ تابعی ہیں، وہ میرے پیارے مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے یار نہیں بلکہ وہ یاروں کے یار ہیں یار تو خاص دوست اور مددگار کو کہا جاتا ہے۔ اس لئے حدیث مذکو بالا کو دیکھ کر نعرہ تحقیق کا جواب حق پانچ یار نہیں دیا جائے گا۔

اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو میرے پیارے مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے "ابنی" (میرا بیٹا) ک ، یار نہیں کہا، وہ تو سات آٹھ سال کی عمر میں تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا او نواسۂ رسول ہیں۔ اس لئے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت کی آڑ میں یہ کہنا بھی غلط ہے کہ نعرہ تحقیق کا جواب حق پانچ یار دو، جہلاء کا دوسرا اختراعی قول یہ ہے کہ یا نعرہ تحقیق ک جواب حق سب یار دو، کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب صحابہ رضی اللہ عنہم حق پر تھے، باطل پر نہیں تھے، یہ کہنا درست نہیں، اس لئے کہ جھگڑا اس بات کا نہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حق پر تھے یا باطل پر تھے، کہ حق چار یار کہا جائے تو باقیوں کا ناحق ہونا ثابت ہو گا۔ جھگڑا اس بات ک ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بلا فصل تھے اور باقی تین خلفاء رضی اللہ عنہم کی خلافت باطل تھی، یا ک چار خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کی خلافت حق تھی۔

اہل سنت نعرہ تحقیق کا جواب حق چار یار دے کر چار خلفاء رضی اللہ عنہم کی خلافت کو حق ثابت کرتے ہیں رافضی نعرہ تحقیق کا جواب حق سب یار دے کر اصل اختلاف سے سادہ عوام ک

---

(1) ابو داؤد ج ۲ ص۲۹۱ باب فی التفضیل

Marfat.com

پھیرنے کی کوشش کرتے ہیں، حق چار یار کی بات قدیم بزرگان دین سے آرہی ہے۔ اس سے پھیرنے کی کوشش نئی ہے ہاں میرا عقیدہ وہی ہے جو سلف صالحین کا ہے۔

بندہ پروردگارم امت احمد نبی — دوست دار چہار یارم تابع اولاد علی
مذہب حنفیہ دارم ملت حضرت خلیل — خاکپائے غوث اعظم زیر سایہ ہر ولی

میں رب تعالیٰ کا بندہ ہوں نبی کریم حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی ہوں۔۔۔ چار یاروں کو میں دوست رکھتا ہوں، اولاد علی رضی اللہ عنہ کا تابع ہوں۔۔۔ حنفی مذہب رکھتا ہوں، حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی ملت پر ہوں۔۔۔ حضرت غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے قدم کی خاک ہوں، ہر ولی کے سایہ کے نیچے ہوں۔

حضرت شیخ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

از سر انگشت اوشق قمر — آں یکے اور ارفیق غار بود
واں دگر لشکر کش ابرار بود — صاحبش بودند عثمان و علی
بہر آں گشتند در عالم ولی — آن یکے کان حیاء حلم بود
واں دگر باب مدینہ علم بود — آں رسول حق خیر الناس بود
عم پاکش حمزہ و عباس بود — ہر دم از ما صد درود و صد سلام
بر رسول و آل و اصحابش تمام

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے یار ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔۔۔ آپ کی انگلی کے کنارے سے چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔۔۔ وہ پہلے آپ کے غار کے ساتھی ہوئے۔۔۔ اور دوسرے مسلمانوں کے نیک لشکر کے قائد ہوئے۔۔۔ آپ کے ساتھی عثمان و علی ہوئے۔۔۔ آپ کیلئے جہاں میں مدد گار ہوئے۔۔۔ وہ ایک حیاء اور بردباری کی کان تھے۔۔۔ اور وہ دوسرے علم کے شہر کے دروازہ تھے۔۔۔ وہ رسول حق سب لوگوں سے بہتر ہیں۔۔۔ آپ کے چچا پاک حمزہ

Marfat.com

وعباس ہیں۔۔۔ ہر دم ہماری طرف سے لاکھوں کروڑوں درود دو سلام ہوں۔۔۔ رسول
پر اور آپ کی آل اور آپ کے سب صحابہ پر۔۔۔

چار یاروں کا ذکر شیخ فرید الدین رحمۃ اللہ علیہ نے کیا، دو پاک چچا کو علیحدہ ذکر کیا کہ وہ بیشک صحا
ہیں لیکن ان کو یار نہیں کہا، چچا کہا ہے، آجکل حق چار یار کی مخالفت میں نیم رافضی بہت ز
لگا رہے ہیں، اہل سنت وجماعت کے عقیدہ کو درست رکھنے کیلئے عزیزم مولوی فدا حسین
صاحب نے نعرہ تحقیق کے جواب میں حق چار یار کا جواب دینے کیلئے کئی اکابرین کے حوا
جات جمع کئے ہیں۔ اللہ تعالی آپ کو جزاء خیر عطاء فرمائے قارئین کرام کو اس سے استفا
اور حق پر قائم رہنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین ثم آمین

عبدالرزاق بھترا

Marfat.com

# تقریظ جلیل

پیر طریقت رہبر شریعت مفکر اسلام حضرت

## علامہ سید شاہ تراب الحق قادری جیلانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

والصلاۃ والسلام علی رسوله الکریم ۔ اما بعد

اہلسنت و جماعت کا اتفاق ہے کہ تمام صحابہ کرام میں سب سے افضل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں پھر عمر فاروق اعظم پھر سیدنا عثمان غنی، پھر سیدنا مولی علی رضی اللہ عنہم ہیں پھر بقیہ عشرہ مبشرہ وحضرات حسنین کریمین اہل بدر واحد بیعت رضوان والے بیعت عقبہ والے اور سابقین یعنی وہ صحابہ جنہوں نے دونوں قبلوں کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے افضل ہیں۔ تمام صحابہ کرام متقی، عادل اور جنتی ہیں اور ان کا ذکر، خیر ہی کے ساتھ کرنا فرض ہے۔ تمام صحابہ کرام کی تعظیم و توقیر واجب ہے اور کسی بھی صحابی کے ساتھ برا عقیدہ رکھنا بد مذہبی و گمراہی اور جہنم کا مستحق ہونا ہے کیونکہ قرآن واحادیث میں جابجا صحابہ کرام کے عادل متقی ہونے کی اور فسق سے محفوظ ہونے کی گواہی موجود ہے۔ اس بارے میں فقیر کی کتاب "فضائل صحابہ واہلبیت" میں تفصیل ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

Marfat.com

ان اللہ معنا کی تفسیر میں مرقوم ہے۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے لئے یہی فضیلت کافی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے
کسی فرق کے، اللہ تعالیٰ کی اس معیت کو ثابت کیا جو انہیں خود حاصل تھی۔ جس نے
ابو بکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت کا انکار کیا اس نے اس آیت کریمہ کا انکار کیا اور کفر کا ارتکاب
(1)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے بارگاہ نبوی میں عرض کی، یار
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو لوگوں میں سب سے زیادہ پیارا کون ہے؟ فرمایا، عائشہ میں عرض
ہوا مردوں میں سے؟ فرمایا، اس کے والد یعنی ابو بکر میں عرض گزار ہوا کہ پھر کون؟
عمر۔ پس میں اس ڈر سے خاموش ہو گیا کہ مبادا مجھے سب سے آخر میں رکھیں۔ (2)

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جلیل القدر صحابی ہیں۔ ان کی گستاخی
ادبی بھی سخت جرم اور رحمت الٰہی سے محرومی کا باعث ہے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بارگاہ نبوی میں خطوط کی کتابت کا فریضہ انجام دیا کرتے تھے۔
سے ایک سو تریسٹھ احادیث مروی ہیں۔ سیدنا ابن عباس، ابن عمر، ابن زبیر اور دیگر
وتابعین کرام رضی اللہ عنہم آپ سے احادیث روایت کرتے ہیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم
کی راویوں کے متعلق سخت شرائط ہیں۔ انہوں نے بھی آپ سے صحیحین میں کئی احادیث
روایت کی ہیں۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ نے
فوج جرار کے ساتھ عین معرکہ جنگ میں ہتھیار رکھ دیے اور خلافت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

---

(1) تفسیر مظہری
(2) بخاری ومسلم

Marfat.com

سپرد کر دی ( اور ان کے ہاتھ پر بیعت فرمالی )۔ اگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ العیاذ باللہ فاجر یا ظالم یا غاصب تھے تو الزام امام حسن رضی اللہ عنہ پر آتا ہے کہ انہوں نے خلافت و حکومت خود اپنے اختیار وارادے سے ایسے شخص کے حوالے کر دی اور اسلام و مسلمین کی خیر خواہی کا خیال نہ فرمایا۔ اگر مدت خلافت ختم ہو چکی تھی اور آپ کو خود بادشاہت منظور نہیں تھی تو صحابہ حجاز میں کیا کوئی حکومت و دینی امور کے نظم و نسق کے قابل نہیں تھا جو حکومت انہیں کے حوالے کر دی؟ خدا کی قسم! یہ اعتراض تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے کہ جنہوں نے اپنی پیشن گوئی میں ان کے اس فعل ( یعنی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح ) کو پسند فرمایا اور انکی سیادت کا نتیجہ ٹھہرایا جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے کہ آپ نے امام حسن رضی اللہ عنہ کی نسبت فرمایا " میرا یہ بیٹا سید ہے، مجھے امید ہے کہ اللہ عزوجل اس کے باعث اسلام کے دو بڑے گروہوں میں صلح کرادے۔[1]

بقول صدر الشریعہ علامہ محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر معاذ اللہ فسق وغیرہ کا طعن کرنے والا حقیقتاً حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ بلکہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ اللہ عزوجل پر طعن کرتا ہے۔[2]

علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض شرح شفا میں فرماتے ہیں جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ پر طعن کرے وہ جہنم کے کتوں میں سے ایک کتا ہے۔[3]

یہ بات ذہن نشین رہے کہ صحابہ کرام کے باہم جو واقعات ہوئے ان پر اپنی رائے دینا یا کسی کو قصور وار بتانا سخت حرام ہے ہمیں تو صرف یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ سب آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جان نثار سچے غلام اور صحابیت کا شرف رکھتے ہیں۔

---

(1) اعتقاد الاحباب ۶۸
(2) بہار شریعت حصہ ۱ ص ۷۸
(3) اعتقاد الاحباب : ۴۳

Marfat.com

حضرت عبد اللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور عمر بن عبد العز
رضی اللہ عنہ میں سے کون افضل ہے؟ آپ نے فرمایا وہ غبار جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمراہی می
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کی ناک میں داخل ہوا، وہ بھی عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ
افضل ہے۔ (1)

## صدر الشریعہ علامہ امجد علی قادری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

کسی صحابی کے ساتھ سوء عقیدت بد مذہبی و گمراہی اور استحقاق جہنم ہے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ
کے ساتھ بغض ہے۔ ایسا شخص رافضی ہے اگرچہ چاروں خلفاء کو مانے اور اپنے آپ کو
کہے۔ مثلاً حضرت امیر معاویہ کو ان کے والد ماجد حضرت ابو سفیان اور والدہ ماجدہ حضر
ہند اسی طرح حضرت سیدنا عمر بن العاص و حضرت مغیرہ بن شعبہ و حضرت ابو موسیٰ اشعر
رضی اللہ عنہ حتی کہ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ جنہوں نے قبل از اسلام حضرت سید الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ
شہید کیا اور بعد از اسلام اخبث الناس خبیث مسیلمہ کذاب ملعون کو واصل جہنم کیا۔ ا
میں سے کسی کی شان میں گستاخی تبرا ہے اور اس کا قائل رافضی۔ یہ اگرچہ حضرت شیخین
توہین کی مثل نہیں ہو سکتی کہ انکی توہین بلکہ ان کی خلافت سے انکار ہی فقہائے کرام
نزدیک کفر ہے۔ (2)

اعلیٰ حضرت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں رب تعالیٰ نے فرمایا وکلا وعد اللہ الحسن
ان سب (صحابہ) سے اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا وعدہ فرمایا کہ اپنے اپنے مرتبے کے لحاظ سے ا
ملے گا سب ہی کو محروم کوئی نہ رہے گا۔ اور جن سے بھلائی کا وعدہ کیا، ان کے حق میں فرما
ہے

اولئک عنہا مبعدون: وہ جہنم سے دور رکھے گئے ہیں۔

---

(1) مرقاۃ شرح مشکوۃ
(2) بہار شریعت حصہ ۱:۷۷

Marfat.com

لا یسمعون حسیسھا : وہ جہنم کی بھنک تک نہ سنیں گے۔
وھم فی ماشتھت انفسھم خلدون : وہ ہمیشہ اپنی من مانتی جی بھاتی مرادوں میں رہیں گے۔
لایحزنھم الفزع الاکبر : قیامت کی سب سے بڑی گھبراہٹ انہیں غمگین نہ کرے گی
تتلقھم الملئکۃ فرشتے ان کا استقبال کریں گے ھذا یومکم الذی کنتم توعدون یہ کہتے ہوئے کہ یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔[1]

رسول اللہ ﷺ کے ہر صحابہ کی یہ شان اللہ عزوجل بتاتا ہے تو جو کسی صحابی پر طعن کرے وہ اللہ واحد قہار کو جھٹلاتا ہے۔ اور ان کے بعض معاملات جن میں اکثر حکایات کاذبہ ہیں، ارشاد الٰہی کے مقابل پیش کرنا اہل اسلام کا کام نہیں۔[2]

فقیر کو فاضل نوجوان مولانا فدا حسین رضوی کی کتاب "نعرہ تحقیق حق چار یار بوساطت انجینئر حافظ محمد آصف قادری موصول ہوئی اگرچہ اپنی کثیر مصروفیات کی بناء پر فقیر اسے بالاستیعاب تو نہ پڑھ سکا البتہ بعض مقامات سے دیکھا تو عوام کے لئے مفید پایا۔ امید ہے کہ یہ کتاب حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق اہلسنت و جماعت کے عقائد صحیحہ کی حفاظت کا ذریعہ بنے گی رب تعالیٰ مصنف کے علم و عمل میں مزید برکتیں عطا فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

سید شاہ تراب الحق قادری رضوی
امیر جماعت اہلسنت (پاکستان) کراچی

---

(1) سورۃ الانبیاء
(2) اعتقاد الاحباب : ۴۳

Marfat.com

# تقریظ جلیل

استاذ العلماء زبدۃ الفضلاء جامع المعقول والمنقول
شیخ الحدیث والتفسیر علامہ محمد ایوب ہزاروی مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم!

مسلک حقہ اہلسنت وجماعت کے عظیم ترجمان حضرت العلام حافظ مولنا فدا حسین رضو
دام اقبالہ کی تالیف لطیف۔

نعرہ تحقیق۔ حق چار یار کا سرسری نظر سے مطالعہ کیا ماشاء اللہ موصوف نے حق چار یار
اصلاح اور اس پیارے عدد کے ثبوت پر قرآن وتفاسیر احادیث واقوال جماہیر۔ ارشادا
اسلاف وشعرائے مشاہیر۔ سے جہد بلیغ وسعی جمیل فرما کر بلکہ افضلیت سیدنا صدیق اور چ
دوسرے ضمنی مسائل پر ایک جامع کتاب تحریر فرمائی پھر اس کو جید علماء اہلسنت کی تقار
وتاکیدات سے مزین فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس مسلکی خدمت کو قبول فرمائے (آمین)

چار کے محبوب عدد پر مزید گفتگو کی گنجائش نہیں، البتہ اتنا عرض کیا جاتا ہے کہ نعرہ تحقی
حق چار یار۔ یا نعرہ حیدری یا علی کی اصلیت کیا ہے اور اس کا مقصد کیا ہے۔ اصلیت تو یہ
اہلسنت وجماعت کے کچھ دوسرے نعرے بھی ہیں مثلاً دعوت اسلامی یا انجمن طلباء اسلا
کے متعدد نعرے ہیں جو مختلف مجالس یا محافل اور جلوس میں لگائے جاتے ہیں یا دوسر
مذہبی یا سیاسی جماعتوں کے نعرے ہیں، یہ تمام روایتی نعرے ہم عجمیوں کی ایجاد اور پاک

Marfat.com

وہند وغیرہ میں شروع ہیں عرب ممالک یا دیگر اسلامی ممالک میں یہ روایتی نعرے میری دانست اور مشاہدے کے مطابق مروج نہیں یہ نعرے شرعاً نہ فرض ہیں نہ واجب نہ سنت صرف مباح ہیں۔ جو کسی علاقہ میں یا کسی وقت میں کسی مقصد کے تحت ایجاد کئے جاتے ہیں۔ ان نعروں میں سے کسی نعرے کا مقدم ہونا باعث شرف وتکریم نہیں اور نہ ہی کسی نعرے کا موخر ہونا وجہ تردید یا تنفیر ہے کیونکہ یہ فقہی مشروعات سے نہیں صرف مباح ہیں اور مباح میں تقدم وتأخر باعث شرف نہیں ہوتا۔ یہ نعرہ تحقیق حق چار یار یا نعرہ حیدری یا علی کی حقیقت واصلیت ہے ان دونوں نعروں کا مقصد کیا ہے تو سنئے جس شخص یا جن اشخاص یعنی اہل تشیع نے عجمیوں میں سے صرف نعرہ حیدری ایجاد کیا اس کا مقصد وحید یہ تھا کہ میں خلفاء اربعہ میں سے صرف سیدنا علی المرتضیٰ کو حضور علیہ السلام کا خلیفہ بلا فصل تسلیم کرتا ہوں ان کے سوا اور کوئی دوسرا خلیفہ نہیں اس نعرہ کے مقابلہ میں وہ لوگ جو صرف ایک خلیفہ راشد نہیں بلکہ بالترتیب سیدنا صدیق اکبر، سیدنا عمر فاروق، سیدنا عثمان غنی، سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہم سب کو خلیفہ مانتے ہیں انہوں نے نعرہ تحقیق حق چار یار ایجاد کیا کہ ہم صرف ایک نہیں بلکہ چاروں کو بالترتیب خلیفہ مانتے ہیں مختصر لفظوں میں آپ یوں سمجھیں نعرہ حیدری یا علی میں شیعہ سنی سب شامل ہیں کیونکہ دونوں آپ کو مانتے ہیں اور نعرہ تحقیق حق چار یار میں صرف سنی کا شیعہ سے امتیاز ہو جاتا ہے لہذا جو ان میں شامل رہنا چاہتا ہے وہ صرف نعرہ حیدری یا علی لگائے اور جو ان میں نہیں رہنا چاہتا بلکہ امتیاز چاہتا ہے وہ نعرہ تحقیق حق چار یار بھی لگائے۔ ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب وعنہ ام الکتاب والیہ المرجع والمآب۔

محمد ایوب ہزاروی

خطیب ومدرس دار العلوم اسلامیہ رحمانیہ ہری پور ہزارہ

۶ دسمبر ۲۰۰۲

Marfat.com

# تقریظ

یاد گار اسلاف پیر طریقت رہبر شریعت شیخ الحدیث والتفسیر
پیر سائیں غلام رسول قاسمی دامت برکاتہم العالیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سیدنا
ومولانا محمد وعلی الہ واصحابہ اجمعین اما بعد

اللہ کریم کے بعد سب سے زیادہ عزت و مرتبہ محبوب کریم سید المرسلین ﷺ کو حاصل ہے ، اس امت میں نبی کریم ﷺ کے بعد سب سے زیادہ عزت و مرتبہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حاصل ہے۔ آقا ﷺ نے فرمایا: ''ولو کنت متحذا خلیلا لا تخذت ابا بکر خلیلا ، الا وان صاحبکم خلیل اللہ'' یعنی اگر میں کسی کو اپنا تنہائی کا دوست بناتا تو ابو بکر کو بناتا لیکن تمہارا نبی اللہ کا خلیل ہے۔ (1)

افضلیت شیخین کا عقیدہ قطعی ہے۔ اس پر متواتر احادیث موجود ہیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع موجود ہے۔ اہل سنت کی پہچان یہ ہے کہ حضرت ابو بکر و عمر کو افضل مانا جائے اور حضرت عثمان و علی سے محبت کی جائے رضی اللہ عنہم۔ (2)

شیخین کی افضلیت کا یہ مطلب نہیں کہ ختنین سے محبت میں کمی آجائے اور ختنین کی محبت کا یہ مطلب نہیں کہ شیخین کی افضلیت کو متزلزل کر دیا جائے شیخین کی افضلیت کا منکر رافضی ہے اور ختنین کی محبت کا منکر خارجی ہے اور دونوں باتوں کو ماننے والا اہل سنت ہے اور

(1) مسلم حدیث نمبر ٦١٧٦ ، ترمذی حدیث نمبر ٣٦٥٥ ، ابن ماجہ حدیث نمبر ٩٣
(2) شرح عقائد نسفی صفحہ ١٥٠ قاۃ جلد ٢ صفحہ ٧٧ وغیرہ

Marfat.com

اسے اہل سنت کی علامت کہنے میں راز یہی ہے کہ یہ علامت پائی جائے گی تو سنی کہلا سکو گے اور اگر یہ علامت کھو بیٹھو گے تو سنی نہیں کہلا سکتے۔ اب اگر شیخین اور ختنین کو جمع کرو تو کل چار افراد بنتے ہیں رضی اللہ عنہم۔ اہل سنت کی پہچان کا دارومدار نہیں چار افراد پر رکھا گیا ہے۔ شیخین کی افضلیت کا انکار بھی باطل اور ختنین کی محبت کا انکار بھی باطل اور چاروں کا اقرار باطل کا الٹ یعنی حق۔ اب کہو حق چار یار محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی انہی چار کو خصوصی اعزاز بخشا۔ فرمایا:

"ان اللہ اختار اصحابی علی جمیع العالمین سوی النبیین والمرسلین واختار لی منھم اربعة ابا بکر وعمر وعثمان وعلیا فجعلھم خیر اصحابی وفی اصحابی کلھم خیر رواہ عیاض فی الشفاء"۔ (1)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ نے تمام جہانوں پر میرے صحابہ کو چن لیا ہے سوائے نبیوں اور رسولوں کے۔ اور ان میں سے چار کو میرے لئے چنا ہے، ابو بکر و عمر و عثمان اور علی رضی اللہ عنہم۔ یہ میرے صحابہ میں سب سے افضل ہیں، اور میرے سارے صحابہ میں بھلائی ہے۔

"عن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ : رحم اللہ ابابکر زوجنی ابنته و حملنی الی دار الھجرة واعتق بلا لا من ماله. رحم اللہ عمر یقول الحق وان کان مرا ترکه الحق وماله صدیق ، رحم اللہ عثمان تستحییه الملائکة، رحم اللہ علیا اللھم ادر الحق معه حیث دار رواہ الترمذی"۔ (2)

---

(1) الشفاء ۲/۴۲، الریاض النضرة ۱/۴۷
(2) ترمذی حدیث رقم : ۳۷۱۴

Marfat.com

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ ابو بکر پر رحمت کرے، اس نے اپنی بیٹی میرے نکاح میں دے دی، اور مجھے دارالہجرت تک اٹھا کر لایا اور اپنے مال میں سے بلال کو آزاد کیا۔ اللہ عمر پر رحمت کرے، حق بات کہہ دیتا ہے خواہ کڑوی ہو، حق کی خاطر تنہا رہ جانا گوارا کر لیتا ہے۔ اللہ عثمان پر رحمت کرے، اس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔ اللہ علی پر رحمت کرے، اے اللہ حق کو اس کے ساتھ گھما دے یہ جدھر بھی جائے۔

"عن محمد بن الحنفية قال : قلت لابی : ای الناس خیر بعد رسول الله ﷺ؟ قال : ابو بکر. قلت : ثم من؟ قال . ثم عمر ، وخشیت ان یقول عثمان، قلت:ثم انت؟قال: ما انا الا رجل من المسلمین رواہ البخاری و ابوداؤد "۔ (1)

حضرت محمد بن حنفیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد (سیدنا علی) سے عرض کیا: رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں افضل کون ہے؟ فرمایا: ابو بکر، میں نے عرض کیا پھر کون؟ فرمایا: پھر عمر، اور مجھے اندیشہ ہوا کہ اب یہ نہ کہیں کہ عثمان، میں نے عرض کیا پھر آپ ہوں گے، فرمایا: میں مسلمانوں میں سے ایک آدمی ہوں۔

ان تمام احادیث میں صرف چار یاروں کا ذکر ہے۔ شہزادہ شاہ کونین سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کا ذکر موجود نہیں اور نہ ہی نواسے کو یار کہنا مناسب ہے۔ جہاں تک نعرہ تحقیق اور نعرہ حیدری کے جواز کا تعلق ہے تو یہ دونوں نعرے مباح ہیں اس لئے کہ ان سے منع نہیں کیا گیا۔ نعرہ تکبیر اور نعرہ رسالت دونوں احادیث سے ثابت ہیں (دون لفظ النعرہ) لیکن اس سے آگے اگر کوئی چار یاروں اور حضور غوث اعظم کے الگ الگ نعرے بھی وضع کر لے۔

---

(1) بخاری حدیث رقم: ۳۶۷۱ ابو داؤد حدیث رقم: ۴۶۲۹

Marfat.com

نعرہ صدیقیہ یا صدیق اکبر، نعرہ فاروقیہ یا فاروق اعظم، نعرہ عثمانیہ یا عثمان غنی اور نعرہ حیدری یا علی، نعرہ غوثیہ یا غوث اعظم۔ تو یہ سب نعرے جائز ہیں اس لئے کہ اصل اباحت ہے۔ والحرام ما حرم اللہ فی کتابہ۔ وہابیہ کے اکثر اعتراضات کے جواب میں ہم یہی اباحت اصلیہ والا قاعدہ پیش کرتے ہیں۔ البتہ نعرہ تحقیق کے اجتماعی نعرے کے حق میں شرعی اشارے واضح تر ہیں بہ نسبت انفرادی نعروں کے۔ عجب لطیفہ ہے کہ نعرہ تحقیق میں ہمارے مرشد مولا سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ شامل ہیں، اس شمول کے باوجود کسی کو اس نعرے میں بغض اہل بیت کی بو آرہی ہے۔ جب کہ نعرہ حیدری میں کوئی دوسرا صحابی شامل نہیں تو پھر اس نعرہ حیدری میں اگر اس عدم شمول کی وجہ سے کسی کو بغض صحابہ کی بو آئے تو اس کا کیا قصور؟ یہ بات ہم نے محض الزامی طور پر لکھی ہے۔ جب کہ ہم نعرہ حیدری کو سر آنکھوں پر تسلیم کیے بیٹھے ہیں۔ ہمارے عزیز حضرت علامہ فدا حسین صاحب نے اس کم عمری اور زمانہ طالب علمی میں جس جوش، ولولے اور دینی غیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے حق چار یار نامی کتاب تصنیف کی ہے وہ نہایت حوصلہ افزائی اور تحسین کے لائق ہے۔ درست مدلول پر قوی دلائل کی تائید میں اگر کوئی دلیل کمزور بھی آجائے تو کوئی بڑی بات نہیں جب کہ مخالفین کے پاس سراسر موضوعات اور ماؤلات کے سواء کچھ نہیں بلکہ دلائل اپنے دعوی سے تعلق ہی نہیں رکھتے انکی تحقیقات کا دارو مدار محکمات کی بجائے تشابہات پر ہے۔ قرآن کے مقابلے پر دوہڑے، بخاری مسلم کے مقابلے میں ابن عساکر اور ینابیع المودہ، اجماع امت کے مقابلے پر کسی متشیع یا معتزلی کا قول وغیرہ ان کا سرمایہ تحقیق ہے۔ اللہ کریم جل شانہ جناب فدا حسین صاحب کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبول عطا فرمائے اور تمام اہل سنت کو فتنہ روافض کے خلاف اٹھ کھڑا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

فقیر غلام رسول قاسمی

Marfat.com

# تقریظ

استاذ العلماء جامع المعقول والمنقول شیخ الحدیث والتفسیر
حافظ عبد الستار سعیدی صاحب دامت برکاتہم العالیہ
ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

حضرت علامہ مولانا فدا حسین صاحب رضوی زید مجدہ تلمیذ رشید استاذ العلماء مفسر قرآ
شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا محمد عبد الرزاق صاحب بھترالوی دامت برکاتہم العالیہ
تصنیف لطیف " نعرہ تحقیق حق چار یار " باصرہ نواز ہوئی۔ حضرت مصنف مدظ
العالی نے متعدد حوالہ جات سے اس نعرہ کی حقانیت اس پر اعتراضات کے جوابا
افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور ترتیب خلافت راشدہ کے سلسلہ میں اہل سنت و جماعت
مؤقف کو واضح فرمایا۔ اللہ تعالیٰ مصنف کی اس کاوش اور سعی کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولی
عطا فرمائے۔

آمین بجاہ سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام
وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔

حافظ عبد الستار سعید
خادم جامعہ نظامیہ رضویہ لا
:5:2010

Marfat.com

# تقریظ

استاذ العلماء والفضلاء شیخ الحدیث والتفسیر

## مفتی محمد صدیق ہزاروی سعیدی مدظلہ العالی

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رسول اکرم شفیع معظم ﷺ سے نسبت اور آپ کی صحبت سے بہرہ ور ہونے کی وجہ سے صحابہ کرام کو جو عظمت اور شان حاصل ہے وہ کسی دوسرے شخص کو حاصل نہیں ہے چاہے وہ کتنا بڑا عالم اور کتنا عظیم ولی ہی کیوں نہ ہو۔ پھر جملہ صحابہ کرام میں خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کو مختلف حوالوں سے جو مقام و مرتبہ حاصل ہے وہ دیگر صحابہ کرام کے مقابلے میں عظیم ترین ہے فاضل جلیل حضرت علامہ مولانا فدا حسین رضوی زید مجدہ العالی نے جس جذبہ ایمانی اور محبت صحابہ کرام بالخصوص خلفائے راشدین سے بھرپور عقیدت میں ڈوب کر کتاب مستطاب (نعرۂ تحقیق حق چار یار) لکھی ہے وہ نہ صرف ان کی ایمانی غیرت کا بین ثبوت ہے ان کے ذہن رسا، فہم صائب اور علمی صلاحیتوں کا مظہر بھی ہے۔ حضرت علامہ موصوف نے آیات کریمہ، احادیث نبویہ، اقوال مفسرین و محدثین سے مرصع و مدلل تحریر کے ذریعے خلفائے راشدین کی عظمت کو منظر عام پر لا کر جہاں صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم سے محبت و عقیدت رکھنے والوں کے قلوب و اذہان کو ٹھنڈک پہنچائی ہے وہاں ان نفوس قدسیہ سے بغض و حسد رکھنے والوں کو دعوت فکر بھی دی ہے اور ان کے جھوٹ پر مبنی نظریات کی تار و پود بکھیر دیئے ہیں۔

Marfat.com

کسی بھی نعرہ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ نعرہ لگانے والا اپنے عقیدہ کا بلند آواز سے ذکر کرتا ہے مثلاً: اللہ اکبر (اللہ سب سے بڑا ہے) ہر مومن کا ایمان ہے اسی ایمان کا اظہار بلند آواز سے اور اجتماعی طور پر ہوتا ہے تو یہ نعرہ تکبیر بن جاتا ہے، اسی طرح نعرۂ رسالت وغیرہ۔ نعرۂ تحقیق کا جواب "حق چار یار" کے الفاظ سے دیا جاتا ہے اور اس میں کیا شک ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے ان چاروں رفقاء کی خلافت حق اور ثابت ہے اور حضرت علامہ موصوف نے اس مسئلہ پر بھی تحقیقی گفتگو فرمائی ہے، حقیقت یہ ہے کہ حضرت علامہ فدا حسین رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے اس عظیم کتاب کی تصنیف کے ذریعے امت مسلمہ پر احسان عظیم کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب مستطاب کو شرف قبولیت عطا فرما کر اس کے افادۂ واستفادہ کو عام فرمائے اور حضرت مصنف کو اجر عظیم عطا فرمائے۔(آمین بجاہ نبیہ الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم)

محمد صدیق ہزاروی سعیدی ازہری
ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان
استاذ الحدیث جامعہ ہجویریہ مرکز معارف اولیاء
دربار عالیہ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

۴ جمادی الاخری ۱۴۳۱ھ / ۱۹ مئی ۲۰۱۰ء بروز بدھ

Marfat.com

# تقریظ

استاذ المناظرین شیخ الحدیث والتفسیر
مفتی عبد الشکور الباروی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نعرہ تحقیق اور اس کے جواب دینے کے متعلق لکھی گئی۔ منکرین قرآن وحدیث محض اپنی عقل نارسا کی بنیاد پر قران مجید اور احادیث صحیح کا انکار کچھ عرصے سے کرتے آئے ہیں ان میں سے کچھ لوگوں نے اس انکار کے ساتھ استہزا اور سوقیانہ انداز کلام اختیار کر کے نہ صرف جلیل القدر صحابہ کرام پر تنقید کی بلکہ سب شتم کی بارش کی ہے جس پر اس کے سوا کیا کہا جاسکتا ہے۔ من یضل اللہ فلا ھادی لہ۔

اس کتاب میں حضرت موصوف نے نہ صرف قرآن واحادیث مبارکہ سے دلائل دیئے ہیں بلکہ اعتراضات کے جوابات میں علماء اہل سنت کے مؤقف کو واضح کیا ہے جو کہ ایک طالب حق کیلئے حق تک پہنچنے کیلئے کافی وافی ہیں۔ اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کو اس خدمت پر جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کی محنت کو قبول فرما کر ہر خاص وعام کیلئے نافع بنائے۔ امین

مفتی عبد الشکور الباروی صاحب دامت برکاتہم العالیہ
مہتمم جامعہ رضویہ منظر الاسلام، راولپنڈی

Marfat.com

# تقریظ

فقہیہ ملت پاسبان مسلک رضا شیخ الحدیث والتفسیر
مولانا خادم حسین رضوی مدظلہ العالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد اللہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لانبی بعدہ

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت زیاد بن حدیر سے پوچھا آپ کو معلوم ہے کیا چ
اسلام کو منہدم کر دیگی؟ انہوں نے کہا اللہ تعالی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم بہتر جانتے ہیں
حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرمایا تین چیزیں اسلام کو منہدم کرنے کا باعث بنیں گی

۱۔ زلۃ العالم جب عالم دین راہ حق سے پھسل جائے۔

۲۔ وجدال المنافق بالکتاب منافق قرآن مجید کو ہاتھ میں لے کر اسلام ک
پر چار کرنے لگے۔

۳۔ وحکم الائمۃ المضلین بے دین اور گمراہ حکمرانوں کا امت مسلمہ کے
اوپر مسلط ہو جانا۔

اتنی طویل تمہید باندھنے کا مقصد و مدعا یہیکہ جن لوگوں نے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی
امت کی صحیح رہنمائی کرنی تھی وہ خود بوجوہ جب غلط سمت نکل کھڑے ہوئے ہوں اور ان
کی وجہ سے امت مسلمہ کی گمراہی کا شدید اندیشہ ہو ایسے حالات میں علماء ربانیین کا فرض

Marfat.com

منصبی بنتا ہے کہ ایسے لوگوں کو صراط مستقیم پر لانے کی حد درجہ کوشش کیجائے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر حق پر قائم کیا جائے۔

"یہ تو میں نہیں کہتا کہ یہ دور بہت زیادہ پر فتن ہے" ہر دور میں بڑے بڑے فتنوں نے سر اٹھایا لیکن ہمارے اکابر نے ان فتنوں کا سر کچل کر رکھ دیا آج کل ساون کے مینڈکوں کیطرح مختلف جانبوں سے عجیب و غریب قسم کی آوازیں آرہی ہیں، ان آوازوں میں سے ایک آواز نعرہ تحقیق کے بارے میں سنائی دے رہی ہے کہ اس نعرہ کا کوئی ثبوت نہیں یہ چکوال کے ایک دیوبندی مولوی کا گھڑا ہوا نعرہ ہے اس پر دلائل دینا تحصیل حاصل ہے کیونکہ جس تحقیقی انداز میں حضرت مولانا فدا حسین رضوی زید علمہ نے قلم اٹھایا ہے یہ انہیں کا خاصہ ہے۔

انہوں نے منکرین نعرہ تحقیق کی خوب خبر لی ہے بعض مقامات پر انکے قلم نے خنجر کا روپ دھارا ہے اس پر کسی کو سیخ پا ہونے کی ضرورت نہیں بلکہ اصول یہ ہیکہ اگر آئینے میں اپنی شکل غلط نظر آئے تو آئینہ توڑنے کی بجائے اپنے خدوخال درست کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اللہ تعالی حضرت مولانا کے علم و عمل اور زور قلم میں اور برکتیں عطاء فرمائے۔ میں صرف اہلسنت وجماعت کے راستے سے ہٹ کر دوسری راہوں کیطرف جانے والوں کی خدمت میں اعلے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا یہ شعر پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔

سنیت سے کھٹکے سب کی آنکھ میں
کیا پھول ہو کر بن گئے خار ہم

غبار راہ علمائے اہل سنت
حافظ خادم حسین رضوی
۳رجب المرجب ۱۴۳۱ھ ۱۶جون ۲۰۱۰ء

Marfat.com

# تقریظ

استاذ العلماء والفضلاء شیخ الحدیث مفتی محمد رضاء المصطفی ظریف القادری
جامعہ قادریہ گوجرانوالہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمده ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم امابعد

نعرہ تحقیق اور اس کا جواب حق چار یار طریقہ اسلاف اہل سنت ہے اور ان جلیل القدر شخصیات ( یعنی خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم کی بالترتیب خلافتوں کے برحق ہونے کا اظہار ہے اور ان حضرات کی خلافت کے اضافی ذکر سے دوسرے خلفاء کی خلافت کی نفی نہیں ہوتی۔ جیسا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

لکل نبی رفیق ورفیقی یعنی فی الجنة عثمان

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اس رفاقت سے دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی نفی ہوگی اور نہ ہی کوئی ذی شعور ہوش نفی کا مرتکب ہوگا معترض کے دعوی کے مطابق اگرچہ مذکورہ نعرہ کا وجود قرون اولی میں نہ بھی ہو پھر بھی اس کے عدم جواز کا قول معتبر نہیں اس لئے کے معترض کے دامن میں اس کے عدم جواز پر دلیل نہ ہونا خود ثبوت جواز ہے

سید کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان عالیشان ہے:

الحلال ما احل الله فی کتابه والحرام ما حرم الله فی کتابه
وما سکت عنه فهو مما عفا عنه

Marfat.com

بندہ ناچیز کو زیر نظر کتاب المسمی بہ " نعرہ تحقیق حق چار یار " کو سرسری دیکھنے کا اتفاق ہوا بلاشبہ اس کتاب کے مؤلف علامہ حافظ فدا حسین صاحب رضوی نے تحقیق مسئلہ کا حق ادا کرتے ہوئے دلائل کے ایسے دریا بہا دیئے ہیں جنکو دیکھنے کے بعد انکار وہی کر سکے گا جس نے آنکھوں پر تعصب کی عینک لگا رکھی ہو یہ چند سطور رقم کرنے کے بعد فقیر کی دعا ہے کہ مولی کریم جل جلالہ حق کو سمجھنے اور اس پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

اور مؤلف مذکور کو اس سعی جمیلہ پر دونوں جہاں میں عزت وآبرو اور برکات نصیب فرمائے۔ آمین۔ ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

محمد رضاء المصطفے

ظریف القادری جامعہ قادریہ گوجرانوالہ

Marfat.com

# نشان منزل

ادیب ملت استاذ العلماء والفضلاء

مولانا محمد منشاء تابش قصوری جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رحماء بینھم کی ایک تفسیر جمیل

ہیں اشداء علی الکفار یار مصطفےٰ

ممتاز معروف صاحب قلم حضرت مولانا علامہ سید صابر حسین شاہ صاحب بخاری مدظلہ برھان ضلع اٹک کی طرف سے صاحب تصانیف کثیرہ ماہر علوم وفنون درس نظامیہ حضرت مولانا علامہ مفتی عبد الرزاق صاحب بھتر الوی دامت برکاتہم کے شاگرد رشید مولانا فدا حسین صاحب زید علمہ وعملہ کی نہایت عمدہ تصنیف لطیف ''نعرہ تحقیق حق چار یار'' پر نشان منزل رقم کرنے کا حکم فرمایا میں نے سعادت سمجھتے ہوئے کتاب مستطاب کو ''من الاول الی الاخر'' دیکھا تو حضرت مصنف زید مجدہ کی محبت اور محنت کو قابل داد اور لائق تحسین پایا۔ موصوف نے ہر جہت سے موضوع پر سیر حاصل بحث کی۔ اور اسے نبھانے کی سعی جمیل فرمائی ہے اس پر طرہ یہ کہ استاذ العلماء فخر المدرسین عمدۃ المصنفین حضرت علامہ مولانا بھتر الوی صاحب مدظلہ نے اپنی تقریظ سعید لکھ کر کتاب کے وزن ووقار میں بے حد اضافہ فرمایا ہے۔

مسلک حق اہل سنت وجماعت کے استحکام کیلئے ایسی علمی وتحقیقی کتب کا ظہور بے حد مفید ہے منافقین کی مکاریوں سے بھولے بھالے سنی مسلمانوں کو آگاہ کرنا اور ان کے ایمان

Marfat.com

وایقان کی حفاظت وصیانت کا فریضہ سرانجام دینا اہل علم و قلم کیلئے نہایت ضروری ہے اسی مقصد وحید کے پیش نظر مولانا فدا حسین صاحب میدان عمل میں اترے ہیں اور نعرہ تحقیق حق چار یار کی گونج سے زمانے بھر کو بیدار کرتے ہوئے آگے بڑھتے جائیں گے۔ انشاء اللہ العزیز اس شاندار ایمان افروز اور روح پر تحقیق کے ہوتے ہوئے مزید کچھ لکھنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے ہر زبان کی اپنی اپنی اصطلاح ہوتی ہے عربی میں یار دوست بیلی کیلئے، ولی، رفیق، محب اور محبوب ایسے کلمات مستعمل ہیں جن پر قرآن و سنت شاھد و ناطق ہیں، حضرت مصنف زید مجدہ نے بکثرت فارسی اردو نظم و نثر میں مثالیں پیش کر کے قارئین کیلئے اچھا خاصا ذخیرہ جمع کر دیا ہے جو اللہ تعالیٰ جل و علی حبیب کبریا علیہ التحیہ والثناء اور یاران مصطفی رضی اللہ عنہم کی رضا و خوشنودی کا باعث ہوگا کیونکہ

جس نوں پیار نبی دا ہووے اوہو رب نوں پیارا
جیویں یار یاراں دے لگن پیارے جانے عالم سارا

آخر میں قصیدہ بردہ شریف کے ایک شعر اور اس کے فارسی ترجمہ پر اکتفاء کرتا ہوں۔

ثم الرضا عن ابی بکر وعن عمر
وعن عثمان وعن علی ذوی الکرم
نیز ازفضل وکرم خوشنود باش اے کردگار
از ابوبکر وعمر عثمان وحیدر چھار یار

قارئین کرام!

یاد رہے کہ پاکستان کی بنیاد میں چار یاران مصطفی کریم رضی اللہ عنہم کی برکات کا بڑا عمل دخل ہے وہ یوں کہ جب تحریک پاکستان چل رہی تھی تو مسلمانان برصغیر کا یہ نعرہ گونج رہا تھا۔ پاکستان کا مطلب کیا۔"لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" جب اس کلمہ کے دونوں اجزاء کے الفاظ کی گنتی

Marfat.com

کی جاتی ہے تو ہر ایک جزء کے حرف ۱۲، ۱۲ بنتے ہیں۔ یوں ہی یاران نبی کریم ﷺ کے اسمائے گرامی کے حروف کا شمار کیا جائے تو ہر ایک یار کے اسم مبارک کے حرف ۱۲، ۱۲ ہیں

مثلا: ابو بکر الصدیق کے ۱۲ حرف۔۔۔ عمر ابن خطاب کے ۱۲ حرف
عثمان ابن عفان کے ۱۲ حرف۔۔۔ علی بن ابی طالب کے ۱۲ حرف

لہذا یہ پاکستان جہاں نعرہ تکبیر، نعرہ رسالت کی برکات سے معمور ہوا وہاں نعرہ تحقیق حق چار یار کی روحانی تصرف سے ظہور پذیر ہوا پس پاکستان کے تو ہر ایک باشندے خصوصا ہر مسلمان پورے جوش وخروش سے جہاں نعرہ ہائے تکبیر ورسالت سے اپنے ایمان وایقان کی دولت میں بے پایاں اضافہ کر رہے ہیں وہاں نعرہ تحقیق حق چار دیار کی گونج سے بھی اپنے عشق ومحبت کی دولت میں فراوانی پیدا کریں۔

دعا ہے اللہ تعالے مولانا فدا حسین مدظلہ کی اس ایمان افروز اور باطل سوز کاوش کو قبولیت کا شرف عطا فرمائے اور ان کے راہوار قلم کو برق رفتار بنائے۔امین ثم امین

فقط التجا تابش قصوری کی یہی ہے رات دن
یاالٰہی ہو عطا دیدار یار مصطفے

محمد منشا تابش قصوری
مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور پاکستان
۶ جمادی الثانی ۱۴۳۱ھ / ۲۰ مئی ۲۰۱۰ء، جمعۃ المبارک

Marfat.com

# تقریظ لطیف

زینۃ الفقہاء شیخ الحدیث والتفسیر مفتی محمد گل شہزاد صاحب زید مجدہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فاضل نوجوان مولانا فدا حسین حفظہ اللہ فی الدارین کی تصنیف لطیف المسمی بہ حق چار یار نظر سے گزری مؤلف نے اس کتاب میں مخالفین کو ایسے تحقیقی اور الزامی جوابات دیئے اگر ان میں معمولی سا انصاف بھی ہوا تو خداوند قدوس کی بارگاہ میں تائب ہو کر اپنی ہٹ دھرمی اور عناد سے باز آنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ بعض مخالفین کی ایک کتاب کا مطالعہ کیا تو اس میں جو جو پراپیگنڈہ کیا گیا تھا اتفاق سے اس کا جواب فتاوی رضویہ میں ہو بہو پہلے سے موجود ہے میرا یہ اعتقاد ہے یہ اعلی حضرت مجدد دین وملت الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کرامت ہے۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے خلیفہ بلا فصل ہیں اور انبیاء کرام کے بعد تمام انسانوں سے افضل ہیں والی دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ظاہری زندگی کی آخری نماز جو صبح کی نماز تھی بروز سوموار حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے پڑھ کر واضح فرما دیا کہ میرا نائب کون ہے۔ نیز جنگ صفین وغیرہ میں حضرت امیر المؤمنین حیدر کرار مجتہد مصیب یہ ان کے لئے ڈگری ہے اور حضرت امیر معاویہ مجتہد مخطی ہیں ان کے لئے ثواب ہے لیکن عوام کے سامنے یہ کہنا کہ حضرت معاویہ خطاء کار ہیں ٹھیک نہیں کیونکہ عوام

Marfat.com

الناس وہ مفہوم نہیں سمجھ سکتے جو علماء حقہ مراد لیتے ہیں پیش نظر کتاب میں مؤلف نے ار
زبان میں بمع حوالہ جات نہایت ہی شائستگی سے وہ جوابات تحریر کیے جن کی ضرور
تھی۔ان مسائل کا ضبط اس خوش اسلوبی کے ساتھ مولف رسالہ ہذا کا عظیم کارنامہ ہے ک
نے کیا خوب کہا( لکل فن رجال)یعنی ہر میدان کے اپنے شہسوار ہوتے ہیں ای
سعادت بزور بازو نیست تانبخشد خدائے بخشندہ۔اللہ تعالی فاضل نوجوا
کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

مفتی محمد گل شہزاد غفرل
فی الحال شیخ الحدیث دارالعلوم فیض القرآ
حسن ابدال

Marfat.com

# تقریظ

مصنف کتب کثیرہ حضرت علامہ
مولانا حکیم سید بادشاہ تبسم بخاری مدظلہ العالی
مہتمم جامعہ غوثیہ فتح جنگ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم۔ امابعد

س وقت بندۂ ناچیز کے پیش نظر مولانا فدا حسین رضوی صاحب کا مضمون "حق چار یار" بل از طباعت موجود ہے جو کہ ایک رسالہ "نعرہ حیدری" کے جواب میں تحریر کیا گیا ہے۔ نعرہ حیدری کے مصنف کے خیال میں نعرہ تحقیق کے جواب میں "حق چار یار" کہنا رست نہیں۔ اسلئے کہ چار کی تخصیص سے باقی صحابہ کی نفی کا شبہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ حق پر نہیں۔ اور فرمایا کہ نعرہ تحقیق ۱۹۵۳ء میں ایجاد ہوا۔ پہلے نہ تھا۔ جبکہ نعرۂ حیدری دور سالت سے چلا آتا ہے۔ نیز یہ بھی لکھا کہ پانچ کے علاوہ کہ جن پر چادر ڈالی یا چادر کے نیچے کیا گیا اور فرمایا گیا "اللھم ھولاء اھل بیتی"۔ بس صرف یہی اہل بیت ہیں اور یہی سید ہیں۔ ان کے علاوہ اور کوئی اہل بیت نہیں یعنی ازواج مطہرات جملہ اولاد پاک اور دیگر ذوی القربی سب کو اہل بیت سے خارج کر ڈالا۔ اور حصر کے ساتھ لکھا "آل عبا صرف پانچ ہیں (صفحہ ۱۴)۔

Marfat.com

گویا حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کی اولاد پاک اور آپ کی دو بہنوں حضر
زینب اور حضرت کلثوم کو بھی اہل بیت سے خارج کر ڈالا۔ اس میں شک نہیں کہ چادر کے
نیچے پانچ ہی تھے مگر حضرت امام حسن اور امام حسین علی جدھما و علیہما السلام کی اولاد پاک
اہل بیت سے نکال دینا یہ ایک نرالی اور انوکھی تحقیق کے ساتھ ساتھ بہت بڑی جسارت بھ
ہے۔ رسالہ ''نعرۂ حیدری'' محض ۳۶ صفحات کا ہے مگر جواب بعنوان '' حق چار یار'' قر
تین سو صفحات پر مشتمل ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ مرتب نے اس پر کافی محنت ک
ہے۔ تفصیل تو مضمون کے اندر ملاحظہ فرمائیں۔

البتہ اتنا ضرور کہوں گا کہ قبلہ شاہ صاحب نے جو لکھا کہ '' ہم نے نعرۂ تحقیق کی مخالفت
نہیں کی، اس کے جواب کی مخالفت کی ہے۔ جو نعرۂ تحقیق کے جواب میں کہتے ہیں حق چا
یار، یہ چار حق ہیں تو باقی صحابہ کرام؟ شاہ صاحب کا مطلب یہ ہے کہ یہاں بطور مفہو
مخالف دیگر صحابہ کرام کا حق پر نہ ہونا لازم آتا۔ در حقیقت یہ قیاس درست نہیں۔ اس
طرح تو لاتعداد مسائل الجھ کر رہ جائیں مثلاً ایک بار ایک مولوی صاحب نے فرمایا کہ اللہ
اکبر کا معنی '' اللہ سب سے بڑا ہے'' کیا جاتا ہے، یہ درست نہیں۔ کیونکہ اس سے یہ شب
پیدا ہوتا ہے کہ اللہ کے علاوہ بھی کوئی خدا ہیں اور ان میں اللہ سب سے بڑا ہے۔ یعنی ''سب
سے'' نے اور خداؤں کا شبہ پیدا کر دیا۔

ع کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا

کھینچا تانی سے کیا کچھ پیدا نہیں کیا جا سکتا۔ عدد کے تعین سے اگر چار سے کوئی خرابی لازم آتی
ہے تو پھر پانچ سے بھی آئے گی۔ یعنی پنج یار بر حق ہیں تو باقی صحابہ کرام؟ شاہ صاحب نے
استدلال یہ کیا کہ نعرہ '' اگر خلیفہ سمجھ کے ماریں تو حق پنج یار کہنا چاہئے'' (صفحہ ۷) جیسے
پانچ میں نیت کے اندر خلیفہ سمجھ کر پنج یار کا نعرہ درست ہے تو اسی طرح چار کا بھی درست ہو
سکتا ہے۔ مگر یہ وضاحت کہ یہ نعرہ خلیفہ سمجھ کر خلافت راشدہ کے مفہوم کے ساتھ مارا جارہا

Marfat.com

ہے، نہ چار میں ممکن ہے نہ پانچ میں۔ نعرے میں یہ وضاحت محال ہے۔ لہذا اس طرح اعتراض تو پھر بھی قائم رہا کہ پنج یار برحق اور باقی؟ آخر یہ تخصیص کیسے کی جا سکتی ہے کہ نعرہ خلیفہ سمجھ کر مارا جا رہا ہے یا مطلق صحابہ ہونے کے اعتبار سے لگایا جا رہا ہے۔

درحقیقت یہ نعرہ شیعوں کے مقابلہ اور جواب میں ہے جو حضرت علی المرتضی کرم اللہ وجہہ کو منصوص ومامور من اللہ امام اور خلیفہ بلافصل کہتے ہیں ان کے عقیدے میں خلفاء ثلاثہ (حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم) کی خلافت جبر واستبداد کا نتیجہ اور باطل وناحق ہے۔ وہ تین کی نفی کرتے ہیں اور ایک کو مانتے ہیں اور وہ بھی اول۔ حالانکہ خلیفہ بلافصل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ مگر وہ نہیں مانتے۔ اہل سنت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو بھی خلیفہ راشد اور خلیفہ برحق مانتے ہیں مگر شیعہ اور سنی میں ان کے بارے میں جھگڑا اس لئے نہیں کہ شیعہ بھی ان کو خلیفہ بلافصل نہیں کہتے۔ فقط برحق خلیفہ کہتے ہیں اور نمبر بعد میں ہی دیتے ہیں۔ لیکن مولائے کائنات حیدر کرار حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ذات پر سنی وشیعہ دونوں میں اختلاف واقع ہو گیا ہے۔

اہل سنت پہلے تین کو برحق مان کر چوتھے کو برحق خلیفہ کہتے ہیں جبکہ شیعہ حضرات پہلے تین کی نفی کرتے ہیں اور ان کی خلافت راشدہ کو معاذ اللہ باطل اور ناحق کہہ کر حضرت علی المرتضی کرم اللہ وجہہ کو خلیفہ بلافصل کہتے ہیں۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مولا علی کے علاوہ دوسرا کوئی خلیفہ ہے ہی نہیں۔ اور سنی مصر ہیں کہ نہیں نہیں۔ حضرت ابو بکر صدیق ،حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہم) بھی خلفائے راشدین اور خلفائے برحق ہیں۔یوں دونوں میں اختلاف ہو گیا۔ اس تفصیل کا نتیجہ یہ ہوا کہ جھگڑا درحقیقت چار کے اندر ہے پانچ کے اندر نہیں۔ اسی وجہ سے قرون ثلاثہ سے "اربعہ" چار یار کے الفاظ ملتے ہیں جن کو آنے والی امت مسلمہ کے مقتدر افراد یعنی علماء واولیاء اور صوفیاء وشعراء نے اپنایا ۔ یہ چار کا عدد اتنا مشہور ومعروف ہوا کہ نعرے کی شکل اختیار کر گیا۔ چار یار کی اصطلاح نئی نہیں بہت پرانی ہے۔ ۱۹۵۳ء سے بہت پہلے کی ہے۔

Marfat.com

جیسا کہ مولانا فدا حسین رضوی کے دلائل سے ظاہر و باہر ہے۔ مضمون کے اندر ملاحظہ فرما لیں۔ اور یہ بات بھی شاہ صاحب کی درست نہیں کہ نعرہ تحقیق کے جواب میں "حق چار یار" کہنا بغض اہلبیت ہے یا بغض صحابہ ہے۔ چونکہ چار یار میں باب مدینۃ العلم مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ذات پاک بھی شامل ہے اس لئے بغض اہل بیت نہ ہوا۔ ان سے محبت سب اہل بیت اطہار سے محبت کی دلیل ہے۔ اور خلفائے ثلاثہ کی شمولیت سے دیگر صحابہ کرام سے عقیدت و محبت کا اظہار بھی ہو گیا۔ دونوں کا مرتبہ ثابت ہو گیا، بندۂ ناچیز نے کبھی کہا تھا۔

قرآن بتاتا ہے کہ ہیں دونوں مکرم
وہ آل محمد ہوں کہ اصحاب محمد

لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار: تو سبحان اللہ اس میں مولا علی کی شجاعت و جوانمردی کی عظمت و شان کے سمندر ٹھاٹھیں مارتے نظر آتے ہیں اور بلاشبہ آپ ایسے ہی تھے۔ فرشتوں نے بلند آوازوں میں پکارا بھی ہو گا اور ہمیں اس سے انکار نہیں۔ مگر پھر بھی اتنا کہتے ہیں کہ یہ روایتی نعرہ تو پھر بھی نہ لگا ہو گا کہ فرشتے یا کسی صحابی نے زور سے کہا ہو نعرہ حیدری۔ اور جواب میں سب صحابہ نے کہا ہو۔ یا علی۔ غزوات میں نبی اکرم ﷺ نے دیگر صحابہ کرام کی بھی مختلف انداز سے حوصلہ افزائی فرمائی اور ان کی تعریف فرمائی۔ جیسا کہ غزوۂ احد میں حضرت سعد بن ابی وقاص کے لئے رسول ﷺ نے اپنے ترکش کے سارے تیر ان کے لئے بکھیر دیئے۔ اور فرمایا "چلاؤ، تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں" ان کی بہادری وصلاحیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے سوا کسی اور کے لئے ماں باپ کے فدا ہونے کی بات نہیں کی" (دیکھئے صحیح بخاری جلد اول دوم)۔ اسی طرح غزوہ احد میں رسول ﷺ نے لشکر میں شجاعت کی روح یوں پھونکی کہ ایک نہایت تیز تلوار بے نیام کی اور فرمایا کون ہے جو اس تلوار کو لے کر اس کا حق ادا کرے

Marfat.com

?اس پر کئی صحابہ تلوار لینے کے لئے لپک پڑے جن میں علی ابن طالب، زبیر بن عوام اور عمر بن خطاب بھی تھے (رضی اللہ عنہم) لیکن ابو دجانہ نے آگے بڑھ کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ! میں اس تلوار کو لے کر اس کا حق ادا کرنا چاہتا ہوں آپ نے تلوار انہیں دے دی۔ اسی غزوہ احد میں جب حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے دشمن کے نہایت بہادر شہسوار اور مشرکین کے علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ عبدری کو گرفت میں لے کر ذبح کر دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ولولہ انگیز منظر دیکھ کر فرط مسرت سے نعرہ تکبیر بلند فرمایا۔ مسلمانوں نے بھی نعرہ تکبیر بلند فرمایا۔ پھر آپ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی تعریف کی اور فرمایا" ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور میرے حواری زبیر ہیں" (سیرت حلبیہ) لافتی الا علی اسی زمرے میں ہے۔

" حق چار یار " کی اصطلاح تو صدیوں پہلے کی ہے ۱۹۵۳ کی بات درست نہیں۔ بالفرض یہ ۲۰۱۰ء ہی سے کیوں نہ ایجاد ہوئی ہو پھر بھی اہل سنت کے عقیدے کے مطابق خلیفہ بلا فصل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہی ہیں اور پھر حضرت عمر فاروق اور پھر حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہما) یہ سب برحق خلیفہ ہیں۔ جب شیعوں کے جواب میں ان تینوں حضرات کی خلافت حقہ کو ثابت کرنے اور برحق کہنے کے لئے نعرہ تحقیق بلند کرتے ہیں تو اس میں کون سی قباحت ہے کہ "حق چار یار" کہیں۔ یعنی اے شیعو! تمارا عقیدہ غلط اور باطل ہے کہ صرف حضرت علی کرم اللہ وجہہ برحق و بلا فصل خلیفہ ہیں اور باقی معاذ اللہ جھوٹے۔ بلکہ ہم کہتے ہیں "حق چار یار" یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ چاروں ساتھی برحق خلیفہ ہیں۔ ورنہ قرآن وحدیث کی تکذیب لازم آئے گی۔ تو کیا شیعوں کے جواب میں اپنے اس کھرے اور سچے عقیدے کا اظہار بری بات ہے؟ "حق چار یار" کہنے میں کوئی عیب نہیں۔ باقی صحابہ؟ یہ محض وہم ہے جس کو جھٹک دینا ہی اچھا ہے۔

"پنج تن پاک" کی تخصیص میں بھی تو یہی بات ہے کہ پاک تو سارے اہل بیت پاک ہیں (اگرچہ شاہ صاحب۔ پانچ کے علاوہ کسی کے اہل بیت ہونے کے قائل ہی نہیں) مگر کیونکہ آل عبا پانچ ہیں، یعنی چادر کے نیچے پانچ آئے یا مباہلہ میں پانچ تھے اسلئے کہا جاتا ہے "پنج تن

Marfat.com

پاک" ورنہ مسلمانوں کے عقیدے میں اہل بیت سب پاک ہیں۔ بالخصوص حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے حضرت امام مہدی تک بارہ کے بارہ پاک ہیں۔

شیعہ مولوی سید سجاد حسین بارہوی نے اپنی کتاب "آفتاب خلافت" کے صفحہ ۵۷ پر ایک عنوان دیا ہے "حضرت امیر کی خلافت منصوص ہے" اور صفحہ ۵۹ پر عنوان دیا "ثلاثہ کی خلافت منصوص نہیں" یہ کتاب رحمت اللہ بک ایجنسی ایم اے جناح روڈ کراچی سے ۱۹۷۷ء میں چھپی۔

یہ عقیدہ ہر شیعہ کا ہے چاہے وہ کہیں کا بھی ہو۔ چونکہ شیعہ کے نزدیک حضرت علی المرتضیٰ نص صریح سے وصی و خلیفہ ہیں اور امام و خلیفہ منصوص من اللہ ہی ہوتا ہے لہذا ابو بکر و عمر و عثمان خلیفہ نہیں ہو سکتے کیونکہ وہ منصوص من اللہ خلیفہ نہیں۔ اس طرح شیعہ تینوں کی خلافت کا انکار کر کے صرف ایک کی خلافت باقی رکھتے ہیں۔ یہاں سنی کو ضرورت پڑتی ہے کہ وہ بلند آواز سے کہے "حق چار یار" حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے بارے تو کوئی جھگڑا ہے ہی نہیں۔ البتہ ویسے اگر یہ تحریراً تقریراً بات کر دی جائے کہ آپ بھی خلیفہ برحق ہیں تو کچھ حرج نہیں بلکہ بہت اچھا ہے۔ مگر شیعوں کے مقابل نعرہ "حق چار یار" ہی سجتا ہے اس لئے (شاہ صاحب، ذرا توجہ فرمانا) کہ شیعہ حضرات ابو بکر و عمر و عثمان (رضی اللہ عنہم) کے خلافت ہی کے نہیں بلکہ ان کے مومن ہونے کے بھی قائل نہیں۔ حالانکہ یہ خلفائے راشدین خصوصاً اور دیگر سب صحابہ ایمان کی میزان اور کسوٹی ہیں، ہدایت کا معیار ہیں جو اس پر پورا اترے وہ مومن اور جنتی ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہوا:

"فان امنوا بمثل ما امنتم به فقد هتدوا"

(سورۃ بقرۃ آیت ۱۳۷)

ترجمہ! پھر اگر وہ (کفار و منافقین) یونہی ایمان لائے جیسا کہ تم (صحابہ کرام) لائے جب تو وہ ہدایت پا گئے" تو جو صحابہ کرام کو مسلمان ہی نہ سمجھتے ہوں وہ ان جیسا ایمان کب لائیں

Marfat.com

گے۔ ان کے طریقہ پر کیسے چلیں گے اور جب صحابہ کے طریقے پر نہ رہے تو نبی کریم ﷺ کے طریقہ پر بھی نہ رہے کہ ان کا طریقہ صحابہ ہی سے معلوم ہوا۔ تو جھگڑا خلفائے راشدین پر ہے۔ حضرت امام حسن پر نہیں (رضی اللہ عنہم) لہذا حق چار یار کا نعرہ درست ہوا۔ شیعوں کے گھر گھر پڑھی جانے والی کتاب "تحفہ العوام" میں بھی لکھا ہے کہ بارہ اماموں کے علاوہ جن لوگوں (مراد ابو بکر و عمر و عثمان) نے خلافت کا دعوی کیا وہ معصوم نہ تھے۔ اور یہ خلافت چونکہ معصوم ہی کو ملتی ہے اسلئے ان کی خلافت باطل ٹھہری۔ شاہ صاحب قبلہ! آپ تو دن رات قرآن و حدیث پڑھاتے ہیں۔ ان خلفائے ثلاثہ کی خلافت اور ان کے ایمان کا انکار کیا قرآن و حدیث کا انکار نہیں؟ منوایئے ان کی خلافت اور ان کا ایمان۔ اور لگایئے نعرہ "حق چار یار" کہ پانچویں پر تو جھگڑا ہی نہیں۔

شیر اسلام ابو الفضل مولانا محمد کرم الدین صاحب دبیر پکے اہل سنت و جماعت (بریلوی) تھے۔ جو ایک دو مناظروں میں سنی بریلویوں کی طرف سے صدر مناظرہ بھی مقرر ہوئے اور حسام الحرمین" کی تائید میں جن کا علمائے دیوبند پر فتوی آج بھی "الصوارم الهندیه" میں موجود ہے لیکن بیٹا (قاضی مظہر حسین چکوال) بد قسمتی سے دیوبندی ہو گیا۔ مولانا کرم الدین صاحب نے ۱۹۲۵ء میں شیعوں کے رد میں ایک کتاب "آفتاب ہدایت" لکھی جو رد شیعہ میں لاجواب کتاب ہے۔

اس میں مولانا کرم الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے "چار یار" کے عنوان سے باقاعدہ منقبت لکھی ہے۔ چند اشعار نقل کئے جاتے ہیں:

چار کے اعداد سے بس حق تعالی کو ہے پیار
ہیں حبیب کبریا کے برگزیدہ یار چار
جسم کی ترکیب ہے اربعہ عناصر سے ہوئی
ہوتے ہیں ہر ایک مکان کے دیکھ لو دیوار چار

Marfat.com

عرش سے نازل ہوئیں چاروں کتابیں دوستو
ہیں اولو العزم انبیاء ایزد غفار چار
ہیں فرشتے بھی مقرب چار جو مشہور ہیں
ہیں مذاہب بھی یہی مقبول بے انکار چار
فاطمہ حسنین اور حضرت علی المرتضی
تھے یہ خویشاں نبی احمد مختار چار
ہیں چراغ و مسجد و محراب و منبر اے دبیر
یہ ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر یار چار

(آفتاب ہدایت صفحہ ۱۳۲، ۱۳۳ مطبوعہ کریمی سٹیم پریس لاہور ۱۹۲۵)

مولانا کرم الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ شیعہ کا یہ اعتراض ہے کہ اگر اہل البیت سے مراد نساء النبی (ازواج رسول صلی اللہ علیہ وسلم) ہوتیں تو بجائے عنکم اور ویطھرکم ضمائر مذکر کے، عنکن اور یطھرکن ضمائر مؤنث استعمال ہوتیں سو اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ اہل البیت کے لفظ کا مصداق مؤنث (ازواج) ہیں لیکن چونکہ لفظ اہل بیت مذکر ہے مذکر کے لحاظ سے ضمائر مذکر استعمال ہوئیں جیسا کہ دوسری آیت مذکور (اتعجبين من امر الله رحمة الله وبركاته عليكم اهل البيت انه حميد مجيد) میں بھی باوجود اس کے کہ خطاب حضرت سارہ (مونث) سے تھا لیکن بلحاظ تذکیر لفظ اهل البيت عليكم ضمیر مذکر کا استعمال کیا گیا۔ ایسا ہی یہاں (انما يريد الله ---الخ) میں بھی ہے دوسرا جواب یہ ہے کہ اہل بیت میں خود ذات اقدس سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بھی داخل ہے اس لئے برعایت ادب و تعظیم حضور والا تغلیبا ضمیر مذکر کی مستعمل ہوئی۔ تیسرا جواب ایسا ہی موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں مذکور ہے "قال لاهله امكثوا" (موسیٰ علیہ السلام نے اپنی بی بی سے کہا ٹھہر جاؤ) سو یہاں بجائے امکثی کے امکثو ضمیر مذکر کا استعمال ہوا (آفتاب ہدایت صفحہ ۲۰۳) اللهم هولاء اهل بيتى کے متعلق لکھتے ہیں:

Marfat.com

سو اگر غور و تدبر سے کام لیا جائے تو اس حدیث سے مزید ثبوت اس امر کا ملتا ہے کہ آیت کا مصداق ازواج ہی تھیں اور چونکہ حضور علیہ السلام کو ان چار بزرگوں (علی و فاطمہ و حسنین رضی اللہ عنہم) سے بھی محبت تھی اس لئے چاہا کہ یہ بھی اس انعام الٰہی سے بہرہ یاب ہو جائیں۔ اس لئے ان کو یکجا کر کے دعا فرمائی۔ کہ یا اللہ! یہ لوگ بھی حقیقتہ نہیں تو معنے و حکما میرے اہل بیت میں داخل ہیں ان کو بھی رجس سے پاک کیجیو۔ ورنہ اگر یہ چار ہی آیت کے مصداق ہوتے تو الٰہی حکم آجانے کے بعد پھر ان کے لئے دعا کرنے کی ضرورت ہی کیا تھی، جو تحصیل حاصل تھا،، (آفتاب ہدایت صفحہ ۲۰۴) مزید لکھتے ہیں: ”اسی کی تائید اس حدیث بخاری سے ہوتی ہے کہ ام سلمہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی۔ الست من اهلكم (کیا میں اہل بیت میں داخل نہیں) آپ نے فرمایا۔ انک علی خیر (تیرا مرتبہ تو پہلے ہی سے بہتر ہے) یعنی تو حقیقی طور پر اہل بیت ہے جن سے اللہ تعالیٰ نے خطاب فرمایا (آفتاب ہدایت صفحہ ۲۰۴) اگے صفحہ ۲۰۵ پر یہ بھی وضاحت فرمادی کہ شیعہ اگر آیت تطہیر سے جناب امیر کی عصمت اور امامت ثابت کرتے ہیں تو بعینہ یہی الفاظ اصحاب بدر کے لئے بھی سورۃ انفال میں بھی آئے ہیں وینزل علیکم من السماء ماء لیطهرکم به ویذهب عنکم رجز الشیطن (اور گرا رہا ہے تم پر آسمان سے پانی کہ باطہارت کر دے تم کو اس سے اور دور کر دے تم سے شیطان کی ناپاکی) اسی طرح ولکن یرید لیطهرکم بھی آیا ہے۔ سو یہ آیات اصحاب بدر، جن میں خلفائے ثلاثہ بھی داخل ہیں کی عصمت کی بھی دلیل ہونی چاہئیں کیونکہ الفاظ دونوں جگہ ایک ہیں۔ اگر اصحاب بدر کی عصمت باوجود ان آیات کے نہیں مانی جاتی تو اصحاب کساء کی کیوں مانی جائے؟

Marfat.com

بہر نوع! زیر نظر مسودہ "حق چار یار" مولانا فدا حسین رضوی کی عظیم علمی و تحقیقی کاوش ہے۔ طرز نگارش خوب ہے۔ دلائل مضبوط ہوں تو مخاطب سے (جب کہ بظاہر وہ اپنا بھی ہو) نرمی اختیار کرنا ہی بہتر ہوتا ہے، مولانا فدا صاحب نے جن براہین عقلیہ و نقلیہ کے ذریعہ مختلف اعتراضات کے جوابات دیئے ہیں، ان کو رد کرنا نہایت مشکل امر ہے۔ اللہ تعالی ان کی کاوش قبول فرمائے۔آمین بجاہ سید المرسلین

حقیر فقیر بندہ لاشی
سید بادشاہ تبسم بخاری عفی عنہ
ناظم اعلی جامعہ غوثیہ مہریہ رضویہ فتح جنگ

Marfat.com

# تقریظ

مجاہد اہل سنت، قاطع رافضیت، پاسبان مسلک رضا
سید السادت پیر طریقت رہبر شریعت استاذ العلماء
سید عنائت الحق شاہ صاحب
ناظم اعلی جامعہ محمدیہ غوثیہ ضیاء العلوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فاضل جلیل حافظ فدا حسین رضوی صاحب کی تالیف المسمی نعرہ تحقیق حق چار یار کو کچھ مقامات سے مطالعہ کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ عنایت سے آپ نے بڑے مدلل انداز میں اہلسنت کے متفقہ موقف کو اجاگر کیا جو احباب سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر مولائے کائنات سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو فضیت دیتے ہیں۔ انکے اس موقف پر اس وقت حیرت ہوتی ہے جب سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے ارشادات جو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فضلیت پر ہیں نگاہوں سے گزرتے ہیں

مقام افسوس ہے کہ اس پر فتن دور میں جبکہ عالم اسلام پر چاروں طرف سے طاغوتی طاقتیں حملہ آور ہیں۔ آئے روز اسلام کی قوت و آواز کو مٹانے کیلئے خود ساختہ کروسیڈ کے آغاز کیساتھ ساتھ جان کائنات محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں توہین آمیز بکواسات اور خاکے شائع کر کے مسلمانوں کی مذہبی غیرت کو للکارا جارہا ہے۔ سوچنے کی بات ہے کہ آج ایسا

Marfat.com

کیوں ہے اگر ہم ماضی میں میں جھانکیں تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جائے گی
بر صغیر میں انگریز نے اپنے گماشتے پروان چڑھائے۔ مسلمانی کا لبادہ اوڑھ کر تبلیغ اسلام کا
لیکر اور خالصتاً توحید کا پر چار کر کے انھوں نے اپنی تحریر و تقریر کے ذریعے سے نبی پاک
ﷺ کی شان میں گستاخیاں کیں اور لوگوں کے دلوں سے عظمت مصطفی ﷺ کو نکا
کی ناپاک جسارت کرتے رہے۔ اگر وہ ایسا نہ کرتے تو آج کسی کو نبی پاک ﷺ کی شان
گستاخی کی جرات نہ ہوتی۔

ایسے ہی آج سیدنا صدیق اکبر و سیدنا عمر فاروق و سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی عظمت کو محبت
رضی اللہ عنہ کے نام پر کم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ایسے میں علماء و مشائخ حق اور عو
اہلسنت کو چاہیے کہ وہ کمربستہ ہو جائیں۔ اور اس فتنہ کو سر اٹھانے سے پہلے قلعہ قمع کر دیں

فاضل جلیل حافظ فدا حسین رضوی صاحب کی کاوش انتہائی بروقت اور مسلک اہلسنت
حقیقی ترجمانی ہے۔ یقیناً اسکو پڑھ کر لوگوں کے دلوں میں شان صحابہ و اہلبیت میں اضافہ
گا۔ میری دعا ھیکہ اللہ عزوجل انکی اس سعی جمیلہ کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ اور عو
الناس کیلئے اس کتاب کو فائدہ مند بنائے۔ اور منکرین و مخالفین کو، حق کو حق اور باطل
باطل سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اہل بیت و صحابہ کا ادنیٰ سپا
سید عنائت الحق شاہ صاحب

Marfat.com

# تقریظ عظیم

ترجمان فکر رضا مناظر اسلام محقق اہلسنت

## ابو حذیفہ محمد کاشف اقبال مدنی

جامعہ غوثیہ رضویہ مظہر الاسلام سمندری شریف فیصل آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمده ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم۔ اما بعد

دور پر فتن ہے نت نئے فتنے جنم لے رہے ہیں۔ مذہب حق اہل سنت پر چاروں طرف سے اغیار کے حملوں کا طوفان بد تمیزی برپا ہے اور اب تو نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ اسلام دشمن عناصر اہل سنت کے لبادہ میں عامۃ الناس کے ایمان پر ڈاکہ ڈالنے کے درپے ہیں بد قسمتی سے فتنہ عظیمہ۔ رافضیت کے گمراہ کن رذیل نظریات کے اثرات عامۃ الناس میں سنی نما رافضی پیروں اور مولویوں کے روپ میں پھیلائے جارہے ہیں۔ خدا بھلا کرے عزیز محترم حضرت مولانا فدا حسین صاحب زید مجدہ کا کہ جنہوں نے کتاب مستطاب نعرہ حق چار یار لکھ کر بد عقیدگی کے اس طوفان بد تمیزی کے آگے بند باندھنے کی سعی محمود کی ہے۔ اللہ تعالی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ سے اس سعی محمود کو قبول فرمائے اور مزید خدمت دین متین کی توفیق عطا فرمائے امین بجاہ سید المرسلین۔

ابو حذیفہ محمد کاشف اقبال مدنی
خادم دارالافتاء جامعہ غوثیہ رضویہ منظر الاسلام
سمندری ضلع فیصل آباد

Marfat.com

# تقریظ

پیر طریقت رہبر شریعت فخر السادات علامہ پیر سید کرامت علی حسین شاہ زید علمہ۔
سجادہ نشین علی پور سیداں شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخبر صادق ﷺ کے فرمان عالیشان (کہ قرب قیامت فتنوں کی بارش ہو گی) کے مطابق اس وقت امت میں افتراق وانتشار روز بروز بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ طرفہ یہ کہ مجمع علیہ مسائل پر چھوٹے چھوٹے لوگ (جنہیں معتقدات اہلسنت کی ابجد سے بھی واقفیت نہیں) زبان طعن دراز کرتے ہیں۔ صواعق میں ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب فتنے ظاہر ہو جائیں اور میرے اصحاب کو تنقید کا نشانہ بنایا جانے لگے تو عالم کو چاہے کہ وہ اپنے علم کو ظاہر کرے جس نے ایسا نہ کیا اس پر اللہ تعالی اور فرشتوں اور عام لوگوں کی لعنت ہو۔ اللہ تعالی اس (عالم) کا کوئی فرض و نفل قبول نہیں فرمائے گا زیر نظر کتاب "نعرۂ تحقیق حق چار یار" میں فاضل محتشم حضرت علامہ فدا حسین رضوی زادہ اللہ شرفا نے بموجب فرمان ذیشان اپنی اس ذمہ داری سے پوری طرح عہدہ برآ ہونے کی سعی فرمائی ہے۔ مولا تعالی چار یار مصطفے ﷺ کے توسط سے ہم سب کو مذہب حق عقیدہ اہلسنت وجماعت پر استقامت اور حضرت کی اس کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ بقول فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کہ چلے

یکے از غلامان شاہ لاثانی رحمۃ اللہ علیہ
راقم سید کرامت علی حسین شاہ لاثانی اسلامک یونیورسٹی
علی پور سیداں شریف نارووال

Marfat.com

# تقریظ جلیل

## استاذ الفقہاء شیخ الحدیث علامہ مفتی محمد احسان اللہ مجددی کیلانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد!

روافض خذلہم اللہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ خلیفہ بلا فصل حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں اور ان سے پہلے تین خلفاء یعنی حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی خلافت (معاذ اللہ) ناحق اور غاصبانہ تھی جبکہ اہل سنت وجماعت شکر اللہ سعیہم کا عقیدہ یہ ہے کہ یہ چاروں خلفاء ائمہ برحق ہیں اور ان کی خلافت کی وہی ترتیب بھی برحق ہے جس ترتیب سے یہ خلیفہ منتخب ہوئے اسی پر تمام اہل سنت وجماعت کا اتفاق ہے جیسا کہ کتب عقائد میں یہ بات مصرح ہے چنانچہ عارف باللہ عالم علم لدنی علامہ عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ مرام الکلام فی عقائد الاسلام میں فرماتے ہیں:

> اهل السنة على ان الامام الحق بعد رسول الله ابوبكر ثم عمر ثم عثمان ثم على رضی اللہ عنہم وقال الشيعة على واولاده۔[1]

یعنی اہل سنت وجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام برحق حضرت

---

(1) مرام الکلام فی عقائد الاسلام ص ۴۴

Marfat.com

ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں پھر ان کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ پھر ان کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پھر ان کے بعد علی رضی اللہ عنہ ہیں اور شیعہ کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام بر حق ص
علی رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد ہے۔

اہل سنت وجماعت نعرہ تحقیق حق چار یار لگا کر اپنے اسی عقیدے کا اظہار کرتے ہیں روافض کے اس زعم باطل کا رد کرتے ہیں اس نعرے سے ان چار کے علاوہ نہ تو کسی او حقانیت کی نفی مقصود ہوتی ہے اور نہ ہی اس سے یہ نفی لازم آتی ہے جیسا کہ بعض روا خیالوں کا گمان فاسد ہے اس سلسلہ میں فاضل نوجوان مولانا فدا حسین صاحب رضوی ن اللہ تعالی نے بکثرت حوالہ جات سے مزین "نعرہ تحقیق حق چار یار" لکھ کر اہل س وجماعت کے اس موقف کو واضح فرمایا ہے اور مخالفین کے اوہام باطلہ کا رد بلیغ فرمایا ہے م کریم ان کی سعی جلیلہ قبول ومنظور فرمائے۔ آمین۔

محمد احسان اللہ نقشبندی مجددی غف
بحکم استاذ العلماء القاری خالد محمود صاحب نقشبندی مجددی کیلانی مد ظ
خادم التدریس والافتاء جامعہ مدینۃ العلم گوجرانو
مہتمم مدینۃ العلم گوجرانو

Marfat.com

# تقریظ

## شیخ الحدیث استاذ العلماء مفتی پیر محمد اسلم بندیالوی، نقشبندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسول الکریم الامین وعلی آلہ الطیبین الطاھرین
واصحابہ الذین ھم نجوم الھدی والدین۔ امابعد:

یر نظر کتاب مستطاب (نعرہ تحقیق حق چار یار چند مقامات سے دیکھنے کا شرف حاصل وا۔ تدریسی مصروفیات کی وجہ سے بالاستیعاب نہ دیکھ سکا۔ ماشاء اللہ فاضل نوجوان علامہ ولانا فدا حسین رضوی صاحب زیدہ مجدہ ودامت فیوضہ نے بڑی جدوجہد اور تحقیقی انداز یں خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم کی رفعت درجات اور علو مقامات بالترتیب افضلیت اور خلافت حقہ کو اضح فرمایا جو یقیناً تحسین کے قابل ہے۔ دراصل دور حاضر بڑا پرفتن دور ہے صحابہ کرام صوصا خلفاء راشدین اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم کو طعن و تشنیع کا نشانہ بنایا جارہا ہے فسوس ناک اور خطرناک امر یہ ہے کچھ لوگ اہل سنت کی صفوں میں رہ کر بلکہ قیادت سنبھال کر ان دین اسلام کے ستونوں کو ناپاک سازشوں کا نشانہ بنارہے ہیں۔ علماء اہل سنت و جماعت کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے سدباب اور اس سازش کا قلع قمع کرنے یں بھرپور کردار کرنا چاہیے۔ نعرہ تحقیق سے اہل سنت کی خاص غرض ہوتی ہے وہ ہے ابطال باطل احقاق حق اور اعلاء کلمۃ الحق وہ اس طرح کہ اہل سنت کا عقیدہ ہے خلفاء اربعہ (حضرت ابوبکر صدیق اکبر، عمر فاروق، عثمان ذوالنورین، علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم کی خلافت جس طرح واقع ہوئی ہے یہ بالکل اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی اور شریعت کے مطابق ہے۔ دوسری طرف ایک طبقہ ہے اہل تشیع (روافض) جن کا عقیدہ ہے کہ خلافت کا

Marfat.com

وقوع اللہ تعالی اور رسول اللہ ﷺ اور شریعت کے خلاف ہوا ہے جو کہ باطل ہے۔ اہل سنت جو کلمہ (نعرہ تحقیق) بلند کرتے ہیں دراصل ایک سوال کو متضمن ہے وہ سوال ہے کیا خلافت کا وقوع امر حق ہے؟ یعنی ان چار اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم جو خلافت کی ذمہ داریاں لیں اور اس پر متمکن ہوئے وہ اس فعل حق پر تھے؟ تو جواب دیا جاتا ہے حق چار یار چاروں رسول اللہ ﷺ کے پیارے یار ہیں اور ان کا خلیفہ بننا اور دوسرے صحابہ کا بنانا حق ہے اب مقابلے میں دوسرے لوگوں کے باطل عقیدے کا رد ہو جاتا ہے۔ اس نعرہ میں تمام صحابہ کی عظمت اور خصوصا خلفاء راشدین کی عظمت کا بھرپور اعلان واظہار ہوتا ہے اور ان چار بزرگ صحابہ سے محبت میں خصوصی اضافہ ہوتا ہے۔ ہر مسلمان کے دل میں ان کی محبت نہایت ہی ضروری ہے بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہر صحابی سے محبت ضروری ہے۔ کیونکہ مسلمانوں تک دین اسلام انہیں کے ذریعہ سے پہنچا، اور وہ بالکل بے عیب اور ان کے عقیدہ وعمل کی حقیقت لاریب ہے۔ کیوں نہ ہو نبی اکرم ﷺ کے براہ راست شاگرد اور فیض یافتہ اور وحی الہی کا مشاہدہ کرنے والے قرآن پاک کے ناقل اور سنت رسول اللہ ﷺ کے پہلے راوی۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا

اصحابی کالنجوم فبایھم اقتدیتم واھتدیتم۔

میرے تمام صحابہ ستاروں کی مانند ہے جس کی اقتدا کرو گے ہدایت یافتہ ہو جاؤ گے۔ دوسری حدیث میں یوں فرمایا:

فی اصحابی کلھم خیر

میرے تمام صحابہ میں خیر ہی خیر ہے۔ اور پوری امت کا اتفاق ہے

اصحاب النبی کلھم عدول (اسد الغابہ)

حضور علیہ السلام کے تمام صحابہ عادل متقی ہیں۔ اسی لیئے صحابہ پر جرح نہیں۔ اللہ تعالی فرماتا ہے

کلاوعد اللہ الحسنی (الحشر)

رسول اللہ ﷺ کے تمام صحابہ جنتی ہیں۔ اور یہ چار صحابہ (خلفاء اربعہ) رضی اللہ عنہم تمام صحابہ سے افضل واکمل ہیں۔ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ممتاز ہیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ان اللہ اختار اصحابی علی جمیع العالمین سوی الانبیاء والمرسلین واختار لی منهم اربعة ابابکر وعمر وعثمان وعلیا۔[1]

اس حدیث کو امام البراز امام دیلمی نے روایت فرمایا اور علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا شریف میں نقل فرمایا۔ کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا انبیاء و مرسلین کے بعد تمام خلق سے میرے صحابہ افضل ہیں اسی لئے ان کو اللہ تعالی نے میری صحبت کے لئے منتخب فرمایا اور ان میں سے پھر چار کو تمام صحابہ پر فضیلت دی (افضل بنایا) ان چار (ابو بکر صدیق اکبر، عمر فاروق، عثمان غنی علی المرتضیٰ) رضی اللہ عنہم کو میرے لئے خاص طور پر منتخب فرمایا۔ اس حدیث سے ان چار یاروں کی شان ممتاز ہو گئی اور یہی مدعا ہے نعرہ تحقیق کا یعنی لوگوں پر واضح کیا جائے ان چاروں کی شان اور مقام دوسروں سے بلند ہے۔ اسی طرح اللہ تعالی فرماتا ہے:

تنزل الملائکة والروح (سورة القدر)

کہ لیلۃ القدر کو ملائکہ زمین پر اترتے ہیں آگے فرمایا الروح تو اس سے مراد جبرائیل امین علیہ السلام ہیں حالانکہ ملائکہ میں جبریل امین کا ذکر آ ہی گیا تھا مگر بتانا مقصود تھا یہ سب سے افضل ہیں۔ ثابت ہوا ان چاروں کا خاص کر ذکر کرنا اللہ تعالی اور رسول اللہ ﷺ کی سنت ہے۔ اور ان کی افضلیت کی باہم ترتیب بھی حضور ﷺ کی اس حدیث سے واضح ہو

(1) رواہ البزار والدیلمی

Marfat.com

گی۔اور جو لوگ ان تین بزرگوں کو ظالم کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت علی کا حق خلافت غصب کیا بلکہ بعض نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی ظالم کہا کہ انہوں نے مطالبہ حق نہیں کیا انہیں فکر کرنی چاہیے کہ جن کو اللہ تعالی نے چن لیا وہی ظالم ہیں تو پھر باقی نیک صالح اور حق پر کون ہو سکتا ہے یہ بزرگ ہستیاں جن کو ظاہر وباطن شریعت وطریقت خلافت وامامت اور روحانیت میں اللہ تعالیٰ نے منتخب کر دیا ہے۔

ظاہر وباطن میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بلا فصل خلیفہ برحق ہیں ان سب خلفاء کی خلافتیں اپنی اپنی جگہ برحق ہیں جو انہیں ظالم کہتے ہیں وہ بہت بڑے ظالم ولکن کانوا انفسہم یظلمون کے تحت داخل ہیں۔ایک اور حدیث پیش کئے دیتا ہوں:

اخرج الملا فی سیرته ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان الله افترض علیکم حب ابی بکر وعمروعثمان وعلی رضی اللہ عنہم کما افترض الصلوة والزکوة والصوم والحج فمن انکر فضلهم فلاتقبل منه الصلوة ولاالزکوة ولاالصوم ولاالحج بحواله الصواعق المحرقة۔

امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے صواعق المحرقہ میں اس حدیث کو نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان چار یار صحابہ کرام (ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان ذوالنورین اور علی المرتضی رضی اللہ عنہم) کی محبت میری ساری امت پر نماز، زکوۃ، روزہ اور حج کی طرح فرض ہے جو ان سے محبت نہ کرے اس کی نماز، زکوۃ، روزہ اور حج قبول نہیں۔

Marfat.com

طلب یہ ہوا امت میں سب سے زیادہ انہی سے محبت، زیادتی بھی اسی ترتیب سے ہو اب
ینہ میں کلمہ پڑھنے والے کو اپنے ایمان کا چہرہ دیکھ لینا چاہئے اسی لئے امام اہل سنت مجدد
ین وملت اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے

ان چاروں سے محبت صحیح کرے گا اس کا دین اس محبت کی برکت سے محفوظ رہے گا۔
خر میں دعا ہے کہ فاضل مولف حق چار یار مولانا علامہ حافظ فدا حسین رضوی زید مجدہ کو
ں سعی جمیلہ پر اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائے اور قلم میں اور زور پیدا فرمائے۔

خر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

الاحقر ابوالحسن محمد اسلم النقشبندی القادری غفرلہ
خادم جامعہ اسلامیہ سلطانیہ پیر شہاب جہلم
وجامعہ اسلامیہ رضویہ بریڈفورڈ یوکے
03.04.2011

Marfat.com

# تقریظ

خطیب ذیشان، مبلغ اسلام، شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی محمد انصر القادری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلمہ حق کہنا ہر زمانے میں انتہائی دشوار گزار اور مشکل ترین کام ہے مگر اس پر فتن دور میں اس رستے پر قدم رکھنا اس قدر دشوار اور مشکل بنا دیا گیا ہے کہ مجاہد ملت اور غازی اسلام کے لقب کے خواہاں بھی مصلحتوں کا شکار ہوتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں امت مسلمہ کا حقیقی درد رکھنے والے بھی چشم پوشی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یہ دور ایسا ہے کہ مضبوط اعصاب کے مالک افراد بھی سر جھکا دینے میں ہی عافیت سمجھتے ہیں۔ بہتے دریاؤں کا رخ موڑنے کی تمنا کرنا، پہاڑوں سے ٹکرانے کا عزم کر لینا، باطل نظریات کے حاملین سے مڈ بھیڑ کو اپنا مشغلہ بنانا، اٹھے ہوئے پر غرور سروں کو جھکائے بغیر دم نہ لینے کی خواہش رکھنا اپنے زور بازو سے ممکن نہیں ہوتا بلکہ خدا کی عطا سے یہ دولت نصیب ہوتی ہے حضرت علامہ فدا حسین حفظہ اللہ بھی انہیں میں سے ایک ہیں جو عطائے رب ذوالجلال سے کلمہ حق کہنے کے لئے میدان میں اتر آئے ہیں ان کی پہلی تصنیف نے ہی باطل کے ایوانوں میں لرزہ طاری کر دیا ہے اگرچہ مجھے ان کی اس تحریر کو بالاستیعاب دیکھنے کا موقع نہیں ملا ہے سوائے چند ایک مقام کے مگر اس کا عنوان ایسا ہے جو ہر سنی کی آواز ہے اور ہر محب صحابہ واہلبیت کے دھڑکتے دل کی صدا ہے۔ حق چار یار کا نظریہ کوئی نیا نظریہ نہیں ہے بلکہ یہ ایسا نظریہ ہے جس پر فرمودات مصطفے ﷺ بھی شاہد عدل ہیں۔ امام ابو عیسی محمد بن عیسی ترمذی اپنی جامع میں امیر المومنین و مولی المسلمین وامام الواصلین علی المرتضی مشکل کشا شیر خدا اکرم اللہ وجھہ الکریم سے روایت لاتے ہیں کہ نبی اکرم نور مجسم، شفیع معظم ﷺ

Marfat.com

نے فرمایا

رحم اللہ ابابکر زوجنی ابنتہ وحملنی الی دار الھجرۃ واعتق بلالا من مالہ رحم اللہ عمر یقول الحق وان کان مراً ترکہ الحق ومالہ صدیق رحم اللہ عثمان لتستحییہ الملائکۃ رحم اللہ علیا اللھم ادر الحق معہ حیث دار۔ (1)

اللہ ابو بکر پر رحم کرے کہ اس نے اپنی بیٹی میرے نکاح میں دے دی اور مجھے دار الہجرت تک اٹھا کر لایا اور اپنے مال سے بلال کو آزاد کرایا' اللہ عمر پر رحم کرے کہ حق کہتا ہے اگرچہ کڑوا ہو حق کہنے کہ وجہ سے تنہا رہ جانا گوارا کر لیتا ہے، اللہ عثمان پر رحم کرے کہ اس سے ملائکہ بھی حیا کرتے ہیں اللہ علی پر رحم کرے اے اللہ حق کو اس کے ساتھ پھیر دے وہ جدھر بھی جائے۔

جبکہ قاضی عیاض مالکی حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے الشفاء میں حدیث لائے ہیں

ان اللہ اختارا اصحابی علی جمیع العالمین سوی النبیین والمرسلین واختارلی منھم اربعۃ ابابکر وعمر وعثمان وعلیا الخ۔ (2)

اللہ تعالی نے تمام جہانوں پر میرے صحابہ کو چن لیا ہے سوائے انبیاء و مرسلین اور ان میں سے چار کو میرے لئے چنا ہے اور وہ ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم ہیں۔ اور بذات خود امام اہلسنت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ "اھلسنت وجماعت نصرھم اللہ تعالی کا اجماع ہے کہ مرسلین ملائکہ و رسل و انبیائے بشر

---

(1) جامع ترمذی ص۲۱۲ ج۲ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی
(2) الشفا ص۵۴ ج۲ مطبوعہ دار الفکر بیروت

Marfat.com

صلوات اللہ وتسلیماتہ علیھم کے بعد حضرات خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم تمام مخلوق الٰہی سے افضل ہیں تمام امم عالم اولین وآخرین میں کوئی شخص ان کی بزرگی وعظمت وعزت وجاہت وقبول کرامت وقرب ولایت کو نہیں پہنچتا ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم o فضل اللہ کے قبضے میں ہے جسے چاہے عطا فرمائے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ پھر ان میں باہم ترتیب یوں ہے کہ سب سے افضل صدیق اکبر، پھر فاروق اعظم، پھر عثمان غنی پھر علی صلی اللہ علی سیدھم ومولاھم وآلہ وعلیھم وبارک وسلم۔[1]

منظوم کلام حدائق بخشش میں چار یار کے نظریہ کو اپنانے والوں کو یوں نوید سناتے ہیں۔

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کہ چلے

بلکہ ایک مقام پر چار یاروں کا تذکرہ اس طرح کرتے ہیں۔

تیرے چاروں ہمدم ہیں یکجان ویکدل
ابو بکر وعمر و عثمان وعلی ہے رضی اللہ عنہم

نام حق جو مدارس اسلامیہ میں عرصہ سے پڑھائی جاتی ہے جو تصنیف ہے علامہ شرف الدین بخاری کی اس میں ہے۔

امت اود دوست دار وینیم
دوست دار چہار یار وینیم

---

(1) فتاوی رضویہ ص۸۰۴، ج۲۸ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن

Marfat.com

چوں ابو بکر وہم عمر عثمان
مرتضی دان علیہم الرضوان

یعنی کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی امت اور ان کے دوست ہیں اور ہم ان کے چار یاروں کے بھی دوست دار ہیں جیسے ابو بکر و عمر عثمان و مرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

بدائع منظوم کے مصنف علی رضا قادری مدح اصحاب واہل بیت کرام کے عنوان سے چار یاروں کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

بخصوص آں چہار عنصر دیں
خلفاء رسول حق بیقیں
ہست ابو بکر اول آں چار
پیشوائے مہاجر وانصار
پس عمر آنکہ رائے او بصواب
یافت راہ موافقت بکتاب
بعد ازاں معدن حیا عثمان
کامل الحلم وجامع القرآن
بعد ازاں حامل لوائے نبی
شاہ مرداں حق علی ولی

حق چار یار کا نظریہ ایسا ہے جس سے کوئی حقیقت پسند شخص انکار نہیں کر سکتا۔ مؤلف موصوف داد کے حق دار ہیں کہ انہوں نے اس موضوع پر قلم اٹھایا، ان کی یہ کوشش خوب ہے اور ان کا کام انتہائی جرأت مندانہ ہے سچ تو یہ ہے کہ علامہ فدا حسین رضوی حفظہ اللہ نے اس میدان میں قدم اٹھاتے ہوئے پیچھے آنے والوں کا انتظار۔

Marfat.com

کئے بغیر صدائے حق بلند کی ہے

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا

یہ کتاب لکھ کر موصوف نے علماء اہلسنت کی نمائندگی کی ہے دعا ہے کہ اللہ تعالی موصوف کی اس سعی جمیلہ کو شرف قبولیت سے مالا مال فرمائے اور ان کے فیض کو عام فرمائے اور ہر آنے والے دن میں ان کو ترقی کی منازل کی جانب رواں دواں رکھے

آمین بجاہ النبی الکریم الامین الرؤف الرحیم

محمد انصر القادری

بریڈفورڈ برطانیہ ۲۰۱۱-۴-۱۷

Marfat.com

# تقریظ

ترجمان مسلک رضا محقق اہلسنت ابو الحقائق غلام مرتضی ساقی مجددی زیدہ مجدہ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمده ونصلي ونسلم على رسوله الكريم۔اما بعد:

اہلسنت وجماعت کا اجماع ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور دیگر انبیاء ورسل کے بعد تمام نسل انسانی میں سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ فضیلت ومرتبہ کے حامل ہیں۔ پھر سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ، پھر سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ پھر سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ۔ بعد ازیں عشرہ مبشرہ باقی اہل بدر وغیرہ رضی اللہ عنہم اہلسنت کے اس عقیدہ پر قرآن وحدیث، صحابہ وتابعین، ائمہ مجتہدین، مفسرین ومحدثین، باقی اہل تحقیق وصاحب تصنیف کی تصریحات موجود ہیں۔ جس کی تفصیل فاضل نوجوان حضرت مولانا حافظ فدا حسین رضوی نقشبندی طولعمرہ نے پیش نظر ایمان افروز اور باطل سوز کتاب نعرہ تحقیق۔ حق چار یار، میں بڑی محنت وجستجو اور عمدہ اسلوب کیساتھ بیان فرمادی ہے۔(فجزاه الله خيرا)

یہ کتاب اپنی مثال آپ ہے ذمہ داران اہلسنت نے اس کی توثیق فرما کر اسے مزید چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر اس کتاب پر کوئی ایک بھی تقریظ نہ ہوتی تو تب بھی اس کی ثقاہت میں کوئی فرق نہیں آسکتا تھا کیونکہ یہ عقیدہ برحق ہے، اللہ عزوجل اور رسول اکرم ﷺ اس کے بانی ہیں۔ صحابہ وتابعین اس کے حامی سرآں دم تا ایں دم ساری امت مسلمہ اس کی داعی ہے۔ اس کی بنیاد درایت پر نہیں بلکہ قرآن وسنت اور اجماع وقیاس کے چار مضبوط ستونوں پر استوار ہے۔ کسی رافضی کی رافضیت، کسی خارجی کی خارجیت اور کسی منافق کی منافقت

Marfat.com

اسے ہلا نہیں سکتی۔ سنی نما رافضیوں کے مکر وفریب کے بخیئے ادھڑتے چلے جائیں گے ل
مسلک اہلسنت مزید نکھرتا چلا جائے گا۔ اور ان کے سینوں پر مونگ دلتا رہے گا۔ نجا
فتنہ پرور لوگ خود کو کس منہ سے اہلسنت کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ کیا انہیں غض
خداوندی حضور کی ناراضگی، عذاب اخروی اور اکابرین اہلسنت سے غداری کا کوئی احس
نہیں جو دن رات اپنے باطل عقائد کے زہر آلود جراثیم سادہ لوح عوام میں منتقل کر ر
ہیں؟ اگر یہی گھناؤنا دھندا جاری رکھنا ہے تو پھر وہ اپنے چھپے ہوئے رفض پر سنیت کی چ
کیوں ڈالے ہوئے ہیں۔ لیکن ہم بتا دینا چاہتے ہیں کہ کوئی لاکھ روپ دھار کر سنیت
خلاف سازشوں کا جال بنتا پھرے اہلسنت کے مجاہدین فدایان صحابہ واہلبیت ان کے چہر
سے نقاب اتار پھینکیں گے۔ اور انہیں بے نقاب کر کے دنیا والوں کو بتا دیں گے کہ حق
ہے اور باطل کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ چاہے تو "ابابیلوں" سے "ہاتھی" مروا سکتا ہے۔ اور مو
فدا حسین جیسے نوجواں سے بڈھے کھوسٹ سنی نما رافضیوں کو ھباء منثورا بنا
ہے۔ مولانا فدا حسین نے بہت بڑا کام سرنجام دیا ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ اہلسن
کے گلستان سدا بہار ہیں اور ان سے حاصل ہونے والے نو شگفتہ پھول بھی اتنی مہک اور
کے حامل ہیں کہ وہ ایک جہاں کو معطر و معنبر کر سکتے ہیں۔ اس عظیم کاوش پر مولانا خود
ان کے جملہ معاونین لائق صد تبریک و تحسین ہیں۔ واقعی انہوں نے مسئلہ مذکورہ پر
ضخیم مواد جمع کر دیا ہے کہ جس سے ہر خاص وعام کیلئے مسئلہ کی اہمیت و حقانیت کا فیصلہ
بالکل آسان ہو جاتا ہے۔ مخالفین و معاندین بھی اگر ضد چھوڑ کر حق کی عظمت کو تس
کرتے ہوئے نظر انصاف دیکھ لیں تو سوائے ماننے کے کوئی چارہ نہ ہو گا۔

ہاں اگر کوئی جان بوجھ کر حق کے انکار کیلئے ہی کمربستہ ہو چکا ہو تو اس کیلئے ہدایت کے را
مسدود ہو جاتے ہیں اور ویسے بھی جو لوگ اپنے علم پر گھمنڈ کرتے ہوئے کسی دوسر
خاطر میں نہیں لاتے تو وہ گمراہی کے اندھیروں میں یوں ہی ٹامک ٹوئیاں مارتے ر
ہیں۔ کتاب مذکورہ میں صحت مند اور توانا دلائل بھی موجود ہیں اگر کوئی سمجھنا چاہ
صرف ایک دلیل ہی کافی ہوتی ہے۔ ناداں وخود فریب کیلئے دفتر بھی ناکافی ہوتے ہیں

Marfat.com

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن حبان کے حوالہ سے نقل کیا ہے:

لما بنی رسول اللہ ﷺ المسجد وضع فی البناء حجرا وقال لأبی بکر ضع حجرک الی جنب حجری، ثم قال لعمر ضع حجرک الی جنب حجر أبی بکر، ثم قال لعثمان ضع حجرک والی جنب حجر عمر ثم قال وھؤلاء الخلفاء بعدی۔[1]

جب رسول اللہ ﷺ نے مسجد کی بنیاد رکھی تو ایک پتھر خود رکھا، پھر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا میرے پتھر کیساتھ تم اپنا پتھر رکھو، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا اپنا پتھر ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پتھر کیساتھ رکھو اور پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے فرمایا اپنا پتھر عمر رضی اللہ عنہ کے پتھر کیساتھ رکھ دو پھر فرمایا یہ میرے بعد خلیفے ہوں گے۔

امام ابوزرعہ نے کہا اس کہ سند میں کوئی حرج نہیں۔ اسے حاکم نے المستدرک میں نقل کیا۔ اور امام بیہقی نے دلائل میں اس کی تصحیح فرمائی۔ ان دونوں کے علاوہ محدثین نے بھی اسی حدیث کو صحیح قرار دیا۔ (ایضا) یہ حدیث اس کے علاوہ متعدد احادیث بھی ہیں جو خلافت کی ترتیب کے برحق ہونے پر دلالت کرتی ہیں جن میں سے بعض احادیث کتاب مذکور میں مندرج ہیں سنی نما رافضیوں کیلئے ڈوب مرنے کا مقام ہے کیونکہ کھلے رافضیوں کی کتب میں ایسا کثیر مواد موجود ہے جو خلفاء اربعہ کی حقانیت کا ببانگ دھل اعلان کر رہا ہے۔ جس کی تفصیل راقم کی کتاب مسلک اہلبیت کتب شیعہ کی روشنی موجود ہے یہ عبارتیں فیصلہ کن ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو مجھے چوتھا خلیفہ نہ کہے اس پر اللہ کی لعنت ہو۔[2]

---

(1) تاریخ الخلفاء ص۸ مطبوعہ کراچی
(2) مناقب ابن شہر آشوب ص ۶۳ ج ۳

Marfat.com

مزید ارشاد فرمایا اگر میرے پاس کوئی ایسا آدمی لایا جائے جو مجھے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے اف
قرار دیتا ہو تو میں اسے ضرور بضرور بہتان تراش کی سزا (اسی کوڑے) لگاؤں گا۔ [1]
آپ رضی اللہ عنہ نے مزید فرمایا میری بیعت ان لوگوں نے کی ہے جن لوگوں نے ابو بکر
و عثمان رضی اللہ عنہم کی بیعت کی تھی، اور مقصد بیعت بھی وہی تھی، جو ان کا تھا، لہذا مو
حضرات میں کسی کو علیحدگی (انکار و تردید) کا کوئی اختیار نہیں اور نہ غائب لوگوں کو اس
تردید کی اجازت ہے، مشورہ مہاجرین اور انصار کو ہی شایان شان ہے تو اگر یہ سب لوگ
شخص کے خلیفہ ہونے پر اتفاق کرلیں تو یہ اللہ تعالی کی بھی رضا ہوگی اور اگر ان کے حکم
کسی طعن کیوجہ سے یا بدعت کے باعث خروج کیا تو اسے واپس لوٹا دو اگر وہ واپسی سے ا
کرے تو اس سے قتال کرو، کیونکہ اس صورت میں وہ مسلمانوں کے اجتماعی فیصلو
ٹھکرانے والا اور اللہ نے اسے متوجہ کر دیا جدھر وہ خود جانا چاہتا ہے۔ [2]
ان عبارات نے دوٹوک واضح کر دیا کہ "چار یار" برحق ہیں ان کی خلافت کی ترتیب درس
ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو چوتھا خلیفہ ماننا ہی صحیح ہے حضرات خلفاء ثلاثہ سے حضرت علی رض
کو افضل ماننے والا غدار، کذاب اور مفتری ہے اسے اسی کوڑے لگنے چاہئے۔ تمام صح
کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع ہے خلفاء اربعہ کی ترتیب پر جو اس کا منکر ہے وہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم
اجتماعی فیصلے کا منکر ہے اسے واپس آجانا چاہیے ورنہ قرآن کا اعلان ہے:
نوله ما تولى ونصلى جهنم وسائت مصيرا۔
اللہ تعالی ہر مسلمان کو حق پر استقامت عطا فرمائے۔
آمین بخدمة سید المرسلین علیه التحیة والسلام۔

الر

ابو الحقائق علامہ مولانا غلام مرتضی ساقی مجددی

۲۰۱۱-۱-

(1) رجال الکشی ص۹۵ ج۲
(2) نہج البلاغہ حصہ دوم، مکتوب ص٦

Marfat.com

# تقریظ

شمشیر اعلیحضرت مناظر اسلام استاذ العلماء
مفتی محمد عابد جلالی زید مجدہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ساری امتوں کی سردار امت محمدیہ ہے اور اس امت میں سب سے زیادہ مقام و مرتبہ صحابہ کرام کی جماعت کا ہے ،اور صحابہ کرام علیہم الرضوان میں اہل احد کی ایک ممتاز حیثیت ہے،اور پھر اہل بدر کا مقام ان سے بھی زیادہ ہے اور ان سے بڑھ کر عشرہ مبشرہ کا منفرد مقام ہے،اور پھر تمام صحابہ کرام سے بڑی عظمت وشان کے مالک خلفاء اربعہ ہیں،اور خلفاء اربعہ میں افضلیت کی ترتیب وہی ہے جو ان کی خلافت کی ترتیب ہے ،خود رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں پر جملہ صحابہ کرام واہل بیت عظام رضی اللہ عنہم کی شان کو بیان فرمایا ہے وہاں پر خلفاء راشدین یعنی چار یاروں کی عظمت کو جدا کر کے انوکھے انداز میں بیان فرمایا ہے،چونکہ چار یاروں کا تذکرہ جداطور پر احادیث کثیرہ میں موجود ہے اس لیے اہل حق "حق چار یار" کا نعرہ بلند کر کے سنت نبوی پر عمل کرتے ہیں۔

اب اگر کوئی ہوس پرست اور جاہل پیر یہ کہے کہ اس نعرۂ حق چار یار سے خارجیت کی بو آتی ہے،تو اسے رافضیت کی گود سے نکل کر حدیث رسول علیہ الصلوۃ والسلام کا مطالعہ کرنا چاہیے ،اور سر عام معافی مانگنی چاہے،نعرۂ حیدری سے کون اختلاف کر سکتا ہے، لیکن نعرۂ رسالت کے متصل بعد نعرۂ حیدری لگانا رافضیوں کی فکر کو پروان چڑھانا ہے، کیونکہ رسالت کے بعد

Marfat.com

ان کے نزدیک مولی علی شیر خدا رضی اللہ عنہ ثم ارضاہ عنہ کا مقام ہے، اور وہ ان کی خلافت بلا فصل کے قائل ہیں، جبکہ اہل سنت وجماعت کے نزدیک اجماع صحابہ کرام سے یہ ثابت ہے کہ خلیفہ بلا فصل سیدنا ابو بکر صدیق ہیں، پھر سیدنا عمر فاروق ہیں، پھر سیدنا عثمان غنی ہیں، پھر سیدنا علی المرتضی ہیں رضی اللہ عنہم، حضرت مولی علی شیر خدا رضی اللہ عنہ کا ذکر ہماری آنکھوں کا نور اور دلوں کا سرور ہے۔ لیکن ان سے پہلے خلفاء ثلاثہ کا تذکرہ بھی ضروری ہے۔

اس لیے نعرۂ تکبیر ورسالت کے بعد اگر حق چار یار کا نعرہ لگایا جائے تو خلفاء راشدین کی یاد بھی ہو جائیگی اور دلوں میں سنیت کی فکر آباد بھی ہو جائے گی، اور رافضیت کی فکر برباد بھی ہو جائے گی۔ اور رہی خارجیت وہ تو "نعرۂ رسالت" سے ہی دم توڑ جائیگی، اب ضرور نعرۂ حیدری بھی لگایا جائے، نعرۂ غوثیہ بھی لگایا جائے۔

چیلنج کر کے زیر زمین چلے جانا یا بیرون ملک بھاگ جانا کہاں کی جوانمردی ہے، بندہ ناچیز کے پاس عبد القادر شاہ کی وہ C.D اور کتاب پہنچی ہے جس میں بار بار چیلنج کیا گیا تھا، لیکن جب رابطہ کیا تو پتہ چلا کہ حضرت تو ملک بدر ہو چکے ہیں، ہم نے بیرون ملک فون کیے، میسج ان کے موبائل پر بھیجے، لیکن کوئی جواب نہ ملا ہم نے اللہ جل شانہ کے فضل سے مختلف خطبات میں اس موضوع کو بیان کیا اور خصوصاً ۲ مارچ ۲۰۱۰ء کو جامع مسجد بیت المکرم لالہ موسی میں میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس میں حق چار یار کے عنوان پر دلائل پیش کئے، اور مخالفین کا رد بلیغ پیش کیا، جسکی C.D آج بھی مارکیٹ میں موجود ہے۔

اب جون میں معلوم ہوا کہ عبد القادر کا ورود پاکستان میں ہوا ہے، تو ہم نے اس کا چیلنج قبول کرتے ہوئے میدان لگانے کی دعوت دی، اور باقاعدہ ۲۲ جون کے اخبارات میں یہ بات شائع ہوئی، لیکن آج تک کوئی جواب نہ آیا۔

میں کہتا ہوں لوگ حق چار یار کے نعرے کی بات کرتے ہیں، میں تو حق چار یار کے عنوان پر مسجد نبوی شریف کا وہ جلسہ بھی دکھانے کو تیار ہوں جس میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے خود

Marfat.com

اس موضوع پر خطاب فرمایا، بلکہ تمام صحابہ کرام اور اہل بیت عظام کی محبت کو پہلے اجمالا بیان فرمایا، پھر چاروں یاروں میں سے ہر ایک کو بالترتیب مجمع میں کھڑا کر کے سینے سے لگا کے، ماتھا چوم کے ہاتھ پکڑ کے، آواز بلند کر کے، آنسو بہاتے ہوئے فرمایا "یامعشرالمسلمین هذا ابوبکر الصدیق" پھر کثیر فضائل بیان فرمائے، پھر اسی طرح حضرت فاروق اعظم، پھر حضرت عثمان غنی، پھر حضرت مولی علی شیر خدا رضی اللہ عنہم کو باری باری سینے سے لگایا، ماتھا چوما، اور فضائل بیان فرمائے اور پھر جلسہ ختم فرمادیا، اب صرف چار پر ہی کیوں اکتفاء کیا گیا؟ کیا باقی صحابہ کرام حق والے نہیں تھے؟ تھے بالکل تھے لیکن یہ سب کچھ کر کے ثابت فرمادیا کہ حق والے سب ہیں، شان والے سب ہیں، مگر ان چار یاروں کی شان انوکھی ہے۔ تو کیا کوئی جاہل پیر اب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی اعتراض کرے گا کہ چار یاروں کا تذکرہ کیا، باقی صحابہ کدھر گئے۔

ان کی شان تو یہ ہے کہ رب ذوالجلال نے چار یاروں کا نام عرش پر لکھوایا ہے، نہ صرف اتنا بلکہ لواء حمد پر لکھوایا ہے، تو کون، عاقبت نااندیش ہے جو پروردگار کے اس فعل پر اعتراض کریگا؟ حق چار یار کا عنوان تو تخلیق آدم علیہ السلام سے قبل کا ہے، اور پھر صرف دنیا میں ہی نہیں چلے گا بلکہ قبر و حشر میں بھی چلے گا، کیونکہ امام ابن عساکر نے اور امام ذہبی نے نقل فرمایا ہے:

> "عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله یخرج معاویه من قبره وعلیه رداء من السندس والاستبرق مرصع والیاقوت علیه مکتوب لا اله الا الله محمد رسول الله، ابو بکر الصدیق عمرابن الخطاب عثمان ابن عفان، علی ابن ابی طالب"

اس حدیث شریف سے ایک تو حضرت امیر معاویہ کی عظمت وشان واضح ہوئی، اور دوسرے نمبر پر یہ بھی ثابت ہوا کہ توحید و رسالت پر پختہ یقین ہونے کے ساتھ ساتھ حضرت امیر معاویہ خلفاء راشدین کے سچے محب بھی ہیں، بلکہ محبوب بھی ہیں، اور کیوں نہ

Marfat.com

ہوں کہ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا: "انی احب معاویہ واحب من یحب معاویہ
اور اس کے علاوہ یہ جو فرمایا کہ معاویہ قبر سے اس حال میں نکلیں گے کہ ان پر یہ چادر ہو
تو پتہ چلا کہ "حق چار یار" کے بینر زعالم برزخ میں بھی آویزاں ہوں گے۔

محشر کے دن جب حضرت امیر معاویہ اس شان سے آئیں گے کہ "حق چار یار" والی چا
اوڑھے ہونگے اور دوسری طرف لوائے حمد جس پر حق چار یار کا نعرہ لکھا ہوگا وہ لہرائے گا
منکر "حق چار یار" کا اور دشمن حضرت امیر معاویہ کا کدھر منہ چھپائے گا، اور کس
جھنڈے کے نیچے جائیگا۔

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے
کل نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

حق چار یار کے منکرو! یا تو حق چار یار کے نعرہ کو تسلیم کرلو یا پھر خود کو اہل سنت کہلو
چھوڑ دو، کیونکہ چار یاروں کا تذکرہ اہل سنت کے شعائر سے ہے، اور جو اہل سنت کے شعائر
نہ مانے اسکا مسلک حق سے کوئی تعلق نہیں ہے، آؤ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا فتو
دیکھو! مکتوبات شریف میں موجود ہے کہ آپکو اطلاع ملی کہ ہندوستان کے شہر سامانہ میں
خطیب نے عید قربان کے خطبہ میں خلفاء راشدین کا ذکر چھوڑ دیا ہے، اور کہا کہ کیا ہو گیا
اگر خلفاء راشدین کا ذکر نہیں کیا گیا تو!۔

حضرت مجدد الف ثانی نے فرمایا:

"ذکر خلفاء راشدین اگرچہ از شرائط خطبہ نیست ولیکن ازشعائر اہل سنت است شکر اللہ تعالی سعیہم ترک نہ کند آنر ابعمد وتمرد مگر کسیکہ دلش مریض است وباطنش خبیث۔

(حصہ ۲۔ صفحہ ۱۴۱)

Marfat.com

فرمایا اگر چہ خلفاء راشدین کا ذکر شرائط خطبہ سے نہیں ہے لیکن شعائر اہل سنت سے ہے، اور فرمایا کہ جان بوجھ کر اس کو صرف وہی ترک کر سکتا ہے، جس کا دل مریض ہو اور باطن خبیث ہو۔

ر فرمایا:

"اگر در تقدیم وتفضیل حضرات شیخین متوقف است طریق اہل سنت را رافض واگر در محبت حضرات ختنین مترد واست نیز از اہل حق خارج است افضلیت حضرات شیخین باجماع صحابہ وتابعین ثابت شدہ است" ۔

(دفتر دوم حصہ ۶ صفحہ ۴۱)

اضح طور پر فرما دیا کہ حضرات شیخین سید نا صدیق اکبر و سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی افضلیت و تقدیم یں توقف کرنیوالا بھی اہل سنت سے خارج ہے اور حضرات ختنین سید نا عثمان ذوالنورین و سید نا علی المرتضی رضی اللہ عنہما کی محبت میں تردد کرنیوالا بھی اہل سنت سے خارج ہے:

" مزید برآں "ایں قسم گل بد بواز ابتداء اسلام تا ایں وقت معلوم نیست کہ در ہندوستان شگفتہ باشد نزدیک است کہ ازیں معاملہ تمام شہر متہم گردد بلکہ اعتماد از ہندوستان مرتفع شود ۔ (حصہ ۶ ص ۴۲)

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابتداء اسلام سے لیکر آج تک اس طرح کا بدبودار پھول کہیں نہیں دیکھا، جیسا یہ ہندوستان میں پایا جارہا ہے، سچے پھول تو خوشبودار ہوتے ہیں، بعض پھول خوشبو سے خالی تو ہو سکتے ہیں لیکن بدبودار نہیں، اور اس کو جو پھول کہا گیا وہ اس لئے کہا کہ یہ خود کو اہل سنت کہلواتا ہے اور جو بدبودار کہا گیا وہ اس لے کہ یہ اندر سے خبیث ہے اور اتنا خبیث کہ فرمایا اس کی نحوست کیوجہ سے قریب ہے کہ پورا شہر بدنام ہو جائیگا ( نہ صرف یہ بلکہ فرمایا) پورے ہندوستان سے اعتماد اٹھ جائے گا۔ اور آپ نے حاکم وقت کو لکھا کہ اہلسنت بادشاہ کے ہوتے ہوئے اس بے لگام خطیب نے بڑی جرأت کی ہے، بلکہ حقیقت میں بادشاہ کے مقابلہ میں اتر آیا ہے، اور اولی الامر کے اطاعت سے اس نے خروج کیا ہے۔

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایسا آدمی جوتے مارنے کے لائق ہے، اس لے
نے ارشاد فرمایا:

"نیز شنیده که اکابر واہالی آں مقام دریں باب مساہلته ورزید ندو بشدت وغلظت بآں خطیب بے انصاف پیش نیامدند۔ وائے نه یکبار که صدبار وائے"۔ (حصه ۶ ص ۴۱)

فرمایا اس گندے خطیب نے جو کچھ کیا اس پر تو افسوس ہے ہی لیکن وہاں کے اکابر لوگ
کے بارے میں فرمایا کہ صد بار افسوس ہے ان پر جنہوں نے اس خبیث خطیب کی خبر نہ
لی اور سختی سے پیش نہیں آئے۔ لہذا پتہ چلا کہ چار یار ان مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم و رضی اللہ عنہم کا ذکر
ترک کرنا کس قدر مذموم ہے، تو جو ساری دنیا میں اوروں کو "حق چار یار" کے نعرے
روکتا پھرتا ہو، وہ نام نہاد اہلسنت کا کیا لگتا ہے لہذا صرف ایسے لوگ ہی قابل مذمت نہ
بلکہ وہ اکابرین جو خود اگرچہ ٹھیک ہوں مگر ایسے بے حیاء خطیبوں کا رد نہ کریں۔ وہ بھی شد
مذمت کے قابل ہیں اور جتنا افسوس ان پر کیا جائے وہ تھوڑا ہے۔ اس کے بر خلاف
ایک مجاہد اگرچہ بظاہر چھوٹے قد کا کیوں نہ ہو مگر وہ لگام دینا جانتا ہو اور آگے بڑھکر کردار
کرے اور اپنے آپکو ناموس رسالت اور ناموس صحابہ اور ناموس اہلبیت پر فدا کرے
اسے ہم نہ صرف فدائے صحابہ واہلبیت علامہ فدا حسین کہہ کر یاد کریں گے، بلکہ ہم ا
مسلک حقہ کا ایک جرنیل قرار دیتے ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالی جل شانہ اس شاہین کو مز
پرواز کی توفیق عطا فرمائے اور اس کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔

آمین بجاہ طٰہٰ و یسین علیہ الصلوۃ والتسلیم

احقر محمد عابد جلا

الجامعہ الجلالیۃ الرضویۃ مظہر الاسلام لاہ

۷ شعبان المعظم ۱۴۳۱ھ

Marfat.com

# تقریظ لطیف

جانشین ابو البیان شیخ طریقت حضرت علامہ پیر صاحبزادہ محمد رفیق احمد مجددی
سجادہ نشین درگاہ حضرت ابو البیان رحمۃ اللہ علیہ امیر اعلیٰ عالمی ادارہ تنظیم الاسلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مذہب مہذب اہل سنت و جماعت امت محمدیہ اور ملت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی سب سے بڑی وحدت اور عالمگیر اکثریت ہے جس کے عقائد و نظریات کتاب و سنت سے ماخوذ اور ہر قسم کے افراط و تفریط سے پاک ہے۔ من جملہ عقائد میں سے خلفائے راشدین کی افضلیت باعتبار ترتیب خلافت کا عقیدہ ہے جس پر صحابہ و تابعین کرام مجتہدین عظام کا اجماع و اتفاق ہے۔ اس کے برعکس عقیدہ رکھنے والا اجماع امت کا منکر دائرہ اہلسنت سے خارج، ضال اور مُضِلُّ ہے۔ مشتے نمونہ از خروارے کے مصداق علم کلام کے چند جید اکابرین کے عقائد و نظریات نذر قارئین ہیں۔

حضرت علامہ جلال الدین دوانی رحمۃ اللہ علیہ ارقام پذیر ہیں:

والامام بعد النبی ﷺ ابوبکر رضی اللہ عنہ ثبتت امامته بالاجماع ثم عمر الفاروق رضی اللہ عنہ ثم عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ ثم علی المرتضی کرم اللہ وجهه والافضلية بهذا الترتيب ومعنى الافضلية انه اكثر ثوابا عندالله تبارك وتعالى لا انه اعلم واشرف نسبا وما اشبه ذالك۔

Marfat.com

یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام برحق حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں۔ آپ کی امامت اجماع سے ثابت ہو چکی ہے۔ پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، پھر حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ، پھر حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ بالترتیب امام ہوئے اور افضلیت اسی ترتیب کے مطابق ہے۔ افضلیت کا معنی یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ ثواب پانے والے ہیں نہ کہ اس معنی میں کہ وہ سب سے زیادہ عالم اور نسباً اعلیٰ و معزز ہیں وغیرہا۔[1]

حضرت علامہ عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ افضلیت کا سبب بیان کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں!

ذکر المحققون ان فضیلة المبحوث عنها فی الکلام هی کثرة الثواب ای عظم الجزاء علی اعمال الخیر لاشرف النسب والا لزم ان یکون ولد النبی افضل من النبی الذی لیس ابوه نبیا ولا کثرة الطاعات الظاهرة لان الثواب لیس علی حسب مقدارها لان انفاق احدنا جبل احد ذهبالا یبلغ مد الصحابة ولا نصیفهم کما فی الحدیث الصحیح والسر فی ذالک ان اصل الخیر هو الاخلاص فی العمل ومحبة الحق سبحانه ودوام الحضور معه وهی امور باطنة ولذا قال بکر بن عبد الله المزنی ما فضلکم ابوبکر بصوم وصلوة ولکن بشیء فی قلبه انتهی فلا یخفی ان کثرة الثواب لا تعلم الا باخبار الشارع ولا مدخل فیها للعقل والمناقب الظاهرة۔

یعنی محققین نے بیان کیا ہے کہ کلام میں مبحوث عنہا کی فضیلت کا راز کثرت ثواب ہے یعنی اعمال خیر پر جزاء کی زیادتی، نہ کہ نسبی شرف ہے ورنہ لازم آئے گا کہ نبی کا بیٹا افضل ہو اس نبی سے کہ جس کا باپ نبی نہیں ہے اور نہ ہی ظاہری اطاعت کی کثرت باعث فضیلت ہے۔ کیونکہ ثواب

(1) العقائد العضدیہ

Marfat.com

کے اعتبار سے نہیں ہے اس لئے کہ ہمارا جبل احد کے برابر سونا خرچ کرنا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مُد اور نصف مُد کو بھی نہیں پہنچتا جیسا کہ حدیث صحیح میں ہے اور اس میں راز یہ ہے کہ نیکی کی اصل عمل میں اخلاص، حق سبحانہ کی صحبت اور دوام حضور مع اللہ ہے اور یہ تمام باطنی امور ہیں۔ اسی لئے حضرت ابو بکر بن عبد اللہ مزنی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو کثرت صوم وصلوۃ کی وجہ سے فضیلت حاصل نہیں بلکہ جو چیز ان کے قلب مبارک میں ہے اس وجہ سے فضیلت حاصل ہے۔ یہ امر پوشیدہ نہ رہے کہ کثرت ثواب تو حضرت شارع کے آگاہ فرمانے سے ہی معلوم ہوتا ہے اور اس میں عقل اور ظاہری مناقب کا کوئی دخل نہیں ہے۔[1]

صوفیائے محققین کے نزدیک بھی ترتیب خلافت کے لحاظ سے ہی فضیلت ہے۔ جیسا کہ صاحب التعرف ارقام پذیر ہیں۔

اجمع الصوفية على تقديم ابى بكر ثم عمر ثم عثمان ثم على رضی اللہ عنہم[2]

حضرت سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے نزدیک تفضیل سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قائل مفتری (بہتان طراز) اور لائق حد ہے۔ چنانچہ ارشاد گرامی ملاحظہ ہو! قال علی رضی اللہ عنہ لا يفضلنی احد على ابى بكر وعمر الا جلدته حد المفترى۔[3]

جو شخص مجھے حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما پر فضیلت دے وہ مفتری ہے۔ میں اسے اسی طرح کوڑے لگاؤں گا جس طرح مفتری کو (۸۰ کوڑے) لگائے جاتے ہیں۔

---

(1) النبراس: ۲۹۹
(2) النبراس: ۳۰۳
(3) کنزالعمال رقم الحدیث: ۳۶۱۵۷

Marfat.com

حضرت امام ربانی سیدنا محبوب مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز کے نزدیک سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر فضیلت دینے والا اہل سنت سے خارج ہے۔

کسیکه حضرت امیر راافضل از حضرت صدیق گوید از جرگهء اهلسنت می براید۔[1]

آپ ایک اور مقام پر ارشاد فرماتے ہیں کہ افضلیت شیخین اور افضلیت عثمان رضی اللہ عنہم کا منکر بدعتی، گمراہ اور یزید بدنصیب کا ساتھی ہے۔

بالجمله افضلیت شیخین یقینی است وافضلیت حضرت عثمان دون اوست اما احوط آن ست که منکر افضلیت حضرت عثمان رابلکه منکر افضلیت شیخین رانیز حکم بکفر نکنیم ومبتدع وضال دانیم۔۔۔۔۔۔واین منکر قرین یزید بے دولت است۔[2]

الغرض! تفضیل شیخین کریمین (حضرات ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما) اور محبت ختنین (حضرات عثمان و علی رضی اللہ عنہما) اہل سنت کی علامت ہے۔

ماشاء اللہ زیر نظر تالیف منیف میں علامہ فدا حسین رضوی نے احقاق حق اور ابطال باطل کی کاوش فرما کر اس فتنہ کا سد باب کر دیا ہے، اس پر ہم موصوف کو ہدیہ تبرک پیش کرتے ہیں اور دعا ہے کہ اس پر اللہ تعالیٰ انہیں جزا جزیل اور ثواب عمیم عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

---

(1) دفتر اول مکتوب:۲۰۲
(2) دفتر اول مکتوب:۲۶۶

Marfat.com

# تقریظ

عمدۃ المصنفین شیخ الحدیث حضرت علامہ
مفتی غلام حسن قادری صاحب
مرکزی درا العلوم حزب الاحناف لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت مولانا فدا حسین صاحب رضوی کی کتاب مستطاب نعرہ تحقیق حق چار یار کو چند مقامات سے دیکھنے کا اتفاق ہوا ماشاء اللہ خوب تحقیق کی گئی ہے اس دور پر فتن میں جبکہ اس مسئلہ پہ حق بات کو دبایا جارہا ہے اور مسلک اہل سنت کو چھپایا جارہا ہے ضرورت تھی کہ اس موضوع پر قلم اٹھایا جائے اور تفصیل سے لکھا جائے حافظ صاحب نے اس ضرورت کو پورا کر کے مسلک اہل سنت کی طرف سے قرض اتار دیا ہے۔ میں اپنی علالت طبع کے باعث کچھ زیادہ لکھنے کے قابل نہیں ہوں صرف مؤلف کے حق میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی جمیلہ کو اپنی بارگاہ بے کس پناہ میں قبول و منظور فرما کر ہمیں ان کی کتاب لاجواب سے بھرپور استفادہ کرنے کی توفیق بخشے۔

ایں دعا از من واز جملہ جہاں امین باد
غلام حسن قادری
مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور
14:05:2010

Marfat.com

# تقریظ

استاذ العلماء یادگار اسلاف فخر السادات سید ابو الحسنین سید ظفر علی شاہ بنوری زید علمہ
پرنسپل جامعہ غوثیہ بنوریہ کوہاٹ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اللہ رب العزت نے اپنے محبوب کریم حضور نبی کریم ﷺ
کے چار یاروں کو باقی تمام حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر فوقیت اور برتری عطا فرمائی ہے۔ پھ
ان چار جلیل القدر صحابہ کرام میں فضیلت ان کی خلافت کی ترتیب کے مطابق ہے۔ یعنی
افضل البشر بعد الانبیاء والمرسلین ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی
رضی اللہ عنہم۔

اس مسلمہ حقیقت کو آسان لفظوں میں بیان کرنے کیلئے "نعرہ تحقیق حق چار یار" کی اصلا
استعمال ہوتی ہے۔ باقی اہل سنت "حق چار یار" سے نہ تو یہ مراد لیتے ہیں کہ یہی چار یار حق
ہیں ان کے علاوہ کوئی بھی صحابی حق پر نہیں اور نہ حق چار یار سے اہل سنت یہ مراد لیتے ہیں
کہ یہی چار یار خلیفہ ہیں باقی کوئی خلیفہ نہیں۔ اہل سنت یہ دونوں صورتیں مراد ہی نہیں لیت
بلکہ چار یاروں کو اللہ تعالیٰ نے باقی صحابہ کرام پر جو فضیلت عطا فرمائی ہے وہ مراد لیتے ہیں
لہذا رافضیوں اور ان کے نمک خواروں کا یہ اعتراض کہ حق چار یار کیوں کہتے ہو کہ کیا با
صحابہ حق پر نہیں ہیں لہذا حق سب یار کہو، انتہائی احمقانہ اعتراض ہے۔ ایسے ہی رافضیوں او
ان کے نمک خواروں کا یہ کہنا کہ کیا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ نہیں۔ لہذا حق چار یار مت
کہو بلکہ حق پانچ یار کہو۔ یہ بھی سادہ لوح مسلمانوں کو ورغلانے کا ایک شیطانی حربہ ہے۔ اس
لئے کہ اس نعرۂ تحقیق حق چار یار میں خلافت اور حقانیت کا حصر ان چار صحابہ کرام میں کی

Marfat.com

ہی نہیں جاتا بلکہ صرف اور صرف ان چار جلیل القدر صحابہ کرام کی وہ فضیلت جو باقی صحابہ کرام پر انہیں حاصل ہے اس کا بیان مقصود ہوتا ہے۔ مجاہد اہل سنت حضرت علامہ مولانا فدا حسین رضوی زید مجدہ نے اپنی تصنیف "نعرہ تحقیق حق چار یار" میں مسلک حق اہل سنت کی ترجمانی کرتے ہوئے اس مؤقف پر جو دلائل پیش فرمائے ہیں اس پر اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم عطا فرمائے (آمین)

اللہ تعالیٰ ہمیں معتقدات اہل سنت پر استقامت عطا فرمائے اور انہی پر ہمیں موت عطا فرمائے اور اگر وہ ناجیہ متصورہ کی صفوں میں اٹھنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

نبی کے چار یار اللہ اکبر
ابوبکر و عمر، عثمان و حیدر
کوئی بھی ان کے ہم پلہ نہیں ہے
نہیں ہے ان ظفر واللہ نہیں ہے
پھر ان میں بعض سے ہیں بعض اعلیٰ
جس پر شاہد کلام رب تعالیٰ
نبی کے بعد ہیں صدیق اکبر
پھر ان کے بعد عمر، عثمان و حیدر
ظفر یہ صدقہ مولیٰ علی ہے
کہ تجھ پہ جاری فیضان نبی ہے

بندہ ناچیز:
ابوالحسنین سید ظفر شاہ بنوری
پرنسپل جامعہ غوثیہ بنوریہ کوہاٹ

Marfat.com

# تقریظ

عالم نبیل فاضل جلیل حضرت علامہ

شہزاد احمد مجددی صاحب

امیر مرکز تحقیق اسلامی دار الاخلاص لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔اما بعد

فاضل مکرم مولانا فدا حسین رضوی زید مجدہ کی تالیف لطیف "نعرہ تحقیق حق چار یار" پیش نظر ہے۔ کتاب کے مندرجات دیکھنے سے اندازہ ہوا کہ فاضل موصوف نے دور حاضر میں تفضیلیت اور اس کے زیر اثر پھیلنے والے مبنی بر رافضیت عقائد و نظریات کو شدت سے محسوس کرتے ہوئے۔ اپنی ایمانی و علمی ذمہ داری کو پورا کیا ہے۔ حضرات خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کی فضلیت و بزرگی ہر قسم کے شک و ریب سے پاک ہے اور بقول حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ ان کی فضلیت کی ترتیب بھی وہی ہے جو ان کی خلافت کی ترتیب ہے اور یہی ائمہ مسلمین اور امت صلحاء کا اجماعی عقیدہ ہے۔

آج ضرورت ہے کہ مسلمانوں کے امام اول۔ ثانی اثنین۔ خلیفۃ الرسول بلا فصل حضرت سیدنا وامامنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور مسلمانوں کے دوسرے امام سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا تذکرہ زیادہ تفصیل و جزئیات کے ساتھ اہل سنت کے تقریبات و محافل میں کیا جائے تاکہ اپنی آنے والی نسلوں کو بد عقیدگی خصوصاً رافضیت و تفضیلیت کے بد اثرات اور مہلک جراثیم سے بچایا جا سکے۔

Marfat.com

اعلی حضرت فاضل بریلوی علیہ رحمۃ اللہ نے سیدنا حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ کی شان میں کیا خوب فرمایا ہے

ماحی رفض وتفضیل ونصب وخروج
حامی دین وسنت پہ لاکھوں سلام

اور جہاں تک بات ہے اہل بیت کو پنجتن میں منحصر کرنے کی تو ملاحظہ ہو دور رسالت میں تو خاندان ابو بکر کو بھی آل رسول کہا جاتا تھا۔

امام جعفر اپنے والد امام باقر رضی اللہ عنہم سے روایت ہیں:

"قال کان أ ل ابی بکر رضی اللہ عنہ یدعون علی عهد رسول الله ﷺ ال محمد ﷺ "۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اہل خاندان کو رسول اللہ کے زمانے میں اٰل رسول کہہ کر پکارا جاتا تھا۔

(امام دار قطنی کی کتاب فضائل الصحابہ صفحہ نمبر 91)

دعا ہے کہ مولی تعالیٰ جل شانہ حضرت فاضل مکرم مولانا فدا حسین رضوی زید مجدہ کے ذوق تصنیف و تالیف اور توفیقات میں برکت فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین

احقر العباد

محمد شہزاد مجددی عفی اللہ عنہ

دارالاخلاص مرکز تحقیق اسلامی، لاہور

Marfat.com

یا اللہ جل جلالہ　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　یا رسول اللہ ﷺ

# سخن اوّلین

الحمد للہ الذی ھدانا وکفانا واوانا عن الرفض والخروج وکل بلاء نجانا والصلوۃ والسلام علی سیدنا ومولنا و ملجانا ومأوانا محمد والہ وصحبہ الاولین ایمانا والاحسنین احسانا والامکنین ایقانا۔ (امین)

ہمارے ذہن پر چھائے نہیں ہیں حرص کے سائے
جو ہم محسوس کرتے ہیں وہی تحریر کرتے ہیں

ابو البشر، خلیفۃ اللہ فی الارض، مسجود ملائکہ حضرت سیدنا آدم علی نبینا علیہ السلام سے لے کر پیغمبر آخر الزمان آقا نامدار مدنی تاجدار تاجدار عرب و عجم جناب محمد رسول اللہ ﷺ تک رب ذوالجلال نے جتنے بھی انبیاء ورسل بھیجے ان میں جو مرتبہ و مقام اللہ تعالیٰ نے تاجدار کائنات ﷺ کو عطا کیا وہ کسی اور نبی ورسول کو میسر نہیں ہے۔ اور اسکے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم ﷺ کی صحابیت کیلئے جن ذوات قدسیہ کو چنا وہ مرسلین ملائکہ ورسل وانبیاء بشر صلوات اللہ وتسلیماتہ کے ماسوا باقی تمام کائنات سے افضل واعلیٰ ہیں اور پھر حضور ﷺ کے ان جانثاروں میں سے آپ کے چار یاروں کو منتخب فرمایا اور وہ مقام مرتبہ عطا کیا جو باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو میسر نہیں۔ جیسا کہ آیت استخلاف سے مراد یہ چار یار ہیں کما قال الامام الرازی

Marfat.com

اور حضور نبی کریم رؤف الرحیم کی حدیث مبارکہ میں بھی چار یار کی اصطلاح واضح طور پر موجود ہے:

"عن جابربن عبداللہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول ا ان اللہ اختار اصحابی علی جمیع العالمین سوی النبیین والمرسلین واختار لی منھم اربعة ابابکر وعمر وعثمان وعلیا فجعلھم خیر اصحابی وفی اصحابی کلھم خیر واختار امتی علی الامم واختار من امتی اربعة قرون الاول والثانی والثالث والرابع"۔ (۱)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے میرے صحابہ کو انبیاء ورسل کے سوا سارے جہانوں پر ترجیح دیتے ہوئے پسند فرمایا اور میرے صحابہ میں سے چار کو میرے لئے چن لیا یعنی ابو بکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم کو اور میرے صحابہ سب ہی بہتر ہیں اور میری امت کو سب امتوں پر پسند فرمالیا ہے اور میری امت میں سے چار زمانوں کو پسند کرلیا ہے خلیفہ اوّل کا زمانہ، خلیفہ ثانی کا زمانہ، خلیفہ ثالث کا زمانہ اور خلیفہ رابع کا زمانہ۔

اس حدیث مبارکہ سے چار یار کی تخصیص بالکل واضح ہے اور ساتھ ہی عقیدۂ اہل سنت بھی ملاحظہ فرمالیں تاکہ پتہ چل جائے کہ نعرۂ تحقیق حق چار یار اہل سنت کے عقیدۂ میں داخل ہے اور کسی سنی کیلئے اس سے انحراف ممکن نہیں، کوئی کرتا ہے تو وہ سنی نہیں۔ بلکہ وہ تو رافضیت کی طرف رواں دواں ہے حیرت ہے بعض لوگ عقیدۂ عقیدۂ کی تو بڑی رٹ لگاتے ہیں لیکن خود عقیدۂ اہل سنت سے نا آشنا ہیں۔

خاک نکالیں گے بل وہ میری زلفوں کے
اپنی زلفوں کے بل تو نکالے نہ گئے ان سے

(۱) الریاض النضرة ص۴۷ مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت لبنان---الشقاء فی تعریف حقوق المصطفی ﷺ، الشریعه ص ۴۳۱ مطبوعه دار الحدیث قاہره

Marfat.com

عقائد نسفی میں ہے:

"افضل البشر بعد نبینا ابو بکر الصدیق ثم عمر الفاروق ثم عثمان ذوالنورین ثم علی المرتضی رضوان اللہ علیہم اجمعین"۔[1]

ہمارے نبی کریم ﷺ (اور دیگر انبیاء علیہم السلام) کے بعد تمام انسانوں سے افضل حضرت ابو بکر صدیق پھر حضرت عمر فاروق پھر عثمان ذوالنورین پھر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم ہیں۔

اور "برکت المصطفی فی الہند" حضرت شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی چار یار کا نعرہ لگا کر عقیدۂ اہل سنت کی وضاحت فرمائی ہے آپ یوں رقم فرماتے ہیں:

"ومقام ثانی آنکه افضلیت خلفاء اربعة بترتیب خلافت است یعنی افضل اصحاب ابوبکر است ثم عمر ثم عثمان ثم علی"۔[2]

اور مقام ثانی یہ ہے کہ خلفاء اربعہ کے مراتب ترتیب خلافت کے ساتھ ہیں۔ یعنی تمام صحابہ سے افضل ابو بکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

حق چار یار کا مطلب بھی یہی ہے کہ حضور ﷺ کے چار یار انبیاء کے بعد سب سے افضل ہیں چاروں کی فضیلت حق ہے وہ بھی ترتیب وار اور جو فضیلت اللہ تعالی نے ان چاروں کو جس ترتیب سے دے رکھی تھی رب تعالی نے وہی ترتیب ان کی خلافت میں بھی رکھی۔[3]

(1) عقائد نسفی ص ۱۸۰ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور

(2) تکمیل الایمان ص ۱۴۵ مطبوعہ الرحیم اکیڈمی کراچی

(3) نجوم الفرقان زیر آیت ان الذین آمنو ثم کفروا ثم آمنوا۔ الخ

Marfat.com

حضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی حق چار یار کی اصطلاح اہل سنت کا نعرہ قرار دیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے (1)

قبلہ عالم پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی حق چار یار کے نعرہ کو سنیوں کا نعرہ قرار دیا ہے۔ "آپ رحمۃ اللہ علیہ سے پاک پتن شریف عرس کے موقع پر ایک غیر مقلد مولوی نے پوچھا کہ زائرین فرید فرید کیوں پکارتے ہیں، اللہ۔ اللہ کیوں نہیں کہتے؟ حضرت نے فرمایا کہ عرس کے موقعہ پر زائرین کا پورا نعرہ یہ ہوتا ہے:

اللہ محمد چار یار        حاجی خواجہ قطب فرید (2)

اسلاف اہل سنت کی عبارات میں بھی چار یار کی اصطلاح اظہر من الشمس ہے۔ اسی لیے اہل سنت وجماعت حنفی بریلوی اپنی محافل میں نعرۂ تحقیق حق چار یار لگا کر اس عقیدے کا اظہار کرتے ہیں کہ چاروں حق ہیں، ان کی فضیلت بھی حق ہے اور وہ فضیلت ہے بھی ترتیب وار یعنی جو فضیلت اللہ تعالیٰ نے ان چاروں کو جس ترتیب سے دے رکھی تھی وہی ترتیب ان کی خلافت میں بھی رکھی یعنی چاروں کی خلافت حق ہے۔

یعنی اہل سنت وجماعت کی محافل میں نعرہ تحقیق حق چار یار لگا کر عقیدہ اہل سنت کا اظہار و پرچار کیا جاتا ہے۔ لیکن افسوس، بعض لوگوں نے حق چار یار کی اصطلاح کی مخالفت

---

(1) حدائق بخشش ص ۵۰ مطبوعہ خزینہ علم وادب لاہور
(2) مہر منیر ص نمبر ۴۳۱ مقام اشاعت گولڑہ شریف ضلع اسلام آباد

Marfat.com

شروع کر دی ہے۔ طرفہ تماشا تو یہ کہ ان کی تحقیق کا خلاصہ کچھ اس انداز میں سامنے آیا ہے کہ:

(۱) نعرہ تحقیق ۱۹۵۳ء کی ایجاد ہے اس سے پہلے اس کا کوئی ثبوت نہیں۔
(۲) ایک صحابی ساری امت سے افضل ہے اور گنہگار بھی ہے۔
(۳) پنج تن پاک ہی اہل بیت ہیں حضور ﷺ کی ازواج مطہرات اہل بیت میں داخل نہیں اور شان تطہیر پنج تن پاک کے ماسوا کسی کو بھی حاصل نہیں ہے۔
(۴) اور کہا ہے کہ نعرہ تحقیق حق چار یار لگانے سے بغض اہل بیت کی بو آتی ہے۔

حالانکہ چار کی تخصیص رب ذوالجلال نے بھی فرمائی اور پھر یہ وضاحت تاجدار کائنات ﷺ کی احادیث مبارکہ میں بھی آئی ہے علاوہ ازیں صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور اکابر اہل سنت و جماعت نے بھی ہمیں یہی راہ دکھائی۔

اصل میں ''چار یار'' کی اصطلاح کے مخالفین کی یہ انوکھی اور البیلی تحقیق مخالفین اہل سنت کی محافل میں جانے سے سامنے آئی اگر یہ لوگ ان سے دور رہتے تو یہ کیفیت سامنے نہ آتی جبکہ ہمارے اسلاف نے تو ہمیں یہ سبق دیا ہے کہ ان کی محافل میں جانا تو بڑے دور کی بات ہے ان سے ہاتھ تک نہیں ملانا چاہئے۔ جیسا کہ قبلہ عالم قطب وقت پروردہ اعلحضرت مولانا سردار احمد صاحب محدث اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق مولانا محمد عنایت اللہ قادری سانگلہ ہل والے اکثر بیان کرتے تھے کہ ایک دفعہ لائل پور (فیصل آباد) کا حاکم اعلی شیعہ ڈی سی، حضرت محدث اعظم پاکستان کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا اور آپ سے مصافحہ کرنا چاہا تو آپ نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ جس کے دل میں میرے آقا و مولا سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا بغض اور کینہ ہو، میرا ایمان اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ میں اس کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دوں۔ قیامت کے دن میں حضور ﷺ کی بارگاہ بے کس پناہ میں کون سا منہ لے کر حاضر ہوں گا۔ چنانچہ آپ کی استقامت اور غیرت ایمانی دیکھ کر وہ زار و قطار رونے

Marfat.com

اورآپ کے ہاتھ مبارک پر سابقہ مذہب سے توبہ کر کے سچا مسلمان اور آپ کا مرید ہو
ے (1)

اسی طرح ایک دفعہ کچھ لوگ حضرت محدث اعظم پاکستان کی خدمت عالیہ میں حاضر ہو
عرض کرنے لگے کہ حضور ہم نے جلسہ کروانا ہے، آپ تشریف لے چلئے۔ تو حضرت
ث اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے دریافت فرمایا اور کون کون سے عالم یا مقرر آرہے ہیں؟ تو جب
پ کو معلوم ہوا کہ ایک وہ مقرر بھی بلایا گیا ہے جو سیدنا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے بغض
ناد رکھتا ہے تو آپ یعنی محدث اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ نے اس جلسہ میں شمولیت سے انکار
دیا۔ (2)

ا جو لوگ رافضیوں کے پاس جا کر تقریریں کرتے ہیں اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے
اف خبث باطن کا اظہار کرتے ہوئے ان پر طعن کرتے ہیں اور پیسوں کے چند ٹکوں کی
اطر عقیدوں کے تاجر بن جاتے ہیں ان کو ہوش کے ناخن لینے چاہیں کیونکہ کوئی سنی حنفی
یلوی پیسوں کی خاطر اپنا عقیدہ نہیں بیچتا عقیدوں کی تجارت کرنا یہ خارجیوں اور رافضیوں
کام ہے میرے اعلحضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت فارق حق وباطل قاطع رافضیت
خارجیت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بڑے واضح الفاظ میں یہ درس دیا ہے
لہ پیسے کی خاطر کبھی نہ بکنا۔

کروں مدح اہل دول رضا پڑے اس بلا میں مری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا مرا دین پارۂ ناں نہیں۔

بہر حال مختصر یہ کہ صورت حال یہاں آ پہنچی ہے کے شریروں کے اس ٹولہ نے سستی
شہرت کمانے اور غیروں کی ہمدردیاں حاصل کرنے اور ہر دلعزیز بننے کیلئے

(1) سنی شیعہ بھائی بھائی کیسے ص۳۱
(2) سنی شیعہ بھائی بھائی کیسے ص۳۲

Marfat.com

نعرۂ تحقیق حق چار یار کے عقیدہ اہل سنت کی پختہ دیوار میں شگاف ڈالنے کی ناپاک جسارت کی ہے۔ لہذا جب حالات اس طرح ہو جائیں تو دیکھنا چاہئے تاجدار کائنات ﷺ کے اس فرمان کی طرف کہ آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ میری امت میں ہر دور میں ایسے لوگ پیدا ہوتے رہیں گے جو غالیوں کی تحریف، مبطلین کی علمی چوری اور حامیوں کی جاہلانہ تاویل کرنے کی نفی کرتے رہیں گے:

"قال رسول الله ﷺ يحمل هذا العلم من كل خلف عدوله ينفون عنه تحريف الغالين وانتحال المبطلين وتاويل الجاهلين رواه البيهقى"۔ (1)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس علم کو ہر پچھلی جماعت میں سے پرہیز گار لوگ اٹھتے رہیں گے جو غلو والوں کی تبدیلیاں اور جھوٹوں کی دروغ بیانیاں اور جاہلوں کی ہیر پھیر اس سے دور کرتے رہیں گے۔

اور ایک دوسری حدیث مبارکہ میں ہے کہ مصطفی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

"انه ﷺ قال اذا ظهرت الفتن أو قال البدع وسب اصحابى فليظهر العالم علمه فمن لم يفعل ذلك فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين لا يقبل الله منه صرفا ولا عدلا"۔ (2)

بیشک جب فتنوں یا بدعتوں کا ظہور ہو اور میرے صحابہ کو گالیاں دی جانے لگیں تو علم والوں کو اپنا علم ضرور ظاہر کرنا چاہئے پس جو صاحب

(1) مشکوۃ شریف جزاص۳۶رقم حدیث۲۳۰مطبوعه مکتبه رحمانیه لاهور، مسند الشامین ج ص ۳۴۴ رقم ۵۹۹ موسسة الرساله بیروت، الفتاوی الحدیثیه ص ۲۸۵، تفسیر قرطبی ج۱ ص ۳۶، دار عالم الکتب الریاض سعودیه، شرح مشکل الآثارج ۱۰ ص ۱۷رقم ۳۸۸۴موسسة الرساله بیروت، البدر المنیر ج ص ۵۹۹ مطبوعه ریاض سعودیه، الضعفاء ج۱ ص ۹،۱۰مطبوعه دار الکتب العلمیه بیروت، الحاوی الکبیر ج۱۶ ص ۲۰۷ دار الفکر بیروت، تهذیب اللغه ج۷ ص ۱۷۸ دار احیاء التراث العربی بیروت، قوت القلوب فی معاملة المحبوب ج۱ ص ۲۹۶دار الکتب العلمیه بیروت

(2) الصواعق المحرقه ص ۳مطبوعه کتب خانه مجیدیه ملتان، مکتوبات امام ربانی ج۱ص۲۱۷ مکتوب نمبر۲۵۱ مطبوعه ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

Marfat.com

علم ایسا نہ کرے اس پر اللہ کی لعنت، اس کے فرشتوں کی لعنت، اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی اور اسکی کوئی فرضی و نفلی عبادت قبول نہ ہوگی۔

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ ہر دور میں جاہلانہ تاویلیں ہوں گی غالیانہ تحریفات ہوں گی اور علمی سرقے ہوں گے اور یہ حرکتیں کرنے والے خود کو مسلمان کہیں گے اور ان پر گرفت کرنے والے اس امت کے ذمہ دار لوگ ہوں گے۔ بنا بر ایں جب علماء سوء نے اپنی شیطنت، فرعونیت، نمرودیت اور خاص کر سبائیت کا اظہار کرنا شروع کر دیا ہے تو فقیر نے بھی یہ سوچا کہ اپنی استطاعت کے مطابق احقاق حق اور ابطال باطل کا فریضہ سر انجام دیا جائے۔

ایسے حالات میں مذکورہ ذمہ داری تو علماء کی ہے لیکن عوام یہ نہ سمجھیں کہ وہ بری الذمہ ہے۔ بلکہ عوام کو ایسے حالات میں یہ کار خیر سر انجام دینا ہے کہ ایسے بد مذہبوں، یہودیت کے کاسہ لیسوں سے مکمل بائیکاٹ کرنا چاہئے کیونکہ رافضیوں کا جو بھی ٹولہ ہو چاہے وہ خال المؤمنین سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو کتوں کی طرح بھونک کر اپنی عاقبت خراب کرنے والا ہو یا شان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرنے والوں کو پاگل کہنے والا ہو یا یہ کہنے والا نیم رافضی ہو کہ ہم سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو صرف صحابی مانتے ہیں شان نہیں بیان کرتے (کیونکہ جس کی شان اللہ تعالی بیان کرے مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیان کریں اور صحابہ اور تابعین کریں تو پھر کسی کی کیا مجال کہ اس کو شان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرنے سے قولنج کا درد پڑے) یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کو انکی اہل بیت سے نکالنے والا ہو، چاہے۔ امام المشارق والمغارب اسد اللہ الغالب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق مطلقا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر فضیلت دینے والا ہو، چاہے فضیلت ظاہری دے یا باطنی اور چاہے تو نعرہ تحقیق حق چار یار کی مخالفت کرنے والا کوئی ٹولہ ہو یا اس سے اوپر والی انکی جملہ اقسام ہوں ان سے دور رہو ان کے نزدیک نہ جاؤ ورنہ آج نہیں تو کل اپنا ایمان گنوا بیٹھو گے کیونکہ رافضیت یہودیت کی

Marfat.com

شاخ ہے" کما یقال:الرفض ماخوذ من الیہودیة "یعنی رافضیت ماخوذ ہے یہودیت سے۔

## روافض یہود ونصاریٰ سے بھی دو ہاتھ آگے ہیں:

"بلکہ یہ روافض تو عیاریوں، مکاریوں، حیاداریوں کے اس سٹیج پر پہنچے ہوئے ہیں کہ یہود ونصاریٰ سے بھی بدتر ہیں"۔

مذکورہ بات کو عمرو بن شرحبیل رضی اللہ عنہ کے اس عبرت آموز فرمان کی روشنی میں ملاحظہ فرمائیں۔ حضرت عمرو بن شرحبیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

" یامالک تفاضلت الیہود والنصاری علی الرافضة بخصلة سئلت الیہود من خیرأهل ملتکم فقالت أصحاب موسی علیہ السلام وسئلت النصاری من خیر أهل ملتکم فقالوا حواری عیسی علیہ السلام وسئلت الرفضة من شر أهل ملتکم فقالوا أصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم"۔ (1)

اے مالک رافضی، یہود ونصاریٰ سے بھی ایک قدم آگے ہیں (کیونکہ) اگر یہود سے پوچھا جائے کہ تمہاری ملت میں سب سے افضل کون ہے؟ تو وہ جواب دیں گے اصحاب موسیٰ۔ عیسائیوں سے یہ سوال پوچھا جائے تو وہ کہیں گے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے حواری لیکن اگر رافضیوں سے پوچھا

(1) الصواعق المحرقه ص ۲۵۲ مطبوعه کتب خانه مجیدیه ملتان، تفسیر قرطبی ج۱۸ ص ۳۳ سوره عشر زیر آیت ۱۰، الکشف والبیان عن تفسیر القرآن ج۹ ص ۲۸۲ دار احیاء التراث العربی بیروت، تفسیر اللباب لابن عادل ج۱۸ ص ۵۹۷ دار الکتب العلمیه بیروت، تفسیر مظهری ج۹ ص ۲۴۵ مکتبة الرشیدیه کوئٹه پاکستان، لباب التاویل فی معانی التنزیل ج۴ ص ۲۷۲ دار الکتب العلمیه بیروت، تفسیر السراج المنیر ج۴ ص ۲۶۱ بیروت

Marfat.com

جائے کہ من شر فی ملتکم ؟تمہاری ملت میں بدترین لوگ کون ہیں ؟تو یہ بدبخت کہیں گے اصحاب محمد ﷺ۔

ی بات کو قدرے تفصیل سے صاحب نبراس نے یوں ذکر فرمایا ہے۔

مام عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وذكر بعض الا كابر ان الروافض شر من اليهود والنصارى فان اليهود على ان خير الامم اصحاب موسى على نبيناعليه السلام والنصارى على ان خير هم اصحاب عيسى على نبينا عليه السلام والروافض على ان شر الناس اصحاب محمد ﷺ وقال الامام الرازى نملة وادى النمل اعقل من الروافض فانها قالت ادخلوا مساكنكم لا يحطمنكم سليمان وجنوده وهم لايشعرون فانها لم يجز الظلم من اصحاب سليمان على نبيناعليه السلام عمدا على النمل والروافض يعتقدون الظلم من اصحاب محمدا على اهل بيته۔(1)

بعض اکابر نے ذکر فرمایا کہ روافض یہود و نصاری سے زیادہ برے ہیں کیونکہ یہود کا عقیدہ یہ ہے کہ امت کے بہترین افراد وہ ہیں جو اصحاب موسی علی نبیناعلیہ السلام ہیں اور نصاری کا عقیدہ یہ ہے کہ امت کے بہترین افراد وہ ہیں جو حضرت عیسی علی نبیناعلیہ السلام کے صحابہ ہیں اور روافض و شیعہ کا عقیدہ یہ ہے کہ تمام لوگوں سے بدترین اصحاب محمد ﷺ ہیں۔(العیاذ باللہ تعالی۔)

(1) نبراس شرح شرح عقائدص۹۶،۲۹۵مطبوعہ مؤسسۃ الشرف بلاہور

Marfat.com

## وادیٔ نمل کی چیونٹی روافض سے زیادہ عقل مند تھی:

امام فخر الملت والدین امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں وادی نمل کی چیونٹی روافض سے زیادہ عقل مند تھی کیونکہ اس نے چیونٹیوں سے کہا تھا اپنے اپنے بلوں میں داخل ہو جاؤ کہیں سلیمان علی نبینا علیہ السلام کا لشکر عدم شعور کی وجہ سے تمہیں پاؤں تلے روند نہ ڈالے۔ تو انہوں نے اصحاب سلیمان علیہ السلام پر عمداً چیونٹیوں پر ظلم جائز نہ رکھا لیکن روافض کا عقیدہ ہے کہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ظلم کیا۔

مذکورہ بالا اقوال آئمہ کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ روافض یہود و نصاری کی لابی ہے بلکہ یہود و نصاری سے بھی بدتر ہیں، یہود و ہنود کے متعلق اللہ رب ذوالجلال نے اپنی لاریب کتاب قرآن کریم میں فرمایا:

"یایھا الذین امنوا لا تتخذوا ا لیھود والنصری أولیاء بعضھم أولیاء بعض ومن یتولھم منکم فانه منھم ان اللہ لا یھدی القوم الظلمین"۔(1)

اے ایمان والو یہود و نصاری کو دوست نہ بناؤ۔ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہی میں سے ہے بیشک اللہ بے انصافوں کو راہ نہیں دیتا۔(2)

**شان نزول:** یہ آیت مقدسہ حضرت عبادہ بن صامت صحابی اور عبد اللہ ابن ابی منافق کے متعلق نازل ہوئی:

"حضرت عبادہ نے فرمایا کہ بڑے شان و شوکت والے یہودی میرے دوست ہیں۔ لیکن اب میں اللہ اور رسول کے سوا تمام کی دوستیوں

(1) سورۃ المائدہ رکوع ۸ آیت ۵۱
(2) ترجمہ کنزالایمان

Marfat.com

سے بیزار ہوں۔ عبد اللہ ابن ابی بولا کہ مجھے یہود کے ساتھ تعلقات رکھنا ضروری ہیں مجھے ان سے محبت ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ان دونوں کی گفتگو سن کر اس منافق سے فرمایا یہود سے دوستی رکھنا تیرا ہی کام ہے عبادہ کا کام نہیں"۔ (۱)

اب اس آیت مقدسہ اور اس کا شان نزول جان لینے کے بعد یہ بات اظہر من الشمس ہو جاتی ہے کہ ان کو دوست نہیں بنانا چاہئے ان کے ساتھ اٹھنا، بیٹھنا، کھانا، پینا، دوستی یاری میل ملاپ انکو اپنی محفلوں میں بلانا اور انکی محفلوں میں جانا انکی تقریریں سننا اور باوجود علم کے انکی تعظیم کرنا انکے جنازوں میں جانا، ان سے جنازے پڑھوانا اور ان کے ساتھ کسی بھی لحاظ سے تعاون کرنا چاہے پیسے کے لحاظ سے ہو یا کسی اور اعتبار سے یہ سب مسلمانوں کا کام نہیں کیونکہ یہ عمل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نہیں کیا بلکہ ان معاملات میں ان سے تعلق رکھنا منافقوں کا کام ہے جو عبد اللہ ابن ابی کی اولاد اور جانشین ہیں ان کا کام ہے۔ مگر افسوس

جن سے حکم وصل تھا ان کے محلے سے گئے
جن سے حکم فصل تھا بیٹھے ہیں ان کی گود میں

اور بات صرف منافقت تک موقوف نہیں بلکہ قرآن کریم میں رب ذوالجلال نے فرمادیا ہے" ومن یتولھم منکم فانه منھم "کہ تم میں سے جو ان سے دوستی یاری رکھے گا تو وہ بھی انہی میں سے ہے کیونکہ انکی تعظیم کرنے والا اور جاکر ان کی گود میں بیٹھنے والا مسلمان نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ فیصلہ نص قرآنی کا ہے کسی عام مولوی کی بات نہیں ہے اور اسی پر احادیث نبویہ کو ذکر کردوں تاکہ انکار کی گنجائش باقی نہ رہے۔ اور اگر کوئی انکار کرے تو کم از کم اسے قرآن اور حدیث رسول ﷺ کا منکر تو کہا جاسکے۔

---

(۱) نورالعرفان۔صفحہ۱۴۰مطبوعہ نعیمی کتب خانہ گجرات

Marfat.com

## روافض سے دوستی:

بعض لوگ خود تو صحیح العقیدہ ہوتے ہیں لیکن ان کی روافض کے ساتھ دوستی ہوتی ہے جس کی بنا پر روافض کی صحبت ان پر اثر کر جاتی ہے اور بالآخر وہ بھی اس گندے مذہب کی دلدل میں پھنس جاتے ہیں۔ مصطفی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"المرء علی دین خلیلہ فلینظر احدکم من یخالل"۔
یعنی آدمی اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے خوب غور کر لیا کرو کہ تمہارا اٹھنا بیٹھنا کن لوگوں کے ساتھ ہے۔ (1)

مصطفی کریم ﷺ کا فرمان حق اور اٹل ہے رافضی کا دوست آج نہیں تو کل ضرور رافضی ہو جاتا ہے بلکہ فقیر نے تو خود مشاہدہ کیا ہے کہ دوستی کی وجہ سے بڑے بڑے زاہد کٹر رافضیوں کا دفاع کرتے ہیں اور ان کی خرافات کی تائید بھی کرتے ہیں۔

دار قطنی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا:

"عن علی رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال سیأ تی من بعدی قوم لہم نبز یقال لہم الرافضۃ فان ادرکتہم فا قتلہم فانہم مشرکون قال قلت یا رسول اللہ ما العلامۃ فیہم قال یقرظونک بما لیس فیک ویطعنون علی السلف وکذلک من طریق اخری وزاد عنہ ینتحلون حبنااھل البیت ولیسو ا کذلک وآیۃ ذالک أنہم یسبون ابا بکر وعمر رضی اللہ عنہم"۔ (2)

---

(1) ابوداؤد، ترمذی، مشکوۃ شریف ج۱، ص ۴۲۷ مطبوعہ لاہور

(2) الصواعق المحرقہ ص۵ مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان، الصارم المسلول ص ۵۸۳ مطبوعہ سعودیہ، شم العواض فی ذم الروافض ص ۶۷تا ۶۹، المعجم الاوسط ج۶ ص ۳۵۴ حدیث نمبر ۶۶۰۵، السنۃ لابن ابی عاصم ج۲ ص ۴۷۴ رقم ۹۷۹ المکتبۃ الاسلامی بیروت، السنن الوارده ج ۳ ص

Marfat.com

عنقریب میرے بعد ایک قوم ہو گی جن کا برا لقب ہو گا جنہیں رافضی کہا جائے گا۔ اگر تو انہیں پائے تو قتل کر دینا کیونکہ وہ مشرک ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ان کی نشانی کیا ہو گی؟ فرمایا کہ وہ آپ کی طرف ایسی چیزیں منسوب کریں گے جو آپ میں موجود نہیں اور سلف پر طعن کریں گے۔ اور ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ زائد بیان کئے ہیں کہ وہ اپنے آپ کو اہل بیت کی طرف منسوب کریں گے حالانکہ انہیں ان سے کوئی نسبت نہ ہو گی اور ان کی علامت یہ ہو گی کہ وہ حضرت ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہم کو گالیاں دیتے ہوں گے۔

اسی طرح یہ روایت حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی کئی طرق سے آئی ہے۔ آخر میں صاحب دار قطنی کہتے ہیں کہ یہ حدیث ہمارے پاس بہت سے طرق سے آئی ہے۔

مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارکہ سے اتنی بات واضح ہے کہ یہ اپنے آپ کو اہل بیت کی طرف منسوب کرتے ہیں اور اپنے آپ کو محب اہل بیت کہتے ہیں (1) لیکن یہ اس دعوے میں جھوٹے ہیں۔ اسی لئے میرے آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے میل جول کے متعلق فرمایا:

"عن انس رضی اللہ عنہ ان اللہ اختارنی واختارلی اصحابا واصھارا وسیاتی قوم یسبونھم وینتقصونھم فلا تجالسوھم ولاتشاربوھم ولا تواکلوھم ولاتناکحوھم"۔ (2)

---

۶۱۶الریاض السعودیہ، مجمع الزوائد ج۹ ص ۴۴۸ رقم ۱۶۴۳۱ دار الفکر بیروت، العلل الواردہ فی الاحادیث النبویہ ج۱۵ ص ۱۸۱ دار طیبہ ریاض، الکامل فی الضعفاء ج۳ ص ۵۴۵ دار الکتب العلمیہ بیروت، الاسامی والکنی ج۵ ص ۳۳ دار الغرباء المدینہ۔

(1) ان کی تقریروں میں ہم اہل بیت کے دھڑے کے لوگ ہیں کے الفاظ واضح طور پر سنے جا سکتے ہیں۔

(2) الصواعق المحرقہ ص ۴ مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان، الفتح الکبیر فی ذم زیادۃ الی جامع الصغیر ج۱ ص ۲۹۷ رقم ۳۲۲۵ دار الفکر بیروت، الضعفاء ج۱ ص ۱۲۶ دار الکتب العلمیہ بیروت، الجامع الاحادیث رقم ۶۶۲۵ کنز العمال رقم ۳۲۴۶۸، جمع الجوامع رقم ۲۰۷۲

Marfat.com

بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لئے میرے صحابہ اور میرے سسرال پسند فرمائے، عنقریب کچھ لوگ آئیں گے جو انکو گالیاں دیتے ہوں گے اور انکی تنقیص کرتے ہوں گے تم انکے ساتھ مت بیٹھنا اور نہ ان کے ساتھ کھانا پینا اور نہ ہی ان سے نکاح کا معاملہ کرنا۔ اور ایک روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے اس میں یہ الفاظ زائد ہیں کہ "الا فلا تصلوا معهم،الا فلا تصلوا عليهم،عليهم حلت اللعنة" خبردار ان کے ساتھ نماز بھی نہ پڑھنا اور خبردار انکی نماز جنازہ بھی نہ پڑھنا اور ان پر لعنت بھیجنا واجب ہے۔ (1)

## اعلحضرت کے قلم سے:

امام اہل سنت فارق حق وباطل محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ متواتر حدیثیں آ... سلف وخلف کے اقوال آئے ہیں کہ بدمذہبوں سے میل جول منع ہے اور ان سے دور... واجب ہے (چہ جائیکہ کہ ان کے جلسوں میں رونق افروز ہو) ایسا شخص جو روافض سے م... جول رکھتا ہے اگر خود رافضی نہیں تو کم از کم سخت فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے نماز مک... تحریمی اور اسے امام بنانا گناہ اور جو نمازیں اس کہ پیچھے پڑھی ہوں ان کا پھیرنا (لوٹانا) واج... ہے۔ (2)

اور ایک دوسرے مقام پر مجدد دین وملت امام الشاہ احمد رضا خان فاضل بریل... رحمۃ اللہ علیہ مسلمانوں کے ضمیروں کو جھنجھوڑتے ہوئے فرماتے ہیں۔

مسلمانو: خدا اور سول (جل جلالہ، صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف متوجہ ہو کر، ایمان سے دل پر ہاتھ ... کر دیکھو اگر کچھ لوگ تمہارے ماں باپ کو رات دن بلاوجہ گالیاں دینا اپنا شیوہ کرلیں بلکہ...

---

(1) غنية الطالبين ج۱ ص۱۶۳ مطبوعه دار الكتب العلمیه بیروت
(2) فتاوی رضویه شریف ج۳ ص۲۱۶ مطبوعه رضا فاؤنڈیشن لاهور

Marfat.com

دین ٹھہرالیں کیا تم ان سے بکشادہ پیشانی ملو گے؟ حاشا ہر گز نہیں اگر تم میں نام کی غیرت باقی ہے اگر تم میں انسانیت ہے اگر تم اپنی ماں کو ماں سمجھتے ہو اگر تم اپنے باپ سے پیدا ہوئے ہو تو انہیں مخالفین والدین کو دیکھ کر تمہارے دل بھر جائیں گے، تمہاری آنکھوں میں خون اتر آئے گا، تم ان کی طرف نگاہ اٹھانا گوارا نہ کرو گے۔

## للہ انصاف:

صدیق اکبر وفاروق اعظم رضی اللہ عنہما مقام ومرتبہ میں زائد ہیں یا تمہارے ماں باپ اور ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا زائد ہیں یا تمہاری ماں ہم صدیق وفاروق کے ادنیٰ غلام ہیں اور الحمدللہ کہ ام المؤمنین کے بیٹے کہلاتے ہیں (پھر) ان کو گالیاں دینے (برا کہنے) والوں سے نرمی برتتے ہیں تو ہم نہایت نمک حرام غلام اور حد بھر کے برے ناخلف بیٹے ہیں ایمان کا تقاضہ یہ ہے آگے تم جانو یا تمہارا کام۔ (۱)

ارباب علم ودانش غور فرمالیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ اور امام اہل سنت کے اقوال سے یہ بات صراحتا سمجھ آرہی ہے کہ انکے ساتھ اٹھنا، بیٹھنا، کھانا، پینا۔ انکی مجلسوں میں جانا" ان سے نکاح کرنا ان کے ساتھ نماز پڑھنا ان کے پیچھے نماز پڑھنا" اور دیگر جمیع امور میں ان کے ساتھ تعاون کرنا منع ہے۔

لہذا غور کریں وہ لوگ جو بڑے شوق سے انکے پیچھے نمازیں پڑھتے ہیں اور پھر نمازوں میں سے بھی نماز جمعہ جو مسلمانوں کیلئے عید کا دن ہے انکو ہوش سے کام لینا چاہئے۔ کہ کہیں وہ اپنی نمازیں ضائع تو نہیں کر رہے اور رافضیت کی دلدل میں تو نہیں پھنس رہے؟ آیئے انکے پیچھے نماز پڑھنے کے متعلق اعلحضرت سے پوچھ لیتے ہیں۔ کہ امام عشق ومحبت اعلحضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت امام الشاہ احمد رضا فاضل بریلوی کیا ارشاد فرماتے ہیں۔

---

(۱) خطرہ کی گھنٹی ص ۱۱۴ مطبوعہ مکتبہ رضائے مصطفی چوک دارالسلام گوجرانوالہ

Marfat.com

عرض: ایک شخص نے وہابی کے جنازہ کی نماز پڑھی ایسے شخص کیلئے کیا حکم ہے؟

ارشاد: وہابی، رافضی، قادیانی وغیرھم کفار مرتدین کے جنازہ کی نماز پڑھنا ایسا جا
ہوئے (کہ یہ رافضی یا وہابی ہے) کفر ہے۔[1]

لہذا جب نماز جنازہ جو فرض کفایہ ہے وہ منع ہے تو نماز جو فرض عین ہے بدرجہ اولیٰ منع ہے، بلکہ نماز پڑھنا اور نہ پڑھنا تو بڑے دور کی بات ہے تاجدار کائنات نے تو ان پر لعنت کرنے کا حکم دیا ہے جیسا کے ترمذی شریف میں ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

"عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہا اذا رأیتم الذین یسبون اصحابی فقولوا لعنة اللہ علی شرکم"۔[2]

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کو برا بھلا کہتے ہیں تو کہو کہ تمہارے شر پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔

حدیث مبارکہ سے بڑے واضح طور پر یہ بات سمجھ آرہی ہے کہ ان پر لعنت کرنا اور کر
حکم دینا خود تاجدار کائنات ﷺ کی سنت ہے۔

(1) ملفوظات اعلحضرت، حصہ اوّل صفحہ ۳، مطبوعہ احمد رضا بریلوی کتب خانہ کراچی
(2) ترمذی ابواب المناقب باب فی من سب اصحاب البنیا ج۲ ص۲۲۵ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

Marfat.com

# ائمہ اہل سنت وجماعت کے ارشادات

یدہ اہل سنت:

ل سنت وجماعت کے نزدیک عقیدۃ الطحاویہ عقائد کی ایک مستند کتاب ہے جس میں فرت امام ابو جعفر الطحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے عقائد اہل سنت کو محدثین کے مسلک اور آئمہ ثلاثہ مام اعظم، امام ابو یوسف، امام محمد رضی اللہ عنہم) کے اقوال کے مطابق بڑی جامعیت سے ترتیب یا ہے اور تمام اہلسنت نے اس بے نظیر مجموعہ عقائد کو سلفاً، خلفاً قبول کیا ہے اور اس کو ھتے پڑھاتے آئے ہیں آج بھی یہ رسالہ سعودی عرب میں درساً پڑھایا جاتا ہے اس سالہ میں لکھا ہے:

"ونحب اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا نفرط فی حب احدمنهم ولا نتبرأمن احد منهم ونبغض من يبغضهم بغير الحق يذكرهم ولا نذكرهم الا بخير وحبهم دين وايمان واحسان وبغضهم كفر ونفاق وطغيان۔ الی قوله ،ومن احسن القول فی اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وازواجه وذرياته فقد برئ من النفاق"۔ (۱)

اور ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کرتے ہیں اور ان میں سے کسی کی محبت میں افراط و تفریط نہیں کرتے اور نہ ہی ان میں سے کسی سے بیزاری اور تبرّا اختیار کرتے ہیں اور ہم ہر ایسے شخص سے بغض رکھتے ہیں جو صحابہ کرام سے بغض رکھتا ہے اور انکو برائی سے

(۱) شرح العقیدۃ الطحاوی ص ۴۳۸ مطبوعہ المکتبۃ الحقانیہ محلہ جنگی پشاور

Marfat.com

یاد کرتا ہے اور ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ذکر سوائے خیر کے نہیں کرتے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت دین ایمان اور احسان ہے اور ان سے بغض کفر، نفاق، اور سرکشی ہے اور جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وازواج اور اولاد کے بارے میں حسن ظن رکھے وہ نفاق سے بری ہے۔

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ومن شتم اصحابه ادب وقال ايضا من شتم واحدا من اصحاب رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ابا بكر او عمر اوعثمان او معاويه اوعمرو بن العاص فان قال كانوا فى ضلال قتل وان شتم بغير هذ امن مشاتمة الناس نكل نكالا شديداً"۔ (۱)

حضرت امام مالک فرماتے ہیں: کہ جو صحابہ کرام پر سب وشتم کرے تو اسکی تادیب کی جائے اور جو شخص حضور علیہ السلام کے اصحاب میں سے کسی ایک صحابی خواہ حضرت ابو بکر۔ حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت معاویہ یا حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہم ہوں کے حق میں یہ کہے کہ یہ لوگ گمراہ تھے تو اسے قتل کیا جائے اور اگر انہیں عام لوگوں کی گالیوں کی طرح برا بھلا کہے تو اسے سخت سزا دی جائے گی۔

حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"وقال الميمو نى سمعت احمد يقول مالهم ولمعاوية رضی اللہ عنہ نسئل الله العافية وقال يا ابا الحسن اذا رايت احد ا

---

(1) رسائل ابن عابدین شامی ج۱ص۳۵۸ مطبوعہ مکتبہ محمودیہ سرکی روڈ کوئٹہ

Marfat.com

يذكر اصحاب رسول الله ﷺ بسوء فاتهمه على الاسلام۔" (1)

میمونی فرماتے ہیں کہ میں نے امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ لوگوں کو کیا ہو گیا؟ کہ وہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی برائی کرتے ہیں ہم اللہ تعالیٰ سے عافیت کے طلبگار ہیں۔ اور پھر مجھ سے فرمایا اے ابوالحسن جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ صحابہ کرام کا ذکر برائی کے ساتھ کر رہا ہے تو اسکے اسلام کو مشکوک و متہم سمجھو۔

[حض]رت امام ابو زرعہ رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"قال ابوزرعة الرازی اذا رایت الرجل ینتقص احدا من اصحاب رسول الله ﷺ فاعلم انه زندیق" (2)

جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ اصحاب رسول میں سے کسی کی تنقیص کر رہا ہو تو تم جان لینا کہ وہ یقیناً زندیق ہے۔

[حض]رت امام ابو بکر السرخسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ان الله تعالى اثنى عليهم فى غير موضع من كتاب كما قال الله تعالى محمد رسول الله والذين معه( الآية) ورسولا وصفهم بانهم خير الناس فقال خير الناس قرنى الذين انا فيهم والشريعة انما بلغتنا بنقلهم فمن طعن فيهم فهو ملحد منا بذ للاسلام دواؤه السيف ان لم يتب"۔ (3)

---

(1) الصارم المسلول ص ۴۱۹ تحت فصل فی حکم من سب احدامن الصحابة رضی اللہ عنہم مطبوعه مکتبة العصریه بیروت

(2) الاصابه۔ج۱ص۲۲ ثناء اهل العلم علی الصحابه مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت

(3) اصول السرخسی ج ۲ص ۱۳۴ تحت من طعن فی الصحابة فهو ملحد مطبوعه بیروت

Marfat.com

بے شک اللہ تعالی نے اپنی کتاب کے متعدد مواضع میں حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اوصاف بیان فرمائے، جیسے (محمد رسول اللہ والذین معہ الخ) اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشادات میں حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خیر الناس فرمایا ہے کہ وہ لوگ اس عہد کے خیر الناس ہیں جس دور میں میں ہوں اور شریعت ہم تک حضرات صحابہ کرام کے ذریعے نقل ہو کر پہنچی ہے پس جو شخص ان کے حق میں طعن و تشنیع کا مرتکب ہو وہ ملحد اور بے دین دائرہ اسلام کو پس پشت ڈال دینے والا ہے، اگر وہ توبہ نہ کرے تو اس کا علاج صرف تلوار ہے۔

محدث شہیر ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وقال لیضا من غاظ اصحاب محمد فھو کا فر قال اللہ تعالی لیغیظ بھم الکفار" جو شخص اصحاب رسول پر غضب ناک ہو اوہ کافر ہے کیونکہ اللہ تعالی کا ارشاد گرامی ہے" لیغیظ بھم الکفار"(۱)

روافض کی سبائیات اور ان کے بارے میں اہل سنت کے نظریہ کو واضح کر دینے کے بعد بھی اگر کوئی ان کے دامن سے لپٹا رہے تو اس کے متعلق امام اہل سنت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تو آخری وقت بھی یہ وصیت فرمادی تھی۔

پیارے بھائیو!

"تم مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کی بھولی بھیڑیں ہو اور بھیڑیئے تمہارے چاروں طرف ہیں یہ چاہتے کہ تمہیں بہکادیں۔ فتنے میں ڈال دیں۔ تمہیں اپنے ساتھ جہنم میں لے جائیں۔ ان سے

(۱) شرح شفاء لعلی قاری ص۹۸ج۲ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

ر بھاگو۔ دیوبندی ہوئے، رافضی ہوئے، نیچری ہوئے، قادیانی ہوئے، چکڑالوی ہوئے، رض کتنے ہی فرقے ہوئے، یہ سب بھیڑئے تمہارے ایمان کی تاک میں ہیں۔ ان کے لوں سے اپنا ایمان بچاؤ جس سے اللہ ورسول کی شان میں ادنی توہین پاؤ پھر وہ تمہارا کیسا ہی را کیوں نہ ہو۔ فوراً اس سے جدا ہو جاؤ جس کو بارگاہ رسالت میں ذرا بھی گستاخ دیکھو۔ پھر تمہارا کیسا ہی بزرگ معظم کیوں نہ ہو؟ اپنے اندر سے اسے دودھ کی مکھی کی طرح نکال کر ینک دو۔ میں پونے چودہ برس کی عمر سے یہی بتاتا رہا اور اس وقت بھی یہی عرض کرتا ں۔"(۱)

ابراہیں اگر آج تم نے حضور ﷺ کے یاروں کے گستاخوں کے ساتھ دوستی رکھی تو قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کو کیا جواب دوگے، کیا حضور ﷺ تمہیں قبول فرمالیں گے؟ دارا ہوش کرو اور اپنی عاقبت خراب نہ کرو۔

علحضرت رحمۃ اللہ علیہ کی صدائے دلنواز سنو اور بیدار رہو!

سوناجنگل رات اندھیری چھائی بدلی کالی ہے
سونے والو جاگتے رہیو چوروں کی رکھوالی ہے
آنکھ سے کاجل صاف چرالیں یہاں وہ چور بلا کے ہیں
تیری گٹھڑی تاکی ہے اور تو نے نیند نکالی ہے
دنیا کو تو کیا جانے یہ بس کی گانٹھ ہے حرافہ
صورت دیکھو ظالم کی تو کیسی بھولی بھالی ہے
شہد دکھائے زہر پلائے قاتل ڈائن شوہر کش
اس مردار پہ کیا للچایا دنیا دیکھی بھالی ہے
مولا تیرے عفو و کرم ہوں میرے گواہ صفائی کے
ورنہ رضا سے چور پہ تیری ڈگری تو اقبالی ہے

(۱) وصایا شریف ص ۱۲ مطبوعہ پروگیسو بکس لاہور

Marfat.com

فقیر نے پیش نظر مقالہ میں حق چار یار کے اثبات میں قرآن واحادیث صحابہ کرام، تابعی
تبع تابعین اور اولیاء کرام وعلماء اسلام رحمۃ اللہ علیہم کی تصریحات پیش کر دیں ہیں اس کے باو
بھی اگر کوئی "حق چار یار" کی اصطلاح کی مخالفت کرے تو وہ سوچے کہ وہ کن لوگوں ک
پر چل پڑا ہے کیا وہ انعام یافتہ لوگوں کی راہ چھوڑ تو نہیں رہا؟ اللہ تعالی اپنے محبوب دان
غیوب حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل ہمیں انعام یافتہ لوگوں کی راہ پر ثابت ق
رکھے۔(آمین ثم آمین)

بجاه سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ والہ واصحابہ اجمعین

احقر الع
فدائے صحابہ واہل ب
فدا حسین رضوی غف

Marfat.com

# باب اول

# حق چار یار
# پر اعتراضات کے جوابات

مجھے تو سب ہی کہتے ہیں کہ رکھیئے نظر اپنی
انہیں کوئی کیوں نہیں کہتا نہ نکلو تم عیاں ہو کر

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سبحان من هو الاوّل والآخر وهو بكل شئى عليم والصلوة والسلام على من انزل فيه عزيز عليه ماعنتم حريص عليكم بالمؤمنين رؤف رحيم وعلى اهل بيته وعترته المطهرين بتطهيره وعلى اصحابه واحبابه الذين معه اشداء على الكفار رحماء بينهم الفازة منهم بفضل جسيم وعلم عليم۔

اما بعد فاعوذ بالله من الشيطن الرجيم
بسم الله الرحمن الرحيم۔

''وعد الله الذين امنوا منكم وعملوا الصالحات ليستخلفنهم فى الارض كما استخلف الذين من قبلكم وليمكنن لهم دينهم الذى ارتضى لهم وليبدلنهم من بعد خوفهم امنا يعبدوننى لا يشركون بى شيئا ومن كفر بعد ذلك فاولئك هم الفسقون o''۔

اہل سنت وجماعت اور روافض کا اختلاف خلیفہ خامس جناب سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ میں نہیں ہے بلکہ خلفاء ثلثہ میں ہے کیونکہ پانچویں خلیفہ راشد سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کو اہل سنت وجماعت بھی خلیفہ راشد مبنی بر حق تسلیم کرتے ہیں اور روافض بھی انکو خلیفہ بر حق مانتے ہیں البتہ خلفائے ثلثہ کے متعلق اہل سنت وجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ جس طرح خلیفہ چہارم سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اپنے وقت کے خلیفہ بر حق تھے اسی طرح خلفائے ثلثہ بھی اپنے اپنے وقت میں خلیفہ بر حق تھے یعنی چاروں خلفاء کی خلافت خلافت راشدہ مبنی بر حق ہے۔ جبکہ روافض خلفائے ثلاثہ کی خلافت کو خلافت راشدہ مبنی بر حق تسلیم نہیں کرتے بلکہ

Marfat.com

وہ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بلا فصل مانتے ہیں اور خلفائے ثلثہ کے متعلق اپنی سبائیات کا اظہار کر کے جہنم کی طرف اپنی راہ ہموار کرتے ہیں۔

> ''اہل سنت و جماعت حق چار یار کا نعرہ لگا کر اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ چاروں خلفاء حق ہیں انکی فضیلت بھی حق ہے اور وہ بھی ترتیب وار ہے۔یعنی اسی فضیلت کی ترتیب سے اللہ تعالیٰ نے انکو خلافت راشدہ پر اپنے اپنے وقت پر متمکن فرمایا اور اسی نعرہ سے رافضیوں کے عقیدہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بلا فصل کا رد بھی ہو جاتا ہے اسی وجہ سے روافض نعرۂ تحقیق حق چار کہنے سے روکتے ہیں کیونکہ جب حق چار یار کہا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ چاروں خلفاء راشدین حق ہیں اور چاروں کی فضیلت ترتیب وار ہے تو اس سے ان کا مقصد حل نہیں ہوتا اس لئے کہ وہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سب سے افضل اور خلیفہ بلا فصل مانتے ہیں اور خلفاء ثلثہ کی شان کی تنقیص کرتے ہیں''۔(۱)

اور حق چار یار سے بغض، جہالت اور خبث باطن کیوجہ سے بعض لوگ چار کے عدد سے چڑتے ہیں اور چار کا لفظ سن کر ان کو قولنج کا درد پڑ جاتا ہے۔جیسا کہ علامہ سید محمود احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ ''سابق مہتمم دار العلوم حزب الاحناف لاہور'' فرماتے ہیں:

> ''رافضی عدد چار کی صرف اس لئے دشمنی کرتے ہیں کہ اہل سنت چار خلفاء کرام مانتے ہیں۔ یہ انکی کیسی گندی جہالت ہے حالانکہ آسمانی کتابیں بھی چار ہیں قرآن کریم ،تورت ،انجیل ،زبور، اگلے مرسلین اولوالعزم بھی چار ہیں نوح ،ابراہیم ،موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام ،اور اس طرح اللہ عزوجل، محمد صلی اللہ علیہ وسلم ، حیدر ،بتول ، حسین ، شہید ، عابد ، سجاد ، باقر ، صادق ،موسیٰ ، کاظم ، جواد ، مہدی رضی اللہ عنہم آئمہ سب کے چار چار حروف

(۱) نجوم الفرقان زیر آیت ان الذین امنوثم کفروا ثم امنوالخ

Marfat.com

ہیں تو ان سب سے نفرت کریں اور چار سے انکو اتنی نفرت ہے کہ اگر روٹی کے چار ٹکڑے کر دیئے جائیں تو یہ روٹی نہیں کھاتے اور اگر تین ٹکڑے کریں تو اسکو ناپسند نہیں کرتے تو اس سے پتہ چلا کہ تین میں جب چوتھا شامل ہوا تو نفرت آئی تو یہ نفرت حقیقت میں تین سے نہ ہوئی بلکہ خاص چوتھے سے نفرت ہوئی۔ تو یہ ان کا مذہب خاص ناصبیوں کا ہے، چار یار کی مخالفت کیوجہ سے انکی عقل پر پردے آگئے ہیں اور اس بے عقلی میں جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی مخالفت بھی کر بیٹھے۔" (۱)

خدا لعنت کند ایں پلید ان بدطینت را

اہل سنت وجماعت نہ تو رافضیوں، یہودیوں کے پٹھوؤں کی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے گستاخ ہیں اور نہ ہی نجدیوں، خارجیوں لعینوں کی طرح اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کے گستاخ ہیں بلکہ اہل سنت وجماعت حضور کے تمام صحابہ کا بھی احترام کرتے ہیں کیونکہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ ہیں اور ہم اہل سنت وجماعت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اہل بیت چاہے وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام ازواج مطہرات ہوں یا سیدنا علی المرتضی یا سیدہ فاطمۃ الزہرا یا سیدنا حسنین کریمین ہوں سب کے غلام ہیں۔ کیونکہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت کرام ہیں۔ اسی عقیدہ کو میرے اعلحضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت فارق حق وباطل قاطع خارجیت ورافضیت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یوں بیان فرمایا کہ:

اہل سنت کا ہے بیڑا پار اصحاب حضور صلی اللہ علیہ وسلم
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی

لہذا جو صحابہ کرام کا منکر ہو یا گستاخ وہ ملعون ہے اور جو اہل بیت کرام کا منکر ہو یا گستاخ وہ بھی اہل سنت سے خارج ہے (چاہے وہ ساری اہل بیت کا منکر ہے یا ازواج مطہرات کا) حق

(۱) شان صحابہ ص۱۹ سید محمود احمد رضوی۔ ناشر مکتبہ رضوان دربار روڈ لاہور

Marfat.com

پر وہی ہے جو دونوں کی تعظیم کرے اور دونوں کی غلامی کا پٹہ اپنے گلے میں ڈالے۔ اسی لئے آج نعرہ تحقیق حق چار یار اور نعرہ حیدری یا علی اہل سنت کی پہچان بن چکا ہے۔

کسی شاعر نے بڑی زبردست ترجمانی کی ہے:

جینوں پنج تن نال پیار نئیں اوہدے کلمے دا اعتبار نئیں
جیڑا چواں یاراں دا یار نئیں او جنت دا حقدار نئیں
لکھ نفل نمازاں پڑھ بھاویں لکھ لمبے سجدے کر بھاویں
جے توں آل رسول دا دشمن ہیں تیرا بیڑا ہونا پار نئیں

اور جو صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار میں سے کسی ایک کا بھی منکر ہے وہ خارجی یا رافضی ہے کیونکہ نعرہ تحقیق سے روکنا رافضیت اور نعرہ حیدری کی مخالفت کرنا خارجیت ہے۔ کیونکہ میرے آقا کریم ﷺ نے فرمایا:

"عن ام سلمة رضی اللہ عنہا قالت قال رسول اللہا لا یحب علیا منافق ولا یبغضه مؤمن"۔[1] "وھکذا بتغیر قلیل"۔[2]

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کوئی منافق محبت نہیں کرتا اور ان سے کوئی مومن بغض نہیں رکھتا۔

---

(1) ترمذی شریف ص ۲۱۳ ج ۲ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

(2) الصواعق المحرقہ ص ۱۲۲ مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان. مسند ابی یعلی حدیث ۶۹۳۱. المعجم الکبیر حدیث ۱۹۳۲۹، الفتح الکبیر ج ۳ ص ۳۴۰ حدیث ۱۳۸۷۷ دار الفکر بیروت. جامع الاحادیث حدیث ۱۷۵۳۱-۱۷۵۳۲، جامع الاصول من احادیث الرسول حدیث ۶۴۹۹. کنز العمال حدیث ۳۲۸۸۴. مناقب الاسد الغالب ص ۷، مکتبة القرآن مصر، جمع الجوامع للسیوطی حدیث ۱۵۹۶. مشکوۃ المصابیح حدیث ۶۰۹۱. سبل الهدی ج ۱۱ ص ۲۹۵. دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

حضرت حیدر کرار، مولیٰ مشکل کشاء رضی اللہ عنہ سے محبت صرف مؤمن ہی کرتا ہے اور علی پاک سے بغض صرف منافق ہی رکھتا ہے۔ کیونکہ کسی مومن کے دل میں بغض علی ہو ہی نہیں سکتا اسی وجہ سے نعرہ حیدری کی مخالفت کرنا خارجیوں کی علامت ہے۔ اور نعرۂ تحقیق حق چار یار سے روکنا، رافضیوں کا شیوہ ہے کیونکہ مؤمن تو یہ نعرۂ لگاتے رہے ہیں لگا رہے ہیں اور لگاتے رہیں گے اس لئے کہ یہ نعرۂ قرآن وحدیث اور اسلاف امت سے ثابت ہے۔ اس سے اگر کوئی جلتا ہے تو رافضی ہے سنی نہیں جلتا کیونکہ سنیوں کے امام قاطع رافضیت اعلحضرت فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ نے تو فرمایا ہے:

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے

اس لئے ہمیں کہنا پڑتا ہے:

کوئی سڑ دا اے سڑ جاوے کوئی مر دا اے مر جاوے
سنیاں نے تے گج وج کے چار یار دا نعرہ لاؤنڑا اے

اور اب رافضیوں نے اپنی تقریروں، وعظوں اور تحریروں میں "حق چار یار" کی مخالفت بڑھ چڑھ کر شروع کر رکھی ہے اور یہاں تک کہہ دیا کہ حق چار یار کے نعرہ سے بغض اہل بیت کی بو آتی ہے اور یہ بھی خیال نہ کیا کہ اس خباثت کا اظہار کر کے ہم قرآن وحدیث اور اسلاف کے منکر بن رہے ہیں۔ حال ہی میں اہل سنت کہلانے والوں میں سے چند لوگوں نے عوام اہل سنت کو دھوکہ دینے کیلئے ایک کتابچہ شائع کیا ہے جس میں نہایت پر فریب انداز میں نعرۂ تحقیق کی مخالفت کی گئی ہے۔

Marfat.com

ں میں لکھا گیا کہ حق چار یار یہ چار حق ہیں تو باقی صحابہ کرام؟ ۔[1] یعنی اس کے کہنے
طلب یہ ہے کہ اگر کہا جائے کے حق چار یار تو اس سے باقی صحابہ کرام کی حقانیت کی نفی
اتی ہے۔

ر ایک دوسرے مقام پر یہ بھی لکھا گیا کہ:

۱۹۵۱ سے پہلے لکھی ہوئی کتابوں سے نعرہ تحقیق نکال کر دکھائیں، نعرہ تحقیق کا کوئی اشتہار
ؤ، کوئی اعلان لاؤ، کسی کتاب میں دکھاؤ۔[2]

## روافض کا خیال پر ضلال:

روافض کا یہ کہنا کہ حق چار یار سے باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حقانیت کی نفی ہوتی ہے ان کا
خیال پر ضلال ہے یعنی محض گمراہی ہے کیونکہ ایسی بات وہی شخص کر سکتا ہے جو علم حدیث
اور عربی گرائمر سے بالکل نابلد ہو اور صحابہ کرام کے ساتھ بغض رکھتا ہو کیونکہ بخاری
و مسلم اور دیگر احادیث کا مجموعہ ہم تک پہنچا ہے صحابہ کرام کے واسطے سے اور۔۔۔

بناں عشق صحابہ جو پڑھتے ہیں بخاری
آتا ہے بخار ان کو آتی نہیں بخاری

اور حضرت کا تو دعوی یہ ہے کہ میں نے بخاری سو مرتبہ پڑھی ہے جبکہ بخاری کا مرتبہ تو بڑا
ہے مسلم شریف کو ہی دیکھ لیا ہوتا اور امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کو ہی پڑھ لیا ہوتا تو ان بدخواہیوں
تک نوبت نہ پہنچتی۔

(1) نعرہ حیدری ص ۵ قادریہ جیلانیہ پبلی کیشنز
(2) نعرہ حیدری ص ۷ قادریہ جیلانیہ پبلی کیشنز

Marfat.com

اہل سنت و جماعت کے جلیل القدر محدث امام نووی رحمۃ اللہ علیہ شارح صحیح مسلم نے شرح صحیح مسلم شریف میں یہ قاعدہ بیان فرمایا ہے کہ "لانه ليس فی ذكر القليل نفی الكثير"(1) یعنی عدد قلیل کے ذکر سے عدد کثیر کی نفی نہیں ہوتی۔

وضاحت:

عدد قلیل یعنی چار کی حقانیت کے ذکر سے عدد کثیر یعنی باقی صحابہ کی حقانیت کی نفی نہیں ہوتی۔ جب امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قاعدہ کے مطابق چار کے ذکر سے باقی صحابہ کرام کی حقانیت کی نفی نہیں ہوتی تو اس سے پتہ چلا کہ نعرہ تحقیق حق چار یار میں کوئی قباحت نہیں۔ کوئی رافضی اب اسے منع کرتا پھرے اور تاریکی کی راہ دکھائے ہم نے تو آسمان رشد کے روشن ستاروں سے روشنی لی ہے۔

جواب دوم:

اگر یہ کہا جائے کہ حق چار یار کا مطلب یہ ہے کہ چار حق ہیں اور باقی صحابہ حق نہیں (معاذ اللہ) تو یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے اور مفہوم مخالف سے استدلال احناف کے نزدیک مردود ہے۔ اس بات کو مبتدی طالب علم بھی جانتا ہے لیکن جس کا علم کے ساتھ واسطہ ہی نہ پڑا ہو اس بے چارے کا کیا قصور ہے؟ اسی لئے امام اہل سنت نے کیا خوب فرمایا:

جہالت بھی کیا بد بلا ہے
خصوصاً مرکب کہ لا دوا ہے

آیئے دیکھتے ہیں کہ مفہوم مخالف کی تعریف اور اس کے متعلق احناف کا موقف۔

---

(1) حاشیه صحیح مسلم ج ثانی ص ۵۷مطبویه شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز لاہور، نبراس ص ۲۱۷مطبوعه موسسة الشرف لاہور، ہدایه ج ۴، الدولة المكيه بالمادة الغيبية بحواله ارشاد الساری علی البخاری کتاب التفصیل س ۱۲۴

Marfat.com

## ہوم مخالف کی تعریف:

ان مفهوم المخالفة حكم يثبت للمسكوت عنه مخالفا ثبت للمذكور[1]

مفہوم مخالف یہ ہے کہ مسکوت عنہ کا حکم نفی اور اثبات بھی منطوق کے خلاف ہو لہذا مسکوت عنہ کیلئے منطوق کے خلاف حکم ثابت ہو گا۔

## ہوم مخالف کے متعلق امام صاحب کا مذہب:

امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک مفہوم مخالف کی کوئی قسم معتبر نہیں ہے شیخ ابو اسحاق شیر ازی نے شرح اللمع میں علامہ قفال شاشی اور علامہ ابو حامد مروزی سے اسی طرح نقل کیا ہے۔ اور شمس الائمہ سرخسی حنفی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب السیر میں لکھا ہے کہ خطابات شرع (قرآن وحدیث) میں مفہوم مخالف حجت نہیں ہے۔[2]

ہر حال اگر یہ کہا جائے کہ چار حق ہیں تو اس سے باقی صحابہ کی حقانیت کی نفی ہوتی ہے تو یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے اور مفہوم مخالف سے استدلال احناف کے نزدیک معتبر نہیں معترض صاحب کم از کم نور الانوار ہی پڑھ لیتے تو حالت یہاں تک نہ پہنچتی۔

## جواب ثالث:

منطق منطق کی بڑی رٹ لگائی جاتی ہے اور لوگ تو اسلاف پر طعن کرتے ہوئے اپنی علمی تعلی میں کپڑوں سے اتنے باہر ہو جاتے ہیں کہ یہاں تک کہہ دیتے ہیں کہ

---

(1) نبراس ص ۳۷۴ موسسة الشرف لاہور، شرح مسلم ج۱ ص ۴۸۵ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

(2) علامہ یحی بن شرف نووی ۶۷۶ شرح مسلم جلد۱ ص۴۸۵ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

Marfat.com

امام جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ علیہ کو منطق نہیں آتی تھی اس لئے وہ ثقہ آدمی نہیں ہیں جس شخصیت کو حالت بیداری میں پچھتہر مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار ہوا ہو وہ اگر آپ کے نزدیک بقول آپ کے منطق نہ آنے کی وجہ سے غیر ثقہ ہیں۔ تو حضرت صاحب آپکو منطق کہاں آتی ہے۔ ہم نے تو بڑا شور سنا تھا۔

بڑا شور سنتے تھے محلے میں رکشے کا
جو چیرا تو اک قطرہ پٹرول کا نہ نکلا

کیا آپ کو منطق میں یہ قاعدہ نہیں پڑھایا گیا کہ بعض کے ثبوت سے بعض کی نفی نہیں ہوتی یعنی چار کی حقانیت کے ثبوت سے باقی صحابہ کرام کی حقانیت کی نفی نہیں ہوتی۔ اگر منطق اور دیگر علوم شان صحابہ پر کام نہ دیں صرف لوگوں کو گمراہ کرنے کیلئے استعمال کیئے جائیں ایسا علم تو شیطان کے پاس بھی تھا لیکن اسکو راہ راست پر قائم نہ رکھ سکا اور محض علم آدمی کو بھٹکنے سے نہیں بچا سکتا بلکہ علم کے ساتھ اللہ تعالی کا کرم بھی شامل حال ہو تو تب کام بنتا ہے تو یہاں بھی یا تو آپ کے پاس علم غیر نافع ہے یا پھر رکشے کی طرح شور ہی شور ہے، کیونکہ چار یار کی نفی پر روافض کے پاس کوئی دلیل موجود نہیں ہے۔

اس سادگی پہ کون نہ شرمائے اے خدا
لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

## چار یار کی مناسبت سے جواب رابع:

''من كان عدوا لله وملئكته و رسله وجبريل وميكل فان الله عدو للكفرين عطف الخاص على العام قوله من عطف الخاص على العام فائدة ہذاالعطف التنبيه على فضلهما على غيرهما من الملائكة كانهما من جنس افراد التغاير فى

Marfat.com

الوصف ینزل منزلة التغایر فی الذات"۔[1]

یعنی آیت مذکور میں پہلے تمام ملائکہ کا ذکر کیا اور پھر جبرئیل اور میکائیل علیہما السلام کی تخصیص کر کے ان کو الگ ذکر کیا گیا یعنی خاص کا عطف عام پر کیا اور خاص کا عام پر عطف کر کے اس بات پر تنبیہ کی کہ یہ دونوں باقی تمام ملائکہ سے افضل ہیں تو اس افضیلت کی وجہ سے گویا کہ یہ دوسری جنس سے ہیں اس وجہ سے تغایر فی الوصف کو تغایر فی الذات کے درجے میں رکھا گیا ہے۔

## روافض کا فلسفہ:

روافض کے فلسفے کو اگر مد نظر رکھا جائے تو پھر تو (معاذ اللہ) یہ کہیں گے کہ اللہ تعالی نے دو کی تخصیص کی ہے لہذا باقی ملائکہ کے ساتھ اللہ تعالی کو بغض ہے، جب کے اہل سنت وجماعت کے نزدیک ان دو کی تخصیص ان کی فضلیت کی وجہ سے کی گئی ہے اسی طرح ہم اہل سنت وجماعت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ کی حقانیت پر ایمان رکھتے ہیں، لیکن حق چار یار کا نعرہ لگا کر ان کی تخصیص کر کے یہ اعلان کرتے ہیں کہ یہ چار باقی تمام صحابہ سے افضل ہیں، لہذا چار کی تخصیص سے باقی صحابہ کرام کی حقانیت کی نفی نہیں ہوتی۔

جس طرح ہمارے ہاں ایک اصطلاح "پنج تن پاک" کی ہے اگر کوئی اس سے یہ تاثر لے کہ صرف پنج تن ہی پاک ہیں اور باقی ناپاک ہیں (معاذ اللہ) تو اسے احمق ہی کہا جائے گا۔ اسی طرح حق چار یار کی اصطلاح سے بھی اگر کوئی یہ تاثر لے کہ (نعوذ باللہ) صرف چار یار حق ہیں باقی صحابہ کرام ناحق ہیں تو اسے پاگل ہی کہا جائے گا۔

حق چار یار کی مناسبت سے چار جواب ذکر کر کے یہ بات واضح کر دی گئی ہے کہ حق چار یار کے نعرہ سے باقی صحابہ کرام کی حقانیت میں بال برابر بھی فرق نہیں آتا ہاں شور ڈالنا کچھ

---

(1) تفسیر جلالین بمع حاشیہ جلالین بحوالہ مدارک ص15 مطبوعہ مکتبہ غوثیہ کراچی

Marfat.com

لوگوں کا شیوہ ہے وہ اس کے پیسے لیتے ہیں لہذا وہ اپنا کام کریں۔ کیوں کہ فریب کاری دھوکہ دہی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے اسی لیے تو ہم کہتے ہیں کہ۔

فریب کار و مکار اور بھی دیکھے ہیں مگر
سب پہ سبقت لے گئی ہے دھوکہ بازی آپ کی

البتہ اہل سنت وجماعت تو نعرہ تحقیق حق چار یار کا نعرہ لگاتے رہیں گے۔ اسی لئے تو بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے آستانے پر ہر وقت یہ آواز دلنواز گونجتی رہتی ہے۔

اللہ ، محمد ، چار یار حاجی، خواجہ، قطب فرید

نعرہ تحقیق کی مخالفت کرنے والے کہتے ہیں کہ " حق سب یار کہو اگر کوئی یہ کہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان روکتے ہیں ہم صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان کو نہیں روکتے جن صحابہ کی بے حرمتی کی گئی ہے جن کی شان میں فرق لایا گیا ہے انکو تحفظ مہیا کرنے کیلئے ہم کہتے ہیں (حق سب یار) نعرہ تحقیق کے جواب میں حق چار یار کہنے میں یا بغض اہل بیت کی بو آتی ہے کیونکہ اگر خلفاء سمجھ کر لگاتے ہیں تو حق پنج یار ہونا چاہئے کیونکہ امام حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ برحق ہیں۔[1]

## عبارت مذکورہ حقیقت کے آئینے میں:

اصل مسئلہ کو سمجھنے سے قبل تمہیدی طور پر یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ سب یار کا مطلب ہے کل یار یعنی اردو میں جو سب یار کہا جاتا ہے یہ عربی میں کل یار کے مترادف ہے، اور کل ایک ہوتا ہے افرادی اور ایک ہوتا ہے مجموعی اور ایک ہوتا ہے کل بامعنی کلی۔

(1) نعرہ حیدری ص ۶ قادریہ جیلانیہ پبلی کیشنز

Marfat.com

علامہ عبد الحق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ شرح مرقاۃ میں فرماتے ہیں:

ان الکل یطلق علی ثلثة معان الاول الکل الافرادی ای کل واحد واحد الثانی الکل المجموعی ای الکل من حیث ہو کل الثالث الکلی وهو مالایمنع نفس تصوره عن وقوع الشرکة فیه۔[1]

کل کا اطلاق تین معانی پر ہوتا پہلا کل افرادی یعنی کل واحد واحد (ہر ایک ایک) دوسرا کل مجموعی یعنی مجموع من حیث المجموع تیسرا کل بمعنی کلی اور وہ یہ ہے کل جس کا نفس تصور اس میں وقوع شرکت سے مانع نہ ہو۔

## وضاحت

کل افرادی: وہ ہے جس سے اس کے مدخول کا ہر ہر فرد مراد ہو جیسے کل انسان جزئی حقیقی انسان کا ہر ہر فرد جزئی حقیقی ہے جیسے زید، عمر، بکر وغیرہم۔

کل مجموعی: وہ جس سے اس کے مدخول کا مجموعہ مراد ہو جیسے کل انسان الوف الوف تمام انسانوں کا مجموعہ بے شمار ہے۔

کل بمعنی کلی وہ ہے جس سے اس کے مدخول کی معیت مراد ہو جیسے کل انسان نوع ای الانسان کلی نوع یعنی معیت انسان نوع ہے۔

اب ان میں سے ہمارے موضوع کے متعلق کل مجموعی ہے یعنی وہ ایسا کل ہے کہ اس کے مدخول سے ہر ہر فرد مراد نہیں ہوتا بلکہ جمیع افراد مجموع من حیث المجموع ہوتے ہیں۔ اور کبھی اس سے بعض اور کچھ افراد مراد ہوتے ہیں جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

تدمر کل شیء بامر ربها۔ (سورہ احقاف آیت ۲۵)

یہ آندھی ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے برباد کر ڈالے گی۔

---

(1) شرح شمس العلماء علی المرقاة ص ۱۳۰

Marfat.com

یہاں کل شیء سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قوم عاد پر بصورت آندھی جو عذاب نازل ہو
نے تمام اشیاء کو تباہ کر دیا مگر اسی آیت میں ارشاد ہوا:

فاصبحوا لایری الامساکنہم

ایسے ہو گئے کہ بجز ان کے گھروں کے کچھ نظر نہ آتا تھا یعنی ان کے گھر باقی رہے حالانکہ
شیء کا تقاضا یہ تھا کہ ان کے گھر بھی باقی نہ رہتے لہذا یہاں یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ
آیت کریمہ میں کل مجموع من حیث المجموع کے معنی میں ہے اس کا ہر ہر فرد مراد نہیں

اسی طرح جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے رب سے عرض کی مجھے دکھلا دے کہ تو مرد
کو کس طرح جلاتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آپ کو یقین نہیں؟ عرض کیا کیوں نہیں
اطمینان قلب کیلئے دیکھنا چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا آپ چار پرندوں کو اپنی طرف مانو
کر لیں پھر ارشاد ہوا ثم اجعل علیٰ کل جبل منہن جزاء۔ پھر ذبح کر کے
پرندوں کا ایک ایک ٹکڑا ہر پہاڑ پر رکھ دیجئے پھر انہیں بلایئے تو وہ آپ کے پاس دوڑ
ہوئے آجائیں گے آیت مذکور میں علیٰ کل جبل منہن کے دو مفہوم ہو سکتے
ایک یہ کہ دنیا کے تمام پہاڑوں پر ان کا گوشت رکھ دیں یا یہ کہ ایک ہی پہاڑی کہ پوری
پر ان چار پرندوں کا گوشت رکھ دیں حالانکہ یہ ممکن نہیں اور نہ اس طرح ہوا جیسا
احادیث اس پر شاہد ہیں لہذا یہاں بھی کل مجموعی ہے جو بمعنی بعض یا کچھ ہے۔ اس طرح
متعدد مثالیں قرآن مجید میں موجود ہیں لہذا کل مجموعی کا ہر ہر فرد مراد نہیں ہوتا بلکہ اس
کے جملہ افراد مجموع من حیث المجموع مراد ہوتے ہیں۔

## خلاصہ کلام:

کل کے مدخول سے کبھی تو ہر ہر فرد مراد ہوتا ہے اور کبھی اس کے جملہ افراد مجموع من
حیث المجموع مراد ہوتے ہیں بصورت اول کل افرادی اور بصورت ثانی کل مجموعی ہے
اس بات کو آسان الفاظ میں یوں سمجھیں کہ ایک کلاس میں پچاس افراد ہیں تو پچاس۔

Marfat.com

...اس آجائیں تو کہا جائے کہ سب آ گئے ہیں یعنی ہر ہر فرد آ گیا ہے تو یہ کل افرادی ہے اور ...ر پچاس ہیں اکثر آ گئے ہیں چالیس، پینتالیس وغیرہ تو یہ کہا جائے کہ سب آ گئے یعنی ہر ہر ...د آ گیا ہے تو یہ درست نہیں البتہ کل مجموعی کے اعتبار سے یہ کہا جائے کہ سب آ گئے ...وع من حیث المجموع تو چونکہ یہاں پر ہر فرد مراد نہیں ہوتا بلکہ جمیع افراد مجموع من ...یث المجموع مراد ہوتے ہیں اکثر آ جائیں تو پھر بھی کل مجموعی کا اطلاق درست ہوتا ہے، لہذا ...درست ہے۔ یعنی کل افرادی کہ اطلاق کیلئے ہر ہر فرد کا ہونا ضروری ہے جبکہ کل مجموعی ...یلئے ہر ہر فرد کا ہونا ضروری نہیں بلکہ اکثر موجود ہوں تو پھر بھی اس کا اطلاق درست ہے۔

**...صل مسئلہ :** یہ ہے کہ جب یہ رافضی سب یار کہتے ہیں تو کل مجموعی مراد لیتے ہیں ...ور جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ انکو بغض ہے۔ عداوت ہے سب میں وہ مراد نہیں لیتے۔ ...یہ انکی ایک بہت بڑی سازش ہے جسکی بنا پر عوام کو دھوکہ دیکر ورغلا لیتے ہیں۔ کہ ہم سب کو ...انتے ہیں۔ حالانکہ یہ سب کو نہیں مانتے جیسا کہ ان کی تقریروں اور تحریروں سے واضح ...ہے۔

## ...دعویٰ مذکور پر دلیل (۱):

...رافضی سب یار کہہ کر سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کو نکالتے ہیں:

محقق الاسلام مولانا محمد علی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ محدث ہزاروی کے متعلق رقم طراز ہیں جو نعرۂ تحقیق کی مخالفت کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ نعرۂ تحقیق حق چار یار جاہل بے علموں اور دین ایمان سے ناواقفوں کی ایجاد اور بدعت ہے لہذا نعرۂ تحقیق حق چار یار نہیں کہنا چاہئے کیوں کہ حضور کے سب یار حق ہیں جو ناحق ہیں وہ آپ کے نہیں بلکہ مطلقا باغی ہیں۔[۱]

(۱) دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ ج۲ ص ۳۷۸، مطبوعہ لاہور

Marfat.com

اور اسی ضال و مضل کی انٹرنیٹ پر یہ ویڈیو بھی موجود ہے کہ یہ نعرہ تحقیق نہیں بلکہ تفسیق ہے اور مذکورہ جملہ خرافات بھی اس بیان میں موجود ہیں ان صاحب کی تحریر و تقریروں میں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو باغی طاغی کہنا کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں ملاحظہ ہو:

یہی شترے بے مہار اپنی کتاب (سوالات مومنین جوابات ۳۳ علمائے دین) میں ایک یہ سبائی فکر پیش کرتے ہیں "یہی ہوا کہ آج اہل بدعۃ مبتدعین بانی بغاوت و ظلم و بد معاویہ صاحب کو خلیفہ ششم الاپنے لگے"۔ (1)

اور ایک دوسرے مقام پر اس کا تبرا بر سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ملاحظہ ہو: "یوں ہی ملا نئے پرانے وکلا وعدا اللہ الحسنی پر بھی رشوت کا حق نمک ادا کرنے میں طاغی، ظالم مبتدع سب کو جنت میں گھسانے کی سعی ناکام کرنے کے عادی ہیں۔۔ وعدہ منافق، طاغی، ظالم، فاسق، فاجر کیلئے ہر گز نہیں۔۔۔۔ طاغین، باغین کا ٹھکانہ جہنم ۔۔۔۔ ملانے نئے پرانے نفاق کفر، بغاوت، ظلم، بدعت کے بانی و موجد معاویہ صاحب کو کی وکالت کا ذمہ لئے ہوئے ہیں"۔ (2)

مزید دیکھئے اس محدث کا خبث باطنی کس طرح جوش مارتا ہے لکھتا ہے "سوال: باغی ظالم بدعتیوں گمراہوں کے حمایتی کہتے ہیں صحابہ میں ان کو تصور کر کے ان کی بدی کا خیال چھوڑ دو تو اس میں حرج ہی کیا ہے صحابہ کی تعداد میں اضافہ ہی ہو گا۔

**جواب:** یہ کہنا ایسا ہی ہے جیسے کوئی ابو جہل، ابو لہب، عبد اللہ ابن ابی کو بھی برائی، نفاق سے یاد کرنے کو چھوڑ دو بلکہ ان پر رضی اللہ عنہ پڑھنا شروع کر دو اس میں جرم ہی کیا

---

(1) سوالات مومنین جوابات ۳۳ علمائے دین ص ۵۱ ناشر ادارہ تحفظ ناموس آل واصحاب پاکستان

(2) سوالات مومنین جوابات ۳۳ علمائے دین ص ۵۲ ناشر ادارہ تحفظ ناموس آل واصحاب پاکستان

Marfat.com


صحابہ میں ان کی تعداد کا اضافہ ہی ہو گا ایسے کافر باغی منافق لوگوں کی برائی سے کترانہ الٹا ان کو صحابہ میں رلانا نہ عقلا صحیح ہے نہ دیانتا درست ہے اس سے صحابہ کی توہین ہو گی اور ان کی عزت مشکوک ہو جائے گی یہ منع ہے"۔ (1)

اس کے علاوہ محقق اسلام مولانا محمد علی نقشبندی نے اپنی مذکورہ بالا کتاب میں اس خبیث کے متعدد وہ سوالات ذکر کئے ہیں جس میں اس نے خال المومنین سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو باغی اور طاغی لکھا ہے۔

اس بحث سے اتنی بات پایہ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ یہ جو سب یار کہتے ہیں ان میں سے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو نکالتے ہیں اور دیگر متعدد صحابہ کرام کو بھی جیسا کہ آگے آئے گا لہذا یہ بات عیاں ہو جائے گی کہ یہ کل مجموعی مراد لیتے ہیں افرادی نہیں کیوں کہ عبارات منقولہ بالا سے اتنی بات واضح ہو گئی کہ سب سے پہلے نعرہ تحقیق حق چار یار کی مخالفت کرنے والا اور اس کی تردید کرنے والا یہی بدترین خلائق شخص ہے یہی حضرت اس نظریہ کے موجد اور بانی ہیں اور سب یار کہہ کر وہ ایک گناؤنی سازش کرنا چاہتا ہے جس سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر طعن و تبرا کا دروازہ کھلتا ہے جو کہ شیعہ کا مذہب ہے۔ تو اب آنکھیں کھول کر بنظر غائر یہ بھی پڑھ لیجئے اور دیکھ لیجئے کہ موجودہ گروہ تفضیلیہ کے شیخ اور اہل سنت و جماعت کی تنظیم کے آل پاکستان کے لیڈر کہلوانے والے اسی گمراہ شخص کے خلیفہ ہیں اور انہی کے افکار و نظریات پر کاربند ہیں اور آئے دن گھوم گھما کر اپنے امام و پیشوا کے مشن کو آگے بڑھا رہے ہیں آیئے دیکھئے محدث ہزاروی کی سیرت پر لکھی گئی کتاب میں خلفاء کی فہرست کے اندر ان نام نہاد سنیوں کے نام (سیرت محدث ہزاروی ص ۳۶۰ پر خلفاء کی فہرست میں ان کے نام ملاحظہ ہوں) ان صفحات کا عکس اگلے صفحات پر دیکھئے۔۔۔۔

(1) سوالات مومنین جوابات ۳۳ علمائے دین ص ۵۳ ناشر ادارہ تحفظ ناموس آل و اصحاب پاکستان

Marfat.com


بسم اللہ الرحمن الرحیم
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
سیرتِ محدث ہزاروی
منجانب:
عالمی مجلس محدث ہزاروی
پاکستان

Marfat.com

# سیرتِ محدّث ہزاروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حسب الارشاد

حضرت مفکر اسلام بقیۃ السلف حجۃ الخلف قائد الثورۃ
افاضل الکتاب والسنۃ امیر تحریک خلافت اسلامیہ نائب الاولیاء

**ابوزین پیر سید محی الدین محبوب**

حنفی قادری کاظمی بن محدث ہزاروی مدظلہ العالی
سجادہ نشین خانقاہ محبوب آباد شریف حویلیاں ہزارہ پاکستان

مؤلف: محقق محب الاولیاء

فرزند علی قادری محمودی
منشی فاضل بی-اے

منجانب: عالمی مجلس محدث ہزاروی

ناشر:

مرکز فروغ علم وادب و مکتبہ محمودیہ ۹۷۳-الف، گلستان کالونی، فیصل آباد، پاکستان

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق محفوظ ہیں

# سیرتِ محدّث ہزاروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مؤلف: محقق محب الاولیاء {فرزند علی قادری محمودی
منشی فاضل' بی-اے}

منجانب: عالمی مجلس محدث ہزاروی

صفحات: ۵۱۲ سائز: ۱۸x۲۳/۸

باراول: تعداد: ۵۰۰

سن طباعت: ۱۴۲۳ھ بمطابق ۲۰۰۲ء

| | | |
|---|---|---|
| مطبع | : | وقاص پرنٹنگ پریس، امین پور بازار، فیصل آباد |
| کمپوزنگ | : | اعظم سکیو گرافک، چنیوٹ بازار، فیصل آباد |
| تزئین | : | عبدالشکور صبحانی، عبدالرحمن |
| ہدیہ | : | روپے |

ملنے کا پتہ:

- خانقاہ محبوب آباد شریف حویلیاں ہزارہ، ضلع ایبٹ آباد فون: 0992-810806
- فرزند علی قادری محمودی، ۹۷۳-ایف، گلستان کالونی، فیصل آباد فون: 041-784890
- قادریہ کمپوزر، ۱۳ جاوید کالونی سرگودھا، فون: 0451-750824
- ڈاکٹر محمد سلیم قادری محمودی، سردار دواخانہ، جی ٹی روڈ، پشاور
- ڈاکٹر امجد علی قادری محمودی، چیف میڈیکل آفیسر، پاکستان پٹرولیم کراچی
- **Syed Jahangeer Saleem,** *70-Kenwyn Drive, Neasdon London, U.K.*
- **Muhammad Yaseen Rasool,** *Tootal Drive Post Office No.2 Tootal Road, Salford Greater, Manchester M-5 2FX England.*
- **Mr. Habib Qureshi,** *18 Canterbury LN. Tamarac, FL 3319-2404 USA*
- **Amjad Ali Shah,** *17-MAIL M. DE FONTENAY 93120 LA COURNEUVE FRANCE*
- **Muhammad Saleem,** *Socrties 157 MD 13671 MENIDI ATHENS GREECE Ph:0300-945561054*

ناشر:

مرکز فروغ علم وادب ومکتبہ محمودیہ ۹۷۳-الف، گلستان کالونی فیصل آباد، پاکستان

Ph:041-784890 Mob. 0300-9664749

Marfat.com

# فہرست خلفاء

۱۔ مفکر اسلام بقیۃ السلف حجۃ الخلف عالم الکتاب والسنۃ امیر تحریک خلافت اسلامیہ ابوزین پیر سید محی الدین محبوب حنفی قادری کاظمی بن محدث ہزاروی مدظلہ العالی سجادہ نشین خانقاہ محبوب آباد شریف حویلیاں ہزارہ ضلع ایبٹ آباد

| | | |
|---|---|---|
| ۲۔ | محترم سید ارشاد حسین شاہ قادری محمودی | لاہور |
| ۳۔ | محترم قاضی شبیر احمد قادری محمودی | لاہور |
| ۴۔ | محترم قاضی محمد حسین قادری محمودی | لاہور |
| ۵۔ | محترم فیضیاب خاں قادری محمودی۔ | لاہور |
| ۶۔ | محترم منصور علی شاہ قادری محمودی | لاہور |
| ۷۔ | محترم مولانا ملیک الرحمٰن قادری محمودی خطیب جامع شاہ محمد غوث | لاہور |
| ۸۔ | محترم علامہ محمد ابراہیم صائم چشتی قادری محمودی | فیصل آباد |
| ۹۔ | محترم سید محمد امین علی شاہ نقوی قادری محمودی | فیصل آباد |
| ۱۰۔ | محترم میاں امام علی قادری محمودی | فیصل آباد |
| ۱۱۔ | محترم سید خورشید حسین شاہ قادری محمودی | سیالکوٹ |
| ۱۲۔ | محترم کرنل محمد شفیع صاحب قادری محمودی | سیالکوٹ |
| ۱۳۔ | محترم مولانا عبدالکریم قادری محمودی | سیالکوٹ |
| ۱۴۔ | محترم محمد یسین قریشی قادری محمودی | راولپنڈی |
| ۱۵۔ | محترم ممتاز الٰہی قادری محمودی | راولپنڈی |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۔ | محترم حافظ قاری محمد رضا قادری محمودی<br>فاضل مدینہ یونیورسٹی | راولپنڈی |
| ۱۷۔ | محترم قاری خوشی محمد الازہری قادری محمودی | اسلام آباد |
| ۱۸۔ | محترم صوبیدار فضل داد قادری محمودی | جہلم |
| ۱۹۔ | محترم حاجی شیر دل قادری محمودی | جہلم |
| ۲۰۔ | محترم مفتی عزیز اللہ قادری محمودی | دینہ جہلم |
| ۲۱۔ | محترم مولوی سلطان عالم قادری محمودی | جہلم |
| ۲۲۔ | محترم مفتی سید شبیر احمد غازی راجوروی قادری محمودی | راولاکوٹ آزاد کشمیر |
| ۲۳۔ | محترم علامہ محمد فاضل قادری محمودی | آزاد کشمیر |
| ۲۴۔ | محترم سید حیات علی شاہ قادری محمودی | کوہاٹ |
| ۲۵۔ | محترم حافظ قاری محمد علی قادری محمودی | میانوالی |
| ۲۶۔ | محترم اللہ یار قادری محمودی | میانوالی |
| ۲۷۔ | محترم محمد شریف قادری محمودی | بدوملہی |
| ۲۸۔ | محترم صوبیدار میجر محمد صادق قادری محمودی | سرگودھا |
| ۲۹۔ | محترم گل محمد قادری محمودی | سرگودھا |
| ۳۰۔ | محترم صوبیدار عبدالحق قادری محمودی | خوشاب |
| ۳۱۔ | محترم غلام نبی قادری محمودی | گجرات |
| ۳۲۔ | محترم حاکم علی قادری محمودی | بھکر |
| ۳۳۔ | محترم سکندر خاں صاحب قادری محمودی | علاقہ چھچھ |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۳۴۔ | محترم سید پھول شاہ قادری محمودی | جنڈ زئی |
| ۳۵۔ | محترم سید غلام محمد شاہ قادری محمودی | اٹک |
| ۳۶۔ | محترم عبادت علی قادری محمودی | ہری پور |
| ۳۷۔ | محترم سید علی شاہ قادری محمودی | مریکوٹ |
| ۳۸ | محترم حاجی محمد شفیع قادری محمودی | محمود آباد کراچی |
| ۳۹۔ | محترم حاجی امیر احمد قادری محمودی | کراچی |
| ۴۰۔ | محترم حاجی امیر احمد قادری محمودی | حسن ابدال |
| ۴۱۔ | محترم سید سلطان محمود کاظمی قادری محمودی | چکلو منڈی ساہیوال |
| ۴۲۔ | محترم حاجی محمد دین قادری محمودی | اوسر شرفو واہ کینٹ |
| ۴۳۔ | محترم میاں ظاہر شاہ عثمانی قادری محمودی | سوات |
| ۴۴۔ | محترم حاجی محمد شفیع بغدادی قادری محمودی | گوجرانوالہ |
| ۴۵۔ | محترم سیّد جلیس شاہ قادری محمودی | حویلیاں شریف |
| ۴۶۔ | محترم سیّد سکندر شاہ قادری محمودی | موہلن شریف |
| ۴۷۔ | محترم سیّد محمد شاہ قادری محمودی | کیہالہ |
| ۴۸۔ | محترم مولانا عبدالحمید قادری محمودی | سلہٹ (بنگلہ دیش) |
| ۴۹۔ | محترم بابا محمد شفیع قادری محمودی | حیدرآباد (سندھ) |
| ۵۰۔ | محترم مفتی عبداللطیف قادری محمودی | ٹھٹھہ سندھ |
| ۵۱۔ | محترم سیّد مشتاق احمد شاہ قادری محمودی | میرا توت |
| ۵۲۔ | محترم سید قاری بزرگ شاہ قادری محمودی | چترال |

Marfat.com

۵۳۔ محترم حکیم محمود احمد قادری محمودی — نوشہرہ

۵۴۔ محترم علامہ سیّد ریاض حسین شاہ قادری محمودی — راولپنڈی [redacted]

۵۵۔ محترم شیخ عبدالکریم کردی قادری محمودی — بغداد شریف عراق

۵۶۔ محترم سیّد محمود حسین شاہ قادری محمودی — فتح پورلیہ

۵۷۔ محترم ڈاکٹر سلطان محی الدین قادری محمودی — کورنگی کراچی

۵۸۔ محترم علامہ قربان نظامی قادری محمودی — لاہور

۵۹۔ محترم علامہ قاضی اسرار الحق حقانی قادری محمودی — راولپنڈی

۶۰۔ محترم کرنل اصغر علی شاہین قادری محمودی — امین آباد گجرات

۶۱۔ محترم زمان علی قادری محمودی — مظفر آباد

۶۲۔ محترم شائق الخیری قادری محمودی — کراچی

۶۳۔ محترم ڈاکٹر بیرسٹر علامہ محقق پیر سید عبدالقادر شاہ جیلانی
فاضل مدینہ یونیورسٹی قادری محمودی — پنج بھائہ راولپنڈی [redacted]

۶۴۔ محترم ڈاکٹر محمد یوسف قادری محمودی — کوہاٹ

۶۵۔ محترم میاں محمد بلخی حنفی قادری محمودی — افغانستان

Marfat.com

ن حضرات کا صحابہ کرام کے گستاخ محدث ہزاروی کا خلیفہ ہونا فقیر کے دعوی کی دلیل
ہے کہ جس طرح وہ سب یار سے کل مجموعی مراد لیتا ہے اور بعض صحابہ کو تبرا کرتا ہے یہ
ی اس کے خلفاء ہونے کی وجہ سے کل مجموعی مراد لیتے ہیں اور جن جن صحابہ کرام سے
ن کو بغض ہے ان کو اس نعرہ کی صورت میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی فہرست سے نکال کر سادہ
وام کو دھوکہ دے کر عقیدہ اہل سنت میں ڈنڈی مارتے ہیں۔

## لیل دوم ۲:

س کے باوجود اگر کوئی ان کا حامی اس بات پر مصر ہو کہ یہ کل مجموعی مراد نہیں لیتے تو وہ
ن کی یہ گستاخیاں انٹرنیٹ پر دیکھ بھی سکتا ہے اور سن بھی سکتا ہے کہ یہ لوگ تبرا باز ہیں
حابہ کرام رضی اللہ عنہم کے گستاخ ہیں پھر کس منہ سے سب یار کہتے ہیں؟

## منکرین حق چار یار کی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں گستاخیاں

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے گستاخ ٹولہ نے اپنی خباثت کے اظہار کیلئے ایسے ایسے الفاظ کہے جو زبان
پر لانے کو جی نہیں چاہتا لیکن ان کے فریب کے اظہار کیلئے مجبوراً ذکر کیئے دیتا ہوں کچھ
عرصہ قبل ایک کتابچہ نعرہ حیدری نامی چھپا جس میں لکھا گیا ہے کہ " فضلیت کسی گنہگار کو
بھی دی جا سکتی ہے جیسا صحابی ہے گہنگار ہو کر بھی ساری امت سے افضل ہے"۔[1] اور
بالاتفاق ساری امت سے افضل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں تو یہاں پر حضرت ابو بکر
صدیق رضی اللہ عنہ کو گنہگار کہا گیا ہے تو یہ شان صحابہ کی تنقیص نہیں تو اور کیا ہے؟ اور یہی لوگ
کہتے ہیں کہ (معاذ اللہ) ابو بکر رضی اللہ عنہ نے چڑی بھی نہیں ماری تو ان کا پھر بھی پہلا نمبر اور
سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے ہزاروں کافر مارے ہیں تو ان کا پھر بھی چوتھا نمبر ہے (حالانکہ

(1) نعرہ حیدری ص ۹ مطبوعہ قادریہ جیلانیہ پبلیکشنز

Marfat.com

خود مولا علی رضی اللہ عنہ کا فرمان عالی شان ہے کہ جو مجھ کو چوتھا خلیفہ نہ مانے اس پر اللہ کی لعنت تو یہ لعنت بھی تو آپ نے ہی برداشت کی ہے) (معاذ اللہ) یہ گستاخی نہیں تو کیا ہے؟ یہ کافریب ہے کیونکہ یہ آسمان کذب وافترئ کے بدر منور ہیں اور بعد میں لکھا ہے کہ "ہم صحابہ کرام کی بے حرمتی کی گئی جن کی شان میں فرق لایا گیا ہم تو انکو تحفظ مہیا کر ہیں۔ (1)

اور تعجب یہ ہے کہ ان کے ہاں تحفظ کس بلا کا نام ہے کیا یہ تحفظ فراہم کرتے ہو تم صح کرام رضی اللہ عنہم کو کہ ایک کتاب لکھی گئی جس کا نام "امام حسن اور خلافت راشدہ ہے" جس صفحہ نمبر ایک سو نوے پر بڑا زور دے کر یہ بات ثابت کی گئی ہے کہ سیدنا امام حسن مجتبیٰ زہر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے دی ہے اور اسی کتاب میں مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے متعلق اپنی دریدہ دہنی اور خبث باطنی کا اظہار کیا گیا ہے۔

## 1- نبی کا غیر نبی کے ساتھ تقابل اور غیر نبی کی برتری کا دعویٰ:

کوئی ایسا نبی آپ کی اطلاع میں ہے کہ جس کے زمانے میں کفر بالکل نہ ہوا ہو؟ اگر آپ اطلاع میں ہو تو ممکن ہے میری اطلاع میں نہیں ہے۔ آدم علیہ السلام بھی اپنی اولاد میں کفر دیکھ گئے، ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء و مرسلین میں سے کسی نبی یا کسی رسول کے زمانے میں کبھی مٹا نہیں۔ یار جو کام نبیوں میں سے کسی نبی نے نہ کیا ہو اگر اولادِ فاطمہ کا ایک آدمی کے دکھلا دے تو ماننا تو پڑے گا کوئی چیز تو ہے۔ امام مہدی آخر الزمان جب آئیں گے تو پو روئے زمین سے کفر مٹے گا کہ نہیں؟ کسی چھوٹے مرتبے والے سے بھی کوئی بڑا کام ر لے لے کیا اختلاف ہے۔

(1) نعرہ حیدری ص ٦ مطبوعہ قادریہ جیلانیہ پبلیکشنز

Marfat.com

2- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر رشوت خوری کا الزام:

یزید کے دورِ حکومت میں دھونس دھکے کے ذریعے لوگوں کو مار پیٹ کے اور پیسے دے کے ۔۔۔۔ جو نصیحتیں کرتے تھے امام حسین کربلا میں نہ جائیں ہر ایک نے ایک ایک لاکھ درہم لیا ہوا تھا۔ یہ نہیں بتاتے تھے ہم نے پیسے لیے ہوئے ہیں کہتے تھے تم نہ جاؤ۔ ان کی ڈیوٹی نہیں تھی؟ دوشِ رسول کا شاہسوار ہے خطرہ قبول کرتا ہے ساتھ خطرہ قبول کرو۔

3- جمیع صحابہ کرام بالخصوص خلفاءِ ثلاثہ رضی اللہ عنہم کی توہین:

اب نعروں کے ذریعے پلہ برابر کرتے ہو۔ نہیں، علی کی شجاعت لاؤ تو پھر علی کے برابر نعرے لاؤ۔

4- جمیع صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی توہین:

سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اَیْنَ عَلِیٌ؟ اگر نظر آتا ہو تو پھر پوچھتے ہیں کہاں ہے؟۔۔۔۔ نظر کیوں نہیں آرہے تھے؟ نمبر بنانے کے لیے کئی لوگ آگے تھے پر اب جان دینے کا وقت ہے۔۔۔۔ اَیْنَ عَلِیٌ؟ علی کہاں ہے؟ واہ میرے مصطفیٰ! جان دینے کے وقت سب سے پہلے جس کا نام نبی کی زبان پر آیا اس کا نام علی ہے۔

5- سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی توہین:

فرمایا اَیْنَ عَلِیٌ؟ علی کہاں ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے وہاں اور لوگ آگے تھے مگر یہ موت کا وقت تھا اس لیے علی کے خون کی ضرورت پڑی۔ کوئی دوسرا لمبے قد والا وہاں کام نہ آسکا۔ سمجھ آئی یہ بات!

Marfat.com

## 6- حضرت سیدنا عمر فاروقِ اعظم اور حضرت سیدہ امِ کلثوم بنتِ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم کے نکاح کا انکار:

نکاحِ امِ کلثوم: نسائی شریف کے اندر حدیث ہے جس امِ کلثوم کا نکاح حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا وہ اور علی کی بیٹی تھی، وہ اور امِ کلثوم تھی کیونکہ وہ 55ھ میں اس کا بیٹا تھا اس کو بھی شہید کیا گیا تھا اور اس ماں کو بھی شہید کیا گیا تھا جنازہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پڑھایا تھا لیکن جو حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی بیٹی ام کلثوم تھی اس کا نکاح کربلا شریف بعد حضرت جعفر طیار کے تین بیٹوں کے ساتھ ہوا ہے یکے بعد دیگرے۔ اس کا ذکر حضر علامہ زرقانی نے زرقانی شرح مواہب اللدنیہ کے اندر کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پہلے بیٹے ساتھ شادی ہوئی وہ فوت ہو گیا، دوسرے بیٹے کے ساتھ شادی ہوئی وہ فوت ہو گیا تیسرے بیٹے کے ساتھ شادی کرنے لگے تو میں بڑی پریشان تھی، جنابِ سیدہ کہتی ہیں کلثوم، کہ میری ساس کہے گی بڑی منحوس لڑکی ہے جس سے بھی اس کی شادی کرتے ہیں مر جاتا ہے۔ واقعہ یہ ہوا تھا کہ ان کی جو ساس تھیں ناں پہلے جعفر طیار کی اہلیہ محترمہ تھیں جب ان کی شہادت عمل میں آئی تو ان کا نکاح حضرتِ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے پڑھا گیا جب ان کا وصال ہو گیا تو اس کے بعد جنابِ حیدرِ کرار کے ساتھ ان کا نکاح ہوا پھر یہ سوتیلی ماں بھی لگیں اور یہ ساس بھی لگیں۔ تیسرے ایک کے ساتھ بھی آپ کا نکاح ہوا۔ اب صاحبزادی امِ کلثوم کے نام سے تھی کسی اور علی کی وہ تو شہید ہو گئی ہے 55ھ میں اور اس کا جنازہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے پڑھایا ہے تو پھر یہ امِ کلثوم جو حضرت حیدرِ کرار کی صاحبزادی ہے اس کا تو خاندان میں رشتہ ہوا تھا ان رشتوں کے ساتھ ہوا ہے اگر اس جگہ 55ھ میں شہید ہو گئی ہو اور اس کا جنازہ پڑھا لیا گیا ہو تو وہ کون سی امِ کلثوم ہو گی جس کا بعد میں نکاح ہوا حضرتِ حیدرِ کرار کے بھتیجوں کے ساتھ؟ معلوم ہوا یہ خود ساختہ سٹوریاں ۔۔۔ بڑی سے بڑی کتاب میں لکھا۔۔۔ کون کون سی بات بڑی سے بڑی کتاب میں نہیں

Marfat.com

ھی گئی؟ یزید کو جنتی بڑی سے بڑی کتاب نے نہیں کہا؟ کیا یزید جنتی ہے؟ اگر ایسا لعنتی
نتی ہو سکتا ہے پھر تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا پھر تو دوزخ بنائی کس کے لیے گئی؟

## 7- حضرت سیدہ امِ کلثوم بنتِ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کے حضرت سیدنا عمر فاروقِ اعظم کے ساتھ نکاح کے حوالے سے شدید گستاخانہ بیان:

پہلے کہا کہ تم اپنی بیٹی کو سنوار کے میرے پاس بھیجو اگر مجھے پسند آگئی تو میں کر لوں گا تو حضرت حیدرِ کرار نے نکاح سے پہلے اپنی بیٹی کو سنوار کے بھیجا۔ یہ جتنے امِ کلثوم کے نکاح کا ذکر کرنے والے ہیں ہم ان سے کہیں گے تم اپنی بیٹیوں کا یہ تجربہ کراؤ گے ہمیں جو حضرت علی مرتضیٰ کی بیٹی کا تجربہ بتاتے ہو کہ ان کو بنا سنوار کے بھیجا، حضرت عمر نے ان کو زانو پر بٹھایا، ان کے بوسے لیے، گلے سے لگایا، ان کی پنڈلی ننگی کر کے پکڑی تو انہوں نے کہا کہ تو امیر المومنین نہ ہوتا مار کے میں تیری ناک توڑ دیتی اور دوسرا جملہ ہے لَتَمَسْتُ عَيْنَكَ میں تیری آنکھیں نکال دیتی۔ اگر کوئی شائستہ بات کی ہوتی تو وہ یہ بات کہتیں؟ واپس آ کے کہتی ہیں اَرْسَلْتَ اِلٰی شَیْخٍ سُوْءٍ ایک بڑے بدتر بوڑھے کی طرف تم نے مجھے بھیجا ہے۔ یہ نکاح سے پہلے کی روداد ہے۔

## 8- حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر دھوکہ دہی و جھوٹ اور خلفاءِ ثلاثہ رضی اللہ عنہم پر باغِ فدک غصب کرنے کا الزام:

علامہ بدرالدین عینی نے عمدۃ القاری شرح بخاری کے اندر اس (مروان) کی ہسٹری لکھتے ہوئے لکھا ہے کہ حضرت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کو اور اس کے باپ کو شہر بدر کیا تھا اور خلفاء کو حکم دیا تھا کہ جو میرے بعد خلیفہ ہو گا اس کو ایک فرسنگ اور دور کرے گا۔ یہ حکم کا بیٹا ہے مروان بن حکم۔ یہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا سگا چچازاد ہے اور پھر حضرت سیدہ عائشہ

Marfat.com

رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جو قرآن مجید میں آتا ہے ناں شجرۂ ملعونہ، شجرۂ ملعونہ جو ہے یہ مروان اور مروان کا باپ ہے اور خبیث ابنِ خبیث ابنِ خبیث کوئی سات پشتوں تک حضرت ... نے اس کا ذکر کیا ہے۔ علامہ بدرالدین عینی نے اس کا ذکر کیا ہے کہ یہ خبیث بن خبیث ... خبیث ہے اور یہ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کا چچازاد لگتا تھا۔ جس وقت ان کی خلافت کا زمانہ ... اس کو یہ واپس لے آئے۔ صحابہ کرام اس پر معترض ہوئے، انہوں نے کہا اس کو کیو... واپس لے آئے ہو؟ انہوں نے کہا سرکار کا مجھ سے تنہائی میں وعدہ تھا میں اس کو واپس لوں گا۔ انہوں نے کہا اگر وعدہ تھا تو قوم کو بتلایا کیوں نہیں؟ آپ کے سوا کسی اور کو پتہ کیو... نہیں؟ لیکن تاہم صحابیٔ رسول ہیں ان کے بارے میں کوئی ایسی بات کہنا حرام ہے، نہ ہمار... مذہب میں درست ہے۔ اس کو بیٹی بھی دی اور وہ باغِ فدک جو حضرت سیدہ خاتون جنت ... نہیں دیا گیا تھا وہ اس کو دیا گیا۔ خاتونِ جنت کی محرومی کی کوئی قانونی وجہ ہوئی ہو گی لیکن ا... کو دیئے جانے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟ عمر بن عبدالعزیز نے پھر اہل بیت کو وہ باغ واپس ... تھا۔ عمر بن عبدالعزیز کے پاس کیسے آیا تھا؟ چونکہ اس بدبخت کے پاس وہ آیا تھا ناں، ... عبدالعزیز صاحب محدثِ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے فتاویٰ عزیزیہ کے اندر لکھا ہے کہ اہل بیت کی محبت کو زندہ رکھنے کے لیے مروان پر لعنت بھیجنا ضروری ہے یہ فتاویٰ عزیزیہ کے اند... موجود ہے یعنی جو ملعون ہے اہل بیت کے کاغذات میں یہ اس آدمی کا نام ہے۔

## 9- حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر دھوکہ دہی و جھوٹ اور خلفاءِ ثلا... رضی اللہ عنہم پر باغِ فدک غصب کرنے اور اسلامی قانون سے نابلد ہونے کا الزام ...

وہ (ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) Two-third of Islam اکیلی کی جاننے والی ہیں ... انہوں نے فرمایا یہ (مروان) ملعون بن ملعون بن ملعون ہے، صاحب روح المعانی ... بَعْدَ ذٰلِکَ زَنِیْم اس کی تفسیر ایک ایسی تفسیر لکھی ہے جو میں اس وقت بیان نہیں کر سکتا۔ جتنے ...

Marfat.com

علم حضرات ہیں صبح نکال کے دیکھیں۔۔۔ دنیا کا ذلیل ترین کام ہے جو اس آدمی کے
ے ہے، جب یہ (حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ) واپس لے آئے اس کو اس وقت صحابہ کرام
عنہم نے پوچھا کہ آپ ان کو کیوں واپس لے آئے جب سرکار نے ان کو نکالا بھی تھا اور ہر
یک کو حکم دیا تھا اس کو دور کرنا۔ تو انہوں نے جواب میں ارشاد فرمایا حضرت عثمان غنی
رضی اللہ عنہ نے کہ سرکار نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا میں نے درخواست کی تھی سرکار نے وعدہ فرمایا
تھا کہ میں انہیں واپس بلالوں گا، لیکن اس کے راوی اکیلے حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ ہیں، اب
خلیفہ رسول ہیں ان کے بارے میں نہ کوئی کمزور رائے ہم قائم کر سکتے ہیں نہ کوئی بری بات
کر سکتے ہیں لیکن صحابہ کرام نے اس پر بڑا جھگڑا رکھا کہ آپ کو یہ حق نہیں تھا ان کو واپس
لاتے، اگر سرکار نے وعدہ کیا تھا تو سرکار کی زندگی میں دہراتے اور اگر نہیں دہرایا تھا تو پھر
ان کے وصال کے بعد آپ سے پہلے دو خلافتیں گزری ہیں ان کے زمانے میں کیوں نہیں
دہرایا۔ بہر حال یہ صحابہ کرام اور خلفاءِ راشدین کی باہمی گفتگو ہے اس بارے میں ہم حصہ
دار نہیں ہیں۔ ہم نے تو وہ سرکار کی زبانِ مبارک کی جو اطلاع ہے ما ضر عثمان
ماعمل بعد الیوم عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے نبی پاک علیہ السلام کے مشن کی وہ خدمت کی ہے اس
کے بعد عثمان کچھ بھی کرے تو عثمان کا کچھ نہیں بگاڑا جا سکتا، تو وہ سرکار کے اس اختیار کو ہم
تسلیم کرتے ہیں اس لیے اس بارے میں کوئی مزید بات نہیں کرتے۔ اس کو بلا کے بھی
لائے اور اس کو بیٹی کا رشتہ بھی دیا، اس کے بعد علامہ بدرالدین عینی نے اس بات کا ذکر کیا
کہ جو باغِ فدک نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حوالے سے جنابِ خاتونِ جنت نے مانگا تھا مولا مرتضیٰ
ان کے ساتھ تھے ان کو کہا گیا تھا کہ اسلامک لاء کی رولنگ (ruling) یہ ہے، اس پر بھی
محدثین کو کافی اختلاف ہوا کہ رولنگ کا سب سے بڑا جاننے والا تو حضرت علی مرتضیٰ ہے،
قانونِ وراثت کے تو سارے فیصلے وہ کرتے رہے ہیں، ان کو کیوں پتا نہیں؟

Marfat.com

### 10- حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر طعنہ زنی:

بُلعُومیمیری گردن، ان کو دوسرے کی گردن کا تو صرفہ نہیں تھاناں، میری یہ گردن ک
دی جاتی، یہ کس کے سامنے بیان کر رہے ہیں؟ مروان کے سامنے کر رہے ہیں، کہتے
لَوْشِئْتُ اَنْ اُسَمِّیَ فُلَانٍ وَ فُلَانٍ وَ فُلَانٍ لَفَعَلْتُ اگر میں چاہتا کہ میں نام لوں
وہ فلاں شخص ہے وہ فلاں شخص ہے یعنی نبی پاک علیہ السلام کے خاندان کے دشمنوں، حس
کریمین کے عداوت پرستوں اور خاندانِ نبوت کے خون آشاموں کے نام اگر میں لینا
تو میں بڑی آسانی سے لے سکتا تھا لیکن وَ اَمَّا الْاٰخَرُ فَلَوْ بَثَثْتُہٗ لَقُطِعَ الْبُلْعُوْمُ اگر
تمہارے سامنے وہ دوسرا علم بیان کر دوں تو میری حلق کاٹ دی جائے۔ یار! بات
کرنے کی تو تھی پر کر نہ سکے ڈر حلقوم کے کٹنے کا تھا۔

### 11- حضرت سیدنا ابو ہریرہ و حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہما کو غیر معیا
### انسان ہونے کا طعنہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یا حضرت شاہ حسن بصری رضی اللہ عنہ کو مجرم گردانے کا حق نہیں ہ
کیونکہ بات کے دو پہلو ہوتے ہیں؛ ایک رخصت، ایک عزیمت۔ جو نچلے سے نچلا درجہ
کا ہوتا ہے اس کا نام ہے رخصت، اس پر وہ عمل کر گئے لیکن معیاری بندہ اپنے معیار
مطابق خرید و فروخت کرتا ہے۔ کہا تم رخصت پر عمل کر سکتے ہو تم سرکار کی گردِ را
چومنے والے ہو، میں سرکار کی زبان چومنے والا ہوں اس لیے میں رخصت پر عمل نہیں
سکتا میں عزیمت پر عمل کروں گا۔

### 12- افضلیتِ سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کا انکار:

جنہیں گود میں لے کے بیٹھیں وہ افضل یا جو صرف جوتے چومیں وہ افضل ہیں؟ سمجھ آر
ہے یہ بات؟ جو سرکار کو اٹھا کے چلیں ان کو زیادہ عزت ملی یا جن کو سرکار اٹھا کے چلیں؟

Marfat.com

## 13-افضلیت دینی ضرورت کی چیز نہیں:

یہ کتاب (زبدۃ التحقیق) ہے اور اللہ کے فضل و کرم سے میں امید کرتا ہوں کہ اس کو کوئی تنقیدی نقطۂ نگاہ سے چیلنج نہیں کر سکے گا۔ اس کتاب کے اندر اس پر بحث کی ہے کہ افضلیت کی دینی کوئی ضرورت بھی ہے کہ نہیں۔ یہ دینی ضرورت کی چیز نہیں ہے، نہ قبر میں سوال ہو گا نہ قیامت کے دن، کون افضل ہے؟ افضلیت ضروریاتِ دین میں سے نہیں ہے۔ "کون کس سے کتنا افضل ہے" اس پر گفتگو ہے اور کوئی کتاب اہل سنت کی کتب کے سوا اس میں پیش نہیں کی۔

## 14-نبی کریم ﷺ کی ساس حضرت ہندہ رضی اللہ عنہا اور سسر حضرت سیدنا ابو سفیان رضی اللہ عنہ کی شدید توہین:

آپ کو یہ بھی بڑی حیرت ہوتی ہو گی کہ (حضرت ہندہ رضی اللہ عنہا) رہنے والی مکے کی ہیں، مدینے میں کیا تلاش کرتی پھرتی ہیں؟ احد کی جنگ تھی یہ تو مدینہ طیبہ میں ہوئی تھی۔ آرمی آئے تو آئے یہ کس لیے آئی تھیں؟ یہ سیرت کا ایک بڑا تلخ باب ہے عربوں کی یہ عادت تھی کہ جتنے بزدل مرد ہیں ان کو اگر لڑانا ہو تو ان کی بیگم ساتھ لے جاؤ جس کتے کی بھونکڑیں نی عادت نئیں ناں روٹی کی سَل کری تے درختے نال ٹنگی ستو بھونکی مری گیسی، جس جنڑیں کی کلیوں دس جتیاں ماری کنو تے اف نہ ناں کرے بوہٹی نے سامنڑیں کدے گل۔۔۔۔ او جنڑاں نہ سمجھیں جے کدے ایہہ گل ہووے، کیہہ سمجھیا ای بوہٹی تکنڑی پئی، ایہہ بزدلاں جنڑیاں کی کھلانڑیں ناطریقہ ایہہ آروٹی سَلی کے ٹنگی ستو۔ (جس کتے کو بھونکنے کی عادت نہیں روٹی کو سوراخ کر کے درخت کے ساتھ لٹکا دو بھونک بھونک کر مر جائے گا۔ جس مرد کو تنہائی میں دس جوتے مار لو تو اف تک نہ کرے بیوی کے سامنے اگر بات۔۔۔۔ ایسا ہو جائے تو مرد نہ سمجھنا، کیا سمجھے ہو، بیوی دیکھ رہی ہے، بزدل مردوں کو کھڑا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ روٹی کو سوراخ کر کے لٹکا دو۔

Marfat.com

## 15- حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر تبرا بازی کا بھونڈا الزام:

ایک مسئلہ آپ کا رہ گیا ہوگا کہ جناب امیر معاویہ کا جو سلسلہ ہے تبرا بازی کا اس کا نا
شرائطِ صلح طے کرنا نہیں ہے نہ کوئی اصلاح کرنا نہ کوئی اپنا موقف بیان کرنا ہے بلک
چالیس میں آپ نے تبرا شروع کیا جو لگاتار صدی کے خاتمے تک جاری رہا اور حضر
بن عبد العزیز نے اس کو آکر کے بند کیا۔ یہ خطبہ ان اللہ یامر بالعدل والاحس
ایتاء ذی القربی یہ حضرت عمر بن عبد العزیز نے اس جگہ اس کو replacement
ہے لیکن ہم چونکہ اہلِ سنت و جماعت میں سے ہیں جنابِ امیر معاویہ کو برا بھلا نہیں کہتے

## 16- حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر اہلِ بیت کو گالیاں دینے کا بے ہ الزام:

سب سے مراد یہ لعن طعن بھی ہے یعنی جو اس کی شان کے لائق نہ ہو، اس کو اذ
پہنچائے، اس کا جو معتقد اور سننے والا ہے سن کے اس کو اذیت پہنچے، یہ سب کے معنی میں
ہے۔

**سوال (منجانب مزمل شاہ):** اس کا آغاز جو منبر پر ہوا مولائے کائنات کے خلاف
آپ کی اولاد کے خلاف یہ کب ہوا؟ کس نے کیا؟

**جواب:** یہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ابتداً شروع کیا۔ مگر جس وقت حضرت
حسن رضی اللہ عنہ سے صلح ہوئی سابقہ ان معاملات کو یہ بات دھوتی ہے۔ اگر اس کے بعد کسی
کیا ہے تو یہ اس کا اپنا عمل ہے۔ صلح کے وقت یہ ساری باتیں طے ہوئی تھیں کہ آپ نے ا
کے بعد کوئی سب و شتم بھی نہیں کرنا، جنابِ حیدرِ کرار شیر خدا کے حامیوں کے خلاف کو
بات نہیں کرنی، ان کو کوئی اذیت نہیں پہنچانی اور جہاں جہاں وہ کہیں ہیں ان کو کوئی د

Marfat.com

ں پہنچانا، اہواز کے علاقے سے اتنا ہمیں رائلٹی کے طور پر دینا وغیرہ وغیرہ یہ کافی شرائط
یں طے ہوئی تھیں، یہ ہے کہ آپ نے اپنے بعد اپنا کوئی متولی یا اپنا crown prince
ں بنانا، ولی عہد نہیں بنانا، یہ باتیں اس وقت طے ہوئی تھیں۔(مزمل شاہ پھر سوال
تاہے) ولی عہد تو مقرر کیا ناں انہوں نے؟

واب: اس کے بارے میں وہ ایک اور شق نکال لیتے ہیں کہ انہوں نے کہا "میری زندگی
ں نہیں بنانا" حالانکہ یہ "میری زندگی" کا لفظ متنازعہ فیہ ہے، یہ ہے کہ نہیں ہے، مگر یہ کہ
ک طبقہ کہتا ہے کہ میری زندگی میں نہیں بنانا، چونکہ حضرت امام حسن کے وصال کے بعد
نہوں نے بنایا لہٰذا اس کی خلاف ورزی نہیں ہوئی مگر یہ محل نظر ہے اس پر اتفاق کرنا
شکل ہے۔

## 17- صحابہ وتابعین پر شیعیت وتفضیل کا الزام:

پہلے شیعہ صحابہ وتابعین تھے شاہ عبد العزیز صاحب نے تحفہ اثناء عشریہ میں لکھا ہے کہ
صحابہ وتابعین پہلے شیعہ تھے جو حضرت حیدرِ کرار کے ساتھ تھے اور ان میں ایک طبقہ وہ تھا
جو حضرت حیدرِ کرار کو باقیوں سے افضل سمجھتا تھا۔

## 18- امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی طہارت کا انکار اور غیر انبیاء کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ برابری کا دعویٰ:

آیت اتر چکی بعد میں سرکار نے تفسیر کر دی، اب جناب لغت کا سہارا لے کر کے معنی میں
تبدیلی نہیں کی جاسکتی۔ ثبوت: جب خود صاحبِ تفسیر تفسیر کر دے، اب اہل بیت تو کئی
قسم کی ہے، جو سرکار کے خادم ہیں واثلہ بن الاسقع اَلَسْتُ مِنْ اَھْلِ بَیْتِکَ
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ یا رسول اللہ! کیا میں آپ کی اہل بیت میں سے نہیں ہوں؟ فرمایا نَعَم بلٰی ہاں تو

Marfat.com

میری اہلِ بیت میں سے ہے، لیکن کس معنی میں ؟ خادم کی حیثیت سے، سَلْمَانُ مِنَّا اَھْلُ الْبَیْتِ حضرت سلمان فارسی ہم اہلِ بیت میں سے ہے، حضور کی ازواج لغت کے اعتبار سے حضور کی اہلِ بیت ہیں یقیناً حضور کی ازواجِ مطہرات اہلِ بیت میں سے ہیں، سرکارِ دوعالم نے پگڑی کے رشتہ داروں کو جو بنی ہاشم ہیں سب کو اپنی اہلِ بیت کہا، لیکن وہ کس معنے میں اہلِ بیت ہیں ؟ حرمتِ صدقہ میں اور خمس میں شریک ہونے میں، صرف ان دو چیزوں میں شریک، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ازواج مطہرات اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِھِمْ وَاَزْوَاجُہٗ اُمَّھَاتُھُمْ ان کو ماؤں کا درجہ ملا ہے صرف اس وجہ سے کہ سرکار کے گھر میں ہیں سرکار کی ازواج ہیں۔ سمجھے ہو بات ! لیکن یہ جو اہلِ بیت ہیں یہ پانچ چیزوں میں شریک ہیں علامہ رازی نے کہا ہے کہ آلِ محمد جو ہے یہ پانچ چیزوں میں یُسَاوُوْنَہٗ سرکار کے برابر ہیں یہ لفظ بولے ہیں انہوں نے امام رازی نے، اگرچہ میں یہ بولنے کی جرأت نہیں کرتا۔ امام رازی نے کہا یہ پانچ چیزوں میں یہ آلِ محمد جو ہے یہ سرکار کے ساتھ برابر ہے۔ کس چیز میں کہا پہلی بات صلاۃ میں یہ شریک ہیں۔ کہا کس طرح؟ کہا اللھم صل علی محمد علی آلِ محمد نماز کے اندر جو آل آتا ہے وہ یہی آل مراد ہے، یہ رازی لکھتے ہیں، دوسرا سلام میں سرکار کے ساتھ یہ برابر کے شریک ہیں، کہتے ہیں کیسے ؟ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ بھی ہے اور وَسَلَامٌ عَلٰی آلِ یَاسِیْن یہ بھی ہے، سلام میں بھی برابر کے شریک ہوئے۔ تیسرا تطہیر میں کہتے ہیں یہ برابر کے شریک ہیں، اگر امام رازی کے نزدیک اہلِ بیتِ تطہیر میں ازواج بھی ہوتیں تو ان کو بھی کہتے وہ شامل ہیں، انہوں نے کہا اہلِ بیتِ تطہیر میں صرف یہ پانچ شخصیتیں ہیں جو شامل ہیں۔ اس کے بعد فرمایا اور کس چیز میں ؟ کہا حرمتِ صدقہ میں بھی سرکار کے ساتھ برابر کے شریک ہیں، باقی جن کے لیے صدقہ حرام ہوا جب خمس بند کر دیا گیا صدقہ حلال ہو گیا، کہا ان کا صدقہ بند ہونے کے بعد بھی ان کے لیے صدقہ حلال نہیں ہوا خمس بند ہو گیا صدقہ پھر بھی حلال نہیں ہوا، وہاں اہلِ تطہیر کے لیے temporarily بند ہوا تھا، ایک cause تھی اس کی، ان کی cause

Marfat.com

ہے، تطہیر ہمیشہ قائم رہے گی اس لیے صدقاتِ واجبہ ہمیشہ ان کے لیے ممنوع ہیں۔ سمجھ آ گئی ہے؟اور آخری چیز کہا کہ یہ محبت میں یہ خاندان یہ پانچ حضور کی ذات پاک کے ساتھ یہ چاروں برابر کے شریک ہیں، کس طرح؟ کہا قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ سرکار کی محبت واجب ہے اس لیے قُلْ لَّآ اَسْءَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى انہوں نے کہا محبت میں یہ خاندان شریک ہے۔ صلاۃ میں شریک ہونا ایک، سلام میں شریک ہونا دو، حرمتِ صدقہ میں شریک ہونا تین، تطہیر میں شریک ہونا سرکار کے ساتھ چار اور محبت میں شریک ہونا پانچ۔

## 19- جگر گوشۂ حیدرِ کرار حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ پر رشوت خوری کا الزام اور حضرت حیدرِ کرار رضی اللہ عنہ اور آپکی اہلیہ حضرت سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا و حضرت خولہ حنفیہ رضی اللہ عنہا کے لیے wheel کے رذیل لفظ کا گستاخانہ استعمال:

اب جناب یہ پہلی smuggling جو کی تھی وہ جنابِ حیدرِ کرار کے ایک بیٹے تھے محمد بن الحنفیہ یہ اس کنیز کے بطن سے تھے کہ جو جنگِ یمامہ مسیلمۃ الکذاب کے خلاف لڑی گئی تھی اس سے وہ صاحبزادے پیدا ہوئے تھے اور اکثر و بیشتر جنگوں میں جنابِ حیدرِ کرار کا بھی ساتھ دے دیا اور کربلا والی جنگ میں یہ زندہ خیر و عافیت سے تھے امامِ عالی مقام کے ساتھ انہوں نے ساتھ نہیں دیا تھا یزید سے بیعت کی تھی اور کثیر رقم بھی وصول فرمائی تھی۔ جب یزید سے بیعت کر لی تو لوگ بڑے پریشان ہوئے کہ بیٹا علی کا ہو یزید سے بیعت کرلے انوکھی بات ہے۔ انہوں نے کہا دراصل یہ بات ہے کہ یہ دونوں wheel اس کے work نہیں کرتے ناں۔ بیٹا فاطمہ کا ہو گا سر نیزے پہ بھی چڑھے گا لیکن یزید پلید کو کبھی تسلیم نہیں کرے گا۔ ان کا نام محمد تھا ان کے متعلق یزیدیوں نے جب بیعت اس نے کی ناں تو فوراً مشہور کر دیا یہ امام مہدی ہے اور کہا یہ شیعہ نے مشہور کر دیا یہ امام مہدی ہے۔

Marfat.com

## 20-شعارِ اہلِ سنت "نعرۂ تحقیق حق چار یار" کی مخالفت :

آپ کو یاد ہو گا کہ آج سے چند روز پہلے مجھے نعرۂ تحقیق سے اختلاف ہوا۔ کس وجہ سے اختلاف ہوا؟ اس وجہ سے نہیں ہوا کہ نعرۂ علی کو کوئی روکتا ہے یا نہیں روکتا، میں نے کہا اس میں ہر حالت میں ان دو باتوں میں سے ایک بات پائی جاتی ہے؛ یا بغضِ صحابہ یا بغضِ اہلِ بیت۔ کیوں؟ اگر خلیفہ سمجھ کے کرتے ہو تو امامِ حسن خلیفہ نہیں ہیں؟ وہ جو تیس برسوں والی حدیث ہے کہ میرے بعد خلافت تیس برس رہے گی حضرت امامِ حسن کو شامل نہ کریں تو تیس برس پورے بنتے نہیں۔ اگر خلافت کے لیے آپ ان کا نام استعمال کریں کہ وہ تیس ڈالیں تو بنتی ہے۔ ہیں؟ تیس سال پورے کرنے کے لیے تو امامِ حسن کا نام آپ استعمال کریں جب خلافت کا نعرہ آئے تو پانچ کیوں نہ کہیں، حق پانچ یار، اگر خلیفہ سمجھ کے کہتے ہیں تو، اور اگر صحابہ کی عظمت اور تقدس کو تحفظ دینا چاہتے ہو تو حق سب یار کہو تا کہ اس میں جنابِ امیر معاویہ بھی آئیں۔ یہ آج سے چند روز پہلے کا اختلاف ہے کہ نہیں؟ ہیں؟ یہ بات اس کا اختلاف ہوا تھا یہ اولڈھم کے مقام پر ہوا تھا۔ ہاں یہ آج کی بات نہیں میرا خیال ہے پندرہ سولہ روز پہلے۔ میں نے کہا اگر آپ خلفاء کی خلافت کا نعرہ لگانا چاہتے ہو حق پنج یار کہو کہ حضرت امامِ حسن کی خلافت کو بیچ میں نہ ڈالو تو نبی پاک علیہ السلام کی وہ حدیث کہ میرے بعد تیس برس خلافت رہے گی وہ پوری نہیں ہوتی اور وہ حدیث صحیح ہے محدثین نے اس پر کوئی کلام نہیں کیا اور اسی بنیاد پر خلافتِ راشدہ کو تیس برس تک اسی سے مانتے ہیں۔ شیعہ کے مقابلے میں یہی حدیث پیش کی جاتی ہے کہ یہ تیس کی جو روایت ہے اس سے صدیقِ اکبر ص کی پہلی خلافت بنتی ہے۔ ہم حضرت امامِ حسن اور جنابِ حیدرِ کرار کی خلافت کو Valid قرار دیں تو وہ بیچ میں ڈالیں تو تیس بنتی ہے اگر وہ بیچ میں ڈالیں نہ تو تیس نہیں بنتے۔ اس وجہ سے ان کی خلافت کو بھی validate اسی حدیث سے کیا جاتا ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے کہ سنی ہو کر خلافت کو validate کرتے وقت تو حضرت امامِ حسن کی خلافت بیچ میں ڈالیں میٹھا میٹھا ہڑپ ہڑپ کڑوا کڑوا تھو تھو۔۔۔ ادھر تو تیس کا نام لے کر پوری

Marfat.com

کرتے ہو خلافت تو امامِ حسن کا نام کیوں نہیں لیتے ہو۔ اگر نعرۂ تحقیق خلافت کی غرض سے لگاتے ہو حق پنج یار کہو تا کہ پانچویں خلیفہ کا ذکر آئے۔ اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تحفظ مہیا کرنا چاہتے ہو، یہ اولڈ ھم کے مقام پر ہوئی ہے یا نہیں؟ دھڑلے سے یہ بات ہوئی کہ نہیں؟ کافی دیر تک اس پر گفتگو ہوئی، میں نے کہا پھر حق سب یار کہو۔ یہ چار یار صرف حق ہوں گے باقی باطل ہوں گے؟ اگر خلافت کے اعتبار سے کہو تو وہی خلافتِ راشدہ ان پانچ پر ختم ہوتی ہے اور اگر صحابہ کو تحفظ دینا چاہتے ہو تو حق سب یار کہو۔ یہ لفظ ہیں میرے، تا کہ امیر معاویہ بھی اس میں آئیں جو متنازع فیہ شخصیت بنادی گئی ہے۔ وہ متنازع فیہ شخصیت ہوں گے تو اللہ کی بارگاہ میں ہوں گے، صحابہ کی بارگاہ میں ہوں گے۔

## 21- حضرت سیدنا غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ جھوٹ منسوب کرتے ہوئے اصحابِ صحاح ستہ کی توہین:

حضرت والیٔ بغداد اپنی کتابوں میں حدیثیں روایت کرتے ہوئے ان ائمہ میں سے کسی ایک کا نام نہیں لیتے، ہاں، یہ جتنے آپ کو صحاح ستہ وغیرہ والے نظر آتے ہیں ایک کا بھی نام نہیں لیتے۔ آپ سے پوچھا گیا ”آپ ان کا نام نہیں لیتے؟“ انہوں نے کہا ”مجھ سے کم استعداد کے آدمی ہیں، میں ان کا نام لے کر اپنی کتاب کو خراب کروں! میرا نام ان سے زیادہ وزنی ہے۔“

## 22- حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ پر اہلِ بیت کے ساتھ سوتیلی ماں والا سلوک کرنے کا الزام:

اور جو حضرت مفتی صاحب نے ذکر کیا ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ صحتِ حدیث میں شدتِ التزام کے ساتھ ثقہ راویان کا انتخاب کرتے ہیں اور جس آدمی کا ضبط بھی کامل ہو، جس آدمی کی صحبت بھی اپنے شیخ کے ساتھ کامل ہو اس آدمی کی حدیث لیتے ہیں مگر امام بخاری

Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہ نے اہل بیت کے بارے میں سوتیلی ماں والا سلوک کیا ہے۔ یہ جو حدیثِ قسطنطنیہ ہے اس کے بارے میں محدثین کی خدمتِ عالیہ میں انتہائی ادب سے عرض کروں گا کہ مجھے یہ سوچ کے بتلاؤ اس کا راوی کون ہے؟ اس کی راوی امِ حرام ہے۔ محدثین میں ان کا درجہ کیا بنتا ہے؟ حضرت امِ حرام کا کوئی درجہ محدثین کے طبقے میں نہیں بنتا، بہت کمزور راویہ ہے اور پھر وہ بیان کہاں کرتی ہیں؟ اس سلسلۂ تعلیمات میں پوری بخاری میں ایک ہی روایت ہے اور وہ دمشق جا کے لی ہے۔ ایک حدیث کے لیے انہوں نے سفر کیا ہے اور کیا یزید کے لیے ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ امِ حرام کون ہیں؟ مدینہ طیبہ کی رہنے والی، حدیث کیا ہے کہ اول جیش من امتی یغزون مدینۃ قیصر مغفورلھم سب سے پہلی جماعت کہ جو شہر قیصر پر حملہ کرے گی وہ بخشی ہوئی ہے۔ یزید کو جنتی کہنے کے لیے انہوں نے یہ ساری تدبیر کی ہے۔ اس کا نام ہے حدیثِ قسطنطنیہ، حدیثِ مغفور لھم۔ دیکھنا یہ ہے کس نے روایت کی ہے؟ اس کی راویہ حضرت امِ حرام ہیں۔ رہنے والی کہاں کی ہیں؟ مدینہ طیبہ کی۔ مدینہ طیبہ میں آکر کے کسی نے ان سے یہ حدیث لی ہے یا جا کر کے دمشق؟ کہا دمشق جا کر کے انہوں نے یہ حدیث پیش کی ہے۔ محدثین کے نزدیک فضائل ہوں یزید کے، راوی ہوں سارے دمشقی، محدثین کے نزدیک قابلِ احتجاج ہے؟ پھر یہ کہنا کہ بخاری صاحب نے بڑی مہربانی فرمائی ہے اچھا کیا ہوگا مہربانی کی ہوگی لیکن اولادِ رسول کے ساتھ تو انہوں نے باقاعدگی سے وہ سارے اقدامات کیے ہیں جو نہیں کرنے چاہئیں تھے۔

## 23- حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ پر یزید کی حمایت کا الزام:

آیئے! حدثنا، کتنے افسوس کی بات ہے کہ امام بخاری نے اس پورے ملک میں جا کر کے کوئی دوسری حدیث روایت نہیں کی، صرف ایک روایت کی ہے۔ کس دور کا آدمی ہے؟ بندہ تیسری صدی کا ہے، حکومت اس وقت کس کی ہے؟ عباسیوں کی ہے، عباسیوں کی حکومت میں یزید کی فضیلت کی ضرورت کیا پڑی تھی؟ بات اصل میں یہ تھی جو کام یزید نے کیا تھا،

Marfat.com

مسلمان اس کو کافر کہتے تھے اور اس پر لعنت کرتے تھے، وہ کام عباسیوں نے لاکھ مرتبہ کیا تھا، اگر وہ ایک مرتبہ لعنتی تھا تو یہ لاکھ مرتبہ لعنتی تھے۔ اس وجہ سے ان کو ضرورت تھی پہلے اس کے case کو justify کیا جائے۔ اس کی کیا وجہ ہو گی امام بخاری کا استاد ہے امام احمد بن حنبل، جو غوث الثقلین کا امام ہے، اس کی حدیث کو candalize نہ کیا جائے؟ پانچ جلدوں کی کتاب مسند امام احمد بن حنبل، استاد کی حیثیت زیادہ معتبر ہے، لاکھ میں سے ایک آدمی ایسا نہیں ملے گا جو کہے اگر ایک لاکھ بخاری ملایا جائے تو ایک امام احمد بن حنبل بنتا ہے، جب وہ آدمی معتبر ہے اس آدمی نے درے کھائے ہیں کلمۂ حق کہہ کے، امام بخاری بھی اس زمانے میں بغداد میں موجود ہے اس نے کیوں نہیں کہا میرا بھی یہی عقیدہ ہے۔

شیریں سے گرچہ کوہکن بازی نہ لے سکا پر سر تو دے سکا
کس منہ سے کرتے ہو دعویٰ عشق سودا تم سے تو یہ بھی نہ ہو سکا

سمجھ میں آئی یہ بات! کاش میرا گلا ٹھیک ہوتا، لیکن بہر حال جیسی بھی حالت میں ہوں بات آپ کو سمجھ آرہی ہے۔ ان کے ہاتھ مضبوط کرتے ہو؟ جن کو روکنے کی تمہاری ڈیوٹی تھی ان کے آلۂ کار بنے ہو؟

## 24-امامِ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ پر بغضِ اہل بیت کا الزام:

جلد نمبر 16 ہے، اتفاق سے صفحہ نمبر 16 ہے، اس صفحے پر یہ حوالہ ہے، اوپر کی دس بارہ سطریں چھوڑ کے نیچے یہ حوالہ ہے، جنابِ حیدرِ کرار کی حدیث پر تفصیلی بحث ہے کہ یہ حدیث کمزور ہے لیکن سامنے والے صفحے پر علامہ بدر الدین عینی نے اس بحث کو چھیڑا اور اس کے اندر حضرت عبد اللہ ابنِ عباس کے حوالے سے بھی اور حضرت عبد اللہ ابنِ عمر کے حوالے سے بھی دونوں حدیثیں بیان کیں، ایک ابنِ ماجہ کے اندر بیان کی ایک ترمذی کے

Marfat.com

اندر بیان کی اور دونوں بیان کر کے ان پر کوئی گفتگو نہیں کی، حدیث وہی ہے اس پر نہیں کہا کمزور، اِدھر نام علی کا تھا بغضِ علی کی وجہ سے وہ نام چھیڑ گئے۔

## 25- گستاخِ رسول دیوبندی مولوی قاری طیب کی سیادت کا اقرار اور حجۃ الاسلام امامِ غزالی رحمۃ اللہ علیہ پر ناصبیت کا الزام:

قاری طیب صاحب یہ سادات میں سے ہیں انہوں نے بھی یہ لکھا ہے کہ امام غزالی ناصبی ہیں۔

## 26- حجۃ الاسلام امامِ غزالی، امام ابنِ جوزی و شاہ عبد العزیز محدثِ دہلوی رحمۃ اللہ علیہم پر ناصبیت و بغضِ اہل بیت کا الزام:

جن لوگوں نے اس پر لعنت نہیں کی یا اس کو کافر نہیں کہا، کہا کہ اس پر خلافت منعقد ہو گئی تھی ان کا نام ناصبی ہے ہماری اپنی زبان میں، یعنی حضرت علی مرتضیٰ شیر خدا کے خلاف اور امامِ حسین کے مخالف دھڑے کا نام ہے ناصبی، تو جو لوگ یزید کی حمایت کا جملہ بولتے ہیں اہلِ سنت میں ان کا شمار نہیں ہوتا، ان کا شمار ناصبیہ میں ہوا کرتا ہے۔ اور بہت سارے لوگوں نے بڑی موٹی موٹی کتابیں لکھی ہیں اور صوفی بن بیٹھے ہیں، یہ بڑی پرانی چور بازاری چلی آرہی ہے۔ جس وقت لوگوں نے دیکھا یہ آدمی بڑا بے ایمان ہے گمراہ ہے اس نے فوراً فقیر ہونے کا دعویٰ کیا، تصوف پر کتابیں لکھنی شروع کر دیں، تصوف پھیلانا شروع کر دیا، محض اس دھوکے کو عام کرنے کے لیے کہ میں تو باقاعدہ صوفی ہوں، درویش ہوں، اہل اللہ ہوں، اور کتابیں باقاعدہ لکھی ہیں اور یہ کتابیں لکھنے کا کام ابنِ تیمیہ جیسے آدمی نے بھی کیا تصوف کی کتابیں، تصوف کے منکرین میں پہلا آدمی سمجھا جاتا ہے اس آدمی کو۔ ابنِ قیم نے

Marfat.com

تصوف پر بڑی کتابیں لکھی ہیں، جب ان کو یارسول اللہ کا منکر کہا گیا تو پھر ابنِ قیم نے جلاء الافہام میں جابجا اس بات کا ذکر کیا کہ فلاں فلاں بزرگوں نے یارسول اللہ کہا تھا اور یارسول اللہ کہہ کے درود پڑھتے تھے، پھر تصوف پر بھی بڑی کتابیں لکھیں اور ابنِ جوزی نے سرکارِ بغداد کی قبر شریف کے بارے میں کہا کہ میں نے ان کی ہڈیاں نکال کے دریا میں بہادی ہیں اب کس لیے سلام کے لیے آتے ہو، اس آدمی نے بھی بعد میں جب جوتے پڑے، شکل بدل گئی، اور ناٹے قد کا تھا، سر موٹا سا تھا، گردن چھوٹی سی تھی، قد ناٹا سا تھا، رنگ کالا تھا، رنگ اور بھی سیاہ پڑ گیا، داڑھی کو رنگنے کے لیے کوئی چیز لگائی تو داڑھی بھی جھڑ گئی اور صورت بھی بدل گئی، اس سے بہت گھبرایا اور۔۔۔ جس کے سہارے اس نے یہ ساری بدتمیزیاں کی تھیں وہ بھی اور یہ بھی، ان سے کوئی ایسا کام برا ہوا کہ گدھے پر سوار کر کے منہ کالا کر کے بغداد شریف میں پھرایا گیا اور بعد والے مولانا ةُ اللہ علیہ ةَ اللہ علیہ سب کتابوں میں لکھتے یعنی جوں جوں اہلِ بیت کا منکر اپنے جوبنوں پر آئے تو پیچھے ةُاللہ علیہ کی مشین لگا دیتے ہیں تاکہ اس کی کوئی برائی ظاہر نہ ہو، تو اس نے بھی تصوف پر کتابیں لکھی ہیں، تقریباً یہ ساری کتابیں تصوف کی ہیں جو ان لوگوں نے لکھی ہیں۔ یہ امامِ غزالی صاحب جو ہیں یہ بھی ان کتابی مولویوں میں سے ہیں جنہوں نے وقت پر حضرت امامِ حسین کی مخالفت کا دم بھی بھرا۔ احیاء العلوم جو بڑی مشہور، صوفیاءِ کرام میں مشہور مانی جاتی ہے اس کے اندر موجود ہے کہ یزید کو برا نہیں کہنا چاہیے یزید ٹھیک آدمی تھا اس پر خلافت منعقد ہو گئی تھی۔ انہوں نے کتابیں وغیرہ جو لکھی ہیں ناں سمجھا بہت بڑا تیر مارا ہے پیچھے بھی کافی لوگ۔۔۔ مگر آج تک ان کا کوئی مرید دیکھا ہے زندگی میں؟ ان کے سلسلۂ طریقت کا کوئی نام آپ کی اطلاع میں ہے؟ جو کاغذی قسم کے پیر ہوتے ہیں ان کے آگے سلسلے نہیں چلتے۔۔۔ امام غزالی کا مرید بھی کبھی آپ نے دیکھا ہے؟ ان کے سلسلۂ طریقت کا کوئی نام

Marfat.com

ہے؟ بیماری یہی ہے کہ امام حسین کے مخالف دھڑے کے آدمی ہیں۔۔۔۔۔یزید
بارے میں اہل علم کے ایک طبقے نے کہا کہ اس پر لعنت درست ہے۔ کیوں درست ہے؟
اس وقت وہ کافر ہو گیا جب اس نے حضرت امام حسین کے قتل کا حکم دیا۔ یہ ایک inch
of case ہے۔ ایک طبقہ کہتا ہے کہ اس نے نہ قتل کا حکم دیا ہے جو تمہارے ہاں اس
تکفیر کی بنیاد ہے وہی نہیں ہے، اس نے کوئی حکم نہیں دیا۔ جو امام غزالی ہیں وہ بھی ا
دعوے کے مدعیوں میں سے ہیں کہ یہ بات ثابت نہیں ہے، یہ حاشیے میں لکھا ہے ش
عبدالعزیز صاحب نے، شاہ عبدالعزیز صاحب جی اچھی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں ناں، اس
وہ کہتے ہیں کہ جناب اس کا تو امر کرنا ثابت نہیں ہے۔ اب یہ ثابت کرنا کہ اس نے حکم
ہے یہ فیصلہ طلب بات ہے۔ اس جگہ ایک طرف حضرت علامہ تفتازانی ہوں اور ایک
طرف کوئی اور مولوی صاحب ہوں کیا قیمت بنے گی اس کی؟ اس جگہ آپ فرماتے ہیں علامہ
تفتازانی و اتفقوا علی جواز اللعن علی من قتله او امربه او اجازه کہتے ہیں اس
پر تمام اہل علم کا اتفاق ہے کہ جس آدمی نے امام حسین کو قتل کیا اس پر لعنت اور لعنت
معنی یہ ہے کہ سوائے کافر کے نام لے کے کسی کو لعنت بھیجنی درست نہیں ہے اور من رای
منکم منکرا فلیغیره بیده فان لم یستطع فبلسانه فان لم یستطع
فبقلبه فذلک اضعف الایمان جو آدمی کسی بدی کو دیکھے چاہیے کہ اس کو ہاتھ سے
روکے اگر ہاتھ سے نہیں روک سکتا تو زبان سے تو برا کہے، یزید کے ساتھ لڑ نہیں سکتا یزید پہ
لعنت تو بھیج دے۔ یہ جنہوں نے کہا نہ بھیجنے اور چپ رہنے میں کوئی مضائقہ نہیں یہ تمہاری
ماں کی عزت پر حملہ ہوا ہوتا پھر دیکھتے کیسے چپ رہتے ہو۔ ہیں؟ یہ حسین پر حملہ ہوا ہے اس
لیے تمہیں سستا نظر آتا ہے۔

Marfat.com

## 27-سیدی اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتراض:

تمثیل نے اس سایہ کے دو حصے کیے
آدھے سے بنے حسن آدھے سے حسین

مجھے ایک حد تک اختلاف ہے اس وجہ سے میں سوچ رہا تھا میں کہوں مثل شے غیر شے ہوتی ہے اور اجزاءِ شے غیر شے نہیں ہوتے۔ حسنین کریمین اجزائے رسول ہیں۔ میرا سر چکر کھانے لگا تھا مثلِ شے غیر شے ہوتی ہے۔ تمثیل نے دو حصے کیے کا مطلب یہ ان کا غیر تھے۔ قرآن مجید کی اندرونی شہادت بتاتی ہے فجعلوا له من عباده جزء ا جس وقت مشرکین نے فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہا تو ربِ کریم نے کہا کہ انہوں نے خدا کے اجزاء بنا لیے ہیں یعنی اولاد کو جزِوذات۔۔۔ اس کو کہتے ہیں اشارۃ النص، تو مقصودِ کلام جزو ظاہر نہیں کرتا بلکہ یہ بتانا تھا کہ اولاد اس کی ہو سکتی ہے جو متجزی ہو تو جزِ وشے غیر شے نہیں ہوا کرتی مثلِ شے غیر شے ہوا کرتی ہے۔

## 28-توہینِ علماء پر مشتمل نعرہ کی بے ہودہ تعریف :.

جب بیل کھینچتے کھینچتے جوڑوں میں بیٹھ جاتا ہے ناں تو اس کا زمیندار اس کو اٹھانا چاہتا ہے، اس (بیل) کو پتہ چل گیا ہے کہ بہت کوشش کر کے دیکھی ہے آگے چلنے کا فائدہ کچھ نہیں ہے بیٹھ جانے کا فائدہ ہے، اس کی دم پہ دانت سے کاٹتا ہے زمیندار، اس وقت وہ مرتے مرتے بھی اٹھ جاتا ہے۔ یہ نعرہ جو ہے ناں جس وقت مولوی تقریر میں رہ جائے ناں اس وقت نعرہ لگایا جائے تو یوں سمجھیں کہ دم پہ کسی نے کاٹ لیا ہے۔

Marfat.com

## 29- نماز روزہ کو ریسلنگ (Wrestling) کہہ کر ارکانِ اسلام کی توہین کا ارتکاب :

مولانا فیض احمد صاحب گولڑوی مدظلہ العالی و دامت برکاتہم العالیہ اپنی تحریر میں لاتے ہیں کہ چونکہ فضائل اہل بیتِ کرام موہوبی ہیں ہبہ میں ملے ہوئے ہیں یہ کسب میں نہیں، یہ Wages نہیں ہیں یہ Gift ہیں اس لیے کوئی شخص ریاضات و مجاہدات سے خونِ نبوی کی تاثیر و فیوض و برکات کو نہیں پہنچ سکتا۔ بات پلے پڑی یا نہیں پڑی؟ یعنی نمازوں روزوں کی محنت سے، اس ریسلنگ (Wrestling) سے کوئی چاہے کہ اولادِ رسول کے برابر ہو جائے خواجہ گولڑوی کے بیان کے مطابق نہیں ہو سکتا۔

## 30- آیت کا حشر کر کے قرآنِ مجید کی شدید توہین :

انہوں نے (یعنی شیر اہلِ سنت علامہ مفتی محمد عابد جلالی مدظلہ نے مناظرۂ راولپنڈی میں) آیتیں دو پیش کیں، ایک آیت پیش کی ایک حدیث، تو آیت کا جو حشر کیا ہم نے کہ وہ معنی ہی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کی یہ کتاب ہے اور اللہ تعالیٰ کی مقدس آیت ہے اس کا تم نے وہ ترجمہ کیا ہے جس کے ہم نے پرخچے اڑا کے رکھ دیے ہیں اور آیتِ مکرم کے اصلی معنی پوری طرح واضح کر کے آپ کے سامنے چھوڑ دیے ہیں۔

**مذکورہ بالا گستاخیاں اس ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتیں ہیں**

**www.youtube.com/fikrerazapakistan**

**www.youtube.com/thezulfiqaar**

Marfat.com

## 31-سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کی گستاخی:

موصوف نے لکھا:

"حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جتنے کھڑے آدمی تھے اتنے تجارتی میدان میں کھوٹے آدمی بھی تھے"۔[1]

## سختی کی وجہ:

کچھ حضرات کو فقیر حقیر پر یہ شکوہ ہے کہ اس کتاب میں انداز بڑا سخت ہے طعن و تشنیع سے کام لیا گیا ہے تو نہایت مودبانہ التماس ہے کہ اس گستاخ ٹولہ کی مذکورہ گستاخیاں دیکھ اور سن کر فقیر کی غیرت ایمانی یہ گوارہ نہیں کرتی کہ ان کے بارے میں نرم لہجہ رکھا جائے۔ ہاں ہم کسی کو یہ نہیں کہتے کہ آپ نرمی کرتے ہیں سختی کریں لیکن بد مذہب فرقوں، صحابہ کرام کے گستاخوں اور اہل بیت کے دشمنوں سے نرمی برتنا سیدی اعلیٰ حضرت امام اہل سنت کی فکر نہیں ہے۔

## فکر اعلیٰ حضرت:

ایک مرتبہ صدر الافاضل فخر الاماثل حضرت علامہ سید نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے جب آپ سے کہا کہ حضور کی کتابوں میں وہابیوں اور دیوبندیوں اور غیر مقلدوں کے عقائد باطلہ کا رد ایسے سخت الفاظ میں ہوا کرتا ہے کہ آج کل جو تہذیب کے مدعی ہیں وہ چند سطریں دیکھتے ہیں حضور کی کتابوں کو رکھ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان کتابوں میں گالیاں بھری ہیں اس طرح وہ حضور کے دلائل، براہین کو بھی نہیں دیکھتے اور ہدایت سے محروم رہ جاتے ہیں

---

(1) تاجدار صداقت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ص ۳۱ قادریہ جیلانیہ پبلیکشنز

Marfat.com

لہذا حضور نرمی اور خوش بیانی کے ساتھ وہابیوں اور دیوبندیوں کا رد فرمائیں تو نئی روشنی کے دلدادہ جو اخلاق و تہذیب والے کہلاتے ہیں وہ بھی آپ کی کتابوں کے مطالعہ سے مشرف ہوں اور حضور کے لاجواب دلائل دیکھ کر ہدایت پائیں تو حضرت صدر الافاضل کی یہ بات سن کر آبدیدہ ہوگئے اور فرمایا میری تمنا تو یہ تھی کہ احمد رضا کے ہاتھ میں تلوار ہوتی اور احمد رضا کے آقا و مولیٰ ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والوں کی گردنیں ہوتیں اور اپنے ہاتھ سے ان گستاخوں کے سر قلم کرتا اور اس طرح گستاخی اور توہین کا سدباب کرتا لیکن تلوار سے کام لینا تو اپنے اختیار میں نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے قلم عطا فرمایا ہے تو میں قلم سے ان بے دینوں کا شدت کے ساتھ اس لئے رد کرتا ہوں تاکہ حضور اقدس ﷺ کی شان میں بدزبانی کرنے والے کو اپنے خلاف شدید رد دیکھ کر مجھ پر غصہ آئے تو پھر جل بھن کر مجھے گالیاں دینے لگے اور میرے آقا و مولیٰ ﷺ کی شان میں گالیاں بکنا بھول جائیں اس طرح میرے آباء واجداد کی عزت آبروئے حضور ﷺ کی عظمت کے لئے سپر بن جائے۔ (1)

## قبلہ عالم فاتح قادیانیت پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:

فرمایا کفار کا مومنین کے ساتھ جنگ کرنا درحقیقت اتنا مضر نہیں جتنا کہ بداعتقاد لوگوں کی تقریر و تحریر ـ ـ ـ ـ جو شخص اسلام کا دعویٰ کرے اور محراب میں منبر پر کھڑے ہو کر واعظانہ صورت میں ناصحانہ آیات واحادیث پڑھ کر بے جا تاویلوں اور حیلہ بازیوں سے اہل اسلام کے عقیدوں میں خلل پیدا کرے تو ایسے شخص کا ضرر بہت زیادہ ہے کیونکہ اس کی زبان کا ڈھنگ روح اور ایمان کیلئے ایک خطرناک اژدہا ہے جس سے متاع اسلام برباد ہوتی ہے صحبت بد کا اثر برے کام کرنے سے بھی برا ہوتا ہے ہم سے تو ایسی فقیری نہیں ہوسکتی کہ عقائد اسلامیہ متواترہ پر ایسے حملوں کے وقت خاموش بیٹھ کر تماشا دیکھا کریں اور ہم ایسے فقر سے ہزار دل سے بیزار ہیں جو عین مداہنت اور بے غیرتی ہے۔ (2)

---

(1) مفتی اعظم ہند ص ۸۶۱ مطبوعہ شبیر برادرز لاہور
(2) ملفوظات مہریہ ص ۱۱۸ مطبوعہ گولڑہ شریف

Marfat.com

مجھے مشورہ دینے والوں کو بندہ ناچیز کی یہی گذارش ہے کہ:

مجھے تو سب ہی کہتے ہیں کہ رکھ نیچے نظر اپنی
انہیں کوئی کیوں نہیں کہتا نہ نکلو تم عیاں ہو کر

ہر ذی عقل انسان اس بات کو جانتا ہے کہ مذکورہ بالا باتیں صحابہ کو تحفظ مہیا کرنے والی نہیں بلکہ ان کی شان میں گستاخیاں ہیں۔ لہٰذا جس طرح روافض مذکورہ دعوے میں جھوٹے ہیں اسی طرح حق سب یار کے متعلق یہ کہنے میں کہ ہم سب صحابہ مراد لیتے ہیں بھی جھوٹے ہیں۔

## مفتی عبدالرزاق بھترالوی کے قلم سے:

سب صحابہ کے حق ہونے یعنی کسی کے صحابی ہونے کا تو اہل سنت کو تو کوئی انکار نہیں لیکن سب صحابہ کا ایک درجہ ثابت نہیں کیا جاسکتا، رافضیوں کا یہ کہنا کہ نعرہ تحقیق کے جواب میں حق سب یار کہا جائے کیسے صحیح ہو سکتا ہے؟ وہ بھی تو سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برابر نہیں سمجھتے بلکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سب سے افضل مانتے ہیں پھر عجیب دورنگی ان کی یہ کہ ادھر کہتے ہیں کہ حق چار یار نہ کہو "بلکہ حق سب یار کہو" اور ادھر حضرت امیر معاویہ اور حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہما کی شان کو نہیں مانتے تو کس منہ سے اہلسنت کو عقیدہ حقہ سے پھیرنے کے لیے مشورہ دیتے ہیں کہ "حق سب یار کہو"۔ (1)

(1) نجوم الفرقان زیر آیت ان اللذین آمنوا ثم کفروا ثم آمنوا

Marfat.com

## سب صحابہ کہہ کر عوام کو دھوکہ دینا روافض کا پرانا طریقہ ہے:

الحاج ابو داؤد محمد صادق صاحب رضوی یوں رقم فرماتے ہیں کہ:

**نکتہ نمبر5 :** میں شیعہ حضرات نے ڈنڈی ماری ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے ج برگزیدہ صحابہ کرام اور امہات المومنین رضی اللہ عنہم کا ادب واحترام اور تعظیم و تکریم پوری ام مسلمہ کیلئے واجب ہے دیکھئے برگزیدہ صحابہ کے جملہ پر شیعہ نے خلفاء راشدین کے ذکر اعراض کیا ہے برگزیدہ صحابہ شیعہ حضرات کے نزدیک صرف وہی چار پانچ ہیں جن کو خود صحابہ سمجھتے ہیں۔ اس سے طاہر صاحب نے اہل سنت کے عقیدہ خلافت بلا فصل س حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے انحراف کیا ہے اور شیعہ اپنا عقیدہ محفوظ رکھنے میں کامیا ہوئے ہیں امہات المومنین کے بارے میں بھی شیعہ کا اپنا مخصوص عقیدہ ہے جو ان کتابوں میں مرقوم ہے۔[1]

قارئین آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ جس طرح یہ باقی باتوں میں شیطان کے مرید ہیں اسی طر یہ سب یار کے نعرہ میں بھی اس کی جانشینی کو نبھاتے ہوئے اپنی مذموم کوشش کو کامیا بنانا چاہتے ہیں لیکن مذکورہ بحث سے یہ بات پایا ثبوت کو پہنچتی ہے کہ یہ حق سب یار کہنے جھوٹے ہیں اور یہ اپنی اس مکاری میں کامیاب نہیں ہو سکتے کیونکہ امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ سگ ابھی زندہ ہیں جو روافض کی سبائیات کا پردہ چاک کر کے ان کی اصل صورت عوام اہل سنت کے سامنے آشکار کرتے رہیں گے۔

یہ رضا کے نیزہ کی مار ہے　　　عدو کے سینے میں غار ہے
کسے چارہ جوئی کا وار ہے　　　کہ یہ وار وار سے پار ہے

---

(1) خطرہ کی گھنٹی ص ۲۶۳ مطبوعہ مکتبہ رضائے مصطفی چوک دار السلام گوجرانوالہ

Marfat.com

کتابچہ میں یہ بھی کہا گیا کہ اگر خلفاء سمجھ کر نعرہ لگاتے ہیں تو حق پنج یار ہونا چاہئے۔ کیونکہ "امام حسن علیہ السلام بھی خلیفہ برحق ہیں"۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ اہل سنت و جماعت نعرہ تحقیق سے خلفاء مراد ہی نہیں لیتے نہ چار کی ہی حقانیت کہ کوئی جاہل مرکب اعتراض کرے لہذا جب اہل سنت حق چار یار سے دونوں مطلب مراد ہی نہیں لیتے تو اعتراض کیسے؟ پھر کیا دلیل اور کیا اس کا وزن؟ وہی وزن جو پانی کے بلبلے کا ہے اور یہی حیثیت انکی دلیل کی ہے۔ کیونکہ حق چار یار کا وہی مطلب ہے جو ابتداً ذکر کر دیا گیا کہ چار یار سب صحابہ سے افضل ہیں وہ بھی ترتیب وار اسی سے ضمنی طور پر بالتبع ان کی خلافت بالترتیب کے حق ہونے کا بھی اعلان ہو جاتا ہے۔

اور ہم اہل سنت وجماعت کو تو امام حسن مجتبیٰ کی خلافت کے حق ہونے کا انکار ہی نہیں ہے لیکن اصطلاحی طور پر ان کے اوپر یار کا اطلاق درست نہیں بلکہ وہ تو ولد رسول اور نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں کیونکہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ظاہری حیات سے پردہ فرمایا تو اس وقت آپ کی عمر مبارک پونے چھ سال تھی۔ تو نواسہ اور بیٹا یار نہیں ہوتے۔

جہلاء اس وجہ سے پنج یار کی تبلیغ کرتے ہیں کہ ان کی عقل پر پردے ہیں جسکی وجہ سے یہ ولد اور یار میں فرق نہیں کر سکتے۔ یہ صرف یہاں نہیں انہوں نے تو کہیں بھی یار اور ولد میں فرق نہیں کیا جیسا کہ "اخبار جہاں" کے ایک انٹرویو سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ لہذا ان پر گلہ نہیں یہ ولد اور یار کا فرق کیا جانیں۔ فتأمل۔

Marfat.com

قبلہ عالم گولڑوی فاتح مرزائیت سید الاولیاء پیر سید مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے حق چار یار کا نعرہ اور پنج یار کا رد:

> خلفاء اربع (چار یاروں) اور سیدنا حسن رضی اللہ عنہم کا زمانہ تیس سال ہے جس پر خلافت رحمت کا خاتمہ ہو گیا۔[1]

آپ نے خلفاء اربعہ چار یاروں کا ذکر کر کے امام حسن رضی اللہ عنہ کا علیحدہ ذکر فرمایا خلفاء خمسہ (پانچ یار) نہیں کہا لہذا تفضیلی رافضیوں کی دلیل کا قلع قمع ہو گیا کہ اگر خلیفہ مراد ہو تو پنج یار کہنا چاہئے۔ اصل میں ان کا یہ حربہ جاہل سنیوں کو رافضی بنانے کا ہے۔

اہل سنت تو کسی خلیفہ راشد کے منکر ہی نہیں بلکہ ہم خلیفہ راشد سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کو بھی مانتے ہیں چہ جائیکہ امام حسن کی خلافت راشدہ کا انکار کیا جائے۔ اعلحضرت فاضل بریلوی سے پوچھا گیا۔

**عرض:** خلافت راشدہ کس کس کی خلافت تھی؟

**ارشاد:** ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی، مولا علی، امام حسن، امیر معاویہ، عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہم کی خلافت راشدہ تھی اور اب سیدنا امام مہدی رضی اللہ عنہ کی خلافت خلافت راشدہ ہو گی۔[2]

**سوال:** تفضیلی رافضیوں کا اعتراض ہے کہ نعرہ تحقیق حق چار یار حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو خلافت سے نکالنے کے لیے لگایا جاتا ہے اس لیے یہ درست نہیں۔

---

(1) تصفیہ مابین سنی وشیعہ ص۸ مقام اشاعت گولڑہ شریف
(2) ملفوظات اعلحضرت حصہ سوم ص۲۸۸ احمد رضاء بریلوی کتب خانہ کراچی

Marfat.com

**جواب:** اہل سنت وجماعت امام حسن مجتبی رضی اللہ عنہ کو خلیفہ راشد مانتے ہیں حق چار یار کا مطلب ترتیب وار چار خلفاء کی افضلیت ہے نہ کہ خلفاء کہ امام حسن کو خلافت راشدہ سے نکالنے کے لیے یہ نعرہ لگایا جاتا ہو۔

تفضیلی رافضی نعرہ تحقیق سے روکنے پر یہ دلیل دیتے ہیں کہ اگر تم حق چار یار سے خلافت مراد لیتے ہو تو حق پنج یار کہنا چاہیے کیونکہ امام حسن بھی خلیفہ راشد ہیں اور اگر تم حق چار یار سے حق صحابی مراد لیتے ہو تو سب صحابہ حق ہیں لہذا حق سب یار کہو۔

## حق چار یار کا مطلب:

یہ ہے کہ چار یاروں کی فضیلت حق ہے ترتیب وار ہے اور جو فضیلت اللہ تعالی نے ان چاروں کو جس ترتیب سے دے رکھی تھی رب تعالی نے وہی ترتیب ان کی خلافت میں بھی رکھی۔

## حق چار یار کہنے کا عجیب فائدہ:

جب حق چار یار کہنے سے چار خلفاء راشدین کی فضیلت ترتیب وار کے ثبوت کا اقرار واعلان کیا جاتا ہے تو ضمناً خود بخود ان کی خلافت کے ترتیب وار ہونے کا اقرار واعلان بھی پایا جاتا ہے اور رافضی حضرات کے عقیدہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بلافصل کا رد بھی ہو جاتا ہے۔ لہذا جب حق چار یار سے اہل سنت وجماعت دونوں مطلب مراد ہی نہیں لیتے تو اعتراض کیسے اور ان کی دلیل کا کیا مطلب اور کیا وزن؟ ان کی دلیل پانی کے بلبلے سے کچھ زیادہ حیثیت نہیں رکھتی۔

Marfat.com

## حق چار یار سے روکنے کا مطلب:

روافض حضرات اس لیے حق چار یار کہنے سے روک رہے ہیں کہ جب حق چار یار کہا جائے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ چار خلفاء راشدین کی فضیلت ترتیب وار ہے یعنی پہلے حضرت ابو بکر صدیق پھر حضرت عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی اور پھر حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم حق چار یا رکہنے سے رافضیوں کا مقصد پورا نہیں ہوتا کیونکہ وہ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سب سے افضل مانتے ہیں یہ تو اتفاقی امر ہے کہ اللہ تعالی نے ان کی خلافت میں بھی ان کی افضیلت کے مطابق ہی ترتیب رکھ دی۔[1]

**اعتراض:** نعرہ تحقیق دیوبندیوں کی ایجاد ہے سنی حضرات نعرہ تحقیق کیوں لگائیں مولوی مظہر چکوالی کی ایجاد ہے جو دیوبندی تھا؟

**جواب:** اگر یہ دیوبندی کی ایجاد ہے تو ہمیں اس سے بہت بڑا فائدہ حاصل ہو رہا ہے ادھر کہتے ہو کہ نعرہ رسالت بدعت ہے تو ادھر کبھی نعرہ تحقیق لگا رہے ہو کبھی "تاج و تخت ختم نبوت" کا نعرہ لگا رہے ہو اگر یہ جائز ہیں تو نعرہ رسالت بھی جائز ہے۔

اور حق چار یار میں رافضیوں کا بھی رد ہے کہ وہ خلفاء ثلاثہ کے منکر ہیں اور خارجیوں کا بھی ہے کہ وہ سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے منکر ہیں لہذا حق چار یار سنیوں کا نعرہ ہے اس یا تو رافضی جلتا ہے یا خارجی کو فالج کا درد پڑتا ہے۔

---

(1) نجوم الفرقان زیر آیت ان الذین آمنوا ثم کفروا ثم آمنوا الخ

Marfat.com

## نعرۂ تحقیق کے جواب حق چار یار پر مزید اعتراضات کے جوابات

**اعتراض:** نعرۂ تحقیق کا جواب جب "حق چار یار" دیا جائے تو اس میں "حق" خبر ہے اور "چار یار" مبتدا ہے اور خبر مبتدا سے پہلے لائی گئی ہے حالانکہ خبر کا مرتبہ مبتدا سے موخر ہوتا ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ "تقدیم ماحقه التاخیر یفید الحصر" کہ جس کا مرتبہ موخر ہو اسے مقدم کر دینا فائدہ حصر کا دیتا ہے، لہذا "حق چار یار" میں حق پہلے کہنے سے معنی یہ نکلے کہ صرف یہی چار حق ہیں اور کوئی حق پر نہیں ہے حالانکہ سب صحابہ کرام حق پر ہیں چار کو حق کہنے میں کوئی مضائقہ نہیں باقیوں کو نکالنے میں مضائقہ ہے اور "حق" خبر کو "چار یار" مبتدا پر مقدم کرنے میں "حق" کا چار یار میں حصر ہو جاتا ہے اور یہ باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی کر دیتا ہے کیونکہ حصر کا یہی مطلب ہے کہ اپنے محصور کے اندر جس چیز کو ثابت کرلے غیر سے اس کی نفی کرے اور یہ باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حق میں سخت گستاخی ہے لہذا نعرۂ تحقیق کا جواب حق چار یار کی بجائے حق سب یار ہونا چاہئے؟

**جواب:** جواب سے پہلے بطور تمہید عرض ہے کہ قصر کا لغوی معنی ہے حبس یعنی بند کرنا اور بلغاء کی اصطلاح میں قصر نام ہے "تخصیص شیء بشیء بطریق مخصوص"۔(۱)

کا یعنی ایک شیء کو دوسری شیء کے ساتھ ایک مخصوص طریقے سے خاص کرنا۔

مختصر المعانی کی شرح دسوقی میں اس عبارت کی شرح کرتے ہوئے اور اس میں مذکورہ شیء

---

(۱) مختصر المعانی باب القصرص ۱۸۲ مطبوعه المیزان لاہور

Marfat.com

اول اور شیء ثانی کی وضاحت کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

"ای تخصیص موصوف بصفة او صفة بموصوف فالباء داخلة علی المقصور والشیء الاول ان ارید به الموصوف کان المراد بالشیء الثانی الصفة والعکس وذالک لان التخصیص یتضمن مطلق النسبة المستلزمة لمنسوب ومنسوب الیه فان کان المخصص منسوبا فهو الصفة وان کان منسوبا الیه فهو الموصوف والمراد بتخصیص الشیء بالشیء الاخبار بثبوت الشیء الثانی للشیء الاول دون غیره فالقصر مطلقا یستلزم النفی والاثبات"۔ (1)

موصوف کو صفت کے ساتھ خاص کرنا یا صفت کو موصوف کے ساتھ خاص کرنا پس باء مقصور پر داخل ہے اور شیء اول سے اگر موصوف مراد ہو تو شیء ثانی سے صفت مراد ہوگی اور اگر شیء اول سے صفت مراد ہو تو شیء ثانی سے موصوف مراد ہوگا اور شیء اول وثانی میں ایک سے موصوف اور دوسری سے صفت اس لئے مراد لی ہے کہ تخصیص مطلق نسبت کو متضمن ہے جو کہ منسوب اور منسوب الیہ کو مستلزم ہے پس اگر مخصص منسوب ہوا تو وہ صفت ہوگی اور اگر منسوب الیہ ہوا تو وہ موصوف ہوگا اور ایک شیء کی دوسری شیء سے تخصیص سے مراد اس بات کی خبر دینا ہے کہ ایک شیء دوسری شیء کیلئے ہی ثابت ہے کسی اور کیلئے ثابت نہیں ہے پس قصر مطلقا نفی اور اثبات کو مستلزم ہے۔

یعنی قصر میں مطلقا دو دعوے ہوتے ہیں ایک ایجابی اور دوسرا سلبی۔ ایجابی یہ کہ یہ چیز چیز کے لئے ثابت ہے اور سلبی یہ کہ یہ چیز اس کے علاوہ (جس کیلئے ثابت ہے) کسی اور ثابت نہیں ہے۔

---

(۱) شروح التلخیص جلد ۲ ص ۱۶۶ باب القصر

Marfat.com

## اقسام قصر:

قصر دو قسم ہے:

ا۔ حقیقی ۲۔ اضافی

قصر حقیقی یہ ہے کہ جس چیز کو دوسری میں بند کیا ہے وہ نفس الامر میں بھی اسی میں محصور ہو اور اس کے علاوہ قطعاً اور کی طرف متجاوز نہ ہو جیسے "ماخاتم الانبیاء والرسل الا محمد ﷺ" یعنی ختم نبوت اور ختم رسالت حضرت محمد ﷺ میں ہی محصور ہے کسی اور کیلئے قطعاً ثابت و متجاوز نہیں ہے۔

قصر اضافی یہ ہے کہ جو چیز کسی دوسری چیز میں بند ہے اور اس کے غیر کی طرف متجاوز نہیں اس کا عدم تجاوز کسی مخصوص شیٔ کی بہ نسبت ہو اگرچہ اس مخصوص شیٔ کے علاوہ کسی اور شیٔ کی طرف اس کا تجاوز ممکن ہو، چنانچہ علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ مختصر المعانی میں ارشاد فرماتے ہیں:

> "لان تخصیص الشیء بالشیء اماان یکون بحسب الحقیقة وفی نفس الامر بان لایتجاوزه الی غیره اصلا وهو الحقیقی او بحسب الاضافة الی شیء آخر بان لایتجاوزه الی ذالک الشیء وان امکن ان یتجاوزه الی شیء آخر"۔[1]

قصر کا دو قسموں حقیقی اور اضافی میں حصر اس لئے ہے کہ ایک شیٔ کی دوسری شیٔ کے ساتھ تخصیص یا تو بحسب حقیقت یعنی نفس الامر میں ہوگی بایں طور کہ وہ شیٔ جو دوسری میں بند ہوئی ہے اس کے علاوہ کسی اور کی طرف قطعاً متجاوز نہ ہو تو وہ قصر حقیقی ہوگا یا ایک شیٔ کی دوسری شیٔ کیساتھ تخصیص کسی اور شیٔ کی بہ نسبت ہوگی بایں طور کہ شیٔ مقصود اپنے

---

(1) مختصر المعانی باب القصرص ۱۸۳ مطبوعہ المیزان لاہور

Marfat.com

مقصود علیہ کے علاوہ اس خاص شیء کی طرف متجاوز نہ ہو گی اگرچہ اس کیلئے اپنے مقصود علیہ سے اس خاص شیء کے علاوہ کسی اور شیء کی طرف تجاوز ممکن ہے۔

پھر قصر حقیقی ہو یا اضافی ہر ایک دو دو قسم ہے:

۱۔ قصر الموصوف علی الصفۃ

۲۔ قصر الصفۃ علی الموصوف

قصر الموصوف علی الصفۃ کے متعلق علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ مختصر المعانی میں ارشاد فرماتے ہیں:

''هو ان لایتجاوز الموصوف من تلك الصفة الی صفة اخری لكن یجوز ان تكون تلك الصفة لموصوف آخر''۔ (1)

یعنی قصر الموصوف علی الصفۃ یہ ہے کہ موصوف جس صفت میں بند کیا گیا ہے اس سے کسی اور صفت کی طرف متجاوز نہ ہو لیکن یہ جائز ہے کہ وہ صفت جس میں یہ موصوف بند ہے اس کے علاوہ کسی اور موصوف کے لئے بھی ثابت ہو۔

پس موصوف جس صفت میں بند کیا گیا ہے اگر اس سے کسی اور صفت کی طرف بالکل متجاوز نہ ہو اگرچہ اس خاص صفت کے علاوہ کسی اور صفت کی طرف متجاوز ہو یہ قصر الموصوف علی الصفۃ اضافی ہے لیکن ان دونوں صورتوں میں صفت کیلئے جائز ہے کہ وہ اس موصوف کے علاوہ کسی اور موصوف کی صفت بن سکے جیسے ''مازید الا قائم'' کہ اس میں زید موصوف کو صفت قیام میں بند کر دیا گیا ہے لیکن صفت قیام زید میں بند نہیں ہے۔

اور قصر الصفۃ علی الموصوف یہ ہے کہ

''ان لایتجاوز تلك الصفة عن ذالك الموصوف الی

---

(1) مختصر المعانی باب القصر ص ۱۸۳ مطبوعہ المیزان لاہور

Marfat.com

موصوف آخر لکن یجوز ان یکون لذالک الموصوف صفات اخر"۔(1)

قصر الصفۃ علی الموصوف یہ ہے کہ وہ صفت اس موصوف سے جس میں بند ہے کسی اور موصوف کی طرف متجاوز نہ ہو لیکن یہ جائز ہو کہ اس موصوف کیلئے اور صفات ہوں جیسے "ماقائم الازید" نہیں کھڑا مگر زید یعنی صفت قیام زید ہی میں بند ہے اس کے علاوہ کسی اور کیلئے ثابت نہیں ہے اگرچہ زید کیلئے قیام کے علاوہ اور صفات سے متصف ہونا جائز ہے۔ یہاں بھی صفت کو جس موصوف میں بند کیا گیا ہے اگر اس کے علاوہ کسی اور موصوف کی طرف قطعاً متجاوز نہ ہو تو یہ قصر الصفۃ علی الموصوف حقیقی ہے جیسے "ماخاتم الانبیاء والرسل الا محمد" ﷺ کہ صفت ختم نبوت ورسالت حضرت محمد ﷺ میں محصور ہے کسی اور کی طرف بالکل متجاوز نہیں ہے جیسا کہ گذر چکا ہے لیکن آپ ﷺ صفت ختم نبوت کے علاوہ اور صفات مثلاً شفاعت وغیرہا سے بھی متصف ہیں اور اگر صفت جس موصوف میں بند ہے اس سے کسی خاص موصوف کی طرف متجاوز نہ ہو اگرچہ اس خاص موصوف کے علاوہ کسی اور کی طرف متجاوز ہو تو یہ قصر الصفۃ علی الموصوف اضافی ہے جس کی مثال "ماقائم الا زید" گذر چکی ہے کہ قیام جو کہ زید میں بند ہے یہ مثلاً عمرو اور بکر کی طرف متجاوز نہیں جو کہ خاص موصوف ہیں ان کے علاوہ خالد وغیرہ کی طرف اس کا تجاوز جائز ہے لیکن دونوں صورتوں میں موصوف اس صفت کے علاوہ اور صفات سے متصف ہو سکتا ہے۔ پھر قصر حقیقی موصوف کا صفت میں ہو یا صفت کا موصوف میں دو قسم ہے:

۱۔ قصر حقیقی تحقیقی یعنی غیر ادعائی
۲۔ قصر حقیقی ادعائی یعنی غیر تحقیقی

---

(1) مختصر المعانی باب القصرص ۱۸۳ مطبوعہ المیزان لاہور

Marfat.com

قصر الموصوف علی الصفۃ حقیقی تحقیقی یہ ہے کہ موصوف کو جس صفت میں بند کیا ہے اس کے علاوہ دیگر تمام صفات کی اس سے نفی ہو اور نفس الامر میں بھی اس کیلئے اس ایک صفت کے علاوہ کوئی اور صفت نہ ہو قصر کی اس قسم کا پایا جانا محال ہے کیونکہ کوئی ایسا موصوف نہیں کہ جس کی فقط ایک ہی صفت ہو اور وہ اسی میں بند ہو اس کے علاوہ کسی اور صفت کی طرف متجاوز نہ ہو اور اس کے علاوہ ہر صفت کی اس سے نفی ہو کیونکہ یہ ارتفاع نقیضین کو مستلزم ہے جو کہ محال ہے اور جو محال کو مستلزم ہو وہ خود بھی محال ہوتا ہے ہاں یہ قصر ادعائی طور پر ہو سکتا ہے بہر صورت قصر الموصوف علی الصفۃ حقیقی کی دو قسمیں ہوئیں:

اول: حقیقی غیر ادعائی دوم: حقیقی ادعائی

اول معدوم ہے اور اس کا پایا جانا محال ہے اور دوسری موجود ہے۔ اسی طرح قصر الصفۃ علی الموصوف حقیقی تحقیقی یعنی غیر ادعائی یہ ہے کہ صفت کو جس موصوف میں بند کیا ہے اس کے علاوہ دیگر تمام چیزوں سے اس کی نفی ہو اور نفس الامر میں بھی وہ صفت اسی ایک موصوف میں محصور ہو جیسے "ماخاتم الانبیاء والرسل الا محمد " ﷺ جیسا کہ مذکور ہو چکا ہے اور قصر کی یہ قسم ادعائی طور پر بھی ہو سکتی ہے وامثلتہ کثیرۃ۔ الحاصل قصر کی یہ دونوں قسمیں کلام میں پائی جاتی ہیں۔

اور قصر اضافی، قصر الموصوف علی الصفۃ یا قصر الصفۃ علی الموصوف ہر ایک تین تین قسم ہے:

۱۔ قصر افراد ۲۔ قصر قلب
۳۔ قصر تعیین

اس تمہید کے بعد ہم جواباً عرض کرتے ہیں کہ نعرہ تحقیق کے جواب "حق چار یار" پر مذکور اعتراض قواعد بلاغت سے جہالت پر مبنی ہے کیونکہ معترض نے یہ سمجھا کہ خبر کی مبتداء پر تقدیم، خبر کے مبتداء میں حصر کا فائدہ دیتی ہے حالانکہ یہ خیال بالکل باطل ہے کیونکہ خبر کی

Marfat.com

مبتداء پر تقدیم خبر کے مبتداء میں محصور ہونے کا قطعا فائدہ نہیں دیتی اور نہ ہی اس کا کوئی قائل ہے اور نہ ہی اس قسم کا کوئی قاعدہ ہے اور یہ جو قاعدہ بیان کیا ہے کہ "تقدیم ماحقه التاخیر یفید الحصر" تو اس میں ہرگز یہ بات نہیں ہے کہ خبر کو مبتداء پر مقدم کریں تو خبر کے مبتداء میں بند ہونے کا فائدہ حاصل ہوتا ہے بلکہ قاعدہ میں تو یہ بیان کیا گیا ہے کہ جس چیز کا مرتبہ موخر ہو خواہ وہ خبر ہو یا معمولات فعل میں سے کوئی ہو اسے مقدم کر دینا حصر کا فائدہ دیتا ہے لیکن کس چیز کے کس چیز میں حصر کا فائدہ؟ اس امر کی وضاحت قاعدے میں نہیں ہے۔

پس اولا ہم یہ کہتے ہیں کہ علمائے بلاغت کے ہاں مطلقا یہ قاعدہ ہی مختلف فیہ ہے جیسا کہ دسوقی شرح مختصر المعانی میں ہے:

"قوله تقديم ماحقه التاخير بذا يشمل تقديم بعض معمولات الفعل على بعض كتقديم المفعول على الفاعل دون الفعل وفى افادته القصر كلام والمرجح عدم الفائدة"۔(1)

تقديم ماحقه التاخير الخ یہ قاعدہ بعض معمولات فعل کی دوسرے بعض پر تقدیم کو بھی شامل ہے جیسے مفعول کی فاعل پر تقدیم نہ کہ فعل پر پس اس تقدیم کے حصر کا فائدہ دینے میں اختلاف ہے اور راجح مذہب فائدہ نہ دینا ہے۔

اور الاتقان فی علوم القرآن میں امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

كاد اہل البيان يطبقون على ان تقديم المعمول يفيد

---

(1) دسوقی جلد نمبر۲ ص ۲۰۲

Marfat.com

الحصر سواء کان مفعولا او ظرفا او مجرورا و لہذا قیل فی ایاک نعبد وایاک نستعین معناہ نخصک بالعبادۃ والاستعانۃ وخالف فی ذالک ابن الحاجب فقال فی شرح المفصل الاختصاص الذی یتوہمہ کثیر من الناس من تقدیم المعمول وہم واستدل علی ذالک بقولہ فاعبد اللہ مخلصا لہ الدین ثم قال بل اللہ فاعبد واعترض ابوحیان علی مدعی الاختصاص بنحو افغیر اللہ تامرونی اعبد وردصاحب الفلک الدائر الاختصاص بقولہ کلا ہدینا ونوحا ہدینا من قبل وہو اقوی مارد بہ واجیب بانہ لایدعی فیہ اللزوم بل الغلبۃ وقد یخرج الشیء عن الغالب"۔[1]

قریب ہے کہ اہل بیان اس بات پر متفق ہوں کہ معمول کی تقدیم خواہ وہ مفعول ہو یا ظرف یا مجرور، حصر کا فائدہ دیتی ہے اسی لئے "ایاک نعبد وایاک نستعین" کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ ہم تجھے عبادت اور استعانت کے ساتھ خاص کرتے ہیں اس بات میں ابن حاجب رحمۃ اللہ علیہ نے مخالفت کی ہے وہ شرح مفصل میں فرماتے ہیں کہ یہ اختصاص جو کثیر لوگوں کو معمول کی تقدیم سے متوہم ہوا ہے یہ محض وہم ہے اور اس پر وہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے استدلال کرتے ہیں۔ "فاعبد اللہ مخلصا لہ الدین" (پس تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کر اس حال میں کہ تو دین کو اس کے لئے خالص کرنیوالا ہے) اور دوسرے مقام پر فرمایا "بل اللہ فاعبد" (بلکہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کر) اور ابوحیان نے بھی اختصاص کے دعویداروں پر رب تعالیٰ کے اس فرمان مقدس سے اعتراض کیا ہے "افغیر اللہ تامرونی اعبد" (پس کیا تم غیر اللہ کی عبادت کا مجھے حکم دیتے ہو) اور صاحب الفلک الدائر نے رب تعالیٰ کے

(1) الاتقان ملخصا ص ۵۲ جلد دوم

Marfat.com

اس فرمان سے اختصاص کا رد کیا ہے یعنی "کلا ہدینا ونوحا ہدینا من قبل" (سب کو ہم نے ہدایت دی اور نوح علیہ السلام کو اس سے پہلے ہدایت دی) اور تقدیم معمول سے حصول اختصاص کے رد کی یہ سب سے قوی دلیل ہے اور قائلین اختصاص کی طرف سے اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ تقدیم معمول کی صورت میں ہم لزوم اختصاص کا دعوی نہیں کرتے بلکہ دعوی اس امر کا ہے کہ تقدیم معمول کی صورت میں غالبا اختصاص ہوتا ہے اور جو امر غالب واکثر ہو اس سے کبھی کبھی شیء خارج بھی ہو جاتی ہے۔

پس ثابت ہوا کہ تقدیم ماحقہ التاخیر کا مفید حصر ہونا متفق علیہ امر نہیں ہے بلکہ اس میں اختلاف ہے اور جن کے ہاں یہ قاعدہ مسلمہ ہے وہ بھی اس کے کلیہ ہونے کے قائل نہیں ہیں بلکہ اس قاعدہ کے اکثریہ ہونے کے قائل ہیں اور ثانیا خبر کی مبتدا پر تقدیم کا مفید حصر ہونا تو بالخصوص مختلف فیہ امر ہے۔ چنانچہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ الاتقان کے اندر یہی ارشاد فرماتے ہیں:

"ذکر ابن الاثیر وابن النفیس وغیرہما ان تقدیم الخبر علی المبتداء یفید الاختصاص وردہ صاحب الفلک الدائر بانہ لم یقل بہ احد وھو ممنوع فقد صرح السکاکی وغیرہ بان تقدیم مارتبتہ التاخیر یفیدہ ومثلہ بنحو تمیمی انا"۔ (1)

ابن اثیر اور ابن نفیس وغیرہما نے ذکر کیا ہے کہ خبر کی مبتداء پر تقدیم اختصاص کا فائدہ دیتی ہے اور صاحب الفلک الدائر نے اس کا رد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کا کوئی بھی قائل نہیں ہے مگر یہ بات درست نہیں

---

(1) الاتقان جلد۲ ص ۵۱

Marfat.com

ہے کیونکہ سکاکی وغیرہ نے صراحت کی ہے کہ جس کا رتبہ موخر ہو اس کو مقدم کر دینا حصر کا فائدہ دیتا ہے اور اس کی مثال انہوں نے "تمیمی انا" سے دی ہے یعنی میں تمیمی ہونے میں بند ہوں قیسی وغیرہ نہیں ہوں۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے مندرجہ بالا ارشاد سے واضح ہوا کہ خبر کی مبتداء پر تقدیم کا مفید حصر ہونا بالخصوص ایک اختلافی امر ہے بعض اس کے قائل ہیں اور بعض اس کے قائل نہیں لیکن جو لوگ خبر کی مبتداء پر اس تقدیم کو مفید حصر مانتے ہیں وہ بھی سبھی اس بات پر اتفاق رکھتے ہیں کہ خبر کی مبتداء پر یہ تقدیم، مبتداء کے خبر میں بند ہونے کا فائدہ دیتی ہے اس خبر کے مبتداء میں بند ہونے کا ہرگز فائدہ نہیں دیتی۔ اور علامہ سکاکی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کی مذکور مثال یعنی "تمیمی انا" جسے انہوں نے خبر کی مبتداء پر تقدیم کے مفید حصر ہونے پر بطو دلیل پیش کیا ہے جس طرح اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ خبر کی تقدیم حصر کا فائدہ دیتی ہے ساتھ اس بات کو بھی ثابت کرتی ہے کہ خبر کی تقدیم مبتداء کے خبر میں حصر کا فائدہ دیتی ہے نہ کہ خبر کے مبتداء میں حصر کا کیونکہ "تمیمی انا" میں "تمیمی" جز ہے جو کہ "انا" مبتداء پر مقدم ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ میں تمیمی ہونے میں بند ہوں قیسی یا طائی ہونے کی طرف متجاوز نہیں ہوں اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ تمیمی ہونا صرف مجھ میں ہی بند ہے میرے علاوہ کوئی اور تمیمی ہی نہیں اور یہ معنی ظاہر ہے کہ مبتداء کے خبر میں منحصر ہونے پر دلالت کرتا ہے نہ کہ خبر کے مبتداء میں منحصر ہونے پر۔

اور مواہب الفتاح شرح تلخیص المفتاح میں اس قاعدے کے تحت یہی مثال دیکر اس بات کی وضاحت بھی کر دی گئی ہے چنانچہ صاحب مواہب الفتاح فرماتے ہیں:

"ومنها ای من طرق القصر التقدیم ای تقدیم ماحقه التاخیر مثل تقدیم الخبر علی المبتداء والمعمولات مثل المفعول والمجرور والحال علی العامل کقولک فی قصره ای قصر الموصوف علی الصفة تمیمی انا بتقدیم

Marfat.com

الخبر علی المبتداء فیفید قصر المتکلم علی التمیمیة لایتعدہا الی القیسیة مثلا"۔ (1)

اور طرق قصر میں تقدیم ماحقہ التاخیر بھی ہے جیسے خبر کی مبتداء پر تقدیم اور معمولات مثلا مفعول مجرور اور حال کی عامل پر تقدیم جیسے موصوف کے صفت پر قصر کی صورت میں خبر کو مبتداء پر مقدم کرتے ہوئے ترا قول "تمیمی انا" پس اس خبر "تمیمی" کی مبتداء (انا) پر تقدیم نے اس بات کا فائدہ دیا کہ متکلم تمیمی ہونے میں محصور ہے مثلا قیسی کی طرف متجاوز نہیں ہے۔

یعنی "تمیمی انا" میں "تمیمی" (خبر) کا مرتبہ "انا" (مبتداء) سے موخر تھا اور اصل میں "انا تمیمی" تھا پس جب خبر (تمیمی) کو مبتدا (انا) پر مقدم کیا تو اس سے حصر کا فائدہ حاصل ہوا لیکن یہ مبتدا (انا) کے خبر (تمیمی) میں حصر کا فائدہ حاصل ہوا نہ کہ اس کے بر عکس کا۔

اسی طرح مختصر المعانی باب احوال المسند میں ہے:

"اما تقدیمه ای المسند فلتخصیصه بالمسند الیه ای لقصر المسند الیه علی المسند علی ماحققناہ فی ضمیر الفصل لان معنی قولنا تمیمی انا هو انه مقصور علی التمیمیة لایتجاوزہا الی القیسیة"۔ (2)

مسند (جز) کی مسند الیہ (مبتداء) پر تقدیم مسند کی مسند الیہ کے ساتھ بایں معنی تخصیص کیلئے کی جاتی ہے کہ مسند الیہ مسند میں بند ہے جیسا کہ ضمیر

---

(1) شروح التلخیص جلد۲ ص ۲۰۲ باب القصر
(2) مختصر المعانی باب احوال المسند ص ۱۶۴ المیزان لاہور

Marfat.com

فصل میں ہم نے اس کی تحقیق کی ہے کیونکہ ہمارے قول "تمیمی انا" کا معنی یہ ہے کہ وہ مسند الیہ (انا یعنی متکلم) تمیمیۃ میں بند ہے تمیمیۃ سے مثلاً قیسیۃ کی طرف متجاوز نہیں ہے۔

اور اس کی شرح دسوقی میں ہے:

"فهو من قصر الموصوف على الصفة قصر اضافيا"۔[1]

مسند کی مسند الیہ پر تقدیم سے جو مسند الیہ (مبتداء) کا مسند (خبر) پر قصر ہوتا ہے یہ ق الموصوف علی الصفۃ ہے اور یہ قصر اضافی ہے یعنی نہ یہ قصر حقیقی تحقیقی یعنی غیر ادعائی کیونکہ ایسا قصر الموصوف علی الصفۃ محال ہے جیسا کہ تمہید میں مذکور ہو چکا ہے اور نہ ہی یہ ق الموصوف علی الصفۃ حقیقی غیر تحقیقی یعنی ادعائی ہے بلکہ یہ قصر الموصوف علی الصفۃ اضا ہے۔

اور علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے مختصر المعانی میں ہی اپنے مذکورہ بالا ارشاد کے ل تقسیم المسند علی المسند الیہ کی مزید مثالیں ارشاد فرمائیں اور اس کے بعد ارشاد فرمایا:

"فجميع ذالک من قصر الموصوف على الصفة دون العكس"۔[2]

ان تمام مثالوں میں موصوف (مسند الیہ) کا صفت (مسند میں حصر ہے) اس کا عکس یعنی صفت (خبر) کا موصوف (مبتداء) میں یہ حصر نہیں ہے۔

اس کی شرح دسوقی اور مطول کے حاشیہ چلپی میں ہے:

"قوله دون العكس اى لان الحمل على العكس يستدعى جعل التقديم لقصر المسند على المسند اليه

---

(1)
(2) مختصر المعانی باب احوال المسند ص ۱۶۴ المیزان لاہور

Marfat.com

والقانون انه لقصر المسند الیه علی المسند"۔[1]

شارح (علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ) کا قول دون العکس (کہ اس کے برعکس نہیں ہوگا) یہ اس لئے ہے کہ اس کے برعکس پر حمل کرنا اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ مسند کی مسند الیہ پر تقدیم مسند کو مسند الیہ میں بند کرنے کیلئے ہو جائے حالانکہ قانون یہ ہے کہ مسند (خبر) کی مسند الیہ (مبتداء) پر تقدیم مسند الیہ (مبتداء) کو مسند (خبر) میں بند کرنے کیلئے ہوتی ہے۔
اور دسوقی میں ہی مذکورہ بالا ارشاد کے چند سطور بعد ارشاد فرماتے ہیں:

"ان التقدیم عندہم موضوع لقصر المسند الیہ علی المسند لا لقصر المسند علی المسند الیہ"۔[2]

مسند کی مسند الیہ پر تقدیم بلغاء کے ہاں بیشک وضع ہی اس لئے ہوئی ہے کہ مسند الیہ (مبتداء) کا مسند (خبر) میں حصر ہو نہ اس لئے کہ مسند کا مسند الیہ (مبتداء) میں حصر ہو۔

**الحاصل**: جو لوگ اس قاعدے یعنی "تقدیم ما حقہ التاخیر یفید الحصر" کو تسلیم ہی نہیں کرتے ان کے ہاں تو "حق چار یار" میں خبر مقدم کرنے کی صورت میں کسی کا کوئی بھی حصر ثابت نہیں ہوتا اور جو لوگ اس قاعدے کو تسلیم کرتے ہیں ان کے ہاں بھی جب حق چار یار کہا جائے تو حق (خبر) کا چار یار (مبتداء) میں حصر ثابت نہیں ہوتا بلکہ اس کے برعکس "چار یار" کا "حق" (خبر) میں حصر ثابت ہوتا ہے کیونکہ ان کے نزدیک خبر کو مبتداء پر مقدم کرنیکی صورت میں خبر کا مبتداء میں حصر ثابت نہیں ہوتا بلکہ مبتداء کا خبر میں حصر ثابت ہوتا ہے جیسا کہ مذکور ہو چکا ہے۔

---

(1) شروح التلخیص باب احوال المسند جلد ۲ ص ۱۱۳، حاشیہ چلپی علی المطول ص ۳۵۳
(2) دسوقی جلد ۲ ص ۱۱۳ باب تقدیم المسند علی المسند الیہ

Marfat.com

مزید بر آں نعرہ تحقیق کا جواب "حق چار یار" ہونے کی صورت میں ایک اور قاعدہ بھی اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ یہاں حق (خبر) کا چار یار (مبتداء) میں ہر گز حصر مراد نہیں ہو سکتا کیونکہ حق (خبر) نکرہ ہے یہ معرفہ (مثلاً الحق) نہیں ہے اور متکلم خبر کو نکرہ لا کر اس بات کو واضح کرتا ہے کہ میں نے خبر کے مبتداء میں حصر کا ہر گز ارادہ نہیں کیا ہے جیسا کہ مختصر المعانی میں ہے:

"واما تنکیره ای تنکیر المسند فلارادة عدم الحصر والعهد الدال علیهما التعریف کقولک زید کاتب وعمرو شاعر"۔[1]

مسند کو نکرہ لانا عدم حصر و عہد کے ارادہ کی بناء پر ہوتا ہے اور حصر و عہد پر مسند کی تعریف دلالت کرتی ہے جیسے تیرا قول زید کاتب وعمرو شاعر۔

اور اس کی شرح دسوقی میں ہے:

"قوله فلارادة الخ ای فلارادة افادة عدم الحصر ای فلارادة المتکلم افادة السامع عدم حصر المسندفی المسند الیه وعدم العهد والتعیین فی المسند حیث یقتضی المقام ذالک وقوله الدال علیهما التعریف ای لانه اذا ارید العهد عرف بال العهدیة او الاضافة وان ارید الحصر عرف بال الجنسیة لما سیاتی من ان تعریف المسند بال الجنسیة یفید حصره فی المسند الیه وقوله زید کاتب الخ ای حیث یراد مجرد الاخبار بالکتابة والشعر لاحصر الکتابة فی زید والشعر فی عمرو ملخصا"۔[2]

---

(1) مختصر المعانی باب احوال المسند ص ۱۵۷ المیزان لاہور
(2) شروح التلخیص ج ۲ ص ۹۱

Marfat.com

ماتن کے قول "فلارادة عدم الحصر والعهد" (عدم حصر وعہد کے ارادے کی بناء پر) سے مراد عدم حصر وعہد کے افادے کا ارادہ ہے یعنی مسند کو متکلم نکرہ اس لئے لاتا ہے کہ اس کا ارادہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے مخاطب کو اس بات کا فائدہ پہنچائے کہ مسند کا مسند الیہ میں حصر نہیں ہے اور نہ ہی مسند میں کوئی عہد و تعیین ہے کیونکہ وہ مقام اسی بات کا مقتضی ہوتا ہے اور شارح صاحب کا یہ کہنا کہ حصر وعہد پر مسند کی تعریف دلالت کرتی ہے یہ اس لئے کہ جب عہد مراد ہوتا ہے تو الف لام عہدی سے یا اضافت سے اسے معرفہ لایا جاتا ہے اور اگر مسند کا مسند الیہ میں حصر مقصود ہو تو اسے الف لام جنسی کے ساتھ معرفہ کر کے لایا جاتا ہے جیسا کہ عنقریب آجائیگا کہ مسند کو الف لام جنسی کے ساتھ معرفہ لانا اس کے مسند الیہ میں حصر کا فائدہ دیتا ہے اور ماتن صاحب کا اس کی مثال میں زید کاتب اور عمرو شاعر کہنا یعنی دونوں جملوں میں کاتب اور شاعر کو جو کہ مسند ہیں نکرہ لانا اس لئے ہے کہ متکلم کا ان دونوں جملوں میں مقصود زید اور عمرو کے لئے محض کاتب ہونے اور شاعر ہونے کی خبر دینا ہے کتابت کو زید میں اور شعر کو عمرو میں بند کرنا مقصود نہیں ہے۔

خلاصہ کلام یہ کہ معترض کا نعرہ تحقیق کے جواب "حق چار یار" پر مذکورہ قاعدے یعنی "تقديم ماحقه التاخير يفيدالحصر" کی بناء پر یہ اعتراض کرنا کہ اس میں "حق" (خبر) کی "چار یار" (مبتداء) پر تقدیم "حق" کے "چار یار" میں حصر کا فائدہ دیتی ہے جس سے لازم آتا ہے کہ حق انہیں چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں بند ہے اور یہی چار صحابہ کرام حق پر ہیں اور کوئی حق پر نہیں حالانکہ سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حق پر ہیں پس نعرۂ تحقیق کے جواب میں "حق چار یار" کی بجائے "حق سب یار" کہنا چاہئے، متعدد وجوہ سے باطل و مردود ٹھہرا۔

Marfat.com

اولاً: اس لئے کہ مذکوہ قاعدہ یعنی "تقدیم ماحقه التاخیر یفید الحصر" چونکہ متفق علیہ نہیں ہے۔ لہذا جنہیں یہ قاعدہ تسلیم ہی نہیں ان کے ہاں تو حق چار یار کہنے میں کسی قسم کا کوئی حصر ثابت ہی نہیں ہوتا۔

ثانیاً: اس لئے کہ جو لوگ اس قاعدے کو تسلیم کرتے ہیں وہ بھی اسے "قاعدہ کلیہ" تسلیم نہیں کرتے بلکہ "قاعدہ اکثریہ" تسلیم کرتے ہیں اور قاعدہ اکثریہ ہر جگہ جاری نہیں ہوتا پس ہم کہتے ہیں کہ ان لوگوں کے مذہب پر بھی یہ قاعدہ "حق چار یار" میں جاری نہیں ہے کہ جس سے یہاں کسی قسم کا حصر ثابت ہو۔

ثالثاً: اس لئے کہ اگر بالفرض قاعدہ مذکورہ کا حق چار یار میں جاری ہونا تسلیم کر بھی لیا جائے تو قاعدہ یہ نہیں کہ خبر کی مبتداء پر تقدیم، خبر کے مبتداء میں حصر کا فائدہ دیتی ہے بلکہ اس کے برعکس قاعدہ یہ ہے کہ خبر کی مبتداء پر تقدیم مبتداء کے خبر میں حصر کا فائدہ دیتی ہے پس اس قاعدہ کی رو سے حق چار یار کہنے کی صورت میں حق کا چار یار میں بند ہونا لازم نہ آیا بلکہ چار یار کا حق کے اندر حصر ثابت ہوا اور یہ قصر الموصوف علی الصفۃ ہے اور یہ قصر حقیقی تحقیقی بھی نہیں کہ ایسا قصر الموصوف علی الصفۃ محال ہے جیسا کہ تمہید میں گذر چکا ہے بلکہ یہ قصر اضافی ہے پھر یا تو اضافی قلبی ہے اور یہ رافضیوں کے رد کیلئے ہے جو کہ چار یار کی اس ترتیب خلافت اور ترتیب افضلیت کو باطل سمجھتے ہیں پس اہل سنت وجماعت نے ان کے اس باطل عقیدے کا رد کرنے کیلئے حق چار یار کا نعرہ لگا کر اس بات کا اظہار کیا کہ ان چار یار کی یہ ترتیب خلافت وترتیب افضلیت قطعاً صفت باطل سے متصف نہیں بلکہ اس کے بجائے صفت حق میں ہی بند ہے اور یہ چاروں خلفاء کرام اسی ترتیب خلافت وترتیب افضلیت میں حق پر ہی ہیں نہ کہ باطل پر اور یا پھر یہ قصر الموصوف علی الصفۃ اضافی قصر تعیین ہے اور جو لوگ ان چاروں خلفاء

Marfat.com

کرام کی اس ترتیب خلافت وترتیب افضلیت میں شک اور تردد میں مبتلا تھے کہ آیا یہ ترتیب حق ہے یا باطل ان کا رد کرتے ہوئے یہ نعرہ لگایا گیا کہ یہ چاروں خلفاء کرام رضی اللہ عنہم اس ترتیب خلافت وترتیب افضلیت کے اعتبار سے صفت حق میں محصور ہیں اس کے برعکس صفت باطل کی طرف قطعاً متجاوز نہیں ہیں اور اس سے خارجیوں کا بھی رد ہو گیا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خلیفہ برحق نہیں مانتے اور اس مقام پر قصر الموصوف علی الصفۃ حقیقی ادعائی بھی ہو سکتا ہے یعنی ان چاروں خلفاء کرام رضی اللہ عنہم سے صفت حق کے علاوہ باقی جمیع صفات کی نفس الامر میں حقیقۃً نفی تو نہیں مگر ان کی صفت حق کے دوسری صفات مادحہ پر غلبہ ظاہر کرنے کیلئے ادعاءً انہیں صفت حق میں ہی محصور کر دیا گیا۔

**رابعاً:** اس لئے کہ تنکیر مسند والا قاعدہ بھی ثابت کرتا ہے کہ حق چار یار کہنے کی صورت میں حق کا چار یار میں قطعاً حصر مراد نہیں لیا جا سکتا جیسا کہ سابقاً مذکور ہو چکا ہے۔

**خامساً:** اس لئے کہ اگر معترض کے بقول نعرۂ تحقیق کا جواب "حق چار یار" کی بجائے "حق سب یار" ہو اور "حق چار یار" سے ممانعت ان کے مذکورہ قاعدہ کو اس انداز سے بیان کرنے کی وجہ سے ہو کہ حق چار یار میں خبر (حق) کی تقدیم نے خبر (حق) کے مبتداء (چار یار) میں حصر کا فائدہ دیا ہے تو اس طرح قاعدہ بیان کرنے سے جیسے حق چار یار پر اعتراض لازم آتا ہے "حق سب یار" پر بھی وہی اعتراض لازم آئے گا کہ پھر تو حق تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اندر ہی بند ہو گیا اور لازم آیا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے علاوہ انبیاء کرام علیہم السلام، اولیاء کرام، ائمہ مجتہدین اور دیگر تمام مومنین میں سے کوئی بھی حق پر یعنی سچا مومن نہ ہو کیونکہ تمہارے اس طرح قاعدہ بیان کرنے سے یہاں بھی خبر (حق) کا مبتداء

Marfat.com

(سب یار) میں حصر ہو چکا ہے اور اس کا بطلان تو اظہر من الشمس ہے لہذا فی نفسہ حق سب یار بھی اسی صورت میں درست ہو سکتا ہے جب کہ مذکور قاعدے کا وہی مفہوم لیا جائے جو کہ بلغاء کے ہاں درست ہے کہ خبر کی مبتداء پر تقدیم نے مبتداء کے خبر میں حصر کا فائدہ دیا ہے اور یہ قصر الموصوف علی الصفة اضافی ہے اور مطلب یہ ہے کہ سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حق پر ہی ہیں اور کوئی صحابی باطل پر نہیں ہے پس اس طرح جیسے حق سب یار درست ہو گا حق چار یار بھی درست ہو گا مگر نعرہ تحقیق کے جواب میں حق چار یار ہی متعین ہو گا کیونکہ اگرچہ تمام صحابہ کرام صفت حق میں ہی محصور ہیں اور باطل کے شائبہ سے بھی پاک ہیں مگر نعرۂ تحقیق سے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مطلقاً صفت حق میں حصر ظاہر کرنا مقصود نہیں بلکہ رافضیوں اور خارجیوں کا رد کرنے کیلئے ان چاروں خلفاء کرام رضی اللہ عنہم کے ترتیب افضلیت و ترتیب خلافت کے لحاظ سے صفت حق میں حصر کو ظاہر کرنا مقصود ہے اور ظاہر ہے کہ اس امر کا تعلق خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم سے ہی ہے پس نعرۂ تحقیق سے جو کچھ مقصود ہے اس لحاظ سے اس کا جواب صرف حق چار یار ہی درست ہو گا اور اس کا مطلب یہ ہو گا کہ یہ چاروں صحابہ کرام یعنی سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ، سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ اور سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ جس ترتیب سے خلیفہ بنے ہیں اسی ترتیب سے خلیفہ ہونے کے لحاظ سے اور اسی ترتیب سے امت میں افضل ہونے کے اعتبار سے صفت حق میں ہی محصور ہیں باطل کا ان میں شائبہ تک نہیں ہے۔

سادساً: اس لئے کہ بالفرض بقول معترض مذکورہ قاعدے کا یہی معنی تسلیم کر لیا جائے کہ خبر کی مبتداء پر تقدیم خبر کے مبتداء میں حصر کا فائدہ دیتی ہے اگرچہ بلغاء کے ہاں ایسا کوئی قاعدہ نہیں اور یہ محض معترض کی اختراع یا جہالت ہے تو پھر بھی نعرۂ تحقیق کے جواب حق چار یار پر مذکورہ اعتراض لازم نہیں آتا کیونکہ حق

Marfat.com

چار یار میں حق سے مراد مطلقاً حق نہیں بلکہ "ترتیب خلافت اور ترتیب افضلیت کے اعتبار سے حق" مراد ہے اور یہ مقید حق والی صفت انہیں خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم میں محصور ہے کسی اور کی طرف متجاوز نہیں اور اس مقید حق کے خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم میں حصر سے باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مطلقاً حق کی نفی لازم نہیں آتی اور اگر بالفرض حق چار یار میں حق سے مراد مطلقاً حق لیا جائے اور خبر کا مبتداء میں حصر مراد ہو تو اس صورت میں حصر حقیقی تحقیقی نہ ہو گا بلکہ حصر حقیقی ادعائی ہو گا جس سے دوسرا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مطلقاً حق کی نفی لازم آئیگی اور حق چار یار کا مطلب یہ ہو گا کہ اگرچہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم صفت حق سے متصف ہیں لیکن ان پر چاروں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اس صفت جن میں شان اس قدر ظاہر اور بلند و بالا ہے کہ گویا یہ صفت حق ان میں ہی بند ہے۔

**سابعاً:** اگر معترض تمام علماء بلاغت کے خلاف خبر کی مبتداء پر تقدیم سے خبر کا ہی مبتداء میں حصر مراد لے اور اسی ضد پر اڑا رہے کہ یہ قصر الصفۃ علی الموصوف حقیقی تحقیقی ہے اور حق سے بھی مطلقاً حق مراد لینے پر اصرار کرلے اور حق چار یار کا معنی یہ کرلے کہ صرف یہی چار صحابہ کرام حق پر ہیں یعنی سچے مومن ہیں اور کوئی صحابی حق پر یعنی سچا مومن نہیں ہے تو اگرچہ اس بات کو ہم متعدد وجوہ سے غلط ثابت کر چکے ہیں لیکن اگر وہ اسی پر مصر ہے تو بعینہ یہی اعتراض اس کے بیان کردہ متبادل جواب "حق سب یار" پر بھی ہو گا پس فما جوابہ فھو جوابنا۔ واللہ اعلم بالصواب

## اعتراض ا :

نعرۂ تحقیق کا جواب اگر "حق چار یار" ہو تو اس میں "چار" عدد ہے اور یہ سور قضیہ ہے کیونکہ اعداد بھی "کل" اور "بعض" کی طرح سور قضیہ ہوتے ہیں یہ بات حمد اللہ کے

Marfat.com

ص ۷۳ پر موجود ہے اور سور قضیہ وضع واضع میں وضع ہی اس لئے کیا گیا ہے کہ جس کے اول میں آئے اور جو چیز اس کے اندر محصور کرے غیر سے اس کی نفی کرے اس لئے اسے محصورہ بھی کہتے ہیں اور مسورہ بھی۔ محصورہ اس لئے کہتے ہیں اس بات کا حصر لازم آتا ہے پس جب کہیں گے "حق چار یار" تو اس میں "چار" کا لفظ بطور سور قضیہ کے واقع ہوا ہے پس قاعدے کے مطابق "حق" کا ان چار میں حصر ہو گیا کہ صرف یہی چار حق ہیں اور کوئی حق پر نہیں حالانکہ سب صحابہ کرام حق ہیں صرف یہی چار حق نہیں ہاں یہ سب حق والوں کے سردار ہیں ہمیں اس سے کوئی اختلاف نہیں باقیوں کو نکالنے سے اختلاف ہے اس لئے ہم کہتے ہیں کہ "حق سب یار" کہنا بمقابلہ "حق چار یار" کہنے کے زیادہ صحیح ہے۔

**الجواب:** معترض کے مذکورہ اعتراض کا خلاصہ اور اس کی دلیل کا حاصل یہ ہے کہ "حق چار یار" قضیہ محصورہ ہے کیونکہ اس میں اسم عدد "چار" سور قضیہ ہے اور قضیہ محصورہ محمول کے موضوع میں حصر پر دلالت کرتا ہے کیونکہ سور قضیہ کی واضع نے وضع ہی حصر کیلئے کی ہے اور یہ بات معترض کے اس قول "پس جب کہیں گے حق چار یار" تو اس میں "چار" کا لفظ بطور سور قضیہ کے واقع ہوا ہے پس قاعدے کے مطابق "حق" کا ان چار میں حصر ہو گیا کہ صرف یہی چار حق ہیں اور کوئی حق پر نہیں سے بالکل واضح ہے جس کا مختصر اور آسان جواب یہ ہے کہ قضیہ محصورہ میں محمول کا موضوع میں حصر نہیں ہوتا یہ معترض کی محض جہالت ہے یا دجل وفریب ہے بلکہ قضیہ محصورہ میں موضوع کے افراد کا کلا یا بعضا حصر یعنی احاطہ ہوتا ہے ورنہ لازم آئے گا کہ مثلا "کل انسان حیوان" (حیوان کا ثبوت ہے انسان کے ہر ہر فرد کیلئے) کہنے سے "حیوان" کا انسان میں حصر ہو جائے اور انسان کے علاوہ باقی تمام حیوانات مثلا فرس، غنم، بقر وغیرہا سے حیوان کی نفی ہو جائے حالانکہ ہر ذی شعور پر اس کا بطلان واضح ہے مگر ہم اس پر قدرے تفصیل سے گفتگو کریں گے تاکہ قارئین کرام کو اس بارے میں فائدہ تامہ حاصل ہو اور اس کے ساتھ ساتھ معترض کی جہالت وبطالت اور دجل وفریب کے بھی خوب پول کھل جائیں اور یہ بات اچھی طرح واضح

Marfat.com

ہو جائے کہ معترض نے اپنے اعتراض میں اگرچہ حوالہ "حمد اللہ" کا دیا ہے مگر حمد اللہ کی عبارت کو سمجھنا تو کجا یہ تو منطق کی ابتدائی کتب مثلاً مجموعہ منطق و مرقات وغیرہ کو بھی نہیں سمجھ پایا یا پھر جان بوجھ کر اس نے دھوکے اور دجل و فریب سے کام لیا ہے پس یہاں بھی اولاً بطور تمہید عرض ہے۔

## تمہید:

## قضیہ کی تعریف:

قضیہ علمائے منطق کے ہاں ایسے قول سے عبارت ہے جو صدق و کذب کا احتمال رکھتا ہو یا اس کے قائل کو اس میں سچا یا جھوٹا کہا جا سکتا ہو چنانچہ مرقات میں ہے:

"القضية قول يحتمل الصدق والكذب وقيل هو قول يقال لقائله انه صادق فيه اوكاذب"۔ (1)

قضیہ وہ قول ہے جو صدق و کذب کا احتمال رکھتا ہے اور یوں بھی کہا گیا ہے کہ قضیہ ایسا قول ہے جس کے قائل کے بارے میں یہ کہا جا سکے کہ وہ اس قول میں سچا ہے یا جھوٹا ہے۔

## اقسام قضیہ: قضیہ دو قسم ہے:

۱۔ قضیہ حملیہ

۲۔ قضیہ شرطیہ

چنانچہ سلم العلوم میں اس امر کی وضاحت کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

"والقضية ان حكم فيها بثبوت شیء لشیء او نفيه عنه

---

(1) مرقاۃ ص ۶۳

Marfat.com

فحملية والا فشرطية"۔ (1)

قضیہ میں اگر ایک چیز کا دوسری چیز کیلئے ثبوت یا ایک چیز کی دوسری چیز سے نفی کا حکم کیا گیا ہو تو وہ قضیہ حملیہ ہے ورنہ قضیہ شرطیہ ہے۔

پس اگر قضیہ حملیہ میں ایک چیز کا دوسری چیز کیلئے "ثبوت" کا حکم ہو تو وہ قضیہ حملیہ موجبہ ہے اور اگر ایک چیز کی دوسری چیز سے "نفی" کا حکم ہو تو وہ قضیہ حملیہ سالبہ ہے موجبے کی مثال جیسے "زید قائم" (قیام کا ثبوت زید کیلئے) اور سالبے کی مثال جیسے "زید لیس بقائم" (قیام کا سلب ہے زید سے) قضیہ حملیہ میں محکوم علیہ کو موضوع کہتے ہیں اور محکوم بہ کو محمول چنانچہ مذکورہ مثالوں میں "زید" موضوع ہے اور "قائم" محمول ہے۔

## موضوع کے لحاظ سے قضیہ حملیہ کی اقسام:

اس لحاظ سے قضیہ حملیہ چار قسم ہے:

| | |
|---|---|
| ۱۔ قضیہ شخصیہ یا مخصوصہ | ۲۔ قضیہ طبعیہ |
| ۳۔ قضیہ مہملہ | ۴۔ قضیہ محصورہ |

کیونکہ قضیہ حملیہ کا موضوع یا تو جزئی حقیقی اور شخص معین ہو گا یا کلی ہو گا بصورت اول قضیہ شخصیہ اور مخصوصہ ہے جیسے "زید قائم" (قیام کا ثبوت ہے زید کیلئے) اور بصورت ثانی دو حال سے خالی نہیں کہ حکم موضوع کی نفس ماہیت پر ہو گا یا افراد پر اگر نفس ماہیت پر ہو پس اگر ماہیت من حیث ہی ہی یعنی لابشرط شیء پر ہو جسے مطلق الشیء سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے تو یہ قضیہ حملیہ مہملہ قدمائیہ ہے جیسے الانسان فی خسر بشرطیکہ "الانسان" پر الف

(1) سلم العلوم ص ۱۱۸

Marfat.com

لام جنسی ہو اور حکم ماہیت من حیث ہی ہی پر ہو اور اگر وہ ماہیت من حیث الاطلاق والعموم یعنی بشرط لاشیء ملحوظ ہو جسے الشیء المطلق سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے تو یہ قضیہ حملیہ طبعیہ ہوگا جیسے الانسان نوع۔ اور اگر حکم افراد پر ہو پس اگر افراد موضوع کی کمیت بیان نہیں کی گئی تو یہ قضیہ حملیہ مہملہ عند المتاخرین ہے جیسے الانسان فی خسر بشرطیکہ "الانسان" پر الف لام عہد ذہنی کیلئے ہو اور اگر افراد کی کمیت کلا یا بعضا بیان کر دی گئی ہو تو یہ قضیہ حملیہ محصورہ اور مسورہ ہے جیسے کل انسان حیوان اور بعض الحیوان انسان چنانچہ سلم العلوم مع شرحہ لبحر العلوم میں ہے:

"الموضوع ان کان جزئیا فالقضیة شخصیة ومخصوصة وان کان کلیا فان حکم علیه بلازیادة شرط من العموم والخصوص مهملة عند القدماء وان حکم علیه بشرط الوحدة الذہنیة فطبعیة الفرق بین موضوع الطبعیة والمهملة ان المهیة ربما یلاحظ من حیث الاطلاق لابان یکون الاطلاق قیدا فی الملحوظ فیه بل قیدا له فی اللحاظ فقط فهی من ہذه الحیثیة لا یسری الیها احکام الافراد اصلا لانها احکام بالنظر الی الخصوصیة وربما یلاحظه من حیث ہی مع قطع النظر عن العموم والخصوص والاطلاق والتقیید لافی اللحاظ ولا فی الملحوظ ویجری فیه احکام العموم والخصوص والاطلاق والتقیید فالمهیة بالاعتبار الثانی موضوع المهملة وبالاعتبار الاول موضوع الطبعیة ویعبر عنه بالمهیة من حیث الاطلاق وبشرط الوحدة الذہنیة ومن حیث العموم وہذه عبارات وعنوانات والمعنون واحد وان حکم علی افراده ای علی الکلی من حیث السریان فی الافراد فان بین کمیة افراد الموضوع کلا او بعضا فمحصورة وسورة ومابه البیان ای بیان الکمیة یسمی سورا وان لم یبین کمیة الافراد فمهملة عند المتاخرین اعلم ان القدماء لم یعتبروہا لان اعتبار الجزئیة یغنی عن اعتبارہا

Marfat.com

لکن ما فعله المصنف احسن فمن ثم قالوا انہا تلازم الجزئیة''۔[1]

اگر قضیہ حملیہ کا موضوع جزئی حقیقی ہو تو وہ قضیہ شخصیہ اور مخصوصہ ہے اور اگر کلی ہو پس اگر موضوع پر حکم نفی موضوع پر کوئی شرط یعنی عموم وخصوص کو زائدہ کئے بغیر لگایا گیا ہو تو وہ قضیہ عند القدماء مہملہ ہے اور اگر موضوع پر حکم وحدت ذہنیہ کی شرط کے ساتھ ہو تو یہ طبعیہ ہے قضیہ طبعیہ اور مہملہ عند القدماء کے موضوع کے درمیان فرق یہ ہے کہ ماہیت کبھی من حیث الاطلاق ملحوظ ہوتی ہے مگر بایں معنی نہیں کہ اطلاق اس میں ''ملحوظ'' کے اندر قید بنے بلکہ وہ اس کیلئے فقط لحاظ میں قید ہوتا ہے پس جب ماہیت بایں طور ملحوظ ہو تو احکام افراد اصلا اس کی طرف جاری نہیں ہوتے کیونکہ یہ ایسے احکام ہیں جو بنظر خصوصیت ہوتے ہیں اور کبھی ماہیت لحاظ اور ملحوظ دونوں میں عموم وخصوص اور اطلاق وتقیید کے اعتبار سے قطع نظر کرکے من حیث ہی ہی ملحوظ ہوتی ہے پس جب ماہیت بایں طور ملحوظ ہو تو اس میں عموم وخصوص اور اطلاق وتقیید کے احکام جاری ہوتے ہیں پس ماہیت باعتبار ثانی قضیہ مہملہ (عند القدماء) کا موضوع ہوتی ہے اور باعتبار اول قضیہ طبعیہ کا موضوع بنتی ہے اور اسے (جب قضیہ طبعیہ کا موضوع ہو تو) ماہیت من حیث الاطلاق اور ماہیت بشرط الوحدة الذہنیة اور ماہیت من حیث العموم سے تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ تمام (مختلف) عبارات وعنوانات ہیں مگر معنون ایک ہی ہے اور اگر حکم کلی کے افراد پر ہو یعنی حکم تو کلی پر ہی ہو مگر بایں حیثیت کہ اس (کلی) کے افراد میں سریان ہے پس اگر موضوع کے افراد کی کمیت کلا یا بعضا بیان کر دی گئی ہو تو وہ قضیہ محصورہ اور مسورہ ہے اور جس سے (موضوع کے افراد کی)

---

(1) بحر العلوم علی سلم العلوم ملخصا ص ۱۳۹

Marfat.com

کمیت بیان کی گئی ہے اس کا نام سور ہے اور اگر موضوع کے افراد کی کمیت بیان نہیں کی گئی تو وہ قضیہ مہملہ عند المتاخرین ہے جان لو کہ متقدمین نے اس قضیہ کا اعتبار نہیں کیا کیونکہ جب (محصورہ میں) جزئیہ کا اعتبار کر لیا تو اس نے اس کا اعتبار کرنے سے بے نیاز کر دیا لیکن مصنف (صاحب سلم العلوم) کا فعل مستحسن ہے اس لئے انہوں نے کہا ہے کہ یہ (قضیہ مہملہ عند المتاخرین) قضیہ (محصورہ) جزئیہ کو متلازم ہے۔

جس طرح متقدمین نے مہملہ عند المتاخرین کا علیحدہ اعتبار نہیں کیا بلکہ محصورہ جزئیہ میں مندرج قرار دیا ہے اسی طرح متاخرین نے بھی مہملہ قدمائیہ کا علیحدہ اعتبار نہیں کیا بلکہ اسے قضیہ طبعیہ میں داخل مانا ہے چنانچہ شمس العلماء علامہ عبد الحق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ مرقات کی اس عبارت "ان کان الحکم فیہا علی نفس الحقیقۃ تسمی القضیۃ طبعیۃ" (اگر قضیہ حملیہ میں حکم موضوع (کلی) کی نفس حقیقت پر ہو تو اس کا نام قضیہ طبعیہ رکھا گیا ہے) کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"المراد من نفس الحقیقۃ اعم من ان یکون من حیث ہی ہی او من حیث العموم فیدخل المہملۃ القدمائیۃ فی الطبعیۃ"۔[1]

نفس حقیقت سے مراد عام ہے کہ حقیقت من حیث ہی ہی ہو یا من حیث العموم پس مہملہ قدمائیہ بھی قضیہ طبعیہ میں داخل ہو گا۔

اور حمد اللہ شرح سلم العلوم میں ہے:

"یمکن العذر للقدماء بان القضایا تختلف وتتنوع بحسب اختلاف المصداق ومصداق مہملۃ المتاخرین والجزئیۃ واحد فلیس فی اعتبارہا مع اعتبار الجزئیۃ فائدۃ

(1) شرح شمس العلماء عبد الحق علی المرقات ص۱۱۶

Marfat.com

معتد بها وللمتاخرين بادخال المهملة القدمائية فی الطبعية فانه یمکن الاصطلاح فی الطبعية بانها ماحكم فيها على الطبعية اما من حيث ہی ہی او مقيدة بالعموم وكلام البعض"۔[1]

متقدمین (جنہوں نے مہملہ عند المتاخرین کا اعتبار نہیں کیا) کا یہ عذر ممکن ہے (کہ وہ یوں کہیں کہ قضایا کا مختلف ہونا اور متنوع ہونا اختلاف مصداق کے حساب سے ہوتا ہے اور مہملہ عند المتاخرین اور محصورہ جزئیہ کا مصداق ایک ہی ہے پس محصورہ جزئیہ کا اعتبار کر لینے کے بعد اس (مہملہ عند المتاخرین) کا علیحدہ اعتبار کرنے میں کوئی معتد بہا فائدہ نہیں ہے اور متاخرین (جنہوں نے مہملہ قدمائیہ کا اعتبار نہیں کیا) کیلئے یوں عذر ممکن ہے کہ وہ مہملہ قدمائیہ کو قضیہ طبعیہ میں داخل مانتے ہیں کیونکہ قضیہ طبعیہ میں یوں اصطلاح قائم کرنا ممکن ہے کہ وہ قضیہ حملیہ جس میں حکم موضوع کی طبیعت پر ہے یا تو یہ حکم طبیعت من حیث ہی ہی پر ہے اور یا پھر طبیعت پر یہ حکم اس حال میں ہے کہ وہ عموم کی قید کے ساتھ مقید ہے اور بعض کی کلام (جیسے قطب الدین رازی کی کلام شرح شمسیہ قطبی) میں اور میر سید شریف کی کلام حاشیہ شرح شمسیہ (میر قطبی) میں اس امر پر دلالت بھی کرتی ہے۔

صاحب سلم العلوم نے اپنے مذکورہ بیان میں قضیہ حملیہ کی موضوع کے لحاظ سے تقسیم میں متقدمین اور متاخرین دونوں کا مذہب جمع کیا ہے اور خالص متاخرین کے مذہب کے مطابق قضیہ حملیہ کی یہ تقسیم دیگر کتب منطق میں ہے چنانچہ شرح تہذیب میں ہے:

---

(1) ككلام قطب الدين الرازى والسيد الشريف فی شرح الشمسية وحاشيته شريف خان علی حمد الله ص۳۱ دال عليه ايضا حمد الله شرح سلم العلوم ص ۳۱

Marfat.com

"ان الموضوع اما جزی حقیقی کقولنا ہذا انسان او کلی وعلی الثانی فاما ان یکون الحکم علی نفس حقیقة ہذا الکلی وطبیعته من حیث ہی ہی او علی افراده وعلی الثانی فاما ان یبین کمیة افراد المحکوم علیه بان یبین ان الحکم علی کلہا او علی بعضہا او لایبین ذالک بل یہمل فالاول شخصیة والثانی طبعیة والثالث محصورة والرابع مہملة"۔(1)

قضیہ حملیہ کا موضوع یا تو جزئی حقیقی ہو گا جیسے ہمارا قول "ہذا انسان" (یہ انسان ہے) اور یا پھر کلی ہو گا بصورت ثانی (جبکہ موضوع کلی ہو) حکم یا تو اس کلی کی نفس ماہیت و نفس طبیعت من حیث ہی ہی پر ہو گا یا اس کے افراد پر بصورت ثانی (جب کہ حکم کلی کے افراد پر ہو) محکوم علیہ (موضوع) کے افراد کی کمیت بیان کر دی گئی ہو گی بایں طریق کہ یہ بیان کر دیا گیا ہو گا کہ حکم موضوع کے کل افراد پر ہے یا بعض پر یا اسے بیان نہیں کیا گیا بلکہ اسے مہمل رکھا گیا ہو گا پس اول قضیہ شخصیہ ہے اور دوم طبعیہ سوم محصورہ اور چہارم مہملہ ہے۔

## قضیہ محصورہ کی اقسام:

قضیہ محصورہ چار قسم ہے:

| | |
|---|---|
| ۱۔ موجبہ کلیہ | ۲۔ موجبہ جزئیہ |
| ۳۔ سالبہ کلیہ | ۴۔ سالبہ جزئیہ |

شرح شمس العلماء علی المرقات میں ہے:

"المحصورات اربع لان الحکم فیہا اما بالایجاب او بالسلب وعلی التقدیرین اما علی کل الافراد او علی

(1) شرح تہذیب لعبد اللہ یزدی

Marfat.com

بعضها فان حکم بالایجاب علی کل الافراد فموجبة کلیة وان حکم بالایجاب علی بعضها فموجبة جزئیة وان حکم بالسلب علی کلها فسالبة کلیة وان حکم بالسلب علی بعضها فسالبة جزئیة"۔ (1)

محصورات چار قسم ہیں کیونکہ قضیہ محصورہ میں حکم ایجابا ہو گا یا سلبا ہو گا اور دونوں تقدیر پر یا تو کل افراد پر ہو گا یا بعض افراد پر پس اگر حکم ایجابا ہو اور کل افراد پر ہو تو وہ موجبہ کلیہ ہے اور اگر حکم ایجابی بعض افراد پر ہو تو موجبہ جزئیہ ہے اور اگر حکم سلبا ہو اور کل افراد پر ہو تو سالبہ کلیہ ہے اور اگر حکم سلبی بعض افراد پر ہو تو وہ سالبہ جزئیہ ہے۔

**سور قضیہ:** جو چیز قضیہ محصورہ میں موضوع کے افراد کی کمیت بیان کرے اور اس کے افراد کا کلا یا بعضا احاطہ کرے اسے قضیہ محصورہ کا سور کہتے ہیں چونکہ قضایا محصورات چار ہیں پس ان میں سے ہر ایک کا سور علیحدہ علیحدہ ہے چنانچہ سلم العلوم میں ہے:

"المحصورات اربع الموجبة الکلیة وسورها کل ولام الاستغراق والموجبة الجزئیة وسورها بعض وواحد والسالبة الکلیة وسورها لاشیء ولاواحد ووقوع النکرة تحت النفی والسالبة الجزئیة وسورها لیس کل ولیس بعض وبعض لیس وفی کل لغة سور یخصها"۔ (2)

قضایا محصورات چار ہیں موجبہ کلیہ اور اس کا سور "کل" اور "لام استغراق" ہے اور موجبہ جزئیہ اور اس کا سور "بعض" اور "واحد" ہے اور سالبہ کلیہ اور اس کا سور "لا شیء" اور "لا واحد" اور نکرہ کا تحت النفی

---

(1) شرح شمس العلماء علی المرقات ص ۱۱۸
(2) سلم العلوم ص ۱۲۸

Marfat.com

واقع ہوتا ہے اور سالبہ جزئیہ اور اس کا سور "لیس کل" اور "لیس بعض" اور "بعض لیس" ہے اور ہر لغت میں (اسی طرح کے) سور ہیں جو اسی لغت کے ساتھ خاص ہیں۔

اس تمہید کے بعد ہم کہتے ہیں کہ نعرۂ تحقیق کے جواب میں بولا جانے والا قضیہ "حق چار یار" بالفرض اگر قضیہ محصورہ ہی ہو اور اس میں اسم عدد چار سور قضیہ ہی ہو تب بھی "حق" کا ان "چار" کے اندر حصر لازم نہیں آتا کیونکہ قضیہ محصورہ تمام متقدمین ومتاخرین کے نزدیک بالاتفاق ایسا قضیہ ہے جس میں حکم کا تعلق موضوع کے افراد سے ہوتا ہے پھر بعض کے نزدیک یہ حکم بالذات موضوع کے افراد پر ہی ہوتا ہے اور بعض کے نزدیک موضوع کی طبیعت پر ہوتا ہے مگر اس حیثیت سے کہ وہ افراد میں جاری ہے بہر حال قضیہ محصورہ میں حکم کا تعلق موضوع کے افراد سے ضرور ہوتا ہے اور ساتھ ان افراد کی کلا یا بعضا کمیت بھی بیان کی گئی ہوتی ہے اور یہی اس قضیہ کو "محصورہ" کہنے کی وجہ ہے کہ اس میں افراد موضوع کا کلا یا بعضا حصر یعنی احاطہ ہوتا ہے قضیہ محصورہ کو قطعا اس لئے محصورہ نہیں کہا جاتا کہ اس میں محمول کا موضوع میں حصر ہوتا ہے جیسا کہ معترض کا زعم باطل ہے اور اسی طرح سور قضیہ کو بھی واضع نے قطعا اس لئے وضع نہیں کیا کہ جس کے اول میں آئے اور جو چیز اس کے اندر محصور کر لے غیر سے اس کی نفی کرے یعنی جب موضوع کے شروع میں آئے تو محمول کو موضوع میں بند کر دے اور غیر موضوع سے اس کی نفی کر دے یہ معترض کا ایک من گھڑت مسئلہ ہے اور قواعد منطق سے جہالت پر مبنی ہے یا پھر اس نے جان بوجھ کر دھوکہ دہی سے کام لیا ہے مگر حقیقت یہی ہے کہ سور قضیہ کو واضع نے اس لئے وضع کیا ہے کہ وہ موضوع کے افراد کی کمیت بیان کرے اور ان کا کلا یا بعضا احاطہ کرے اور یہ بات منطق کی چھوٹی بڑی تقریبا تمام کتابوں میں موجود ہے معترض نے حمد اللہ تو در کنار اگر مجموعہ منطق بھی سمجھ کر پڑھی ہوتی تو ایسی بات ہر گز منہ سے نہ نکالتا مجموعہ

Marfat.com

منطق میں ہی موجود رسالہ میزان المنطق میں ہے:

"فموضوعها ان كان كليا فان بين فيها مقدار افراد الموضوع سميت محصورة ومسورة واللفظ الدال عليه يسمى سورا"۔ (1)

قضیہ حملیہ کا موضوع اگر کلی ہو پس اگر اس قضیہ میں موضوع کے افراد کی مقدار (کلا یا بعضا) بیان کی گئی ہو تو اس کا نام محصورہ اور مسورہ رکھا گیا ہے اور جو لفظ موضوع کے افراد کی مقدار پر دلالت کرے اس کا نام سور رکھا گیا ہے۔

اور مجموعہ منطق میں ہی موجود ایک اور رسالے "الجوہرۃ المضیہ فی شرح الدرۃ البہیہ للشیخ عبد الحق الدہلوی" میں ہے:

"والقضية الحملية ان لم يكن الموضوع شخصا ولانفس الحقيقة فمحصورة ومسورة ان بين فيها كمية الافراد اى قدر الافراد فيها كلا او بعضا سميت محصورة لحصر افراد موضوعها و المسورة مشتقة من سور البلدة كما انه يحيط به كذالک اللفظ الدال على كمية الافراد يحصرها"۔ (2)

قضیہ حملیہ کا موضوع اگر شخص معین اور نفس حقیقت نہ ہو تو اگر اس میں افراد موضوع کی کمیت بیان کی گئی ہے تو وہ محصورہ اور مسورہ ہے یعنی اگر اس میں موضوع کے افراد کی کلا یا بعضا مقدار بیان کی گئی ہے تو اس کا نام محصورہ ہے کیونکہ اس کے موضوع کے افراد کا حصر یعنی احاطہ کیا گیا ہے

---

(1) مجموعہ منطق ص ٦٨
(2) مجموعہ منطق ص ١٢٧

Marfat.com

اور (مسورہ نام ہونے کی وجہ یہ کہ) سور مشتق ہے "سور البلد" (شہر کی فصیل) سے تو جیسے فصیل شہر، شہر کا احاطہ کئے ہوئے ہوتی ہے۔ اسی طرح افراد موضوع کی کمیت پر دلالت کرنے والا لفظ (سور قضیہ) افراد موضوع کا حصر احاطہ کئے ہوئے ہوتا ہے۔

سی میں موجود مشہور رسالہ "ایساغوجی" کی شرح "البیان الشافی" میں ہے:

"وجیه تسمیه قضیه محصوره ومسوره اینکه محصوره برائے حصر کردن افراد موضوع ومسوره برائے اشتمال بر سور وسورماخوذ است از سور البلد که قلعه رامی گویند واین سور اصطلاحی که داخل می شود بر محصوره ایضا احاطه می کند افراد موضوع را کلا وبعضا"۔(1)

قضیہ محصورہ اور مسورہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اسے افراد موضوع کا حصر یعنی احاطہ کرنے کی وجہ سے محصورہ اور سور پر مشتمل ہونے کی وجہ سے مسورہ کہتے ہیں اور لفظ سور سور البلد سے ماخوذ ہے جو کہ قلعہ کا نام ہے اور یہ سور اصطلاحی جو کہ قضیہ محصورہ پر داخل ہوتا ہے بھی موضوع کے افراد کا کلا اور بعضا احاطہ کرتا ہے۔

مرقات میں علامہ فضل امام خیر آبادی ارشاد فرماتے ہیں:

"الذی یبین به کمیة الافراد من الکلیة والبعضیة یسمی سورا وہو ماخوذ من سور البلد"۔(2)

(1) البیان الشافی فی حل ایساغوجی ص ۱۴
(2) مرقات ص ٦٦

Marfat.com

وہ امر جس سے موضوع کے افراد کی کلا یا بعضا مقدار بیان کی جائے اس کا نام سور ہے اور وہ سور البلد (فصیل شہر) سے ماخوذ ہے۔

اور اس کی شرح "ہدیہ شاہجہانیہ" میں ہے:

"یعنی چنانکه فصیل حاصر ومحیط بلده بود ہمچنیں ایں لفظ دال بر کمیت احاطه کننده وحصر نمائنده افراد موضوع است"۔ (1)

جیسے فصیل شہر، شہر کا حصر اور احاطہ کرنے والی ہوتی ہے اسی طرح یہ لفظ جو افراد موضوع کی کمیت پر دلالت کرتا ہے موضوع کے افراد کا احاطہ کرنے والا اور انہیں گھیرنے والا ہوتا ہے۔

مجموعہ منطق میں ہی موجود علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور ومتداول درسی رسالہ تہذیب المنطق کی شرح فارسی میں علامہ جمال الدین محمد بن محمود حسنی شہر ستانی فرماتے ہیں:

"واگر حکم برنفس حقیقت نکرده باشند بلکه حکم بر افراد کرده باشند اگر بیان کمیت افراد کرده باشند کلا یا بعضا یعنی گفته باشند که (حکم) بر ہر ایک از افراد است یا بر بعضے از افراد است ایں قضیه را محصوره می گویند ومسوره نیز می گویند اما آنکه محصوره اش می گویند بواسطه آن که حصر افراد کرده است اگرچه بطریق تعداد نکرده اما بطریق کلیة وبعضیة کرده واما آنکه مسوره اش می گویند بواسطه آنکه مشتمل بر سور است وسور آن چیز است که بآں بیان کمیة افرد کلا یا بعضا کنند

(1) ہدیہ شاہجہانیہ شرح مرقات میزانیہ ص ۵۴

Marfat.com

مثل لفظ کل وبعض وایں سور را از سور بلد گرفته اند ہمچناں حصار شہر احاطه شہر می کند ایں لفظ نیز احاطه افراد کرده"۔ (1)

اگر قضیہ حملیہ میں (موضوع کی) نفس حقیقت پر حکم نہ ہو بلکہ (اس کے) افراد پر حکم ہو اگر افراد کی کمیت کلا یا بعضا بیان کی گئی ہو یعنی یہ بیان کیا گیا ہو کہ حکم موضوع کے افراد میں سے ہر ایک فرد پر ہے یا ان میں سے بعض افراد پر ہے تو اس قضیہ کو محصورہ کہتے ہیں اور مسورہ بھی کہتے ہیں اسے محصورہ اس لئے کہتے ہیں کہ اس نے موضوع کے افراد کا حصر واحاطہ کیا ہوا ہوتا ہے اگرچہ اس کا یہ احاطہ گنتی کے اعتبار سے تو نہیں ہوتا مگر کلیت اور بعضیت کے اعتبار سے ضرور ہوتا ہے اور اسے مسورہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ سور پر مشتمل ہوتا ہے اور سور ایسی چیز کا نام ہے جس کے ساتھ موضوع کے افراد کی کلا یا بعضا کمیت بیان کی جاتی ہے جیسے لفظ کل اور لفظ بعض اور یہ سور سور البلد (فصیل شہر) سے ماخوذ ہے جیسے فصیل شہر، شہر کا احاطہ کئے ہوئے ہوتی ہے اسی طرح اس لفظ نے موضوع کے افراد کا احاطہ کر رکھا ہوتا ہے۔

اور اسی تہذیب المنطق کی مشہور ومتداول اور برصغیر پاک وہند کے تقریبا تمام مدارس اسلامیہ میں سبقا پڑھائی جانے والی عبداللہ یزدی کی تحریر کردہ عربی شرح میں ہے:

"لابد فی کل من تلک المحصورات الاربع من امر یبین کمیة افراد الموضوع یسمی ذالک الامر بالسور اخذ من سور البلد اذ کما ان سور البلد محیط به کذالک ہذا الامر محیط بما حکم علیه من افراد الموضوع"۔ (2)

---

(1) شرح تہذیب فارسی ص ۵۱
(2) شرح تہذیب ص ۸۳

Marfat.com

محصورات اربعہ میں سے ہر ایک کے اندر ایک ایسے امر کا ہونا ضروری ہے جو اس کے موضوع کے افراد کی مقدار بیان کرے اس امر کا نام سور رکھا گیا ہے یہ سور البلد سے ماخوذ ہے کیونکہ جیسے سور البلد (فصیل شہر) شہر کو محیط ہوتی ہے اسی طرح یہ امر بھی موضوع کے ان افراد کا احاطہ کرنے والا ہوتا ہے جس پر حکم لگایا جاتا ہے۔

معروف درسی کتاب قطبی میں ہے:

"واللفظ الدال علیہا ای علی کمیۃ الافراد یسمی سورا اخذ من سور البلد کما انہ یحصر البلد ویحیط بہ کذالک اللفظ الدال علی کمیۃ الافراد یحصرہا ویحیط بہا فان بین فیہا کمیۃ افراد الموضوع سمیت القضیۃ محصورۃ ومسورۃ اما انہا محصورۃ فلحصر افراد موضوعہا واما انہا مسورۃ فلاشتمالہا علی السور"۔ (1)

جو لفظ افراد موضوع کی کمیت پر دلالت کرتا ہے اس کا نام سور ہے اور یہ سور البلد (شہر کی فصیل) سے ماخوذ ہے جس طرح فصیل شہر، شہر کا حصر واحاطہ کرتی ہے اسی طرح افراد موضوع کی کمیت پر دلالت کرنے والا لفظ ان افراد کا حصر واحاطہ کرتا ہے پس اگر قضیہ میں موضوع کے افراد کی کمیت بیان کر دی گئی ہو تو ایسے قضیے کا نام محصورہ اور مسورہ رکھا جاتا ہے محصورہ اس لئے کہ یہ اپنے موضوع کے افراد کا حصر واحاطہ کئے ہوئے ہوتا ہے اور مسورہ اس لئے کہ یہ سور پر مشتمل ہوتا ہے۔

مراۃ الشروح شرح سلم العلوم میں ملا مبین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وان حکم فیہا ای فی القضیۃ علی افرادہ ای افراد

---

(1) قطبی شرح شمسیہ ص ۱۵۱

Marfat.com

الموضوع فان بين كمية الافراد اى كون الحكم على كل الافراد او بعضها بلفظ يدل على بيانها من الكل الافرادى او البعض كذالک فمحصورة اى فهذه القضية يسمى محصورة لحصر افراد الموضوع بالمبين لكميتها ومسورة لاشتمالها على السور المبين الكمية ومابه البيان اى ما يبين به هذه الكمية يسمى سورا ماخوذ من سور البلد وهو ما يحيطها ولما كان هذا محيطا للافراد كلها او بعضها يسمى به"۔ (1)

اگر قضیہ حملیہ میں حکم موضوع کے افراد پر ہو پس اگر اس کے افراد کی کمیت بیان کر دی گئی ہو یعنی اس میں حکم کا کل افراد موضوع پر ہونا یا بعض پر ہونا کل افرادی یا اس طرح بعض افرادی میں سے کسی لفظ کے ساتھ بیان کر دیا گیا ہو جو کہ بیان افراد پر دلالت کرتا ہے تو وہ قضیہ محصورہ ہے یعنی اس قضیے کا نام محصورہ رکھا گیا ہے کیونکہ اس میں ایسی چیز کے باعث افراد موضوع کا حصر واحاطہ پایا جاتا ہے ہے جو ان کی کمیت بیان کرتی ہے اور وہ قضیہ مسورہ بھی ہے کیونکہ وہ افراد موضوع کی کمیت بیان کرنے والے سور پر مشتمل ہے اور وہ چیز جس کے ساتھ افراد موضوع کی یہ کمیت بیان کی جاتی ہے ہے اس کا نام سور رکھا گیا ہے اور یہ سور البلد (فصیل شہر) سے ماخوذ ہے اور سور البلد (فصیل شہر) وہ ہے جس نے شہر کا احاطہ کر رکھا ہو اور چونکہ یہ (سور قضیہ) بھی کل افراد موضوع یا بعض افراد موضوع کو محیط ہوتا ہے اسی لئے اس کا بھی یہی (سور) نام رکھا گیا ہے۔

الغرض قضیہ محصورہ کا ایک ایسا قضیہ ہونا جس میں حکم افراد موضوع پر ہوتا ہے خواہ

(1) مراۃ الشروع علی سلم العلوم حصہ دوم ص۳۳

Marfat.com

بالذات ہو بالواسطہ ماہیت اور اس کا ایک ایسے امر پر مشتمل ہونا جو افراد موضوع کا کلاً یا بعضاً حصر یعنی احاطہ کرتا ہے جسے سور کہا جاتا ہے اور سور قضیہ کو واضع کا فقط افراد موضوع کے حصر واحاطے کیلئے ہی وضع کرنا نہ اس لئے کہ وہ محمول کو موضوع میں بند کر دے اور غیر موضوع سے اس کی نفی کر دے اور قضیہ محصورہ کا نام "محصورہ" ہونے کی وجہ بھی فقط یہی ہونا کہ اس میں افراد موضوع کا حصر یعنی احاطہ پایا جاتا ہے نہ یہ کہ اس میں محمول کا موضوع میں حصر ہوتا ہے یہ ایک ایسا امر ہے جو مناطقہ کے ہاں متفق علیہ ہے جس پر بیسیوں حوالہ جات پیش کئے جاسکتے ہیں مگر ہم نے فقط درسی اور متداول کتابوں کے حوالہ جات پر اکتفاء کیا تاکہ واضح ہو جائے کہ یہ بات علماء تو درکنار مبتدی طلباء سے بھی پوشیدہ نہیں ہے مگر نہ جانے بزعم خویش مفکر اسلام کیوں اس سے ناآشنا ہے۔

پس ثابت ہو گیا کہ اگر بالفرض بقول معترض "حق چار یار" کہنے سے "حق" کا ان چار کے اندر حصر ہو جاتا ہے جس سے باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی لازم آجاتی ہے کیونکہ یہ امر اس وقت ثابت ہو سکتا ہے جب قضیہ محصورہ "محمول" کے "موضوع" میں حصر کا فائدہ دے حالانکہ یہ بات سرے سے ہی باطل ہے اور نہ ہی علمائے منطق میں سے کوئی اس کا قائل ہے۔

مگر تحقیق یہ ہے کہ نہ تو حق چار یار قضیہ محصورہ ہے اور نہ اسمائے اعداد چار وغیرہ سور قضیہ ہو سکتے ہیں بلکہ یہ قضیہ شخصیہ ہے یا مہملہ جس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر اسے محصورہ تسلیم کر لیا جائے تو ظاہر ہے کہ یہ موجبہ کلیہ ہو گا یا موجبہ جزئیہ کیونکہ سالبہ تو مطلقاً ہو ہی نہیں سکتا اور موجبہ کلیہ کا سور کل افرادی ہوتا ہے یا جو لفظ کل افرادی کے معنی پر مشتمل ہو کل مجموعی اور کل مخفف یا کل بمعنی کلی موجبہ کلیہ کا سور نہیں ہو سکتے اور اسی طرح موجبہ جزئیہ کا سور بعض افرادی ہوتا ہے یا جو لفظ بعض افرادی کے معنی پر مشتمل ہو بعض مجموعی موجبہ جزئیہ کا سور نہیں ہو سکتا اور بعض کلی سرے سے ہے۔ تا ہی نہیں اور یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں بلکہ یہ علم منطق کا ایک متفق علیہ مسئلہ ہے اور کتب منطق میں خوب مشرح ہے کہ کل

Marfat.com

ن قسم ہے:

ا۔ کل افرادی
۲۔ کل مجموعی
۳۔ کل بمعنی کلی یا مخفف کلی

کل افرادی: وہ ہے جس سے اس کے مدخول کے افراد مراد ہوں جیسے کل انسان جزئی حقیقی، انسان کا ہر ہر فرد جزئی حقیقی ہے جیسے زید بکر وعمر وغیرہم۔

کل مجموعی: وہ ہے جس سے اس کے مدخول کا مجموعہ مراد ہو جیسے کل انسان الوف الوف، تمام انسانوں کا مجموعہ بیشمار ہے۔

کل مخفف کلی: وہ ہے جس سے اس کے مدخول کی ماہیت مراد ہو جیسے کل انسان نوع ای الانسان الکلی نوع یعنی ماہیت انسان نوع ہے۔

اور یہی حال بعض کا ہے مگر بعض صرف دو قسم ہے:

ا۔ بعض افرادی
۲۔ بعض مجموعی

بعض کلی نہیں ہوتا اور وہ کل اور بعض جو قضیہ محصورہ کا سور بنتے ہیں وہ "کل" اور "بعض" افرادی ہوتے ہیں اس کے علاوہ کوئی اور نہیں ہوتے چنانچہ شمس العلماء وعلامہ عبد الحق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ شرح مرقات میں فرماتے ہیں:

"ان الکل یطلق علی ثلاثۃ معان الاول الکلی الافرادی ای کل واحد واحد الثانی الکل المجموعی ای الکل من حیث ہو کل الثالث الکلی وہو مالا یمنع نفس تصورہ

Marfat.com

عن وقوع الشركة فيه والفرق بين المفهومات الثلثة انه يصدق على الاول انه شخص واحد بخلاف الثانى والثالث اذا الثانى مجموع الاشخاص والثالث ليس بشخص اصلا وعلى الثانى انه يتمكن من حل الف من مثلا ولايصدق على الباقيين وعلى الثالث انه لايخلو عن احد الكليات الخمس وايضا الثالث جزء للاول والاول للثانى والمغائرة بين الكل والجزء ظاہر وايضا الثالث ينقسم الى الجزئيات والثانى الى الاجزاء والجزئيات غير الاجزاء اذا عرفت ہذا فاعلم ان المعتبر فى القياسات والعلوم ہو المعنى الاول اذ لوكان المعتبر احد المعنيين الاخيرين يلزم ان لاينتج الشكل الاول فضلا عن سائر الاشكال اذ على تقدير اعتبار احد المعنيين الاخيرين لم يتعد الحكم من الاوسط الى الاصغر كما ہو مشروح فى شرح المطالع واما الثانى فالقضية المشتملة عليه شخصية عند البعض ضرورة ان مجموعه الاشخاص لايحتمل التعدد ومهملة عند البعض زعما منهم ان لفظ كل عنوان الموضوع وليس بسور ولعل الحق ماقيل انه ان كان ما يضاف اليه لفظ كل امرا شخصيا فالقضية شخصية نحو كل زيد حسن وان كان كليا فمهملة ومايشتمل على الثالث فطبعية لان الموضوع من حيث اعتبار الكلية موضوع القضية الطبعية"۔ (1)

"کل" کا اطلاق تین معانی پر ہوتا ہے پہلا کل افرادی یعنی کل واحد واحد (ہر ایک ایک) دوسرا کل مجموعی یعنی مجموع من حیث المجموع۔ تیسرا کل بمعنی کلی اور وہ یہ ہے کہ جس کا نفس تصور اس میں وقوع شرکت سے مانع نہ ہو اور ان تینوں مفہومات کے درمیان فرق یہ ہے کہ مفہوم اول پر یہ

---

(1) شرح شمس العلماء على المرقات ص ۱۲۰

Marfat.com

بات صادق آتی ہے کہ وہ شخص واحد ہے (یعنی یوں کہا جا سکتا ہے کہ کل واحد واحد شخص واحد) برخلاف ثانی اور ثالث کے (یعنی نہ یہ کہہ سکتے ہیں المجموع من حیث ہو مجموع شخص واحد) اور نہ ہی یہ کہہ سکتے ہیں (الکل ای ما لایمنع نفس تصوره عن وقوع الشرکة فیه شخص واحد) کیونکہ ثانی مجموعہ اشخاص ہے اور ثالث سرے سے شخص ہی نہیں اور مفہوم ثانی پر یہ بات صادق آتی ہے کہ وہ ہزار من (سیر) اٹھانے پر قادر ہے اور باقی دونوں پر یہ بات صادق نہیں آتی (یعنی یوں کہا جا سکتا ہے کہ "المجموع من حیث هو مجموع یتمکن من حمل الف من مثلا" اور یوں نہیں کہہ سکتے کہ "کل واحد واحد یتمکن من حمل الف من" اور نہ ہی یوں کہہ سکتے ہیں "الکلی ای ما لایمنع نفس تصوره عن وقوع الشرکة فیه یتمکن من حمل الف من" اور تیسرے مفہوم پر یہ بات صادق آتی ہے کہ وہ پانچ کلیوں میں سے کسی نہ کسی ایک سے خالی نہیں (یعنی یوں کہہ سکتے ہیں "مالایمنع نفس تصوره عن وقوع الشرکة فیه لایخلو عن احد الکلیات الخمس اور دوسرا فرق یہ ہے کہ مفہوم ثالث جزء ہے اول کا اور اول جزء ہے ثانی کا اور کل اور جزء کے درمیان مغائرت ظاہر ہے اور تیسرا فرق یہ ہے کہ مفہوم ثالث جزئیات کی طرف منقسم ہوتا ہے اور مفہوم ثانی اجزاء کی طرف اور جزئیات، اجزاء کا غیر ہوتی ہیں جب تم یہ پہچان چکے تو جان لو کہ قیاسات اور علوم میں معتبر "کل" کا پہلا معنی ہی ہوتا ہے کیونکہ اگر باقی دونوں معانی میں سے کوئی معتبر ہو تو لازم آئے گا کہ شکل اول (جو کہ بدیہی الانتاج ہے) بھی نتیجہ نہ دے چہ جائے کہ باقی اشکال کیونکہ دوسرے دونوں معانی میں سے کسی کا اعتبار کرنے کی صورت میں (اکبر کا) حکم حد اوسط (کے واسطے) سے اصغر کی طرف متعدی نہیں ہوتا جیسا کہ شرح مطالع میں یہ امر مشروح ہے رہا کل کا [illegible] معنی تو جو قضیہ اس پر مشتمل ہو وہ [illegible] کے نزدیک تو شخصیہ ہوتا

Marfat.com

ہے بوجہ بدیہی ہونے اس بات کے کہ مجموعہ اشخاص کا تعدد کا احتمال نہیں رکھتا اور بعض کے نزدیک مہملہ ہے کیونکہ ان کا گمان یہ ہے کہ لفظ "کل" موضوع کا عنوان ہے یہ سور قضیہ نہیں ہے اور امید ہے کہ حق بات وہی ہے جو اس طرح بیان کی گئی ہے کہ اگر لفظ کل کا مضاف الیہ امر شخصی ہوا تو قضیہ شخصیہ ہو گا جیسے کل زید حسن اور اگر اس کا مضاف الیہ کوئی امر کلی ہوا تو وہ قضیہ مہملہ ہے اور (کل مستعمل در معنی) ثالث پر مشتمل قضیہ، طبعیہ ہے کیونکہ موضوع کلیت اعتبار کرنے کی حیثیت سے قضیہ طبعیہ کا موضوع ہوتا ہے۔

مرقات کی فارسی شرح ہدیہ شاہجہانیہ میں ہے:

"وسور الموجبة الكلية كل كه افراديست نه كل كلى وكل مجموعى چرا كه قضيه كه مصدر بكل كلى بود طبعيه بود مثل كل انسان نوع وہرچه بركل مجموعى اشتمال دارد اگر مدخولش جزئى حقيقى ست شخصيه بود مثل كل زيد حسن وكل الدمان ماكول واگر مدخولش كلى است مهمله است مثل كل انسان لايسعه ہذه الدار وكدامى ازيں ہر دو برائے حصر افراد نيست زيرا كه در اول حكم بر افراد نباشد تابحصرآں چه رسد ودر ثانى حصر اجزا است نه حصر افراد"۔ (1)

قضیہ موجبہ کلیہ کا سور "کل" ہے جو کہ افرادی ہے نہ کل مخفف کلی اور نہ ہی کل مجموعی کیونکہ یہ قضیہ کل مخفف کلی کے ساتھ مصدر ہو وہ طبعیہ ہوتا ہے جیسے کل انساں نوع (انسان جو کہ کلی ہے نوع ہے) اور جو قضیہ کل مجموعی پر مشتمل ہو اگر اس کا مدخول جزئی حقیقی ہو تو وہ شخصیہ ہو گا

---

(1) ہدیہ شاہجہانیہ شرح مرقات میزانیہ ص۵۵

Marfat.com

جیسے کل زید حسن (زید کا مجموعہ اجزاء حسین ہے) اور کل الرمان ماکول (معین انار کا مجموعہ اجزاماکول ہے) اور اگر کل مجموعی کا مدخول کوئی امر کلی ہے تو وہ قضیہ مہملہ ہے جیسے کل انسان لایسعہ ہذہ الدار (تمام انسانوں کے مجموعے کی یہ دار گنجائش نہیں رکھتا) اور ان ہر دو کل (کل کلی اور کل مجموعی) میں سے کوئی بھی موضوع کے افراد کے احاطے کیلئے نہیں ہے کیونکہ پہلے (کل کلی) میں حصر افراد تو در کنار سرے سے افراد پر حکم ہی نہیں اور دوسرے (کل مجموعی) میں حصر اجزاء ہے نہ کہ حصر افراد۔

"حاشیہ حسن عطار علی شرح ایساغوجی لشیخ الاسلام زکریا الانصاری رحمہا اللہ تعالیٰ میں ہے:

"السور فی الموجبة الکلیة کل ای الدال علی کمیة الافراد حتی تکون القضیة محصورة لانه لو بین کلیة الموضوع المجموعیة کقولنا کل الرمان ماکول وکذا یقال فی البعض ای البعضیة الافرادیة فان دل علی البعضیة المجموعیة کقولنا بعض الرمان ماکول لاتسمی القضیة محصورة بل شخصیة او مهملة قطعا علی ماقال المحقق الطوسی فی شرح الاشارات"۔(1)

اور موجبہ کلیہ میں سور "کل" ہے یعنی ایسا کل جو کمیت افراد پر دلالت کرنے والا ہو تاکہ وہ قضیہ محصورہ ہو سکے کیونکہ اگر اس نے موضوع کی کلیت مجموعیہ بیان کی جیسے ہمارا قول ہے "کل الرمان ماکول" (معین) انار کا مجموعہ کھائی جانے والی چیز ہے اور اسی طرح "بعض" میں بھی یہی کہا جائے گا کہ وہ بعضیت افرادیہ پر دلالت کرنے والا ہو پس اگر

---

(1) حاشیہ شیخ حسن عطار علی شرح شیخ الاسلام زکریا الانصاری علی ایساغوجی ص ۲۰

Marfat.com

اس نے (موضوع کی) بعضیت مجموعیہ پر دلالت کی جیسے ہمارا قول بعض الرمان ماکول (معین) انار کا بعض مجموعہ کھائی جانے والی چیز ہے تو اس کل اور بعض مجموعی پر مشتمل قضیہ کا نام محصورہ نہ ہو گا بلکہ وہ قطعی طور پر قضیہ شخصیہ ہو گا یا مہملہ جیسا کہ محقق طوسی نے شرح اشارات میں کہا ہے۔

میر ایساغوجی اور اس کے حاشیہ الحاشیۃ الجدیدہ میں ہے:

"والسور فی الموجبة الکلیة لفظ الکل بمعنی الکل الافرادی الذی ہو لشمول الافراد بمعنی کل واحد واحد لا الکل المجموعی الذی ہو لشمول الاجزاء بمعنی المجموع من حیث ہو مجموع نحو کل الرمان ماکول ولا الکل الذی ہو مخفف الکلی نحو کل انسان نوع ای الکلی الذی ہو الانسان نوع وذالک لان القضیة المشتملة علی الکل المجموعی لیست بمحصورة بل ہی شخصیة لامتناع صدق موضوعہا علی کثیرین ذہنا وخارجا لان الرمان فی المثال المذکور امر مشخص وہو ما وقع علیہ الاکل المخصوص فہو لایحتمل الاشتراک والقضیة المشتمل علی الکل المخفف طبعیة"۔ (1)

اور موجبہ کلیہ میں سور ایسا لفظ کل ہے جو بمعنی کل افرادی ہو جو کہ احاطہ افراد بمعنی کل واحد واحد کیلئے ہوتا ہے نہ کہ کل مجموعی جو کہ شمول اجزاء بمعنی مجموع من حیث المجموع کیلئے ہوتا ہے جیسے کل الرمان ماکول اور نہ ہی وہ کل جو کہ کلی کا مخفف ہوتا ہے جیسے کل انسان نوع یعنی کلی جو کہ انسان ہے وہ نوع ہے اور وہ اس لئے کہ کل مجموعی پر مشتمل قضیہ

(1) الحاشیة الجدیدة علی میرایساغوجی ص ۱۰۵

Marfat.com

محصورہ نہیں ہوتا بلکہ وہ شخصیہ ہوتا ہے کیونکہ اس کے موضوع کا ذہنا اور خارجا کثیرین پر صدق ممتنع ہوتا ہے کیونکہ مذکورہ مثال میں الرمان (انار) ایک مشخص امر ہے یعنی وہ جس پر اکل مخصوص واقع ہے پس وہ اشتراک کا احتمال نہیں رکھتا اور جو قضیہ کل مخفف کلی پر مشتمل ہو وہ طبعیہ ہوتا ہے۔

حاشیہ جدیدہ کی تقریر سے یہ بات واضح ہوئی کہ کل مجموعی پر مشتمل قضیہ مطلقاً شخصیہ ہوتا ہے خواہ کل مجموعی کا مدخول امر کلی ہو یا جزئی حقیقی۔ چنانچہ مفتی عبداللہ ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ حاشیہ جدیدہ پر اپنی تعلیقات میں اس بات پر دلیل دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

"لان مدخول الكل المجموعي اما جزئي فالقضية شخصية لامحالة او كلي فالحكم على كل افراده من حيث الاجتماع والمجموع من حيث هو مجموع منحصر في فرد واحد غير محتمل للتعدد اصلا وهو المعنى من الشخصية فما قيل ان مدخوله ان كان امرا كليا فالقضية مهملة ليس على ماينبغي" (1)

کل مجموعی پر مشتمل قضیہ محصورہ نہیں ہوتا بلکہ شخصیہ ہوتا ہے کیونکہ کل مجموعی کا مدخول یا تو جزئی حقیقی ہوگا پس لامحالہ ایسا قضیہ شخصیہ ہوگا یا پھر اس کا مدخول کلی ہوگا پس حکم بحیثیت مجموعی اس کے تمام افراد پر ہوگا اور مجموع من حیث المجموع فرد واحد میں ہی بند ہوتا ہے یہ تعدد کا بالکل احتمال نہیں رکھتا اور یہی معنی شخصیہ کا ہے پس یہ جو کہا گیا ہے کہ اگر اس کا مدخول امر کلی ہو تو وہ قضیہ مہملہ ہے یہ کوئی مناسب بات نہیں ہے۔

قطبی میں ہے:

"فان كان الحكم فيها على كل الافراد فهي كلية اما موجبة وسورها كل اى كل واحد واحد لا الكل

---

(1) تعليقات المفتي عبد الله التونكي على الحاشية الجديدة على مير ... 

Marfat.com

المجموعی"۔[1]

پس اگر قضیہ محصورہ میں حکم موضوع کے کل افراد پر ہو تو وہ کلیہ ہے پھر یا تو موجبہ ہے اور اس کا سور "کل" ہے یعنی (کل افرادی بمعنی) کل واحد واحد نہ کہ کل مجموعی۔

اور اس کے حاشیہ دسوقی میں ہے:

"قوله لا الكل المجموعي اى الهيئة المجتمعة لانه من قبيل الشخصية"۔[2]

شارح کے اس قول کہ قضیہ محصورہ موجبہ کلیہ کا سور کل مجموعی نہیں ہوتا کا مطلب یہ ہے کہ اس کا سور ایسا کل نہیں ہوتا جو ہیئت مجتمعہ کے معنی میں ہو کیونکہ یہ شخصیہ کے قبیلے سے ہے۔

اور قطبی کے ہی حاشیہ عبدالحکیم سیالکوٹی میں ہے:

"سور الموجبة الكلية الكل الافرادى الذى يشمل الافراد لاالكل المجموعى الذى ہو عبارة عن شمول الاجزاء فان القضية المشتملة عليه شخصية لامتناع صدقه على كثيرين ذہنا وخارجا وماقيل ہى مہملة فوہم ملخصا"۔[3]

موجبہ کلیہ کا سور کل افرادی ہوتا ہے جو کہ (موضوع کے) افراد کا احاطہ

---

(1) قطبی
(2) شروح الشمسیہ ج۲ ص۲۱
(3) حاشیہ عبدالحکیم علی القطبی وعلی حاشیة المیر علی القطبی ص ۱۹۴، شروح الشمسیہ ج۲ ص۲۲

Marfat.com

کرتا ہے نہ کہ کل مجموعی جو شمول اجزاء سے عبارت ہے پس بیشک وہ قضیہ جو کل مجموعی پر مشتمل ہو، شخصیہ ہوتا ہے کیونکہ اس کا ذہنا اور خارجا کثیرین پر صدق ممتنع ہے اور یہ جو کہا گیا ہے کہ وہ (کل مجموعی پر مشتمل قضیہ) مہملہ ہوتا ہے یہ وہم ہے۔

تحریر کندیا شرح سلم العلوم میں ہے:

"ان الكل على ثلاثة اقسام الاول ان الكل يطلق بمعنى الكلى وهو الذى يعبر عنه بالكلى ويراد به الطبعية من حيث العموم والمنعقدة منه قضية طبعية مثل كل انسان نوع اى الكلى الذى هو الانسان نوع والثانى الكل بمعنى الكل المجموعى وهو الذى يعبر بالمجموع ويراد به مجموع من الافراد من حيث هو مجموع وشىء واحد نحو كل انسان لايسعه هذه الدار اى مجموع جميع افراد الانسان لايسعه هذه الدار والثالث الكل بمعنى الكل الافرادى وهو الذى يعبر عنه بكل فرد ويعنى به كل فرد من افراد الموضوع بالاستقلال والفرق بين المفهومات الثلثة ظاهر كما عرفته آنفا والمعتبر فى القياسات والعلوم هو المعنى الثالث دون الاولين لان القضية المشتملة على كل واحد منهما ليست مفتجة فى الشكل الاول الذى هو بديهى الانتاج فضلا عن سائر الاشكال مثل زيد انسان وكل انسان نوع ينتج زيد نوع وهو كاذب وزيد انسان وكل انسان لايسعه هذه الدار فزيد لايسعه هذه الدار وهو كاذب والمشتمل عليه اى على المعنى الثالث هى المحصورة لان الحكم فيها على الافراد مع بيان كميتها وكلما هو كذالک فهى المحصورة واما الاولى اى القضيته التى اشتملت على المعنى الاول فطبعية لان الحكم فيها على الطبعية من حيث العموم وكلما هو كذالک فطبعية والثانية اى القضية التى اشتملت على المعنى الثانى شخصيته ان كان

Marfat.com

المضاف اليه للكل جزئيا مثل كل زيد حسن لان مجموع اجزاء الشخص شخص وكلما حكم فيها على الشخص فهى شخصيته او مهملة ان كان المضاف اليه للكل كليا مثل كل انسان لا يسعه ہذه الدار لان المجموع من حيث المجموع وانكان شيئا واحدا فى الواقع لكن يحتمل الزيادة والنقصان عند العقل فيحتمل التعدد ولم يبين كمية الافراد فصارت مهملة ففيه رد على الفاضل اللاہورى والعلامة التفتازانى لان الفاضل اللاہورى قال بان القضية المشتملة على المعنى الثانى شخصية مطلقا سواء كان المضاف اليه للكل جزئيا او كليا لان المجموع من حيث المجموع شىء واحد وشخص فصارت القضية المشتملة عليه شخصية والعلامة التفتازانى حكم بان القضية المشتملة على المعنى الثانى مهملة مطلقا سواء كان المضاف اليه للكل جزئيا او كليا لان المجموع من حيث المجموع شىء واحد لكن يحتمل الزيادة عند العقل فيحتمل التعدد عنده ولم يبين فيها كمية الافراد فصارت القضية المشتملة عليه مهملة وجه الرد ان مجموع الافراد يحتمل الزيادة والنقصان عند العقل لعدم انحصارہا عنده فظہر عدم صحة قول الفاضل اللاہورى ومجموع الاجزاء للشخص لايحتملها عنده لانحصارہا عنده فظہر عدم صحة حكم العلامة التفتازانى والتى اشتملت على البعض المجموعى فمہملة لان البعض المجموعى متعدد ولم يبين فيها كمية الافراد فصارت مہملة ففيه اشارة الى ان البعض على قسمين احدہما افرادى والآخر مجموعى كما ان الكل على ثلاثة اقسام۔ (1)

---

(1) تحریر کندیا شرح سلم العلوم حصہ دوم ص ۱۷

Marfat.com

''کل'' تین قسم ہے اول کل بمعنی کلی اور وہ وہ ہے جسے کلی سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اس سے طبیعت من حیث العموم مراد لی جاتی ہے اور اس سے منعقد ہونے والا قضیہ طبعیہ ہوتا ہے جیسے کل انسان نوع یعنی کلی جو کہ انسان ہے وہ نوع ہے اور دوم کل بمعنی کل مجموعی اور وہ وہ ہے جسے مجموع کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے اور اس سے مجموع افراد مراد لئے جاتے ہیں اس حیثیت سے کہ وہ مجموع ہیں اور شیء واحد ہیں جیسے ''کل انسان لایسعہ ہذہ الدار'' یعنی تمام انسانوں کے مجموعے کی یہ گھر گنجائش نہیں رکھتا اور تیسری قسم کل بمعنی کل افرادی ہے اور وہ وہ ہے جسے کل فرد کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے اور اس سے موضوع کے افراد میں سے ہر ہر فرد بالاستقلال مراد لیا جاتا ہے اور ان تینوں مفہومات کے درمیان فرق ظاہر ہے جیسا کہ تم ابھی پہچان چکے ہو اور قیاسات اور علوم میں صرف تیسرا معنی معتبر ہے پہلے دونوں معتبر نہیں ہیں کیونکہ پہلے دونوں میں سے ہر ایک پر مشتمل قضیہ شکل اول میں بھی نتیجہ نہیں دیتا جو کہ بدیہی الانتاج ہے چہ جائے کہ باقی اشکال جیسے زید انسان وکل انسان نوع تو نتیجہ آئے گا زید نوع اور یہ نتیجہ کاذبہ ہے اور زید انسان وکل انسان لایسعہ ہذہ الدار تو نتیجہ آئے گا زید لایسعہ ہذہ الدار اور یہ نتیجہ بھی کاذبہ ہے اور کل بمعنی ثالث پر مشتمل قضیہ محصورہ ہوتا ہے کیونکہ اس میں حکم موضوع کے افراد پر ہوتا ہے اور ساتھ ان افراد کی کمیت بھی بیان کر دی گئی ہوتی ہے تو جو اس قسم کا قضیہ ہو وہ محصورہ ہوتا ہے اور پہلا یعنی جو قضیہ کل بمعنی اول پر مشتمل ہو وہ طبعیہ ہے کیونکہ اس میں حکم طبیعت من حیث العموم پر ہوتا ہے اور جب وہ قضیہ ایسا ہے تو طبعیہ ہے اور دوسرا یعنی وہ قضیہ جو کل بمعنی ثانی پر مشتمل ہو وہ شخصیہ ہے جبکہ کل کا مضاف الیہ جزئی ہو جیسے کل زید حسن کیونکہ کسی شخص کے اجزاء کا مجموعہ ایک شخص ہے اور جب کسی

Marfat.com

قضیہ میں حکم شخص پر ہو تو وہ شخصیہ ہوتا ہے یا پھر (کل بمعنی ثانی پر مشتمل قضیہ) مہملہ ہے جبکہ کل کا مضاف الیہ کلی ہو جیسے کل انسان لایسعہ ہذہ الدار کیونکہ مجموعہ من حیث المجموع اگرچہ فی الواقع شیء واحد ہی ہے لیکن عند العقل اس میں زیادتی اور نقصان کا احتمال موجود ہے پس اس میں تعدد افراد کا احتمال پایا گیا اور چونکہ کمیت افراد بیان نہیں کی گئی پس یہ قضیہ مہملہ ہوا اور اس میں فاضل لاہوری (عبدالحکیم سیالکوٹی) اور علامہ تفتازانی رحمہا اللہ تعالیٰ کا رد کیا گیا ہے کیونکہ فاضل لاہوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو قضیہ کل بمعنی ثانی پر مشتمل ہو وہ مطلقاً شخصیہ ہوتا ہے خواہ اس میں "کل" کا مضاف الیہ جزئی ہو یا کلی کیونکہ مجموع من حیث المجموع شیء واحد ہے اور شخص ہے پس اس پر مشتمل قضیہ شخصیہ ہوا اور علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے کل بمعنی ثانی پر مشتمل قضیہ پر مطلقاً مہملہ ہونے کا حکم لگایا تھا خواہ اس کل بمعنی ثانی کا مضاف الیہ جزئی ہو یا کلی کیونکہ مجموع من حیث المجموع اگرچہ شیء واحد ہے لیکن عند العقل اس میں زیادتی کا احتمال ہے پس اس میں عند العقل احتمال تعدد پایا گیا اور چونکہ کمیت افراد بیان نہیں ہوئی پس اس کل پر مشتمل قضیہ مہملہ ٹھہرا اور وجہ رد یہ ہے کہ چونکہ مجموعہ افراد، عند العقل زیادتی اور کمی کا احتمال رکھتا ہے کیونکہ عقل کے ہاں ان کا انحصار نہیں ہے پس فاضل لاہوری کے قول کی عدم صحت ظاہر ہوگئی اور چونکہ مجموعہ اجزاء شخص عند العقل کمی وزیادتی کا احتمال نہیں رکھتا کیونکہ عند العقل ان کا انحصار ہے پس علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کی عدم صحت بھی ظاہر ہوگئی اور جو قضیہ "بعض" مجموعی پر مشتمل ہو وہ مہملہ ہے کیونکہ مجموعی متعدد ہیں اور کمیت افراد اس میں بیان نہیں کی گئی پس یہ قضیہ مہملہ ہوا اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ "بعض" دو قسم ہوتا ہے (۱) بعض افرادی (۲) بعض مجموعی (بعض کلی نہیں ہوتا) جس طرح کہ "کل" تین قسم ہوتا ہے۔

Marfat.com

کتب منطق کی مذکورہ تصریحات سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی کہ تمام علمائے منطق کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قضیہ محصورہ اگر موجبہ کلیہ ہو تو اس کا سور وہ "کل" ہے جو افرادی ہو یا جو امر کل افرادی کے معنی پر مشتمل ہو کل مجموعی اور جو امر کلی مجموعی کے معنی پر مشتمل ہو اور اسی طرح کل بمعنی کلی ہر گز اس کے سور نہیں ہو سکتے اور قضیہ محصورہ اگر موجبہ جزئیہ ہو تو اس کا سور وہ "بعض" ہوتا ہے جو افرادی ہو یا اس کا سور وہ امر ہو سکتا ہے جو بعض افرادی کے معنی پر مشتمل ہو بعض مجموعی اور جو امر بعض مجموعی کے معنی پر مشتمل ہو ہر گز اس کا سور نہیں ہو سکتے اس مسئلہ میں کسی منطقی کو قطعاً کوئی اختلاف نہیں ہے اور کل بمعنی کلی پر مشتمل قضیہ طبعیہ ہوتا ہے یہ بھی ایک اتفاقی مسئلہ ہے اس میں بھی کسی کو کوئی اختلاف نہیں۔ یہی حال بعض مجموعی کا ہے یعنی جو بعض "مجموع بعض الافراد" کے معنی میں ہوتا ہے اس پر مشتمل قضیہ مہملہ ہوتا ہے اس امر میں بھی کوئی اختلاف مذکور نہیں بلکہ بحر العلوم علامہ عبد العلی فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح سلم العلوم میں اس کے متفق علیہ امر ہونے کی صراحت فرمائی ہے چنانچہ فرماتے ہیں:

"والقضية التي اشتملت على البعض المجموعي مهملة اتفاقا"۔(1)

اور وہ قضیہ جو بعض مجموعی پر مشتمل ہو بالاتفاق مہملہ ہے۔

ہاں اگر اختلاف ہے تو کل مجموعی پر مشتمل قضیہ میں ہے اس میں تین اقوال ہیں ایک قول یہ ہے کہ کل مجموعی پر مشتمل قضیہ مطلقاً مہملہ ہوتا ہے خواہ اس کا مضاف الیہ جزئی حقیقی ہو یا کلی ہو یہ علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ کا مختار ہے جیسا کہ تحریر کندیا کے حوالہ سے بیان ہو چکا ہے دوسرا قول یہ ہے کہ اس پر مشتمل قضیہ مطلقاً شخصیہ ہوتا ہے خواہ اس کا مضاف

---

(1) بحر العلوم شرح سلم العلوم ص ۱۴۴

Marfat.com

الیہ جزئی حقیقی ہو یا کلی ہو اور یہ علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی، علامہ محمد بن غلام محمد صاحب حاشیہ جدید علی میر ایساغوجی اور مفتی عبداللہ ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کا قول ہے ان کے ارشادات بھی مذکور ہو چکے ہیں۔

اور تیسرا قول صاحب سلم العلوم علامہ محب اللہ بہاری، شارحین سلم اور دیگر محققین رحمۃ اللہ علیہم کا ہے کہ اگر کل مجموعی پر مشتمل قضیہ میں "کل" کا مضاف الیہ کوئی ایسا امر ہے جو کہ کلی ہے تو وہ قضیہ مہملہ ہے اور اگر اس کا مضاف الیہ کوئی امر جزئی ہے تو پھر یہ قضیہ شخصیہ ہے تحریر کندیا شرح سلم العلوم اور شرح شمس العلماء علی المرقات کے حوالہ سے یہ بات بھی بالتفصیل گزر چکی ہے۔ حمد اللہ نے بھی شرح سلم العلوم میں اسی تیسرے قول کو مختار قرار دیتے ہوئے اور اس کی تائید کرتے ہوئے اسے اشبہ بالحق کہا ہے چنانچہ حمد اللہ میں ہے:

"قوله والثانية شخصية او مهملة اعلم ان بعضهم ذهب الى انها شخصية مطلقا وبعضهم الى انها مهملة مطلقا فاشار المصنف الى ان الحكم الكلى من كل منهما خطاء وهو الاشبه فان المضاف اليه للفظ الكل ان كان جزئيا فالقضية شخصية ككل زيد حسن فان مجموع اجزاء زيد ليس الا زيدا وانكان كليا فالقضية مهملة لان مجموع الانسان بحيث لايشذ عنه شيء وان كان منحصرا فى شخص لكنه يحتمل الزيادة والنقصان فيحتمل التعدد عند العقل وهو مدار الكلية"۔ (1)

اور کل بمعنی ثانی یعنی کل مجموعی پر مشتمل قضیہ شخصیہ ہوتا ہے یا مہملہ۔ جان لو کہ بعض علمائے منطق (علامہ سیالکوٹی وغیرہ) اس طرف گئے ہیں

(1) حمد اللہ شرح سلم العلوم ص ۳۹

Marfat.com

کہ کل مجموعی پر مشتمل قضیہ مطلقاً شخصیہ ہوتا ہے اور بعض مناطقہ (علامہ تفتازانی وغیرہ) اس کے مطلقاً مہملہ ہونے کی طرف چلے گئے ہیں پس مصنف (علامہ محب اللہ بہاری) نے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ فریقین میں سے ہر ایک کا حکم کلی لگا دینا (یعنی اسے مطلقاً شخصیہ کہہ دینا یا مطلقاً مہملہ کہہ دینا) خطا ہے اور یہی بات اشبہ بالحق ہے کیونکہ لفظ کل کا مضاف الیہ اگر جزئی ہے تو قضیہ شخصیہ ہے جیسے کل زید حسن (مجموعہ اجزائے زید حسین ہے) پس بیشک زید کے اجزاء کا مجموعہ بھی تو زید ہی ہے (جو کہ جزئی حقیقی ہے) اور اگر اس کا مضاف الیہ کلی ہو تو وہ قضیہ مہملہ ہے کیونکہ (ہمارے قول کل انسان لایسعہ ہذہ الدار میں) بیشک انسانوں کا مجموعہ بایں حیثیت کہ اس سے کوئی بھی باہر نہ ہو اگرچہ (خارج میں) ایک ہی شخص میں بند ہے لیکن یہ مجموعہ کمی اور زیادتی کا احتمال رکھتا ہے پس عقل کے ہاں اس میں تعدد کا احتمال ہے اور یہی کلیت کی مدار ہے (اور کمیت افراد کا بیان نہ کیا جانا اس کے مہملہ ہونے کی مدار ہے)۔ الغرض کسی منطقی نے قطعاً یہ نہیں کہا کہ کل مجموعی پر مشتمل قضیہ، محصورہ بھی ہو سکتا ہے کلیہ ہو یا جزئیہ اور نہ ہی کسی نے بعض مجموعی پر مشتمل قضیے کے متعلق محصورہ ہونے کا قول کیا ہے۔

پس ثابت ہوا کہ حق چار یار کا قضیہ محصورہ ہونا اس بات پر موقوف ہے کہ اس میں اسم عدد "چار" سور قضیہ ہو اور اسم عدد چار کا سور قضیہ ہونا اس بات پر موقوف ہے کہ اسمائے اعداد کل یا بعض افرادی کے معنی پر مشتمل ہوں اگر ان کا کل یا بعض افرادی کے معنی میں ہونا ثابت نہ ہو سکا تو یہ ہرگز سور قضیہ نہیں ہو سکتے۔ حالانکہ تحقیق یہ ہے کہ اسمائے اعداد کل یا بعض افرادی کے معنی میں ہوتے ہی نہیں بلکہ مجموعہ کے معنی میں ہوتے ہیں اور کل یا بعض مجموعی پر مشتمل قضیہ قطعاً محصورہ نہیں ہوتا جیسا کہ بالتفصیل گزر چکا ہے یہی وجہ ہے کہ جمہور مناطقہ نے اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار نہیں کیا صرف علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے

Marfat.com

انہیں اسوار قضیہ میں ذکر کیا ہے مگر محققین نے ان کی اس بات کو قبول نہیں کیا اور اس کی
سخت تردید کی ہے کیونکہ خود علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی یہ بات تسلیم ہے کہ قضیہ محصورہ
موجبہ کلیہ کا سور کل افرادی ہوتا ہے کل مجموعی نہیں ہوتا چنانچہ سعدیہ شرح شمسیہ میں
جہاں لفظ اثنین اور ثلاثہ کو اسوار قضیہ میں شمار کیا ہے اسی میں ایک سطر قبل اس بات کی
صراحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"وسور الموجبة الكلية لفظ كل الافرادى لا المجموعى"۔[1]

موجبہ کلیہ کا سور لفظ کل افرادی ہے کل مجموعی نہیں۔

اور یہی حکم بعض کا ہے کہ بعض افرادی ہی موجبہ جزئیہ کا سور ہو سکتا ہے مجموعی نہیں ہو سکتا
تو انہوں نے انہیں یعنی اسمائے اعداد کو بمعنی افرادی سمجھتے ہوئے اسوار قضیہ میں شمار کیا ہے
مگر چونکہ عند التحقیق اسمائے اعداد کا بمعنی افرادی ہونا ثابت نہیں ہو سکا اس لئے محققین نے
ان کی اس بات کا رد کر دیا ہے حتی کہ خود حمد اللہ (جس کا حوالہ معترض نے دیا ہے) کے
نزدیک بھی اسمائے اعداد کا اسوار قضیہ میں سے ہونا یقینی طور پر ثابت نہیں ہے بلکہ یہ امر
محل تامل ہے اور ایک کمزور موقف ہے یہ بات حمد اللہ کی عبارت سے بالکل واضح ہے اور
شارحین حمد اللہ نے تو اعداد کے اسوار قضیہ میں سے ہونے کا قول رد ہی کیا ہے چنانچہ ہم
حمد اللہ کی اصل عبارت ذکر کرتے ہیں پھر اس کی اغراض کی تقریر کرتے ہیں تاکہ اس
مسئلہ میں حمد اللہ کا موقف پوری طرح واضح ہو جائے اور اس کے ساتھ ساتھ معترض کی
جہالت اور دجل و فریب کی بھی اچھی قلعی کھل جائے۔

---

(1) سعدیہ شرح شمسیہ ص ۳۱

Marfat.com

## حمد اللہ کی اصل عبارت:

''قوله وسورہا كل ولام الاستغراق وقد عد ايضا نحو الاثنين والثلثة من الاسوار قال بعض الاذكياء وفيه نظر لان المعتبر فی المحصورات الكل والبعض الافراديان دون المجموعيين على ماصرحوا به ولو كان الامر كما ذكره لكان قولنا سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر منافيا لقولنا كل رجل منهم ليس حاملا لهذا الحجر مع انه ليس منافيا له انت تعلم انه لايبعدان يقال ان الكل والبعض كما انهما يستعملان تارة فی معنى المجموعی وتارة فی معنى الافرادی وبهذا المعنى يعدان من السور كذالك الاعداد فانها تستعمل باستعمالين ايضا فانها قد تستعمل بمعنى المجموع من حيث المجموع كما فی ہذا المثال وقد تستعمل بمعنى الكل الافرادی ايضا كما فی قوله جائنی سبعون رجلا فانه بمعنى جاء نی كل واحد واحد من السبعين وعدہا من السور اذا استعمل بهذا الاستعمال فتامل''۔[1]

## حمد اللہ کی عبارت کے اغراض:

حمد اللہ کی عبارت ''وقد عد ايضا نحو الاثنين والثلثة من الاسوار''(مثل دو اور تین کو بھی اسوار قضیہ میں شمار کیا گیا ہے) کا مطلب حمد اللہ کے بین السطور یوں مرقوم ہے کہ ''ان اسماء العدد عدت من الاسوار''یعنی اسمائے عدد اسوار قضیہ میں شمار کئے گئے ہیں اور حمد اللہ کی اس عبارت سے غرض سلم العلوم میں علامہ محب اللہ بہاری رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول ''وسورہا کل ولام الاستغراق'' (موجبہ کلیہ کا سور کل اور الف لام

(1) حمد الله شرح سلم العلوم ص ۳۰

Marfat.com

استغراقی ہے) پر اعتراض کرنا ہے۔ اعتراض کا حاصل یہ ہے کہ صاحب سلم کی عبارت اسوار قضیہ کے بیان میں ناقص ہے کیونکہ اس نے اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں ذکر نہیں کیا حالانکہ یہ بھی اسوار قضیہ میں شمار کئے گئے ہیں۔ شروح حمد اللہ مثلاً مصباح الدجی شرح حمد اللہ، ازالۃ الخفاء شرح حمد اللہ، فتح اللہ شرح حمد اللہ اور رفع الغواشی شرح حمد اللہ میں حمد اللہ کی اس عبارت کی یہی غرض بیان کی گئی ہے، پھر شارحین حمد اللہ کا اس بات میں اختلاف ہے کہ جن کے نزدیک اسمائے اعداد اسوار قضیہ میں سے ہیں آیا یہ موجبہ کلیہ کے سور ہیں یا موجبہ جزئیہ کا؟ فاضل علامہ عماد الدین البکنی نے حمد اللہ پر اپنے حاشیہ میں اسمائے اعداد کو موجبہ جزئیہ کا سور قرار دیتے ہوئے کہا ہے:

"وقولہ سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر موجبة جزئية على مذهبه"۔ (1)

حمد اللہ کا قول سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر (ستر مرد اس پتھر کو اٹھانے والے ہیں) اس کے مذہب کے مطابق موجبہ جزئیہ ہے۔

اور رفع الاشتباہ شرح حمد اللہ، فتح اللہ شرح حمد اللہ، رفع الغواشی شرح حمد اللہ اور ازالۃ الخفاء شرح حمد اللہ میں بھی اسی کو اختیار کیا گیا ہے چنانچہ رفع الاشتباہ میں ہے:

"قولہ وقد عد ايضا نحو الاثنين الخ اى عدد اسماء العدد من اسوار الجزئية كما قال الفاضل العماد"۔ (2)

حمد اللہ کے قول وقد عد نحو الاثنین الخ کا مطلب یہ ہے کہ اسمائے اعداد کو اسوار جزئیہ میں شمار کیا گیا ہے جیسا کہ فاضل عماد نے کہا ہے۔

---

(1) حمد اللہ ص ۳۷ حاشیہ نمبر ۱۶
(2) رفع الاشتباہ شرح حمد اللہ ص ۵۲

Marfat.com

فتح اللہ شرح حمد اللہ میں ہے:

"قوله قد عد نحو الاثنين الخ اى قد عد بعض الفضلاء سائر اسماء الاعداد من اسوار الموجبة الجزئية لانها تدل على بعض افراد الموضوع كلفظ بعض وواحد كقولنا ثلثة رجال ضاربون فان الرجال تحتها افراد وهى ثلثة واربعة وغيره ذالک فالثلثة من بعض الافراد فكان كلام المصنف فى بيان اسوار الموجبة الجزئية قاصرا لبقاء هذا القسم عنها ويمكن دفعه بان المصنف فى صدر بيان الاسوار التى هى مما اتفق العلماء عليها واسماء الاعداد مما اختلفوا فى عدها من الاسوار"۔ (1)

حمد اللہ کے قول قد عد نحو الاثنین الخ سے مراد یہ ہے کہ بعض فضلاء نے تمام اسمائے اعداد کو موجبہ جزئیہ کے اسوار میں شمار کیا ہے کیونکہ یہ موضوع کے بعض افراد پر دلالت کرتے ہیں جیسے لفظ بعض اور واحد ہے جس طرح کہ ہمارا قول ثلثة الرجال ضاربون (مارنے کا ثبوت ہے مردوں میں سے تین کیلئے) پس بیشک الرجال کے تحت کئی افراد ہیں جیسے تین چار وغیر ذالک پس ثلثة (تین) مردوں کے افراد میں سے بعض ہوئے پس صاحب سلم کا کلام موجبہ جزئیہ کے اسوار کے بیان میں ناقص ہے کیونکہ ان اسوار کی یہ قسم ان میں بیان نہیں ہوئی اور اس اعتراض کا جواب یوں بھی ممکن ہے کہ مصنف علیہ الرحمۃ فقط انہیں اسوار کے بیان کے درپے ہیں جن کے سور قضیہ ہونے پر تمام علماء کا اتفاق ہے اور اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار کرنے میں علماء کا اختلاف ہے۔

رفع الغواشی شرح حمد اللہ میں ہے:

"فاسماء الاعداد لو كانت اسوارا فانها تكون من اسوار

(1) فتح اللہ شرح حمد اللہ ص ۱۱۱

Marfat.com

الجزئية الایجابية او السلبية"۔[1]

اسمائے اعداد کا اگر اسوار قضیہ میں سے ہونا ثابت ہو جائے تو وہ موجبہ جزئیہ یا سالبہ جزئیہ کے اسوار میں سے ہوں گے۔

ازالۃ الخفاء شرح حمد اللہ میں ہے:

"وقد عد ایضا نحو الاثنین الخ ہذا اعتراض علی المصنف بان فی عبارته قصورا لان من اسوار الموجبة الجزئية اسماء العدد وكلام المصنف غير شامل لها فكان فی کلامه وبيانه قصور"۔[2]

یعنی حمد اللہ کا قول قد عد نحو الاثنین الخ مصنف پر اعتراض ہے کہ مصنف کی عبارت میں کوتاہی ہے کیونکہ موجبہ جزئیہ کے اسوار میں سے اسمائے اعداد بھی ہیں مصنف کی کلام انہیں شامل نہیں ہے پس مصنف کی کلام اور اس کے بیان میں نقص ہے اور ان کے علاوہ حمد اللہ کے دیگر شارحین مثلا استاذ زمن علامہ احمد حسن کانپوری رحمۃ اللہ علیہ مفتی عبد اللہ ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے اسماء اعداد کو موجبہ کلیہ کے سور شمار کیا ہے اور لوگوں نے ان کو موجبہ جزئیہ کا سور کہا تھا انہوں نے انکار کیا ہے چنانچہ علامہ احمد حسن کانپوری رحمۃ اللہ علیہ حمد اللہ پر اپنی تعلیقات میں حمد اللہ کے اس قول "وقد تستعمل بمعنى الكل الافرادی ایضا كما فی قوله جاء نی سبعون رجلا فانه بمعنى جاء نی کل واحد واحد من السبعین" سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ہذا صريح فی ان من جعل اسماء العدد من الاسوار انما

---

(1) رفع الغواشی شرح حمد اللہ ص ۱۰۵
(2) ازالۃ الخفاء شرح حمد اللہ ص ۲۱۳

Marfat.com

جعل من اسوار الكلية كما يدل تعرضه فی شرح اسوار الكلية فما قال مولنا العماد من انها من اسوار الموجبة الجزئية على مذهبه ليس عليه الاعتماد "۔[1]

حمد اللہ کا یہ (مذکورہ بالا) قول اس امر کے بیان میں صریح ہے کہ جس نے اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار کیا ہے اس نے انہیں محصورہ کلیہ کے اسوار میں شمار کیا ہے حمد اللہ کا اسوار کلیہ کی شرح میں اسماء اعداد سے تعرض پکڑنا خود اسی امر پر دلالت کرتا ہے پس جو کچھ مولانا عماد الدین اللکنی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اسمائے اعداد اس کے مذہب پر موجبہ جزئیہ کے اسوار میں سے ہیں یہ کوئی قابل اعتماد بات نہیں ہے۔

اسی طرح مفتی عبد اللہ ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ نے حمد اللہ پر اپنی تعلیقات میں فرمایا ہے:

"ان الاعداد انما ہی اسوار الموجبة الكلية وہو الظاہر من ذكر الشارح العلام اياہا تحت سور الموجبة الكلية "۔[2]

بیشک (اسمائے) اعداد موجبہ کلیہ ہی کے اسوار ہیں اور یہ بات شارح علام کے ان کو موجبہ کلیہ کے سور (کے بیان) کے تحت ذکر کرنے سے ظاہر ہے۔

پھر صاحب رفع الاشتباہ نے علامہ احمد حسن کانپوری رحمۃ اللہ علیہ کے دلائل کا جواب دیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ اسمائے اعداد موجبہ جزئیہ ہی کے سور ہوتے ہیں موجبہ کلیہ کے سور نہیں ہوتے۔ (والتفصيل فی رفع الاشتباه فرجع اليه)۔

---

(1) تعلیقات علامہ احمد حسن علی حمد اللہ ص ۵۵
(2) تعلیقات مفتی عبد اللہ ٹونکی علی حمد اللہ ص ۴۵

Marfat.com

اور ''قال بعض الاذکیاء وفیه نظر ــ الی قوله لیس منافیا له'' سے ح
اللہ کی غرض بعض الاذکیاء کے قول سے مذکورہ اعتراض کا جواب دینا ہے اور ساتھ ا
بات کارد کرنا ہے کہ اعداد بھی سور قضیہ ہوتے ہیں۔ بعض الاذکیاء سے بعض شارحین ح
اللہ نے محقق میر زاہد ہروی رحمۃ اللہ علیہ مراد لئے ہیں۔

جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ اسمائے اعداد اسوار قضیہ میں سے نہیں ہو سکتے کیونکہ اسوار قضیہ
میں جو کل اور بعض معتبر ہیں وہ کل اور بعض افرادی ہوتے ہیں مجموعی نہیں ہوتے مناطقہ
نے اپنی کتب میں اس بات کی صراحت کی ہے (ہم اس مسئلہ میں ان کی تصریحات
بالتفصیل پہلے نقل کر چکے ہیں) جبکہ اسمائے اعداد کل یا بعض مجموعی کا معنی دیتے ہیں کل
بعض افرادی کے معنی میں استعمال نہیں ہوتے کیونکہ اگر ان کا استعمال کل یا بعض افراد
کے معنی میں ہوتا تو ان دو قضیوں یعنی ''سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر'' (ستر
مرد اس پتھر کو اٹھانے والے ہیں) اور ''کل رجل منهم لیس حاملا لهذا الحجر''
(ہر ایک مرد ان ستر میں سے اس پتھر کو اٹھانے والا نہیں ہے) کے درمیان ضرور منافات
ہوتی حالانکہ ان میں منافات نہیں ہے منافات اس لئے ضروری تھی کہ قضیہ اول یعنی
''سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر'' میں اسم عدد ''سبعون'' کو جب سور قضیہ شمار
کیا جائے گا تو یہ علی اختلاف القولین کل یا بعض افرادی کے معنی میں ہوگا پس اس وقت یہ
قضیہ محصلہ موجبہ کلیہ یا موجبہ جزئیہ ہوگا جبکہ دوسرا قضیہ یعنی ''کل رجل منهم لیس
حاملا لهذا الحجر'' موجبہ کلیہ معدولۃ المحمول ہے اور موجبہ کلیہ محصلہ یا موجبہ جزئیہ
محصلہ اور موجبہ کلیہ معدولۃ المحمول میں تناقض نہیں ہو سکتا کیونکہ دونوں قضیے (موجبہ کلیہ
محصلہ یا موجبہ جزئیہ محصلہ اور موجبہ کلیہ معدولۃ المحمول) موجبے ہیں اور تناقض کیلئے ایجاب
وسلب میں اختلاف ضروری ہے لیکن ان میں منافات ضرور ہوگی کیونکہ اسم عدد
''سبعون'' کو سور قضیہ قرار دینے کی صورت میں قضیہ اول یعنی ''سبعون رجلا
حاملون لهذا الحجر'' کا معنی یہ ہوگا کہ ''ستر مردوں میں سے ہر ایک مرد کیلئے اس پتھر

Marfat.com

کے اٹھانے کا ثبوت ہے" اور قضیہ ثانی یعنی "کل رجل منهم ليس حاملا لهذا الحجر" کا معنی یہ ہوگا کہ ستر مردوں میں سے ہر ایک مرد کیلئے اس پتھر کے نہ اٹھانے کا ثبوت ہے۔ اور اٹھانے کے ثبوت اور نہ اٹھانے کے ثبوت میں منافات ظاہر ہے۔ حالانکہ ان دونوں قضیوں میں منافات نہیں ہے کیونکہ اگر کوئی ایسا پتھر ہو کہ جسے ستر آدمی اکٹھے مل کر تو اٹھا سکتے ہوں لیکن ان میں سے ہر ایک اکیلا اکیلا نہ اٹھا سکتا ہو تو ایسے پتھر کے متعلق اگر یہ کہا جائے کہ "سعبون رجلا حاملون لهذا الحجر" (ستر مرد اس پتھر کو اٹھانے والے ہیں) "وكل رجل منهم ليس حاملا لهذاالحجر" (اور ہر ایک مرد ان ستر میں سے اس پتھر کو اٹھانے والا نہیں ہے) تو ان دونوں قضیوں میں قطعا منافات نہ ہوگی بلکہ یہاں دونوں صادق ہونگے اور ان دونوں کا صدق اس بناء پر ہے کہ قضیہ اول میں سبعون رجلا سے اکٹھے ستر مرد مجموع من حیث المجموع مراد لئے گئے ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ کل یا بعض مجموعی کا معنی ہے جس سے ثابت ہوا کہ اسمائے اعداد اسوار قضیہ میں سے نہیں ہوتے اگر یہ اسوار قضیہ میں سے ہوتے تو مثال مذکور میں لفظ سبعون ہرگز کل یا بعض مجموعی کے معنی میں استعمال نہ ہوتا بلکہ افرادی کے معنی میں استعمال ہوتا۔

اور انت تعلم انه لايبعد الخ سے حمد اللہ کی غرض اپنی طرف سے بعض الاذکیاء کے مذکورہ جواب کو رد کرنا ہے اور اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں سے شمار کرنیوالوں کی تائید کرنا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ یہ بات کچھ بعید نہیں کہ جس طرح کل اور بعض کا استعمال دونوں طرح ہوتا ہے بمعنی افرادی بھی اور بمعنی مجموعی بھی اور بمعنی افرادی استعمال ہونے کی صورت میں سور قضیہ ہوتے ہیں اور بمعنی مجموعی استعمال ہونے کی صورت میں سور قضیہ نہیں ہوتے اسی طرح اسماء اعداد کا استعمال بھی دونوں طرح ہو سکتا ہے یعنی کبھی بمعنی مجموع من حیث المجموع استعمال ہوتے ہیں جیسا کہ مثال سابق یعنی "سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر" میں ہے اور کبھی کل افرادی کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں جیسے اس قول "جاء نی سبعون رجلا" (آئے میرے پاس ستر مرد) میں ہے کیونکہ یہ "جاء نی

Marfat.com

کل واحد واحد من السبعین" (میرے پاس آنے کا ثبوت ستر مردوں میں سے ہ
ایک ایک مرد کیلئے ہے) کے معنی میں ہے اور اسمائے اعداد کا اسوار قضیہ میں شمار کیا جانا ان
کے اس بمعنی افرادی استعمال کے لحاظ سے ہے۔

اور آخر میں فتامل سے اس دلیل کی کمزوری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس میں دعوت
تامل دی ہے کہ یہ دلیل قابل اعتراض ہے لہذا اسمائے اعداد کے سور قضیہ ہونے کا دعوی
باطل ہو جائے گا۔ استاذ زمن علامہ احمد حسن کانپوری رحمۃ اللہ علیہ نے حمد اللہ پر اپنے حاشیہ میں
حمد اللہ کے قول فتامل کی یہی غرض بیان کی ہے چنانچہ فرماتے ہیں:

"قوله فتامل لعله اشارة الى ان هذا الرد ليس بشىء لان العدد على المشهور هو مجموع الوحدات والهيءة الوحدانية وعلى تحقيق بعض الاذكياء هو الوحدات المعروضة الوحدة واما الكثرة المحضة او كل واحد واحد من الوحدات فلاكما نص عليه السيد الزاهد فكيف يكون العدد بمعنى الكل الافرادى الذى هو بمعنى كل واحد واحد فعلم ان لفظ سبعين فى هذا المثال بمعنى الكل المجموعى غاية ما فى الباب ان مجىء المجموع انما يتصور بمجىء كل واحد واحد فمجىء كل واحد لازم لمجىء المجموع فهو مدلول التزامى وهو لايكون مستعملا فيه بل مفهوما تبعا وبالعرض دون قصد وبالذات"۔ (1)

امید ہے کہ حمد اللہ کا قول فتامل اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ (یہ جو اس نے اسمائے اعداد کو سور قضیہ ثابت کرنے کے لئے "انت تعلم الخ" سے بعض الاذکیاء کی کلام کا رد کیا ہے) اس کا یہ رد لاشیء محض ہے

(1) التعليقات على حمد الله ملخصا لملا احمد حسن كانپورى ص ۵۵

Marfat.com

کیونکہ عدد قول مشہور کی بناء پر وحدات اور ہیئت وحدانیہ دونوں کے مجموعے کا نام ہے اور بعض اذکیاء کی تحقیق کے مطابق عدد ایسی وحدات سے عبارت ہے جو ہیئت وحدانیہ کی معروضہ ہوں اور ہیئت وحدانیہ انہیں عارض ہو فقط "کثرت محضہ" یا فقط "وحدات میں سے ہر ایک ایک" کا نام عدد نہیں جیسا کہ میر زاہد ہروی رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر نص فرمائی ہے پس عدد کل افرادی کے معنی میں کیونکر ہو سکتا ہے۔ جو کہ فقط ہر ایک ایک کے معنی میں ہوتا ہے پس معلوم ہوا کہ اس مثال (جاء نی سبعون رجلا) میں لفظ "سبعون" کل مجموعی کے معنی میں ہے غایۃ ما فی الباب یہ کہ مجموع کا آنا ہر ایک ایک کے آنے کے ساتھ متصور ہوتا ہے پس ہر ایک کا آنا مجموع کے آنے کو لازم ہے پس وہ مدلول التزامی ہوا اور لفظ سبعون اس (کل افرادی) میں مستعمل نہیں ہے بلکہ وہ تبعا اور بالعرض مفہوم ہو رہا ہے نہ کہ قصدا اور بالذات۔

اسی طرح دوسرے شارحین حمد اللہ نے بھی حمد اللہ کی اس دلیل کو قابل اعتراض قرار دیتے ہوئے اس کا رد کیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ اسمائے اعداد کا اسوار قضیہ میں سے ہونا قطعا درست نہیں ہے چنانچہ مجاہد تحریک آزادی بطل حریت المعلم الرابع فی العلوم العقلیہ علامہ فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے لخت جگر شمس العلماء خاتم المحققین فی العلوم العقلیہ علامہ عبد الحق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مایہ ناز شرح حمد اللہ میں فرماتے ہیں:

"واورد علیه بعض الاعلام بما محصله ان القول باستعمال الاعداد تارة للمجموع وتارة لكل واحد واحد كلفظ الكل مخالف للعرف واللغة وبيانه ان العدد عبارة عن الكثرة مع الهيئة الصورية او عنها من حيث انها معروضة للهيئة الصورية وعلى كلا التقديرين يكون العدد عبارة عن المجموع فلا معنى لاستعمالها بمعنى الكل الافرادى وما يقال قولنا جاء نى سبعون رجلا بمعنى

Marfat.com

جاء نی کل واحد واحد من السبعین فهو فی ہذا المثال بمعنی الکل الافرادی ففیه انه لیس سبعون فی ہذا المثال بمعنی الکل الافرادی بل الکل الافرادی والمجموع قد یختلفان فی الحکم کما فی قولنا سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر وقد یتحدان فیه کما فی ہذاالمثال فان ثبوت المجئی للمجموع انما ہو من جهة ثبوته لکل واحد واحد فهما متلازمان صدقا فی ہذا المثال لا ان لفظ سبعون فی ہذ االمثال لیس بمعنی الکل المجموعی"۔[1]

بعض علام نے حمد اللہ کی اس (مذکورہ) دلیل پر اعتراض کیا ہے اور اس کا رد کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ (اسمائے) اعداد کے لفظ کل کی طرح کبھی مجموع کے معنی میں استعمال ہونے اور کبھی "ہر ایک ایک" کے معنی میں استعمال ہونے کا قول عرف اور لغت دونوں کے خلاف ہے کیونکہ عدد یاتو "ہیئت صوریہ سمیت کثرت" کا نام ہے اور یا یہ نام ہے کثرت کا اس حیثیت سے کہ وہ ہیئت صوریہ کی معروضہ ہے (اور ہیئت صوریہ اس کثرت کو عارض ہے) پس دونوں طریق پر عدد مجموع سے عبارت ہوگا پس اس کے کل افرادی کے معنی میں استعمال ہونے کا کوئی معنی نہیں ہے اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ ہمارا قول "جآءنی سبعون رجلا" (آئے میرے پاس ستر مرد) یہ "جآءنی کل واحد واحد من السبعین" (میرے پاس آنے کا ثبوت ہے ستر مردوں میں سے ہر ایک مرد کیلئے) کے معنی میں ہے پس "سبعون" اس مثال (جآءنی سبعون رجلا) میں کل افرادی کے معنی میں ہے تو اس کا رد یہ ہے کہ سبعون اس مثال میں کل افرادی کے معنی میں نہیں ہے بلکہ کل افرادی

(1) شرح عبد الحق خیر آبادی علی حمد اللہ ص ۸۳

Marfat.com

اور مجموع (من حیث المجموع) کبھی تو حکم میں مختلف ہوتے ہیں جیسے ہمارے قول سبعون رجلا حاملون لھذا الحجر (ستر مرد اس پتھر کو اٹھانے والے ہیں) میں ہے اور کبھی حکم میں متحد ہوتے ہیں جیسے اس مثال (جاء نی سبعون رجلا) میں ہے کیونکہ ستر کے مجموعے کیلئے آنے کا ثبوت یہ ان میں سے ہر ایک کیلئے آنے کے ثبوت کی جہت سے ہے پس وہ دونوں اس مثال میں صدقاً متلازم ہیں نہ یہ کہ لفظ سبعون اس مثال میں کل مجموعی کے معنی میں ہی نہیں ہے۔

اس کے علاوہ دیگر شروح حمد اللہ مثلاً مصباح الدجی شرح حمد اللہ ص۸۹، فتح اللہ شرح حمد اللہ ص ۱۱۲، حاشیہ اسد اللہ علی حمد اللہ ص ۳۷ اور حاشیہ مفتی عبد اللہ ٹونکی علی حمد اللہ ص۴۶ پر بھی اسمائے اعداد کے سور قضیہ ہونے پر حمد اللہ کی مذکورہ دلیل کا رد موجود ہے اور اکثر شارحین حمد اللہ کا موقف یہی ہے کہ حمد اللہ نے اپنے قول فتامل سے خود اپنی اس دلیل کے مردود ہونے کی طرف ہی اشارہ کیا ہے۔

علاوہ ازیں علامہ عبد الحق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مرقات میں بھی اس بحث کا ذکر کیا ہے اور وہاں بھی اس دلیل کا رد کیا ہے چنانچہ فرماتے ہیں:

''وقال بعضهم ان اسماء العدد نحو الاثنين والثلثة ايضا من الاسوار واعترض عليه بعض المدققين بان المعتبر فى المحصورات الكل والبعض الافراديان دون المجموعيين ولو كان الامر كما ذكر لكان قولنا سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر منافيا لقولنا كل رجل منهم ليس حاملا لهذا الحجر مع انه ليس منافيا له واجيب عنه بان الكل والبعض كما انهما يستعملان تارة بمعنى المجموعى وتارة بمعنى الافرادى كذالك الاعداد فانها تستعمل استعمالين ايضا فقد تستعمل بمعنى المجموع من حيث هو كذالك وقد تستعمل بمعنى

Marfat.com

الکل الافرادی وعدوہ من السور اذا استعمل بہذا الاستعمال وفیہ نظر اذا العدد عبارۃ عن الکثرۃ مع الھیاۃ الصوریۃ او عنہا من حیث انہا معروضۃ للہیایۃ الصوریۃ وعلی التقدیرین یکون العدد عبارۃ عن المجموع فلا معنی لاستعمالہا بمعنی الکل الافرادی فان قلت قولنا جاء نی سبعون رجلا بمعنی جاء نی کل واحد واحد من السبعین فہو فی ہذا المثال بمعنی الکل الافرادی قلت لیس لفظ سبعون فی ہذا المثال بمعنی الکل الافرادی لا المجموعی بل الکل الافرادی والمجموعی قد یختلفان فی الحکم کما فی قولنا سبعون رجلا حاملون لہذا الحجر وقد یتحدان فیہ کما فی ہذا المثال فان ثبوت المجئ للمجموع انما ہو من جہۃ ثبوتہ لکل واحد واحد فہما متلازمان صدقا فی ہذا المثال لا ان لفظ سبعون فی ہذا المثال لیس بمعنی الکل المجموعی "۔ (1)

بعض مناطقہ نے کہا ہے کہ اسمائے اعداد مثلا دو اور تین بھی اسوار قضیہ میں سے ہیں بعض مدققین نے ان پر اعتراض کیا کہ محصورات میں معتبر کل اور بعض افرادی ہوتے ہیں مجموعی نہیں ہوتے اور اگر یہ امر ایسے ہی ہو جیسے ذکر کیا گیا ہے تو ہمارا قول "سبعون رجلا حاملون لہذا الحجر" (ستر مردوں کیلئے اس پتھر کے اٹھانے کا ثبوت ہے) ہمارے اس قول "کل رجل منہم لیس حاملا لہذا الحجر" ان ستر مردوں میں سے ہر ایک مرد کیلئے اس پتھر کے نہ اٹھانے کا ثبوت ہے) کے منافی ہوگا حالانکہ منافی نہیں ہے اور اس اعتراض کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ کل اور بعض جس طرح کبھی بمعنی مجموعی استعمال ہوتے ہیں اور کبھی بمعنی افرادی اسی طرح اعداد بھی دو طرح استعمال ہوتے ہیں کبھی

(۱) شرح شمس العلماء علی المرقات ص ۱۱۹

Marfat.com

بمعنی مجموع من حیث المجموع استعمال ہوتے ہیں اور کبھی بمعنی کل افرادی اور ان کا انہیں اسوار قضیہ میں سے شمار کرنا اس وقت ہے جبکہ یہ اس (دوسرے) استعمال کے ساتھ مستعمل ہوں مگر یہ جواب محل نظر ہے کیونکہ عدد عبارت ہے "کثرت مع ہیئت صوریہ" سے یا "کثرت اس حیثیت سے کہ وہ ہیئت صوریہ کی معروض ہے" اس سے اور ان ہر دو تقدیر پر عدد مجموع سے عبارت ہوا پس اس کے کل افرادی کے معنی میں استعمال ہونے کا کوئی مطلب نہ ہوا پس اگر تم یہ کہو کہ ہمارا قول جاء نی سبعون رجلا (آئے میرے پاس ستر مرد) یہ جاء نی کل واحد واحد من السبعین کے معنی میں ہے اور وہ (سبعون) اس مثال میں کل افرادی کے معنی میں ہے تو میں اس کے جواب میں یہ کہوں گا کہ لفظ سبعون اس مثال میں کل افرادی کے معنی میں ہو مجموعی کے معنی میں نہ ایسی بات نہیں ہے بلکہ کل افرادی اور کل مجموعی کبھی حکم میں مختلف ہوتے ہیں جیسے ہمارے قول "سبعون رجلا حاملون لهذا الحجر" میں ہے اور کبھی حکم میں متحد ہوتے ہیں جیسے اس مثال (جاء نی سبعون رجلا) میں ہے کیونکہ مجموع کیلئے آنے کا ثبوت ان میں سے ہر ایک ایک کیلئے آنے کے ثبوت کی جہت سے ہے پس وہ دونوں اس مثال میں صدقا متلازم ہیں نہ یہ کہ لفظ سبعون اس مثال میں کل مجموعی کے معنی میں ہی نہیں رہا۔

علاوہ ازیں اسمائے اعداد کا کل یا بعض افرادی کے معنی میں استعمال ہونا اہل زبان کی طرف سے ان کے اس معنی میں استعمال ہونے کی روایت پر موقوف ہے حالانکہ اہل زبان نے ان کے اس استعمال کی کوئی روایت نہیں کی چنانچہ مفتی عبد اللہ ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ حمد اللہ پر اپنے حاشیہ میں حمد اللہ کے اس قول "فانها تستعمل باستعمالين" کے

Marfat.com

تحت فرماتے ہیں:

"اقول ہذا الاستعمال موقوف علی الروایۃ من اہل اللسان ولم توجد"۔[1]

میں کہتا ہوں یہ استعمال اہل زبان کی طرف سے روایت پر موقوف ہے جبکہ ایسی کوئی روایت موجود نہیں ہے۔

اسی طرح بحر العلوم علامہ عبد العلی فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ شرح سلم العلوم میں فرماتے ہیں:

"وقد عد اسماء العدد ایضا منہ وہذا انما یتم لو کانت افرادیۃ وہو فی حیز الخفاء عند اصحاب فن اللغۃ"۔[2]

بعض مناطقہ نے اسمائے اعداد کو بھی سوار قضیہ میں شمار کیا ہے مگر یہ بات تب تام ہو سکتی ہے جبکہ یہ افرادیہ ہوں حالانکہ ان کا افرادیہ ہونا فن لغت والوں کے ہاں محل خفاء میں ہے۔

پس مذکورہ بحث سے یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہو گئی کہ اسمائے اعداد کسی صورت میں سور قضیہ ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور معترض کا حمد اللہ کے حوالہ سے انکار اسوار قضیہ میں سے ہونا ثابت کرنا یہ محض اس کی جہالت اور دھوکہ بازی ہے اگر حمد اللہ کے فرمان فتامل پر عمل کرتے ہوئے اس میں ذرا تامل سے کام لیا جائے تو انکا سور قضیہ نہ ہونا خود حمد اللہ سے ہی ثابت ہو رہا ہے۔

(1) تعلیقات عبد اللہ ٹونکی علی حمد اللہ ص ۴۶
(2) بحر العلوم علی سلم العلوم ص ۱۴۳

Marfat.com

## الحاصل:

معرۂ تحقیق کے جواب "حق چار یار" پر معترض کا یہ اعتراض کہ حق چار یار قضیہ محصورہ ہے اور اس میں اسم عدد "چار" سور قضیہ ہے کیونکہ اسمائے اعداد بھی سور قضیہ ہوتے ہیں یہ بات حمد اللہ میں موجود ہے اور سور قضیہ کو واضع نے فقط اسی لئے وضع کیا ہے کہ جس کے شروع میں آئے اور جو چیز اس کے اندر محصور کرے غیر سے اس کی نفی کرے یعنی جب موضوع کے شروع میں آئے تو محمول کو موضوع میں بند کر دے اور غیر موضوع سے اس کی نفی کر دے اسے محصورہ کہنے کی یہی وجہ ہے کہ اس میں محمول کا موضوع میں حصر ہوتا ہے پس جب حق چار یار کہا جائے تو حق کا ان چار کے اندر حصر ثابت ہو جاتا ہے اور باقی صحابہ کرام سے حق کی نفی ہو جاتی ہے یہ قابل اعتراض بات ہے پس حق سب یار کہنا بمقابلہ حق چار یار کہنے کے زیادہ صحیح ہے متعدد وجوہ سے باطل و مردود اور معترض کی جہالت و بطالت اور دجل و فریب کا آئینہ دار ہے۔

**اولاً:** اس لئے کہ جمہور مناطقہ کے نزدیک قضیہ حق چار یار قطعاً محصورہ نہیں اور نہ ہی ان کے نزدیک اسمائے اعداد سور قضیہ ہو سکتے ہیں اور عند التحقیق یہی مذہب حق ہے کیونکہ اسمائے اعداد کل یا بعض افرادی کے معنی میں نہیں ہوتے بلکہ کل یا بعض مجموعی کے معنی میں ہوتے ہیں اور سور قضیہ وہ کل اور بعض ہوتے ہیں جو افرادی ہوں یا اسی طرح جو امر ان کے معنی پر مشتمل ہو جس کی تفصیل سابقا مذکور ہو چکی ہے لہذا جو امر کل یا بعض مجموعی کے معنی پر مشتمل ہو گا اس کا وہی حکم ہو گا جو خود کل اور بعض مجموعی کا ہے اور کل مجموعی پر مشتمل قضیے میں تین مذہب ہیں علامہ عبد الحکیم سیالکوٹی المعروف الفاضل اللاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ مطلقاً شخصیہ ہوتا ہے خواہ اس کا مدخول کلی ہو یا جزئی اور علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ مطلقاً مہملہ ہوتا ہے اور صاحب سلم العلوم اور دیگر محققین جن میں حمد اللہ بھی داخل ہے کے نزدیک اگر اس کا مدخول کلی

Marfat.com

ہو تو مہملہ ہوتا ہے اور اگر اس کا مدخول جزئی ہو تو شخصیہ ہوتا ہے اور بعض مجموعی پر مشتمل قضیہ بحر العلوم علامہ عبد العلی فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح کے مطابق بالاتفاق مہملہ ہوتا ہے پس اسمائے اعداد چونکہ جمہور کے نزدیک کل بعض مجموعی کے معنی میں ہوتے ہیں لہذا اگر کل مجموعی کے معنی میں ہوں تو ان پر مشتمل قضیہ کا وہی حکم ہوگا جو کل مجموعی پر مشتمل قضیہ کا ہے اور اگر بعض مجموعی کے معنی میں ہوئے تو بعض مجموعی پر مشتمل قضیہ والا حکم ہوگا پس اسمائے اعداد کے کل مجموعی کے معنی پر مشتمل ہونے کی تقدیر پر علامہ سیالکوٹی وغیرہ کے مذہب کے مطابق حق چار یار قضیہ شخصیہ ہوگا۔ اور علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ اگرچہ اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار کرتے ہیں اور ان پر مشتمل قضیہ کو محصورہ قرار دیتے ہیں لیکن عند التحقیق جب اسمائے اعداد کا بمعنی افرادی ہونا ثابت نہیں ہو سکا تو لا محالہ بمعنی مجموعی ہونگے اور کل مجموعی کے معنی میں ہونے کی صورت میں علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کے مطابق حق چار یار کا قضیہ مہملہ ہونا لازم آئے گا اور صاحب سلم، حمد اللہ اور دیگر محققین کے مذہب کے مطابق بھی اسمائے اعداد کے کل مجموعی کے معنی پر مشتمل ہونے کی صورت میں حق چار یار قضیہ مہملہ ہی ٹھہرا کیونکہ اس میں چار کا مدخول یار ایک کلی امر ہے اور اگر اسمائے اعداد کو بعض مجموعی کے معنی پر مشتمل مانا جائے تو اس صورت میں حق چار یار بالاتفاق قضیہ مہملہ ہوا پس معترض کا یہ دعویٰ کہ حق چار یار قضیہ محصورہ ہے جمہور کے مذہب کے مطابق قطعاً باطل و مردود ٹھہرا اور نہ ہی اس میں کسی قسم کا کوئی حصر ثابت ہو سکا۔

**ثانیاً:** اس لئے کہ معترض کا اسمائے اعداد کو حمد اللہ کے حوالہ سے سور قضیہ ثابت کر بھی باطل و مردود ہے بلکہ اس کے برعکس حمد اللہ کی عبارت سے تو اسماء اعداد کے سور قضیہ ہونے کا رد ثابت ہوتا ہے کاش کہ معترض نے حمد اللہ کے قول

Marfat.com

فتامل پر عمل کرتے ہوئے اس میں کچھ تامل کیا ہوتا حمد اللہ کی عبارت کی تقریر میں یہ بات بالتفصیل آچکی ہے۔

**ثالثاً:** اس لئے کہ شارحین حمد اللہ اور دیگر محققین نے اسمائے اعداد کے سور قضیہ ہونے کے قول کا دلائل کے ساتھ پر زور رد فرمایا ہے پس جب مناطقہ کے ہاں یہ قول مردود ہو چکا ہے تو ایک مردود قول سے استدلال کرنا بذات خود مردود ہے جو قطعاً اثبات دعویٰ کو مفید نہیں ہو سکتا محققین کی اس امر میں تصریحات اور ان کے دلائل سابقاً مذکور ہو چکے ہیں۔

**رابعاً:** اس لئے کہ معترض کا سور قضیہ کی وضع کی یہ علت بیان کرنا کہ سور قضیہ کو واضع نے وضع ہی اس لئے کیا ہے کہ جس (موضوع) کے شروع میں آئے اور جو چیز (محمول) اس میں محصور کرے غیر (موضوع) سے اس کی نفی کرے، معترض کی قواعد منطق سے جہالت کی بدترین مثال ہے ایسی بات کوئی مبتدی طالبعلم بھی منہ سے نہیں نکال سکتا۔ کیونکہ تمام علمائے منطق کا اس بات پر اتفاق ہے اور چھوٹی بڑی تقریباً تمام کتب منطق میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ سور قضیہ کو واضع نے افراد موضوع کی کمیت بیان کرنے اور ان کا کلاً یا بعضاً احاطہ کرنے کیلئے وضع کیا ہے نہ کہ محمول کو موضوع میں بند کرنے کیلئے جیسا کہ معترض نے یہ مسئلہ گھڑ رکھا ہے اس پر بھی منطق کی چھوٹی بڑی کتابوں کے متعدد حوالہ جات گذر چکے ہیں معترض کو چاہئے کہ کم از کم مجموعہ منطق ہی کسی استاد سے صحیح سمجھ کر پڑھ لے۔

**خامساً:** اس لئے کہ معترض کا قضیہ محصورہ کے محصورہ ہونے کی یہ وجہ تسمیہ بیان کرنا کہ محصورہ کو محصورہ اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں محمول کا موضوع میں حصر ہوتا ہے پس جب حق چار یار کہا جائے تو حق کا چار کے اندر حصر ہو جاتا ہے بھی

Marfat.com

معترض کی جہات اور دجل وفریب کا ایک شاہکار ہے کیا کسی منطق کی کتاب میں قضیہ محصورہ کی یہ وجہ تسمیہ لکھی ہوئی ہے؟ تمام کتب منطق میں تو اس کی یہ وجہ تسمیہ بیان کی گئی ہے کہ اسے محصورہ اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں افراد موضوع کا کلا یا بعضا حصر یعنی احاطہ پایا جاتا ہے اس پر ہم نے گذشتہ سطور میں متعدد کتب منطق کے حوالہ جات پیش کئے ہیں کیا معترض یہ جرات رکھتا ہے کہ جو اس نے من گھڑت ''سور قضیہ کی وضع کی غرض'' بیان کی ہے اور اسی طرح جو اس نے من گھڑت ''قضیہ محصورہ کی وجہ تسمیہ'' بیان کی ہے اس پر کسی ایک بھی منطق کی کتاب کا حوالہ پیش کر سکے یا خود ہی دلائل سے اس بات کو ثابت کر سکے۔

سادساً: اس لئے کہ اگر بقول معترض حق چار یار کو قضیہ محصورہ تسلیم کر بھی لیا جائے اگرچہ عند التحقیق یہ بات مردود ہے تو یہ اسمائے اعداد بمعنی افرادی تسلیم کرنے کی تقدیر پر ہوگا پس یہ علامہ عماد الدین اللبکنی وغیرہ کے مذہب کے مطابق ''بعض افرادی'' کے معنی میں ہوں گے اور موجبہ جزئیہ کا سور بنیں گے اور علامہ احمد حسن کانپوری اور مفتی عبد اللہ ٹونکی کے مذہب کے مطابق یہ ''کل افرادی'' کے معنی میں ہوں گے اور موجبہ کلیہ کا سور بنیں گے پس قضیہ حق چار یار علامہ عماد الدین اللبکنی کے مذہب کے مطابق موجبہ جزئیہ ہوگا اور علامہ احمد حسن کانپوری رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کے مطابق موجبہ کلیہ ہوگا پس خواہ موجبہ کلیہ ہو یا موجبہ جزئیہ ان میں سے کسی میں بھی محمول کا موضوع میں قطعاً حصر نہیں پایا جاتا بلکہ موجبہ کلیہ میں افراد موضوع کی کمیت کلا بیان کی جاتی ہے اور موجبہ جزئیہ میں افراد موضوع کی کمیت بعضا بیان کی جاتی ہے یعنی یہ بیان کیا جاتا ہے کہ محمول کا حکم کل افراد موضوع پر ہے یا بعض پر یہ مطلب ہرگز نہیں ہوتا کہ موجبہ کلیہ میں محمول کل افراد موضوع میں بند ہوتا ہے اور افراد موضوع کے غیر سے اس کی نفی ہوتی ہے یا موجبہ جزئیہ ہونے کی صورت میں محمول بعض

Marfat.com

افراد موضوع میں بند ہے اور باقیوں سے اس کی نفی ہے جیسا کہ معترض کا خیال باطل ہے پس حق چار یار کو قضیہ محصورہ تسلیم کر لینے کی صورت میں بھی اس کی یہ غرض فاسد ہرگز پوری نہیں ہوتی کہ اس میں حق کا ان چار یار کے اندر حصر لازم آتا ہے اور باقی صحابہ کرام سے حق کی نفی لازم آتی ہے۔

**سابعاً:** اس لئے کہ معترض نے نعرۂ تحقیق کے جواب میں حق "چار یار" کہنے کی بجائے "حق سب یار" کہنے کو زیادہ صحیح کہا ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ معترض کے نزدیک نعرۂ تحقیق کا جواب "حق چار یار" بھی صحیح ہے اور "حق سب یار" بھی لیکن حق سب یار زیادہ صحیح ہے جبکہ معترض کی سابقہ دلیل کی رو سے چونکہ معترض کے نزدیک "حق چار یار" کہنے سے حق کا چار یار میں حصر ہو جاتا ہے پس اس کے نزدیک اس قضیہ کا یہ معنی بنتا ہے کہ صرف یہی چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حق پر ہیں اور کوئی حق پر نہیں اور یہ بات قطعا درست نہیں مگر معترض اسے صحیح تسلیم کر رہا ہے تو اسے صحیح تسلیم کر کے گویا خود معترض نے اس بات کا اقرار کر لیا کہ صرف یہی چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حق پر اور کوئی حق پر نہیں (معاذ اللہ) پس معترض اس قضیہ کی رو سے جو الزام اہل سنت و جماعت پر لگانا چاہتا تھا وہ خود اپنے اوپر عائد کر لیا مگر اہل سنت و جماعت پر ہرگز یہ الزام عائد نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ حق چار یار میں حق کے چار یار کے اندر بایں معنی حصر کے قطعا قائل نہیں ہیں۔

لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

اور اگر معترض یہ کہے کہ میں نے قضیہ حق چار یار کو اسی معنی میں صحیح کہا ہے جس میں یہ اہل سنت و جماعت کے نزدیک صحیح ہے تو پھر تو اختلاف ہی ختم ہو جاتا ہے اب معترض کو اس شور و غوغے کا کیا فائدہ؟ اور نہ ہی اب اس کا یہ دعویٰ درست رہا کہ حق سب یار زیادہ صحیح ہے۔

Marfat.com

ثامناً: اس لئے کہ معترض نے نعرۂ تحقیق کے جواب میں جب حق چار یار کی بجائے حق سب یار کو اختیار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ زیادہ صحیح ہے تو اس میں چونکہ لفظ سب ہے اور یہ لفظ کل کا ترجمہ ہے پس اگر معترض اسے کل افرادی کے معنی میں لیتا ہے اور اس قضیہ کو محصورہ موجبہ کلیہ قرار دیتا ہے تو چونکہ معترض کے نزدیک سور قضیہ محمول کو موضوع میں بند کرنے کیلئے وضع کیا گیا ہے اور اس کے نزدیک قضیہ محصورہ میں محمول موضوع کے اندر محصور ہوتا ہے اور غیر موضوع سے اس کی نفی ہوتی ہے پس معترض کے اس من گھڑت اصول کے مطابق لازم آئے گا کہ حق سب یار کہنے کی صورت میں حق صرف اور صرف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں ہی بند ہو جائے اور ان کے علاوہ باقی تمام اہل حق مثلاً انبیاء کرام ؑ اور اولیاء عظام وائمہ دین وغیرہم رحمہم اللہ سے حق کی نفی ہو کیونکہ معترض کی مذکورہ دلیل کے پیش نظر حق سب یار کا یہی معنی بنتا ہے اور یہی حاصل نکلتا ہے کہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تو حق پر ہیں اور کوئی حق پر نہیں (معاذ اللہ) اور اگر معترض اپنے اختیار کردہ جواب حق سب یار میں لفظ سب کو کل مجموعی کے معنی میں لیتا ہے پس اگر معترض کا وہی عقیدہ ہے جو اہل سنت وجماعت کا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہر ایک ایک صحابی بالاستقلال حق پر ہے اور اس کے اظہار کیلئے یہ نعرہ لگانا چاہتا ہے تو یہ اس کے دعوے کو قطعاً مفید نہیں کیونکہ یہ معنی کل افرادی کی صورت میں حاصل ہوتا ہے نہ کہ کل مجموعی کی صورت میں۔ اور اگر اس کا یہ عقیدہ نہیں بلکہ اس کے برخلاف مجموع من حیث المجموع کی حقانیت کا قائل ہے اور بالاستقلال ہر ایک ایک صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق پر نہیں جانتا تو یہ سراسر اہل سنت وجماعت کے عقیدہ سے انحراف ہے مزید برآں حمد اللہ اور دیگر محققین کی تصریح کے مطابق مجموع من حیث

Marfat.com

المجموع میں جب عند العقل کمی وزیادتی کا احتمال ہونے کی وجہ سے تعدد ہے تو اس صورت میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے کسی بھی مجموعے کو لیکر حق سب یار کہا جا سکتا ہے خواہ وہ جمیع صحابہ کرام کا مجموعہ ہو یا بعض کا کیونکہ اس میں مجموعہائے صحابہ کی کمیت تو بیان ہی نہیں کی گئی اسی بناء پر تو علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے مطلقاً اور صاحب سلم اور دیگر محققین نے جب کل مجموعی کا مدخول کلی ہو تو اس پر مشتمل قضیہ کو مہملہ قرار دیا ہے پس اگر معترض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے کسی مخصوص مجموعے کو ذہن میں رکھ کر حق سب یار کہتا ہے تو یہ سراسر عقیدۂ رافضیت کا اظہار ہے علاوہ ازیں ایک اور خرابی یہ کہ کل مجموعی کی صورت میں جب حق سب یار محققین کے مذہب کے مطابق بھی اور علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کے مطابق بھی قضیہ مہملہ ہوا تو چونکہ قضیہ مہملہ اور محصورہ جزئیہ آپس میں متلازم ہیں کتب منطق مثلاً حاشیہ عبد الحکیم علی حاشیۃ المیر علی القطبی سلم العلوم حمد اللہ اور دیگر شروح سلم اور حمد اللہ کی شرح عبد الحق خیر آبادی اور ان کے علاوہ متعدد کتب منطق میں اس بات کی تفصیل موجود ہے پس قضیہ مہملہ، محصورہ جزئیہ کے حکم میں ہوا اور محصورہ کلیہ وجزئیہ میں چونکہ معترض کے نزدیک محمول کا موضوع میں حصر ہوتا ہے لہذا معترض کے اس اصول کے تحت لازم آئے گا کہ حق سب یار کہہ کر وہ صحابہ کرام کے جس مجموعے کیلئے حق ثابت کرتا ہے اس مجموعے کیلئے تو حق ثابت ہو اور اس کے علاوہ باقی تمام مجموعہائے صحابہ اور دیگر تمام اہل حق سے حق کی نفی ہو تو بھلا ایسے عقیدے کے کفر وضلالت ہونے میں بھی کسی کو شک ہو سکتا ہے۔ نعوذ باللہ من سوء الاعتقاد

Marfat.com

# قضیہ حق چار یار پر ایک اور اعتراض کا جواب

اعتراض: گذشتہ بحث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اگر اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار کر لیا جائے تو قضیہ ”حق چار یار“ میں دو مذہب ہیں:

۱۔ محصورہ موجبہ کلیہ

۲۔ محصورہ موجبہ جزئیہ

اور اگر اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار نہ کیا جائے تو پھر بھی دو مذہب ہیں۔

۱۔ قضیہ شخصیہ

۲۔ قضیہ مہملہ

پس اس قضیہ میں کل چار مذاہب ہوئے جبکہ ان چار میں سے جو مذہب بھی اختیار کیا جائے نعرۂ تحقیق کے جواب میں ”حق چار یار“ کہنا درست نہیں بنتا۔ کیونکہ اگر اسے محصورہ موجبہ کلیہ قرار دیا جائے تو ”حق“ کا حکم جن کل افراد موضوع پر ہے وہ یہی چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں اور اس قضیے کا مطلب یہ ہے کہ کل ان چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک ایک صحابی بالاستقلال حق پر ہے پس اس صورت میں ان چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیلئے تو بالاستقلال حق ثابت ہو گیا لیکن باقیوں کیلئے چونکہ حق ثابت نہیں کیا گیا لہٰذا ان سے حق کی نفی لازم آئی اور یہ بات درست نہیں ہے اور موجبہ جزئیہ ہونے کی صورت میں معنی یہ ہو گا کہ چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک صحابی بالاستقلال حق پر ہے جو کل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے بعض ہیں تو یہاں بھی بعض صحابہ کرام یعنی ان چار کیلئے ہی حق ثابت ہوا اور بقیوں سے اسی طرح حق کی نفی لازم آئی اور یہ بات بھی درست نہیں اور اگر اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار نہ کرتے ہوئے اسے قضیہ شخصیہ قرار دیا جائے تو اس صورت میں حکم

Marfat.com

جس شخص معین پر ہو گا وہ یہی چار خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کا مجموعہ ہے جو مجموع من حیث المجموع مراد ہیں پس اس صورت میں دو خرابیاں لازم آئیں اول یہ کہ ان چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک ایک کیلئے بالاستقلال حق ثابت نہ ہوا بلکہ مجموع من حیث المجموع کیلئے حق ثابت ہوا اور دوم یہ کہ جب باقی صحابہ کرام کیلئے حق ثابت نہیں کیا گیا تو ان سے بدستور حق کی نفی لازم آئی اور اگر یہ قضیہ مہملہ ہو تو اس صورت میں حکم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جس مجموعے پر ہو گا اس کا مصداق یہی چار خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم ہیں جو مجموع من حیث المجموع مراد ہیں لہذا اس صورت میں بھی مذکورہ دونوں اعتراض لازم آئے پس اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار کر کے اسے محصورہ قرار دینے کی صورت میں تو ایک خرابی تھی کہ باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی ہوتی تھی مگر تمہارے مختار کے مطابق جب اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار نہ کیا گیا اور حق چار یار کو قضیہ شخصیہ یا مہملہ قرار دیا گیا تو دونوں صورتوں میں دو دو خرابیاں لازم آئیں یعنی باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی بھی لازم آئی اور ان چار کیلئے بالاستقلال حق ثابت بھی نہ ہوا۔

## الجواب بتوفیق اللہ الوہاب:

قبل از جواب تمہیداً عرض ہے کہ بعض افراد کیلئے کسی حکم کا ثبوت باقیماندہ بعض سے اس حکم کی نفی پر دلالت نہیں کرتا جب تک کہ صراحۃً باقیماندہ بعض سے اس حکم کی نفی نہ کر دی جائے شمس العلماء علامہ عبدالحق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے حاشیہ حمد اللہ میں صاحب سلم کے اس قول "وسورہا بعض وواحد" (قضیہ موجبہ جزئیہ کا سور بعض اور واحد ہے) کی شرح کرتے ہوئے اس بات کی خوب وضاحت فرمائی ہے چنانچہ فرماتے ہیں:

"اعلم ان الحکم علی البعض لاینافی الحکم علی الکل فان بعض الناس حیوان کما ان کلہم حیوان بل الحکم الکلی یصدق معہ الحکم الجزئی من غیر عکس ولذالک کان الجزئی اعم صدقا وزعم البعض ان تخصیص الحکم

Marfat.com

بالبعض يدل على كون الباقى بخلافه والا فلافائدة فى التخصيص ورده المحقق الطوسى فى شرح الاشارات بان ذالک لايجب ان يحكم على امثاله انما الواجب ان يحكم على ما يدل الكلام عليه بالقطع دون مايحتمله والحاصل ان صيغة المحصورة الجزئية تدل على الحكم الجزئى بالقطع مع احتمال الكلى ان لم يتعرض للباقى ومع عدم احتماله ان تعرض وذكر ان الباقى بخلافه "۔[1]

جان لو کہ بعض پر حکم کل پر حکم کے منافی نہیں ہوتا (پس مثلا بعض الانسان حیوان یعنی حیوان کا ثبوت ہے انسان کے بعض افراد کیلئے، کہنے سے اور بعض انسانوں کیلئے حیوانیت ثابت کرنے سے باقیوں سے حیوانیت کی نفی نہیں ہوگی) کیونکہ بعض انسان بھی حیوان ہیں جیسے کل انسان حیوان ہیں بلکہ حکم کلی کے ساتھ حکم جزئی ضرور صادق ہوتا ہے اس کے برعکس نہیں ہوتا (یعنی جہاں حکم جزئی صادق ہو وہاں کبھی تو ساتھ حکم کلی بھی صادق ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا مگر جہاں حکم کلی صادق ہو وہاں ساتھ حکم جزئی ضرور صادق ہوتا ہے) یہی وجہ ہے کہ جزئی صدق میں کلی سے اعم مطلق ہے (یعنی حکم جزئی اور حکم کلی میں صدقا منافات نہیں بلکہ عموم و خصوص مطلق ہے) اور بعض نے گمان کیا تھا کہ حکم کی بعض کے ساتھ تخصیص اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ باقیوں کا حکم اس کے برخلاف ہے ورنہ (بعض کے ساتھ) تخصیص کا کچھ فائدہ ہی نہیں مگر محقق طوسی نے شرح اشارات میں ان کا بایں طور رد کر دیا کہ اس قسم کے گمانوں پر حکم لگایا جانا ضروری نہیں بلکہ ضروری یہ ہے کہ ایسے امر پر حکم لگایا جائے جس پر کلام قطعی طور پر دلالت کرتی ہو نہ یہ کہ صرف اس کا احتمال ہی ہو (تو حکم لگا دیا جائے) حاصل کلام یہ ہے کہ قضیہ محصورے

---

(1) حاشيه عبد الحق على حمد الله ص ٨٣

Marfat.com

جزیئے کے صیغے کی حکم جزئی پر دلالت قطعی ہوتی ہے اور حکم کلی کا اس میں احتمال ہوتا ہے جب تک کہ باقیوں سے تعرض نہ ہو ہاں اس وقت حکم کلی احتمال نہیں ہوتا جب باقیوں سے تعرض کیا گیا ہو اور اس بات کا ذکر کر دیا گیا ہو کہ باقی ماندہ افراد کا حکم اس کے بر خلاف ہے۔

پس اس تمہید کے بعد ہم جواباً عرض کرتے ہیں کہ مذکورہ اصول کی روشنی میں یہ بات واضح ہوگئی کہ قضیہ حق چار یار میں اگرچہ حق کا صراحۃ ثبوت چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیلئے ہے لیکن باقی ماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی پر اس قضیہ کی قطعاً کسی قسم کی کوئی دلالت نہیں بلکہ اگر باقیماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے کسی قسم کا کوئی تعرض ہی نہ کیا جائے یعنی نہ تو ان سے حق کی نفی کیجائے اور نہ ہی ان کیلئے حق کو ثابت کیا جائے تو اس وقت بھی اس قضیے میں باقی ماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیلئے حق کے ثبوت کا احتمال موجود ہے ہاں باقی ماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی اس وقت ہوتی ہے جب ان سے صراحۃ حق کی نفی کی جائے اور مثلاً یوں کہا جائے کہ باقیماندہ صحابہ کرام حق پر نہیں ہیں (معاذ اللہ) حالانکہ اہل سنت وجماعت میں سے کوئی شخص ایسا کہنا تو کجا ایسا خیال بھی نہیں کر سکتا اور اگر (معاذ اللہ) کوئی شخص ایسا عقیدہ رکھتا ہے تو وہ قطعاً اہل سنت وجماعت سے خارج ہے کیا کوئی شخص کسی ایسے سنی کی نشاندہی کر سکتا ہے کہ جو نعرہ تحقیق کے جواب میں حق چار یار کہنے کے ساتھ یہ بھی کہتا ہو کہ (معاذ اللہ) باقی صحابہ کرام حق پر نہیں ہیں بلکہ اس کے برعکس اہل سنت وجماعت کا عقیدہ تو یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر ایک ایک صحابی بالاستقلال حق پر ہے اور اہل سنت وجماعت کا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق یہ عقیدہ کچھ ڈھکا چھپا نہیں بلکہ ان کی کتب عقائد مثلاً شرح مواقف، شرح مقاصد، شرح عقائد جلالی، شرح عقائد نسفی، شرح فقہ اکبر، مسامرہ ومسائرہ المعتمد فی المعتقد، امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی کے عقائد اہل سنت پر مشتمل متعدد مکتوبات، اعلیحضرت الشاہ احمد رضا خان تاجدار بریلی کی متعدد تصانیف اور دیگر ان گنت ائمہ اہل سنت وجماعت کی عقائد پر مشتمل کتابوں میں

Marfat.com

ملاحظہ کیا جا سکتا ہے اور تمام اہل سنت وجماعت خود بھی اپنے اس عقیدے کا برملا اظہار کرتے ہیں اور شروع سے ہی ببانگ دہل اپنے اس عقیدے کو بیان کرتے چلے آرہے ہیں پس جب ایسی صورت حال میں ان کی طرف سے حق چار یار کا نعرہ بلند ہوتا ہے تو اب اس نعرہ کی باقیماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی پر دلالت تو درکنار اس میں تو باقیماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی کا احتمال اور وہم وگمان بھی نہیں رہتا بلکہ اس کے برعکس باقیماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیلئے بھی حق کا ثبوت ظاہر ہوتا ہے۔

پس اسمائے اعداد کا اسوار قضیہ میں سے ہونا جمہور مناطقہ کے تو مذہب کے ہی خلاف ہے اور جن بعض منطقیوں نے انہیں اسوار قضیہ میں شمار کیا تھا پہلے ہم محققین کے دلائل کی روشنی میں ان کے مذہب کو باطل ومردود ثابت کر چکے ہیں لیکن علی سبیل التنزل اگر ہم اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار کر بھی لیں اور قضیہ حق چار یار کی علی اختلاف القولین محصورہ موجبہ کلیہ یا محصورہ موجبہ جزئیہ مان ہی لیں تو پھر بھی یہ اعتراض قطعاً لازم نہیں آتا کہ یہ قضیہ باقیماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی پر دلالت کرتا ہے کیونکہ اس قضیہ کی باقیماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی پر دلالت کہاں یہ تو ان سے حق کی نفی کا احتمال بھی نہیں رکھتا یہاں تو معاملہ ہی برعکس ہے کہ باقی ماندہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حقانیت کا بھی ظہور ہو رہا ہے جس پر اس نعرہ لگانے والے کا عقیدہ وحال دلالت کر رہا ہے اور اسی طرح جب اسمائے اعداد کو اسوار قضیہ میں شمار نہ کیا جائے اور انہیں کل مجموعی یا بعض مجموعی کے معنی میں لیا جائے اور اس قضیہ کو علامہ عبد الحکیم سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کے مطابق شخصیہ کہا جائے اور جمہور کے مذہب کے مطابق اسے مہملہ قرار دیا جائے تو بھی باقیماندہ صحابہ کرام سے حق کی نفی کا اعتراض ختم ہو گیا اور باقی رہا یہ اعتراض کہ اسے قضیہ شخصیہ یا مہملہ قرار دینے کی صورت میں ان چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیلئے بالاستقلال حق ثابت نہیں ہوتا بلکہ مجموع من حیث المجموع کیلئے ثابت ہوتا ہے حالانکہ ان چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک بالاستقلال حق پر ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہم پہلے حمد اللہ کی عبارت کی

Marfat.com

تقریر میں شارحین رحمہ اللہ خصوصاً علامہ عبدالحق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے بیان کر چکے ہیں کہ کل افرادی اور کل مجموعی کبھی حکم میں متحد بھی ہوتے ہیں جیسے جاءنی سبعون رجلا (آئے میرے پاس ستر مرد) میں ہے کیونکہ ستر کے مجموعے کیلئے آنے کا ثبوت ان میں سے ہر ایک ایک کیلئے آنے کے ثبوت کی جہت سے ہے پس جیسے اس مثال میں کل مجموعی وافرادی صدقاً متلازم ہیں اسی طرح حق چار یار میں بھی یہ دونوں صدقاً متلازم ہیں کہ ان چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مجموعے کیلئے حق کا ثبوت ان میں سے ہر ایک کیلئے بالاستقلال حق کے ثبوت کی جہت سے ہے پس اس وقت استغراقی مجموعی استغراقی افرادی سے مستنبط ہوگا جس طرح کہ رب تعالیٰ کے فرمان "کل الینا راجعون" میں ہے جیسا کہ علامہ نور محمد مدقق رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالغفور کے حاشیہ میں اور سید السند رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مواقف میں اس امر کی تحقیق فرمائی ہے پس قضیہ حق چار یار بہر صورت بالکل بے غبار ہے اس پر کسی قسم کا کوئی اعتراض لازم نہیں آتا۔

## علمائے نحو کی تصریحات کہ عدد حصر پر دلالت نہیں کرتا:

یہاں تک علمائے بلاغت اور علمائے منطق کے ارشادات کی روشنی میں یہ بات خوب واضح ہوگئی کہ حق چار یار کہنے کی صورت میں حق کا ان چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اندر حصر لازم نہیں آتا اور نہ ہی باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی لازم آتی ہے بلکہ اس قضیہ میں تو باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حق کی نفی کا احتمال بھی نہیں پایا جاتا۔ اس کے بعد ہم علمائے نحو کے ارشادات سے یہ بات ثابت کرتے ہیں کہ عدد نہ تو حصر پر دلالت کرتا ہے اور نہ ہی حصر کیلئے اس کی وضع ہے یہ اداۃ حصر میں سے ہے ہی نہیں جس سے روز روشن کی طرح ثابت ہوجائے گا کہ علمائے نحو کے نزدیک بھی قضیہ حق چار یار میں کسی قسم کا کوئی حصر نہیں ہے۔
علم نحو کی مشہور ومتداول اور بنیادی کتاب "الکافیہ" میں امام النحو علامہ ابن حاجب رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

نے جب مفعول بہ کے عامل کے وجوباً حذف کے مواضع بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا

"وقد يحذف الفعل لقيام قرينة وجوبا فی اربعة مواضع"۔ (1)
اور (مفعول بہ میں عامل) فعل کو بوقت قیام قرینہ چار مواضع میں وجوبا حذف کر دیا جاتا ہے۔

تو علامہ ابن حاجب رحمۃ اللہ علیہ کے اس ارشاد "اربعۃ مواضع" سے وہم ہوتا تھا کہ شائد مفعول بہ کے عامل کے وجوبا حذف کے مواضع کا ان کے نزدیک انہی چار میں حصر ہے حالانکہ بات درست نہیں کیونکہ مفعول بہ کے عامل کے وجوبا حذف کے مواضع کی تعداد چار سے زیادہ ہے پس علامہ عبد الرحمن جامی قدس سرہ السامی نے اس وہم کا رد کرتے ہوئے کافیہ کی مشہور و معروف اور برصغیر پاک وہند کے تقریبا تمام مدارس اسلامیہ میں داخل نصاب شرح "الفوائد الضائیہ" المعروف شرح ملا جامی میں ارشاد فرمایا:

"تخصيصها بالذكر ليس للحصر بل لكثرة مباحثها"۔ (2)
بالخصوص چار کو ذکر کرنا حصر کیلئے نہیں بلکہ ان کی کثرت مباحث کی بناء پر ہے۔

شارح جامی رحمۃ اللہ علیہ کے مذکورہ ارشاد کی تائید کرتے ہوئے اور اس بات پر دلیل دیتے ہوئے کہ علامہ ابن حاجب رحمۃ اللہ علیہ کے ارشاد "اربعۃ مواضع" سے مواضع حذف کا چار کے اندر حصر لازم نہیں آتا علم نحو کے بحر ذخار علامہ عبد الغفور لاری رحمۃ اللہ علیہ اپنے شرح جامی پر عظیم وقیع حاشیہ میں ارشاد فرماتے ہیں:

"ذكر الجمهور ان ذكر العدد لايقتضى الحصر"۔ (3)
جمہور علماء نے یہ اصول بیان کیا ہے کہ عدد کا ذکر کرنا حصر کا تقاضا نہیں کرتا۔

---

(1) کافیہ ملخصا
(2) شرح ملا جامی ملخصا ص ۱۰۱
(3) حاشیہ عبدالغفور علی الجامی ص ۳۲۷

Marfat.com

اسی طرح شرح ملا جامی کی مشہور و معتبر شرح محرم آفندی میں شارح جامی رحمۃ اللہ علیہ کے مذکورہ قول کی تائید کرتے ہوئے اور اس امر کو خوب واضح کرتے ہوئے کہ عدد نہ تو الفاظ حصر میں سے ہے اور نہ ہی اس سے حصر کا فائدہ حاصل ہوتا ہے، ارشاد فرماتے ہیں:

"تخصیصها بالذکر ای ذکر المصنف هذه المواضع الاربعة دون ماعداها لیس للحصر لانه لیس فی کلامه ما یفید الحصر والعدد لایفیده لاتفاق الجمهور لعی ان العدد لایفید الحصرلانه لیس من الفاظ الحصر علی ما بین فی موضعه"۔ (1)

بالخصوص ان چار مواضع کا ذکر یعنی مصنف رحمۃ اللہ علیہ کا ان چار مواضع کو ہی ذکر کرنا اور باقیماندہ کو ذکر نہ کرنا حصر کیلئے نہیں ہے کیونکہ مصنف رحمۃ اللہ علیہ کی کلام میں کوئی ایسا امر ہی نہیں جو حصر پر دلالت کرے اور عدد حصر کا فائدہ ہی نہیں دیتا کیونکہ جمہور علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ عدد حصر کا فائدہ نہیں دیتا کیونکہ یہ الفاظ حصر میں سے ہے ہی نہیں۔

اسی طرح شرح ملا جامی کے حاشیہ ملا عبدالرحمن میں ہے:

"تخصیصها بالذکر لیس للحصر فان ذکر الاعداد عند الجمهور لیس للحصر فانه لو قیل فی هذا البیت عشرون رجلا لیس ذالک للحصر بل للتکثیر لانه یصح وان کان فیه اکثر من عشرین رجلا"۔ (2)

بالخصوص چار کو ذکر کرنا حصر کیلئے نہیں کیونکہ اعداد کا ذکر جمہور کے نزدیک حصر کیلئے نہیں ہوتا پس اگر کہا جائے کہ بیشک اس گھر میں بیس

---

(1) محرم آفندی علی شرح الجامی جلد اول ص ۲۵۵
(2) حاشیہ ملاجمال وعبد الرحمن علی شرح الجامی ص ۱۵۱

Marfat.com

مرد ہیں تو وہ (بیس کا عدد ذکر کرنا) حصر کیلئے نہ ہوگا بلکہ تکثیر کیلئے ہوگا کیونکہ اگر گھر میں بیس سے زیادہ مرد بھی ہوں تب بھی یہ کہنا درست ہے کہ گھر میں بیس مرد ہیں۔

پس ملا عبد الرحمن رحمۃ اللہ علیہ کی تقریر سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اگرچہ جمیع صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حق پر ہیں اور یقیناً ان کی تعداد چار سے کہیں زیادہ ہے لیکن اس کے باوجود چار کیلئے حق ثابت کرنا اور حق چار یار کا نعرہ لگانا بالکل درست ہے اس سے ان چار میں حق کا حصر ا باقیماندہ سے حق کی نفی لازم نہیں آتی۔

اسی طرح شرح ملا جامی کے حاشیہ ملا عصام الدین فاضل اسفرائنی میں ہے:

''ذکر الجمہور علی ان العدد لایفید الحصر فان قلت فی فائدۃ فی ذکرہ قلت لینضبط المذکور عند السامع ولاینفلت شیء''۔(1)

جمہور علماء کے متعلق بیان کیا گیا ہے کہ ان کا مذہب یہ ہے کہ عدد حصر کا فائدہ نہیں دیتا پس اگر تم یہ اعتراض کرو کہ پھر عدد کو ذکر کرنے کا فائدہ کیا ہے تو اس کا جواب دیتے ہوئے میں کہتا ہوں کہ عدد کو ذکر کرنے کا فائدہ یہ ہے تاکہ جو چیز ذکر کی گئی ہے وہ سامنے کے نزدیک منضبط ہو جائے اور کوئی شیء اس سے رہ نہ جائے۔

شرح ملا جامی کے حاشیہ علامہ محمد بن موسی البسنوی میں ہے جو کہ محرم آفندی کے ساتھ مطبوعہ ہے:

''تخصیصہا بالذکر لیس للحصر فان الجمہور علی ان العدد لایفید الحصر''۔(2)

---

(1) حاشیہ ملا عصام الدین اسفرائنی علی الجامی ص۱۰۰
(2) حاشیہ محمد بن موسی البسنوی علی ہامش محرم آفندی علی الجامی جلد اول ص ۸۵

Marfat.com

ذکر میں چار کی تخصیص حصر کیلئے نہیں کیونکہ جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ عدد حصر کا فائدہ نہیں دیتا۔

ں علمائے نحو کی تصریحات سے یہ بات اظہر من الشمس ہوگئی کہ عدد نہ حصر کیلئے وضع کیا ہے اور نہ اس کی حصر پر دلالت ہے اور نہ ہی یہ الفاظ حصر میں سے ہے پس جب مولانا ں قدس سرہ السامی اور شرح ملا جامی کے شراح و محشیین بانگ دھل اس بات کا اعلان رہے ہیں کہ صاحب کافیہ کے قول "ووجوبا فی اربعة مواضع" میں لفظ اربعہ ر) کا ذکر حصر کیلئے نہیں کیونکہ جمہور علماء اس بات پر متفق ہیں کہ عدد حصر پر دلالت ں کرتا تو نعرہ تحقیق کے جواب "حق چار یار" میں لفظ چار کس طرح حصر پر دلالت سکتا ہے۔

آخر میں ہم اہل سنت وجماعت کے دو عظیم اماموں کی اس امر پر تصریح ذکر کرتے ہیں ں سے ظاہر ہوگا کہ قرآن وسنت سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ عدد حصر پر دلالت نہیں تا۔

## م احمد قسطلانی شارح بخاری کا ارشاد:

م احمد قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد الساری شرح بخاری میں بخاری شریف کے باب التفسیر کی شرح ں سورۂ رعد کی تفسیر کے دوران ارشاد فرماتے ہیں:

"ذکر خمسا وان کانت الغیب لایتناہی لان العدد لاینفی الزیادۃ"۔(1)

پانچ کا ذکر فرمایا اگرچہ غیب غیر متناہی ہیں یہ اس لئے کہ عدد زیادہ کی نفی نہیں کرتا۔

(1) ارشاد الساری علی البخاری کتاب التفسیر بحوالہ الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ ص ۱۲۴

Marfat.com

## اعلیحضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

امام اہل سنت مجدد دین وملت اعلیحضرت الشاہ احمد رضا خاں تاجدار بریلی قدس سرہ الع
ارشاد فرماتے ہیں:

"علی لقدیر افادہ العدد الحصر یلزم تنافی الاحادیث الصحیحة المقبولة کلها غیر الائمة بوجوہ شتی"۔[1]

اگر یہ بات تسلیم کریں کہ عدد حصر کا فائدہ دیتا ہے تو صحیح احادیث جو کہ ساری کی ساری ائمہ کے ہاں مقبول ہیں متعدد وجوہ سے ایک دوسرے کی نفی کریں گی۔

پس ان دونوں جلیل القدر اماموں کے فرمان سے یہ بات خوب واضح ہوگئی کہ عدد میں قسم کا کوئی حصر نہیں ہوتا اور قرآن وسنت سے بھی یہی اصول مفہوم ہورہا ہے ورنہ م نصوص کا کئی وجوہ سے ایک دوسرے کی نفی کرنا لازم آتا ہے۔

پس معترض سے گذارش ہے کہ ذرا ہوش کے ناخن لے اور خواہ مخواہ معتقدات اہل وجماعت پر بے جا اعتراضات کرنے سے باز آئے۔

(1) الدولة المکیة بالمادة الغیبیة ص ۱۲۶

Marfat.com

## باب دوم

# قرآن کریم سے
# حق چار یار پر دلائل

چاریار رسول دے خاص سچے اچے امتاں وچہ سردار ہوئے
صفت انہاندی وچہ قرآن اچی حق خاص تے جانثار ہوئے
باطل توڑ کے موڑیا خلق تائیں حق دین دے خاص معمار ہوئے
باری باری سن گئے آزمائے چارے صبر، شکر وچہ سپہ سالار ہوئے
نبی آکھیا اے اصحاب میرے پہلے مرسلاں نال شمار ہوئے
میرے بعد انجام رسالتاں دے اے ہو دیونے دے حق دار ہوئے
سلسل وار چارے کردے رہے ایویں نبی پاک تھیں جیویں اظہار ہوئے
حیدر شاہ نے منیاں چوہاں تائیں جیویں موسناں وچہ بہار ہوئے

(علوم الاولیاء ص ۱۹ از سلطان العاشقین حضرت پیر حیدر شاہ صاحب گیلانی مست قلندر رحمۃ اللہ علیہ مطبوعہ دربار عالیہ پناگ شریف تحصیل و ضلع کوٹلی آزاد کشمیر)

Marfat.com

سوال: کہا جاتا ہے کہ ۱۹۵۳ء سے پہلے نعرہ تحقیق کا کوئی اعلان لاؤ کوئی اشتہار لاؤ کسی کتاب میں دکھاؤ؟

جواب: حق چار یار کے نعرہ کو ۱۹۵۳ء کی ایجاد وہی شخص کہہ سکتا ہے جو تنگ نظر ہو اور اس کے مطالعہ میں کمی ہو کیونکہ اکابرین اہل سنت وجماعت نے اس موضوع پر درجنوں کتابیں تصنیف فرمائی ہیں مقام افسوس تو یہ ہے کہ ادھر آدمی علامہ، فہامہ بننے کا دعویدار بھی ہو اور ادھر اپنے اسلاف کی لکھی ہوئی کتابوں کے اسماء سے بھی ناآشنا ہو۔

منہ میں جو آتا ہے فی الفور کہہ دیتے ہیں
بات کہنے کی نہیں اور وہ کہہ دیتے ہیں

اکابرین اہل سنت میں سے غلام دستگیر نامی جو بہترین مضمون نگار، مصنف، شاعر، تاریخ گو، ماہر قانون وراثت اور ماہر علم الانساب تھے (غلام دستگیر رحمۃ اللہ علیہ کے مذکورہ اوصاف علامہ عبدالحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ علیہ نے "تذکرہ اکابر اہل سنت" کے صفحہ نمبر ۱۳ پر ذکر کیئے ہیں) نے ۱۹۴۵ء میں "مناقب خلفاء راشدین" کے نام سے کتاب لکھی جس میں چار یاروں کے فضائل بیان فرمائے۔ "کما سیجیء"

اسی طرح اکابرین اہل سنت میں سے حضرت علامہ مولانا غلام دستگیر قصوری رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۸۹۷ء) جن کے متعلق شرف ملت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ "برصغیر پاک وہند میں کوئی مناظر آپ کا ہمسر نہ تھا۔ مناظرۂ بہاولپور وہ یادگار مناظرہ ہے جس میں آپ کو مولوی خلیل احمد انبیھٹوی کے مقابلہ میں زبردست کامیابی ہوئی۔ (۱)

(۱) تذکرہ اکابر اہل سنت ص ۳۰۸ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

آپ نے روافض وخوارج کے رد میں ایک کتاب لکھی جس کا نام ہے
"ہدیۃ الشیعتین منقبت چاریارمع حسنین" (۱۲۹۵ھ) [۱]

علاوہ ازیں اکابرین اہل سنت میں سے سید میر محمد اسد اللہ شاہ بن اعلحضرت قبلہ مولانا مولوی سید میر احمد قادری بخاری ثم جلال پوری رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۹۳۷ء میں "فضائل چہار یار" کے نام سے روافض کے رد میں ایک کتاب لکھی۔

علاوہ ازین اکابرین اہل سنت نے روافض کے رد میں اس نام سے موسوم درجنوں کتب تحریر فرمائیں اس وقت بوجہ عجلت اور مانع اختصار تین کتابوں کا سرورق بمع سن اشاعت آئندہ صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔ لیکن اس کے باوجود چمگادڑ اور الو کو دن کی روشنی میں سورج نظر نہ آئے تو اس میں سورج کا کیا قصور ہے۔

بقول شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ:

بروز گرنہ بیند شپرۂ چشم
چشمہ آفتاب راچہ گناہ

اور بقول کسے:

آنکھیں گر بند ہوں تو پھر دن بھی رات ہے
اس میں قصور کیا ہے بھلا آفتاب کا

(۱) تقدیس الوکیل ص ط مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور

Marfat.com

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَہُمْ
تَرٰھُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا
اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا

الحمد للہ رب المشرقین و رب المغربین کہ رسالہ لطیف مقال المسمی بہ

# ھدیۃ الشیعتین

۹۰ ۱۲

الملقب بہ

# منقبت چار یار و حسنین

سنہ ۱۲۹۵

تالیف ضعیف عباد اللہ القدیر الفقیر غلام دستگیر الہاشمی القصوری کان اللہ لہ

## در مطبع محمدی واقع لاہور طبع شد

Marfat.com

# مناقب
# خلفائے راشدینؓ

برائے فرم

## ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز و تاجران کتب

کشمیری بازار دہلی روڈ لاہور۔

Marfat.com

مناقب کے ہیں لائق چار گوہر ابوبکر و عمر عثمان و حیدر

الحمد للہ کہ کتاب ہذا

موسوم بہ

# مناقب خلفائے راشدین رض

جس میں

قدیم و جدید نامی گرامی شعرا کا کلام حقیقت التیام مشتمل بر مناقب چار جلیل القدر صحابہ کرام نبی علیہ السلام جمع کیا گیا ہے اور یہ اس مضمون پر پنجاب میں پہلا مجموعہ ہے

مرتبہ

خادمِ صحابہ کرام ابوالفضل پیر غلام دستگیر نامی لاہوری

برائے قوم

ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز و تاجران کتب اشاعت منزل بل روڈ لاہور کشمیری بازار چوک سادھو ملی

ملک محمد عارف نعمان پرنٹر و پبلشر نے دین محمدی پریس لاہور میں چھپوا کر کشمیری بازار لاہور سے شائع کیا

قیمت ۱۲/ روپے

Marfat.com

ج

سوال ہجویہ اسوۂ نبی علیہ السلام سے ثابت ہے کہ حضور نے حضرت حسان سے مجلس میں منقبت صدیق اکبر سنی اور خوش ہوئے۔ (اس کا ترجمہ اس مجموعے میں بطور تبرک شامل کر دیا گیا ہے) پس ثابت ہو گیا کہ مناقب صحابہ بیان کرنا باعث خوشنودی سرور کونین اور موجب برکت و ثواب ہے۔ جو مسلمان اس پر ہمیشہ عامل رہتے ہیں۔ چونکہ ایسی مجلسوں کا رواج پنجاب میں کم ہے۔ اس لئے اس طرف شعرائے اسلام کی توجہ بھی کم ہے۔ اگر یہ رواج عام ہو گیا تو مناقب نویس شاعر یہاں بھی پیدا ہو جائیں گے۔

میں نے حسب مشورہ مولانا عبدالمجید سالک مالک اخبار انقلاب کوشش کی ہے کہ ایسی نظمیں فراہم کی جائیں جن میں نتیجہ خیز صحیح تاریخی واقعات مذکور ہوں۔ الحمدللہ میں اس میں بھی ایک حد تک کامیاب ہو گیا ہوں۔

امید ہے یہ مجموعہ دیگر شعرائے اسلام کی ترغیب کا موجب ہوگا اور ہم اس موضوع پر دوسرا حصہ بھی پیش کر سکیں گے۔ چند ایک چیدہ نعتیں بھی تبرکاً شامل کی گئی ہیں اور بعض اس لئے بھی کہ ان کے مصنف بھی مناقب پسند تھے۔

ابوالفضل غلام دستگیر نامی مکاندار چابک سواراں لاہور
متولی موقوفات اشرف نزیل رتہ پیراں ضلع شیخوپورہ

دوشنبہ ۲ رمضان ۱۳۶۴ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۴۵ء

# فضائل چہار یار

Panja Bazar

ملک دین محمد اینڈ سنز

پبلشرز و تاجران کتب لاہور

نے

دین محمدی الیکٹرک پریس بل روڈ میں چھپوا کر شائع کیا

بفضل ایزد منان خالق زمین و آسمان زین زمان از دست
مؤلف ہیچمدان کتاب مستطاب بغرض افادہ پیرو جوان المسمٰی بہ

# تحفۃ الابرار

# فی

# فضائل چہار یار

برائے فرم

ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز تاجران کتب کشمیری بازار

مالکان

کتب خانہ دین محمدی بل روڈ لاہور

جون ... فیروز پرنٹنگ ورکس ۱۱۹ سرکلر روڈ لاہور سے طبع کرا کر ملک دین محمد

# حق چار یار کا ثبوت قرآن کریم سے

دلیل اوّل:

"ومن یطع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبین والصدیقین والشہداء والصلحین وحسن اولئک رفیقا"۔ (1)

اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے تو اسے ان کا ساتھ ملے گا جن پر اللہ نے فضل کیا یعنی انبیاء اور صدیق اور شہید اور نیک لوگ یہ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں۔

وقال عکرمۃ ان النبیون ہہنا محمد ﷺ والصدیقون ابوبکر والشہداء عمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم۔ (2)

عکرمہ کہتے ہیں یہاں نبیوں سے مراد محمد ﷺ ہیں صدیقوں سے مراد بوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں اور شہداء سے مراد حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔

(1) سورۃ النساء آیت ۶۹ پارہ ۵

(2) تفسیر بغوی سورۃ النساء آیت ۶۹، زاد المسیر آیت مذکور، الکشف والبیان عن تفسیر ال… ج ۳ ص ۳۴۲ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

ت مذکور کی تفسیر میں سید محمود احمد آلوسی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"ونقل بعض تلامذه مولانا الشيخ خالد النقشبندى قدس سره عنه انه قرر يوما ان مراتب الكمل اربعة نبوة وقطب مدارها نبينا صلی اللہ علیہ وسلم ثم صديقتة وقطب مدارها ابو بكر الصديق رضی اللہ عنہ ثم شهادة وقطب مدارها عمر الفاروق رضی اللہ عنہ ثم ولاية وقطب مدارها على كرم الله وجهه وان الصلاح فى الاية اشارة الى الولاية فسأله بعض الحاضرين عن عثمانص فى اى مرتبة هومن مراتب الثلاثة بعد النبوة فقال انه رضی اللہ عنہ قدنال حظامن رتبة الشهادة وحظا من رتبة الولاية وان معنى كونه ذالنورين هو ذلک عندالعارفين"۔[1]

ولانا شیخ خالد نقشبندی قدس سرہ کے بعض تلامذہ نے ان سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے یک دن تقریر میں فرمایا کہ مراتب کمال چار ہیں:

۱) نبوۃ اور نبوۃ کے مدار کے قطب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔
۲) پھر صدیقیۃ اور صدیقیت کے مدار کے قطب ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔
۳) پھر شہادۃ ہے اور شہادت کے مدار کا قطب عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔
۴) پھر ولایت ہے اور ولایت کے مدار کے قطب علی المرتضی کرم اللہ وجہہ ہیں۔

اور آیت کریم میں صالحین کا لفظ مذکور ہے اس سے اشارہ ہے ولایت کی طرف پس بعض حاضرین نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے متعلق سوال کیا کہ وہ نبوۃ کے بعد مراتب ثلاثہ میں کسی مرتبہ پر ہیں تو انہوں نے فرمایا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مرتبہ شہادت سے

(۱) روح المعانی الجزء الخامس ص ۶، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

Marfat.com

بھی حصہ پایا ہے اور مرتبہ ولایت سے بھی حصہ پایا ہے اور عارفین کے نزدیک ذوالنورین
یہ مطلب ہے یعنی دونوں طرف سے حصہ پانے کی وجہ سے ان کو ذوالنورین کہا جاتا ہے۔

صاحب تفسیر خازن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"والصديقين الصديق الكثيرالصدق فعيل من الصدق والصديقون هم اتباع الرسل الذين اتبعوهم على منها جهم بعدهم حتى الحقوابهم وقيل الصديق مع الذى صدق بكل الذين حتى لا يخالطه فى شك والمراد بالصديق فى هذه الايت افاضل اصحاب رسول ا كابى بكر فانه هو الذى سمى بالصديق من هذه الامت وهو افضل اتباع الرسل وقيل المراد بالنبيين ههنا محمد ﷺ وبالصديقين ابو بكر والشهدآء عمر وعثمان وعلى رضی اللہ عنہم "۔ (۱)

"والصدیقین" صدیق بہت زیادہ سچ بولنے والا کثیر الصدق اور "الصدیقون" وہ جو رسولوں کی اتباع کرنے والے ہیں، اور یہ وہ لوگ ہیں جو ان انبیاء کے بعد ان کے منہاج پر ان کی اتباع کرتے رہے ہیں، یہاں تک کہ ان کے ساتھ مل جاتے رہے، اور فرمایا "الصدیق" تمام دین میں سچائی ہے یہاں تک کہ اس میں شک وریب خلط ملط نہ ہو سکے اور اس آیت میں صدیقین سے مراد رسول اللہ ﷺ کے افاضل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں پس ان کا نام ہی اس امت میں صدیق ہے اور وہ اتباع رسل میں افضل ہیں اور کہا گیا "النبیین" سے مراد حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور "الصدیقین" سے مراد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور "الشہداء" سے مراد حضرت عمر و عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔

---

(۱) تفسیر خازن جلد اول ص ۲۶۴

Marfat.com

صدق ان کو ملا عدل ان کو ملا
وہ غنی ہو گئے یہ علی ہو گئے

علامہ آلوسی علیہ الرحمۃ اور صاحب تفسیر خازن کی نقل کردہ تفاسیر سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے۔ آیت مذکور کا مصداق اولی حق چار ہیں جب حق چار یار آیت قرآنی کا مصداق ہیں تو پتہ چلا کہ یہ نعرہ منزل من السماء اور قرآنی نعرہ ہے اور کامل وہ ہی ہے جو حق چار یار کی محبت کو سینے میں سما کر ان کے دامن کو مضبوطی سے تھام کر اہل سنت پر قائم و دائم ہے اور منکرین حق چار یار جن کی آنکھوں پر رافضیت کے پردے پڑھے ہوئے ہیں اور بظاہر اہل سنت کے ٹھیکیدار بن کر یہ کہتے پھرتے ہیں کہ یہ منزل من السماء نہیں اس سے بغض اہل بیت کی بو آتی ہے جو قادیانیوں کے پیسے پے پلتے ہوں اور صرف بھینسے کی طرح رینگھنا جانتے ہوں ان کے منہ سے ایسی ہی سبائیات کا اظہار ہوتا ہے تو چونکہ ان کے سینوں میں حق چار یار کا بغض ہے جس کی بنا پر یہ اسی قابل ہیں کہ عمر بھر پیٹتے رہیں اور بالآخر جہنم کا ایندھن بن جائیں۔

## حق چار یار کے ثبوت پر قرآن کریم کی دوسری دلیل :

"ونزعنا ما فی صدورهم من غلٍ"۔ (1)

اور ہم نے ان کے سینوں میں جو کچھ کینے تھے سب کھینچ لیئے۔ (2)

مذکورہ آیت کی تفسیر امام المفسرین حضرت عبد اللہ ابن عباس کی زبانی:

"عن عکرمة رضی اللہ عنہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ ما فی قوله تعالی" ونزعنا ما فی صدورهم من غلٍ الآیة قال اذا کان یوم القیامة یؤتی بسریر من یاقوته حمراء طوله عشرون

(1) سورۃ الحجرات پارہ ۱۴ آیت ۴۷
(2) ترجمہ کنزالایمان شریف

Marfat.com

میلا فی عشرین میلا لیس فیه صدع ولاوصل معلق بقدرۃ اللہ تعالی فیجلس علیه ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ ثم یؤتی بسریر من یا قوته صفراء علی صفة السریر الاول فیجلس علیه عمر رضی اللہ عنہ ثم یؤتی بسریر من یاقوته خضراء علی صفة الاول فیجلس علیه عثمان رضی اللہ عنہ ثم یؤتی بسریر من یا قوته بیضاء علی صفة الاول فیجلس علیه علی رضی اللہ عنہ ثم یأمر اللہ الاسرۃ ان تطیر بهم فتطیر بهم الاسرۃ الی تحت ظل العرش ثم تسبل علیهم خیمة من الدررالرطب لوجمعت السموات السبع والا رضون السبع وکل ما خلق اللہ تعالی لکانت فی زاویة من زوایا تلک الخیمة ثم یر فع الیهم اربع کأسات کا س لابی بکر وکأس لعمر وکأس لعثمان وکأس لعلی رضی اللہ عنہم فیسقون وذلک قوله تعالی "ونزعنا مافی صدورهم من غلٍ اخوانا علی سرر متقبلین ثم یأمر اللہ جهنم ان تمخض بامواجهاوتقذف الرافض "و الکافر علی وجهها فیکشف اللہ عن ابصارهم فینظرون الی منازل امة محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی الجنة فیقو لون هؤلاء الذین سعد بهم الناس ونحن شقینا ثم یردون الی جهنم "۔(۱)

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی "ونزعنا ما فی صدورهم من غل (الآیه) " کے متعلق فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہو گا سرخ یاقوت سے بنا ہوا ایک تخت لایا جائے گا جس کا طول بیس (۲۰) میل ہو گا اس میں کوئی جوڑ وغیرہ نہیں ہو گا اسکی ترکیب اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ سے ہو گی۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اس تخت پر تشریف

(۱) نورالابصار صفحہ نمبر ۱۴-۱۳ادار االمعارفة بیروت لبنان ۔ مکتبه اسامه بن زید نزهة المجالس ص۳۰۹ مکتبه فاروقیه پشاور

Marfat.com

فرماہوں گے پھر زرد یاقوت سے بناہوا ایک اور تخت لایا جائے گا جو پہلے تخت کی طرح ہو گا اس پر سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ تشریف فرماہوں گے پھر اسی طرح سبز یاقوت سے بناہوا ایک تخت لایا جائے گا اس پر سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ تشریف فرماہوں گے پھر اس طرح کا سفید یاقوت سے بناہو ایک تخت لایا جائے گا اس پر سیدنا شیر خدا علی المرتضی رضی اللہ عنہ تشریف فرما ہوں گے۔ پھر اللہ تعالی ان چاروں تختوں کو اترنے کا حکم دے گا وہ چاروں تخت عرش کے سایہ میں اتریں گے پھر رونق بھرے موتیوں کا خیمہ ان پر لٹکایا جائے گا اور وہ خیمہ اتنا وسیع ہو گا کہ اگر سات آسمان اور سات زمینیں اور ساری مخلوق کو جمع کر دیا جائے تو اس خیمہ کے ایک کونہ میں سما جائیں پھر چار پیالے پیش کیئے جائیں گے ایک پیالہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کیلیئے اور ایک پیالہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کیلیئے اور ایک پیالہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کیلیئے اور ایک پیالہ حیدر کرار علی المرتضی رضی اللہ عنہ کیلیئے ان پیالوں سے یہ حق چار یار نوش فرمائیں گے اس لئے اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا ''ونزعنا ما فی صدورهم من غل اخوانا علی سرر متقبلین ''پھر رب ذوالجلال دوزخ کو حکم دے گا کہ اپنے شعلوں کے جوش وخروش سے تمام روافض اور کفار کو باہر پھینک دے اور اللہ تعالی انکی آنکھوں سے پردے ہٹا دے گا وہ کافر اور روافض تاجدار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے مقامات جنت میں دیکھیں گے اور کہیں گے کہ ان ( چار یاروں کی محبت والفت ) کی وجہ سے لوگ نیک بخت ہو گئے اور ان (چار یاروں سے دشمنی اور نفاق ) کی وجہ سے ہم بد بخت رہے ہیں پھر انکو جہنم میں واپس پھینک دیا جائے گا۔ مذکورہ تفسیر قرآن کریم سے واضح ہے کہ جو حق چار یار کا منکر ہو اس کا ٹھکانا کیا ہے؟ لہذا ابھی وقت ہے حق چار یار کا انکار چھوڑ دو اور چار یار کے نعرہ کو عام کرو تاکہ کل تمہاری بھی خلاصی ہو سکے۔ کیونکہ یہ روایت

Marfat.com

حضور ﷺ کے عظیم صحابی عبد اللہ ابن عباس سے مروی ہے اور انہوں نے قرآن کی تفسیر فرمائی ہے جو کسی صورت میں بھی جھٹلائی نہیں جا سکتی تم کہاں تک حق چار یار کی مخالفت کرو گے یہ نعرہ تو قیامت میں بھی انشاء اللہ العزیز لگایا جائے گا۔

## حق چار پر قرآن کریم سے تیسری دلیل:

"وعد الله الذين امنوا منكم وعملوا الصالحات ليستخلفنهم فى الارض كما استخلف الذين من قبلهم وليمكنن لهم دينهم الذى ارتضى لهم وليبدلنهم من بعد خوفهم امنا، يعبدوننى لا يشركون بى شيئا ومن كفر بعد ذلك فاولئك هم الفسقون"۔ [1]

اللہ نے وعدہ دیا انکو جو تم میں سے ایمان لائے اور اچھے کام کیے کہ ضرور انہیں زمین میں خلافت دے گا جیسے ان سے پہلوں کو دی اور ضرور ان کے لئے جما دے گا ان کا وہ دین جو ان کے لئے پسند فرمایا ہے اور ضرور ان کے اگلے خوف کو امن سے بدل دے گا میری عبادت کریں میرا شریک کسی کو نہ ٹھہرائیں اور جو اس کے بعد ناشکری کرے تو وہی لوگ بے حکم ہیں۔ [2]

ارشاد باری تعالیٰ "لیستخلفنھم" میں استخلاف یعنی خلیفہ بنانے کو حق سبحانہ وتعالیٰ نے طرف منسوب کیا ہے اور مہاجرین اولین میں سے بعض کو اپنا جانشین بنانے کا وعدہ فرمایا ہے کیو

(1) سورۃ النور آیت نمبر ۵۵
(2) کنزالایمان

Marfat.com

استخلاف کے معنی بادشاہ بنانا بھی ہیں اگر کسی گروہ میں سے ایک شخص کو بادشاہ بنا دیا جائے تو اس کا فائدہ سارے گروہ کو پہنچتا ہے۔[1]

اور یہاں مہاجرین میں سے خلفاء اربعہ مراد ہیں یعنی حضور ﷺ کے چار یار جن کا نعرہ اہل سنت و جماعت نعرہ تحقیق حق چار یار کی صورت میں لگاتے ہیں۔ کیونکہ آیت استخلاف میں جن اوصاف کا ذکر کیا گیا وہ ان چاروں میں پائے جاتے ہیں۔ لہذا اس آیت کریم کا مصداق حضور کے چار یار ہیں۔

## آیۃ مذکور کی وضاحت علامہ رازی کی طرف سے:

"دلت الایة علی امامة الائمة الاربعة وذلک لانه تعالی وعدالذین امنواوعملواالصالحات من الحاضرین فی زمان محمدا وھو المراد بقوله لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم"۔[2]

یہ آیۃ کریمہ چار خلفاء (چار یار) کی امامت پر دلالت کرتی ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا تھا جو حضور نبی کریم ﷺ کے سامنے اس وقت موجود تھے اور ایمان لائے نیک اعمال کیے خدا تعالیٰ کا یہ کہنا کہ انہیں زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اس سے یہی لوگ مراد ہیں۔

"فثبت بھذاصحة امامة الائمة الاربعة وبطل قول الرافضة الطاعنین علی ابی بکر وعمر وعثمان. وعلی بطلان قول الخوارج الطاعنین علی عثمان وعلی"۔[3]

(1) تصفیه مابین سنی و شیعه ص ۳ مقام اشاعت گولڑہ شریف
(2) تفسیر کبیر للامام فخرالدین رازی الجزء الثالث والعشرون ص۲۵ مطبوعه بیروت
(3) تفسیر کبیر الجز الثالث العشرون ص۲۶ مطبوعه بیروت

Marfat.com

پس اس آیت کریمہ سے چاروں خلفاء چار یار کی امامت صحیح ثابت ہو جاتی ہے اور رافضی جو حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر، حضرت عثمان رضی اللہ عنہم پر طعن کرتے ہیں انکی بات باطل ہو گئی اور خارجی جو حضرت عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کے خلاف زبان کھولتے ہیں انکی بات بھی باطل قرار پاتی ہے۔

پتہ چلا کہ حق چار یار کا نعرہ امام المفسرین امام فخر الدین رازی نے قرآن کریم سے ثابت ہے لہذا ان کا منکر قرآن کا منکر ہے اور ہے بھی یوں کہ یہ قرآن کریم کو مانتے ہی اگر مانتے تو حق چار یار کو بھی مانتے اور خلفاء ثلثہ پر طعن کر کے اپنی عاقبت خراب نہ کرتے

## صاحب تفسیر قرطبی کی طرف سے آیت مذکور کی وضاحت:

"قال الضحاک فی کتاب النقاش هذه الاية تتضمن خلافة ابی بکر وعمر وعثمان وعلی لانهم اهل الایمان وعملوا الصالحات"۔(1)

ضحاک نے کتاب النقاش میں فرمایا ہے کہ یہ آیت مقدسہ متضمن ہے سیدنا ابو بکر صدیق سیدنا عمر فاروق، سیدنا عثمان غنی اور سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہم کی خلافت کو کیونکہ وہ اہل ایمان ہیں اور انھوں نے اچھے عمل کیے۔ لہذا معلوم ہو گیا کہ صاحب تفسیر قرطبی کے نزدیک بھی اس آیت کریمہ سے مراد حق چار یار ہیں۔

## تفسیر ابن کثیر سے وضاحت:

"فاما هؤلاء فانهم یکونون من قریش یلون فیعدلون وقد وقعت بشارة بهم فی الکتب المتقدمة ثم لایشترط ان

(1) تفسیر الجامع لاحکام القرآن۔ تفسیر قرطبی۔ ج٦ ص٢٩٧ مطبوعه دار احیاء التراث بیروت

Marfat.com

یکونوامتتابعین بل یکون وجودھم فی الامة متتابعاو متفرقاوقد وجد منھم اربعة علی الولاء"۔[1]

حافظ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ وہ حضرات جن کے خلیفہ بنانے کا اللہ تعالی نے ان سے وعدہ فرمایا ہے وہ قریش میں سے ہوں گے عدل وانصاف کرنے والے ہوں گے اور ان کے متعلق پہلی کتابوں میں بھی بشارات دی جاچکی ہیں پھر ان کیلئے پے در پے ہونا شرط نہیں بلکہ کچھ کی خلافت پے در پے ہو گی اور کچھ کی متفرق طور پر اور تحقیق ان خلفاء میں سے حضورا کے چار یار ہیں جو خلافت کر چکے ہیں۔

چار یار کی وضاحت حافظ ابن کثیرؒ نے بھی کر دی ہے یہ نعرہ کتب متقدمہ میں بھی مذکور تھا اور انشاء اللہ قیامت تک لگتا رہے گا اور رافضیوں کے سینوں میں آگ کے شعلے جلاتا رہے گا۔

## بحر العلوم السمرقندی رحمۃ اللہ علیہ:

"یقال نزلت فی شان ابی بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم لیستخلفنھم یعنی:یکونوا خلفاء بعد رسول اللہ واحدا بعد واحد"۔[2]

یعنی کہا گیا ہے کہ آیت استخلاف حضرت ابو بکر صدیق حضرت عمر فاروق حضرت عثمان غنی حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ تا کہ اللہ تعالی ان کو خلیفہ بنائے یعنی وہ حضور علیہ السلام کے بعد یکے بعد دیگرے خلفاء ہوں گے۔

(1) تفسیر ابن کثیر جلد ۴ ص ۵۶۹ مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت
(2) تفسیر السمرقندی جلد ۲ ص ۴۴۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

بحر العلوم کی وضاحت سے بھی یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ آیت استخلاف
مصداق حق چار یار ہیں۔

## قبلہ عالم پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی وضاحت:

سب کو وقتاً فوقتاً اوصاف موجود بہا کے ظاہر ہونے پر صاف صاف معلوم ہو گیا کہ آیت استخلاف وغیرہ میں موعود لھم بالخلافت اور مالک اوصاف مذکورہ فی النصوص یہی حضرات اربعہ ( حق چار یار) رضی اللہ عنہم ہیں۔ واقعات پر غور کرنے سے ہر ایک کو معلوم ہو گیا کہ وعدہ استخلاف کے متحقق اور موجود ہونے کے لئے (آدم علیہ السلام کے زمانہ سے لیکر موجودہ زمانہ تک ) کوئی اور خلافت بغیر خلافت خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم مستحق نہیں۔ (۱)

## حق چار یار کو آیت استخلاف کا مصداق تسلیم نہ کرنے کے مفاسد:

فاتح قادیانیت پیر سید مہر علی شاہ صاحب گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آیت استخلاف کو اگ
خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم کے حق میں نہ مانا جائے تو مفاسد ذیل کا سامنا ہوتا ہے۔

۱۔ خلف در وعدہ الہیہ یعنی معاذ اللہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے سیدنا علی کرم اللہ وجہ حسب اعتقاد شیعی) وسائر آئمہ کے ہاتھوں پر دین مرتضی وپسندیدہ کے قائم کرنے کا وعدہ فرما کر پھر اسے پورا نہ فرمایا اور مستخلفین موعودین کے بجائے ظالمین اور غاصبین دین غیر مقبول کی اشاعت کرتے رہے۔ حالانکہ قرآن شہادت دیتا ہے کہ کبھی وعدۂ خداوندی کے خلاف واقعہ نہیں ہوتا۔

(۱) تصفیہ ما بین سنی وشیعہ ص ۴ قبلہ عالم گولڑوی مقام اشاعت گولڑہ شریف

Marfat.com

حق سبحانہ وتعالیٰ کا اپنے افضل الانبیاء ﷺ کے دین سے ایسا برتاؤ کرنا جو دیگر انبیاء ومفضولین سے جائز نہیں رکھا گیا حالانکہ "لیظھرہ علی الدین کلہ" (تاکہ اسے سب دینوں پر غالب کرے) اور انا لہ لحافظون" (بے شک ہم اس کے محافظ ہیں) اسی دین کے غلبہ اور محفوظ رکھنے کے لیے وارد ہو چکے ہیں یعنی وفات شریف نبوی ﷺ کے روز ہی قبل از تکفین وتدفین غصب وظلم شروع ہو گیا۔

حق سبحانہ وتعالیٰ کا پیشن گوئی مندرجہ آیت استخلاف میں (معاذ اللہ) جھوٹا اور کاذب ہونا۔

آنحضرت ﷺ کی تربیت اور تعلیمات اور آپ ﷺ کی صحبت مبارک کا (معاذ اللہ) اس قدر بے اثر وبے فیض ثابت ہونا کہ آپ ﷺ کے فوراً بعد سوائے چند اشخاص قلیل التعداد کے آپ ﷺ کے جمیع اصحاب مرتد ہو گئے۔ (نعوذ باللہ)

۵۔ اگر خلفاء ثلاثہ غاصب وظالم ٹھہرائے جائیں تو سب روایات واردہ در مدح وثنائے مہاجرین اولین واہل بیعت شجرہ و انصار جو ان خلفاء ثلاثہ کے معاون وناصر تھے (معاذاللہ) بے معنی اور غلط ہوں گی۔ اور کلام الٰہی میں تدلیس ماننا پڑے گی۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ تدلیس سے منزہ ہے۔ ایسے ہی وہ آیات واحادیث جو بالخصوص شخصی طور پر فرداً فرداً ان خلفاء کے بارے میں ہیں وہ بھی غلط ہو جائیں گی۔ (۱)

(۱) تصفیہ ما بین سنی وشیعہ ص ۱۱ مطبوعہ گولڑہ شریف

Marfat.com

## جہلاء متوجہ ہوں:

بعض جہلاء اور ہٹ درم ذاکرین کو یہ کہتے ہوئے سنا گیا ہے۔ کہ حق چار یار کوئی قرآن کی آیت تھوڑی ہی ہے۔ تو فقیر ان سے اتنی بات پوچھ سکتا ہے کہ مفسرین کی تصریحات کے مطابق تو حق چار یار قرآن کی آیت سے ثابت ہے اور آفتاب گولڑہ نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ اگر آیت استخلاف کا مصداق حق چار یار کو نہ مانا جائے تو اللہ تعالی کی پیشن گوئی کا جھوٹا اور کاذب ہونا لازم آتا ہے۔ لہذا ایسے جاہل ذاکرین کو چاہیے کہ رافضیت کا پردہ آنکھوں سے ہٹا کر سنیت کی آنکھ سے دیکھیں تو انشاء اللہ حق چار یار قرآن کریم سے ثابت شدہ نظر آئے گا۔

آیت کریمہ کی تفسیر آئمہ مفسرین کی زبانی کرنے سے یہ بات اظہر من الشمس ہو جاتی ہے کہ چار یاروں کی تخصیص کرنا اور حق چار یار کا نعرہ لگانا قرآن کریم کا فیصلہ ہے۔ جیسا کہ گزر گیا اور یہ کہنا کے حق چار یار قرآن کی آیت تھوڑی ہی ہے ان کا خیال پر ضلال ہے۔

اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی
اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی

لہذا روافض ایران کا جو خمس بذریعہ برطانیہ لیتے ہیں اگر سارا بھی خرچ کر دیں تو حق چار یار کا نعرہ بند نہیں کروا سکتے کیونکہ اعلحضرت کے سگ زندہ ہیں اللہ تعالی ان کی زبانوں سے یہ نعرہ لگواتا رہے گا۔ لہذا ہم تو کہیں گے۔

صدیق ہیں جان صداقت کی فاروق ہیں شان عدالت کی
عثمان ہیں کان مروت کی حیدر کی ولایت کیا کہنا

Marfat.com

## حق چار یار پر قرآن کریم سے چوتھی دلیل:

"وھو الذی خلق من الماء بشرا فجعله نسبا وصھرا وکان ربک قدیراo"۔[1]

اور وہی ہے جس نے پانی سے بنایا آدمی پھر اس کے رشتہ دار اور سسرال مقرر کیے اور تمہارا رب قدرت والا ہے۔[2]

## آیت مذکور کی تفسیر حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے:

"وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم اخبرنی جبرئیل قال یامحمد لما خلق الله آدم وادخل الروح فی صدره امرنی ان اخرج تفاحة من جنات عدن فاخرجتها وعصرتها فی حلق آدم خمس نقط فالنقطة لاولی خلقک منها والثانية ابوبکر والثالثة عمروالرابعة عثمان والخامسة علی و ھو قوله تعالی وھوالذی خلق من الماء بشرافجعله نسباوصھر اوکان ربک قدیرا"۔[3]

سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جبرئیل امین نے مجھے خبر دی ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب اللہ تعالی نے آدم علیہ السلام کی تخلیق فرمائی اور روح کو ان کے سینے میں داخل فرمایا تو مجھے حکم دیا کہ میں جنت عدن سے ایک سیب لے آؤں پس میں ایک سیب لے آیا اور اس سے آدم علیہ السلام کے حلق میں پانچ قطرے

(1) پارہ ۱۹سو الفرقان آیت ۵۴
(2) ترجمہ کنزالایمان
(3) نورالابصار ص ۱۴مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

نچوڑے پس پہلے قطرے سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو پیدا فرمایا دوسرے قطرے سے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو تیسرے سے عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اور چوتھے سے عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو اور پانچویں سے علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو اور یہی مراد ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی وھوالذی خلق من الماء بشرا فجعلہ نسباوصھر اوکان ربک قدیرا۔ پس "بشر" اور "نسب" اور "صھر" سے مراد ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم ہیں۔ (حق چار یار)

قرآن کریم سے حق چار یار کا ثبوت پیش کرنے کے بعد بھی اگر کوئی یہ کہے کہ حق چار یار ۱۹۵۳ء کی ایجاد ہے تو پھر ثابت ہوا کہ یہ قرآن کے منکر ہیں اور ان کا بھی یہی عقیدہ ہے کہ اصل قرآن پاک سیدنا امام مہدی رضی اللہ عنہ لیکر آئیں گے جیسے یہ رافضی خبیث کہتے ہیں کہ کفر کو تاجدار کائنات ابھی ختم نہیں کر سکے البتہ اہل بیت کا ایک شخص آئے گا جو ختم کرے گا (معاذاللہ) تو وہ امام مہدی ہیں تمام انبیاء بلکہ خود قرآن کے متعلق بھی رافضیوں کا یہی عقیدہ ہے کہ قرآن کریم کے چالیس پارے ہیں جن میں سے دس سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بکری کھا گئی تھی اور موجودہ قرآن اصل نہیں بلکہ قرآن سیدنا امام مہدی رضی اللہ عنہ لیکر آئیں گے۔ ماننا تو انکی قسمت میں نہیں مگر کم از کم عوام اہل سنت پر تو انکی اصلیت ظاہر ہو کہ یہ اصل میں کیا ہیں اور لبادہ کون سا اوڑھا ہوا ہے۔ فاضل بریلوی ان کی اصلیت کا پردہ چاک کرتے ہوئے حقیقی آئینہ یوں دکھاتے ہیں۔

ذیاب فی ثیاب لب پہ کلمہ دل میں گستاخی
سلام اسلام ملحد کو کہ تسلیم زبانی ہے

Marfat.com

## حق چار یار پر پنج تن پاک کی مناسبت سے قرآن کریم سے پانچویں دلیل:

"محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم تراھم رکعا سجدًا"۔

محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے۔[1]

## آیت مذکور سے حق چار یار پر استدلال:

وقال بعضھم والذین معہ یعنی ابا بکر اشداء علی الکفار یعنی عمر رحماء بینھم یعنی عثمان تراھم رکعا سجدًا یعنی علی رضوان اللہ علیھم اجمعین۔[2]

اس آیت مقدسہ کی تفسیر کرتے ہوئے بعض حضرات فرماتے ہیں کہ والذین معہ سے مراد ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اشداء علی الکفار سے مراد فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہیں رحماء بینھم سے مراد سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں تراھم رکعا سجدًا سے مراد مولی مشکل کشا سید علی المرتضی رضی اللہ عنہ ہیں۔

---

(1) ترجمہ کنزالایمان

(2) تفسیر سمرقندی ج ۳ ص۲۵۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ۔۔شرف المصطفی ج ٦ ص ۲۴ مطبوعہ دار البشار الاسلامیہ ۔۔۔تفسیر نور العرفان ص۸۲۱ مطبوعہ نعیمی کتب خانہ گجرات ۔۔۔ تفسیر الحسنات ج ٦ ص ۹۰ مطبوعہ ضیاء القرآن لاہور ۔۔۔ ملفوظات مہریہ ص ۱۱۲ مطبوعہ گولڑہ شریف ۔۔۔ فضائل چہار یار ص ۴۱ مطبوعہ لاہور ۔۔۔ غنیۃ الطالبین ص ۱۶۲،۱۶۳مطبوعہ دارلکتب العلمیہ بیروت ۔۔۔منقبت چار یار معہ حسنین غلام دستگیر قصوری ص ۸۴مطبوعہ لاہور۔

Marfat.com

## تاجدار گولڑہ رحمۃ اللہ علیہ کی وضاحت

## خلفاء راشدین کی خلافت کی ترتیب کا لطیف استخراج:

حضرت فرماتے تھے کہ آیت "محمد رسول الله والذین معه اشدآء علی الکفار الخ" میں اللہ تعالی کی طرف سے خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب خلافت کی طرف واضح اشارہ ہے۔ چنانچہ "والذین معه" سے خلیفہ اول "اشدآء علی الکفار" سے حضرت خلیفہ ثانی رحماء بینهم سے حضرت خلیفہ ثالث اور تراهم رکعا سجدا الی اخرہ سے حضرت خلیفہ رابعہ کی صفات مخصوصہ کی طرف اشارہ ہے کیونکہ معیت اور صحبت میں صدیق اکبر کفار پر شدت میں حضرت عمر فاروق حلم و کرم میں حضرت عثمان غنی اور عبادت و اخلاص میں حضرت مولائے علی خصوصی شان رکھتے تھے۔ (1)

## حق چار یار پر قرآن کریم سے چھٹی دلیل:

"ومثلهم فی الانجیل کزرع اخرج شطأه فآزره فاستغلظ فاستوی علی سوقه"۔

اور ان کی صفت انجیل میں جیسے ایک کھیتی اس نے اپنا سٹا نکالا پھر اسے طاقت دی پھر دبیز ہوئی پھر اپنی ساق پر سیدھی کھڑی ہوئی۔ (2)

---

(1) مہر منیر ص ۲۲۴،۲۲۵ مقام اشاعت گولڑہ شریف
(2) ترجمہ کنز الایمان شریف سورۃ الفتح۔آیت نمبر ۲۹ پارہ ۲۶

Marfat.com

آیت مذکور کی تفسیر امام المفسرین عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے:

"عن ابن عباس رضی اللہ عنہما فی قولہ تعالی ومثلھم فی الانجیل کزرع اخرج شطأہ الزرع محمد ا وشطؤہ ابو بکر فأزرہ عمر فاستغلظ بعثمان فاستوی بعلی رضی اللہ عنھم اجمعین۔"[1]

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے آپ اللہ تعالی کے ارشاد گرامی مثلھم فی الانجیل کزرع اخرج شطاہ کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں کہ الزرع سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور شطؤہ سے مراد سیدنا ابو بکر صدیق صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور فأزرہ سے مراد سیدنا عمر فاروق صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور فاستغلظ سے مراد سیدنا عثمان صلی اللہ علیہ وسلم ہیں فاستوٰی سے مراد سیدنا علی المرتضی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

قرآن کریم کی چھٹی آیت مقدسہ سے بھی ثابت ہو گیا عبد اللہ ابن عباس کی تفسیر سے کہ حق چار یار کا نعرہ ۱۹۵۳ء سے نہیں نکلا بلکہ قرآن کریم اور حدیث رسول اور اقوال صحابہ سے ثابت ہے۔ ۱۹۵۳ء سے کہنے والا جاہل بھی ہے بد طینت اور ضال مضل بھی ہے۔

تیرے چاروں ہمدم ہیں یکجان ویکدل
ابو بکر وفاروق عثمان علی ہے رضی اللہ عنہم

---

(1) الریاض النضرہ حصہ اول ص۵۶ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ـــ غنیۃ الطالبین ص ۱۶۳ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

## حق چار یار پر قرآن کریم سے ساتویں دلیل:

"وجعلنا علی ذات الواح ودسر تجری باعیننا"۔ [1]

اور بنایا ہم نے اسکو (نوح علیہ السلام کو سوار کیا کشتی پر) جو تختوں اور کیلوں والی تھی ہماری نگاہوں کے سامنے چلتی رہی۔

## آیت مذکور کی تفسیر امام کسائی رحمۃ اللہ علیہ:

"ذکر الکسائی فی کتابه (قصص الانبیاء) علیهم الصلوة والسلام ان نوحا علیہ السلام کان لما صنع فی السفینة شیئا تأکلها الارضة (دودة اودویبة تاکل الخشب ونحوه) لیلا فشکا الی الله فاوحی الله تعالی الیه اکتب علیها عیونی من خلقی قال یارب وما عیونک من خلقک قال هم اصحاب نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر وعمر وعثمان علی فکتبهم نوح علی جوانبها الاربعة فحفظت"۔ [2]

امام کسائی نے اپنی کتاب قصص الانبیاء علیہم الصلوۃ والسلام میں ذکر کیا ہے کہ بے شک نوح علیہ السلام جب کشتی بناتے تھے تو اسکو رات کے وقت کیڑا کھا جاتا تھا۔ جناب نوح علیہ السلام نے اللہ تعالی کی بارگاہ میں اس کی شکایت کی تو اللہ تعالی نے آپ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ اے نوح علیہ السلام اس کشتی پر میری مخلوق کے خاص اکابرین کے نام لکھ دو جناب نوح علیہ السلام نے عرض کی کہ اے رب ذوالجلال تیری مخلوق کے مخصوص اکابرین کون

---

(1) القمر آیت ۱۳ پارہ ۲۷
(2) نورالابصار صفحہ ۱۴ مطبوعہ بیروت۔۔۔ قصص الانبیاء ص ۴۴،۴۳ مطبوعہ شبیر برادرز لاہور

Marfat.com

سے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا وہ مصطفی کریم ﷺ کے اصحاب ابو بکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم ہیں پس نوح علیہ السلام نے کشتی کے چاروں کناروں پر چار یاروں کے نام لکھ دیئے تو اللہ تعالیٰ نے ان چار یاروں کی برکت سے اس کشتی کی حفاظت فرمائی (یعنی اس کو کیڑے سے محفوظ فرما لیا)۔

آیت مذکور کی تفسیر سے معلوم ہوا کہ جس طرح کشتی کو کیڑے سے بچانے کیلئے چار یار کے نام اس پر لکھنا ضروری ہیں اسی طرح اپنا ایمان بچانے کیلئے چار یار کی محبت کو دل میں سمانا ضروری ہے۔ کیونکہ یہ محبت آتی ہی مومن کے دل میں ہے منافق تو اس سے چڑتا ہے لہٰذا اظہار ایمان اور رافضیوں کو جلانے کیلئے حق چار یار کا نعرہ لگانا ضروری ہے کیونکہ چار یار کا نعرہ جناب نوح کے دور میں بھی لگ چکا ہے اور یہ نعرہ لگانا مسلمانوں کا کام ہے۔

## حق چار یار پر قرآن کریم سے آٹھویں دلیل:

"والعصر ان الانسان لفی خسرہ الاالذین امنوا وعملوا الصالحات وتواصوا بالحق ۵وتواصوابالصبر"۔[1]

اس زمانہ محبوب کی قسم بے شک آدمی ضرور نقصان میں ہے مگر جو ایمان لائے اور اچھے کام کیئے اور ایک دوسرے کو حق کی تاکید کی اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کی۔[2]

## سورۃ العصر کی تفسیر بزبان مصطفی ﷺ:

"وفی تفسیر الخطیب یروی عن ابی ابن کعب انہ قال قرأت علی النبی ﷺ "والعصر" ثم قلت ما تفسیر ھا

(1) سورۃ العصر پارہ نمبر ۳۰
(2) ترجمہ کنزالایمان شریف

Marfat.com

یارسول اللہ: فقال والعصر قسم من اللہ تعالی اقسم ربکم باٰخر النہار"ان الانسان لفی خسر "ابو جہل " الا الذین امنوا ابوبکر وعملوالصالحات عمر وتو اصوا بالحق عثمان وتواصوا بالصبر علی "۔[1]

تفسیر خطیب میں حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں سورہ عصر کی تلاوت کی پھر عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں) اس کی تفسیر کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ "والعصر" اللہ تعالی کی طرف سے دن کے آخری حصہ کی قسم ہے۔ "ان الانسان لفی خسر "سے مراد ابوجہل ہے۔ الا الذین امنوا" سے مراد ابو بکر ہیں "وعملوا الصالحات" سے مراد عمر فاروق ہیں "وتواصو ابالحق "سے مراد عثمان غنی ہیں "وتواصوا بالصبر" سے مراد علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

اب فقیر نے قرآن کریم کی تفسیر صاحب قرآن سید العرب والعجم کی زبان سے نقل کی جس میں تاجدار کائنات نے صراحتاً فرمادیا کہ الا الذین امنو سے لیکر آخر تک اس سے مراد اس سورۃ کا مصداق میرے چار یار ہیں ابو بکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم تو حق چار یار تو قرآن سے ثابت ہے۔

فقیر نے قرآن کریم کی آٹھ آیات سے حق چار یار کا ثبوت پیش کر دیا ہے۔ مگر کوئی یہ سمجھے کہ صرف یہی آیات حق چار یار پر بطور دلیل موجود ہیں۔ نہیں بلکہ اگر کوئی محبت سے دیکھے

(1) نورالابصار صفحہ ۱۳دارلمعافہ بیروت لبنان۔۔۔ نزہتہ المجالس مکتبہ فارقیہ ملہ جنگی پشاور۔۔۔ الریاض النضرہ جز اول ص ۵۷دار الکتب العلمیہ بیروت ۔لبنان۔۔۔ 4تفسیر بحر العلوم سمرقندی ج ۳ ص۵۰۹مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

تو اسے پتہ چل جائے گا کہ کثرت نصوص قرآنیہ حق چار یار پر دلالت کرتی ہیں۔ اور آیات قرآنیہ سے حق چار یار کی صدا آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

> "جیسا کہ سید الاولیاء آفتاب گولڑہ پیر سید مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک نص کیا بلکہ بکثرت نصوص قرآنیہ واحادیث نبویہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام نہ صرف خلافت شیخین رضی اللہ عنہم بلکہ خلافت خلفاء اربع رضی اللہ عنہم پر شاہد ہیں"۔ (1)

اعلحضرت گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت سے ایک تو یہ بات ثابت ہوگئی کہ حق چار یار پر بکثرت نصوص قرآنیہ موجود ہیں اور نصوص قرآنیہ کا منکر کون ہے یہ کسی سے چھپی ڈھکی بات نہیں اور خلفائے اربعہ کا لفظ استعمال کر کے یہ وضاحت فرمادی کہ حق چار کا نعرہ سنیوں کا نعرہ ہے اس سے روکنے والے سنی نہیں ہوسکتے۔

(1) تصفیہ ما بین سنی وشیعہ ص ا مطبوعہ گولڑہ شریف

Marfat.com

# باب سوم

# حق چار یار

## بزبان مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم

### یعنی احادیث نبویہ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حق چار یار کا ثبوت

Marfat.com

حدیث نمبر ا:

"عن عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انا مدینۃ العلم وابو بکر اساسھا وعمر حیطانھا وعثمان سقفھا وعلی بابھالا تقولوافی ابی بکر وعمر وعثمان وعلی الا خیر"۔ (1)

مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں علم کا شہر ہوں اور ابو بکر اس کی بنیاد ہیں اور عمر اسکی دیواریں ہیں اور عثمان اسکی چھت ہیں اور علی المرتضی رضی اللہ عنہم اس کا دروازہ ہیں تم 'ابو بکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم کے بارے میں سوائے خیر کے کچھ نہ کہو۔

حدیث مبارکہ میں تاجدار کائنات نے چار یار کا تذکرہ فرمایا لہذا ثابت ہوا کہ حق چار یار ۱۹۵۳ء سے نہیں چلا بلکہ یہ حدیث رسول سے مستفاد ہے۔

## عارف کھڑی میاں محمد بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

نے اسی حدیث کو بصورت شعر یوں نقل فرمایا ہے:

مسند الفردوسی اندر دیلمی نے آندا
سرور عالم شاہ نبیاں ایہہ آیا فرماندا

---

(1) مسند الفردوس ۴۳ حدیث رقم ۱۰۵ ۔۔ مرقاۃ المفاتیح ملا علی قاری جلد ۱۱ ص ۲۵۳ مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کانسی روڈ کوئٹہ پاکستان ۔۔ نزہۃ المجالس ۔ عبد الرحمن صفوری شافعی حصہ ثانی ص ۳۰۵۔مکتبہ فاروقیہ محلہ جنگی پشاور۔۔ حواشی اشعۃاللمعات لعبد الحکیم شرف قادری ج۷ص ۴۵۸۔۔فتاوی بھرہند ج۱ ص۱۲ ۔۔ مراۃ المناجیح ج۸ ص۳۷۲مطبوعہ لاہور۔۔ مناقب خلفاء راشدین از غلام دستگیر نامی ص ز مطبوعہ لاہور ۔۔تمہیدابوشکور سالمی رحمۃ اللہ تعالی علیہ ص۳۶۵مبطوعہ فرید بک سٹال لاہور۔۔ الصواعق المحرقہ ص۳۴ مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان۔۔ سخن رضا ص ۴۵۱ مطبوعہ مکتبہ دانیال لاہور۔۔میلاد خیرالانام للامام غزالی ص ۷۵ مطبوعہ کرمانوالہ بک شاپ لاہور۔ المقاصد الحسنۃ ص ۲۲مطبوعہ مرکزاہل سنت برکات رضا انڈیا۔ الفتح المبین ص۳۸ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔ اتحاف السادۃ المتقین ج٦ ص ۲۴۴۔ کشف الخفا ج۱ ص ۲۳۵۔ تہذیب تاریخ دمشق ابن عساکر ج۳ ص ۳۸۔ الفتاوی الحدیثیۃ ص ۳۵۵ دار احیاء التراث العربی بیروت۔ اللآلی المصنوعۃ ج۱ ص ۳۳٦۔ بتصرف قلیل حضرات القدس ج۱ ص ۳۰ مطبوعہ قادری رضوی کتب خانہ لاہور

Marfat.com

شہر علم دا میں ہاں یارو ابوبکر بنیاداں
عمر دیوار تے چھت عثمان در حیدر شاداں[1]

## حدیث مذکور کو مقدم کرنیکی وجہ:

اس حدیث رسول ﷺ کو سب سے مقدم کرنیکی وجہ یہ ہے کہ میں نے بعض رافضیوں کو سنا ہے کہ انہوں نے حق چار یار کی مخالفت میں یہاں تک جرأت کر دی ہے کہ حدیث پاک صرف انا مدینہ العلم وعلی بابھا ہے کچھ لوگوں نے اپنی طرف سے تھمھا چھتھا گھڑ رکھا ہے۔(نعوذباالله من هذه السبائیات)

حضرات ایک ہے حدیث مبارکہ کو صرف انا مدینہ العلم وعلی بابھا تک ذکر کر اپنے موضوع کے متعلق بات کرنا یہ تو الگ رہا۔ لیکن حدیث مبارکہ کو جھٹلانا اس کا مذاق اڑانا اور یہ کہنا کہ یہ لوگوں نے اپنی طرف سے گھڑ رکھی ہے اور پھر انداز بھی گستاخانہ، کیا ان لوگوں نے حضور ﷺ کی یہ حدیث مبارکہ نہیں پڑھی کہ نبی کریم ﷺ فرمایا:

"ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بهما کتاب الله وسنة نبیه"۔[2]

میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں اگر تم انہیں مضبوطی سے تھامے رہو گے تو گمراہ نہیں ہو گے ان میں ایک تو اللہ کی کتاب ہے۔ اور دوسری سنت رسول اللہ ﷺ۔

تاریخ شاہد ہے کہ جب تک مسلمانوں نے کتاب و سنت سے قلبی رابطہ قائم رکھا اور انکی اہمیت و عظمت کو پیش نظر رکھا تو کسی فتنے کو سر اٹھانے کی جرأت نہ ہوئی لیکن جب سے

---

(1) هدایت المسلمین ص ، مطبوعه چودری برادرز دینه
(2) موطا امام مالک۔ باب النهی عن القول فی القدر ص۷۰۲،ایضا مستدرک حاکم ج اص ۹۳

Marfat.com

ض کو تاہ اندیشوں نے حدیث رسول ﷺ کو جھٹلانے اور اسکی شہ رگ کو کاٹنے کی ناپاک جسارت کی ہے۔ اسلامی نظام حیات کی برکات سے لوگ محروم ہو گئے ہیں۔ افسوس اس امر کا ہے کہ ایسے خبیث الفطرۃ لوگ تاریخی واقعات کو بڑے کھلے دل کے ساتھ تسلیم کر لیتے ہیں حالانکہ وہ معتبر اور متصل اسانید سے منقول نہیں ہوتے لیکن احادیث نبویہ ﷺ کو نہیں مانتے جبکہ انکی اسانید معتبرہ اور متصلہ ہیں۔ تو منکرین حدیث کی عجیب دورنگی ہے کہ ادھر مصطفی کریم ﷺ کے ساتھ محبت کا دعوی بھی ہے۔ اور ادھر حدیث رسول ﷺ کا انکار بھی۔ حدیث رسول ﷺ کو جھٹلانا، سنت رسول کا مذاق اڑانا مصطفی کریم ﷺ کی گستاخی نہیں تو کیا ہے:

الٹی سمجھ کسی کو بھی ایسی خدا نہ دے
دے آدمی کو موت پر یہ بد ادا نہ دے

حدیث مذکور کو درجنوں اکابرین اہل سنت نے نقل کیا ہے جن میں صاحب مسند الفردوس امام الصوفیا امام غزالی، محدث شہیر ملا علی قاری، امام اہل سنت علامہ ابو شکور محمد بن عبد السعید سالمی امام احمد بن حجر ہیتمی مکی (علامہ ابن حجر نے نہ صرف یہ کہ اس حدیث کو ذکر کیا ہے بلکہ اس حدیث سے "فهذه صريحة في أن أبا بكر أعلمهم" کے الفاظ ذکر کر کے افضل البشر بعد الأنبیاء سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے اعلم فی الصحابہ ہونے پر استدلال بھی کیا ہے) عبد الرحمن صفوری شافعی، غلام دستگیر نامی، مفتی احمد یار خان نعیمی، علامہ عبد الحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ علیہم قابل ذکر ہیں ان اکابرین اہل سنت کی نقل کردہ حدیث کو رد وہ شخص کرے جو عربی عبارت کا ایک صفحہ بھی صحت کے ساتھ پڑھنے کی صلاحیت نہیں رکھتا بلکہ عربی تو عربی رہی فتاویٰ رضویہ کی اردو عبارت کا ایک صفحہ سمجھنے سے بھی قاصر ہے۔ تو فیصلہ عوام کرلیں "جھوٹا کون اور سچا کون" کیونکہ غوث اعظم رضی اللہ عنہ بڑے واضح الفاظ میں فرمایا کرتے تھے:

Marfat.com

ومن یترک الآثار قد ضل سعیه
وھل یترک الآثار من کان مسلما

جو شخص سلف صالحین کے نشان قدم کو چھوڑ دے اسکی محنت رائیگاں جاتی ہے۔ اور کیا کوئی مسلمان سلف صالحین کے آثار ونشانات کو چھوڑ سکتا ہے؟[1]

## لاعلمی کا بہانہ:

اس بات کا بھی رد کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی کہے کہ مجھے یہ حدیث نہیں ملی میرے علم میں نہیں تھا اس لئے میں نے انکار کر دیا ہے۔ تو میں پوچھنا چاہوں گا کہ کیا حدیث کے متعلق یہ ضابطہ ہے کہ اگر کسی کے علم میں نہ ہو تو وہ شخص حدیث رسول کا انکار کر دے اور یہ کہہ دے بڑے طمطراق کے ساتھ کہ یہ لوگوں نے اپنی طرف سے گھڑ رکھی ہے۔ کیونکہ حدیث کا ضروری علم رکھنے والا شخص اس بات سے بخوبی آگاہ ہے تو اس سے اتنی بات سمجھ آتی ہے کہ حضرت تو حدیث رسول ﷺ کا ضروری علم اور ذوق بھی نہیں رکھتے چہ جائیکہ محدث بن کر احادیث رسول ﷺ کا بڑے طمطراق سے انکار شروع کر دیں۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر کسی آدمی کی علمی استطاعت اتنی بھی نہیں کہ وہ مشکوۃ شریف کی اردو شرح بھی دیکھ سکے۔ کہ مفتی صاحب نے کیا لکھا ہے، تو ایسے شخص کیلئے مبلغ اور مفتی بننا تو بڑے دور کی بات ہے بلکہ اس کے لئے وعظ کرنا بھی حرام ہے۔ کیونکہ وہ خود بھی گمراہ ہے اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنے والا ہے۔

## جاہل مفتی یعنی مفت سے مفتی:

(1) قلائد الجواہر فی مناقب شیخ عبد القادر ص۴۱ تحت ادعیہ مطبوعہ شبیر برادرز لاہور

Marfat.com

"عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ قال یخرج فی اخرالزمان قوم رؤسا جھّالایفتون الناس فیضلون ویضلون"۔[1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آخری زمانہ میں کچھ لوگ پیدا ہوں گے جو سردار اور جاہل ہوں گے وہ لوگوں کو فتوی دیں گے خود گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو گمراہ کریں گے۔ مفت کے مفتیوں کا حال حدیث مبارکہ سے واضح ہے۔

## مولی مشکل کشاء سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا فرمان عالیشان:

"قال علی لقاص:أتعرف الناسخ من المنسوخ ؟قال لاقال ھلکت وأھلکت"۔[2]

سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے قاص کو فرمایا کہ کیا تو ناسخ و منسوخ کی معرفت رکھتا ہے تو اس نے کہا نہیں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو خود بھی ہلاکت میں ہے اور دوسروں کو بھی ہلاکت میں ڈالنے والا ہے۔

## سیدی و مولائی اعلحضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ:

عرض! کیا واعظ کرنے والے کا عالم ہونا ضروری ہے؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا غیر عالم کو وعظ کرنا حرام ہے اور اعلحضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ساتھ ہی عالم کی تعریف بیان فرمائی کہ عالم وہ ہے جو عقائد سے پورے طور پر

(1) کنزالعمال ج ۱ ص ۱۱۹
(2) الاتقان فی علوم القرآن ص ۷۱۵مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت

Marfat.com

واقف ہو اور مستقل ہو اور اپنی ضروریات کو کتاب سے نکال سکے بغیر کسی کی مدد کے۔[1]

مذکورہ بحث سے ثابت ہوا کہ ایسے ذاکرین جو کیسٹوں سے اپنی ضروریات نکالتے ہیں کتاب سے نکالنے کی صلاحیت نہیں رکھتے ان کے لیے واعظ کرنا حرام ہے کیونکہ یہ "ضلو فاضلوا" کا مصداق ہیں اور جب صورت یہ ہو تو منہ سے ایسی ہی بدحواسیاں نکلا کرتی ہیں۔

## حق چار یار کا نعرہ تخلیق نور محمدی ﷺ کے وقت:

"وروی عن النبی ﷺ انه قال لابی بکر رضی اللہ عنہ یا ابا بکر خلقنی الله عزوجل من جوهرة من نور فنظر الیها الرب جل جلاله وتقدست اسماؤه وواقفنی بین یدیه فاستحییت منه فعرقت فسقط منی اربع نقط فخلقک یاابابکر من اول نقطة وخلق عمر من الثانیه وخلق عثمان من الثالثة وخلق علیا من الرابعة ۔فنورک یا ابا بکر ونور عمر وعثمان وعلی من نوری"۔[2]

صاحب نورالابصار بحوالہ الروض الفائق تاجدار کائنات ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے نوری جوہر سے پیدا فرمایا پھر اس کی طرف اپنی نظر رحمت فرمائی اور مجھے اپنے حضور میں رکھا پس مجھے حیاء کی وجہ سے پسینہ آگیا اور مجھ سے چار قطرے گرے۔ اے ابو بکر رضی اللہ عنہ پہلے قطرے سے اللہ نے تجھے پیدا فرمایا دوسرے سے عمر رضی اللہ عنہ تیسرے سے عثمان غنی رضی اللہ عنہ چوتھے قطرے سے مولی علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو پیدا فرمایا

(1) ملفوظات ص۲۰ مطبوعہ مکتبہ امام احمد رضا کراچی
(2) الروض الفائق نورالابصار ص۱۵ مطبوعہ بیروت۔۔۔الصواعق المحرقہ ص ۸۳ مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان

Marfat.com

پھر فرمایا اے ابو بکر تمہارا عمر فاروق کا عثمان غنی کا اور علی شیر خدا رضی اللہ عنہم کا نور میرے نور سے ہے۔

صدیق عکس حسن کمال محمد است
فاروق ظل جاه وجلال محمد است
عثمان ضیائے شمع جمال محمد است
حیدر بہار باغ خصال محمد است

"وفی بحر العلوم عن ابن عباس رضی اللہ عنہما لما خلق اللہ آدم ظهر فی ظهره نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم فکا نت الملائکة تقف خلفه ینظرون الی نور محمدخاتم الانبیاء الذی اخرجه من ظهره قال یارب اجعل نوره بحیث اراه فظهر فی سبابته ، فقال یارب هل بقی فی ظهری من هذا النور شئی؟قال نعم نور اصحابه قال یارب اجعله فی بقیة اصابعی فجعل نور ابی بکر فی الوسطی ونور عمر فی البنصر ونور عثمان فی الخنصر ونور علی فی الابهام وکان آدم ینظرالی تلک الانوار تتلألا فی خلال اصابع یمینه الی ان اکل من الشجرة وعوقب بذلک فنقل ذلک کله الی ظهره"۔(1)

اور بحر العلوم میں سیدنا حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب اللہ تعالی نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور انکی پشت مبارک میں سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نور پاک ظاہر ہونے لگا تو ملائکہ ان کے پیچھے کھڑے ہو کر خاتم الانبیاء محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور مبارک کو دیکھنے لگے جو حضرت آدم علیہ السلام کی پشت مبارک میں ظاہر کیا گیا تھا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب اس نور مبارک کو ایسی جگہ رکھ دے جہاں سے میں

(1) نور الابصار ص۱۵۔۱۶مطبوعہ بیروت

Marfat.com

اسے دیکھ سکوں پس وہ نور انکی سبابہ یعنی انگشت شہادت میں ظاہر ہوا آدم علیہ السلام نے اللہ تعالی کی بارگاہ میں عرض کی اے رب ذوالجلال میری پشت میں اس نور سے کچھ نور باقی بھی رہا ہے ۔ ارشاد ہوا ہاں انکے اصحاب کا نور (باقی ہے) عرض کی اے میرے پروردگار اسے میری انگلیوں میں رکھ دے اللہ تعالی نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے نور کو درمیان والی انگلی میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے نور کو اسکی ساتھ والی انگلی میں اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے نور کو سب سے چھوٹی انگلی میں اور سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے نور کو انگوٹھے میں ظاہر فرمایا۔ سیدنا آدم علیہ السلام ان نوروں کو دیکھا کرتے تھے اور یہ انوار ان کی دائیں ہاتھ کی انگلیوں میں چمکتے رہے حتی کہ شجر ممنوعہ سے تناول فرمانے پر تمام انوار دوبارہ آپکی پشت مبارک میں منتقل کر دیئے گئے۔

اس حدیث مبارکہ سے یہ بات اظہر من الشمس ہو جاتی ہے کہ چار یار کا نعرہ تو اسی وقت بھ لگا تھا جب نور محمدی کی تخلیق ہوئی اور ان چار یاروں کے نور کو جناب آدم کی پشت میں رکھ گیا۔ اور یہ نور آدم علیہ السلام کی انگلیوں میں چمکتا رہا۔ اور حق چار یار کا پرچار ہوتا رہا ہے تو کیا آپکے نزدیک ۱۹۵۳ کے بعد کا واقع ہے۔ نہیں ہرگز نہیں تو پتہ چلا کہ چار یار کا تذکرہ بہت پہلے کا ہے جو کہے کہ ۱۹۵۳ء کے بعد کا ہے تو وہ کذاب ہے اور " لعنة الله على الکاذبین "کے ضمرے میں آتا ہے۔ یہاں اس بات کی وضاحت بھی ضروری سمجھتا ہوں کے حق چار یار کے ٹھکیدار اور پنج تن پاک کے گستاخ حضور کے نور کے ہونے کو بھی ملاحظہ فرمالیں کہ حضور کا نور ہونا تو الگ بلکہ آپکے چار یار بھی نور ہیں۔

## حق چار یار نوح علیہ السلام کے دور میں:

معارج میں ہے کہ جب نوح علیہ السلام کشتی تیار کرنے پر مامور ہوئے تو فرمان الہی پہنچا کہ ایک ہزار ایک سو بیس تختے ترتیب دیجیئے اور ہر تختے پر ایک ایک نبی کا نام لکھ دیجیئے حضرت نور

...علیہ السلام نے بموجب حکم الٰہی تمام تختوں پر انبیاء علیہم السلام کے نام لکھے، صبح اٹھ کر سب کو محو پایا، نہایت حیران و پریشان ہوئے اور پھر دوسرے روز سب کے نام لکھے پھر محو پایا بہت مضطر ہوئے کہ ہر روز محنت رائیگاں ہوتی ہے، وحی الٰہی آئی حکم ہوا کہ اے نوح علیہ السلام ان اسماء کو ہمارے نام سے ابتداء کرو اور ہمارے حبیب علیہ السلام پر ختم کرو، یہ نام محو ہونے سے محفوظ رہیں گے، اس کے بعد آپ روزانہ کی پریشانی سے بچیں گے، چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام نے ایسا ہی کیا کہ سب سے پہلے نام الٰہی لکھا اور بعد ازاں حضور سید دو جہاں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام منقوش کیا، جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی منقوش فرما چکے، تو ملاء اعلیٰ نے ندا دی "یانوح الان قد تمت سفینتک" یعنی اے نوح علیہ السلام اب آپ کی کشتی تمام اور کامل ہوئی، حضرت مولانا جامی قدس سرہ السامی فرماتے ہیں۔

زجودش گر نگشتے راہ مفتوح
بجودی کے رسیدے کشتی نوح

کشتی نوح کے تمام تختے جوڑ دیئے گئے تو آخر میں صرف چار تختوں کی جگہ باقی رہ گئی تو حضرت جبریل علیہ السلام سے مشورہ کیا کہ ان چار تختوں پر کن اسماء کو لکھا جائے، حضرت جبریل نے فرمایا اے شیخ امام الانبیاء سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے چار دوست ہوں گے (ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم) ان تختوں پر ان کے نام لکھ دیئے جائیں، یہ چار نام اسلام کے درخشاں ستارے ہیں، ان اسماء کی برکت سے آفات سماوی سے محفوظ رہا جا سکتا ہے چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام کی یہ عظیم الشان کشتی انبیاء کرام کے اسماء گرامی اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام سے معمور ہو گئی، ان پاکیزہ ناموں کی برکت سے اس تاریخی طوفان سے نجات پائی۔ (1)

(1) مدارج النبوۃ ج ۱

Marfat.com

فائدہ: اس طرح اگر انسان اللہ تعالیٰ کی محبت اور انبیاء علیہم السلام کی تصدیق سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور چار یار رسول کی الفت سے آراستہ نہ ہوگا اور اس کے دل پر یہ اسماء نقش نہ ہوں گے تو طوفان برزخ سے اپنے آپ کو سلامت نہیں لے جاسکے گا۔

## حق چار یار کا نعرہ عرش پر:

''عن جعفر ابن محمد عن ابی عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الاانبئکم بما علی العرش مکتوب قلنا بلی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال علی العرش مکتوب لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ابوبکر الصدیق عمر الفاروق عثمان الشھید علی الرضا''۔(1)

حضرت امام جعفر صادق بن محمد باقر اپنے باپ دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمہیں اس چیز کی خبر نہ دوں کہ عرش پر جو لکھا ہے ہم نے عرض کی یا رسول اللہ کیوں نہیں آپ نے فرمایا عرش پر لکھا ہوا ہے **لا الہ الااللہ محمد رسول اللہ**۔ ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان شہید، علی الرضا رضی اللہ عنہم۔

لیکن مسئلہ یہ ہے کہ عرش پر رافضیوں کا کیا کام کہ یہ حق چار یار وہاں پر لکھا ہوا دیکھیں کیونکہ یہ تو ''اسفل السافلین'' کی مصداق قوم ہے عرش پر جانا ہے تو سنیوں نے اور کر یہ نعرہ لگانا ہے کہ

چراغ و مسجد و محراب و منبر
ابوبکر و عمر عثمان و حیدر

---

(1) شرف المصطفی ج ۶ ص۲۶۱ ابوسعد عبدالملک بن ابی عثمان متوفی ۴۰۶ھ مطبوعہ دارالبشائر الاسلامیہ۔۔۔ ریاض النضرہ ص۵۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت)

Marfat.com

## حق چار یار کا نعرہ لواء الحمد پر:

"عن ابن عباس رضی اللہ عنہما سئل النبیا عن لواءِ الحمد فقال له ثلاث شقاق کل شق منهما ما بین السما ء والارض علی الثلثة الاولی مکتوب بسم الله الرحمن الرحیم وفاتحة الکتاب وعلی الثانیه لا اله الا الله محمد رسول الله وعلی الثالثة ابو بکر الصدیق عمر الفاروق عثمان ذوالنورین علی مرتضی"۔ (1)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے لواء الحمد کے بارے میں سوال کیا گیا تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس کے تین پرت ہوں گے اور ان میں سے ہر ایک کا گوشہ زمین وآسمان کے درمیان ہو گا پہلے پر بسم الله الرحمن الرحیم اور سورہ فاتحہ لکھی ہو گی دوسرے پر "لا اله الا الله محمد رسول الله" لکھا ہوا ہے اور تیسرے پر ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان ذوالنورین اور علی مرتضی رضی اللہ عنہم (حق چار یار) لکھا ہوا ہے۔

## حوض کوثر پر حق چار یار کا راج:

"روی عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ عن البنی صلی اللہ علیہ وسلم انه قال ان لحوضی اربع ارکان رکن منه فی ید ابی بکروالثانی فی ید عمروالثالث فی ید عثمان والرابع فی ید علی رضی اللہ عنہم فمن احب ابا بکروابغض عمر لم یسقه ابو بکرومن احب عمر وابغض ابا بکر لم یسقه عمر ومن احب عثمان وابغض علیا لم یسقه عثمان ومن احب علیا وابغض عثمان لم یسقه علی ومن احسن القول فی ابی بکر فقد اقام

(1) ریاض النضرہ ص ۵۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

الدین ومن احسن القول فی عمر فقد اوضح السبیل ومن احسن القول فی عثمان فقدا ستنار بنور رب العالمین ومن احسن القول فی علی فقد استمک بالعروۃ الوثقی ومن احسن القول فی اصحابی فھو مؤمن ومن اساء القول فی اصحابی فھو منافق"۔(1)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک میرے حوض (کوثر) پر چار (طرف) پیالے ہوں گے ایک پیالہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں ہو گا اور دوسرا عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں ہو گا اور تیسرا عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں ہو گا اور چوتھا علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں ہو گا۔ جو شخص ابو بکر رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہو گا اور عمر رضی اللہ عنہ سے بغض تو ابو بکر رضی اللہ عنہ اسے نہیں پلائیں گے اور جو عمر رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہو گا ار ابو بکر رضی اللہ عنہ سے بغض عمر رضی اللہ عنہ اسے نہیں پلائیں گے اور جو عثمان رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہو گا اور علی رضی اللہ عنہ سے بغض تو عثمان رضی اللہ عنہ اسے نہیں پلائیں گے اور جو علی رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہو گا اور عثمان رضی اللہ عنہ سے بغض تو علی رضی اللہ عنہ اسے نہیں پلائیں گے، جس نے ابو بکر رضی اللہ عنہ کے حق میں اچھی بات کی تو تحقیق اس نے دین کو قائم کیا اور جس نے عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں اچھی بات کی تو اس نے سیدھی راہ کو واضح کیا اور جس نے عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق اچھی بات کی تو اس نے اپنے آپکو رب العالمین کے نور سے منور کر لیا اور جس نے علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں اچھی بات کی تو اس نے دین کی مضبوط رسی کا سہارا لے لیا اور جس نے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں اچھی بات کی وہ مؤمن ہے اور جس نے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں بری بات کی وہ منافق ہے۔

(1) کنز العمال ۔ریاض النضرہ ص۵۳۔۔ شرف المصطفی ج۶ص۳۰ دارالبشائر الاسلامیہ، اسدالغابہ ص۸۸، تاریخ ابن عساکر ج۳۰ص۱۰۷۔۔ مصباح الظلام ص۱۱۵ مطبوعہ لاہورمصنف محمد بن موسی المراکشی متوفی ۶۸۲

Marfat.com

وض کوثر کے جام تو چار یاروں کے پاس ہوں گے وہ ملیں گے اہل سنت وجماعت کو کیونکہ
ق چار یار کو ماننے والوں کو ہی مل سکتے ہیں۔ اور منکرین تم پریشان نہ ہونا کیونکہ جنت کے
پڑوس میں ایک جگہ ہو گی جہاں پر رافضیوں اور دیگر بد مذہبوں کیلئے پیپ اور خون پیاس
بجھانے کیلئے وافر مقدار میں موجود ہو گا۔ "مقدر اپنا اپنا۔۔۔ نصیب اپنا اپنا"

## حق چار یار اور سبق آموز واقعہ:

مصباح الظلام میں ہے حضرت ابو عبد اللہ فرماتے ہیں کہ میں ایک سال حج کے لیے حرم کعبہ پر پہنچا۔ معلوم ہوا کہ ایک شخص کو عرصہ گذر گیا ہے وہ پیاسہ نہیں ہوتا۔ میں اس کی زیارت کو حاضر ہوا اور اس کا سبب پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ میں (رافضی شیعہ) تھا۔ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ قیامت ہو گئی ہے اور لوگ پیاس سے مر رہے ہیں میں بھی پیاس سے مارا مارا پھر رہا تھا پانی کی تلاش میں حوض کوثر پر پہنچا وہاں سیدنا ابو بکر و سیدنا عمر و سیدنا عثمان و سیدنا علی رضی اللہ عنہم کا پہرہ تھا صرف وہی پانی پلانے پر مامور تھے۔ میں حسب عقیدہ سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے حضور میں حاضر ہوا۔ لیکن آپ نے مجھے دیکھ کر منہ پھیر لیا اس کے بعد میں اصحاب ثلاثہ کی خدمت میں گیا انہوں نے بھی روگردانی فرمائی اس کے بعد سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچا اور عرض کی۔

> مجھے سخت پیاس نے گھیرا ہے اسی لئے میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا لیکن انہوں نے بے رخی فرمائی ہے۔ سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تمہیں کیسے پانی پلاتے جب کہ تو میرے صحابہ سے بغض رکھتا ہے۔ میں نے عرض کی کیا اب میری توبہ قبول ہو سکتی ہے۔ آپ نے فرمایا کیوں نہیں اور فرمایا تو سچے دل سے تائب ہو جا پھر میں تمہیں شرابا طہورا پلاؤں گا جس سے تجھے زندگی بھر پیاس نہ لگے گی میں اس وقت تائب ہوا آپ نے مجھے ایک پیالہ عنایت فرمایا میں نے وہ پیالہ پی

Marfat.com

لیا۔ اس کے بعد مجھ سے پیاس کا نام و نشان بھی مٹ گیا۔ اب چاہوں تو پانی پی لوں ورنہ ضرورت نہیں رہی۔ (1)

"فاعتبروا یأولی الابصار"

## چار یاروں کی محبت صرف مؤمن کے دل میں ہوتی ہے:

"عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم لايجتمع حب هؤلاء الاربعة الافی قلب مومن ابو بكز وعمر وعثمان وعلى رضی اللہ عنہم۔ وهكذا بتغير قليل"۔ (2)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان حق چار یار کی محبت نہیں جمع ہو گی سوائے مؤمن کے دل میں (وہ چار یہ ہیں) ابو بکر و عمر اور عثمان و علی رضی اللہ عنہم۔

## حق چار یار کی مخالفت کرنے والا اللہ کا دشمن ہے:

"وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم يحبهم يعنی الاربعة اولياء الله ويبغضهم اعداء الله"۔ (3)

---

(1) شواہدالحق ص ۲۶۳ مطبوعہ لاہور

(2) فی الصواعق المحرقه ص۱۲۵ مطبوعه كتب خانه مجيديه ملتان۔۔شرف المصط[فی] ص۹اج۶ مطبوعه دارالبشائر الاسلاميه ۔۔طبرانی ج۱۱ص۶۳۷۔۔فضائل للامام احمد ص ۶۷۰،تاريخ عساكرج ۳۹ ص ۱۲۶،حلية الاولياء ج ۱۱ص ۲۱۳۔ الفتح المبين ص ۴۳۔۵۰ مطبوعه دار الفكر بيروت، مس[ند] الشامين ج۳ ص۲۹۷ موسسة الرسالة بيروت، فضائل الخلفاء الراشدين لابی نعيم اصفهانی ص ۹ حديث ۲۳۱، جامع الاحاديث رقم ۱۷۴۹۲، ۱۷۴۹۳، كشف الخفاء ج۲ ص ۳۷۱ رقم ۳۱۰۶، كنز العمال ۳۳۱۰۳، ۳۶۰۳۵، جمع الجوامع رقم ۱۵۵۷، سبل الهدى والرشاد ج۱۱ ص ۲۴۲ دارالكتب العلميه بيروت۔

(3) الرياض النضره ص ۴۸ مطبوعه دارالكتب العلميه بيروت

Marfat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان چاروں سے محبت کرنے والے اللہ تعالیٰ کے دوست ہیں اور ان سے بغض رکھنے والے اللہ کے دشمن ہیں۔

پتہ چلا کہ حق چار یار کا نعرہ لگانے والے اللہ کے دوست اور حق چار یار سے منع کرنے والے اللہ کے دشمن ہیں۔

اور حدیث مذکورہ سے واضح ہوا کہ چار یار کی محبت مومن کے دل میں جمع ہوتی ہے اسی لئے مؤمن حق چار یار کا نعرہ لگاتے ہیں اور جو حق چار یار سے روکتے ہیں ان کے دل میں چار یار کی محبت نہیں جب چار یار سے محبت نہیں تو مومن نہیں کیا ہیں وہ فیصلہ روافض خود کرلیں اور جیسا کے آئندہ حدیث سے بھی واضح ہے۔

## حق چار یار سے بغض رکھنے والا فاجر:

"عن علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال له یا علی ان الله امرنی ان اتحذ ابا بکر وزیرا وعمر مشیرا وعثمان سندا وایاک ظهیرا انتم اربعة فقد اخذ الله میثاقکم فی ام الکتاب لا یحبکم الا مؤمن ولا یبغضکم الا فاجر انتم خلائف نبوتی وعقدة ذمتی وحجتی علی امة لاتقاطعوا ولاتدابروا ولا تعاقوا"۔[1]

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں ابو بکر رضی اللہ عنہ کو اپنا وزیر بناؤں اور عمر رضی اللہ عنہ کو مشیر اور عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنا

(1) الریاض النضره ص۴۸مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت، روح البیان ج۹ ص ۲ سورة الفتح آیت ۲۹ دار احیاء التراث العربی بیروت، جامع الاحادیث رقم ۲۶۱۳۴، ۳۳۹۸۹، کنز العمال ۳۳۰۶۹، ۳۶۲۰۳، جمع الجوامع رقم ۱۰۶۳

Marfat.com

سہارا بناؤں اور تمہیں اپنا مددگار تم چار ہو (حق چار یار) اللہ تعالی نے تم سے ام الکتاب (لوح محفوظ) میں وعدہ لیا ہے تمہارے ساتھ کوئی محبت نہیں کرے گا سوائے مومن کے اور تمہارے ساتھ کوئی بغض نہیں رکھے گا سوائے فاجر کے تم میرے نبوت کے خلیفہ ہو اور تم میری ذمہ داری (میرے وعدہ) کے پاسباں ہو اور تم میری امت کی حجت اور دلیل ہو آپس میں ایک دوسرے سے قطع تعلق نہ کرنا، ایک دوسرے سے پیٹھ نہ پھیرنا ایک دوسرے سے دوری اختیار نہ کرنا۔

روافض سے پوچھا جائے کہ حق چار یار کو تو حضور نے اپنی امت کیلئے حجت اور دلیل قر ہے اور تم انکی مخالفت کر رہے ہو چہ جائیکہ کہ انکو مانوان سے محبت کرو پھر انکو حجت تسلیم کرو۔ ہاں البتہ یہ بات واضح ہے کہ امت اجابت تو انکو حجت مانتی ہے اور مانتی ر حق چار یار کا نعرہ لگاتی رہے گی امت دعوت والے نہ مانیں تو انکی مرضی ہمارا اس می نقصان ہے۔

بتا اے عقل انسانی حل کوئی اس معمے کا
عقل کچھ اور کہتی ہے رافضی کچھ اور کہتے ہیں

## حق چار یار کی محبت نماز کی طرح فرض ہے:

”عن علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالی عزوجل افترض علیکم حب ابی بکر وعمر وعثما ن وعلی کما افترض علیکم الصلوۃ والزکاۃ والصوم والحج فمن ابغض واحدا منھم لم یقبل اللہ لہ

Marfat.com

صلاة ولازكاة ولا صوما ولا حجا ويحشر من قبره الى النار"۔[1]

سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی، اور مولیٰ علی رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا تم پر ایسے فرض فرمادیا ہے جیسے نماز، زکوۃ اور حج فرض فرمایا ہے جس نے ان میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی بغض رکھا اللہ تعالیٰ اسکی نماز، زکوۃ، روزہ اور حج قبول نہیں فرمائے گا اور اسے قبر سے اٹھا کر سیدھا دوزح میں بھیجے گا۔

روافض چار یار سے جلتے اس لئے ہیں کہ یہ ڈائریکٹ جہنم میں جانا چاہتے ہیں کیونکہ حوض کوثر پر تو چار یاروں کا راج ہو گا (کمامر) اور چار یار کے منکروں کو وہاں سے تو کچھ نہیں ملے گا۔

## ترتیب افضلیت اور حق چار یار بزبان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم:

"عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ان الله اختار اصحابى على العلمين سوى النبيين والمرسلين واختارلى من اصحابى اربعة ابابكر وعمر وعثمان وعليا فجعلهم خير اصحابى وفى اصحابى كلهم خير واختا ر امتى على الامم واختار من امتى اربعة قرون الاول والثانى والثا لث والرابع"۔[2]

---

(1) الفتح المبين ص ۵۳ دار الفكر بيروت، نور الابصار ص۱۶مطبوعه بيروت --- الصواعق المحرقه ص ۸۱ مطبوعه كتب خانه مجيديه ملتان، الشريعة ص ۴۳۱، مطبوعه دار الحديث قاہره۔ الاساليب البديعه ص۴۶۴۔۴۶۳ مطبوعه الحقيقه استنبول، محض الصواب فى فضائل امير المومنين عمربن الخطاب ج۳ ص ۹۳۱ المدينة المنورة، الرياض النضرة ص ۱۹۔ اصدق التصديق ص ۲۰ مطبوعه جمعيت اشاعت اہل سنت کراچی۔

(2) الشفاء ج ۲ ص ۴۲،الرياض النضره ص۴۷ مطبوعه دار الحديث العلميه بيروت، مجمع الزوائد ج ۹ ص ۴۳۷ رقم ۱۶۳۸۳قال ہیثمی رواة البزار ورجاله ثقات وفى بعضهم خلاف، بيان الوهم والايهام

Marfat.com

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالی نے سب جہان والوں پر چن لیا ہے سوائے انبیاء و مرسلین کے اور میرے صحابہ کو اور ان میں سے چار ( حق چار یار ) کو میرے لئے چن لیا ہے یعنی ابو بکر اور عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کو اور میرے صحابہ سب ہی بہتر ہیں اور میری امت کو سب امتوں پر پسند فرما لیا ہے اور میری امت میں سے چار زمانوں کو پسند کر لیا ہے خلیفہ اول کا زمانہ اور دوسرے خلیفہ کے زمانہ اور تیسرے خلیفہ کے زمانہ اور چوتھے خلیفہ کے زمانہ کو۔

پتہ چلا کہ چار کا انتخاب اللہ تعالی نے اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے فرمایا ہے لہذا جو حق چار یا[ر] سے روکتا ہے وہ خدا کے امر کردہ مسئلہ کو روکتا ہے وہ خدا کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہتا ہے او[ر] جو خدا سے مقابلہ کرے وہ کون ہے ؟ وہ خدا کیساتھ مقابلہ کرنے والوں بڑوں کیسات[ھ] کسی نہ کسی طرح ضرور تعلق رکھتا ہے۔ (فتامل)

یہ حدیث مبارکہ جب مناظرہ میں شفاء شریف کے حوالہ سے پیش کی گئی تو منکرین حق چا[ر] یار کی طرف سے اس پر یہ اعتراض کیا گیا کہ امام ذہبی نے میزان الاعتدال میں اس حدیث کو موضوع (من گھڑت) لکھا ہے۔ امام ذہبی لکھتے ہیں :

---

ج ۴ ص ۶۷۷ رقم ۲۲۴۱، فضائل الخلفاء الراشدین لابی نعیم الاصفہانی ص ۳۵۶ رقم ۲۸۸، تفسیر قرطبی ج۱۶ ص ۲۹۷ تحت سورہ فتحھ آیت ۲۹ عن جابر مرفوعا صحیحا، کشف الاستار عن زوائد البزار ج ۳ ص ۱۳۴، تاریخ بغداد ج ۳ ض ۱۶۲رقم ۱۲۰۷ترجمہ محمد بن فارس بن محمد بن محمود، تہذیب الکمال ج۱۵ ص ۱۰۴ رقم ۳۳۳۶ ترجمہ عبد اللہ بن صالح بن محمد، تہذیب التہذیب ج۵ ص ۲۲۷، شرح مذاہب اہل السنۃ ابن شہین ج۱ ص ۲۴۳رقم ۱۵۷، اصول السنہ ابن ابی زمنین ج۱ ص ۲۷۰ رقم ۱۹۱، موضع اوہام الجمع والتفریق لخطیب بغدادی ج۲ ص ۳۰۴، ج۲ ص ۳۱۲، الاصابہ فی تمییز الصحابہ ج۱۴ ص ۱ وقال رجالہ موثقون، تاریخ الاسلام لامام ذہبی ج۱۶ ص ۲۲۸، ریاض النضرۃ ج۱ ص ۱۷، تاریخ دمشق ابن عساکر ج۲۹ ص ۱۸۴ ترجمہ عبد اللہ بن صالح،معض الثواب فی فضائل امیر المومنین عمر بن الخطاب لابن مبرد ج۱ ص ۲۳۹، منہاج القاصدین موفق الدین ص ۱۶ قلمی، الروض الانیق فی فضائل الصدیق ج۱ ص ۳، فتح المغیث ج ۳ ص ۱۱۱ باب معرفۃ الصحابہ رجالہ موثقون، الخصائص الکبری ج ۲ ص ۳۰۲، سبل الھدی ج۱۰ ص ۳۲۹، کتاب الشریعہ لامام آجری۔

Marfat.com

قد قامت القیامة علی عبد اللہ ابن صالح بھذا الخبر الذی قال حدچنا نافع عن زبرة بن معبد عن سعید بن المسیب عن جابر مرفوعا ان اللہ اختار اصحابی علی العالمین سوی النبیین والمرسلین واختار لی منہم اربعة ابابکر وعمر وعثمان وعلیا فجعلہم خیر اصحابی وفی اصحابی کلہم خیر

آگے لکھتے ہیں:

قال النسائی حدث ابوصالح بحدیث ان اللہ اختار اصحابی ہوموضوع

امام نسائی فرماتے ہیں یہ روایت موضوع ہے من گھڑت ہے۔[1]

جواب: آیئے اس حدیث مبارکہ کا جائزہ لیتے ہیں کہ حقیقت حال کیا ہے لیکن تفسیر سے قبل اتنی بات کی وضاحت ضروری ہے کہ منکرین حق چار یار جھوٹ میں اپنا ثانی نہیں رکھتے کیونکہ مناظرہ میں اگرچہ حوالہ تو میزان الاعتدال کا ہی دیا تھا لیکن گلفشانی یہ فرمائی تھی کہ امام نسائی نے اسے موضوع کہا ہے جبکہ روداد مناظرہ میں ص ۲۶ پر یہ لکھا ہے کہ امام ذھبی نے اسے موضوع کہا ہے جبکہ امام ذھبی نے اس روایت کی توثیق کی ہے موضوع نہیں کہا۔ جیسا کہ تفصیل آگے آرہی ہے۔

## حدیث مبارکہ کی سند:

کشف الاستار عن زوائد البزار ج ۳ ص ۱۳۴ میں یہ حدیث مبارکہ اس سند کے ساتھ موجود ہے کہ حدثنا محمد بن رزق اللہ الکلواذانی واحمد ابن منصور واللفظ لمحمد قالا حدثنا عبد اللہ ابن صالح حدثنا نافع ابن یزید حدثنی ابوعقیل زہرة بن معبد عن سعید بن المسیب عن جابر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ اختار اصحابی ---الخ

(1) روداد مناظرہ ص ۲۶ قادریہ جیلانیہ پبلی کیشنز

Marfat.com

# سند میں مذکور راویوں کا تعارف اور توثیق

## ۱۔ ابو بکر احمد بن عمرو بن عبد الخالق البزار

امام دار قطنی نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے دیکھئے سیر اعلام النبلاء جز۱۳ ص ۱۶۵ رقم ۲۸۱ مطبوعہ موسستہ الرسالہ بیروت مزید ترجمہ دیکھئے درج ذیل کتب میں:

۱۔ تاریخ بغداد ج ۴ ص ۳۳۴
۲۔ تذکرۃ الحفاظ ج ۲ ص ۶۵۳
۳۔ لسان المیزان ج ۱ ص ۲۳۷
۴۔ العبر ج ۲ ص ۹۲
۵۔ الوافی بالوفیات ج ۷ ص ۲۶۸
۶۔ طبقات الحفاظ ص ۲۸۵
۷۔ شذرات الذہب ج ۲ ص ۲۰۹
۸۔ النجوم الزہرۃ ج ۳۰ ص ۱۵۷

## ۲۔ محمد بن رزق اللہ الکلواذانی ابو بکر

امام ابن حبان نے انہیں ثقات میں لکھا۔ (الثقات لابن حبان ج ۹ ص ۱۲۴ رقم ۱۵۵۴۴)
مزید ترجمہ درج ذیل کتب میں دیکھئے:

۱۔ اللباب ج ۳ ص ۲۶۶
۲۔ شذرات الذہب ج ۳ ص ۲۳۰

Marfat.com

۳۔ العبر ج۳ص ۱٦۰

۴۔ الوافی بالوفیات ج۳ص ۷۰

۵۔ معجم البلدان ج۵ص ۲۱۸

## احمد ابن منصور بن سیار بن المعارک البغدادی الرمادی

امام ابن حبان نے انہیں الثقات میں شمار کیا ہے۔(الثقات لابن حبان ج۸ ص ۴۱ رقم ۱۲۱۵)۔مزید ترجمہ اور توثیق ملاحظہ ہو:

۱۔ الجرح والتعدیل ج۲ص ۷۸

۲۔ تاریخ بغداد ج۵ص ۱۵۱

۳۔ الانساب ج٦ص ۱٦۳

۴۔ اللباب ج۲ص ۳٦

۵۔ تہذیب الکمال ج۱ص ۴۹۲

٦۔ تذہیب التہذیب ج۱ص ۲۷

۷۔ تذکرۃ الحفاظ ج۲ص ۵٦۴

۸۔ میزان الاعتدال ج۱ص ۱۵۸

۹۔ الوافی بالوفیات ج۸ص ۱۹۲

۱۰۔ البدایہ والنہایہ ج۱۱ص ۳۸

۱۱۔ تہذیب التہذیب ج۱ص ۸۳

۱۲۔ طبقات الحفاظ ص ۲۵۱

۱۳۔ خلاصہ تہذیب الکمال ص ۱۳

Marfat.com

## ۳۔ عبد اللہ بن صالح بن محمد بن مسلم الجہنی ابو صالح کاتب اللیث

امام ابن حجر عسقلانی نے تقریب میں ان کو صدوق لکھا ہے (تقریب ج ا ص ۵۰۱ رقم ۳۳۹۹)۔ مزید ترجمہ وتوثیق درج ذیل کتب میں دیکھئے:

۱۔ طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۵۱۸

۲۔ تہذیب التہذیب ج ۵ ص ۲۵۶

۳۔ تاریخ الدوری ج ۲ ص ۳۱۳

۴۔ طبقات خلیفہ ص ۲۹۷

۵۔ تاریخ الکبیر للبخاری ج ۵ ص ا ترجمہ ۳۵۸ و ج ۹ ص ۵۵۲

۶۔ الکنی لمسلم ص ۵۴

۷۔ تاریخ بغداد ج ۹ ص ۴۷۸

۸۔ سیر اعلام النبلاء ج ۱۰ ص ۴۰۵

۹۔ المدخل الی الصحیح ص ۸۱

۱۰۔ الکاشف ج ۲ ترجمہ ۲۸۰۷

۱۱۔ السابق اللاحق ص ۲۵۶

۱۲۔ میزان الاعتدال ج ۲ ص ۴۴۰ رقم ۴۳۸۳

۱۳۔ تذکرۃ الحفاظ ج ا ص ۲۹۵

۱۴۔ شذرات الذہب ج ۲ ص ۵۱

## ۴۔ نافع بن یزید الکلاعی ابو یزید المصری

امام العجلی نے انہیں الثقات میں لکھا ہے۔ (الثقات العجلی ج ۲ ص ۳۰۹ رقم ۱۸۳۶) مزید ترجمہ وتوثیق درج ذیل کتب میں ملاحظہ ہو:

۱۔ تاریخ ابوذرعہ الدمشقی ص ۲۲۸

Marfat.com

۲۔ تہذیب التہذیب ج ۱۰ ص ۴۱۲

۳۔ تقریب التہذیب ج ۲ ص ۲۹۶

۴۔ ثقات ابن حبان ج ۹ ص ۲۰۹

۵۔ الجرح والتعدیل ج ۸ ص ۴۸۵ ، رقم ۲۰۹۵

۶۔ تہذیب الکمال ج ۲۹ ص ۲۹۶

۷۔ رجال صحیح مسلم لابن منجویہ ص ۱۸۳

۸۔ تاریخ الکبیر للبخاری ج ۸ ترجمہ ۲۲۸۰

۹۔ شذرات الذہب ج ۱ ص ۲۶۶

۱۰۔ تذہیب التہذیب ج ۴ ص ۹۱

۱۱۔ رجال بخاری للباجی ج ۲ ص ۷۷۲

۱۲۔ طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۵۱۷

## ۵۔ زہرہ بن معبد بن عبد اللہ بن حشام ابو عقیل

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے۔ امام ابو حاتم نے فرمایا: لا باس بہ مستقیم الحدیث۔ (تہذیب الکمال ج ۹ ص ۴۰۱ ، رقم ۲۰۰۸) مزید ترجمہ وتوثیق درج ذیل کتب میں ملاحظہ فرمائیے:

۱۔ تہذیب التہذیب لابن حجر ج ۳ ص ۳۴۱

۲۔ شذرات الذہب ج ۱ ص ۱۹۲

۳۔ سیر اعلام النبلاء ج ۶ ص ۱۴۶

۴۔ اکمال مغلطائی ج ۲ ص ۴۱

۵۔ الکاشف ج ۱ ص ۳۲۶

۶۔ ثقات ابن حبان ج ۱ ص ۱۳۹

Marfat.com

۷۔ ثقات ابن شہین ترجمہ ۴۰۷

۸۔ الکنی للمسلم ص ۷۹

۹۔ رجال البخاری للباجی ص ۶۳

۱۰۔ تاریخ الکبیر للبخاری ج ۳ ترجمہ ۱۴۷۶

۱۱۔ طبقات حلیفہ ص ۲۹۴

۱۲۔ تاریخ یحییٰ بروایۃ الدوری ج ۲ ص ۱۷۵

## ۶۔ سعید بن المسیب بن حزن بن ابی وہب سید التابعین

یہ بالاتفاق ثقہ ہیں دیکھئے تہذیب الکمال ج ۱۱ ص ۶۶ رقم ۲۳۵۸۔ مزید ترجمہ وتوثیق درج ذیل کتب میں ملاحظہ فرمائیں:

۱۔ تاریخ یحییٰ بروایۃ الدوری ج ۲ ص ۲۰۷ رقم ۹۹

۲۔ ثقات العجلی ص ۱۹

۳۔ جامع الترمذی ج ۵ ص ۴۶ حدیث ۲۶۷۸

۴۔ ثقات ابن حبان ج ۲ ص ۱۶۲

۵۔ رجال صحیح مسلم لابن سنجویہ ص ۵۷

۶۔ رجال البخاری للباجی ص ۱۵۵

۷۔ معرفۃ التابعین ص ۱۴

۸۔ تہذیب التہذیب ج ۴ ص ۸۴

۹۔ سیر اعلام النبلاء ج ۴ ص ۲۱۷

Marfat.com

## ۷۔ جابر بن عبد اللہ الانصاری رضی اللہ عنہ

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بالاتفاق ثقہ ہیں۔

## یہ حدیث کم از کم حسن کا درجہ رکھتی ہے:

اس حدیث مبارکہ کے متعلق جیسا کہ ماقبل ذکر کیا گیا کہ امام نسائی وغیرہ نے وضع کا حکم لگایا ہے اور اس وضع کے حکم میں انہوں نے سند میں جس راوی پر اعتراض کیا ہے وہ عبد اللہ ابن صالح ہیں اور بات صرف عبد اللہ ابن صالح کی نہیں بلکہ مختلف راویوں نے اس کی متابعت بھی کر رکھی ہے عبد اللہ ابن صالح کی ابن مریم نے متابعت کی ہوئی ہے۔ جب متابعت موجود ہے تو یہ روایت کم از کم حدیث حسن کا درجہ رکھتی ہے اور اس پر اعتراض کرنے والے المعترض کالاعمی کے مصداق ہیں۔ اور علمی استطاعت اتنی ہے کہ متابعت نظر ہی نہیں آتی اور اگر آجائے تو سمجھ ہی نہیں آتی لیکن اس کے باوجود ہم بڑھاپے کی وجہ سے موصوف کو معذور سمجھتے ہیں کیوں کہ کبھی کبھی بڑھاپے میں ایسے ہو جاتا ہے۔

### امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:

منکرین حق چار یار نے روداد مناظرہ میں اس حدیث اس پر وضع کا حکم امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب کیا ہے جبکہ امام ذہبی نے تو اس حدیث کی توثیق فرمائی ہے آپ فرماتے ہیں:

قلت ومن انکر ما نقموا علی ابی صالح روایته عن نافع یزید عن زہرة عن معبد عن سعید بن المسیب عن جابر مرفوعا ان الله اختار اصحابی علی جمیع العالمین ۔۔۔الحدیث بطوله لكن قد تابعه علیه سعید ابن ابی مریم عن نافع رواة علی ابن داود القنطری ومحمد ابن الحارث العسکری عن ابن ابی مریم فتخلص ابوصالح۔

(المیزان ج۲ ص ۴۴۲)

Marfat.com

امام ذہبی میزان الاعتدال میں رقمطراز ہیں کہ میں کہتا ہوں جن حضرات نے اس حدیث کا انکار کیا ہے انہوں نے جو اعتراض کیا ہے وہ ابو صالح پر ہے جو ابو صالح کی روایت نافع بن یزید سے ہے انہوں نے زہرہ بن معبد سے انہوں نے سعید بن مسیب سے انہوں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت کی ہے: ان اللہ اختار اصحابی علی جمیع العالمین۔۔۔ اپنی طوالت کے ساتھ یہ پوری حدیث۔ لیکن ابو صالح کی متابعت سعید ابن ابی مریم نے کی ہے انہوں نے نافع سے روایت کی ہے اس کو علی بن داود قنطری نے اور محمد بن الحارث العسکری نے ابن ابی مریم سے روایت کی ہے اس کی تلخیص ابو صالح نے کی ہے۔

امام ذہبی صراحتاً فرمارہے ہیں کہ عبد اللہ ابن صالح کی ابن مریم نے متابعت کی ہے تو اس کے باوجود سارا زور لگا کر اس حدیث کو موضوع ثابت کرنا کس بات کی غمازی کرتا ہے مزید یہ کہ یہی حضرات جب حضور مولائے کائنات سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو مولود کعبہ ثابت کرنے کیلئے مغازی والی روایت پیش کرتے ہیں حالانکہ محدثین نے اس پر کذب کی جرح کی ہے جبکہ اس سند میں عبد اللہ ابن صالح کو اگرچہ مختلف فیہ مان بھی لیا جائے تو اس پر کذب کی جرح نہیں ہے بالفرض کسی جگہ کذب کا لفظ ہو بھی تو وہ خطا کے معنی میں ہے کیونکہ احمد بن عدی فرماتے ہیں کہ

ابو صالح عندی مستقیم الحدیث الا انہ یقع فیہ حدیثہ غلط ولا یتعمد الکذب

(الکامل فی الضعفاء ج ۳ رقم ۴۳۹۳)

ابو صالح میرے نزدیک مستقیم الحدیث ہے مگر یہ کہ اس کی حدیث میں خطا وقوع اگرچہ ہے لیکن اس پر کذب کی تہمت پر اعتماد نہیں کیا جائے یعنی اس پر کذب کی جرح قابل قبول نہیں ہے تو طرفہ تماشہ یہ ہے کہ ایک سند طرف سند میں راوی پر کذب کی جرح موجود

Marfat.com

ہونے کے باوجود اس کو قبول بھی کر لیا جاتا ہے اور دوسری طرف روایت کی سند میں راوی مستقیم الحدیث ہے اس پر کذب کی جرح بھی نہیں مزید برآں اس کا متابع بھی موجود ہے لیکن صحابہ کرام کی شان میں حدیث ہونے کی وجہ سے اس کا انکار کر دیا جاتا ہے اور وضع کا حکم لگا دیا جاتا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ ان لوگوں نے غیروں سے ادھار کھالیا ہے یہ اسی کا کرشمہ ہے۔ اور خود حضر کی تحقیق کا عالم یہ ہے کہ زبدۃ التحقیق میں ۷۰ سے ۸۰ فی صد احادیث موضوع لائے ہیں تو ایک طرف اتنے بلند بانگ دعوے اور دوسری طرف حقیقت حال دگرگوں یہ تماشہ کیا ہے بلکہ بڑھاپے میں تکلیف دینے والی بات ہے لیکن معذرت کے ساتھ اگر حضرت موضع اوہام الجمع والتفریق للخطیب بغدادی کو دیکھیں تو اس سے ساری پریشانی ہی دور ہو سکتی ہے کیونکہ وہاں اس حدیث میں اصل راوی ابن ابی مریم ہے اور عبد اللہ ابن صالح اس کے متابع ہیں دیکھئے:

ذکر علی بن داود القنتری اخبرنا القاضی ابوعمر القاسم ابن جعفر ابن عبد الواحد الهاشمی حدثنا ابوالعباس محمد ابن احمدابن الاثرم حدثنا علی ابن داود القنتری حدثنا ابن ابی مریم وعبد الله ابن صالح قالا حدثنا ---الخ

(موضع اوہام الجمع والتفریق للخطیب بغدادی ج ۲ ص ۳۱۲)

مذکورہ بحث سے حقیقت حال بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ منکرین حق چار یار کا شور ڈالنا صرف لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے باقی حدیث مذکورہ موضوع نہیں ہے کم از کم بھی حسن کا درجہ رکھتی ہے جس سے کسی منصف مزاج شخص کو انکار نہیں جیسا کہ خود محدثین نے اس بات کی تصریح فرمائی ہے۔

Marfat.com

## محدثین کرام کی توثیق:

امام ہیثمی مجمع الزوائد میں فرماتے ہیں:

رواۃ البزار ورجالہ ثقاۃ وفی بعضہم خلاف۔

(مجمع الزوائد ج۹ ص ۳۶)

امام ہیثمی فرماتے ہیں اس کو بزار نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں اور بعض میں اختلاف ہے۔

اور بزار میں مرقوم ہے:
والحدیث من اجلہ حسن
(بیان الوہم والایہام فی کتاب الاحکام ج۴ ص ۶۷۷)

یہ حدیث اس وجہ سے درجہ حسن میں ہے
صاحب تفسیر قرطبی فرماتے ہیں:
عن جابر مرفوعا۔ یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعا مروی ہے۔

## حق چار یار کی محبت پر مرنے کی دعا مانگو:

"عن محمد بن وزیر قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المنام فدنوت منہ فقلت السلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی وعلیک السلام یا محمد بن وزیر لک حاجۃ فقلت نعم یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا رجل خفیف البضاعۃ کثیر العیال اریدان تعلمنی دعوات ادعو بہافی سفری وفی حضری واستعین بہا علی اموری فقال لی اقعد ھو ذا علیک ثلاث دعوات فادع بہا فی کل وقت شدۃ وفی دبر کل صلوۃ قال فقال لی قل یا قدیم الاحسان و یا

Marfat.com

من احسانه فوق كل احسان ويا مالك الدنيا والا خرة ثم التفت فقال اجتهد ان تموت على الاسلام والسنة وعلى حب هؤلاء هذ اابو بكر وهذا عمر وهذا عثمان وهذا على فانه لا تمسك النار"۔[1]

محمد بن وزیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا میں نے آپ کے قریب ہو کر عرض کی السلام علیک یا رسول اللہ ﷺ آپ نے مجھے فرمایاوعلیک السلام اے محمد بن وزیر تیری کوئی حاجت ہے میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک غریب آدمی ہوں اور کثیر العیال ہوں لہذا میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے ایسی دعا سکھا دیں جس کے ساتھ میں سفر و حضر میں دعا کروں اور اس کے وسیلے سے میں اپنے کاموں میں مدد طلب کروں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیٹھ جاؤ یہ تین کلمات ہیں۔ ان کے ساتھ ہر سختی کے وقت ہر نماز کے بعد دعا کرنا محمد بن وزیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو کہہ "یا قديم الاحسان ويا من احسان فوق كل احسان ويا مالك الدنيا والاخرة" پھر آپ نے میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا کوشش کر کہ تیری موت اسلام و سنت پر ہو اور چاروں کی محبت پر ہو وہ چار ( حق چار یار )ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم ہیں ان سے محبت کرنے والے کو آگ نہیں چھو سکے گی۔

تاجدار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم تو فرمائیں کہ تمہاری موت ان چاروں کی محبت پر ہو لیکن بعض لوگ حق چار یار کی مخالفت کریں حق چار یار سے روکیں تو فیصلہ خود کر لیجیے کہ تاجدار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ماننی ہے یا عبد اللہ ابن سباء کی اولاد کی۔ اہل سنت و جماعت تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث شریف مانیں گے۔ اور جلنے والے جلتے رہیں کیونکہ یہ تو قسمت قسمت کی بات ہے

(1) الرياض النضره ص۵۰ مطبوعه دار الكتب العلميه بيروت

Marfat.com

اور اہل سنت انکو حق چار یار کا نعرہ لگا کر جلاتے رہیں کیونکہ شیطان اور اسکے کارندوں کو جلانا سنت مصطفی ﷺ ہے۔

## حق چار یار کو جنت کی خوشخبری بزبان مصطفی ﷺ:

"عن ابی حذیفة رضی اللہ عنہ قال طلبت النبی ﷺ فوجدته حائط من حوائط المدينة نائما تحت شجرة اونخلة فكرهت ان اوقظه فوجدت عسيا فكسرته فاستيقظ النبی ﷺ وقال لی ابشربالجنة والثانی والثالث والرابع قال فجاء ابوبكر رضی اللہ عنہ فاستاذن من وراء الحائط فرد السلام وبشره بالجنة ثم جاء عمر رضی اللہ عنہ ففعل مثل ذلک وبشره بالجنة ثم جاء عثمان رضی اللہ عنہ ففعل مثل ذلک وبشره بالجنة ثم علی رضی اللہ عنہ ففعل مثل ذلک"۔(۱)

حضرت ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے مصطفی کریم ﷺ کو تلاش کیا آپکو مدینہ طیبہ کے باغات میں سے ایک باغ میں ایک درخت یا کھجور کے نیچے آرام فرماتے ہوئے پایا مجھے یہ گوارہ نہ ہوا کہ آپ ﷺ کو بیدار کروں میں نے کھجور کے پتوں کو توڑا تو نبی پاک ﷺ بیدار ہو گئے پھر آپ ﷺ نے مجھے فرمایا جنت کی بشارت ہو دوسرے کو تیسرے کو چوتھے کو پس سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے احاطہ کے پیچھے سے اجازت طلب کی مصطفی کریم ﷺ نے سلام کا جواب ارشاد فرمایا اور انہیں جنت کی بشارت دی پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آئے تو انہوں نے بھی ایسا کیا اور آپ ﷺ نے انہیں بھی جنت کی بشارت دی پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ آئے تو انہوں نے بھی ایسا ہی کیا

(۱) الریاض النضرة ص۵۲ مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

اور آپ ﷺ نے انہیں بھی جنت کی بشارت دی پھر سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے بھی ویسا ہی کیا تو آپ ﷺ نے انہیں بھی جنت کی بشارت دی۔

## حق چار یار کی آمد سے قبل جنت کی بشارت:

امام احمد بزار اور طبرانی نے اوسط میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی، انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ سے ملاقات کرنے تشریف لے گئے اور آپ نے ان کے یہاں تشریف رکھی اور ہم بھی حضور ﷺ کے ساتھ بیٹھ گئے، آپ نے فرمایا، اب تمہارے پاس اہل جنت میں سے آئے گا تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے، پھر فرمایا تمہارے پاس اہل جنت میں سے آئے گا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آئے، پھر فرمایا تمہارے پاس اہل جنت میں سے آئے گا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے پھر فرمایا تمہارے پاس اہل جنت میں سے آئے گا، اے خدا اگر تو چاہے تو وہ علی رضی اللہ عنہ ہوں گے، تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ آئے۔(1)

## حق چار یار جنت میں:

”عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ ان النبی ﷺ خرج من باب المدینۃ متکئا علی ابی بکر وشمالہ علی عمر وعثمان اخذ بطرف ثوبہ وعلی بین یدیہ فقال ھکذا ندخل الجنۃ فمن فرق فعلیہ لعنۃ اللہ“۔(2)

(1) الخصائص الکبری ج۲ ص ۱۷۲ مطبوعہ شبیر برادر لاہور
(2) الریاض النضرۃ ص ۵۳ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت سچی حکایات حصہ اول ص ۳۴۳ مطبوعہ فرید بک سٹال

Marfat.com

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کے دروازہ سے نکلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر تکیہ لگایا ہوا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بایاں ہاتھ مبارک حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر رکھا ہوا تھا اور سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تھے مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسی طرح ہم سب جنت میں داخل ہوں گے پس جو شخص ان میں فرق کرتا ہے اس پر اللہ کی لعنت ہے۔

روافض ہی کی اتنی ہمت ہے کہ حق چار یار کی مخالفت کر کے اللہ تعالیٰ کی لعنت کو برداشت کریں اہل سنت وجماعت اس لعنت کے متحمل نہیں ہو سکتے۔

## حق چار یار جنتی ہیں:

"عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال القائم بعدی فی الجنة والذی یقوم بعده فی الجنة والثالث والرابع فی الجنة یعنی ابابکر وعمر وعثمان وعلیا رضی اللہ عنہم"۔[1]

حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میرا جانشین جنتی ہے اور اس کے بعد جو جانشین ہوگا وہ جنتی ہے اور تیسرا اور چوتھا جنتی ہیں یعنی ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم۔

حدیث مذکور سے چار یار کا نعرہ اور تخصیص واضح ہے اس کے باوجود کوئی اس کی مخالفت کرے تو جہنم میں جائے، ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں ہے۔

(1) الریاض النضره ص ۵۴ مطبوعه دارلکتب العلمیه بیروت، الفتح الکبیر فی ضم الزیادة الی الجامع الصغیر ج ۲ ص ۲۸۹ رقم ۸۵۳۲ دار الفکر بیروت، الصواعق المحرقه ص ۲۲۴، جامع الاحادیث رقم ۱۵۳۴۷، کنز العمال رقم ۳۳۱۰۷، سبل الهدی والرشاد ج ۱۱ ص ۲۴۳ دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

## حق چار یار جنت میں داخل کرنے والے:

"عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینادی مناد یوم القیامة من تحت العرش این اصحاب محمد فیؤتی بابی بکروعمروعثمان وعلی رضی اللہ عنہم فیقال لابی بکر قف علی باب الجنة فادخل من شئت برحمة اللہ ودع من شئت بعلم اللہ ویقال لعمربن الخطاب قف عندالمیزان فثقل من شئت برحمة اللہ وخفف من شئت بعلم اللہ ویکسی عثمان حلتین ویقال له البسهما فانی خلقتهما او ادخرتهما (لک)من حیث انشات خلق السموات والارض ویعطی علی بن ابی طالب عصا عوسج من الشجرة التی غرسها اللہ تعالی بیده فی الجنة فیقال دع الناس عن الحوض۔[1]

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن عرش کے نیچے سے ایک نداء کرنے والا یہ نداء کریگا کہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں پس حضرت ابو بکر صدیق عمر فاروق عثمان غنی علی المرتضی رضی اللہ عنہم کو لایا جائے گا پس سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا جائے گا کہ آپ جنت کے دروازے پر ٹھہر جائیں اور جسے چاہیں اللہ کی رحمت کے ساتھ داخل کریں اور جسے چاہیں اللہ تعالی کے علم کے ساتھ چھوڑ دیں یعنی داخل نہ کریں۔

(بعض نام نہاد سنی مترجمین جنہوں نے اعلحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ مقابلہ کرنے کی کوشش کی تھی انہوں نے یہاں دع کا معنیٰ کیا ہے جسے چاہیں اللہ تعالی کے علم کے

---

(1) اخرجه الهندی کنزا لعمال، الصواعق المحرقه ص۸۲، مطبوعه کتب خانه مجیدیه ملتان، محض الصواب فی فضائل امیر المومنین عمر ابن الخطاب ج۳ ص ۱۰۰۰ جامعة الاسلامیه المدینة المنوره، الریاض النضره ص۳۰، کتاب الفوائد ج۱ ص ۱۰۷ رقم ۶۴، دار ابن الجوزی الریاض سعودیه۔

Marfat.com

ساتھ بلائیں۔ اب جس آدمی کو اتنا علم نہیں کہ دع یہاں ودع یدع سے ہے یا دعا ید عو سے تو اس نے کئی علوم کے موجد اعلحضرت رحمۃ اللہ علیہ کیساتھ کیا مقابلہ کرنا ہے)

اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کیلئے کہا جائے گا میزان کے پاس ٹھہر جائیں جسے یعنی جس کے نامہ اعمال کو چاہیں اللہ کی رحمت کے ساتھ بھاری کریں اور جسے چاہیں اللہ کے علم کے ساتھ ہلکا کر دیں اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کیلئے دو حلے لائے جائیں گے اور انہیں کہا جائے گا دونوں پہن لیں میں نے دونوں کو تیرے لیئے اس وقت بنایا تھا جب آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا اور سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو عصائے مزین عطا کیا جائے گا ایسا عصا مزین جو اس درخت سے بنایا گیا ہو گا جو اللہ تعالیٰ نے اپنے دست قدرت سے جنت میں لگایا تھا۔ آقا علیہ السلام کی حدیث بتاتی ہے کہ جنت میں داخل کرنے کی ڈیوٹی افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ہو گی۔ اور تم کہتے ہو کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ نے (معاذاللہ) چڑی بھی نہیں ماری۔ وہاں کیا منہ دکھاؤ گے اور جنت کے پڑوس میں جاؤ گے۔

## حق چار یار جنت میں لکھا ہوا:

"وروی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لما اسری بی الی السماء دخلت جنة عدن فاذا انا بشجرة خضراء علیها اوراق حمر مکتوب علی کل ورقة لا اله الا الله محمد رسول الله وعلی وجه الاخری ابوبکر الصدیق عمرالفاروق، عثمان الشهیدذوالنورین ،علی المرتضی رضی اللہ عنہم"۔ (1)

مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی گئی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب مجھے آسمانوں کی سیر کرائی گئی تو میں جب جنت عدن میں داخل ہوا تو وہاں ایک سبز درخت دیکھا جس پر سرخ پتے تھے اور ہر پتے

(1) شرف المصطفی ص ۱۴ ج ۶ مطبوعہ دار البشائر الاسلامیہ بیروت

Marfat.com

پر لکھا ہوا تھا "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" اور دوسری طرف لکھا ہوا تھا۔ ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان شہید ذوالنورین، علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم۔

## حق چار یار کی طینت مبارکہ:

"عن ابی ذر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلق ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما من طین واحد وخلق عثمان وعلی رضی اللہ عنہما من طین واحد"۔ (1)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی ایک مٹی سے تخلیق فرمائی اور عثمان غنی اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کی تخلیق ایک مٹی سے فرمائی۔

## حق چار یار بزبان مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم:

"عن جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر وزیری والقائم فی امتی وعمر حبیبی وینطق علی لسانی وعثمان منی وعلی رضی اللہ عنہم اخی وصاحب لوائی"۔ (2)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر میرا وزیر ہے اور میری امت میں قائم ہے اور عمر میرا حبیب ہے اور میری زبان پر بولتا ہے اور عثمان مجھ سے ہے اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم میرا بھائی ہے اور میرا علم بردار ہے۔

---

(1) ریاض النضرہ صفحہ ۵۱ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

(2) تاریخ ابن عساکر ج ۳۹ ص ۱۰۲ ــــ ریاض النضرہ ص ۴۸ دار الکتب العلمیہ بیروت ــــ کنزالعمال ج ۵ ص ۶۲،۶۳ ــــ شرف المصطفیٰ ج ۶ ص ۱۳ مطبوعہ دارالبشائر الاسلامیہ

Marfat.com

## حق چار یار کے اوصاف بزبان مصطفی ﷺ:

"وعن انس ابن مالک رضی اللہ عنہ قال صعد رسول اللہ ﷺ المنبر فحمد اللہ تعالی واثنی علیه ثم قال مالی اراکم تختلفون فی اصحابی اما علمتم ان حبی وحب ال بیتی وحب اصحابی فرضه اللہ تعالی علی امتی الی یوم القیامة ثم قال این ابو بکر قال هاأناذايارسول اللہ قال ادن منی فضمه الی صدره وقبل بین عینیه ورأینا دموع رسول اللہ ﷺ تجری علی خده ثم اخذبیده وقال باعلی صوته یامعاشر المسلمین هذاابوبکرالصدیق رضی اللہ عنہ ہذا شیخ المهاجرین والانصار،ہذا صاحبی صدقنی حین کذبنی الناس وآوانی حین طردونی، واشتری لی بلا لامن ماله فعلی مبغضه لعنة اللہ ولعنة اللاعنین. واللہ منه برئ فمن احب ان یبرأ من اللہ ومنی فلیتبرا من أبی بکرالصدیق رضی اللہ عنہ ولیبلغ الشاہد منکم الغائب،ثم قال له اجلس یاأبابکر فقد عرف اللہ ذلک لک)"۔

"ثم قال ا!(این عمر بن الخطاب فوثب رضی اللہ عنہ الیه عمر قال هاأناذا یا رسول اللہ فقال ادن منی فد نا منه فضمه الی صدره وقبل بین عینیه ورأینا دموع رسول اللہ ﷺ تجری علی خده ثم اخذ بیده و قال باعلی صوته یامعاشر المسلمین هذا عمربن خطاب رضی اللہ عنہ ،هذا شیخ المهاجرین والانصار هذا الذی أمرنی اللہ ان اتخذه ظهیراًومشیراً،هذا الذی أنزل اللہ الحق علی قلبه ولسانه ویده،هذاالذی ترکه الحق وماله من صدیق هذاالذی یقول الحق وان کان مرا هذای الذی لایخاف فی اللہ لومة لائم، هذاالذی یفرق الشیطان من شخصه هو سراج اهل

Marfat.com

الجنة،فعلی مبغضه لعنة الله ولعنة اللاعنین والله منه بریٔ وانا منه برء)"۔

"ثم قال این عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ؟فوثب عثمان رضی اللہ عنہ وقال هاأناذایا رسول الله فقال ادن منی فدنا منه فضمه الی صدره وقبل بین عینیه،ورأینا دموعه تجری علی خده ثم اخذبیده وقال یامعاشرالمسلمین هذا شیخ المهاجرین والانصار،هذا الذی أمرنی الله ان أتخذه سنداًوختناًعلی ابنتیی،ولوکان عندی ثالثة لزوجتها ایاه، هذا الذی استحیت منه ملائکة السماء،فعلی مبغضه لعنة الله ولعنة اللاعنین)"۔

"ثم قال! (این علی بن أبی طالب رضی اللہ عنہ؟ فوثب الیه وقال هاانا ذا یارسول الله قال ادن منی فدنا منه فضمه الی صدره وقبل بین عینیه ودموعه تجری علی خده وقال بأعلی صوته یامعاشرالمسلمین هذا شیخ المهاجرین والانصار،هذا أخی وابن عمی وختنی،هذالحمی ودمی وشعری، هذاأبوالسبطین الحسن والحسین رضی اللہ عنہما سیدی شباب أهل الجنة،هذا مفرج الکرب عنی، هذا اسد الله وسیفه فی أرضه علی اعدائه،فعلی مبغضه لعنةالله ولعنةاللاعنین والله منه بریٔ وانا منه بریٔ فمن أحب ان یبرأمن الله فلیبرأ من علی بن ابی طالب،ولیبلغ الشاهد منکم الغائب ثم قال أجلس یا أباالحسن فقد عرف لک ذلک"۔(۱)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے تو اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی پھر ارشاد فرمایا میں تمھیں

---

(1) ریاض النضره ص۵۰،۴۹،۴۸ مطبوعه دار الکتب العدمیه بیروت۔۔۔شرف المصطفی ج۶ ص ۳۲،۳۱،۳۰ مطبوعه دارالبشائر الاسلامیه

Marfat.com

اپنے اصحاب میں اختلاف کرتے ہوئے دیکھتا ہوں جب کے تم جانتے کہ میری اور میرے اہل بیت کی اور میرے اصحاب کی محبت اللہ تعالی نے میری امت پر قیامت تک فرض کر دی ہے۔

## شان خلیفہ بلا فصل ظاہراً و باطناً افضل البشر بعد الانبیاء سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ:

پھر فرمایا ابو بکر رضی اللہ عنہ کہاں ہیں انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں یہاں ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے قریب آؤ پھر آپ نے انہیں سینے سے لگایا اور ان کی پیشانی کو بوسہ دیا ہم نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آنسو آپ کے رخساروں پر بہہ رہے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا ہاتھ پکڑ کر بلند آواز سے فرمایا اے مسلمانوں کے گروہ یہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں یہ شیخ المہاجرین والانصار ہیں یہ میرے ساتھی ہیں انہوں نے میری اس وقت تصدیق کی جب لوگوں نے میری تکذیب کی اور اسوقت مجھے پناہ دی جب لوگوں نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اپنے مال سے خرید کر آزاد کیا لہذا اس سے بغض رکھنے والے پر اللہ تعالی کی اور لعنت کرنے والوں کی لعنت ہو اور اللہ تعالی ایسے شخص سے بری ہے پس جو شخص پسند کرتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور مجھ سے بری الذمہ ہو وہ ابو بکر پر تبرا کرے اور تم میں سے موجود شخص غائب کو پہنچادے پھر فرمایا اے ابو بکر بیٹھ جاؤ بیشک اللہ تعالی تیرے لیے یہ جانتا ہے۔

## شان مراد رسول، خلیفہ دوم سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ:

پھر حضور علیہ السلام نے فرمایا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہاں ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کی طرف متوجہ ہو کر عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں یہاں

Marfat.com

ہوں آپ ﷺ نے فرمایا میرے قریب آجاؤ وہ قریب ہوئے تو آپ نے انہیں سینے سے لگا کر ان کی پیشانی کو چوما اور ہم نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کے آنسو رخساروں پر بہہ رہے تھے پھر آپ ﷺ نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور بلند آواز سے فرمایا اے مسلمانوں کی جماعت! یہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہیں شیخ المہاجرین والانصار ہیں اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کے میں اسے اپنا مددگار اور مشیر بناؤں یہ وہ شخص ہے جس کے قلب وزبان اور ہاتھ پر اللہ تعالیٰ نے حق اتارا ہے اس شخص نے اپنا حق چھوڑ دیا ہے اور اپنا پیارا مال دے دیا ہے یہ وہ شخص ہے کہ جو ہمیشہ حق کہتا ہے۔ اگرچہ وہ کڑوا ہی کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتا اس کے رعب سے شیطان الگ ہو جاتا ہے اور یہ اہل جنت کا چراغ ہے پس اس سے بغض رکھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی اور لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے اور اللہ تعالیٰ اور میں اس شخص سے بری ہیں۔

## شان ہم زلف حیدر خلیفہ سوم سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ:

پھر فرمایا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کہاں ہیں پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اٹھے اور عرض کی یارسول اللہ ﷺ میں یہاں ہوں آپ ﷺ نے فرمایا ہے میرے قریب آؤ تو آپ نے ان کو سینے سے لگایا اور ان کی پیشانی کو بوسہ دیا اور ہم نے دیکھا کہ آپ ﷺ کے آنسو رخساروں پر بہہ رہے تھے پھر آپ ﷺ نے ان کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا اے گروہ مسلمین یہ مہاجرین وانصار کے شیخ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں اسے اپنی سند اور دو بیٹیوں پر داماد بناؤں اور اگر میرے پاس تیسری بیٹی ہوتی تو اس کے نکاح میں دے دیتا اور یہ وہ شخص ہے جس سے ملائکہ

Marfat.com

آسمان پر حیا کرتے ہیں اور اس سے بغض رکھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی اور لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے۔

## شان خلیفہ چہارم حیدر کرار مولیٰ مشکل کشاء سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ:

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہاں ہیں پس وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں یہاں ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے قریب آجاؤ وہ قریب ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سینے سے لگایا اور ان کی پیشانی کو بوسہ دیا اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخساروں پر بہہ رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے فرمایا اے گروہ مسلمین یہ شیخ المہاجرین والانصار ہیں یہ میرا بھائی اور ابن عم اور داماد ہے یہ میرا گوشت، خون اور بال ہے یہ جنت کے جوانوں کے سردار حسن وحسین سبطین رضی اللہ عنہما کے باپ ہیں یہ مجھ سے مصیبتوں کو دور کرنے والا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا شیر ہے اور زمین میں اللہ تعالیٰ کے دشمنوں پر اللہ تعالیٰ کی تلوار ہے پس اس سے بغض رکھنے والے پر اللہ تعالیٰ کی اور لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے اللہ تعالیٰ اور میں اس شخص سے بری ہوں اور تم میں سے جو حاضر ہے وہ غائب کو پہنچا دے پھر فرمایا اے ابوالحسن رضی اللہ عنہ بیٹھ جائیں بے شک اللہ تعالیٰ تیرے لیئے یہ جانتا ہے۔

حدیث مذکور میں چار یار کے منکروں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے چار بار الگ الگ لعنت کی گئی اور اس لعنت کو برداشت کرنا رافضی دل گردے کا ہی کام ہے۔ کیونکہ جب دین جاتا ہے تو حماقت آ ہی جاتی ہے اور عوام جانتی ہے کہ ایسا بدبخت، بے دین، منافق اور شقی القلب ٹولہ گمراہی کا پلندہ تو ہو سکتا ہے حق پر نہیں۔

Marfat.com

## حق چار یار کا تذکرہ آقا کریم ﷺ کی زبانی:

بسند صحیح ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ بیٹھے تھے کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ آ گئے، حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: مرحبا: اس کو جو اپنے جان و مال سے مجھ کو ایثار کرتا ہے۔ پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ آئے تو فرمایا: مرحبا: میرے وزیر کو مرحبا، حق و باطل میں فرق کرنے والے پر، مرحبا: اس کو جس کے ذریعہ اللہ نے دین کو کامل کیا اور جس کے واسطے تمہارا نام مؤمنین رکھا۔ پھر عثمان غنی رضی اللہ عنہ آئے تو فرمایا: مرحبا: میرے داماد کو، میری بیٹی کے شوہر کو، وہ جس کے لیے اللہ نے دو نور جمع کیے، وہ جو سعید اور شہید ہے، ویل (ہلاکت و جہنم) ہے اس کے قاتل کے لیے۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے تو فرمایا: مرحبا: میرے بھائی اور میرے چچا کے بیٹے کو اور میرے بیٹے کے باپ کو اور میں اور وہ ایک ہی نور سے پیدا ہوئے۔ (1)

## حق چار یار کی شان بزبان مصطفی ﷺ:

”عن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ رحم الله ابابکر رضی اللہ عنہ زوجنی بنته وحملنی الی دارالهجرة وصحبنی فی الغار واعتق بلالا من ماله رحم الله عمر رضی اللہ عنہ یقول الحق وان کا ن مرا ترکه الحق وماله من صدیق رحم الله عثمان رضی اللہ عنہ یستحیی منه الملائکة رحم الله علیا رضی اللہ عنہ اللهم ادر الحق معاحیث دار“۔ (2)

---

(1) تمہید ابو شکور سالمی ص ۳۶۵ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور

(2) ترمذی شریف جلد ۲ صفحہ ۲۱۳۔۔۔شرف المصطفی ص۱۲ ج ۶ مطبوعہ دارالبشائرالاسلامیہ ۔۔۔تاریخ ابن عساکر ج ۳۰ ص ۶۲،۶۳۔۔۔مشکوۃ باب مناقب العشرۃ ص ۵۶۵ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور، ازالۃ الخفاء ج۱ ص ۲۲۳

Marfat.com

حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ رحم کرے ابو بکر رضی اللہ عنہ پر جنھوں نے اپنی بیٹی کا میرے ساتھ نکاح کیا اور مجھے مقام ہجرت تک سواری پر سوار کیا اور غار میں میرے ساتھ رہے اور بلال رضی اللہ عنہ کو اپنے مال سے آزاد کیا، اللہ تعالیٰ رحم کرے عمر رضی اللہ عنہ پر جو حق بات کہتے ہیں اگرچہ (وہ حق بات) کڑوی ہی ہو، اور حق بات کہنے میں اکیلے ہوتے ہیں آپ کا اس میں کوئی دوست نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ رحم کرے عثمان رضی اللہ عنہ پر جن سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں اللہ تعالیٰ رحم کرے علی رضی اللہ عنہ پر اے اللہ وہ جہاں پھریں ان کے ساتھ حق کو پھیر دے۔

## وضاحت حدیث:

سبحان اللہ یہ روایت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے ارشاد میرے پیارے مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے جس سے واضح ہو رہا ہے کہ چار خلفاء راشدین میں مدارج و فضیلت ہیں جو ترتیب ہے قدرتی طور پر رب تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہی ترتیب ان کی خلافت میں بھی آ گئی۔ (رحم اللہ ابابکر) اللہ تعالیٰ رحم کرے ابو بکر رضی اللہ عنہ پر فیه جواز الدعاء بالرحمة للاحیاء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے پتہ چلا کہ زندہ شخص کیلئے رحمت کی دعا کرنا جائز ہے یعنی کہ زندہ شخص کے نام کے ساتھ رحمہ اللہ کہنا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے اگرچہ ہمارے عرف میں فوت شدہ کے نام کے ساتھ ہی صرف رحمہ اللہ یا رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں (زوجنی ابنته) انہوں نے میرے ساتھ اپنی بیٹی کا نکاح کیا یہ آپ کا عاجزانہ کلام ہے اور ایک احسان کا شکریہ ادا کر دیا ورنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی ان پر بہت احسانات ہیں صرف کلمہ پڑھانے کا ہی اتنا بڑا احسان ہے جس کا شکریہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ادا نہیں کر سکتے (وحملنی الی دارالھجرة) " ای علی بعیره ولو علی قبول ثمنه " مجھے انہوں نے اپنی سواری پر سوار کر کے مقام ہجرت تک پہنچایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں

Marfat.com

اونٹنی کی قیمت (مراد ثمن) لینے پر مجبور کیا تھا انہوں نے ثمن آپکے ارشاد کے مطابق وصول بھی کیئے تھے پھر بھی آپ ﷺ نے ان کا شکریہ ادا کیا (وصحبنی فی الغار) "ای حین حجرنی الاغیار" وہ میرے ساتھ غار میں رہے جب دوسرے لوگوں نے مجھے چھوڑ دیا تھا (واعتق بلالا من ماله) "ای وجعله خادمالی فی ماله" اور انہوں نے اپنے مال سے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو خرید کر آزاد کر دیا اور میرا خادم بنا دیا (رحم الله عمر يقول الحق) "ای الصرف او القول الحق" اللہ تعالیٰ عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر رحم کرے ان کا ہر فیصلہ حق ہوتا ہے ان کی ہر بات حق ہوتی (وان كان مرّا) "ای ولو کان الحق الصرف او القول الحق ای صعبا علی الخلق" اگرچہ حق کڑوا ہوتا ہے یعنی حق بات مخلوق کو ماننی مشکل ہوتی ہے (ترکه الحق) استناف بیان (وماله من صديق) جملة حالية ای صيره قول الحق بهنده الصفة او خلده بهنده الحا لة یہ نیا جملہ ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ بات کو حق کی طرف اس صفت سے پھیرنا اور اس میں کوئی دوست، مددگار بھی نہ ہو تو یہ ان کا ہی خاصہ ہے۔ یا دوسرا مطلب یہ ہیکہ حق بات کہنے میں وہ اکیلے ہوتے ہیں اس حال میں ان کا کوئی دوست نہیں ہوتا "وهی انه لا صديق له اكتفاء برضاء الله ورسوله" یعنی وہ حق بات کہتے ہیں صرف اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی رضا کیلئے انہیں اس معاملہ میں کوئی پرواہ نہیں ہوتی کہ کوئی میرا حامی ومددگار نہیں۔ "والمعنى من صديق تكون صداقته للمراعاة والمداراة لا مطلقا والافله شك ان الصديق كان صديقا له" جس دوستی کی نفی ہے اس سے مراد کہ حق بات کی طرف پھرنے میں ان کو رعایت کرنے والے مہربانی کرنے والے رواداری رکھنے والے دوست کی ضرورت نہیں ہوتی مطلقاً دوست کی نفی نہیں کہ آپ کا کوئی دوست نہیں حالانکہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ (اور صحابہ کرام) آپ کے دوست تھے۔

دینی طلباء کرام توجہ فرمائیں:

Marfat.com

(ترک) اسی مقام میں یا تو بمعنی صیر کے استعمال ہے۔ اس صورت میں وماله من صديق مفعول ثانی ہے اور یا یہ بمعنی خلی کے استعمال ہے (علیحدہ ہونا) جب یہ معنی لیا جائے تو وماله من صديق مفعول سے حال ہے۔ (رحم الله عثمان تستحيى منه الملائكة) اللہ رحم کرے عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر ان سے فرشتے حیاء کرتے ہیں یہ جملہ واضح ہے وضاحت کی ضرورت نہیں (رحم الله عليا اللهم ادر الحق معه حيث دار) اللہ رحم کرے علی المرتضی رضی اللہ عنہ پر اے اللہ حق کو ان کے ساتھ چلا جہاں وہ چلیں (ادر) امر ہے (ادارة) سے اس کا معنی ہے (اصل الحق دائرا وسائر امعه) اے اللہ حق کو دائر کر اور ان کے ساتھ چلا۔ [1]

## حق چار یار اور آسمانی ڈول:

"عن سمرة بن جندب رضی اللہ عنہ ان رجلا قال يا رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم انی رايت كان دلوا دلی من السماء فجاء ابوبكر رضی اللہ عنہ فاخذ بعراقيهافشرب شرباضعيفا ثم جاء عمر رضی اللہ عنہ فاخذ بعراقيها فشرب حتى تضلع ثم جاء عثمان رضی اللہ عنہ فاخذبعراقيها فانتشطت وانتضح منها عليه شئى فشرب حتى تضلع ثم جاء على رضی اللہ عنہ فاخذ بعراقيها فانتشطت"۔ [2]

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے خواب دیکھا ہے گویا آسمان سے ایک ڈول لٹکا

---

(1) مرقاة ج ۱۱ ص ۳۶۹
(2) الرياض النضره ص ۵۶ مطبوعه دارالكتب العلميه بيروت، ازالة الخفاء ج ۱ ص ۳۰۲

Marfat.com

یا گیا ہے پس حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے تو انہوں نے اس ڈول سے تھوڑا سا پانی پیا پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آئے تو انہوں نے اس ڈول کو کھینچا اور سیر اب ہو کر پانی پیا پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ آئے تو اس کی رسی پکڑ کر کھینچا اور اس پر کوئی چیز گر پڑی تو آپ نے بھی اس سے پیا اور سیر اب ہو گئے پھر حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ آئے تو اس کی رسی پکڑ کر کھینچا تو وہ مضطرب ہو گئی۔ اور آپ نے بھی اس سے پانی پیا۔

حدیث مذکور میں چاروں خلفاء کی ترتیب اور افضلیت کی ترتیب کا ذکر ہے۔

یعنی چار یاروں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری حیات کے پردہ فرمانے کے بعد جس ترتیب سے افضلیت تھی اسی ترتیب سے خلافت بھی میسر آئی یہی اہل سنت کا نظریہ ہے حق چار یار سے اور اسی وجہ سے اہل سنت حق چار یار کا نعرۂ لگا کر رافضیوں کا رد کرتے ہیں۔

## حق چار یار اور خلافت راشدہ:

"عن سفینة رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الخلافةمن بعدی ثلا ثون سنة ثم تکون ملکا قال امسک خلافة ابی بکر رضی اللہ عنہ سنتین وخلافة عمر رضی اللہ عنہ عشر سنین وخلافة عثمان رضی اللہ عنہ اثنتی عشرة سنة وخلافة علی رضی اللہ عنہ ستاً"۔(۱)

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا میرے بعد خلافت تیس سال ہے پھر بادشاہت ہو گی فرمایا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی دو سال کی خلافت کو لازم پکڑو عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی

(1) الریاض النضرہ ص۵۵ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

خلافت دس سال اور عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت بارہ سال علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی چھ سالہ خلافت کو لازم پکڑو۔

حدیث مذکور میں چار خلفاء یعنی حق چار یار کا تذکرہ ہے لیکن کوئی وہابی، نجدی یہ نہ سمجھے سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت خلافت راشدہ نہیں ہے۔ کیونکہ تیس سال سیدنا حسن رضی اللہ عنہ کی چھ ماہ کی خلافت پر مکمل ہوتے ہیں لہذا وہ بھی خلیفہ راشد ہیں لیکن اتنی با ضرور ہے کہ ولد رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یار نہیں۔ اور اسی طر سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفہ راشد اور سیدنا عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ بھی خلیفہ راشد ہیں ک قال فاضل بریلوی فی ملفوظات۔

## حق چار یار اور امر خلافت:

”وعن ابی بکر الهذلی رضی اللہ عنہ عمن اخبره من الأشياخ ان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم قال لابی بکر رضی اللہ عنہ كيف انت يا ابا بکر رضی اللہ عنہ ان وليت الامر بعدی قال قبل ذلک اموت يا رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم قال فانت يا عمر رضی اللہ عنہ قال عمر رضی اللہ عنہ هلكت اذا قال فانت يا عثمان رضی اللہ عنہ قال آكل فاطعم واقسم فلا اظلم قال فانت يا علی رضی اللہ عنہ قال آكل القوت واخفض الصوت واقسم الثمرة واحمی الجمرة قال كلكم سبيلی وسيری الله عملكم“۔(۱)

ابو بکر ہذلی رضی اللہ عنہ نے اپنے شیوخ سے جس چیز کی خبر دی ہے وہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو فرمایا اے ابو بکر رضی اللہ عنہ اگر میرے بعد تمہیں امر خلافت ملے تو اسکو کیسے سرانجام

(1) الریاض النضرہ ص۵۶ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

دو گے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے پہلے مجھے موت آ جائے۔ آپ نے فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ تم کیسے سرانجام دو گے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تب تو میں ہلاک ہو جاؤں گا۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو انہوں نے عرض کی کھاؤں گا اور کھلاؤں گا اور تقسیم کروں گا اور بے انصافی نہیں کروں گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ تم کیسے خلافت کو سرانجام دو گے تو انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر کھاؤں گا جس سے زندہ رہ سکوں آواز پست رکھوں گا پھلوں کو تقسیم کروں گا اور انگشت نمائی سے بچوں گا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سب عنقریب مجھے ملو گے اور اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال تمہیں دکھائے گا۔

اس حدیث سے بھی حق چار یار بالترتیب اور فضلیت کی طرف بالکل واضح الفاظ میں اشارہ ہے کہ چاروں کی خلافت بھی حق ہے اور فضیلت بھی حق ہے اور ہے بھی ترتیب وار اسی وجہ سے مشہور چشتی بزرگ سید السادات مقبول بارگاہ رسالت مآب حضرت میر سید عبد الواحد بلگرامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

محبت با ایں ہر چہارت نکو	ز تفصیل شیخین کارت نکو
محبت بہر چار گر استوار	ولی فضل شیخین مفرط شمار
ورت فضل شیخین در دل کم است	نبائی تو در رفض مستحکم ست (۱)

یعنی ان چاروں سے محبت کرنا بھلائی ہے اور شیخین کو افضلیت دینے میں تیرے انجام کی بہتری ہے ان چاروں سے سچی محبت رکھ (تجھے چار یار کے نعرہ سے موت نہیں آنی چاہیے) لیکن شیخین کی فضلیت زیادہ مان اور اگر تیرے دل میں شیخین سے محبت کم ہے تو سمجھ لے کہ تیری بنیاد رفض میں مضبوط ہوتی چلی جا رہی ہے۔

---

(۱) سبع سنابل ص ۱۰ مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور

Marfat.com

## روافض:

اس بات کو اگر سر عام تسلیم نہ کریں لیکن اپنی جگہ خود تسلیم کریں گے کہ پہلے صرف سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلاف بکواس بازیاں اور پھر ترقی ہوئی اور حق چار یار کی مخالفت اور مزید بر آں حضرت علی کو باطنی فضیلت دے دی اور ابھی پتہ نہیں یہ ابن سباء کی اول کیا کیا کرتب دکھائے گی اور کیسے کیسے روافض کے نئے شگوفے لائے گی۔

کہاں تک سنو گے کہاں تک سناؤں
رافضیوں کی خرافات کہاں تک بتاؤں

## چار یاروں کے ہاتھوں میں کنکروں کی تسبیحات:

امام ابو شکور سالمی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور و معروف کتاب تمہید ابو شکور سالمی جس کا درس حضور فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ دیتے تھے۔ اور یہ وہ شخصیت ہیں کہ جو حضور داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے ہم عصر ہے وہ داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ جنکے بارے میں حضور سیدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ اگر میں انکے دور میں ہوتا تو میرے پیر ہوتے اور میں ان کا مرید ہوتا۔

خوف خدا شرم نبی یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

بہر حال وہ حدیث نقل فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکر اٹھائے تو ان کنکریوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک میں تسبیح کی اور انکی تسبیح سنی جاتی تھی وہ یہ پڑھتی تھی "سبحان اللہ والحمد للہ" اللہ تعالی پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ تعالی کیلئے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کنکریاں رکھ دیں اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ تم ان کنکریوں کو اٹھاؤ جب انہوں نے کنکریوں

Marfat.com

کو اٹھایا تو آپ کے ہاتھ میں کنکریوں نے تسبیح یعنی سبحان اللہ والحمدللہ کا ورد کیا اسی طرح حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کے ہاتھوں میں بھی تسبیح کرتی تھیں اس مجلس میں حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ بھی تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابو ذر تم بھی اٹھاؤ جب انہوں نے اٹھائیں تو ان کے ہاتھ میں کنکریوں نے تسبیح نہیں کی حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیا بات ہے ان حضرات کے ہاتھوں میں کنکریوں نے تسبیح کی اور میرے ہاتھ میں تسبیح نہیں کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوذر تم ان چاروں کے برابر ہونا چاہتے ہو؟(1)

امام ابو شکور سالمی رحمۃ اللہ علیہ مزید لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو ان چاروں کی محبت جمع نہ ہو گی مگر مومن کے دل میں اور جس کے دل میں ان کی محبت نہ ہو گی وہ منافق ہے جو ان سے محبت کرے گا وہ مجھ سے محبت کرے گا اور جو ان سے بغض رکھے گا وہ مجھ سے بغض رکھے گا یہ چاروں مومنوں کے دنیا وآخرت میں سردار ہیں ان سے بغض رکھنے والا شقی وبدبخت ہے (جیسا کہ روافض) اور ان سے محبت رکھنے والا مومن متقی ہے الٰہی میں نے تبلیغ کر دی دیواروں اور باب مسجد سے آواز آئی الٰہی جو ان سے بغض رکھے تو ان پر لعنت کرے تو دیواروں نے کہا آمین اس معجزہ کو دیکھ کر اس دن تیس یہودی اور پچاس منافق ایمان لائے۔(2)

---

(1) تمہیدابو شکور سالمی کشبی ص۳۶۴مترجم ابوالبرکات سید احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور،شرف المصطفی ص۲۹ ج ۶

(2) تمہیدابو شکور سالمی کشبی ص۳۶۶ممترجم ابوالبرکات سید احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور

Marfat.com

## مقام افسوس:

یہ ہے کہ کنکریاں جو بے جان ہیں انکو بھی حق چار یار کا مقام و مرتبہ معلوم ہے۔ لیکن یہ دو ٹانگوں والے حیوان کو چار یار کا مقام و مرتبہ معلوم نہیں۔ جب دیواریں جو کہ بے جان ہیں ان پر بھیجی جانے والی لعنت پر آمین کہیں تو ان کا حال یہی ہونا ہے۔ مولانا روم کی یہ آواز آج بھی مسلمان کے دل میں گونج کر ٹھنڈک پیدا کر رہی ہے کہ:

مونس احمد به مجلس چار یار
مونس بوجهل عتبه ذوالخمار

محمد مصطفی ﷺ کے مونس چار یار تھے اور ابو جہل کے مونس ابو جہل عتبہ شرابی تھا۔ اہلسنت تو چار یار کو مانتے ہیں روافض انکے منکر ہیں تو پھر ابو جہل اور عتبہ کو اپنا امام مانتے ہوں گے۔

نہ بچو گے تم اور نہ ساتھی تمہارے
ناؤ ڈوبی تو ڈوبو گے سارے

## حق چار یار حراء پر:

"عن سعید بن زید قال،اهتز حراء فقال رسول الله ﷺ اثبت حراء،فلیس علیک الانبی اوصدیق اوشهید، وعلیه رسول الله ﷺ، وابو بکر و عمرو عثمان وعلی رضی اللہ عنہم الحدیث"۔ (1)

---

(1) السنن الکبری للنسائی جلد۵ ص۴۷، سنن ابن ماجه ج۱ ص ۹۵رقم ۱۳۴، فضائل الصحابه ج۹ ص ۱۱۴ رقم ۸۳، موسسة الرساله بیروت، مسند احمد بن حنبل رقم ۱۶۴۵، مسند بزاز ج۴ ص ۹۱ حدیث ۱۲۶۳، مکتبة العلوم الحکمة المدینة المنورة، سنن دار قطنی ج۵ ص ۳۵۲ رقم ۴۴۴۲ موسسة الرساله بیروت

Marfat.com

یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اے حراء ٹھہر جا، تیرے اوپر نبی، صدیق یا شہید کے سواء کوئی نہیں، اس وقت پہاڑ پر رسول اللہ ﷺ، ابو بکر، عمر، عثمان اور علی اور چند دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم تھے۔

## حق چار یار کا تذکرہ:

"اراف امتی بامتی ابوبکر ،واشدھم فی دین اللہ عمر، واصدقم حیاء عثمان واقضاھم علی رضی اللہ عنہم الحدیث"(1)

یعنی میری امت میں سے میری امت پر سب سے زیادہ مہربان ابو بکر ہے، اللہ کے دین کے معاملے میں سب سے سخت عمر ہے، سب سے زیادہ حیاء والا عثمان ہے اور سب سے بڑا قاضی علی رضی اللہ عنہم ہے۔

## حق چار یار کی موافقت تاجدار کائنات:

"روی انہ لما قال ا حبب الی من دنیا کم ثلاث الطیب والنسا ء وجعل قرۃ عینی فی الصلوۃ قال ابو بکر رضی اللہ عنہ وانا یارسول اللہ ﷺ حبب الی من الدنیا ثلاث النظر الی وجھک وجمع المال للانفاق علیک والتوسل بقرابتک الیک وقال عمر رضی اللہ عنہ وانا یارسول اللہ ﷺ حبب الی من الدنیا ثلاث الامر بالمعروف والنھی عن المنکر والقیام

(بقیہ) المعجم الاوسط رقم ۸۲۲۹، مصنف ابن ابی شیبہ ج۱۲ ص ۱۴ رقم ۳۲۶۱۱دار السلفیہ الہندیہ القدیمیہ، مجمع الزوائد ج۹ص ۲۳۶ رقم ۴۹۲۰ دار الفکر بیروت، سنن ترمذی ج۶ ص ۱۰۹ رقم ۳۷۵۷دار الغرب الاسلامی بیروت، سنن ابی دانود ج۴ ص ۲۱۱ رقم ۴۶۴۸ دار الفکر بیروت، المستدرک الصحیحین ج ۳ ص ۴۵۰ رقم ۵۸۹۸ دار الکتب العلمیہ بیروت، السن لابن ابی عاصم ج۲ ص ۶۱۸ رقم ۱۴۲۸ المکتب الاسلامی بیروت، الطبقات الکبری ج۳ ص ۳۸۳ رقم ۴۲۳۲، البدایہ والنہایہ ج۷ ص ۳۹۳ دار احیاء التراث العربی بیروت

(1) کنزا العمال جلد ۱۱ص ۲۹۶

Marfat.com

بامراللہ وقال عثمان رضی اللہ عنہ حبب الی ثلاث اطعام الجائع وارواء الظمأن وکسوة العاری وقال علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ وانا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حبب الی من الدنیا ثلاث الصوم فی الصیف واقراء الضیف والضرب بین یدیک بالسیف۔[1]

روایت کی گئی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے تمہاری دنیا سے تین چیزوں سے محبت ہے، خوشبو، عورت اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی دنیا کی تین چیزوں سے محبت کرتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخ انور کی زیارت کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر خرچ کرنے کے لئے مال جمع کرنا، آپ کی طرف آپکی قرابت کے ساتھ توسل پکڑنا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دنیا کی تین چیزوں سے محبت کرتا ہوں "امر بالمعروف. نہی عن المنکر" اور اللہ تعالی کے لیے قیام کرنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بھی تین چیزیں پسند ہیں، بھوکے کو کھانا کھلانا، پیاسے کو پانی پلانا اور برہنہ کو کپڑے پہنانا حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی دنیا سے تین چیزیں پسند کرتا ہوں۔ گرمیوں میں روزے رکھنا، غروب آفتاب کے وقت پڑھنا، اور آپکے سامنے تلوار کی ضرب لگانا۔

## حق چار یار اور قیام قیامت:

"عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انا اول من تنشق عنه الارض ثم ابو بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی

---

(1) شرف المصطفی ج٦ ص ٢٣ مطبوعه دارالبشائر الاسلامیه، روح البیان سوره نمل أیت ٦٢

Marfat.com

رضی اللہ عنہم ثم اتی اهل البقیع ثم انتظر اهل مکه فتنشق عنهم ثم یقوم الخلائق "۔(1)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں وہ پہلا شخص ہوں کہ جب زمین شق ہو گی تو باہر نکلوں گا پھر ابو بکر، پھر عمر پھر عثمان پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم پھر اہل البقیع آئیں گے پھر اہل مکہ کا انتظار کروں گا تو وہ زمین سے نکلیں گے پھر مخلوق قائم ہو گی۔

یعنی پتہ چلا کہ جس طرح حق چار یار کے منکر یہاں جلتے ہیں اور حق چار یار کا نعرہ لگانے سے روکتے ہیں انکی یہی جلنے والی حالت وہاں بھی ہو گی جب یہ تاجدار کائنات رضی اللہ عنہم کے ارد گرد حق چار یار کی عملی تصویر دیکھیں گے:

مرو گے یونہی جل جل کر
نعرہ تحقیق حق چار یار لگانا ہم نہ چھوڑیں گے

## حق چار یار اور حساب و کتاب:

"عن ابی امامة رضی اللہ عنہ قال سمعت ابا بکر الصدیق رضی اللہ عنہ یقول للنبی صلی اللہ علیہ وسلم من اول من یحاسب قال انت یا ابا بکر قال ثم من قال عمر رضی اللہ عنہ قال ثم من قال علی رضی اللہ عنہ ثم قال من قال فعثمان رضی اللہ عنہ قال سألت ربی ان یهب لی حسابه فلا یحاسبه فوهب لی "۔(2)

(1) ریاض النضرہ ص ۵۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
(2) ریاض النضرہ ص ۵۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے سنا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی سب سے پہلے کون حساب دے گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابو بکر رضی اللہ عنہ تو، عرض کی پھر کون آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمر رضی اللہ عنہ عرض کی پھر کون آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی رضی اللہ عنہ پھر عرض کی گئی تو عثمان تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اس کا حساب اپنے رب سے سوال کر کے اپنے ہبہ کروالیا ہے اس کا حسابِ مجھے بخش دیا گیا ہے یعنی عثمان بن عفان کا حساب میرے ذمے ہے۔

روافض جو سیادت کا لبادہ اوڑھ کر یہ کہتے ہیں کہ ہم قیامت کے دن ابو بکر رضی اللہ عنہ سے زیادہ نوازے جائیں گے کیونکہ ہم سید ہیں اور ابو بکر رضی اللہ عنہ سید نہیں وہ غلط فہمی میں مبتلا ہیں۔

فقیر سادات کا غلام ہے سادات کے قدموں کی خاک ہے۔ اور یہی وہ ہستیاں ہیں جن کے صدقے ہم جیسوں پر بھی کرم ہو رہا ہے۔ اور جو سادات کرام کا گستاخ ہو اسے سنی اور مسلمان کہلوانے کا کوئی حق نہیں ہے کیونکہ کائنات کی ساری رونقیں انہیں کے دم قدم سے ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ اصل اور سچا سید ہو، نام نہاد سید نہ ہو یوں تو تمام اہل تشیع اپنے آپکو سید کہلواتے ہیں اور دیوبندیوں میں بھی سید بنے بیٹھے ہیں اور جو اصل سید ہو اور صحیح العقیدہ ہو اس کا ادب کرنا لازم و فرض ہے اگرچہ عمل کی کتنی بڑی ہی کوتائی اس میں کیوں نہ ہو لیکن اگر عقیدہ درست ہے تو قابل تعظیم ہے۔ میرے اعلحضرت عظیم البرکت مجدد مائۃ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر کس نے سادات کا ادب کیا اور یہ کسی سے مخفی بھی نہیں جیسا کہ پالکی والی مشہور روایت سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور اسی روایت کو سنا کر بعض لوگ یہ کہتے ہوئے سنے گئے ہیں کہ فکر رضا تو یہ ہے کہ سادات کرام کا احترام کیا جائے جب کہ آج کل لوگ فکر رضا کا نعرہ لگاتے ہیں اور سادات کا احترام نہیں کرتے۔

Marfat.com

یہ بات مسلم ہے اگر سید صحیح العقیدہ سنی ہو تو اس کا احترام لازم ہے مگر رافضی ہو تو اس کا نہیں اور فکر رضا کا نام لے کر لوگوں کو ورغلانے والے اِدھر نظر کیوں نہیں کرتے کہ افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی تو فکر رضا ہے دفاع امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بھی فکر رضا ہے حق چار یار کا نعرہ لگانا بھی فکر رضا ہے اور اثبات عدم ایمان ابو طالب بھی فکر رضا ہے تو اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کی یہ افکار بھی لوگوں کو بتایا کرو صرف اپنے مقصد کے حصول کے لئے ایک چیز لے کر رکشے کی طرح شور نہیں ڈالنا چاہیے تو آیئے بد عقیدہ سید کے بارے میں اعلحضرت رضی اللہ عنہ کا فتویٰ بھی سن لیجئیے۔

**مسئلہ:** از امروہہ مرسلہ رفیق احمد صاحب عباسی محلہ ۱۹ ربیع الاول شریف ۱۳۳۶ھ مرشدی و مولائی مدفیوضکم العالی بعد آداب و نیاز غلامانہ گزارش ہے کہ یہاں بعض اشخاص اس امر کے مدعی ہے کہ سادات بنی فاطمہ رضی اللہ عنہم میں سے کوئی تنفس خواہ وہ کوئی مشرب رکھتا ہو اور کیسے ہی اعمال کا ہو نار دوزخ سے بری ہے اور ثبوت میں آیت تطہیر و حدیث "اکرموا اولادی الخ" (میری اولاد کا احترام کرو) وغیرہ کے علاوہ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی فتوحات مکیہ کا باب سلمان فارسی پیش کرتے ہیں اس کے متعلق آں قبلہ کی جو کچھ رائے اقدس ہو اس سے مطلع فرمایئے زیادہ آرزوئے قدم بوسی فقط۔

**الجواب:**

سید کوئی مشرب رکھتا ہو یہ لفظ بہت وسیع ہے آجکل بہت مشرب صریح کفر وارتداد کے ہیں۔ جیسے قادیانی۔ نیچری، رافضی، وہابی، چکڑالوی، دیوبندی وغیرھم جو مشرب رکھتا ہو ہر گز سید نہیں۔ " انه لیس من اهلک فانه عمل غیر صالح" وہ تیرے گھر والوں میں سے نہیں بے شک اس کے کام بہت نالائق ہیں۔ (1)

(1) فتاوی رضویہ شریف ج۲۹ ص۶۳۹ رضا فاؤنڈیشن لاہور

Marfat.com

عرض ! بعض علی گڑھی کو سید صاحب کہتے ہیں:

ارشاد: وہ تو ایک خبیث مرتد تھا حدیث میں ارشاد فرمایا: "لا تقو لو اللمنافق سیدًا فانه ان یکن سید کم فقداسخطتم ربکم" منافق کو سید نہ کہو کہ وہ اگر تمہارا سید ہو اتو یقیناً تم نے اپنے رب کو غضب دلایا۔[1]

## سید کفریہ عقیدہ نہیں رکھ سکتا:

ولید بلید خواہ کوئی پلید ختم نبوت کا ہر منکر عنید صراحتہً جاحد ہو یا تاویل کا مرید مطلقاً نفی کرے یا تخصیص بعید امیری قاسمی مشہدی مرید، رافضی غالی وہابی شدید، سب صریح کافر مرتد طرید "علیهم لعنة العزیز الهمید" (ان پر اللہ عزوجل کی لعنت ہو) اور جو کافر ہو وہ قطعاً سید نہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔" انه لیس من اهلک انه عمل غیر صالح"۔ وہ تیرے گھر والوں میں نہیں بیشک اس کے کام بڑے نالائق ہیں۔

نہ اسے سید کہنا جائز۔

## منافق کو سید نہ کہو:

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

"لا تقولواللمنافق سید فانه ان یکن سیدا فقد اسخطتم ربکم عزوجل۔ رواه ابو داؤد والنسائی بسند صحیح عن بریدة رضی اللہ عنہ"۔

---

(1) ملفوظات شریف ص۲۸۸ مطبوعه احمد رضاء بریلوی کتب خانه کراچی. الادب المفرد للبخاری حدیث ۷۶۰، سنن ابی داود ج۴ ص ۲۹۵ رقم ۴۹۷۷ دار الفکر بیروت. شرح مشکل الآثار ج۱۵ رقم ۵۹۱۰ موسسة الرساله بیروت. الفتاوی حدیثیه ص ۲۹۵، مسند بزاز ج۱۰ ص ۲۷۷ رقم ۴۳۸۲ مکتبة العلوم والحکمة المدینة المنوره

Marfat.com

منافق کو سید نہ کہو کہ اگر وہ تمھارا سید ہو تو بیشک تم پر تمھارے رب عزوجل کا غضب ہو اس کو ابو داؤد اور نسائی نے بسند صحیح حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔

روایت حاکم کے لفظ یہ ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"اذاقال الرجل للمنافق یا سید فقد اغضب ربه عزوجل"۔[1]

جو کسی منافق کو "اے سید" کہے اس نے اپنے رب کا غضب اپنے اوپر لیا۔ والعیاذ باللہ رب العلمین۔

پھر یہی نہیں کہ یہاں صرف اطلاق لفظ سے ممانعت شرعی اور نسب سیادت کا انتفائے حکمی ہو حاشا بلکہ واقع میں کافر اس نسل طیب و طاہر سے تھا ہی نہیں اگرچہ سید بنتا اور لوگوں میں براہ غلط سید کہلاتا ہو آئمہ دین اولیائے کاملین علمائے عاملین رحمہم اللہ تصریح فرماتے ہیں کہ سادات کرام بحمد اللہ تعالی خباثت کفر سے محفوظ و مصوٗن ہیں جو واقعی سید ہے اس سے کبھی کفر واقع نہ ہوگا، قال اللہ تعالی:

"انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا"۔

اللہ یہی چاہتا ہے کہ تم سے نجاست دور رکھے اے نبی کے گھر والو! اور تمھیں خوب پاک کر دے ستھرا کر کے۔

---

(1) المستدرک علی الصحیحین ج۴ ص ۳۱۱ رقم ۵۹۶۸، دار الکتب العلمیہ بیروت۔ جامع الاحادیث رقم ۲۴۳۷

Marfat.com

تمام فوائد اور بزار وابو یعلی مسند اور طبرانی کبیر اور حاکم بافادہ تصحیح مستدرک میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"ان فاطمة احصنت فرجها فحرمها الله وذريتها على النار"۔

بیشک فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنی حرمت پر نگاہ رکھی تو اللہ عزوجل نے اسے اور اس کی ساری نسل کو آگ پر حرام کر دیا۔

## اہل بیت سے کوئی بھی جہنمی نہیں:

ابو القاسم بن بشر ان اپنے امالی میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہما سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"سألت ربی ان لا یدخل احدا من اهل بیتی النار فاعطانیها"۔

میں نے اپنے رب عزوجل سے سوال کیا کہ میرے اہلبیت سے کسی کو دوزخ میں نہ ڈالے اس نے میری یہ مراد عطا فرمائی۔

## اہل بیت عذاب سے بری ہیں:

طبرانی بسند صحیح حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بتول رضی اللہ عنہا سے فرمایا:

"ان الله تعالى غير معذبک ولا ولدک"۔

بیشک اللہ تعالے نہ تجھے عذاب فرمائے گا نہ تیری اولاد کو۔

Marfat.com

## حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وجہ تسمیہ:

ابن عساکر حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"انما سمیت فاطمة لان الله فطمها وذریتها عن النار یوم القیمة"۔

فاطمہ اس لئے نام ہوا کہ اللہ عزوجل نے اسے اور اس کی نسل کو روز قیامت آگ سے محفوظ فرما دیا۔

## اہل بیت آگ میں نہیں جاسکتے:

قرطبی آیہ کریمہ "ولسوف یعطیک ربک فترضی" کی تفسیر میں حضرت ترجمان القرآن رضی اللہ عنہ سے ناقل کہ انھوں نے فرمایا:

"رضا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان لا یدخل احد من اهل بیته النار"۔

یعنی اللہ عزوجل نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے راضی کر دینے کا وعدہ فرمایا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا اس میں ہے کہ ان کے اہل بیت سے کوئی دوزخ میں نہ جائے۔

نار دو قسم کی ہے: نار تطہیر کہ مومن عاصی جس کا مستحق ہو، اور نار خلود کافر کے لئے ہے۔ اہلبیت کرام میں حضرت امیر المومنین مرتضے وحضرت بتول زہرا وحضرت سید مجتبیٰ وحضرت شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہم علی سید ہم وعلیھم وبارک وسلم تو بالقطع والیقین ہر قسم سے ہمیشہ ہمیشہ محفوظ ہیں اس پر تو اجماع قائم اور نصوص متواترہ حاکم باقی نسل کریم تا قیام قیامت کے حق میں اگر بفضلہ تعالی مطلق دخول سے

Marfat.com

محفوظ رکھیے اور یہی ظاہر لفظ سے متبادر، اور اسی طرف کلمات اہل تحقیق ناظر، جب تو مراد بہت ظاہر، اور منع خلود مقصود جب بھی نفی کفر پر دلالت موجود۔ [1]

بد عقیدہ سید:

اگر کہئے بعض کٹر نیچری بیشمار اشد غالی رافضی بہت سچے ملحد جھوٹے صوفی کچھ ہفت خاتم شش مثل والے وہابی غرض بکثرت کفار کہ صراحۃ منکرین ضروریات دین ہیں سید کہلاتے میر فلاں لکھے جاتے ہیں۔

اقول کہلانے سے واقعیت تک ہزاروں منزل ہیں نسب میں اگرچہ شہرت پر قناعت "والناس امناء علی انسابهم" (لوگ اپنے نسبوں میں امین ہیں) مگر جب خلاف پر دلیل قائم ہو تو شہرت بے دلیل نامقبول وعلیل اور خود اس کے کفر سے بڑھ کر نفی سیادت پر اور کیا دلیل درکار، کافر نجس ہے: "قال اللہ تعالی انما المشرکون نجس"۔ (اللہ تعالی نے فرمایا۔ بیشک مشرک نرے ناپاک ہیں) اور سادات کرام طیب وطاہر "قال اللہ تعالی ویطھرکم تطھیرا" (اللہ تعالی نے فرمایا۔ اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے) اور نجس وطاہر باہم متبائن ہیں کہ ایک شئ پر معاً ان کا صدق محال، جب علمائے کرام تصریح فرما چکے کہ سید صحیح النسب سے کفر واقع نہ ہوگا اور یہ شخص صراحۃ کافر تو اس کا سید صحیح النسب نہ ہونا ضرورۃ ظاہر، اب اگر اس نسب کریم سے انتساب پر کوئی سند معتمد نہ رکھتا ہو تو امر آسان ہے ہزاروں اپنی اغراض فاسدہ سے براہ دعوی سید بن بیٹھے۔

غلہ تا ارزاں شود امسال سید می شوم
(اس سال سید بنوں گا تا کہ خوراک میں آسانی ہو)

---

(1) فتاوی رضویہ ج۱۵ ص ۳۳، ۳۲، ۳۱، ۳۰، مطبوعہ مکتبہ رضا فاؤنڈیشن لاہور

Marfat.com

## رافضی سید:

رافضی صاحبوں کے یہاں تو یہ بائیں ہاتھ کا کھیل ہے، آج ایک رذیل سے رذیل دوسرے شہر میں جاکر رفض اختیار کرے کل میر صاحب کا تمغا پائے تو فلاں کافر سے کیا دور ہے کہ خود بن بیٹھا ہو یا اس کے باپ دادا میں کسی نے ادعائے سیادت کیا اور جب سے یونہی مشہور چلا آتا ہو، اور اگر بالفرض کوئی سند بھی ہو تو اس پر کیا دلیل ہے کہ یہ اسی خاندان کا ہے جس کی نسبت یہ شہادت تامہ ہے، علامہ محمد بن علی صبان مصری اسعاف الراغبین فی سیرۃ المصطفی وفضائل اہل بیت الطاہرین میں فرماتے ہیں:

> "ومن این تحقق ذلک لقیام احتمال زوال بعض النساء وکذب بعض الاصول فی الانتساب"۔
>
> یہ کیسے ثابت ہوا جبکہ بعض عورتوں کی غلط کاری اور نسب بنانے میں بعض مردوں کے جھوٹ کا احتمال ہے۔

یہ وجوہ ہیں ورنہ حاشاللہ ہزار ہزار حاشاللہ نہ بطن پاک حضرت بتول زہرا رضی اللہ عنہا میں معاذ اللہ کفر و کافر کی گنجائش، نہ جسم اطہر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی پارہ کتنے ہی بعد پر عیاذاباللہ دخول نار کے لائق۔

الحمد للہ یہ دو دلیل جلیل واجب التعویل ہیں کہ کوئی عقیدہ کفر یہ رکھنے والا رافضی وہابی متصوف نیچری ہرگز سید صحیح النسب نہیں۔

Marfat.com

## رافضی شکلیں شکلوں سے سمجھیں:

### تین قیاس پر مشتمل:

### دلیل اول:

(۱) یہ شخص کافر ہے اور ہر کافر نجس نتیجہ: یہ شخص نجس ہے۔

(۲) ہر سید صحیح النسب طاہر ہے اور کوئی طاہر نجس نہیں۔ نتیجہ: کوئی سید صحیح النسب نجس نہیں

(۳) اب یہ دونوں نتیجے ضم کیجئے یہ شخص نجس ہے اور کوئی سید صحیح النسب نجس نہیں۔

نتیجہ: یہ شخص سید صحیح النسب نہیں۔

قیاس اول کا صغری مفروض اور کبری منصوص، اور دوم کا صغری منصوص اور کبری بدیہی تو نتیجہ قطعی

### دلیل دوم:

قیاس مرکب، یہ بھی تین قیاسوں کو متضمن، یہ شخص کافر ہے اور ہر کافر مستحق نار، نتیجہ: یہ شخص مستحق نار ہے اور نبی ﷺ کے جسم اقدس کا کوئی پارہ مستحق نار نہیں۔

نتیجہ: یہ شخص نبی ﷺ کے جسم اقدس کا پارہ نہیں اور ہر سید صحیح النسب نبی ﷺ کے جسم اقدس کا پارہ ہے۔

نتیجہ: یہ شخص سید صحیح النسب نہیں۔

Marfat.com

پہلا کبری منصوص قرآن، اور دوسرے کا شاہد ہر مومن کا ایمان، اور تیسرا عقلاً فقہاً واضح البیان۔ (1)

## روافض کے متعلق انداز اعلحضرت رضی اللہ عنہ کی ایک جھلک:

علمائے کرام کا اس میں کیا ارشاد ہے کہ ایک رافضی نے کہا کہ آیہ کریمہ "ان من المجرمین منتقمون" کے اعداد (۱۲۰۲) ہیں، اور یہی عدد ابو بکر عمر عثمان رضی اللہ عنہم کے ہیں۔ یہ کیا بات ہے؟ بینوا توجروا۔ - المستفتی قاضی فضل احمد لدھیانوی ۲۱ صفر ۱۳۳۹ھ

الجواب

روافض "لعنهم الله تعالى" کی بنائے مذہب ایسے ہی اوہام بے سروپا، درہوا ہے۔

اولا: ہر آیت عذاب کے عدد اسمائے اخیار سے مطابق کر سکتے ہیں، اور ہر آیت ثواب کے (عدد) اسمائے کفار سے۔ کہ اسما میں وسعت وسیعہ ہے۔

ثانیا: امیر المومنین مولی علی کرم اللہ تعالی وجہہ کے تین صاحب زادوں کے نام ابو بکر، عمر، عثمان رضی اللہ عنہم ہیں۔ رافضی نے آیت کو ادھر پھیرا، کوئی ناصبی ادھر پھیر دے گا، اور دونوں ملعون ہیں۔ حدیث میں ہے سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے اور ارشاد فرمایا "أروني ابني ماذ اسميتموه" مجھے میرا بیٹا دکھاؤ تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ مولی علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: حرب۔ فرمایا: نہیں، بلکہ وہ حسن ہے۔ پھر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت پر تشریف لے گئے اور فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ، تم نے اس کا کیا نام رکھا؟ مولی علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: حرب۔ فرمایا نہیں، بلکہ وہ حسین ہے۔ پھر

(1) فتاوی رضویہ ج۱۵ ص۳۷،۳۸، مطبوعہ مکتبہ رضا فاؤنڈیشن لاہور

Marfat.com

حضرت محسن کی ولادت پر وہی فرمایا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وہی عرض کی۔ فرمایا نہیں وہ محسن ہے۔ پھر فرمایا: میں نے ان بیٹوں کے نام ہارون علیہ السلام کے بیٹوں پر رکھے شبر، شبیر، مشبر۔ حسن، حسین، محسن ان سے ہم وزن وہم معنی۔

اس سے مولی علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو تنبیہ ہوئی کہ اولاد کے نام اخیار کے ناموں پر رکھنے چاہئیں لہذا اس کے بعد صاحب زادوں کے نام ابو بکر، عمر، عثمان عباس رضی اللہ عنہم وغیر ہم رکھے۔

ثالثا: رافضی نے اعداد غلط بتلائے۔ امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے نام پاک میں الف نہیں لکھا جاتا، تو عدد ۱۲۰۱ ہیں، نہ کہ دو۔

۱) ہاں او رافضی! بارہ سو دو عدد کا ہے کے ہیں؟۔ ابن سبا رافضیہ کے۔

۲) ہاں او رافضی! بارہ سو دو عدد ان کے ہیں، ابلیس، یزید، ابن زیاد، شیطان، الطاق کلینی ابن بابویہ، قمی، طوسی، حلی۔

۳) ہاں او رافضی! اللہ عزوجل فرماتا ہے: "ان الذین فرقوادینهم وکانوا شیعا لست منهم فی شیء" (انعام) بے شک جنھوں نے اپنا دین ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور شیعہ ہو گئے اے نبی تمہیں ان سے کچھ علاقہ نہیں۔ اس آیہ کریمہ کے عدد ۲۸۲۸ ہیں، اور یہی عدد ہیں، روافض، اثنا عشریہ، شیطنیہ اسمعیلیہ کے۔ اور اگر اپنی طرح سے اسمعیلیہ میں الف چاہیے تو یہی عدد ہیں روافض، اثنا عشریہ، ونصیریہ، اسماعیلیہ کے۔

۴) ہاں او رافضی! اللہ تعالی فرماتا ہے لهم اللعنة ولهم سوء الدار (رعد) ان کے لئے ہے لعنت اور ان کے لئے ہے برا گھر۔ اس کے عدد ۲۴۴ ہیں اور یہی عدد ہیں، شیطان، الطاق، طوسی، حلی کے۔

Marfat.com

۵) نہیں اورافضی! بلکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے : اولئک هم الصدیقون والشهداء عند ربهم لهم اجرهم (حدید) وہی اپنے رب کے وہاں صدیق اور شہداء ہیں ان کے لئے ان کا ثواب ہے۔ اس کے عدد (۱۴۴۵) ہیں اور یہی عدد ہیں ابو بکر، عمر، عثمان، علی، سعید کے۔

۶) نہیں اورافضی! بلکہ اللہ تعالی فرماتا ہے ،"اولئک هم الصدیقون والشهداء عند ربهم لهم اجرهم ونورهم" (حدید) وہی اپنے رب کے حضور صدیق وشہید ہیں ان کے لئے ہے ان کا ثواب اور ان کا نور۔ اس کے اعداد (۱۷۹۲) ہیں ، اور یہی عدد ہیں ابو بکر، عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر، سعد کے۔

۷): نہیں اورافضی !بلکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے:"والذین اٰمنو باللہ ورسلہ اؤلئک هم الصدیقون والشهداء عند ربهم لهم اجرهم ونورهم"۔ (حدید) جولوگ ایمان لائے اللہ اور اس کے رسولوں پر وہی اپنے رب کے نزدیک صدیق وشہید ہیں ان کے لئے ہے ان کا ثواب اور ان کا نور۔ آیہ کریمہ کے عدد تین ہزار سولہ اور یہی عدد ہیں صدیق، فاروق، ذوالنورین، علی، طلحہ ،زبیر، سعد، سعید، ابو عبیدہ عبد الرحمن بن عوف کے۔

الحمدللہ آیہ کریمہ کا تمام وکمال جملہ مدح بھی پورا ہو گیا،اور حضرات عشرہ مبشرہ کے اسمائے طیبہ بھی سب آگئے۔ جس میں اصلا تکلف اور تصنع کو دخل نہیں۔

کچھ روزوں سے آنکھ دکھتی ہے۔ یہ تمام آیات عذاب واسمائے اشرار، وآیات مدح واسمائے اخیار کے عدد محض خیال میں مطابق کئے جن میں صرف چند منٹ صرف ہوئے۔اگر لکھ کر اعداد جوڑے جاتے تو مطابقتوں کی بہار نظر آتی۔ مگر بعونہ تعالی اس قدر بھی کافی ہے۔
وللہ الحمد واللہ تعالی اعلم

Marfat.com

اس فتوی کو نقل کر کے مولوی صاحب موصوف کتاب مذکور کے ۴۶۵ میں تحریر فرما
ہیں۔ راقم الحروف عرض کرتا ہے کہ شیعہ یعنی رافضی کا تو ماشاء اللہ دلیہ نہیں بلکہ قیمہ
گیا۔ اب مجال دم زدن نہیں۔ فقیر نے یہ کرامت اعلی حضرت عظیم البرکت مجدد ما
حاضرہ امام اہل سنت وجماعت رضی اللہ عنہ بچشم خود ملاحظہ کی کہ چند لمحوں میں ان تمام آیا
واعداد کی مطابقت زبان فیض والہام ترجمان سے فرمائی۔ یہ رات کا وقت تھا، قریب نصف
گذر چکی تھی، واللہ باللہ عدداخیار واشرار کے اسما بلا سوچے اور بے تامل کئے فرما دیئے
فقیر سوا اس کے اور اندازہ نہیں کر سکتا کہ یہ اعلی حضرت رضی اللہ عنہ کی کرامت کا اظہار بذر
القائے ربانی اور الہام سبحانی تھا۔ اس سے بیشتر جب کہ اعلی حضرت رضی اللہ عنہ نے کتاب
سماعت فرماتے ہوئے، متعدد جگہ فرقہ وہابیہ اور معترض پر نکات اعداد جمل کی مطابقت
حظہ فرمائی تو اسی وقت معا بلا غور تامل کے یوں فرمایا: جناب نے فرمایا کہ لکھو۔ فقیر
تعمیل حکم اس طرح پر کی۔ آیت قرآنی:

(۱) "اھلکنھم انھم کانوا مجرمین" کے اعداد (۱۲۶۸) جو برابر ہیں اعد
رشید احمد گنگوہی کے۔

(۲) "لقد قالو ا کلمة الکفر وکفروا بعد اسلامھم" (توبہ)
اعداد (۱۲۶۴) جو برابر ہیں اشرف علی صاحب تھانوی کے

(۳) " شیطانا مریدا لعنہ اللہ" (نساء) کے اعداد (۷۸۴) ہیں اور وہی عد
ہیں حاجی قاسم صاحب نانوتوی کے۔

"سبحان اللہ وبحمدہ" کیا قدرت الہیہ کا جلوہ اور تقدیر الہی کا نظارہ ہے کہ گویا اللہ
تبارک وتعالی نے اپنے علم میں ان لوگوں کے حالت کی طرف اشارہ فرما دیا ہے۔ جو بندگا
رب العلی اور خاصان بارگاہ خدا اس قسم کے کشف والہام سے بیان فرما سکتے ہیں، اور عوام
سمجھا سکتے ہیں۔ "ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل
العظیم"۔(۱)

---

(۱) حیات اعلی حضرت ج اص ۳۱۸ تا ۳۲۲ مطبوعہ کشمیر انٹرنیشنل پبلشرز لاہور

Marfat.com

## حق چار یار اور دعائے مصطفی کریم ﷺ:

"عن النبی ﷺ اللهم انک بارکت لامتی فی صحابتی فلا تسلبهم البرکة واجمعهم علی ابی بکر اللهم واعز عمر بن الخطاب وصبر عثمان ووفق علیاً رضی اللہ عنہم"۔ (1)

نبی کریم ﷺ دعا فرمایا کرتے اے اللہ تو نے میرے صحابہ کو میرے امت کیلئے برکت بنایا اس برکت کو ہمیشہ قائم رکھ ابو بکر پر سب کو متفق کر دے فاروق اعظم کو عزت عطا کر عثمان غنی کو صبر اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کو مزید شجاعت سے نواز دے۔

## حق چار یار اور تحفہ خدا تعالیٰ:

"نزل جبریل بطبق تفاخ من الجنة وقال یا محمد ﷺ اعط من تحبه وکان الطبق مستورا فادخل یده واخذ تفاخة وعلی جانبها بسم اللہ الرحمن الرحیم بذه ہدیة من اللہ لابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ وعلی الجانب الآخر من ابغض الصدیق فهو زندیق ثم اخذا اخری وعلی جانبها بسم اللہ الرحمن الرحیم بذه ہدیة من اللہ الوهاب لعمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ وعلی الجانب الآخر من ابغض فهو فی سقر ثم اخذ اخری وعلی جانبها البسملة بذه ہدیة من اللہ الحنان المنان لعثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ وعلی الآخر من ابغض عثمان فخصمه الرحمن ثم اخذ اخری وعلی جانبها البسملة بذه ہدیة من اللہ الغالب الی علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ وعلی الجانب الآخر من ابغض علیا لم یکن للہ ولیا فحمد اللہ محمد ﷺ واثنی علیه"۔ (2)

---

(1) جامع الاحادیث ۴۹۵۰، کنز العمال ۳۳۱۳۶، جمع الجوامع حدیث ۲۵۱

(2) کنز العمال جزء ۱۱ حدیث نمبر ۳۳۱۳۶ مطبوعہ بیروت. الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۴۳ دار الفکر العلمیہ بیروت

Marfat.com

ایک مرتبہ جبرائیل امین بارگاہ مصطفی ﷺ میں حاضر ہوئے اور جنتی سیبوں سے بھرا ہوا ایک طشت لائے اور عرض کی یہ اسے دیجئے جس سے آپکو زیادہ محبت ہے۔ آپ نے ایک سیب اٹھایا اسکی ایک طرف لکھا تھا بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ تحفہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رفیق مصطفی ﷺ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کیلئے ہے اور دوسری طرف رقم تھا جو شخص صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھتا ہے وہ زندیق ہے پھر آپ ﷺ نے دوسرا سیب اٹھایا اس پر بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ ایک طرف لکھا ہوا تھا یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کیلئے تحفہ ہے اور دوسری طرف مرقوم تھا جو عمر رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھتا ہے وہ جہنمی ہے اسی طرح تیسرا سیب اٹھایا تو اسکی ایک طرف بسم اللہ کے ساتھ لکھا ہوا تھا کہ یہ خدائے حنان ومنان کی طرف سے عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کیلئے تحفہ ہے دوسری طرف لکھا ہوا تھا جو عثمان رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھے وہ اللہ تعالیٰ سے دشمنی رکھنے والا ہے پھر ایک اور سیب نکالا جس کی ایک جانب بسم اللہ کے ساتھ یہ تحریر تھا کہ یہ خدائے غالب کی طرف سے علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے لئے تحفہ ہے دوسری جانب لکھا ہوا تھا جو علی رضی اللہ عنہ کا دشمن ہے وہ خدائے جلی کا دشمن ہے نبی کریم ﷺ یہ نظارہ دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا اور شکر بجالائے۔

## حق چار یار تخلیق آدم علیہ السلام سے ایک ہزار سال قبل:

"وروی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ بسنده عن النبی ﷺ کنت انا وابو بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم انوار علی یمین العرش قبل ان یخلق بالف عام"۔ (۱)

(1) کنزالعمال جزء۱۱ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں ابو بکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم حضرت آدم علیہ السلام کے بنائے جانے سے ایک ہزار سال قبل عرش اعظم کے دائیں جانب نور کی صورت میں ظہور پذیر تھے۔

## حق چار یار کا فتوی دینا:

"واخرج عن القاسم بن محمد رضی اللہ عنہ قال کان أبو بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم یفتون فی عہد رسول الله علیه الصلاة والسلام"۔[1]

قاسم بن محمد نے تخریج کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ فتوی دیتے تھے۔

## حق چار یار کی سنت سنت مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم:

وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدین۔[2]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم پر میری اور میرے خلفائے راشدین مہدین کی سنت لازم ہے۔

---

(1) نزہۃ المجالس ص۳۰۶ مطبوعہ مکتبہ فاروقیہ پشاور۔۔۔سچی حکایات ص ۳۴۱،۳۴۲ مطبوعہ فرید بک سٹال

(2) الصواعق المحرقہ جزء اول فصل ثالث، شرح مشکل الآثار ج۳ ص ۲۲۳ حدیث ۱۱۸۶ موسسۃ الرسالہ بیروت، مسند ابی حنیفہ ص ۲۴۵ دار الکتب العلمیہ بیروت، الفتاوی الکبری ج ۲ ص ۹۲ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

یعنی خلفاء راشدین کی سنت کو میری سنت ہی سمجھنا جیسا کہ ملا علی قاری نے نقل کیا ہے کہ "فانهم لم يعلموا الابسنتی"۔ لہذا اس سے پتہ چلا کہ سنت خلفاء راشدین لازم ہے سنت مصطفی ﷺ کی طرح اور خلفائے راشدین سے اس جگہ مراد جیسا کہ ملا علی قاری رضی اللہ عنہ نے نقل فرمایا ہے کہ "هم الخلفاء الاربعة"، ابو بکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم یعنی حق چار یار مراد ہیں۔ (1)

## حدیث مذکور کی وضاحت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ سے:

"هذا من الاخبار بالغيب من خلافة الائمة الاربعة ابی بكر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم "۔ (2)

یہ حدیث آئمہ اربعہ حضرت ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی، علی المرتضی رضی اللہ عنہم کی خلافت کے متعلق تاجدار کائنات ﷺ کی غیبی خبر ہے۔

حدیث مذکور کی شرح فرماتے ہوئے امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک تو رافضیوں کا رد فرمایا کہ حدیث مذکور سے مراد حق چار یار ہیں اور ساتھ ہی خوارج کا رد بھی فرمایا کہ جو کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ علم غیب نہیں جانتے تو آپ نے بتا دیا کہ آپ کا خلفاء رابعہ حق چار یار کی خلافت کی خبر دینا بھی علوم غیبیہ میں سے ہے۔

حافظ ابن عبد البر قرطبی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ:

"وقال رسول الله ﷺ عليكم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدين المهديين بعد وهم ابو بكر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم فسما هم خلفاء" ۔ (1)

---

(1) تاریخ الخلفاء ص ۴۵ مطبوعہ کتب خانہ رشیدہ پشاور
(2) مشکوۃ شریف

Marfat.com

مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت کو لازم پکڑو جو میرے بعد ہوں گے اور وہ (خلفائے راشدین) حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں پس ان کا نام خلفاء ہے۔

حضرت ابو بکر ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ:

"وھم الاربعة باجماع ابو بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم"۔[2]

حدیث مذکور میں خلفاء راشدین سے مراد بالاجماع (حق چار یار) ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی اور علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

حضرت امام شرف الدین محمد الطیبی رحمۃ اللہ علیہ:

"والمراد بالخلفاء الراشدین ابو بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم "۔[3]

اور خلفاء راشدین سے مراد حق چار یار یعنی حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

حدیث کی وضاحت آئمہ محدثین سے نقل کرنے کے بعد یہ بات اظہر من الشمس ہو جاتی ہے کہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور حق چار یار کی سنت پر عمل کرنا لازم ہے اس کے

---

(1) مرقاۃ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ
(2) مرقاۃ الصعود بحوالہ حاشیہ ابی داؤد جلد ۲ ص ۶۳۵
(3) التمہید لمانی الموطا من المعانی والمسانید ج ۳ ص ۲۸۵ تحت محمد بن شباب زھری

Marfat.com

باوجود کوئی کہے کہ حق چار یار کے نعرہ سے بغض اہل بیت کی بو آتی ہے یہ ۱۹۵۳ء کی ایجا
ہے تو اس سے بڑا کذاب کوئی نہیں۔ کیونکہ حق پر وہی ہے جو حق چار یار کا نعرہ لگاتے ہوئے
حدیث مصطفی ﷺ پر عمل کر رہا ہو۔ اسی وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ:

چار یار نبی دے عاشق کوئی دسے انہاں چاراں ور گا
نہ اس دھرتی پیدا کیتا کوئی انہاں یاراں ور گا
نہ کوئی ہویا نہ کوئی ہوسی انہاں جان نثاراں ور گا
اعظم شان صدیق کی دساں اکو یار ہزاراں ور گا

مذکورہ آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ اور انکی وضاحت و تفسیر سے حق چار یار کا ثبوت واضح ہے کہ چار کی تخصیص رب ذوالجلال کی طرف سے تاجدار کائنات ﷺ کی زبان مبارک سے ہے اور جو حق چار یار کی مخالفت کرتا ہے در حقیقت وہ اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرتا ہے اور جملہ آیات واحادیث نبویہ ﷺ میں جب حضور ﷺ کے چار یاروں کا تذکرہ کیا گیا تو سب سے پہلے افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق ظاہراً او باطناً سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا گیا اسکے بعد خلیفہ دوم سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور اسکے بعد خلیفہ سوم سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور بعد ازاں خلیفہ چہارم سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا ذکر فرمایا تو اس ترتیب سے ہر جگہ حضور کا ذکر فرمانا اس بات کی دلیل ہے کہ انکی افضلیت بھی اسی ترتیب سے ہے یعنی انبیاء کے بعد سب سے افضل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں وہ الگ بات ہے کہ آجکل نئی نئی بولیاں شروع ہو گئی ہیں کچھ مزعومہ شیخ الاسلام اور نام نہاد مفکر اسلام اور مفت سے مفتی یہ کہتے نظر آتے ہیں کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ صرف سیاسی اور ظاہری طور پر خلیفہ بلا فصل ہیں باطنی طور پر افضل اور خلیفہ بلا فصل سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ ہیں، حالانکہ یہ تقسیم ان ماڈرن رافضیوں کی ہے ہمارے اسلاف نے آج تک ایسی کوئی تقسیم نہیں کی ہے بلکہ اسی کے قائل رہے اور لکھتے رہے کہ افضل البشر بعد الانبیا، سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ظاہری افضلیت ہو یا باطنی اس کا سہرا امام نقشبند کے سر ہی ہے۔ جیسا کہ ما قبل

Marfat.com

آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے بہر حال روافض کے ان ہتھکنڈوں کے رد کیلئے اگلی فصل میں چند احادیث اور اقوال صحابہ و تابعین واسلاف ذکر کیئے جاتے ہیں جس سے صراحتاً یہ بات سمجھ آجائے گی کہ افضل البشر بعد الانبیاء سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں اور ساتھ حق چار یار کے منکروں کا بھی رد ہو جائے گا کیونکہ صحابہ و تابعین اور ہمارے اسلاف تو ان چار کی تخصیص کر کے حق چار یار کا نعرہ لگاتے آئے ہیں اور ہم لگاتے رہیں گے اور روافض کے ایوانوں میں زلزلے بپا کرتے رہیں گے:

نہ ہم آئے نہ تم سمجھے کہیں سے
پسینہ پونچھیئے اپنی جبیں سے

Marfat.com

# باب چہارم

# حق چار یار

## اور افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماڈرن رافضیوں کا یہ باطل عقیدہ ہے کہ ظاہری اور سیاسی طور پر خلیفہ بلا فصل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں لیکن باطنی طور پر خلیفہ بلا فصل سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو مانتے ہیں اگرچہ کثیر علماء اہل سنت افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر بہت کچھ لکھ چکے ہیں لیکن۔ ہر گل را رنگ و بوئے دیگر است۔ کو مد نظر رکھتے ہوئے اس عقدہ کا حل پیش خدمت ہے۔

## افضلیت سے مراد کثرت ثواب:

قارئین کرام افضلیت کا معنی ہے کثرت ثواب یعنی جو افضل ہوتا ہے اس کو کثرت ثواب حاصل ہوتا ہے لہذا مدار افضلیت کثرت ثواب ہوا نہ کہ کثرت فضائل و اعمال اور کسی کی نیکی اور عمل خیر کے ثواب کی قلت اور کثرت کا تعین شارع کر سکتا ہے اور شارع اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ ہیں لہذا کثرت کا علم اللہ تعالیٰ یا مصطفیٰ کریم ﷺ کے بتائے بغیر نا ممکن ہے۔ مزید کچھ لکھنے سے قبل اس کی وضاحت کہ افضلیت سے مراد کثرت ثواب ہے اسلاف کی تائیدات اس سلسلہ میں پیش خدمت ہیں تاکہ کسی جانشین سبائی کو بعد میں اعتراض کرنے کی جرأت نہ ہو۔

## حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ:

مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"مقرر علما است کہ افضلیت باعتبار کثرت ثواب نزد خدائے جل وعلا ایں جا مراد است نہ افضلیت کہ بمعنی کثرت ظہور و مناقب بود"۔[1]

---

(1) مکتوبات شریف دفتر اول حصہ چہارم ص ۴۸۸ مطبوعہ ایچ۔ ایم سعید کمپنی کراچی

Marfat.com

علماء کرام کے نزدیک اس جگہ افضلیت سے مراد کثرت ثواب ہے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہے نہ کہ وہ افضلیت کہ جو بمعنی کثرت ظہور فضائل ومناقب ہے۔

## امام ابن حجر ھیتمی مکی رحمۃ اللہ علیہ:

علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

"ولکنھا اکثر ثوابا واعظم نفعا للمسلمین والاسلام واخشی واتقیٰ ممن عداھما من اولادہ صلی اللہ علیہ وسلم فضلا عن غیرھم"۔[1]

لیکن یہ دونوں یعنی شیخین کریمین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ثواب کے لحاظ سے اکثر ہیں مسلمانوں اور اسلام کے نفع کے لحاظ سے اعظم ہیں اور ان دونوں حضرات میں اللہ تعالیٰ کا خوف وتقوی سب سے زیادہ ہے اور یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پاک سے بھی تقویٰ وپرہیز گاری میں زیادہ ہیں چہ جائیکہ دوسرے حضرات۔

## امام علامہ عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ:

"ذکر المحققون ان فضیلتہ المبحوثۃ عنھا فی الکلام ھی کثرت الثواب ای اعظم الجزاء علی اعمال الخیر"۔[2]

---

(1) الصواعق المحرقہ ص ۵۹ مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان
(2) نبراس شرح شرح عقائد ص ۴۸۳ مطبوعہ مؤسسۃ الشرف لاہور

Marfat.com

محققین نے ذکر کیا ہے کہ علم کلام میں جس افضلیت سے بحث کی جاتی ہے وہ کثرت ثواب ہے یعنی اعمال خیر پر بڑی جزاء ہے۔

## محقق علی الاطلاق شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

افضلیت خلفاء اربعه بترتیب خلافت است یعنی افضل اصحاب ابوبکر ست ثم عمر ثم عثمان ثم علی و مراد از افضلیت کثرت ثواب ست عند اللہ تعالی۔[1]

خلفاء اربعہ کی افضلیت خلافت کی ترتیب پر ہے یعنی تمام صحابہ سے افضل ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ پھر عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ پھر علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں اور افضلیت سے مراد کثرت ثواب ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک۔

مجدد مائتہ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ امام اہل سنت اعلی حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ:

اعلحضرت فرماتے ہیں کہ الافضلیت فی کثرت الثواب وقرب رب الارباب والکرامة عند الله تعالی۔[2]

افضلیت کا معنیٰ کثرت ثواب اور رب الارباب کا قرب ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک بزرگی میں ہے۔

(1) تکمیل الایمان ص ۵۵ مطبوعہ لکھنو ہندوستان ،اردو ص ۹۴ مطبوعہ مکتبہ اعلی حضرت لاہور

(2) المعتمد المستند بناء نجاة الابد ص ۲۴۰ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

قارئین حضرات: مجددین وآئمہ کے اقوال سے یہ بات ثابت ہوئی کہ افضلیت سے مرا
کثرت ثواب اور یہ بات بھی بالکل واضح ہے کہ کثرت ثواب اسی کو حاصل ہے جو سب سے
بڑا متقی ہے کیونکہ ثواب ملتا ہے تقوی وپرہیز گاری پر اس لئے کہ اللہ تعالی کا ارشاد گرام
ہے "ان اکرمکم عند اللہ اتقکم" بیشک اللہ تعالی کے ہاں تم میں زیادہ عزت والا
ہے جو تم میں زیادہ پرہیز گار ہے تو آیئے اب یہ دیکھتے ہیں کہ انبیاء کے بعد سب سے بڑا متقی
کون ہے الا تقی کا سہرا کس کے سر ہے۔

## دلیل قرآن کریم سے:

اللہ رب ذوالجلال فرماتا ہے:

"وسیجنبها الاتقی الذی یؤتی ماله یتزکی وما لا حد عنده من نعمة تجزی الاابتغاء وجه ربه الاعلی ولسوف یرضی "۔[1]

اور بہت اس سے دور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیز گار جو اپنا مال دیتا ہے کہ ستھرا ہو اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے اور بے شک قریب ہے کہ وہ راضی ہو گا۔[2]

استدلال از آیت کریمہ:

یہاں آیات مذکورہ میں لفظ الا تقی آیا ہے اور اس الا تقی سے مراد حضرت سیدنا ابو
صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

---

(1) سورۃ اللیل
(2) ترجمہ کنزالایمان شریف

Marfat.com

## امام المفسرین عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ :

"الذی یوتی مالہ یعطی مالہ فی سبیل اللہ وھو ابو بکر رضی اللہ عنہ"۔ [1]

وہ جو اپنا مال دیتا ہے یعنی وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال دیتا ہے وہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

## امام جلال الدین محلی رحمۃ اللہ علیہ:

"وھذا نزل فی الصدیق رضی اللہ عنہ لما اشتری بلا لا المعذب علی ایمانہ واعتقہ"۔ [2]

آیت کریمہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی جب آپ نے حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو خرید کر آزاد کر دیا جبکہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو ایمان لانے کی وجہ سے عذاب دیا جارہا تھا۔

## امام عبد الکریم بن ہوازن القشیری رحمۃ اللہ علیہ:

"نزلت الآیۃ فی ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ والآیۃ عامۃ"۔ [3]

یہ آیت حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی اور حکم عام ہے جو آپ کے طریقے پر چلتا آئے گا اس کے لئے بشارت ہے۔

---

(1) تفسیر ابن عباس ص ۶۵۰ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
(2) تفسیر جلالین ص ۵۰۱ مطبوعہ مکتبہ غوثیہ کراچی
(3) تفسیر القشیری ج ۳ ص ۴۲۸ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

## مفسرین کا اجماع ہے کہ الاتقی سے مراد ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں:

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وقال الرازی فی مفاتیح الغیب "اجمع المفسرون منا علی ان المراد منه ابو بکر رضی اللہ عنہ "ونقل ابن حجر فی الصواعق عن العلامة ابن الجوزی اجمعوا انها نزلت فی ابی بکر"۔ (1)

امام رازی نے مفاتیح الغیب میں فرمایا ہم سنیوں کے مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ اتقی سے مراد ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں۔ الصواعق المحرقہ میں ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ابن الجوزی سے نقل کیا ہے کہ علماء اس پر متفق ہیں کہ یہ آیت ابو بکر کے حق میں نازل ہوئی۔

## قاضی ثناء اللہ پانی پتی:

"لاتفاق المفسرین علی ان الآیة نزلت فی ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ فالغرض منه توصیف الصدیق بکونه اتقی الناس اجمعین غیر الانبیاء وانما خصصنا بغیر الانبیاء لدلالة العقل والاجماع والنصوص"۔ (2)

مفسرین کا اتفاق واجماع ہے اس پر کہ "وسیجنبها الاتقی الذی" سے لیکر آخر تک آیات کریمہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی ہیں اور مقصود اس سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی توصیف کرنی ہے کہ آپ انبیاء علیہم السلام کے بعد تمام لوگوں سے افضل اور بڑے متقی پرہیز گار ہیں غیر انبیاء کی تخصیص دلالۃ العقل، اجماع امت اور نصوص واردہ سے ہے۔

---

(1) فتاوی رضویہ ج۲۸ ص۵۱۲ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور
(2) تفسیر مظہری ج۱۰ ص۲۷۹ مطبوعہ مکتب رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

## امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ:

فرماتے ہیں کہ:

"حضرت صدیق رضی اللہ عنہ بحکم نص قرآنی اتقائے ایں امت است زیرا کہ اجماع مفسرین است چہ ابن عباس رضی اللہ عنہ و چہ غیر آں بریں کے آیۃ کریمہ وسیجنبھا الاتقی الایۃ درشان حضرت صدیق نازل است رضی اللہ عنہ ومرادا زاتقی اوست رضی اللہ عنہ"۔ (1)

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا اس امت کا سب سے بڑا متقی و پرہیز گار ہونا نص قرآنی سے ثابت ہے کیونکہ مفسرین کا اس بات پر اجماع ہے چاہے حضرت عبداللہ ابن عباس ہوں یا ان کے علاوہ کہ آیت کریمہ وسیجنبھا الاتقی الایۃ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی اور اتقی (سب سے بڑا پرہیز گار) سے مراد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

مذکورہ بحث سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچی کہ الاتقی یعنی سب سے بڑے متقی و پرہیز گار سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں اور یہ بات عوام بھی جانتی ہے کہ تقوی ظاہر کا نام نہیں ہے بلکہ ان امور کا نام ہے جو باطن سے متعلق ہیں یعنی باطنی چیز کا نام ہے۔ تو باطنی چیز میں سب سے افضل واعلی مولی ابو بکر کی ذات مبارکہ ہے کیونکہ آپ رضی اللہ عنہ کا سینہ نبوی علم و عرفان کی جلوہ گاہ۔

---

(1) مکتوبات شریف دفترسوم حصہ ہشتم مکتوب نمبر ۲۴ ص ۳۲۹ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

Marfat.com

جیسا کہ فرمان مصطفی ﷺ:

"لم یفضلکم ابوبکر بکثرۃ صلاتہ ولابکثرۃ صیامہ وانما ہو شیء و قرفی قلبہ"۔[1]

مصطفی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کو تم پر فضیلت کثرت صوم وصلوۃ کی وجہ سے نہیں بلکہ ایک خاص چیز کی وجہ سے فضیلت ہے جو خاص طور پر ان کے دل میں ڈال دی گئی ہے۔

## امام عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"والسرفی ذالک ان اصل الخیرھو الاخلاص فی العمل ومحبۃالحق سبحانہ تعالی ودوام الحضور معہ وھی امور باطنۃ ولذا قال بکربن عبد اللہ المزنی ما فضلکم ابو بکر بصوم وصلوۃ ولکن بشی فی قلبہ"۔[2]

راز اس میں یہ ہے کہ اصل خیر وہ اخلاص فی العمل اور اللہ تعالی کی محبت اور حضور ﷺ کی دائمی طور پر معیت ہے اور یہ امور باطنی ہیں اسی وجہ سے بکر بن عبد اللہ مزنی فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو صلوۃ وصوم سے فضیلت نہیں دی گئی بلکہ فضیلت اس چیز کی وجہ سے جو ان کے دل میں ہے۔ (اور دل ظاہر تو نہیں ہوتا)۔

(1) مجالس المؤمنین ص ۸۹۔ المقاصد الجسنۃ ص ۴۲۴ مطبوعہ مرکز اہل سنت برکات ر... انڈیا۔ نبراس ص ۴۸۰ موسسۃ الشرف لاہور وہکذا بتصرف قلیل۔ سبع سنابل ص ۱۰ مطبوعہ النور... الرضویہ لاہور

(2) نبراس شرح شرح عقائد ص ۴۸۳ مطبوعہ مؤسسۃ الشرف لاہور

Marfat.com

م غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ن لو کہ اللہ کے ہاں فضیلت پا لینے کا سبب الگ چیز ہے اور لوگوں میں مشہور ہو جانے کا
ب دوسری چیز ہے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شہرت خلافت کی وجہ سے تھی۔

"وکان فضلہ بالسر الذی وقر فی قلبہ"[1]
جب کہ آپ کی فضیلت کا سبب وہ راز تھا جو ان کے سینے میں سجا دیا گیا
لہذا ثابت ہوا کہ باطنی طور پر افضل صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔

خلاصہ کلام: دلائل و براہین سے یہ بات واضح ہو گئی کہ افضلیت سے مراد کثرت
ثواب ہے اور کثرت ثواب کے حصول کا ذریعہ تقوی ہے اور سب سے بڑے متقی ابو بکر
صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور تقوی باطنی چیز کا نام ہے لہذا ثابت ہوا کہ باطنی طور پر بھی افضل
البشر بعد الانبیاء سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔

منطق کیا کہتی ہے:

"قال ابن الجوزی اجمعوا انها نزلت فی ابی بکر رضی اللہ عنہ ففیها التصریح بانه اتقی من سائر الامة والاتقی هو الاکرم عند الله تعالی لقوله تعالی ان اکرمکم عند الله اتقاکم والاکرم عند الله هو الافضل ینتج انه افضل من بقیة الامة کذافی الصواعق المحرقة"۔[2]

---

(1) احیاء العلوم ج ۱ ص ۳۵ مطبوعہ بیروت
(2) حاشیہ تفسیر جلالین ص ۵۰۱ مطبوعہ مکتبہ غوثیہ کراچی

Marfat.com

محدث ابن جوزی فرماتے ہیں کہ اس بات پر مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیت مبارکہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ اور اس میں تصریح ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تمام امت میں سے سب سے بڑے متقی ہیں۔ اور متقی وہ ہے جو اللہ تعالی کے ہاں عزت والا ہے بوجہ اللہ تعالی کے ارشاد گرامی ''ان اکرمکم عند اللہ اتقکم'' کے اور جو اللہ تعالی کے نزدیک اکرم ہو وہ افضل ہوتا ہے نتیجہ یہ نکلا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ باقی تمام امت سے افضل ہیں۔ اسی طرح الصوعق المحرقۃ میں نقل کیا گیا ہے۔

منطق منطق کی رٹ بڑی لگائی جاتی ہے لیکن منطق سے جو بات ثابت ہوتی ہے اسے کیوں نہیں تسلیم کیا جاتا۔

جس بت کی محبت میں دیوانے پھرے برسوں
اسی بت نے ہی رسوا سر بازار کیا

بہر حال ظاہری طور پر افضلیت تو ماڈرن روافض پہلے ہی تسلیم کرتے ہیں۔ باطنی طور افضلیت بحث مذکورہ سے واضح ہے لہذا روافض باطنی فضیلت دینے میں بھی غلط ہیں تو ایسے رافضی جو سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر فضیلت دیتے ہیں زیادہ نہیں تو گمراہی کا طوق تو ان کے گلے میں ہے ہی کیونکہ افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اجماع امت ہے اور اجماع کا منکر گمراہ بدمذہب ہے۔

Marfat.com

## حضرت علی کو باطنی فضیلت دینے والے:

امام اہل سنت فارق حق و باطل قاطع رافضیت ارقام فرماتے ہیں کہ:

"وفیها رد علی مفضلة الزمان المدعین السنیة بالزور والبهتان حیث اولوامسئلة ترتیب الفضیلة بان معنی الاولویة للخلافة الدنیویة وهی لمن کان اعرف بسیاسة المدن وتجهیزالعساکر وغیرذلک من الامور المحتاج الیها فی السلطنة وهذا قول باطل خبیث مخالف لا جماع الصحابة والتابعین رضی اللہ عنہم بل الافضلیة فی کثرة الثواب وقرب رب الارباب والکرامة عند الله تعالی"۔[1]

"یعنی اس میں تردید ہے کہ آج کل کے تفضیلیوں کی جو سنی ہونے کا جھوٹا دعوی کرتے ہیں اور بہتان باندھتے ہیں، ان لوگوں نے فضیلت کی ترتیب میں یہ تاویل چلائی ہے کہ افضلیت سے دنیاوی خلافت مراد ہے، اور ملکی سیاست میں ماہر ہونا، لشکر تیار کرنا اور اس طرح کے معاملات مراد ہیں جن کی حکومت چلانے میں ضرورت پڑتی ہے۔ تفضیلیوں کا یہ قول باطل ہے خبیث ہے، اجماع صحابہ اور تابعین رضی اللہ عنہم کے بالکل خلاف ہے۔ بلکہ افضلیت سے مراد کثرت ثواب، رب الارباب کا قرب اور اللہ تعالی کے ہاں کرامت ہے۔"

امام اہل سنت کی عبارت کے الفاظ "المدعین السنیة بالزور والبهتان" پر توجہ کی جائے تو بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ جو لوگ باطنی طور پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فضیلت

---

(1) المستند المعتمد ص ۲۴۰ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

دیتے ہیں وہ سنیت کے دعوی میں جھوٹے ہیں لہذا یہ تقسیم سنیوں کی نہیں ہو سکتی رافضیوں کی ہی ہے یا پھر ایسے لوگوں کی ہے جو کسی جگہ پر سنی اور کسی جگہ پر رافضی ہوتے ہیں۔

جیسا موسم ہو مطابق اس کے تم دیوانے ہو
مارچ میں بلبل ہو اور جولائی میں پروانے ہو

## افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اجماع امت ہے:

امام شہاب الدین احمد بن محمد بن حجر قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"وقد وقع الاجماع باخره بين اهل السنة ان مرتبتهم فى الفضل كترتيبهم فى الخلا فة"۔[1]

تحقیق بالآخر اہل سنت وجماعت کے درمیان اس بات پر اجماع ہو گیا کہ جس ترتیب سے خلافت ہے اسی ترتیب سے مراتب ہیں فضیلت میں۔

## امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ:

"اجمع اهل السنة ان افضل الناس بعد رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ابو بكر ثم عمر ثم عثمان ثم على رضی اللہ عنہم ثم سائر العشرة ثم باقى اهل بدر ثم باقى اهل احد ثم باقى اهل البيعة ثم باقى الصحابة هكذا حكى الاجماع عليه ابو منصور البغدادى رحمۃ اللہ علیہ"۔[2]

---

(1) ارشاد الساری شرح بخاری جلد ۸ مطبوعہ بیروت
(2) تاریخ الخلفاء ص ۳۹۔۴۰ مطبوعہ کتب خانہ رشیدیہ پشاور

Marfat.com

اہل سنت وجماعت کا اجماع ہے اس پر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام لوگوں سے افضل ابو بکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان ذوالنورین پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہ پھر باقی عشرہ مبشرہ پھر باقی اہل بدر پھر باقی اہل احد پھر باقی اہل بیت رضوان پھر باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔ ابو منصور بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی طرح اجماع نقل فرمایا ہے۔

## قاطع رافضیت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ:

فرماتے ہیں کہ جانا جس نے جانا اور فلاح پائی اگر مانا اور جس نے نہ جانا وہ اب جانے کہ حضرت سید المومنین، امام المتقین عبد اللہ ابن عثمان ابی بکر صدیق اکبر وجناب امیر المومنین امام العادلین ابو حفص عمر ابن الخطاب فاروق اعظم رضی اللہ عنہما اوارضا ھما کا جناب مولی المومنین امام الواصلین ابو الحسن علی ابن ابی طالب مرتضی اسد اللہ کرم اللہ وجہہ بلکہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے افضل و بہترین امت ہونا عقیدہ اجماعیہ ہے۔ (1)

المختصر یہ کہ امام ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی فتح الباری میں امام علامہ مسعود بن عمر بن عبد اللہ الشہیر سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی شرح مقاصد جلد نمبر ۳ میں اور امام الآئمہ امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے اور شیخ محقق عبد الحق محدث دہلوی رضی اللہ عنہ نے تکمیل الایمان میں امام ہمام عمر بن محمد نسفی نے علم العقائد میں اور دیگر متعدد آئمہ نے اپنے اپنے مقام پر اس بات کو نقل فرمایا ہے کہ افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اجماع امت ہے۔ لہذا اجماع امت کے خلاف عقیدہ رکھنے والا کسی صورت میں سنی نہیں ہو سکتا البتہ ضال و مضل ہو سکتا ہے۔

---

(1) مطلع القمرین ص۱۵۷، ۱۵۸ مطبوعہ مکتبہ بہار شریعت لاہور

Marfat.com

# افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ قطعی ہے

## شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ:

"قال مولانا آل الرسول الاحمدی رحمۃ اللہ علیہ قال سمعت الشاہ عبد العزیز الدهلوی رحمۃ اللہ علیہ يقول تفضيل الشيخين قطعی اوكا لقطعی"۔

مولانا آل رسول احمدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں نے شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ شیخین کی فضیلت قطعی ہے یا قطعی جیسی ہے

## لفظ "اَو" شک کیلئے یہاں استعمال نہیں:

لفظ "اَو" کبھی شک کیلئے آتا ہے اور کبھی تنویع کیلئے تنویع کا مطلب ہے قسمیں بیان کرنے کیلئے اس مقام میں شاہ عبد العزیز صاحب کے کلام میں تقسیم کیلئے آیا ہوا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ شیخین کی فضیلت دلیل قطعی سے بھی ثابت ہے اور دلیل ظنی جو قطعی کے قریب ہے اس سے بھی ثابت ہے۔ (1)

## امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"که افضلیت حضرات شیخین باجماع صحابه وتابعین ثابت شده است چنانچه نقل کرده اند آنرا اکابر آئمه که

---

(1) فتاوی رضویه بلا اختصار ج ۲۸ ص ۶۷۸ مطبوعه رضا فاونڈیشن لاہور

Marfat.com

یکے از ایشان امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ است شیح ابو الحسن اشعری که رئیس اهل سنت است فرماید که افضلیت شیخین بر باقی امت قطعی است انکار نکند افضلیت شیخین رابر باقی صحابه مگر یا حضرت امیر کرم الله وجهه بفرماید که کسیکه مرا برابی بکر وعمر رضی اللہ عنہم فضل بدہد مفتری است تازیانه زنم چنانکه مفتری زنند"۔[1]

افضلیت شیخین پر صحابہ کرام اور تابعین رضی اللہ عنہم سے اجماع ثابت ہے جیسا کہ اکابر آئمہ نے نقل فرمایا ہے ان میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ہیں شیخ ابو الحسن اشعری ہیں جو اہلسنت کے رئیس ہیں فرماتے ہیں کہ شیخین کی افضلیت باقی تمام امت پر قطعی ہے باقی صحابہ کرام پر شیخین کی افضلیت کا انکار صرف جاہل یا متعصب ہی کر سکتا ہے حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ خود فرماتے ہیں کہ جو مجھے حضرات شیخین پر فضیلت پر دے گا وہ مفتری ہے میں اسے وہ حد ماروں گا جو مفتری کو ماری جاتی ہے۔

## امام عبد الوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ان افضل الاولیا ء المحمد یین بعد الانبیاء والمرسلین ابو بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم اجمعین وھذا الترتیب بین ھؤلا ء الاربعةالخلفاء قطعی عند الشیخ ابو الحسن الاشعری ظنی عند القاضی ابی بکرالباقلانی"۔[2]

انبیاء کرام علیہم السلام کی امت کے اولیاء کرام میں سب سے افضل ابو بکر صدیق پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں، خلفاء اربعہ کے درمیان یہ ترتیب شیخ ابو الحسن اشعری کے نزدیک قطعی ہے قاضی ابو بکر باقلانی کے نزدیک ظنی ہے۔

---

(1) مکتوبات ج۲ مکتوب نمبر ۲۶۶ ص ۲۸۶ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی
(2) الیواقیت والجواہر ج۲ ص ۳۲۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

## امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ:

"اذا تقرر ذالک فالمقطوع به بين اهل السنة والجماعة افضلية ابی بكر ثم عمر ثم اختلفوا فيمن بعد هما فالجمهور على تقديم عثمان "۔[1]

جب ترتیب افضلیت علیٰ ترتیب الخلافۃ پر اہل سنت کا اجماع ہے ثابت ہے تو شیخین رضی اللہ عنہم کی افضلیت پر تو اجماع قطعی ہے باقی دو بزرگوں میں اختلاف ہے جمہور کے نزدیک حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ افضل ہیں۔

## امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ثم الذی مال اليه ابو الحسن ان الاشعری امام اهل السنة ان تفضيل ابی بكر علی من بعد قطعی وخالفه القاضی ابو بكر باقلانی فقال انه ظنی "۔[2]

پھر وہ بات کہ جسطرف امام ابو الحسن الاشعری نے میلان کیا ہے جو کہ امام اہل السنت ہیں کہ افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی انکے بعد والے حضرات پر قطعی ہے قاضی ابو بکر باقلانی نے اختلاف کیا ہے اور کہا ہے کہ ظنی ہے۔

"وقال ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فی مقام آخر مايأتی عن الاشعری ان تفضيل ابی بكر ثم عمر علی بقية الامة قطعی"۔[3]

---

(1) فتح الباری شرح صحیح البخاری ج۸ ص ۲۹ مطبوعه دارالکتب العلمیه بیروت
(2) الصواعق المحرقه ص۵۸ مطبوعه کتب خانه مجیدیه ملتان
(3) الصواعق المحرقه ص۵۷ مطبوعه کتب خانه مجیدیه ملتان

Marfat.com

علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں کہ جو بات امام اشعری رضی اللہ عنہ سے آئی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق کی افضلیت پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہم کی باقی تمام امت پر قطعی ہے۔

## محقق علی الاطلاق شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ:

"اکنوں سخن درآں ماند کہ مسئلہ ترتیب افضلیت یقینی است کہ برہان قاطع برآں گزشتہ"۔[1]

بات یہ ہے مسئلہ ترتیب افضلیت کا یقینی ہے یعنی قطعی ہے کیونکہ دلائل قطعیہ اس پر گزر چکے ہیں۔

## شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

"افضلیت شیخین در ملت اسلامیہ قطعی است"۔[2]

ملت اسلامیہ میں افضلیت شیخین کا مسئلہ قطعی ہے۔

# ملت اسلامیہ میں افضلیت شیخین کا مسئلہ قطعی ہے

## محدث شہیر ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ:

"هذا والذی اعتقدهٔ وفی دین الله اعتمدهٔ ان تفضیل ابی بکر رضی اللہ عنہ قطعی حیث أمرهٔ بالامامة علی طریق النیابة مع أن المعلوم من الدین ان الاولی بالأمة أفضل وقد كان علی رضی اللہ عنہ حاضرا فی المدینة وكذا غیره من أكابر الصحابة وعینه علیہ السلام لما علم انه أفضل الأنام فی تلك الایام حتی انه تأخرمرة وتقدم عمر رضی اللہ عنہ فقال ابی الله والمومنون الا ابا بكر رضی اللہ عنہ"۔[3]

---

(1) تکمیل الایمان اردو ص ۱۰۸ مطبوعہ مکتبہ اعلی حضرت لاہور
(2) ازالۃ الخفا ج ۱ ص ۳۰۱
(3) شرح فقہ اکبر ص ۶۴ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی

Marfat.com

وہ قول جس پر میرا اعتقاد ہے اللہ کے دین پر میرا مکمل اعتماد ہے، کہ افضلیت ابو بکر رضی اللہ عنہ قطعی ہے۔ اس لئے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو بطریق نیابت امامت کا حکم دیا اور یہ بات دین سے معلوم ہے کہ جو امامت میں اولی ہے وہ افضل ہے حالانکہ وہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے اور اکابر صحابہ کرام بھی۔ اس کے باوجود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو امامت کیلئے معین کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں تھی یہاں تک کہ ایک مرتبہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ مصلی مبارک سے پیچھے ہٹے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو آگے کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اور سب مؤمن انکار کرتے ہیں کہ سوائے ابو بکر رضی اللہ عنہ کے کوئی اور امامت کرے۔

## امام اہل سنت احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ:

فرماتے ہیں کہ جب اجماع قطعی ہوا تو اس کے مفاد یعنی تفضیل شیخین کی قطعیت میں کیا کلام رہا؟ ہمارا اور ہمارے مشائخ طریقت و شریعت کا یہی مذہب ہے۔ (1)

## وہ علماء جن کے نزدیک مسئلہ افضلیت قطعی ہے:

امام ابو الحسن اشعری، امام شافعی، امام ربانی مجدد الف ثانی، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، شاہ عبد العزیز محدث دہلوی۔ محدث شہیر ملا علی قاری رضی اللہ عنہم مجدد ماءۃ حاضرہ امام احمد رضا خان بریلوی، مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہم۔

---

(1) مطلع القمرین ص ۱۸۵ مطبوعہ مکتبہ بہار شریعت لاہور

Marfat.com

## افضلیت کی قطعیت پر دلیل:

ان حضرات کی افضلیت کے قطعی ہونے پر دلیل یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے منکر افضلیت کو اسی کوڑوں کی سزا کا مستحق قرار دیا ہے اور حدیں قطعیات میں ماری جاتی ہیں نہ کہ ظنیات میں۔

## اعلحضرت عظیم البرکت کی مسئلہ افضلیت پر خوبصورت تحقیق:

"أقول والتحقيق ان جملة اجلة الصحابة الكرام رضی اللہ عنہم ارقى فى مراقى الولاية والغناء عن الخلق والبقاء بالحق من كل من دونهم من أكابر الاولياء العظام كائنين من كانوا وشانهم رضی اللہ عنہم ارفع واعلى من ان يقصدوا بأعمالهم غير الله سبحانه وتعالى لكن المدارج متفاوتة والمراتب مترتبة وشيئى دون شيئى وفضل فوق فضل ،ومقام الصديق حيث انتهت النهايات وانقطعت الغايات اذهو رضی اللہ عنہ كما صرح به امام القوم سيدي محى الملة والدين ابن عربى قدس سره الزكى امام الأ ئمة ومالك الأزمة ومقامه فوق الصديقية ودون النبوة التشريعية وليس احد بينه وبين مولاه الاكرم محمد رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم۔"(1)

میں کہتا ہوں اور تحقیق یہ ہے کہ تمام اجلہ (جلیل القدر) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مراتب ولایت میں اور خلق سے فنا اور حق میں بقاء کے مرتبہ میں اپنے ماسوا تمام اکابر اولیاء عظام سے وہ جو بھی ہوں افضل ہیں اور ان کی شان ارفع واعلی ہے اس سے کہ وہ اپنے اعمال سے غیر اللہ کا قصد کریں،

---

(1) فتاوی رضویہ ج ۲۸، ص ۶۸۴،۸۳ ۔ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور

Marfat.com

لیکن مدارج متفاوت ہیں اور مراتب ترتیب کے ساتھ ہیں، اور کوئی شے کسی شے سے کم ہے اور کوئی فضل کسی فضل کے اوپر ہے۔ اور صدیق (رضی اللہ عنہ) کا مقام وہاں ہے جہاں نہایتیں ختم اور غایتیں منقطع ہو گئیں، اس لئے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ امام القوم سیدی محی الدین ابن عربی قدس سرہ العزیز کی تصریح کے مطابق پیشواؤں کے پیشوا اور تمام کے لگام تھامنے والے اور ان کا مقام صدیقیت سے بلند اور تشریع نبوت سے کمتر ہے، اور ان کے درمیان اور ان کے مولائے اکرم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان کوئی نہیں۔

## اعلحضرت نے رافضیوں کی سبائیات کا دروازہ بند کر دیا:

"منیر العین فی حکم تقبیل الابہامین" میں مسئلہ افضلیت کے دمکتے اصول۔ امام اہل سنت نے ضعیف احادیث کے احکام اس مبارک رسالے میں جمع فرمائے جو کہ کتب محدثین میں منتشر تھے۔ اس رسالے کی تکمیل کے بعد آپ نے بعض مسائل تازہ اور مسائل شتی کو، خاتمہ فوائد منثورہ کے نام سے سلک تحریر میں نظم فرمایا۔ ان میں آپ نے فائدہ اولی جسے "نفیسہ جلیلہ" سے تعبیر فرمایا افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تحقیق میں لکھا جس میں اہل سنت و جماعت کو زبردست رہنما اصول عطا فرمائے کہ ہرگز مسئلہ تفضیل میں ٹھوکر نہ کھائیں اور حق بجانب رہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ "فضیلت و افضلیت میں فرق ہے" دربارہ تفضیل حدیث ضعیف ہرگز مقبول نہیں۔ فضیلت و افضلیت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ وہ اسی باب سے ہے جس میں ضعاف بالاتفاق قابل قبول اور یہاں بالاتباع مردود نامقبول۔

Marfat.com

اقول جس نے قبول ضعاف فی الفضائل کا منشاء کے افادات سابقہ میں روشن بیانوں سے گزرا ذہن نشین کر لیا ہے۔ وہ اس فرق کو بنگاہ اولین سمجھ سکتا ہے قبول ضعاف صرف محل نفع بے ضرر میں ہے۔ جہاں ان کے ماننے سے کسی تحلیل یا تحریم یا اضاعت حق غیر، غرض مخالفت شرع کا بوجہ من الوجوہ اندیشہ نہ ہو۔ فضائل رجال مثل فضائل اعمال ایسے ہی ہیں۔ جن بندگان خدا کا فضل تفصیلی خواہ صرف اجمالی دلائل صحیحہ سے ثابت ہے ان کو منقبت خاصہ جسے صحاح وثوابت سے معارضت نہ ہو۔ اگر حدیث ضعیف میں آئے اس کا قبول تو آپ ہی ظاہر کہ ان کا فضل تو خود صحاح سے ثابت، یہ ضعیف اسے مانے ہی ہوئے مسئلہ تو فائدہ زائدہ عطا کرے گی۔ اور اگر تنہا ضعیف ہی فضل میں آئے اور کسی صحیح حدیث کی مخالفت نہ ہو وہ بھی مقبول ہو گی کہ صحاح میں تائید نہ سہی خلاف بھی تو نہیں، بخلاف افضلیت کے کہ اس کے معنی ایک دوسرے سے عند اللہ بہتر وافضل ماننا ہے۔ یہ جب ہی جائز ہو گا کہ ہمیں خدا اور رسول جل جلالہ ﷺ کے ارشاد سے خوب ثابت و محقق ہو جائے، ورنہ بے ثبوت حکم لگا دینے میں محتمل کہ عند اللہ امر بالعکس ہو تو افضل کو مفضول بنایا، یہ تصریح تنقیص سے شان ہے اور وہ حرام تو مفسدہ تحلیل حرام وتضیع حق غیر دونوں درپیش کہ افضل کہنا حق اس کا تھا اور کہہ دیا اس کو۔ یہ اس صورت میں تھی کہ دلائل شرعیہ سے ایک کی افضلیت معلوم نہ ہو۔ پھر وہاں کا تو کہنا ہی کیا ہے، جہاں عقائد حقہ میں ایک جانب کی تفضیل محقق ہو اور اس کے خلاف احادیث سقام وضعاف سے استناد کیا جائے۔ (1)

(1) فتاوی رضویہ شریف منیر العین ج۵ ص۵۸۰ تا ۵۸۲ رضا فاؤنڈیشن لاہور

Marfat.com

## رضا کے نیزے کی مار:

قاطع رافضیت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ جانتے تھے کہ میرے چلے جانے کے سو سال بعد لو
کے پاس پھر پھر کر تین سال کا عرصہ لگا کر بعض ایران کے خمس پر پلنے والے قرآن و
کا غلط مفہوم بیان کر کے کئی سو صفحات پر مشتمل کتاب لکھ کر اہل سنت کو شیخین کی افض
سے بھٹکانے کی ناپاک جسارت کریں گے کہ افضلیت کا قول فلاں کے بارے میں بھی
فلاں کے بارے میں بھی ہے۔ پچپن صحابہ کے اقوال دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی افضلیت
متعلق بھی ملتے ہیں تو اعلیٰ حضرت کا قول فیصل اور حرف آخر جو آپ نے فرما کر امت
پر عظیم احسان فرمایا اور بھولے بھالے سنیوں کو رافضیوں کے نرغوں سے بچایا آپ فر
ہیں کہ:

> " جس طرح آج کل کے جہال، حضرات شیخین رضی اللہ عنہما پر تفضیل حضرت مولی علی کرم اللہ وجہہ الکریم میں کرتے ہیں۔ یہ تصریح مضادت شریعت و معاندت سنت ہے۔ ولہذا آئمہ دین نے تفضیلیہ کو روافض سے شمار کیا کما بیناہ فی کتابنا المبارک مطلع القمرین فی ابانۃ سبقۃ العمرین بلکہ انصافا اگر تفضیل شیخین کے خلاف کوئی حدیث صحیح بھی آئے قطعا واجب التاویل ہے۔ اور اگر بفرض باطل صالح تاویل نہ ہو واجب الرد کہ تفضیل شیخین متواتر و اجماعی ہے کما اثبتنا علیہ عرش التحقیق فی کتابنا المذکور اور متواتر و اجماع کے مقابل احاد ہر گز نہ سنے جائیں گے۔۔۔ الخ"

Marfat.com

## قاطع رافضیت محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ مزید فرماتے ہیں:

بالجملہ مسئلہ افضلیت ہرگز باب فضائل سے نہیں جس میں ضعاف سن سکیں بلکہ مواقف وشرح مواقف میں تو تصریح کی کہ باب عقائد سے ہے اور اس میں احاد صحاح بھی نامسموع۔[1]

امام اہل سنت تو فرما رہے ہیں کہ حدیث صحیح بھی اگر تفضیل شیخین کے خلاف ملے تو قطعا واجب التاویل ہے۔ تو پھر صحابی کا قول تو بدرجہ اولی قطعاً واجب التاویل ہو گا اس کے باوجود اقوال کا سہارالینا چہ معنی دارد؟

قاطع رافضیت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ ارشاد فرما کر رافضیوں کی بولتی بند کر دی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اس ایک جملے میں کئی سو صفحات پر مشتمل آنے والی ایک کتاب کا رد موجود ہے۔

داغ دہلوی نے کیا خوب کہا تھا:

ملک سخن کی شاہی تم کو رضا مسلم
جس سمت آ گئے ہو سکے بٹھا دیئے ہیں

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل ماننے والا رافضی ہے:

## محدث شہیر ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ثم اعلم ان جميع الروافض واكثر المعتزلة يفضلون عليا على ابى بكر رضی اللہ عنہ"[2]

یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل سمجھنا تمام رافضیوں کا عقیدہ ہے اور اکثر معتزلہ کا عقیدہ ہے۔

---

(1) فتاوی رضویہ، منیر العین، جلد ۵ ص ۵۸۱،۵۸۰ رضا فاؤنڈیشن لاہور
(2) شرح فقہ اکبر ص ۶۳ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی

Marfat.com

## میر سید عبد الواحد بلگرامی رحمۃ اللہ علیہ:

فرماتے ہیں کہ جو شخص امیر المؤمنین علی مرتضی رضی اللہ عنہ کو خلیفہ نہ مانے وہ خارجیوں میں سے ہے اور جو آپ کو ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے افضل جانے وہ رافضیوں میں سے ہے۔[1]

وہ جہلاء تفضیلی جو یہ کہتے پھرتے ہیں کہ اگر کسی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فضلیت دے دی کیا ہو جاتا ہے۔ باقی تو کچھ نہیں ہوتا البتہ آدمی اہل سنت سے ضرور خارج ہو جاتا ہے بلکہ رافضی ہو جاتا ہے اور اس کے رافضی ہونے کی دلیل یہ ہے کہ میر عبد الواحد بلگرامی نے اس کو سبع سنابل میں رافضی کہا ہے اور سبع سنابل مقبول بارگاہ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہے لہذا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شیخین پر فضلیت دینے والے پر رافضیت کی مہر بارگاہ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثبت ہے۔

## ابن تیمیہ کے حوالہ سے لوگوں کو دھوکہ:

بعض روافض نے سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر فضیلت ثابت کرنے کے لیے ابن تیمیہ بدمذہب کا سہارا لیا ہے کہ ابن تیمیہ نے مجموعۃ الفتاوی جلد دوم صفحہ پانچ سو تریسٹھ پر لکھا ہے کہ ساری دنیا سے قریش افضل قریش سے ہاشمی افضل ہاشمیوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ افضل اور افضل کا افضل افضل ہوتا ہے۔

تبصرہ: مولی مشکل کشاء سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے نسب کے لحاظ سے افضل ہونا اہل سنت و جماعت کے ہاں مسلم ہے لیکن اہل سنت و جماعت کے نزدیک

---

(1) فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۴۸۸ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

نسب کی افضلیت سے مطلقاً افضلیت ثابت نہیں ہوتی کیونکہ یہ جزوی فضلیت ہے اور جزوی فضلیت تو غیر صحابہ کو صحابہ پر بھی ہے لہذا نسب کی وجہ سے مطلقاً افضلیت ثابت کر کے عوام اہل سنت کو دھوکہ دینا روافض کا شیوہ ہے۔

## حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تمام عورتوں سے افضل ہیں:

کیونکہ نسب کی فضلیت علی الاطلاق فضلیت کو ثابت نہیں کرتی۔

## غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا فرمان:

"وأن عائشة رضی الله عنها أفضل نساء العالمين وبرأها الله تعالى من قول الملحدين فيها بما يقرأ و يتلى الى يوم الدين"۔[1]

غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تمام جہان کی عورتوں سے افضل ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کو بری فرمادیا ہے ملحدین کے اس قول سے جو وہ ان کی طرف منسوب کرتے ہیں اس دلیل (قرآن کریم) کے ساتھ جو قیامت تک پڑھی اور تلاوت کی جاتی رہے گی۔

## امام اہل سنت علامہ ابو شکور محمد سالمی کشی رحمۃ اللہ علیہ:

ام المؤمنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ عفیفہ عتیقہ رضی اللہ عنہا تمام جہان کی عورتوں سے افضل ہیں جو گزر چکی ہیں اور جو موجود اور آنے والی ہیں، سب سے افضل ہیں اور جو حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو حضرت

---

(1) غنية الطالبين ج ا ص ١٦٢ مطبوعة دار الكتب العلميه بيروت

Marfat.com

عائشہ صدیقہ عفیفہ رضی اللہ عنہا سے علی الاطلاق افضل کہے تو یہ شیعہ وروافض کا مذہب ہے بلکہ حضرت عائشہ صدیقہ عفیفہ رضی اللہ عنہا افضل ہیں، اگرچہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نسب افضل ہے، جیسے حضرت ابو بکر صدیق حضرت علی رضی اللہ عنہم سے افضل ہیں، اگرچہ حضرت علی ہاشمی ہیں اور بنی ہاشم کا نسب بنی تمیم کے نسب سے افضل ہے۔ (1)

## ملک المدرسین استاذ العلماء عطا محمد بندیالوی رحمۃ اللہ علیہ:

علمی شرافت کا رتبہ نسبی شرافت سے بڑھ کر اور زیادہ قوی ہے اس لیے کہا گیا ہے حضرت عائشہ صدیقہ جناب فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا سے افضل ہیں اور اس کی وجہ یہی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا علم، حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا سے زیادہ ہے یہ مسئلہ احناف کا متفقہ ہے۔ (2)

مذکورہ اکابرین کے اقوال سے یہ بات ثابت ہوئی محض نسب کی فضلیت سے مطلقاً افضلیت ثابت نہیں ہوتی لہذا سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے نسب کی افضلیت کی وجہ سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر مطلق فضلیت دینا باطل اور رافضیوں کا عقیدہ ہے۔

## عوام اہل سنت کو دھوکہ دہی کی ناپاک جسارت:

بعض روافض عوام اہل سنت کو دھوکہ دیتے ہوئے یہ کہتے ہیں کے ہم افضل تو سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مانتے ہیں لیکن ہمیں محبت علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے زیادہ ہے۔ حالانکہ یہ بالکل جاہلانہ اور باطل قول ہے ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) تمہید ابو شکور سالمی ص ۳۶۷ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور
(2) سیف العطاء ص ۹۰ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

## شیخ الاسلام ابوزرعہ ولی عراقی رحمۃ اللہ علیہ کا عظیم فتوی:

”الاستفتاء: سئل شیخ الاسلام محقق عصره ابو ذرعة الولی العراقی عمن اعتقدفی الخلفاء الاربعة الافضلیة علی الترتیب المعلوم ولکنه یحب احدهم اکثر هل یا ثم؟“۔[1]

شیخ الاسلام محقق العصر ابوزرعہ ولی عراقی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا ایک شخص چار خلفاء راشدین کی فضیلت تو مشہور و معروف ترتیب کے مطابق مانتا ہے اس پر اعتقاد رکھتا ہے لیکن ان میں سے کسی ایک سے زیادہ محبت رکھتا ہے تو کیا اس سے وہ گنہگار ہو گا؟

جواب:

”فأجاب بأن المحبة قد تكون لأمر دینی وقد تکون لأمر دنیوی فالمحبة الدینیة لازمة للافضیلة فمن کان افضل کانت مجتنا الدینیة له اکثر فمتی اعتقد نا فی واحد منهم أنه افضل ثم احببنا غیره من جهة الدین اکثر کان تنا قضا نعم ان احببنا غیر الافضل اکثر من محبة الافضل لأمر دنیوی کقرابة واحسان ونحوه فلا تنا قض فی ذلک ولا امتناع فمن اعترف بأن افضل هذه الأمة بعد نبیها ابو بکر ثم عمر ثم عثمان رضی اللہ عنہم ثم علی لکنه أحب علیه اکثر من أبی بکر رضی اللہ عنہ مثلا فان کانت المحبة المذکورة محبة دینیة فلا معنی لذلک

(1) الصواعق المحرقه ص ٦٥ مطبوعه کتب خانه مجیدیه ملتان ، حواشی اشعة اللمعات ج٧، ص٤٥، مطبوعه فرید بک سٹال لاہور

Marfat.com

اذالمحبة الدينية لازمة للافضيلة كما قررناه وهذالم يعترف بافضلية أبی بكر رضی اللہ عنہ الابلسانه وأما بقلبه فهو مفضل لعلی لكونه احبه محبة دينية زا ئدة علی محبة أبی بكر رضی اللہ عنہ وهذا لا يجوز وان كانت المحبة المذكورة محبة دنيوية لكونه من ذرية علی اولغير ذلک من المعانی فلا امتناع فيه، انتهی"۔[1]

تو آپ نے یہ جواب دیا کہ محبت کبھی امر دینی کی وجہ سے ہوتی ہے اور کبھی امر دنیوی کی وجہ سے ہوتی ہے محبت دینی افضلیت کو لازم ہے جو افضل ہو گا اسی سے ہماری دینی محبت زیادہ ہو گی، جب ہم نے یہ عقیدہ رکھا کہ ان میں سے فلاں شخص سب سے افضل ہے، پھر اس کے بغیر دوسرے سے دینی محبت زیادہ کی تو ان میں تناقض لازم آئے گا (یعنی ایک دعوی میں جھوٹا ہو گا یا افضل ماننے کا دعوی جھوٹا ہو گا یا محبت کے دعوی میں جھوٹا ہو گا) ہاں اگر افضل کی بنسبت غیر افضل سے محبت دنیاوی وجہ سے زیادہ رکھی، یعنی اس وجہ سے کہ یہ میرا رشتہ دار ہے یا اس کے مجھ پر احسانات ہیں یا کسی اور دنیاوی وجہ سے محبت زیادہ رکھی تو اس میں تناقض نہیں اور یہ منع بھی نہیں۔ جس نے اعتراف کر لیا (یعنی جسے علم حاصل ہوا پھر مانا، جاہل نے اعتراف کیا کرنا ہے؟) کہ اس امت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ابو بکر رضی اللہ عنہ، پھر ان کے بعد عمر رضی اللہ عنہ، پھر ان کے بعد حضرت عثمان، پھر ان کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہم افضل ہیں لیکن وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بنسبت حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے محبت زیادہ رکھتا ہے اور اس کی محبت دینی ہو تو اس کا کوئی مقصد نہیں، کیونکہ محبت دینی افضلیت سے لازم آتی ہے، (یعنی محبت دینی تو افضل سے ہی زیادہ ہوتی ہے) جیسا ہم بیان کر چکے ہیں۔ یہ حقیقت میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی

(1) الصواعق المحرقه ص ٦٥ مطبوعه كتب خانه مجيديه ملتان

Marfat.com

افضلیت کا سوائے زبان کے اعتراف نہیں کر رہا لیکن دل سے وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو افضل مانتا ہے کیونکہ محبت دینی جس سے زیادہ ہو اس کے نزدیک وہی افضل ہوتا ہے اور یہ جائز نہیں (کیونکہ اجماع امت کے خلاف ہے، ایسے لوگ ہی تفصیلی رافضی کہلاتے ہیں) ہاں اگر اولاد علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے کوئی رشتہ کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے دنیاوی محبت زیادہ رکھے تو اس میں کوئی ممانعت نہیں۔

## امام اعظم رضی اللہ عنہ کا رافضیوں کے منہ پر طمانچہ:

"عن ابی حنیفة قال من قال علی رضی اللہ عنہ احب الی من الجمیع فھو رجل وغل ای فاسد"۔[1]

یعنی جس نے کہا کہ مجھے علی سب سے زیادہ پیارے ہیں تو وہ شخص نہایت کمینہ ہے یعنی فاسد العقیدہ ہے۔

عوام اہل سنت نے ملاحظہ فرمایا کہ رافضیوں کا یہ کہنا کہ ہم افضل تو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مانتے ہیں لیکن محبت زیادہ علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے کرتے ہیں باطل و مردود ہے۔ اور کیوں نہ ہو مردودوں کے قول بھی مردود ہی ہوا کرتے ہیں لہذا افضلیت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا قول کرنے والا باطل و مردود و لعنتی ہے اس لئے کہ خود مولی علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے۔

" قال امیر المؤمنین من لم یقل انی رابع الخلفاء فعلیه لعنة الله"۔[2]

(1) نبراس ص۲۹۲ المکتبه الرضویه مؤسسة الشرف لاہور
(2) مناقب ابن شہر آشوب ج۳ ص۸۰ مطبوعه سلیمانزاده

Marfat.com

امیر المؤمنین علی المرتضی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص مجھے چوتھا خلیفہ تسلیم نہ کرے اس پر اللہ تعالی کی لعنت ہے۔

تو رافضیوں پر لعنت رب کی ہے بھیجنے والے علی المرتضی رضی اللہ عنہ ہیں اور اسکو جھلنے والے رافضی خناس ہیں:

ملعون جو آپ تو میرا قصور ہے کیا
جو کچھ کیا تم نے کیا بے خطاء ہوں میں

اگر آئمہ واسلاف اہل سنت کی زندگیوں کا اور فرامین کا مطالعہ کیا جائے تو یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ شیخین کریمین رضی اللہ عنہ پر علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو فضلیت دینا تو بڑے دور کی بات اگر کوئی افضلیت کا سوال تک بھی کر دیتا تو ہمارے اسلاف غصے سے بھڑک اٹھتے اور غضبناک ہو جاتے ہیں جیسا کہ میمون بن مہران فقیہ تابعی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔

## میمون بن مہران فقیہ تابعی کا ارشاد:

”میمون ابن مهران من فقهاء التابعين سئل ابو بكر وعمر افضل ام على رضی اللہ عنہم؟ فوقف شعره وارتعدت فرائصه حتى سقطت عصاه من يده وقال ما كنت اظن ان اعيش الى زمان يفضل الناس فيه احدا على ابى بكر وعمر رضی اللہ عنہما اوكمال قال رواه ابونعيم عن فرات السائب“۔ (1)

حضرت میمون ابن مہران جو کہ فقہائے تابعین سے ہیں ان سے سوال کیا گیا کہ سیدنا ابو بکر وعمر فاروق رضی اللہ عنہم افضل ہیں یا علی المرتضی رضی اللہ عنہ تو ان

(1) حلية الاولياء ص۲۵۱ ترجمه ميمون بن مهران ج ۴ص ۹۲ ۔ فتاوی رضویہ شریف جلد ۲۸ ص ٦٤٦، رضا فاونڈیشن لاہور

Marfat.com

کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور ان کی رگیں پھڑکنے لگیں یہاں تک کہ چھڑی ان کے ہاتھ سے گر گئی اور انہوں نے فرمایا کہ مجھے یہ گمان نہ تھا کہ میں اسی زمانہ تک جیوں گا جس میں لوگ ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہم پر کسی کو فضیلت دیں گے یا جیسا انہوں نے فرمایا اسکو فرات بن سائب نے ابراھیم سے روایت کیا ہے۔

رے بزرگوں کا تو یہ حال تھا جبکہ ہم دیکھتے ہیں ہمارے بعض سادے سنی اور جاہل سنی یہ ئیں سن کر ٹس سے مس نہیں ہوتے اور یہ کہتے ہیں کہ یہ کوئی اتنی بڑی بات تو نہیں ہے ر بڑی بات نہ ہوتی تو ہمارے بزرگ جلال میں کیوں آجاتے۔ خدارا ہوش کے ناخن لو اور ن بھیڑیوں سے خود بھی بچو اور لوگوں کو بھی آگاہ کرو ورنہ کل آقا علیہ السلام کو کیا منہ دکھاؤ گے لحضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں بچو۔

ذیاب فی ثیاب لب پہ کلمہ دل میں گستاخی
سلام اسلام ملحد کو کہ تسلیم زبانی ہے

## حق چار یار اور افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ:

امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے الصوعق المحرقہ میں بحوالہ ابن عساکر یہ روایت نقل فرمائی ہے کہ:

"عن ابن عمر رضی اللہ عنہ کنا وفینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نفضل ابا بکر وعمر وعثمان وعلیا رضی اللہ عنہم"۔ (۱)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ دراں حالیکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں موجود تھے ہم فضیلت دیتے تھے ابو بکر

(1) الریاض النضرہ ص ۵۷ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

صدیق رضی اللہ عنہ کو پھر عمر رضی اللہ عنہ کو پھر عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو۔

حدیث مبارکہ میں حضور کے عظیم صحابی نے واضح فرمایا دیا کہ افضلیت بھی ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہم مانتے ہیں اور ان چار یاروں کو بھی مانتے ہیں ان کی تحقیق کرتے ہیں۔ ان کو ساری امت سے افضل مانتے ہیں یہی تو حق چار یار کا نعرہ ہے کہ اسی لئے ہم یہ کہتے ہیں کہ

صدیق اولیں ہیں خلافت کے تاجدار
بعد ان کے عمر و عثمان و حیدر ہیں بالیقین
اللہ اللہ ان کی عظمت اور شان سر بلند
انبیاء کے بعد ان کا کوئی بھی ہمسر نہیں

اور رافضی تجھے یہی کہیں گے کہ!

نہ کر توہین مصطفی نہ بن شاتم صحابہ کا
اسی سے کفر پھیلے گا یہی ہیں کفر کے آلے
جہنم کے شراروں کا اگر کچھ خوف ہے رافضی
ابو بکر و عمر و عثمان و علی کی سیرت قدسی کو دوہرالے

## حق چار یار اور افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ بزبان مولی علی المرتضی رضی اللہ عنہ:

"عن محمدبن الحنیفة رضی اللہ عنہ قال قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابو بکر قلت ثم من قال عمر

Marfat.com

وخشیت ان یقول عثمان رضی اللہ عنہم قلت ثم انت قال ما انا الا رجل من المسلمین"۔[1]

محمد بن حنیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے اپنے باپ سے عرض کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب لوگوں میں سے افضل کون ہے؟ آپ نے فرمایا" ابو بکر رضی اللہ عنہ " پھر میں نے پوچھا ان کے بعد سب سے افضل کون ہے؟ تو آپ نے فرمایا عمر رضی اللہ عنہ میں ڈرا کہ اب آپ کہیں گے "عثمان رضی اللہ عنہ " میں نے پھر پوچھا کہ ان کے بعد تو آپ رضی اللہ عنہ سب سے افضل ہوں گے؟ آپ نے فرمایا میں تو مسلمانوں میں سے ایک عام شخص ہوں۔

## وضاحت حدیث:

"(عن محمد بن الحنفیة) هو ابن علی من غیر فاطمة (رضی اللہ عنہم) (قال قلت لأبی) ای لعلی کرم اللہ وجهه (ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال) ای علی (ابو بکر) ای هو ابوبکر أوابو بکر هو الخیر قلت ثم من قال عمر رضی اللہ عنہم"۔

محمد بن حنفیہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں۔ (ان کی والدہ کا نام حنفیہ تھا) یہ اپنی ماں کیطرف زیادہ منسوب ہوتے تھے یعنی یہ حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے بیٹے نہیں تھے) روایت کرتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ

(1) بخاری شریف رقم ۳۶۷۱، ابو داؤد رقم ۴۶۲۹، مشکوۃ باب مناقب ابی بکر، تفسیر مظہری ج ۱۰ ص ۲۸۰ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ پاکستان، بحر الفوائد المشہور بمعانی الاخبار ص ۲۸۰ دار الکتب العلمیہ بیروت، مشکوۃ المصابیح رقم ۶۰۱۵، الصواعق المحرقہ ص ۱۹۵، المعجم الاوسط رقم ۱۱۰، سنن ابی داود ج ۴ ص ۲۰۶ رقم ۴۶۲۹، شرح السنہ امام بغوی ج ۱۴ ص ۸۱ رقم ۳۸۷۱، فضائل الصحابہ لاحمد بن حنبل ج ۱ ص ۳۲۱ رقم ۴۴۵ موسسۃ الرسالہ بیروت، جامع الاحادیث رقم ۳۴۱۸۰، کنز العمال رقم ۳۶۰۹۴، تاریخ الخلفاء ص ۴۴

Marfat.com

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب لوگوں سے بہتر وافضل کون ہے؟ تو آپ نے فرمایا، سب سے بہتر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں۔ پھر میں نے فرمایا ان کے بعد سب لوگوں سے بہتر وافضل کون ہے؟ آپ نے فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ۔

"(وخشيت ان يقول عثمان رضی اللہ عنہ) اى لو قلت ثم من، فعدلت عن متوال السؤال لهذا فحينئذ (قلت ثم انت؟ قال ما أنا الارجل من المسلمين) وهذا على سبيل التواضع منه مع العلم بأنه حين المسئلة خير الناس بلا نزاع لأنه بعد قتل عثمان رضی اللہ عنہ"(1)

پھر میں ڈرا کہ اگر میں نے سوال پہلی طرح ہی کیا تو یقیناً آپ یہی جواب دیں گے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد سب سے افضل حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہیں تو میں نے سوال کا انداز بدل کر پوچھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد تو آپ ہی افضل ہوں گے؟ آپ نے فرمایا کہ میں تو مسلمانوں میں سے ایک عام شخص ہوں، آپ کا یہ جواب عاجزی وانکساری پر مبنی ہے کیونکہ یہ سوال وجواب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد کا ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ افضل ہیں اس پر اجماع امت ہے۔

حدیث مذکور میں بھی حضور علیہ السلام کے چار یاروں کا تذکرہ ہے اور ساتھ ہی افضلیت والا [illegible] بھی حل ہو جاتا ہے جو کہ خود مولی علی رضی اللہ عنہ افضلیت کا فرما رہے ہیں تو روافض کو اگر سیدنا [illegible] المرتضی رضی اللہ عنہ سے سچی محبت ہے تو محبوب کی تو ہر بات تسلیم کی جاتی ہے۔

---

(1) مرقاۃ ج ۱۱ ص ۱۷۰-۱۶۹ مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ

Marfat.com

رافضی! یہ اصول کیوں بھول گئے کہ محبت اطاعت کو مستلزم ہوتی ہے لہذا مدعی محبت علی کو اتباع علی بھی لازم ہے:

لو كان حبك صادقا لاطعته
ان المحب لمن يحب مطيع

(اگر تیری محبت میں صداقت ہوتی تو تو محبوب کی فرمانبرداری کرتا کیونکہ محب محبوب کا فرمابنردار ہوتا ہے)

جبکہ تم اس کے برعکس کر رہے ہو کیا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو یہ معلوم نہ تھا کہ ظاہری طور پر ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ افضل ہیں اور باطنی طور پر میں۔

(معاذ اللہ) تم علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے زیادہ جانتے ہو، نہیں ہرگز نہیں تمہارا دعوی محبت اہل بیت جھوٹا ہے اسی لئے تم ملعون و مردود ہو اور حق چار یار اور افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے تم کو قولنج کا درد پڑتا ہے۔ لیکن شیطان کے جلنے سے ہم حق چار یار اور افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ماننے سے نہیں رک سکتے کیونکہ یہ قرآن حدیث سے ثابت ہے۔

## حق چار یار اور ترتیب خلافت بزبان مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم:

"عن علی رضی اللہ عنہ أنه قال:(قيل يا رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم من نؤمر بعدک؟ قالا:"ان تؤمروا أبابكر رضی اللہ عنہ تجدوه أمينا زاهدا فی الدنياراغبا فی الآخرة،وان تؤمروا عمر تجدوه قويا أمينا لا يخاف فی الله لومة لائم،وان تؤمروا عثمان رضی اللہ عنہ تجدوه قائما بالدليل والبرهان،وان تولوا عليا تجدوه هاديا مهديا"۔[1]

حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی یارسول صلی اللہ علیہ وسلم ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کس کو

(1) غنية الطالبين ج١ ص١٥٩ مطبوعه دارالكتب العلميه بيروت

Marfat.com

امیر بنائیں تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر تم ابو بکر رضی اللہ عنہ کو امیر بناؤ تو ان کو امین اور زاہد پاؤ گے دنیا میں، اور آخرت کی طرف رغبت کرنے والا اور اگر تم عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو امیر بناؤ تو ان کو قوی، امین پاؤ گے اور وہ اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا اندیشہ نہیں کریں گے اگر تم عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو امیر بناؤ تو ان کو دلیل و حجت کے ساتھ قائم پاؤ گے اور اگر تم سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو امور کا والی بناؤ تو ان کو ہادی و مہدی پاؤ گے۔

## حق چار یار کی خلافت کا تذکرہ:

”وعن مجاهد رحمۃ اللہ علیہ قال:قال لی علی بن أبی طالب رضی اللہ عنہ ماخرج النبيا من دار الدنيا حتى عهد الى أن أبا بكر رضی اللہ عنہ يلى من بعدى،ثم عمر رضی اللہ عنہ من بعده،ثم عثمان رضی اللہ عنہ من بعده ثم على رضی اللہ عنہ من بعده“۔[1]

حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ دنیا سے نہیں تشریف لے گئے مگر یہ کہ مجھ سے اس بات کا عہد لیا کہ میرے (نبی کریم ﷺ) بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوں پھر ان کے بعد عمر فاروق رضی اللہ عنہ پھر ان کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پھر ان کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ ہوں گے۔

حق چار یار کی خلافت اور ترتیب خلافت کا فیصلہ تو حضور ﷺ نے فرما دیا ہے، تو پھر رافضی جھگڑتے کس بات میں ہیں۔

---

(1) غنیہ الطالبین ج ۱ ص ۱۵۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

## حق چار یار وافضلیت اور سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ :

"عن علی رضی اللہ عنہ قال خیر الناس فی هذه الامة بعد ابی بکر عمر الفاروق ثم عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہم ثم انا"۔ (1)

حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس امت میں افضل حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ان کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں پھر عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ ہیں پھر میں (علی المرتضی رضی اللہ عنہ) ہوں۔

مانو یہ بھی شان علی المرتضی رضی اللہ عنہ ہے۔ بیان حقانیت علی المرتضی رضی اللہ عنہ ہے۔ علم علی المرتضی رضی اللہ عنہ ہے خلفاء ثلثہ کو اپنے آپ پر افضلیت دینا بزبان علی المرتضی رضی اللہ عنہ ہے بصورت ایں نعرہ تحقیق حق چار یار ہے اور جو فرمان مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا منکر ہو وہ کسی صورت میں ان کی محبت کے دعوے میں سچا نہیں ہو سکتا۔

## حق چار یار اور علی المرتضی رضی اللہ عنہ :

"عن الاصبغ بن نباته قال قلت لعلی رضی اللہ عنہ یا امیر المؤمنین۔من خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ابوبکر رضی اللہ عنہ قلت ثم من قال ثم عمر رضی اللہ عنہ قلت ثم من قال ثم عثمان رضی اللہ عنہ قلت ثم من قال انا"۔ (2)

---

(1) ریاض النضرہ ص۵۷ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت
(2) نبراس شرح شرح عقائد ص ۴۹۱-۴۹۲ مطبوعہ موسسہ الشرف لاہور رواہ الحافظ ابو سعید السمان

Marfat.com

اصبغ بن نباتہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی خدمت میں عرض کی اے امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد لوگوں میں سب سے بہتر کون ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابو بکر رضی اللہ عنہ پھر کون آپ نے فرمایا عمر رضی اللہ عنہ میں نے عرض کی پھر کون آپ نے فرمایا عثمان رضی اللہ عنہ میں نے عرض کی پھر کون آپ نے فرمایا میں (علی المرتضی رضی اللہ عنہ)

## اہل سنت کی محافل سے آتی ہے صدا:

سارے اصحاب مدنی دے ہیں ذی قدر دوستو چواں یاراں دی کیا بات ہے
پیارے صدیق وفاروق عثمان وعلی رضی اللہ عنہم انہاں چواں یاراں دی کیا بات ہے
جیڑے راہی صحابہ دے شکوے کرن میرا ہے مشورہ او خدا توں ڈرن
او خدا دی قہاری دے واقف نئیں رب اکبر دی ماراں دی کیا بات ہے

## حق چار یار اور ترتیب افضلیت وخلافت بزبان مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم:

"عن عمرو بن لبید رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ اشتری بکرا من اعرابی فاد برالا عرابی فلقی علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ فقال علی رضی اللہ عنہ للاعرابی ان قبض اللہ رسوله حقک الی من لی بحقی ان اتی علیک الموت قال ابوبکر الصدیق لک بحقک فادبرالاعرابی فلقیه علی ایضا ماقال لک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال حقی الی ابو بکر الصدیق رضی اللہ عنہ قال علی رضی اللہ عنہ فان ابابکر رضی اللہ عنہ یموت فرجع الاعرابی یارسول صلی اللہ علیہ وسلم ان مات ابوبکر رضی اللہ عنہ فالی من حقی قال صلی اللہ علیہ وسلم الی عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ فادبر الاعرابی فلقیه علی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

قال ماقال لک رسول اللہ ﷺ قال الاعرابی حقی الی عمر رضی اللہ عنہ قال علی رضی اللہ عنہ فان عمر رضی اللہ عنہ یموت فرجع الاعرابی قال یارسول اللہ ﷺ فان عمر یموت ممن لی به قال النبی ﷺ حقک الی عثمان رضی اللہ عنہ فادبر الاعرابی فلقیه علی رضی اللہ عنہ قال علی رضی اللہ عنہ ماقال لک رسول ﷺ قال الاعرابی حقی الی عثمان رضی اللہ عنہ قال علی فان یموت عثمان رضی اللہ عنہ فرجع الاعرابی قال فان عثمان رضی اللہ عنہ یموت یارسول اللہ ﷺ فالی من حقی قال النبی ﷺ فالی الذی ارسلک"۔ (1)

حضرت عمرو بن لبید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اکرم ﷺ نے ایک دیہاتی سے اونٹ کا بچہ خریدا وہ سودا ادھار تھا پیسے بعد میں دینے تھے جس وقت وہ اعرابی سودا کر کے باہر نکلا اونٹ کا بچہ دے گیا اور پیسے ابھی بعد میں لینے تھے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے انکی ملاقات ہو گئی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس دیہاتی سے پوچھا تم سودا تو کر کے جا رہے ہو اگر رسول اللہ ﷺ کا کل وصال ہو گیا تو تم نے پیسے کس سے لینے ہیں؟ پیسے تمہارے ادھارے ہیں اور کوئی قید نہیں کہ کب سرکار کا وصال ہو جائے۔ اگر رسول اکرم ﷺ کا وصال ہو گیا تو تم یہ پیسے کس سے وصول کرو گے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فیصلہ کروانا چاہتے تھے کہ یہ دیہاتی جا کر سرکار ﷺ سے پوچھ لے۔ اوپر سے تو یہ مسئلہ پیسوں کا ہو گا لیکن حقیقت میں اندر سے یہ خلافت کا فیصلہ ہو گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں سکھایا کہ جا کر تم نبی علیہ السلام سے پوچھو۔ لہذا وہ دیہاتی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کہنے پر واپس نبی علیہ السلام کے پاس چلا گیا۔ جا کر اس نے سرکار سے پوچھ

---

(1) شرف المصطفیٰ ج٦ ص ١٧، ١٨ مطبوعه دار البشائر الاسلامیه

Marfat.com

لیا۔ یارسول اللہ ﷺ موت کا تو کوئی پتہ نہیں لیکن اگر آپ ﷺ کا وصال ہو گیا تو میرے پیسے کون دے گا تو سرکار علیہ السلام نے ارشاد فرمایا جو پیسے تو نے مجھ سے لینے ہیں اگر میں کل تجھے نہ ملا تو یہ پیسے تجھے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ادا کرے گا۔ پھر یہ دیہاتی باہر نکلا حضرت علی رضی اللہ عنہ رستے میں بیٹھے تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا بتاؤ نبی علیہ السلام نے کیا جواب دیا وہ بدو کہنے لگا۔ انہوں نے مجھے کہا ہے کہ اگر میں دنیا سے چلا گیا تو میرا ذمہ دار حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہو گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یقین ہو گیا کہ رسول اکرم ﷺ کے بعد نمبر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ہے مگر پھر بھی وضاحت چاہی کہ ہو سکتا ہے تمہارے پیسے دینے سے پہلے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا بھی وصال ہو جائے تو پھر تمہارے پیسے کون دے گا۔ وہ دیہاتی واپس لوٹا اور کہا یارسول اللہ ﷺ اگر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ میرے پیسے دیئے بغیر فوت ہو جائیں تو پھر میں اپنا حق کس سے مانگوں جس وقت سائل نے یہ سوال کیا تو آپ نے رشاد فرمایا اگر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پیسے دینے سے پہلے فوت ہو جائیں تو پھر دوسرے نمبر پر یہ پیسے میرے عمر رضی اللہ عنہ سے مانگنا۔

وہ دیہاتی دربار رسالت سے باہر نکلا حضرت علی رضی اللہ عنہ ان سے ملے اور کہا بتاؤ نبی علیہ السلام نے کیا جواب دیا۔ اس نے کہا رسول اکرم ﷺ نے مجھے بتایا ہے کہ اگر میرے صدیق دنیا سے چلے جائیں تو تمہارے پیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ ادا کریں گے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فیصلے کا پتہ چل گیا کہ دوسرا نمبر اس امت کے اندر خلافت کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ فوت ہو جائیں اور پیسے تمہارے پھر بھی باقی ہوں تو پھر وہ پیسے کون دے گا جاؤ یہ پوچھ کے آؤ۔ لوٹ کے آیا اور کہا یارسول اللہ ﷺ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تو میں پیسے کس سے مانگو گا قربان جائیں نگاہ نبوت پہ سرکار علیہ السلام نے ارشاد فرمایا۔ اگر تمہارا حق

Marfat.com

دینے سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تو پیسے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ادا کریں گئے بدو باہر نکلا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی پوچھا اے دیہاتی مجھے بتاؤ نبی علیہ السلام نے کس کا نام لیا ہے اس دیہاتی نے کہا کہ نبی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے اگر عمر رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے تو پھر تم نے پیسے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے لینے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ پھر ایک بار جاؤ ہو سکتا ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی فوت ہو جائیں اور تمہارے پیسے ابھی تک ادا نہ ہوئے ہوں تو پھر کون ادا کرے گا۔ وہ دیہاتی نبی علیہ السلام کی بارگاہ میں لوٹا اور جا کر کہا اگر عثمان رضی اللہ عنہ کا بھی وصال ہو جائے تو یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پیسے کون دے گا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر عثمان رضی اللہ عنہ فوت ہو جائیں تو پھر تم نے پیسے اس سے مانگنے ہیں جو تجھے بھیج رہا ہے۔

روایت مذکور سے ترتیب افضلیت ،ترتیب خلافت ،حق چار یار،اور علم غیب مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم واضح ہے یعنی رافضی اور خارجی دونوں کا رد اس میں موجود ہے۔

## حق چار یار اور حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ:

”عن ابن عباس رضی اللہ عنہ وقد سئل عن ابی بکر رضی اللہ عنہ فقال کان رحمه الله للقرآن تاليا وللشر قاليا وعن المنكر نا هيا وبالمعروف آمرا ولله صابرا وعن الميل الى الفحشاء ساهيا وبالليل قائما وبالنهار صائما وبدين الله عارفا ومن الله خائفا وعن المحارم جانفا وعن الموبقات صارفا فاق اصحابه ورعا وقناعة وزاد برا وامانة فاعقب الله من طعن عليه الشقاق الى يوم التلاق قيل وما كان نقش خاتمه حين ولى الامر قال نقش عليه عبد ذليل لرب جليل۔ قيل له فما تقول فى عمر رضی اللہ عنہ قال رحمة الله على ابى حفص رضی اللہ عنہ كان والله حليف الاسلام ومأوى الايتام و

Marfat.com

محل الایمان ومنتهى الاحسان ونادى الضعفاء ومعقل الخلفاء كان للحق حصنا وللناس عونا بحق الله صابر امحتسباحتى اظهر الدين وفتح الديار وذكر الله عزوجل على التلال والبقاع وقورا الله فى الرخاء والشدة شكوراله فى كل وقت فاعقب الله من يبغضه الندامة الى يوم القيامة قيل فما نقش خاتمه حين ولى الامر قال نقش عليه الله المعين لمن صبر قيل فما تقول فى عثمان رضی اللہ عنہ قال رحمه الله على ابى عمر رضی اللہ عنہ وكان والله افضل البررة واكرم الحفدة كثرالاستغفار هجادا بالا سحار سريع الدموع عند ذكر النار دائم الفكر فيما يعينه بالليل والنهار مبادرا الى كل مكرمة وسعيا الى كل منجية فرارا من كل مهلكة وفيا نقيا خفيا مجهز جيش العسرة وصاحب بئر رومة وختن المصطفى ﷺ فاعقب الله من قتله البعاد الى يوم التناد قيل فما نقش خاتمه حين ولى الامر قال نقش عليه اللهم احينى سعيدا وامتنى شهيدا فو الله لقد عاش سعيدا ومات شهيدا قيل فما تقول فى على رضی اللہ عنہ قال رحمه الله على ابى الحسن كان والله علم الهدى وكهف التقى وطو دالنهى ومحل الحجى وعين الندا ومنتهى العلم للورى ونورا اسفر فى ظلم الدجى وداعيا الى المحجة العظمى متمسكا بالعروة الوثقى اتقى من تقمص وارتدى واكرم من شهد النجوى بعد محمد المصطفى صلی اللہ علیہ وسلم وصاحب القبلتين وابا السبطين وزوجاته خير النساء رضی اللہ عنہا فما يفوقه احد لم ترعينا ى مثله ولم اسمع بمثله فى الحرب ختالا وللا قران قتالا ولا بطال شغالا فعلى من يبغضه لعنة الله ولعنة العباد الى يوم التناد قيل فما نقش خاتمه حين ولى الامر قال نقش عليه الله الملک"۔[1]

---

(1) الرياض النضرة ص ۵۷تا ۵۹، دار الكتب العلميه بيروت

Marfat.com

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں ان سے پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا خدا ان پر رحم فرمائے وہ قرآن کی تلاوت کرنے والے شر کو مٹانے والے منکر سے روکنے والے معروف کا حکم دینے والے اللہ تعالی کیلئے صبر کرنے والے فحشاء کی طرف میلان نہ کرنے والے رات کو قیام فرمانے والے دن کو روزہ رکھنے والے اللہ کے دین کو جاننے والے اللہ تعالی سے ڈرنے والے محارم سے اجتناب کرنے والے موبقات سے خرچ کرنے والے اپنے ساتھیوں پر فوقیت رکھنے والے رعائت اور قناعت کرنے والے زیادہ احسان کرنے والے امانت دار تھے اور جو شخص ان پر طعن کرے اللہ تعالی اسکو قیامت تک عقوبت میں رکھے پوچھا گیا کہ جب وہ خلیفہ تھے تو انکی مہر کا نقش کیا تھا فرمایا: " عبد ذلیل لرب جلیل " ۔

پوچھا گیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں فرمایا اللہ تعالی ابو حفص رضی اللہ عنہ پر رحم فرمائے خدا کی قسم وہ اسلام کے حلیف یتیموں کی پناہ گاہ محل ایمان منتہی الاحسان اپنی مجلس میں بیٹھے ہوئے کمزوروں کے ماوی خلفاء کے دانا حق کا قلعہ لوگوں کے مددگار اللہ کے حق کے ساتھ صبر کے ساتھ احتساب کرنے والے یہاں تک کہ دین ظاہر ہوا اور دیار فتح ہوئے اور اللہ تعالی عزوجل کا ذکر تلال بقاع تک پہنچا نرمی و سختی میں باوقار ہیں اللہ کیلئے ہر وقت اس کا شکر ادا کرنے والے پس اللہ تعالی ان سے بغض رکھنے والے پر قیامت تک عقوبت فرمائے پوچھا گیا کہ جب وہ خلیفہ تھے تو ان کی مہر کا نقش کیا تھا فرمایا اس پر نقش تھا "اللہ المعین لمن صبر" ۔

پوچھا گیا آپ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ فرمایا اللہ تعالی ابو عمرو رضی اللہ عنہ پر رحم فرمائے خدا کی قسم وہ نیکوں کے افضل،

Marfat.com

خدام کے اکرم، بہت زیادہ استغفار کرنے والے، صبحوں کو جاگنے والے، ذکر جہنم کے وقت جلا آنسو بہانے والے، اس میں ہمیشہ فکر کرنے والے، شب وروز مدد کرنے والے، ہر بزرگی کو لبیک کہہ کر حاصل کرنے والے، نجات کی طرف کوشش کرنے والے پر، ہلاکت سے بھاگنے والے وفاوالے نقی، خفی، جیش عسرت کے لئے سامان دینے والے صاحب، بئر رومہ اور حضرت محمد ﷺ کے داماد اللہ تعالی انکو شہید کرنے والے پر قیامت تک اپنی گرفت فرمائے پوچھا گیا ان کی خلافت کے زمانہ میں ان کی مہر کا نقش کیا تھا فرمایا اس پر لکھا تھا" اللھم احینی سعید اوامتنی شھیدا" پس خدا کی قسم وہ زندگی میں سعید رہے اور شہادت کے مقام سے بازیاب ہوئے۔

پوچھا گیا کہ آپ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے حق میں کیا فرماتے ہیں۔ فرمایا اللہ تعالی ابو الحسن پر رحم فرمائے خدا کی قسم وہ علم الھدی، کہف التقی، طود النہی، محل الحجی، عین الندی اور علم وریٰ کے منتہی تھے وہ ظلمتوں میں چمکتا ہوا نور تھے وہ حجت عظمی کی طرف بلانے والے تھے وہ عروۃ الوثقی کو پکڑے ہوئے ہیں وہ تقوی کی خلعت اور چادر زیب تن فرمانے والے حضرت محمد ﷺ کے بعد شہید نجوی سے عزت دیئے جانے والے صاحب قبلتین، ابو سبطین زوج خیر النساء رضی اللہ عنہما پس ان پر کسی کو فوقیت نہیں میری انکھوں نے انکی مثل کسی کو نہیں دیکھا اور نہ کسی کو ان کی مثل سنا جنگ میں شجاعت کے پیکر اقران اور گیدڑوں کے ابطال کیلئے قتال کرنے والے پس ان سے بغض رکھنے والے پر اللہ تعالی کی اور اسکے بندوں کی قیامت تک لعنت ہو۔ پوچھا گیا کہ انکی خلافت کے زمانہ میں انکی مہر کا نقش کیا تھا فرمایا اس پر لکھا تھا۔ "اللہ الملک"۔

Marfat.com

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے عظیم صحابی حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بھی بڑے ہی حسن انداز میں حضور علیہ السلام کے چار یاروں کے اوصاف وکمالات بیان فرمائے اور چار کی تخصیص فرمائی تو پتہ چلا کہ حق چار یار کا عقیدہ صحابہ والا عقیدہ ہے یہ ۱۹۵۳ء کی ایجاد نہیں ہے، اور جو ۱۹۵۳ء کی ایجاد کہتا ہے وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مخالفت کیوجہ سے کہتا ہے اور جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیساتھ مخالفت کرتا ہے اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا اعلان جنگ ہے:

"من عادلی ولیا فقد اذنته بالحرب"۔

## حق چار یار اور امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ:

"عن المفضل بن عمر رضی اللہ عنہ عن ابیه عن جده قال سئل جعفر الصادق رضی اللہ عنہ عن الصحابة رضی اللہ عنہم فقال ان ابا بکر صدیق رضی اللہ عنہ ملئ قلبه بمشاهدة الربوبية وكان لا يشهد مع الله غيره فمن اجل ذلک كان اكثر كلامه لا اله الا الله وكان عمر رضی اللہ عنہ يرى كل مادون الله صغيرا حقيرا في جنب عظمة الله وكان لا يرى التعظيم لغير الله فمن اجل ذلک كان اكثر كلامه الله اكبر وعثمان رضی اللہ عنہ كان يرى مادون الله معلولا اذكان مرجعه الى الفناء وكان لا يرى التنزيه الا الله فمن اجل ذلک اكثر كلامه سبحان الله وعلى ابن ابى طالب رضی اللہ عنہ كان يرى ظهور الكون من الله وقيام الكون بالله ورجوع الكون الى الله فمن اجل ذلک كان اكثر كلامه الحمد لله"۔(1)

مفضل بن عمر رضی اللہ عنہ اپنے باپ دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ

(1) الریاض النضره ص۶۰ دار الکتب العلمیه بیروت۔۔۔شرف المصطفی ص۲۱ ج۶

Marfat.com

رضی اللہ عنہ نے فرمایا بیشک سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کا دل مشاہدہ ربوبیت سے بھرا ہوا تھا اور اللہ تعالی کے ساتھ کسی کی (شرکت کی) گواہی نہیں دیتے تھے اسی وجہ سے ان کا اکثر کلام " لا الہ الا للہ "ہوا کرتا یعنی "لا الہ الا للہ" کا ورد کثرت سے کرتے تھے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اللہ تعالی کی عظمت وشان میں اللہ کے سوا ہر چیز کو چھوٹی اور حقیر سمجھتے تھے اور آپکو غیر اللہ کی تعظیم کرتے ہوئے نہیں دیکھا گیا اسی وجہ سے ان کا کلام اکثر طور پر " اللہ اکبر "ہوا کرتا تھا اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اللہ تعالی کے ماسوا کو معلول دیکھتے تھے جب ان کا رجوع فناء کی طرف ہوا وہ سوائے اللہ تعالی کی تنزیہہ کے اور کچھ نہ دیکھتے تھے اسی وجہ سے ان کا کلام اکثر "سبحان اللہ "ہوا کرتا تھا اور سیدنا علی ابن طالب رضی اللہ عنہ ظہور کائنات کو اللہ تعالی کی طرف سے دیکھتے تھے اور قیام کائنات کو اللہ تعالی کے ساتھ دیکھتے تھے اور کائنات کا رجوع اللہ تعالی کی طرف دیکھتے۔ اسی وجہ سے ان کا کلام اکثر " الحمد للہ "ہوا کرتا تھا

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے جو آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم واہل بیت رضی اللہ عنہ میں سے ہیں کتنے جامع ال[...] کے ساتھ حق چار یار کی عظمت کو واضح فرمایا۔ تو معلوم ہوا کہ اہل بیت رسول ال رسول [...] حق چار یار کو تسلیم کرتے تھے اور انکی عظمت بیان فرماتے ہیں۔ آج لوگ اپنے آپکو ا[...] بیت کی طرف منسوب تو کرتے ہیں لیکن عقیدہ اہلبیت سے منحرف ہیں یہی لوگ تو رافض[...] ہیں جیسا کہ المعجم الاوسط میں حدیث موجود ہے:

"عن ام سلمة رضی اللہ عنہا قالت:كانت ليلتي،وكان النبي ﷺ عندي، فاتته فاطمة،فسبقها علي رضی اللہ عنہ فقال له النبي ﷺ: ياعلي رضی اللہ عنہ انت واصحابك في الجنة الا انه ممن يزعم انه يحبك اقوام يرفضون الاسلام ،ثم يلفظونه،يقرؤن القرآن لا يجاوز تراقيهم،لهم نبز يقال لهم الرافضة فان ادركتهم،فجاهدهم.فانهم مشركون.قلت:

Marfat.com

یارسول اللہ ﷺ، مالعلامة فیھم؟ قال: لایشھدون جمعه. ولاجماعة ویطعنون علی السلف الاول رواه الطبرانی فی الاوسط"۔[1]

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: میری باری کی رات تھی، اور نبی کریم ﷺ میرے پاس تھے آپ کے پاس شہزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا حاضر ہوئیں، علی رضی اللہ عنہ ان سے پہلے پہنچ گئے، نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: اے علی رضی اللہ عنہ! تم اور تمہارے ساتھی جنت میں ہیں، مگر تمہاری محبت کا دعوی کرنے والوں میں سے کچھ اقوام ایسی ہوں گی جو اسلام سے نکل چکے ہوں گے، صرف زبانی اسلام کا دعوی کریں گے، قرآن پڑھیں گے مگر وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، ان کا خاص لقب ہوگا، انہیں رافضی کہا جائے گا، اگر تم انہیں پاؤ تو ان سے جہاد کرو، بے شک وہ مشرک ہیں، میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! ان کی نشانی کیا ہے؟ فرمایا: وہ جمعہ میں حاضر نہیں ہوں گے، اور نہ ہی جماعت کے وقت حاضر ہوں گے، اگلے گزرے ہوئے لوگوں پر طعن کریں گے۔

لہذا موجودہ روافض اپنے آپ کو اہل بیت کی طرف منسوب بھی کرتے ہیں اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی تنقیص شان بھی کرتے ہیں کبھی لکھ کر کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام ابو بکر رضی اللہ عنہ سے ناراض تھے (لعنة اللہ علی الکاذبین) اور کبھی علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر فضیلت

---

(1) المعجم الاوسط للطبرانی حدیث رقم: ۶۶۰۵، مجمع الزوائد حدیث رقم: ۱۶۴۳۱، مجمع الزوائد ج۹ ص ۴۸، حدیث ۱۶۴۳۱ مطبوعه دار الفکر بیروت

Marfat.com

دے کر اور کبھی امام ابویوسف کے خلاف دریدہ دہنی کا مظاہرہ کرکے اور کبھی امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف زبان طعن کھول کر اور کبھی اپنی نجی محفلوں میں امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ عنہ کے خلاف سگ کوئے روافض کی طرح بھونک کر۔ لہذا جن میں یہ خباثتیں پائی جاتی ہیں وہ روافض کے گھڑوں کے گندے کیڑے ہیں۔

رافضیو! لعنۃ اللہ علی شرکم، اہل بیت کی محبت کے دعویدارو اگر تم محبت میں سچے ہو تو حق چار یار کا نعرہ مارو کیونکہ یہی کامیابی کی سند ہے، اور یہی نعرہ اہل بیت نے بھی لگایا ہے۔

Marfat.com

# پہلی صدی میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار اور تابعی حضرت ابو ایوب سختیانی رضی اللہ عنہ:

"عن حماد بن سلمة رضی اللہ عنہ قال ایوب بن ابی تمیمة السختیانی رضی اللہ عنہ من احب ابا بکر رضی اللہ عنہ فقد اقام الدین ومن احب عمر رضی اللہ عنہ فقد اوضح السبیل ومن احب عثمان رضی اللہ عنہ فقد استضاء بنور اللہ ومن احب علیا فقدا ستمسک بالعروة الوثقی ومن قال فی اصحاب محمدا بالحسنی فقد برئ من النفاق"۔ (1)

حضرت حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ایوب بن ابی تمیم السختیانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے محبت کی اس نے دین کو قائم کیا اور جس نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے محبت کی اس نے راستے کو واضح کر دیا اور جس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے محبت کی اس نے اللہ کے نور سے ضیاء کو حاصل کر لیا اور جس نے علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے محبت کی اس نے مضبوط رسی کو پکڑ لیا اور جس نے بھی اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اچھی بات کہی تو وہ نفاق سے محفوظ ہو گیا۔

---

(1) شفاء شریف ج۲ ص ۴، مطبوعہ مکتبہ اعلی حضرت لاہور، کتاب الورع ص ۹۳

Marfat.com

## حق چار یار اور حضرت سعد بن طارق تابعی رضی اللہ عنہ:

حضرت سعد بن طارق تابعی ہیں اور اپنے والد طارق سے دریافت کرتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے آج بھی فجر کی نماز میں قنوت کا مسئلہ بنایا ہوا ہے تو۔

"قلت لابی یا ابت انک قد صلیت خلف رسول صلی اللہ علیہ وسلم وخلف ابی بکر وخلف عمر وخلف عثمان وخلف علی رضی اللہ عنہم ھنابا لکوفة خمس سنین افکانوا یقنتون فی الفجر قال ای بنی محدث"۔ (1)

میں نے اپنے اباجی سے کہا اے میرے اباجی آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بھی نماز پڑھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پیچھے بھی نماز پڑھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے بھی نماز پڑھی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پیچھے بھی نماز پڑھی اور آپ نے پانچ سال تک کوفہ میں سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے پیچھے بھی نماز پڑھی کیا یہ حضرات فجر میں قنوت پڑھتے تھے تو انہوں نے فرمایا بیٹا ان حضرات نے نہیں پڑھی بلکہ آجکل پڑھنے والوں نے گھڑ لی ہے۔

مذکورہ دونوں روایات سے بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ تابعین بڑے پیار سے حق چار یار کا تذکرہ فرماتے تھے اور حق چار یار کے قول وفعل کو حجت مانتے تھے لہذا حق چار یار کا نعرہ تابعین کا نعرہ ہے ۱۹۵۳ء کی ایجاد نہیں ہے وہ تابعین جن کے زمانہ کے بہتر ہونے کی سند خود تاجدار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے جاری فرمائی ہے۔ اور یہ پہلی صدی تھی تو پتہ چلا کہ تابعین نے بڑے واضح الفاظ میں حق چار یار کا تذکرہ فرما کر حق چار یار کا نعرہ لگایا اور بتایا کہ یہ سنیوں کا نعرہ ہے۔

---

(1) طحاوی شریف جلد اص ۱۷۷۔ ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، مسند احمد بن حنبل، آثار السنن

Marfat.com

# دوسری صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار اور امام الائمہ سراج الامہ امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ (۱۵۰ھ):

"من علامات السنة والجماعة تفضيل الشيخين ومحبة الختنين"۔[1]

اہل سنت وجماعت کی علامات میں سے ایک علامت یہ ہے ابو بکر وعمر فاروق رضی اللہ عنہم کو افضل جاننا اور حضرت عثمان غنی اور حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم کے ساتھ سچی محبت کرنا۔

اور ایک دوسرے مقام پر امام اعظم رضی اللہ عنہ یوں فرماتے ہیں:

"افضل الناس بعد الرسول صلی اللہ علیہ وسلم الصديق ثم عمر بن الخطاب ثم عثمان بن عفان ذوالنورين ثم على ابن ابى طالب المرتضى رضی اللہ عنہم"۔[2]

انبیاء علیہم السلام کے بعد تمام لوگوں سے افضل ابو بکر صدیق ہیں پھر عمر بن خطاب پھر عثمان بن عفان ذوالنورین پھر علی ابن ابی طالب المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

---

(1) ماخوذ از مکتوبات امام ربانی جلد اول ص ۳۳۰، شرح عقائد ص ۱۸۲، مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور، نبراس ص ۴۹۰ موسسہ الشرف لاہور، التمہید فی بیان التوحید ص ۱۷۹ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ پشاور

(2) فقہ اکبر مع شرح ص ۶۱ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی

Marfat.com

مذکورہ دونوں اقوال میں امام الآئمہ امام اعظم رضی اللہ عنہ جو کہ تابعی ہیں نے بڑے واضح الفاظ
مسئلہ افضلیت اور حق چار یار کی وضاحت فرمائی ہے۔ بلکہ یہاں تک فرمادیا چار یار کے متع
کہ یہ علامات اہلسنت میں سے ہے تو میں پوچھنا چاہوں گا کیا امام اعظم رضی اللہ عنہ کو بھی معاذ
اہلبیت سے بغض تھا جیسا رافضیوں نے اپنی خباثت کا اظہار کیا ہے کہ حق چار یار سے بغ
اہلبیت کی بو آتی ہے۔ تو جواب دو کیا امام اعظم رضی اللہ عنہ کے اقوال اور حق چار یار کا ایک مط
نہیں تو پھر ادھر حنفی کہلوانا اور ادھر خمینی کی جانشینی اور ترجمانی کرنا۔

دو رنگی چھوڑ دے یک رنگ ہو جا
سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا

Marfat.com

# تیسری صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار پر صحابہ کرام کا اجماع اور امام شافعی رضی اللہ عنہ (۲۰۴ھ):

امام ابن حجر عسقلانی شافعی رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں کہ:

"عن الشافعي رضی اللہ عنہ انه قال اجمع الصحابة واتبا عهم علی افضلية ابی بكر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم"۔ (1)

امام شافعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ تمام صحابہ کرام و تابعین کا اس بات پر اجماع ہے کہ تمام امت سے افضل ابو بکر صدیق پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

قارئین کرام مذکورہ عبارت سے یہ بات واضح ہوئی کہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور امام شافعی رضی اللہ عنہ بھی افضلیت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حق چار یار کے قائل تھے۔ لہذا مخالفین کیلئے ایک ہی راستہ ہے کہ حق چار یار کی مخالفت چھوڑ دیں۔

## حق چار یار اور افضلیت عند الآئمۃ الاربعۃ رحمۃ اللہ علیہم:

امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ مکتوبات شریف میں یوں رقم طراز ہیں کہ:

"مذہب آئمہ اربعہ مجتہدین نیز ہمیں است"۔ (2)

یعنی آئمہ اربعہ امام اعظم ابو حنیفہ امام مالک، امام شافعی۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ ہے خلفاء اربعہ کی جس ترتیب سے خلافت ہے، اسی ترتیب سے افضلیت بھی ہے۔

کوئی سڑ دا اے سڑ جاوے کوئی مر دا اے مر جاوے
سنیاں نے تے گج وج کے حق چار یار دا نعرہ لاؤنڑا اے

---

(1) فتح الباری شرح صحیح بخاری جلد ۸ ص ۱۵ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
(2) مکتوبات امام ربانی

Marfat.com

# چوتھی صدی ہجری میں حق چار یار اور مسئلہ افضلیت

## حق چار یار اور امام ابو جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ (۳۲۱ھ):

"ونثبت الخلافة بعد رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم اولا لابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ وتفضیلا له وتقدیما له علی جمیع الامة ثم عمر بن الخطاب ثم عثمان ثم علی ابن ابی طالب وهم الخلفاء الراشدون والائمة المهدیون"۔[1]

اور ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت ثابت کرتے ہیں بایں طور کہ آپکو تمام امت پر تفضیل و تقدیم حاصل ہے پھر ان کے بعد سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ پھر سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ پھر سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے لئے خلافت ثابت کرتے ہیں وہ چار یار خلفائے راشدین اور آئمہ مھدیین ہیں۔[2]

اس کتاب شرح عقیدہ الطحاویہ میں تو عقائد بیان کیئے گئے ہیں تو امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے حق چار یار اور انکی افضلیت بترتیب خلافت عقیدہ اہل سنت سے شمار کی ہے لہذا معلوم ہوا کہ حق چار یار کا منکر اور افضلیت و ترتیب خلافت کو نہ مانتے اہل سنت وجماعت سے نہیں ہو سکتے جس فرقے میں ہو۔ جہنم میں جائے ہمیں کیا ہے۔ چاہے رافضی ہے، خارجی ہے یا م ہے، لیکن ایسا نہیں ہو سکتا کہ کوئی بھی حقیقی سنی یہ کہہ دے کہ چلو صلح کلی کر لیتے ہیں یا لگانا چھوڑ دیتے ہیں.

"بلکہ سنیاں نے تے گج وج کے حق چار یار دا نعرہ لاؤنڑا اے"

---

(1) شرح عقیدہ الطحاویہ ص ۴۳۸ مکتبہ الحقانیہ پشاور
(2) شرح عقیدہ الطحاویہ ص۴۳۸ مطبوعہ مکتبۃ الحقانیہ پشاور

Marfat.com

## حق چار یار اور امام ابو الحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ (۳۲۴ھ):

"ونتولی سائر اصحاب النبی ﷺ ونکف عما شجر بینهم وندین الله بان الائمة الاربعة خلفاء راشدون مهدیون فضلاء لا یوازیهم فی الفضل غیرهم"۔[1]

اور ہم سب صحابہ سے محبت رکھتے ہیں اور ان میں جو اختلاف ہوئے ہیں ان سے اپنے آپکو دور رکھتے ہیں اور خدا تعالیٰ کے سامنے اقرار کرتے ہیں یہ آئمہ اربعہ (حق چار یار) خلفائے راشدین و مہدیین ہیں اور فضیلت میں کوئی بھی ان کے برابر نہیں ہے۔

امام ابو الحسن اشعری رضی اللہ عنہ جن کو ہمارے اسلاف نے اہل سنت و جماعت کے آئمہ سے شمار کیا ہے انہوں نے بھی چوتھی صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ لگایا اور بتایا کہ سنیوں کا نعرہ ہے لہذا ان کی مان لو کہ حق چار یار اور چاروں کی افضلیت بترتیب خلافت ہے اور ان کے پائے کا انبیاء کے بعد کوئی نہیں۔ اسی لئے مولانا محمد عبد الصبور بیگ فاضل بریلوی شریف نے فرمایا تھا کہ:

اے خدا بہر جناب مصطفی
چار یار پاک و آل باصفا
پر کن از بخشش تہی دامان ما
از تو بخشدن زما کردن دعا

---

(1) الابانة عن اصول الديانة باب فی ابنته قول اهل الحق والسنة ص ۱۸ مطبوعه دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

# پانچویں صدی ہجری میں حق چار یار اور افضلیت

## حق چار یار اور امام ابو بکر باقلانی (۴۰۳ھ):

”یعرفون حق السلف الذین اختارهم الله سبحانه لصحبة نبیه ا ویأ خذون بفضا ئلهم ویمسکون عما شجر بینهم صغیرهم وکبیر هم ویقدمون ابا بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علیا رضی اللہ عنہم ویقرون انهم الخلفاء الراشدون المهدیون افضل الناس کلهم بعد النبیا ویصدقون بالاحادیث التی جاءت عن رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ۔(۱)

اہل سنت وجماعت اسلاف کا حق پہنچاتے ہیں وہ اسلاف جن کو اللہ تعالی نے اپنے حبیب کیلئے منتخب فرمایا تھا وہ ان کے فضائل سے تمسک کرتے ہیں اور ان میں جو اختلافات واقع ہوئے ہیں خواہ چھوٹوں میں یا بڑوں میں اہلسنت وجماعت ان اختلاف سے اپنے آپکو دور رکھتے ہیں اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو سب سے مقدم سمجھتے ہیں پھر حضرت عمر فاروق کو پھر عثمان کو پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم کو اور اقرار کرتے ہیں کہ خلفاء راشدین ومہدیین ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب لوگوں سے افضل ہیں اور اہلسنت وجماعت ان تمام احادیث کی تصدیق کرتے ہیں (حق چار یار پر دلالت کرنے والی اور شان خلفاء ثلثہ میں وارد شدہ احادیث کو جھٹلاتے نہیں) جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں۔

---

(1) کتاب التمهید ص ۲۹۵

Marfat.com

## حق چار یار اور حافظ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ (۴۶۳ھ):

"وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدیین بعد وهم ابو بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم فسما هم خلفاء"۔ (1)

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہیکہ میرے بعد میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت لازم پکڑو اور وہ خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں اور ان کا نام خلفاء ہے۔

## حق چار یار اور علامہ عبد الشکور السالمی رحمۃ اللہ علیہ:

"قال اہل السنة والجماعة ان افضل الخلق بعد الانبیاء والرسل والملائکة علیہم السلام کان ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم"۔ (2)

اہل سنت وجماعت نے کہا ہے کہ انبیاء ورسل اور فرشتوں کے بعد تمام مخلوق سے افضل حضرت ابو بکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم ہیں۔

ثابت ہوا کہ پانچویں صدی میں بھی حق چار یار کا نعرہ لگایا گیا اور افضل البشر بعد الانبیاء، ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مانا گیا لہذا سنیوں نے ہر دور میں افضلیت اور حق چار یار کا نعرہ لگا کر روافض کے ایوانوں میں زلزلہ برپا کیا۔

---

(1) التمهيد لما فی الموطا من المعانی والمسانید ج ۳ ص ۴۸۵
(2) التمهيد عربی ص ۱۶۹ مطبوعه مکتبه اسلامیه پشاور ,تمهید لعبدالشکور السالمی اردو ص ۳۶۴ مطبوعه فرید بک سٹال لاهور

Marfat.com

# چھٹی صدی ہجری میں مسئلہ افضلیت اور حق چار یار

## حق چار یار اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ (۵۰۵ھ):

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ

"ان الامام الحق بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابو بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم"۔[1]

مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام بر حق حضرت ابو بکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی پھر حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم۔

"فاما الخلفاء الراشدون فهم افضل من غيرهم وترتيبهم فی الفضل عند اهل السنة كترتيبهم فی الامامة وقد اجمعوا على تقديم ابی بكر ثم نص ابو بكر على عمر ثم اجمعوا بعده على عثمان ثم على رضی اللہ عنہم وليس يظن منهم الخيانة في دين الله لغرض من الاغراض"۔[2]

بہر حال خلفاء راشدین وہ افضل ہیں باقی امت سے اور فضیلت میں انکی ترتیب خلافت کی ترتیب کی طرح ہی ہے اہل سنت و جماعت کے نزدیک اور تحقیق حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تقدیم پر اجماع پھر آپ نے صراحتاً فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے (خلیفہ ہونے کے بارے) میں پھر مسلمانوں کا اجماع ہوا ہے عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر علی المرتضی رضی اللہ عنہم اور ان میں سے کسی ایک نے بھی اللہ تعالی کے دین میں خیانت کا گمان تک بھی نہیں کیا کسی بھی غرض کیوجہ سے اغراض میں سے۔ صوفیاء کے نام پر

(1) احیاء العلوم جلد ۱ ص
(2) الاقتصاد فی الاعتقاد ص ۳۰۱۔۳۰۰ مطبوعہ مکتبہ الاحرار مردان

Marfat.com

لوگوں کو دھوکہ دینے والے غور کریں صوفیاء کے امام کا عقیدہ بھی افضلیت اور حق چار یار والا ہے۔

## حق چار یار اور قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ (۵۴۴ھ):

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب میں حق چار یار کے نعرہ کیلئے پوری حدیث پاک نقل فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

" ان الله اختاراصحابی علی جمیع العالمین سوی النبیین والمرسلین واختارلی منهم اربعة ابا بكر وعمر وعثمان وعليا فجعلهم خير اصحابی وفی اصحابی كلهم خير "۔ (1)

اللہ تعالی نے میرے صحابہ کو تمام جہانوں پر ماسوائے انبیاء و مرسلین کے منتخب فرمایا ہے اور ان میں سے چار کو میرے لئے چن لیا ہے وہ چار ابو بکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم ہیں اور ان کو اللہ تعالی نے میرا بہترین ساتھی بنایا اور میرے تمام صحابہ میں خیر ہے۔

## حق چار یار اور غوث اعظم رضی اللہ عنہ (۵۶۱ھ):

محبوب سبحانی شہباز لامکانی شیخ عبد القادر جیلانی حسنی حسینی غوث الاعظم رضی اللہ عنہ حق چار یار کا تذکرہ یوں فرماتے ہیں:

"افضل هؤلاء العشرة الابرار الخلفاء الراشدون الاربعة الاخيار وافضل الاربعة ابو بكر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم ولهؤلاء الاربعة الخلافة بعد النبی علیہ السلام"۔ (2)

---

(1) شفاء جلد ۲ ص ۱۱۹، الشفاء اردو ج ۲ ص ۶۳ مطبوعہ مکتبہ اعلیٰ حضرت لاہور
(2) غنیۃ الطالبین ج ۱۔ ص ۱۵۸، ۱۵۷ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

ان دس برگزیدہ افراد میں سے اچھے پسندیدہ چاروں خلفاء راشدین ہیں اور ان چار (حق چار یار) میں سے سب سے افضل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں پھر حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم اور ان چاروں (حق چار یار) کیلئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے خلافت ثابت ہے۔

لوگ کہتے ہیں ہم غوث الاعظم کے شہزادے ہیں اور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے تو چار یار کی تخصیص فرمائی حضرت ابو بکر صدیق کو امت میں سب سے افضل بتایا تو یہ فرمان غوث الاعظم کیوں نہیں مانا جاتا۔؟ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ حق چار یار کہنے والا اگر بغض اہلبیت رکھتا ہے تو غوث الاعظم کیلئے ان لوگوں کا کیا فتوی ہو گا جن کے نام پر یہ کھاتے ہیں حضرت غوث الاعظم کا شہزادہ کہلوانا آسان ہے آپ رضی اللہ عنہ کی تعلیمات پر عمل یہ سنیوں کا کام ہے رافضیوں کا نہیں۔ اگر شہزادہ کہلواتے ہو تو مانو اور نہیں مانتے تو بتاؤ کہ جو اپنے آباء کی نہ مانے وہ کون ہوتا ہے۔ تمہیں یہ اصول کیوں یاد نہیں رہتا ہے۔

لو کان حبک صادقا لاطعته
ان المحب لمن یحب مطیع

## حق چار یار اور حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ (۵۷۱ھ):

"وندین بحب السلف الذین اختارهم الله لصحبة نبیه ونثنی علیهم بما اثنی الله علیهم ونتولا هم ونقول ان الامام بعد رسول الله ﷺ ابو بکر رضی اللہ عنہ وان الله اعزبه الدین واظهر علی المرتدین وقدمه المسلمون للا مامة بها قدمه رسول الله ﷺ الصلوة ثم عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ ثم عثمان رضی اللہ عنہ نفر الله وجهه قتله قاتلوه ظلماوعدوانا ثم علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ فهؤ لاء الآئمة بعد رسول الله ﷺ وخلافتهم خلافة النبوة ونشهد للعشرة بالجنة

Marfat.com

الذین شھد لھم رسول اللہ ﷺ بالجنۃ ونتولی سائر اصحاب النبیا ونکف عما شجر بینھم وندین ان الائمۃ الاربعۃ راشدون مھدیون فضلا لا یوازیھم فی الفضل غیر ھم وتصدیق بجمیع الروایات التی ثبتھا اھل النقل"۔[1]

ہم سلف کی محبت کا دین رکھتے ہیں جنہیں اللہ تعالی نے اپنی نبی کریم ﷺ کی صحبت کیلئے چنا تھا اور ہم ان کی صفت و ثناء کرتے ہیں جیسے اللہ تعالی نے ان کی صفت و ثنا کی اور ہم انکو دوست رکھتے ہیں۔ اور ہم کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کے بعد امام بر حق حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے اللہ تعالی نے ان کے ذریعے دین کو غلبہ دیا اور انہیں مرتدین پر غالب کیا اور مسلمانوں نے انکو خلافت میں اسی طرح مقدم کیا ہے جس طرح کہ رسول اللہ ﷺ نے انکو غار میں مقدم فرمایا پھر امام بر حق حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اللہ تعالی آپ کے چہرہ کو رونق بخشے آپکے قاتلین نے ظلم و تعدی سے آپ کو شہید کیا پھر علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہ پس رسول اللہا کے بعد یہ آئمہ ہیں اور انکی حکومت و خلافت علی منہاج النبوت تھی اور ہم ان دس صحابہ کیلئے جنت کی شہادت دیتے ہیں جن کیلئے رسول اللہ ﷺ جنت کی شہادت دی ور ہم سب صحابہ سے دوستی کا تعلق رکھتے ہیں اور ان میں جو بھی اختلاف ہوئے ہیں ان سے اپنے آپکو روکتے ہیں اور ہم بارگاہ خداوندی میں اقرار کرتے ہیں کہ یہ آئمہ اربعہ راشدین مہدیین ہیں اور کوئی بھی فضیلت میں ان کی برابری نہیں کر سکتا اور ہم ان احادیث کو مانتے ہیں جنہیں محدثین نے مانا ہے۔

اس عبارت میں بھی حافظ ابن عساکر نے حق چار یار اور مسئلہ افضلیت کو بیان کیا جو واضح وعیاں ہے لہذا ثابت ہو کے چھٹی صدی ہجری میں بھی آئمہ اہل سنت نے حق چار یار کا نعرہ لگایا۔

---

(1) تبیین کذب المفتری ص ۱۶۰،۱۶۱ باب ما وصف من مجانبتہ لا ھل البدع وجھادہ الخ

Marfat.com

# ساتویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار اور امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ (۶۰۶ھ):

امام رازی تفسیر کبیر میں قرآن کریم کی تفسیر کرتے ہوئے حق چار یار کا نعرہ یوں لگاتے ہیں:

"دلت الاية على امامة الائمة الاربعة وذلک لانه تعالى وعد الله الذين امنوا وعملواالصالحات من الحاضرين فى زمان محمدا وهو المراد بقوله ليستخلفنهم فى الارض فثبت بهذا صحة امامة الائمة الاربعة وبطل قول الرافضة الطاعنين على ابى بكر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم"۔[1]

یہ آیت چاروں خلفاء کی امامت پر دلالت کرتی ہے کیونکہ اللہ تعالی نے یہ وعدہ ان لوگوں سے کیا تھا جو حضور کے سامنے، اس وقت موجود تھے اور ایمان لائے اور نیک اعمال کیئے اور خدا تعالی کا یہ کہنا کہ انہیں زمین میں خلیفہ بنائے گا اس سے مراد یہی لوگ ہیں اس آیت سے چاروں آئمہ کی امامت صحیح ثابت ہوتی ہے اور رافضی جو حضرت ابو بکر صدیق حضرت عمر فاروق حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم پر زبان کھولتے ہیں انکی بات باطل ٹھہرتی ہے۔

امام رازی فرماتے ہیں کہ حق چار یار یہ قرآن کا مصداق نعرہ ہے اور اس سے اختلاف کرنے والے خلفاء ثلثہ پر طعن کرنے والے رافضی ہیں۔ لہذا ثابت ہوا کہ حق چار یار کا نعرہ امام

(۱) تفسیر کبیر ج ۲۳ ص ۲۶،۲۷ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

رازی نے ساتویں صدی میں لگایا۔ اور بتایا کہ جو صرف علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو مانے یعنی نعرہ حیدری لگائے اور تین خلفاء کا منکر ہو یعنی حق چار یار کا تو وہ رافضی ہے۔

## حق چار یار اور امام نووی رحمۃ اللہ علیہ (۶۷۶ھ):

"اتفق اهل السنة ان افضلهم الخلفاء الاربعة"۔[1]

اہل سنت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خلفاء اربعہ چار یار علی الترتیب افضل ہیں۔

## اور پھر ترتیب صراحتاً ان الفاظ سے بیان کر دی:

"اتفق اهل السنة افضلهم ابو بكر ثم عمر"۔[2]

اہل سنت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سب صحابہ کرام سے افضل ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔

لہذا ثابت ہوا کہ حق چار یار اور افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نعرہ علامہ نووی نے ساتویں صدی ہجری میں لگایا حق چار یار کو ۱۹۵۳ء کی ایجاد کہنے والو ان چار کے بغیر جاؤ گے کہاں ہر جگہ چار یار کی ضرورت پڑے گی۔

## حق چار یار اور امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ (۶۷۱ھ):

علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آیت ان چار حضرات کو متضمن ہے:

"كما قال فی تفسير آية استخلاف هذه الاية تضمن خلافة ابی بكر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم لانهم اهل الايمان وعملوا الصالحات"۔[3]

---

(1) شرح صحیح مسلم ج۱۵ ص ۱۳۷ مطبوعہ دار الجدید القاہرہ
(2) شرح صحیح مسلم ج۱۵ ص ۱۳۷ مطبوعہ دار الجدید القاہرہ
(3) تفسیر قرطبی جلد ۲ ص ۲۹۷ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

یہ آیت حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کی خلافت کو متضمن ہے اس لئے یہ حضرات اہل ایمان ہیں اور نیک اعمال کئے ہیں۔

کوئی سڑ دا اے سڑ جاوے کوئی مر دا اے مر جاوے
سنیاں نے تے گج وج کے حق چار یار دا نعرہ لا نڑا اے

Marfat.com

# آٹھویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار اور حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ (۷۷۴ھ):

"وقد وجد منهم اربعة على الولاء وهم ابو بكر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم"۔ (1)

اور ان میں سے چار خلیفہ متصل خلافت پر پائے گئے اور وہ حضرت ابو بکر پھر عمر پھر عثمان پھر علی رضی اللہ عنہم ہیں۔

## حق چار یار اور علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۷۹۱ھ:

آپ یوں ارقام فرماتے ہیں کہ:

"حيث جعلو امن علامات اهل السنةوالجماعة تفضيل الشيخين ومحبة الختين"۔ (2)

علماء حق نے اہل سنت وجماعت کی علامات میں سے شمار کیا ہے شیخین حضرت ابو بکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہم کو افضل ماننا اور ختنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے محبت کرنا۔

پتہ چلا کہ آٹھویں صدی ہجری میں روافض کو لگام دینے کیلئے حق چار یار کا نعرہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے لگایا۔

---

(1) تفسیر ابن کثیر ج ۳ تحت آیت استخلاف مطبوعہ بیروت
(2) شرح عقائد ص ۱۸۲ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور

Marfat.com

# نویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار اور علامہ ابن ہمام (۸۶۱ھ):

علامہ ابن حجر رقمطراز ہیں:

"وقال العلامة الکمال بن الھمام رحمۃ اللہ علیہ فی المسایرة فضل الصحابة الاربعة علی حسب ترتیبھم فی الخلافة"۔[1]

علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ علامہ کمال ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ "المسایرہ" میں فرماتے ہیں چار صحابہ (حق چار یار) کی فضلیت ان کی خلافت کی ترتیب کے مطابق ہے۔

نویں صدی میں علامہ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ نے حق چار یار کا نعرہ لگا دیا اور مسئلہ افضلیت کو وا[ضح] کر دیا اس لئے تمہارے لئے بھی بہتری اسی میں ہے کہ حق چار یار کی مخالفت چھوڑ دو اور حق چار یار کی عظمت وشان مان لو۔ ورنہ تمہارے کانوں میں سوتے ہوئے بھی حق چار یار کی صدا پڑتی رہے گی۔

(1) الاصابہ ج۱ ص۲۲ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

# دسویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ

## امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور حق چار یار (۹۱۱ھ):

"هذا من الاخبار بالغيب من خلافة الائمة الاربعة ابى بكر وعمر وعثمان وعلى رضی اللہ عنہم"۔ (۱)

آئمہ اربعہ یعنی حق چار یار ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم کی خلافت کی خبر بھی اخبار غیبیہ میں سے ہے۔

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی خلافت کی خبر دی تھی یہ غیب کی خبر تھی ایک تو نجدیوں کا رد ہو گیا جو کہ علم غیب کے منکر ہیں اور دوسرا رافضیوں کا رد ہو گیا جو حق چار یار کو نہیں مانتے

## حق چار یار اور علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ (۹۱۱ھ):

"اجمع اهل السنة ان افضل الناس بعد رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ابوبكر ثم عمر ثم عثمان ثم على رضی اللہ عنہم ثم سائر العشرة ثم باقى اهل البدر ثم بقى اهل أحد ثم باقى اهل البيعة ثم باقى الصحابة رضی اللہ عنہم هكذا حكى الاجماع ابومنصور البغدادى رحمۃ اللہ علیہ"۔ (2)

---

(1) مرقاۃ الصعود حاشیہ ابی داؤد
(2) تاریخ الخلفاء ص ۳۷

Marfat.com

اہل السنۃ کا اس مسئلہ پر اتفاق ہے کہ بیشک رسول اللہ ﷺ کے بعد سب لوگوں سے افضل حضرت ابو بکر، پھر حضرت عمر ہیں۔ پھر حضرت عثمان ہیں، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں پھر باقی العشرہ المبشرین ہیں، پھر باقی اہل بدر ہیں، پھر باقی اہل احد ہیں، پھر باقی بیعت رضوان والے ہیں، پھر باقی تمام صحابہ کرام ہیں، اسی طرح ابو منصور بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلہ پر اجماع امت کو بیان کیا ہے۔

## حق چار یار اور امام عبد الوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ (۹۷۳ھ):

آپ نے صحابہ کرام خلفاء راشدین کی افضلیت کا عنوان یوں قائم کیا۔

"(باب) فی بیان ان افضل الاولیاء المحمدیین ﷺ بعد الانبیاء والمرسلین ابو بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم "۔ (1)

نبی کریم ﷺ کی امت کے اولیاء میں انبیاء و مرسلین کے بعد سب سے افضل حضرت ابو بکر ہیں ان کے بعد حضرت عمر ہیں ان کے بعد حضرت عثمان ہیں اور ان کے بعد حضرت علی (رضی اللہ عنہم) ہیں۔

یعنی انبیاء و مرسلین کے سوا اگلے اور پچھلے تمام لوگوں سے افضل حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں پھر ان کے بعد تینوں خلفاء راشدین بالترتیب افضلیت رکھتے ہیں، یہ افضلیت مطلق ہے، صرف خلافت میں اولیت کی بات نہیں، ارے تفضیلی رافضی اجماع امت کی مخالفت کر کے دین سے بغاوت نہ کر۔

---

(1) الیواقیت والجواہر ج ۲ ص ۳۲۸ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

Marfat.com

## حق چار یار اور علامہ ابن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی (۹۷۴ھ):

آپ نے خلفاء راشدین کی فضیلت بالترتیب میں عنوان یوں قائم کیا۔

"الباب الثالث فی بیان افضلیة ابی بکر علی سائر هذه الامة ثم عمر ثم عثمان ثم علی (رضی اللہ عنہم)"۔[1]

تیسرا باب اس بیان میں کہ اس امت میں سب سے افضل حضرت ابو بکر ہیں پھر حضرت عمر ہیں، پھر حضرت عثمان ہیں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔

ان تین بزرگوں کے اقوال سے ثابت ہوا کہ دسویں صدی میں مسئلہ افضلیت اور حق چار یار کا نعرہ لگایا گیا یہ ۱۹۵۳ء کی ایجاد نہیں ہے جیسا کہ دلائل سے ثابت کیا گیا ہے لہذا نعرہ تحقیق کو اتنا عام کرو اتنا عام کرو کہ رافضیوں کے دل جل جائیں اور اہل سنت کا سر بلند ہو جائے۔

---

(۱) الصواعق المحرقه ص ۸٦ دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

# گیارھویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار اور مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ (۱۰۳۴ھ):

آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

"امام برحق و خلیفہ مطلق بعد از حضرات خاتم الرسل علیہ و علیہم الصلوات والتسلیمات حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ است بعد ازاں حضرت عمر فاروق است رضی اللہ عنہ بعد ازاں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ است بعد ازاں حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ است وافضلیت ایشاں بہ ترتیب خلافت است افضلیت حضرات شیخین باجماع صحابہ و تابعین ثابت شدہ است"۔ (1)

امام برحق اور خلیفہ مطلق (ظاہری، باطنی، ہر لحاظ سے) حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں اور ان کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ان کے بعد حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ اور ان کے بعد حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہیں اوران حضرات کی افضلیت انکی ترتیب خلافت کے مطابق ہے ہاں حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہم اکی افضلیت امت پر صحابہ اور تابعین کا اجماع ہے۔

---

(1) مکتوبات جلد ۲ صفحہ ۱۳۰ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

Marfat.com

اسی لئے یہ افضلیت قطعی ہے مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے یہ نعرہ لگایا مجدد صاحب کی وہ باتیں جو بظاہر روافض کے حق میں ہیں وہ تو مانتے ہیں لیکن یہ کیوں نہیں مانتے۔ چاہے مانیں یا نہ مانیں مجدد صاحب نے واضح فرمادیا کہ حق چار یار کا نعرہ اہل سنت کا نعرہ ہے اور افضل البشر بعد الانبیاء مطلقاً سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔

## حق چار یار اور محدث شہیر ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ (۱۰۱۴ھ)

آپ حضور ا کی حدیث مبارکہ "علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین الخ" کی تشریح فرماتے ہوئے یوں ارقام فرماتے ہیں:

"قیل هم الخلفاء الاربعة ابو بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم"۔[1]

کہا گیا ہے کہ حدیث مبارکہ میں خلفاء سے مراد خلفاء اربعہ ہیں یعنی ابو بکر وعمر فاروق، عثمان غنی اور علی المرتضی رضی اللہ عنہم۔

## حق چار یار اور مقبول بارگاہ مصطفی سید میر عبد الواحد بالگرامی (۱۰۱۷ھ)

فرماتے ہیں کہ اس پر بھی اہل سنت کا اجماع ہے کہ نبیوں کے بعد دوسری تمام مخلوق سے بہتر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں۔ ان کے بعد حضرت عمر فاروق ان کے بعد عثمان ذو النورین اور ان کے بعد علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہے۔[2]

---

(1) مرقاۃ شرح مشکوۃ۔ ج۱ ص ۳۰۲ مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ
(2) سبع سنابل ص ۵۲ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور

Marfat.com

## حق چار یار اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (۱۰۵۲ھ)

حدیث مذکور کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ:

"ومراد بخلفائے راشدین خلفائے اربعہ داشتہ اند"۔

ایک دوسرے مقام پر برکت رسول صلی اللہ علیہ وسلم فی الہند شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"ومقام ثانی آنکه افضلیت خلفاء اربعه بترتیب خلافت است یعنی افضل اصحاب ابو بکر است ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم ومراد از افضلیت اکثریت ثواب است عند الله"۔[1]

مقام ثانی یہ ہے کہ خلفاء اربعہ کی افضلیت انکی ترتیب خلافت کے مطابق ہے یعنی تمام صحابہ سے افضل ابو بکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں اور افضلیت سے مراد اکثریت ثواب ہے اللہ تعالی کے نزدیک۔

---

(1) تکمیل الایمان اردو ص ۱۰۴ مطبوعہ مکتبہ اعلی حضرت لاہور

Marfat.com

# بارہویں صدی میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار اور شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ (۱۱۷۶ھ):

"وابو بکر امام حق بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم"۔ (1)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام بر حق حضرت ابو بکر صدیق ہیں پھر حضرت عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

ثابت ہوا کہ افضلیت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حق چار یار کا نعرہ بارہویں صدی میں بھی لگایا گیا۔

## حق چار یار اور رئیس العارفین امیر الکاملین مولانا محمد فخر الدین چشتی نظامی رحمۃ اللہ علیہ (۱۱۹۹ھ):

عقیدۂ ۴۹: "افضل الناس بعد وجود مبارک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو بکر صدیق بن قحافہ است رضی اللہ عنہ بعد ایشاں حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ بعد ایشاں حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ بعد ایشاں حضرت مرتضی علی کرم اللہ تعالی وجہہ ابن ابی طالب"۔ (2)

آدمیوں میں سب سے بزرگ بعد وجود مبارک حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت ابو بکر صدیق بن قحافہ رضی اللہ عنہ ہیں بعد ان کے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بعد ان کے حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ بعد ان کے حضرت مرتضی علی کرم اللہ وجہہ ابن ابی طالب ہیں۔

---

(1) تفہیمات الٰہیہ ج ا ص ۱۲۸
(2) عقائد نظامیہ ص ۲۷ طبع اول دہلی ۱۳۳۲ھ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

# تیرہویں صدی میں حق چار یار کا نعرہ

## حق چار یار صوفیاء اور علامہ عبد العزیز پرھاروی رحمۃ اللہ علیہ کا نعرہ (۱۲۳۹ھ):

آپ نبراس میں یوں رقمطراز ہیں:

" اجمع الصوفية على تقديم ابى بكر ثم عمر ثم عثمان ثم على رضی اللہ عنہم "۔(۱)

صوفیاء کرام کا بھی اس بات پر اجماع ہے کہ امت میں ابو بکر صدیق سب سے افضل ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔

تیرہوں صدی کی بھی مسلم اور ماہر علوم عقلیہ ونقلیہ شخصیات نے حق چار یار کا نعرہ لگایا۔ رافضی نہ مانیں تو نہ مانیں اہل سنت تو یہ نعرہ لگاتے رہیں گے اور شیطان کے چیلوں اور پیروکاروں کو جلاتے رہیں گے کیونکہ۔

کہہ دو جلنے والوں سے مرو گے تم یونہی جل جل کر
حق چار یار کی بجلیاں تم پہ گرانہ ہم نہ چھوڑیں گے

(۱) نبراس شرح شرح عقائد ص ۴۹۲ مطبوعہ مؤسسۃ الشرف لاہور

Marfat.com

# چودھویں صدی ہجری میں حق چار یار کا نعرہ

حق چار یار اور مجدد مائۃ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ امام الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ:

اعلحضرت عظیم البرکت فارق حق وباطل قاطع رافضیت وخارجیت فرماتے ہیں کہ اہل سنت وجماعت نصرھم اللہ تعالی کا اجماع ہے کہ مرسلین ملائکہ ورسل وانبیاء بشر صلوات اللہ تعالی وتسلیماتہ علیھم کے بعد حضرات خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم تمام مخلوق الہی سے افضل ہیں تمام امم عالم اولین وآخرین میں کوئی شخص انکی بزرگی وعظمت وعزت ووجاہت وقبول وکرامت وقرب وولایت کو نہیں پہنچتا۔

"ان الفضل بیداللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم"۔[1]

فضل اللہ تعالی کے دستہ قدرت میں ہے جیسے چاہے عطا فرمائے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

پھر ان کی باہم ترتیب یوں ہے کہ سب سے افضل صدیق اکبر رضی اللہ عنہ میں پھر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ پھر عثمان غنی رضی اللہ عنہ پھر مولی علی رضی اللہ عنہ "صلی اللہ تعالی علی سیدھم ومولاھم وآلہ وعلیھم وبارک وسلم" مذہب مہذب پر آیات قرآن عظیم واحادیث کثیرہ حضور پر نور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم وعلی الہ وصحبہ الصلوۃ والتسلیم وارشادات جلیلہ

---

(1) القرآن الکریم ۵۷:۲۹

Marfat.com

واضحہ "امیر المؤمنین مولی علی مرتضی رضی اللہ عنہ و دیگر آئمہ اہل بیت اطہار وار تقاء واہمان صحا کرام و تابعین و عظام و تصریحات اولیاء امت و علمائے امت رضی اللہ عنہم اجمعین سے وہ دلائل و حجج قاہرہ ہیں جن کا استیعاب نہیں ہو سکتا۔[1]

## توجہ طلب بات:

کیا خوب تحقیق ہے میرے اعلیحضرت رضی اللہ عنہ کی مسئلہ افضلیت اور حق چار یار پر اسی لیے تو یہ ہے کہ فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ کو قلم کا بادشاہ تو غیر بھی مانتے تھے اور یہ کہنے پر مجبور تھے اگر کسی موضوع پر محدث بریلوی قلم اٹھالیں تو پھر اس میں نہ اضافہ کی گنجائش رہتی ہے نہ کسی میں اسکو رد کرنے کی جرأت ہو سکتی ہے یعنی غیر بھی اعلیحضرت رضی اللہ عنہ کی با کو حرف آخر مانتے ہیں۔ لیکن افسوس کہ بعض لوگ جو اعلیحضرت رضی اللہ عنہ کے نام پر کھا ہیں اور اپنے آپکو اعلیحضرت رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب تو کرتے ہیں لیکن عقیدہ اعلیحض رضی اللہ عنہ سے انحراف کرتے ہوئے نظر آتے ہیں اور اپنی نجی محفلوں میں اعلیحضرت رضی اللہ عنہ خلاف بکتے ہیں، اور کہتے ہیں اعلیحضرت رضی اللہ عنہ کی ہر بات کو ماننا ضروری نہیں۔

چار یار اور خواجہ شمس الحق والدین سیالوی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں:

> "فضیلت آنہا بالترتیب است انگاہ ایں حدیث بر زبان مبارک داند افضل الناس من بعدی ابو بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم"[2]

---

(1) فتاوی رضویہ ج۲۸ ص۴۷۸ مطبوعہ رضافاؤنڈیشن جامعہ نظامیہ لاہور
(2) مرآة العاشقین مطبوعہ تصوف فاؤنڈیشن لاہور

Marfat.com

یعنی خلفائے راشدین کی فضیلت بالترتیب ہے۔ پھر زبان مبارک سے یہ حدیث پڑھی کہ میرے بعد تمام لوگوں میں افضل ابو بکر ہے، پھر عمر، پھر عثمان، پھر علی۔

## حق چار یار اور سید الاولیاء تاجدار گولڑہ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

حضرت تقریباً ہر سال پاک پتن شریف میں حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے عرس پر حاضر ہوتے تھے قصور اور ریاست بہاول پور کے غیر مقلد علماء متواتر کئی سال وہاں پہنچ کر آپ سے سوال کرتے رہے کہ کیا آپ عالم ہو کر اس بات کو درست مانتے ہیں کہ جو شخص بابا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ کے بہشتی دروازہ سے گذر جائے وہ جنت کا سزاوار ہو جاتا ہے؟ حضرت جواب میں ہر سال نیا استدلال پیش فرماتے۔ مولوی غلام قادر چکو کہ تحصیل منچن آباد نے یہی سوال کیا تو فرمایا کیا یہ حدیث صحیح نہیں کہ مومن کی قبر "روضة من ریاض الجنة" ہوتی ہے؟ اس نے کہا صحیح ہے۔ فرمایا جب لفظ جنت کا اطلاق مومن کی قبر پر صحیح ٹھہرا تو اس کے دروازے کو بہشتی دروازہ کہنے پر کیا اعتراض ہے؟ مولوی صاحب نے کہا اس لفظ کا جواز تو درست ہوا مگر یہ فرمائیے کہ حضرت بابا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مقبرہ کے اسی ایک دروازے میں کیا خصوصیت ہے کہ اسے بہشتی دروازہ کہا جائے؟ آپ نے فرمایا کہ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ میں نے بچشم سر عالم ظاہر میں حضور سرور کائنات ﷺ کو بجسم اطہر بمعہ چہار یار کبار ۵، ۶ محرم کی درمیانی رات کو اس دروازہ سے گذر کر مقبرہ کے اندر تشریف لے جاتے دیکھا ہے اور حضور ﷺ کا یہ ارشاد سنا ہے کہ "من دخل ھذا الباب فقد امن" (جو اس دروازے میں داخل ہوا وہ امن میں آ گیا اور مامون ہوا) مشائخ عظام کا بھی اس پر اتفاق رہا ہے۔

Marfat.com

اس کے بعد مولوی صاحب نے اعتراض کیا۔ کہ زائرین فرید فرید کیوں پکارتے ہیں، اللہ۔اللہ کیوں نہیں کہتے؟ حضرت نے فرمایا کہ عرس کے موقعہ پر زائرین کا پورا نعرہ یہ ہوتا ہے۔

اللہ محمد چار یار
حاجی خواجہ قطب فرید [1]

ایک دوسرے مقام پر قرآن کریم سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

## خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کی خلافت کی ترتیب کا لطیف استخراج:

حضرت فرماتے تھے کہ آیت " محمد رسول اللہ والذین معه اشدآء علی الکفار الخ "میں اللہ تعالی کی طرف سے خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب خلافت کی طرف واضح اشارہ ہے۔ چنانچہ "والذین معه" سے خلیفہ اول "اشدآء علی الکفار" سے حضرت خلیفہ ثانی "رحماء بینهم" سے حضرت خلیفہ ثالث اور "تراهم رکعا سجدا الی اخره" سے حضرت خلیفہ رابعہ کے صفات مخصوصہ کی طرف اشارہ ہے کیونکہ معیت اور صحبت میں صدیق اکبر کفار پر شدت میں حضرت عمر فاروق حلم و کرم میں حضرت عثمان غنی اور عبادت واخلاص میں حضرت مولائے علی رضی اللہ عنہم خصوصی شان رکھتے تھے۔ [2]

اور تصفیہ مابین سنی و شیعہ کے صفحہ نمبر آٹھ پر یوں ارقام فرماتے ہیں کہ:

> خلفاء اربعہ (حق چار یار) اور سیدنا حسن رضی اللہ عنہم کا زمانہ تیس سال ہے جس پر خلافت ورحمت کا خاتمہ ہو گیا۔ [3]

---

(1) مہر منیر ص ۴۳۰۔۴۳۱ مطبوعہ گولڑہ شریف اسلام آباد
(2) مہر منیر ص ۴۲۴۔۴۲۵ مطبوعہ گولڑہ شریف اسلام آباد
(3) تصفیہ مابین سنی وشیعہ ص ۸ مطبوعہ گولڑہ شریف

Marfat.com

پ نے خلفاء اربعہ (حق چار یار) کا ذکر کر کے امام حسن رضی اللہ عنہ کا علیحدہ ذکر کیا ہے خلفاء
مسہ (حق پانچ یار) نہیں بیان کیا لہذا تفضیلی رافضیوں کی دلیل کا قلع قمع ہو گیا کہ اگر خلیفہ
راد ہو تو حق پانچ یار کہنا چاہیے۔ یہ حربہ جاہل سنیوں کو رافضی بنانے کا ہے۔ حضرت نے
پنی اسی کتاب میں کم از کم تیس مرتبہ خلفاء اربعہ کے الفاظ کا استعمال کیا ہے۔

ور اسی طرح حق چار یار کا اظہار کرتے ہوئے آپ نے ملفوظات شریف میں بھی خلفاء اربعہ
حق چار) کی اصطلاح استعمال کی ہے۔ چشت اہل بہشت غور کریں کہ تاجدار گولڑہ رحمۃ اللہ علیہ
ا فرمان کیا ہے اور نام نہاد محب قبلہ عالم گولڑوی رضی اللہ عنہ کس طرح لوگوں کو راہ راست سے
بھٹکا رہے ہیں۔ اور بعض چشتیوں کو یہ کہتے ہوئے سنا گیا ہے کہ یہ نیا نعرہ ہے ارے خدا کے
بندوں پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے تمھیں قرآن وحدیث سے ہٹ کر کوئی بات نہیں بتائی۔
لہذا بہتری اسی میں ہے کہ اسلاف کا دامن مضبوطی سے تھامے رکھو ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے
جیسے بڑے بڑے شیخ الاسلام، مفکر اسلام، خود ساختہ محقق، مفتی کہلوانے والے اور سنیت
کا بادہ اوڑھ کر شیعیت کا پرچار کر کے امتیاز حاصل کرنے والے آپکے سامنے گمراہی کی بین
دلیل ہیں۔ کیونکہ حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا کہ

ومن یترک الآثار قد ضل سعیہ
وھل یترک الآثار من کان مسلما

جو شخص سلف صالحین کے نشان قدم کو چھوڑ دے اس کی محنت رائیگاں
جاتی ہے اور کیا کوئی مسلمان سلف صالحین کے آثار ونشانات کو چھوڑ سکتا
ہے"

Marfat.com

## حق چار یار اور عالم بے بدل حضرت علامہ غلام قادر بھیروی رحمۃ اللہ علیہ (۱۳۲۷ھ):

عقیدہ ۴۳ کے تحت لکھتے ہیں اس امت کے بعد الانبیاء والمرسلین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ حدیث میں وارد ہے "مافضلکم ابو بکر بکثرۃ صوم ولا صلوۃ ولکن بشئ وقرفی صدرہ" یعنی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تم پر فضلیت لے گیا ہے ایک نور کے ساتھ جو ان کے سینے میں بھر گیا ہے کثرت صوم وصلوۃ سے فضلیت نہیں شیخ ابو اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صدیق اکبر (بڑا سچ بولنے والا) آپ کا نام عبد اللہ تھا اور آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خسر تھے اور یار غار تھے ہمیشہ ابتدا سے عین رضاء الہی میں رہے کوئی حالت غضب کی ان پر نہ آئی نہ ایام جاہلیت میں نہ ایام اسلام میں ایام جاہلیت میں موحدین میں سے تھے اور ایام اسلام میں اول مؤمنین سے۔ (1)

## حق چار یار اور صدر الافاضل مولنا نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ:

آپ فرماتے ہیں کہ اہل سنت وجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے بعد تمام عالم سے افضل حضرت ابو بکر صدیق ہیں ان کے بعد حضرت عمر ان کے بعد حضرت عثمان اور ان کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔ (2)

---

(1) فقہی اسلام کا انسائیکلوپیڈیا، اسلام کی گیارہ کتابیں ص ۶۴۹ مطبوعہ لاہور
(2) سوانح کربلا ص ۱۸ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

## حق چار یار اور صدر الشریعۃ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ:

### عقیدہ (۲):

بعد انبیاو مرسلین، تمام مخلوقات الٰہی انس و جن و ملک سے افضل صدیق اکبر ہیں، پھر عمر فاروق اعظم، پھر عثمان غنی، پھر مولی علی رضی اللہ عنہم۔ (1)

### حاشیہ بہار شریعت:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے افضل و اعلی و اکمل حضرات عشرہ مبشرہ ہیں اور ان میں خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم اور ان چار ارکان قصر ملت (ملت اسلامیہ کے عالی شان محل کے چار ستونوں) و چار انہار باغ شریعت (اور گلستان شریعت کی ان چار نہروں) کے خصائص و فضائل، کچھ ایسے رنگ پر واقع ہیں کہ ان میں سے جس کسی کی فضلیت پر تنہا نظر کیجئے یہی معلوم (و متبادر و مفہوم) ہوتا ہے کہ جو کچھ ہیں یہی ہیں ان سے بڑھ کر کون ہو گا۔

بھر گلے کہ ازین چار باغ می نگرم
بہار دامن دل می کشد کہ جا اینجاست

(ان چار باغوں میں سے جس پھول کو میں دیکھتا ہوں تو بہار میرے دل کے دامن کو کھینچتی ہے کہ اصل جگہ تو یہی ہے)۔ (2)

## حق چار یار اور مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ:

فرماتے ہیں کہ "والذین معہ" میں چار صفات بیان ہوئی ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہنا، کفار پر سخت ہونا آپس میں رحیم و کریم ہونا، رکوع و سجدہ زیادہ کرنا یعنی عابد ہونا، یہ چاروں صفت اللہ کے فضل سے تمام صحابہ کے اندر موجود ہیں، مگر چار خلفاء میں ایک ایک وصف کمال درجہ کا ہے، صدیق میں ساتھ رہنا، عمر فاروق میں کافروں پر سخت ہونا، عثمان

---

(1) بہار شریعت ج۱ ص ۲۴۱ مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی
(2) بہار شریعت ج۱ ص ۲۴۲ مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی

Marfat.com

غنی میں رحیم ہونا، مولے علی میں عبادت وزہد رضی اللہ عنہم، گویا کہ شمع نبوت کی لالٹین کے
شیشے ہیں علیحدہ علیحدہ رنگ والے، اگر نور نبوت دیکھنا ہے، تو ان رنگ برنگے شیشوں
ذریعہ سے دیکھو، جو شخص ان شیشوں سے علیحدہ ہے وہ نور مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے دور ہے، کیو
ممکن تھا، کہ رب العالمین اپنے نبی کے ساتھ کے لیے ایسے لوگوں کو خاص کرتا، جو معاذ
ایماندار بھی نہ ہوں، اور پھول کے پاس رہ کر مٹی بھی مہک جاتی ہے، آسمان کا سورج
گندی زمین پر رہنے والے خوشبودار نہ ہو جاویں، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو کہ دونوں جہان
سورج حقیقی ہیں، اس سورج کے پاس بیٹھنے والے کیونکر گندے رہ سکتے ہیں، اگر معاذ اللہ
حضرات دیندار نہ تھے، تو قرآن کے پہنچانے والے مخلوق تک، اور احادیث کے سنا
والے دین کی تبلیغ کرنے والے غرضیکہ چمن مصطفی علیہ السلام کی نگہبانی کرنے والے تو یہ
حضرات ہیں تو کیا قرآن اور اسلام معاذ اللہ برے لوگوں کے ہاتھوں میں پھلا پھولا۔
آنکھ نے ایمان سے ایک بار بھی جلوۂ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ لیا، اس کا درجہ دنیا بھر کے غو
وقطب سے بڑھ گیا، تو جو حضرات سایہ کی طرح ہمیشہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے و
شان رکھتے ہوں گے۔

خوشا وہ وقت کہ دیدار عام تھا اسکا
خوشا وہ وقت کہ طیبہ مقام تھا اسکا[1]

## حق چار یار اور محدث اعظم پاکستان محمد سردار احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ:

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رحلت فرمانے کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ ہو
ان کے بعد حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے ان کے بعد حضرت سیدنا عثمان

---

(1) شان حبیب الرحمان ص ۲۱۴۔ ۲۱۵ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے ان کے بعد سیدنا مولی المسلمین مولی علی شیر خدا رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے، ان حضرات کی خلافت اس ترتیب سے خلافت راشدہ ہے، رضی اللہ عنہم۔ (1)

حق چار یار اور مفتی اعظم مولانا شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی (شاہی امام مسجد جامع فتحپوری انڈیا):

**سوال:** خلفاء اربعہ کن کن صحابیوں کو کہا جاتا ہے۔

**جواب:** حضرت صدیق اکبر حضرت عمر فاروق حضرت عثمان غنی حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم۔ (2)

## حق چار یار اور مولانا شاہ رکن الدین رحمۃ اللہ علیہ:

**سوال:** صحابہ میں سب افضل و اعلی رتبہ پر کون ہے۔

**جواب:** سب سے افضل و اکرم عند اللہ و عند المسلمین امیر المؤمنین سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں پھر ان کے بعد امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں پھر ان کے بعد سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں پھر ان کے بعد سیدنا حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہیں۔ یہ ہیں چار یار باصفا، اور خلفاء راشدین اور امام عادلین اور جانشین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم مناقب اور محامد ان حضرات کے اس قدر ہیں کہ ان پر کسی اور صحابی کو شرکت نہیں۔ جیسا کہ قرآن اور احادیث اور اخبار اور آثار سے روشن ہے۔ اور فضیلت ان کی اسی طرح سلف سے علی ہذا الترتیب منقول ہے۔ (3)

## حق چار یار اور مفتی ابو النصر محمد ریاض الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ:

**سوال:** خلافت خلفاء راشدین میں سے افضلیت کا دارومدار بھی اسی ترتیب کے مطابق ہے یا اس کے برعکس ہے۔

---

(1) سیدنا امیر معاویہ ص ۳۸ مطبوعہ مکتبہ قادریہ فیصل آباد
(2) مظہر العقائد ص ۵، مطبوعہ کراچی
(3) توضیح العقائد ص ۸۵ مطبوعہ مکتبہ ضیاء العلوم راولپنڈی

Marfat.com

جواب: اسی ترتیب کے مطابق انبیاء ومرسلین کے بعد تمام مخلوقات انس وجن وملک سے افضل حضرت صدیق اکبر ہیں پھر عمر فاروق ہیں پھر عثمان غنی ہیں پھر مولا علی رضی اللہ عنہ ہیں۔[1]

## حق چار یار اور علامہ سید محمود احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ:

علامہ سید محمود احمد رضوی فرماتے ہیں کہ انبیاء ومرسلین کے بعد تمام مخلوقات الٰہی جن وانس وملائکہ سے افضل صدیق اکبر پھر فاروق اعظم پھر عثمان غنی پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہ ہیں۔[2]

## حق چار یار اور سلطان الواعظین ابو النور محمد بشیر صاحب کوٹلی لوہاراں:

اہل لطائف نے لکھا ہے کہ اس آیت کریمہ میں سارے صحابہ کرام علیہم الرضوان بالعموم اور چار یاران مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی حضرت ابو بکر صدیق حضرت فاروق اعظم حضرت عثمان ذوالنورین۔ اور حضرت علی المرضی رضی اللہ عنہم بالخصوص مراد ہیں۔ اور وہ اس طرح کہ "والذین معہ" میں جس معیت کا ذکر ہے۔ وہ اشارہ ہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی معیت رسول فی الغار کی طرف۔ اور اس سے مراد حضرت صدیق اکبر رضی عنہ ہیں اور "اشداء علی الکفار" میں کافروں پر جس شدت وغلظت کا ذکر ہے وہ اشارہ ہے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دبدبہ وجلال کی طرف اور اس سے مراد حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور "رحماء بینھم" میں جس رحمت وشفقت کا ذکر ہے وہ اشارہ ہے حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی رحمت بھری طبیعت کی طرف اور اس سے مراد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہے اور "تراھم رکعا

---

(1) ریاض شریعت ص ۱۸ مطبوعہ لاہور
(2) دین مصطفےٰ ص ۱۶۲ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

وسجدا" میں جس رکوع وسجود کا ذکر ہے۔ وہ اشارہ ہے حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کے کمال زہد و عبادت کی طرف۔ اور اس سے مراد حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔[1]

ایک اور مقام پر چار یاروں کی حکایات بیان فرمانے کے بعد آپ لکھتے ہیں:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ چار یار جن کے بعض حکایات آپ نے پڑھیں بڑے مرتبوں اور درجوں کے مالک ہیں اور ان چار یاران نبی کا دشمن اللہ کا دشمن ہے۔[2]

## حق چار یار اور مولانا ابو الحامد محمد ضیاء اللہ قادری صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے انفاس العارفین میں شیخ احمد نخعی رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ درج کیا ہے کہ شیخ احمد نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ طریقہ خلوتیہ میں میرے شیخ، شیخ عیسیٰ ابن کنعان خلوتی رحمۃ اللہ علیہ نے جب مجھے اس طریقے کی اجازت بخشی تو مجھے مکہ معظمہ میں اپنا خلیفہ بنایا تاکہ خلوتیہ طریقہ کے تمام پیروکار میرے سامنے اکٹھے ہو کر نماز تہجد کے بعد جیسا کہ ان کا طریقہ ہے، اور اد و وظائف میں مشغول ہو جائیں۔ اس بات سے میرے دل میں غایت درجہ تردد تھا۔ کیونکہ میرا میلان پوری طرح نقشبندیہ سلسلے کی طرف تھا۔ اور شیخ خلوتی رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے مجھے لب کشائی کی جرأت بھی نہیں تھی۔ اسی تردد کے عالم میں میں نے حضور ختم الرسل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں رجوع کیا اور اسی سال روضۂ مقدمہ کی زیارت سے مشرف ہوا تو جمعہ کے روز نماز جمعہ سے قبل مجھے خواب میں سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی گویا "درزیارت عثمانیہ باخلفاء اربعہ حاضر اند بآں جانب مبادرت کردم وبہ تقبیل ید شریفہ وایدی خلفاء کرام بہ ترتیب مشغول شدم" میں نے دیکھا کہ زیارت عثمانیہ میں چاروں خلفاء کے ہمراہ جلوہ افروز ہیں، میں آپ کی طرف تیزی سے بڑھا اور

(1) خطبات ج ا ص ۳۲۴۔ ۳۲۵ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور
(2) سچی حکایات حصہ اول ص ۳۴۱ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور

Marfat.com

دست مبارک چومنے کے بعد بالترتیب خلفائے کرام کے ہاتھوں کو چومنے کی سعادت حاصل کی، بعد ازاں حضور پر نور ﷺ میرا ہاتھ پکڑ کر اپنے مزار مقدس کے سرہانے صف اول کے متوازی بچھے ہوئے ایک نئے سجادے کی طرف لائے اور فرمایا: یہ شیخ تاج کا سجادہ ہے۔ اس پر بیٹھ جاؤ۔ میں سمجھ گیا کہ آپ کا اشارہ طریقہ نقشبندیہ کی طرف ہے۔ اور آپ نے اس طریقہ کی اجازت عطا فرمادی ہے۔ (1)

## حق چار یار اور علامہ فیض احمد اویسی مدظلہ العالی:

چار یار نبی کے غم خوار: اگر محمد رسول اللہ ﷺ کے حرف بارہ ہیں تو ابو بکر الصدیق کے بارہ ایسے عمر بن الخطاب کے بھی بارہ ایسے عثمان بن عفان و علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم کے بارہ حروف ہیں، یہ اسی مناسبت تامہ کی طرف اشارہ ہے کہ یہ حضرات، حضرت عربی ﷺ کے اخلاق کریمہ کے عین مطابق اور ان میں کلی طور پر فانی ہیں۔

## نسب چار یار:

یہ نبی عربی مختار ا:

ایسے ہی چاروں خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کا نسب حضور ﷺ کے عین مطابق ہے، مثلاً حضرت علی رضی اللہ عنہ ابن ثانی سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پانچوں پشت میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ساتویں حضرت عمر رضی اللہ عنہ، نویں پشت میں حضور ﷺ کے ساتھ ملتے ہیں۔

---

(1) ہاتھ پانوں چومنے کا ثبوت بحوالہ انفاس العارفین فارسی ص ۱۹۲ درثمین ص ۱۱ مطبع قادری کتب خانہ۔ سیالکوٹ

Marfat.com

ئدہ: اس سے شیعہ کارد ہوا کہ وہ عوام میں صرف حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا شتہ دار سمجھتے ہیں لیکن باقی خلفاء کو غیر ثابت کرتے ہیں یہ ان کی غلطی اور تعصب ہے۔[1]

## ق چار یار اور ملک المدرسین استاذ العلماء عطاء محمد بندیالوی رحمۃ اللہ علیہ:

پنی شہرہ آفاق تصنیف سیف العطاء میں نعرۂ تحقیق حق چار یار کے متعلق فرماتے ہیں:

"ابھی نام نہاد مفتی کے اجداد بھی پیدا نہیں ہوئے ہوں گے کہ اہل سنت یہ نعرۂ لگاتے تھے، نعرۂ تحقیق حق چار یار اور یہ نعرہ اہل سنت کی علامت تھی لیکن مفتی مذکور یہ نعرہ لگانے سے منع کرتا ہے، جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ باطن رافضی ہے اور تقیہ کے طور پر بظاہر اہل سنت کہلاتا ہے، مفتی مذکور کی منع نعرۂ پر دلیل یہ ہے کہ اس نعرۂ سے یہ لازم آتا ہے کہ چار یار کے سوا کوئی صحابی حق پر نہیں، اس جاہل مفتی کو یہ معلوم نہیں کہ یہ تب لازم آتا، جب اس نعرۂ میں حصر کا کلمہ ہوتا، مثلاً یوں ہوتا کہ نہیں حق مگر چار یار، یا یہ ہوتا کہ حق پر صرف چار یار ہیں، حالانکہ اس نعرۂ میں حصر کا ایسا کوئی کلمہ نہیں۔ علم اصول میں ہے کہ محض کسی کے ذکر سے، دوسرے کی نفی نہیں ہوتی، اس نعرۂ کا تو صرف یہ معنی ہے کہ چار یار حق پر ہیں، دوسرے اصحاب کے حق پر ہونے کی نفی نہیں ہے، اگر اس جاہل مفتی کی منطق تسلیم کر لی جائے تو مفتی جب یہ کلمہ پڑھتا ہے (محمد رسول اللہ) تو لازم آئے گا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی رسول اللہ نہیں ہے، تو اب مفتی اپنی اس منطق کے لحاظ سے دائرہ اسلام سے خارج ہو گیا، ان سب خرابیوں کا سبب جہالت ہے، لہذا

---

(1) القول الممجد فی برکات اسم محمد ص ۱۹۹ مطبوعہ بہاولپور

Marfat.com

نعرۂ تحقیق حق چار یار سے کوئی منافق رافضی ہی منع کرے گا، بلکہ اس نعرۂ کا مرتبہ نعرۂ حیدری اور نعرۂ غوثیہ سے بھی مقدم تر اور بلند تر ہے۔

من آنچہ شرط بلاغ است باتومی گویم
تو خواہ از سخنم پند گیر، خواہ ملال[1]"

## عبارت مذکورہ سے حاصل ہونے والے فوائد:

(۱) نعرہ تحقیق حق چار یار اہل سنت وجماعت ۱۹۵۳ء سے قبل کے لگاتے آئے ہیں۔
(۲) حق چار یار اہل سنت کا نعرۂ ہے۔
(۳) نعرہ تحقیق حق چار یار اہل سنت کی علامت ہے۔
(۴) جو نعرہ تحقیق حق چار یار سے روکتا ہے وہ باطن کا رافضی ہے اور تقیہ کے طور پر بظاہر اہل سنت کہلاتا ہے۔
(۵) حق چار یار سے باقی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حقانیت کی نفی نہیں ہوتی۔
(۶) اگر نعرہ تحقیق حق چار یار سے روکنے والوں کی منطق تسلیم کر لی جائے تو آدمی دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔
(۷) نعرۂ تحقیق حق چار یار سے جاہل، منافق رافضی ہی منع کرتا ہے۔
(۸) نعرہ تحقیق حق چار یار کا مرتبہ نعرہ حیدری اور نعرۂ غوثیہ سے بھی مقدم تر اور بلند تر ہے۔

اقول:
جب تحقیق ایمان ابو طالب کی بات ہو تو لوگ ملک المدرسین جامع المعقول والمنقول عطا محمد بندیالوی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب تقریظ کو رسالہ کی شکل میں چھپوا کر سر عام تقسیم

---

(۱) سیف العطاء ص ۴۲-۴۱ مطبوعہ ...

Marfat.com

کرتے ہیں اور واویلا اور شور غول مچا دیتے ہیں حالانکہ ملک المدرسین رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب تقریظ جمہور اہل سنت کے عقیدہ کے خلاف ہے کیونکہ " انک لا تهدی من احببت " پر تمام مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ ابو طالب کے بارے میں نازل ہوئی۔

اور ستم بالائے ستم تو یہ ہے کہ خود امام المشارق والمغارب اسد اللہ الغالب جناب سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے اپنے والد ابو طالب کے عدم ایمان کے قائل ہونے کے باوجود ایمان ابو طالب کا قول کرنا چہ معنی دارد

امام شافعی وامام احمد وامام اسحق بن راہویہ وابو داؤد طیالسی اپنی مسانید اور ابن سعد طبقات اور ابو بکر بن ابی شیبہ مصنف اور ابو داؤد ونسائی سنن اور ابن خزیمہ اپنی صحیح اور ابن الجارود منتقی اور مروزی کتاب الجنائز اور بزار وابو یعلی مسانید اور بیہقی سنن میں بطریق عدیدہ حضرت سیدنا امیر المومنین مولا علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم سے راوی۔

"قال قلت للنبی ﷺ ان عمک الشیخ الضال قد مات قال اذهب فوار اباک"۔[1]

یعنی میں نے حضور اقدس سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! حضور کا چچا وہ بڈھا گمراہ مر گیا۔ فرمایا: جا اسے دبا آ۔

ابن ابی شیبہ کی روایت میں ہے مولا علی نے عرض کی:

"ان عمک الشیخ الکافر قد مات فماتری فیه ،قال رسول اللہ ﷺ اری ان تغسله وامره بالغسل"۔

---

(1) تفسیر قرطبی ج٦ ص ١٣٣ مطبوعه دار عالم الکتاب الریاض. تفسیر ابن کثیر سوره توبه آیت ١١٣، مسند احمد بن حنبل حدیث ٨٠٧، ١٠٧٤، ١٠٩٣، السنن الکبری للنسائی ج١ ص ١٥٠ رقم ١٩٣ موسسة الرساله بیروت، مسند ابی یعلی باب مسند علی ابن ابی طالب رقم ٤٢٣، ٤٢٤، السنن الکبری للبیهقی رقم ٥٠٨، المعجم الاوسط رقم ٦٣٢٢، مصنف ابن ابی شیبه ج٣ ص ٢٦٩ رقم ١١٢٦٧ دار السلفیه الهندیه. مصنف عبد الرزاق رقم ٩٩٣٦، جامع الاحادیث ٣٤٦٨٣۔

Marfat.com

حضور ﷺ کا چچا وہ بڈھا کافر مر گیا اس کے بارے میں حضور ﷺ کی کیا رائے ہے یعنی غسل وغیرہ دیا جائے یا نہیں؟ سید عالم ﷺ نے فرمایا نہلا کر دبا دو

امام شافعی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے:

"فقلت یارسول اللہ انہ مات مشرکا قال اذھب فوارہ"۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! وہ تو مشرک مرا فرمایا: جاؤ، دبا آؤ۔

اما الائمہ ابن خزیمہ نے فرمایا: یہ حدیث صحیح ہے:

امام حافظ الشان اصابہ فی تمیز الصحابہ میں فرماتے ہیں "صححہ ابن خزیمۃ" (ابن خزیمہ نے اس کی تصحیح کی ہے۔

اس حدیث جلیل کو دیکھئے ابو طالب کے مرنے پر خود امیر المؤمنین علی کرم اللہ تعالی وجہ الکریم حضور اقدس ﷺ سے عرض کرتے ہیں کہ حضور کا وہ گمراہ کافر چچا مر گیا۔ حضور اس پر انکار نہیں فرماتے نہ خود جنازے میں تشریف لے جاتے ہیں، ابو طالب کی بی بی ام المؤمنین کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا نے جب انتقال کیا ہے حضور اقدس ﷺ نے اپنی چادر و قمیص مبارک میں انھیں کفن دیا، اپنے دست مبارک سے کھودی، اپنے دست مبارک سے مٹی نکالی پھر ان کے دفن سے پہلے خود ان کی قبر مبارک میں لیٹے اور دعا کی:

"اللہ الذی یحیی و یمیت وھو حی لا یموت اغفر لامی فاطمۃ بنت اسد ووسع علیھا مدخلھا بحق نبیک والانبیاء الذی من قبلی، فانک ارحم الراحمین رواہ الطبرانی فی الکبیر والاوسط وابن حبان والحاکم وصححہ وابونعیم فی الحلیۃ عن انس ونحوہ ابن ابی شیبۃ عن جابر والشیرازی فی الالقاب وابن عبدالبر وابونعیم فی المعرفۃ

Marfat.com

والدیلمی بسند حسن عن ابن عباس وابن عساکر عن علی رضی اللہ عنہم "۔

اللہ جلاتا ہے اور مارتا ہے اور خود زندہ ہے کہ کبھی نہ مریگا، میری ماں فاطمہ بنت اسد کو بخش دے اور ان کی قبر وسیع کر صدقہ اپنے نبی کا اور مجھ سے پہلے انبیاء کا، تو سب مہربانوں سے بڑھ کہ مہربان ہے (روایت کیا اس کو طبرانی نے کبیر واوسط میں، ابن حبان نے حاکم نے اور اس نے اس کی تصحیح کی ابو نعیم نے حلیہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور اس کی مثل ابن ابی شیبہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے، شیرازی نے القاب میں ابن عبد البر نے ابو نعیم نے معرفہ میں، دیلمی نے سند حسن کے ساتھ ابن عباس سے اور ابن عساکر نے حضرت علی سے، رضی اللہ عنہم۔

کاش ابو طالب مسلمان ہوتے تو کیا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے جنازہ میں تشریف نہ لیجاتے صرف اتنے ہی ارشاد پر قناعت فرماتے کہ "جاؤ اسے دبا آؤ" امیر المؤمنین علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم کی قوت ایمان دیکھئے کہ خاص اپنے باپ نے انتقال کیا ہے اور خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم غسل کا فتوی دے رہے ہیں، اور یہ عرض کرتے ہیں کہ یارسول اللہ! وہ تو مشرک مرا، ایمان ان بندگان خدا کے تھے کہ اللہ ورسول کے مقابلہ میں باپ بیٹے کسی سے کچھ علاقہ نہ تھا، اللہ ورسول کے مخالفوں کے دشمن تھے اگرچہ وہ اپنا جگر ہو، دوستان خدا اور سوال کے دوست تھے اگرچہ ان سے دنیوی ضرر ہو۔ (1)

**نوٹ:** ایمان ابو طالب کے متعلق مزید تحقیق اعلی حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب شرح المطالب فی مبحث ابی طالب فتاوی رضوی ج ۲۹ میں ملاحظہ فرمائیں۔

---

(1) فتاوی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۷۷ تا ۶۸۰ مطبوعہ رضا فاونڈیشن لاہور

Marfat.com

لیکن جب نعرہ تحقیق حق چار یار کی بات آتی ہے، حق چار یار کے مخالف کو رافضی منافق، جاہل کہنے کی بات آتی ہے۔

سیدہ کا غیر سید سے نکاح کے جواز کی بات آتی ہے۔
سیدہ عائشہ صدیقہ عفیفہ رضی اللہ عنہا کو سیدہ طیبہ طاہرہ زاہدہ ساجدہ سے افضل ماننے کی بات آتی ہے۔

یزید پر لعنت بھیجنا خلاف تحقیق ہے کی بات آتی ہے تو لوگوں کی بولتی کیوں بند ہو جاتی ہے، یہاں ملک المدرسین کا موقف کیوں تسلیم نہیں کیا جاتا؟

دو رنگی چھوڑ دے یک رنگ ہو جا
سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا

قارئین کرام آپ نے قرآن و حدیث اور ائمہ اہل سنت کے اقوال سے حق چار یار کا ثبوت ملاحظہ فرمایا اب آئندہ فصل میں ہم اہل سنت کے شعراء کا کلام پیش کرتے ہیں جس میں انہوں نے چار یار کی اصطلاح کو سینکڑوں جگہ پر استعمال فرما کر یہ بتایا ہے کہ حق چار یار سنیوں کا نعرہ ہے۔ رافضی اس سے جلتا ہے اور جلتا ہی رہے گا۔

Marfat.com

# باب پنجم

## شعراء اہل سنت کے اشعار سے

# حق چار یار پر استدلال

رب دے یار دا یار صدیق
سنیاں دا دل دار صدیق

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(الف)

## امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۷۲۵ھ صاحب مطلع الانوار

آنچہ زور چشمہ مقصودِ ریخت
نیم کش خود بہ ابوبکر ریخت
دور کزاں سائی بے جور بود
عدل عمر نیز دراں دور بود
زِ آب حیاتش کہ دمادم رسید
قطرہ برآں ابر حیا ہم رسید
جام مثابے کہ پیغمبر بخورد
جرعہ ازاں جام علیؓ نیز برد[1]

## الشاہ امام احمد رضا خان بریلوی رضی اللہ عنہ (م ۱۳۴۰ھ بمطابق ۱۹۲۱ء)

لحد میں عشق رخ شاہ کا داغ لے کے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لے کے چلے
جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے[2]

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۴ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(2) حدائق بخشش ص ۲۶۶ مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی

Marfat.com

دوسرے مقام پر حق چار یار کا نعرہ یوں لگاتے ہیں!

طوبے میں جو سب سے اونچی نازک سیدھی نکلی شاخ
مانگوں نعت نبی لکھنے کو روح قدس سے ایسی شاخ
مولی گلبن ، رحمت زہرا ، سبطین اس کی کلیاں پھول
صدیق وفاروق وعثمان، حیدر ہر اک اس کی شاخ [1]

فاضل بریلوی مشہور زمانہ سلام میں فرماتے ہیں:

یعنی اس افضل الخلق ،بعد الرسل
ثانی اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام
اصدق الصادقین سید المتقین
چشم وگوش وزارت پہ لاکھوں سلام
وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا سقر
اس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام
فارق حق وباطل امام الہدی
تیغ مسلول شدت پہ لاکھوں سلام
ترجمان نبی ﷺ ہمزبان نبی
جان شان عدالت پہ لاکھوں سلام
زاہد مسجد احمدی پر درود
دولت جیش عسرت پہ لاکھوں سلام
در منثور قرآں کی سلک بہی
زوج دو نور عفت پہ لاکھوں سلام

---

(1) حدائق بخشش ص ۴۸ مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی

Marfat.com

یعنی عثمان صاحب قمیص ہدی
حلہ پوش شہادت پہ لاکھوں سلام
مرتضی شیر حق اشجع الاشجعین
ساقی شیر و شربت پہ لاکھوں سلام
اصل نسل صفاوجہ وصل خدا
باب فصل ولایت پہ لاکھوں سلام
اولیں دافع اہل رفض وخروج
چارمی رکن ملت پہ لاکھوں سلام
شیر شمشیر زن شاہ خیبر شکن
پر تو دست قدرت پہ لاکھوں سلام
ماحی رفض و تفضیل و نصب و خروج
حامی دین و سنت پہ لاکھوں سلام[۱]

**مرزا اسد اللہ خان غالب:**

دونوں کے دل حق آشنا دونوں رسول پر فدا
ایک محب چار یار عاشق ہشت وچار ایک[2]

**احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ:**

چار رسل فرشتے چار چار کتب دین
سلسلے دونوں چار چار لطف عجب ہے چار میں

---

(1) حدائق بخشش ص ۲۲۶۔ ۲۲۷ مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی
(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۷۵ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۳۵

Marfat.com

آتش و آب و خاک و با د سب کا انہی سے ثبات
چار کا سارا ما جرا ختم ہے چار یار ہیں[1]

**اقبال احمد صاحب سہیل ایم اے ایل ایل بی اعظم گڑھ:**

بعد ایماں جس طرح ارکان اسلامی ہیں چار
یوں ہی بعد از مصطفٰے توحید کے حامی ہیں چار
نطق ربانی کے از غانی مفسر چار ہیں
جسم ایمانی کے روحانی عناصر چار ہیں
تو تیائے چشم عرفاں خاک پائے چار یار
حق تو یوں ہے شرط ایماں ہے ولائے چار یار[2]

**حافظ محمد افضل فقیر صاحب:**

جاہے داد آفرید گار عالم
از چارو زہر نا رسول اکرم
جبریل ومیکائیل بہ عرش و بہ زمین
صدیق اکبر فاروق اعظم
دہ جنتان خاص ز اصحاب کبار
ابو بکر عمر ، عثمان ، حیدر بشمار[3]

---

(1) مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ دیوان سالک
(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۵، مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(3) یاران مصطفٰے مع وارثان خلافت راشدہ ص ۴۴۶ مطبوعہ نوریہ رضویہ لاہور

Marfat.com

## اسلم لکھنوی اڈیٹر روزنامہ کارواں:

لایا ہوں بزم مدح میں مدحت کے چار پھول
اسلام کی بہار خلافت کے چار پھول
خوشبو سے ہے بسی ہوئی اسلام کی فضا
کیسے مہک رہے ہیں خلافت کے چار پھول
تلوار کفر کے لئے دیں کے لئے سپر
معجز نماہیں باغ شجاعت کے چار پھول
اللہ نے دیئے ہیں ، محمد سے پائے ہیں
ہادی ہمارے ہیں یہ ہدایت کے چار پھول
ایران میں عرب میں عجم میں عراق میں
مہکے کہاں کہاں یہ خلافت کے چار پھول
کیونکر نہ فرق دیں پہ یہ سہرا ہو خوشگوار
اس میں گندے ہوئے ہیں عقیدت کے چار پھول
دربار چار یار میں جاتا ہوں شاد شاد
دامن میں لے کے حسن عقیدت کے چار پھول
پہچانی عظمت ان سے خدا اور رسول کی
ہیں یہ ہمارے واسطے رحمت کے چار پھول
جب باغباں نبی ہوں صحابہ ہوں حُسن باغ
پھر کیوں نہ دیں بہار خلافت کے چار پھول
اسلم خدا نے بخش دیا ہم کو باغ خلد
محشر میں کام آگئے مدحت کے چار پھول[1]

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۷۷۔۸۰، مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

## سان عجم افضل الدین ابرہیم خاقانی شروانی صاحب تحفۃ العراقین

م ۵۸۳ھ بمطابق ۱۱۸۷ء)

پشیش دو خلیفہ رخ نہفتہ
جوزا بہ کنار شمس خفتہ
ہر سہ شدہ یک نہاد ویک راہ
چوں یک الف و دو لام اللہ
عثمان چو احمد اقتدا کرد
نہ بر سر گنج سر فدا کرد
گلگونہ نمود خون عثمانؓ
برروئے مخدرات قرآں
خود خون مظہر چناں کس
گلگو نہ قدسیاں شدو بس
سرہا بنی کلاہ دریائے
در مشہد مرتضٰے زمیں سائے
ہر چار چہار رکن تمکیں
بل چار حدود کعبہ دیں (1)

## محمد اشرف نقشبندی قادری:

ابو بکر اور عمر خطاب عثمان اور حیدر علی
نائب ختم المرسلین ان پر درودو سلام (2)

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۸۳۔ ۸۴ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

(2) پردیسی جنڈڑی ص ۲۷ غوثیہ بک ڈپو نور محمد روڈ شکریال راولپنڈی

Marfat.com

مولانا شاہ ابو المعالی عالی مرحوم آلہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ:

آفتاب و مہ غلام چار یار
شش جہت روشن زنام چار یار
ہست درجنت بہ پہلوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
منزل عالی مقام چار یار
اللہ اللہ فی صحابی آمد ست
در حق ذات کرام چار یار
دین احمد حشمت دیگر گرفت
در جہاں از احتشام چار یارؓ
ازپئے ترویج دین پاک بود
دم بدم سعی تمام چار یارؓ

دین حق دین نبی صلو اعلیہ:

شد قوی از اہتمام چار یارؓ
صبح وشام و روز و شب ایدل ز صدق
و ردمی کن وردنام چار یارؓ
آں ابو بکرؓ وعمرؓ عثمان باز
بر علیؓ شد احتشام چار یارؓ
امت سرور حلا وتہائے دیں
یافت از شیریں کلام چار یارؓ
از دل و جان است عالی حزیں
بندہ آل وغلام چار یارؓ(1)

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۷۔۹۰، مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

دوست پیغمبر کے اور حق کے ولی
چاروں پیغمبر کے ہیں برحق وزیر
رونق باغ طریقت ہیں یہ چار
ہیں یہ ملک معرفت کے شہریار
شہسواران جہاں مردان دین
چار یار مصطفی اہل یقین
اولا بوبکر صدیق اہل دین
دوسرے عادل عمر والا یقین
تیسرے عثمان باحلم وحیا
چوتھے ہیں حضرت علی شیر خدا
اور سب اصحاب ان کے ذی علوم
ہیں ہدایت کے فلک پر جو نجوم
صدق اور عدل اور شجاعت اور حیاء
ہے انہی چاروں سے دیں کو ارتقاء
ان سے راضی ہے خدائے دوسرا
اور خوش ہیں ان سے حضرت مصطفی
تو بھی جان ودل سے اے امداداب
رہ فدا ان پر سدا ہر روز وشب
جو کوئی بد اعتقاد ان سے ہوا
ہے وہ مردود جناب کبریا (۱)

(۱) کلیات امدادیہ ص ۱۳۱ مطبوعہ دارالاشاعت کراچی

Marfat.com

## سید میر محمد اسد اللہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ:

دو چشم من فدائے چار گوہر
ابو بکر و عمر عثمان و حیدر
ابو بکر و عمر عثمان و حیدر
یہ تھے مسند نشینان محمد (1)

## محمد اعظم چشتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

چار یار نبی دے عاشق کوئی دسے نا چاراں ورگا
نہ اس دھرتی پیدا کیتا کوئی انہاں یاراں ورگا
نہ کوئی ہو یا نہ کوئی ہو سی اناں جان نثاراں ورگا
اعظم شان صدیق کی دساں اکو یار ہزاراں ورگا (2)

## اختر صاحب:

ہیں افضل خلق میں بعد از پیمبر
ابو بکر و عمر ، عثمان و حیدر
ہیں گلزار محمد کے گل تر
ابو بکر و عمر ، عثمان و حیدر
عرب کے چاند کے تابندہ اختر
ابو بکر و عمر ، عثمان و حیدر

---

(1) فضائل چہار یار ص ، مطبوعہ لاہور
(2) نیر اعظم

Marfat.com

ہیں اصحاب نبی میں سب سے برتر
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر
مری آنکھوں میں میرے دل کے اندر
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر
الٰہی نزع میں ہو میرے لب پر
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر
تمہارا جو ہو کیے کھائے وہ ٹھوکر
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر
در محبوب حق ہے آپ کا در
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر
تمہیں سے بھیک ملتی ہے برابر
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر
تمہارا ہو، بد مذہب ہے کیونکر
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر
ہو اس پر بھی نگاہ مہر پرور
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر
تمہارے کوچہ کا ذرہ ہے اختر
ابو بکر و عمر، عثمان وحیدر (1)

---

(1) یاران مصطفےٰ مع وارثان خلافت راشدہ ص ۳۷۰ مطبوعہ نوریہ رضویہ لاہور

Marfat.com

(ب)

## عظیم صوفی شاعر حضرت میاں محمد بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

ذکر مبارک حضور صلی اللہ علیہ وسلم دے چواں یاراں دا:

پیر مرید صدیق اکبر سن پہلے یار پیارے
حق جنہاندے ثانی اثنین اذھما فی الغار
یاردو جا فاروق عمر سی عدل کیتا جسچڑھ کے
ایہہ شیطان رجیم رولا یہ پنجے اندر پھڑ کے
شب بیدار غنی سی تریجا جامع جو قرآنی
عثمان ذوالنورین پیارا مہتر یوسف ثانی
چوتھا یار پیارا بھائی خامہ دل دا جانی
دلدل دا اسوار علی ہے حیدر شیر حقانی
لحمک لحمی دمک دمی شان جنہاندے آیا
سخی بہادر چگ وچ نادر جس داعا لی پایا(1)

## مولوی محمد بخش رنگیلا صاحب:

دل دا دلدار دلاں دے جانی یار نبی دے چارے
ذات اللہ اور پاک نبی نوں چارے بہت پیارے
چارے طرفاں چار فرشتے چار کتاباں آیاں
چارے یار نبی سرور دے رحمت جھڑیاں لایاں(2)

---

(1) کلام میاں محمد بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ ص ۲۹۔۳۰ مطبوعہ عظیم اینڈ سنز لاہور
(2) گلشن رنگیلا ص ۱۳ مطبوعہ لاہور سن اشاعت ۱۹۶۹

Marfat.com

طان الواعظین ابوالنور محمد بشیر صاحب کوٹلی لوہاراں:

سرکار قمر ہیں اور اصحاب نبی تارے
ان سب میں جو روشن تر ہیں چار نظر آئے[1]

(ت)

جی سید تجمل حسین تجمل چشتی نظامی جلال پوری:

چاروں خلیفہ آپ کے من بعد دین روشن کئے
ہم کو بتائے راستہ اسلام کا ایمان کا
وہ سب ہیں لائق نارکی دوزخ میں ہے انکی جگہ
پڑھتے ہیں جو کلمہ سدا ابلیس اور شیطان کا[2]

(ج)

ولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۶۷۲ھ:

ما و اصحابیم چوں کشتی نوح
ہر کہ دست اندر زند یابد فتوح
مونس احمد بہ مجلس چار یار
مونس بو جہل عتبہ ذوالخمار[3]

---

(1) جبل نور ص ۴۵ مطبوعہ لاہور
(2) حافظ الایمان ص ۵ مطبوعہ بمبئی
(3) مثنوی مولانا روم

Marfat.com

آپ رحمۃ اللہ علیہ مزید فرماتے ہیں!

چشم احمد بر ابو بکرے زدہ
وز یکے تصدیق صدیق آمدہ
مصطفےٰ زیں گفت با سرار جو
مردہ را خواہی کہ بینی زندہ تو
چوں عمر شیدائے آں معشوق شد
حق وباطل راچو دل فاروق شد
چونکہ عثمان آں جہاں راعین گشت
نو رفائز جو د ذی النورین گشت
چوں زر ویش مرتضیٰ شد درفشاں
گشت اوشیر خدا در مرج جاں
گفت ہر کو رہستم مولی ودوست
ابن عم من علی مولائے اوست(1)

(ح)

زائرِ حرم حمید صدیقی لکھنوی:

صحابہ کی انجم نماوہ جماعت
مقابل شہ دوسرا اللہ اللہ
ادھر افضل الخلق صدیق اکبرؓ
حبیب حبیب خدا اللہ اللہ

(1) مثنوی مولانا روم

Marfat.com

ادھر جان اسلام فاروق اعظمؓ
نبوت کے راز آشنا اللہ اللہ
وہ عثمان عفان بحر سخاوت
مجسم وہ حلم وحیا اللہ اللہ
شہید خلافت علیؓ شیر یزداں
وہ تاج سر اولیا اللہ اللہ (۱)

## حضرت مراد شاہ لاہوری متوفی ۱۲۱۵ھ بمطابق ۱۸۰۰ء مدفون موضع مردانہ تحصیل شاہدرہ:

نہ ہو رتبہ بڑا کیوں حضرت صدیق اکبر کا
خدا قرآں میں بولا ہے جسے ثانی پیمبر کا
شہ عادل امیر المومنین فاروق اعظم ہے
ہوا انصاف جس کا رونق افزا دین وکشور کا
غنی وصاحب جودو سخا عثمان بن عفان
کہ حاتم بھی ہے ادنے ریزہ چیں اک اسکے خواں پر کا
شہنشاہ جہان وشیر میدان وفا حیدر
شجاعت سے کیا ہے فتح جس نے قلعہ خیبر کا
ابو بکر وعمر عثمان وحیدر کا وہ درجہ ہے
جو درجہ ہے چراغ ومسجد و محراب ومنبر کا
یہ چاروں یار بر حق رکن ہیں دین پیمبر کے

---

(۱) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۱۳ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

نہیں ہے کوئی اصحابوں میں اور ان کے برابر کا
رضا مندی خدا کی اور محمد مصطفی کی تو
اگر چاہے مرادا آستاں بوس انکے ہو در کا [1]

(خ)

مولنا خیر اللہ وفالاہوری ناظم مثنوی مرزاوصاحبہ تالیف ۱۱۵۵ھ:

چار یارش چہار باغ گلش
تازہ از چار چود باغ گلش
یار غارش موبست رخنۂ کار
پانہاد از وفا بروزن مار
شب ہجرت چو خانہ روشن کرد
شمع دیں را بزیر دامن کرد
در چنیں رہ رفیق پیغمبر
از دل وجاں رفیق پیغمبر
فرق فاروق عرش فرسا شد
تاج اوخاک ایں کف پاشد
وحی می شد برائے اونازل
رائے او بود وحی را شامل
بازوئے دیں قوی بہ نیرویش
زاں چراغ بہشت شد رویش

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۶ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

سایہ اش رم کند د شیاطیں را
شب کند روز دشمن دیں را
کلک عثمان چو در فشانی کرد
نظم آیات آسمانی کرد
چو بتجدید کار دیں پرداخت
مصحف از خون خود مذہب ساخت
خلوتش از دو شمع پر تو مند
بدو عضوش بمصطفےٰ پیوند
اسد اللہ چو گشت پنجہ کشا
در خیبر شد از شکنجہ کشا
مولدش کعبہ گشت از تعظیم
مہد نازش مقام ابراہیم
شد خلافت مو برج تحویلش
رتوز نورو زشد زتعد یلش
سر آں خم بمہر او بودہ
خود بعید غدیر بک شودہ
تا قیامت ازاں قدح ساقیست
دور دور خلافتش باقیست (1)

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۹۰-۹۱ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

## قاضی خلیل الدین معتمد خصوصی اعلحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ:

ارکان اسلام اصحاب چاروں
کہ چاروں نے ترتیب سے کی خلافت
وہ صدیق وفاروق وعثمان وحیدر
جو پیرو ہو سب کا وہ ہے اہل سنت

## محترم خاقانی صاحب:

ہر چار چار حد بنائے پیمبر یست
ہر چار چار عنصر ارواح انبیاء
بی مہر چار یار درین پنجروز عمر
نتوان خلاص یافت ازین ششدر (1)

(د)

## دائم اقبال دائم قادری:

اللہ پاک دی حمد سبحان اللہ شانا ں اچیاں نبی مختار دیاں
دھا چک اندر پیاں چویں پاسیں چار یار اصحاب کبار یاں
شہنشاہ دے شاہی دربار اندر اہل نظر دلدار منظور چارے
ابو بکر تے عمر عثمان حید را پر در حضور حضور چارے
نوری شمع رسالت تے ہو صدقے نور حق یقیں تو ہوئے بھر پور چارے
چمکے حسن محمد دا نور سینے بن گئے موموناں دے کوہ طور چارے

---

(1) سبع سنابل ص ۱۹ مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور

Marfat.com

ناہین پہنچدے چوہاندے رتبیاں نوں عقل ہوش ادراک شعور چارے
پی کے ساقی ازل تھیں جام رحمت دے پئے لٹدے موج سرور چارے
سینے صاف انصاف دے پاک چشمے چار کوٹ اندر مشہور چارے
با اقبال چارے با کمال چارے باتو قیر چارے بادستور چارے
چارے جام اکرام انعام والے یار مست الست مخمور چارے
مخفی کنز تھیں در یتیم جھیڑا دائم اسدے نور دا نور چارے

(ر)

راجا رشید محمود مدیر اعلیٰ ماہنامہ نعت لاہور:

جنہیں آقا سے الفت تھی انھیں جس سے محبت تھی
وہ چاروں یار ابو بکر و عمر ، عثمان وحیدر رضی اللہ عنہم ہیں [1]

(ز)

زیب النساء صاحبہ مہر غازی پوری بتصرف قلیل از نامی:

زیب لب زیب النسا کے ہے ثنائے چار یار
جاگزین قلب مومن ہے ولائے چار یار
ہیں ابو بکر عمر عثمان وحیدر جن کے نام
ہاں وہی حق نے محمد کے بنائے چار یار
احمد بے میم سے ہے خلق نور احمدی
اور اس نور مبیں سے ہے ضیائے چار یار

(1) مناقب صحابہ ص ۱۱۲ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

کفر کا جھنڈا ہوا خوار وذلیل وسرنگوں
جبکہ لہرایا زمانے میں لوائے چار یار
آسرا اسلام تھے عالم میں یہ بعد رسول
اس لئے لازم ہے سب پر اقتدائے چار یار
مشورے ان کے صحیح اور ان کی رائیں تھی صواب
خالق اکبر تھا خود ہی رہنمائے چار یار
مہر خالق نے دکھایا ہے یہ اک روز سعید
جس قدر ممکن ہو کر مدح وثنائے چار یار (1)

(ش)

علامہ شرف الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ:

امت او دوستدار ویئیم
دوستدار چہار یار ویئیم
چوں ابو بکر ہم عمر عثمان
مرتضے داں علیہم الرضوان
رحمت حق نثار یار انش
بادوبر جملہ دوستدار انش (2)

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۹، مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(2) نام حق ص ۴ مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور

Marfat.com

### امام شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ:

ثم الرضا عن ابی بکر و عن عمر
و عن علی و عن عثمان ذی الکرم (1)

### منشی شفیق احمد از چونڈہ صاحب:

ہر چار اصحاب سحاب کرم احباب امم ارباب ہمم
بو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ حیدر چوں شمس و قمر اصحاب نعم
پر صدق وصفا باعدل وحیا ہم کان سخا ابو اب ارم
ہم تاج بہ سر ہم خستہ جگر ہم دیں پر ور ابواب کرم
آن چار جو چار انہار جناں یا چار صحیفہ شریفۂ حق
یا چار عنصر ارکان بشر یا چار جہات دیار خلق
یا چار قل اندر باغ چو گل یا چار ملک زفلک بسبق
یا چار لطیفہ تطیفہ دل یا چار بہار بہم ملحق (2)

### خواجہ محمد شاہ الدین سروری قادری:

اس منزل دے چلنے کا رن پورا ہو جد آیا
صدق عدل تے حلم محبت چارے یار لیا یا
چارے خوواں چار دیواراں نوری کوٹھ چھتیا
کوٹھے اندر آپے بہ کے ہر رنگت وچ رتیا

---

(1) قصیدہ بردہ شریف ص ۷۷ مطبوعہ لاہور
(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۲ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

چارے عنصر نوری اطہر جسم وجود نبی
چارے خوواں چارے عالم چارے یاروں دے
چارے نفس چوہاں دے ہادی چارے یار نورانی
چارے عنصر خاکی پتلا چار کتاب روحانی(۱)

## چوہدری شہباز خان قادری سروردی متوفی ۱۲۷۶ھ:

بے شک شفیع مابقیامت محمد است
بر شاخ عرش نامہ بر حق مسخر است
آن را کہ دو ستدار ابو بکرؓ و عمرؓ است
عثمانؓ برگزیدہ علیؓ میر صفدر است
بو بکرؓ با سخا و عمرؓ میر باوفا
عثمانؓ با حیاء و علی گنج گو ہر است
این چار یار اند نمایان دین ما
ہر یک بجائے خویش چو محراب و منبر است
ابو بکرؓ و جان ما و عمرؓ دید گان ما
عثمانؓ زبان ما و علیؓ تاج بر سر است
ابو بکرؓ زنجبیل و عمرؓ ہمچو سلسبیل
عثمانؓ شراب شیر و علیؓ شہد و شکر است
ابو بکرؓ یار غار و عمر میر درہ دار
عثمانؓ شہسوار و علیؓ فتح لشکر است

(۱) صلوۃ العارفین فی اسرار معرفت ص ۴۸۔۴۹ مطبوعہ سیالکوٹ

Marfat.com

ابو بکرؓ چو بہشت و عمرؓ تخم عدل کشت
عثمانؓ جوئے مشک وعلیؓ حوض کو ثر است
بو بکرؓ چوں کتاب و عمرؓ جلد باصواب
عثمانؓ چو کاغذ است وعلی حرف چواست
ابو بکرؓ ہمچو کعبہ عمرؓ در طواف اوست
عثمانؓ چوز مزم است و علیؓ حج اکبر است(1)

ماخوذ از شمع محافل تصنیف ۱۱۴۵ھ:

محمد گرچہ معشوق الہی است
شفاعت عاشق از امت پنا ہی است
دو عالم رابلطف خلق ولجو
زیاران حسن وینش چار ابرو
ولے دارم دل شیدئے ایں حسن
سرے دارم سرور پائے ایں حسن
ندارد طور موئے شان صدیقؓ
مگر از خادر ایمان صدیقؓ
عمرؓ آں در عدالت سایہ گسترؓ
چہ گفتم ثانی صدیق اکبرؓ
بلند از ذات عثمانؓ رایت علم
بشان او ست نازل آیت حلم

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۱ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

چہارم آں علیؓ مرتضےٰ ہست
کہ نامش فقرہ گنج مصطفےٰ است[1]

(ع)

## سید السادات مقبول بارگاہ رسالت مآب حضرت سیدنا عبد الواحد بلگرامی:

محبت با این ہر چہارت نکو
ز تفصیل شیخین کارت نکو
محبت بہر چار گر استوار
ولی فضل شیخین مفرط شمار
ورت فضل شیخین در دل کم است
بنائی تو در رفض مستحکم است[2]

## حق چار یار کا نعرہ مقبول بارگاہ مصطفیٰ ﷺ:

مذکورہ اشعار جس کتاب سے نقل کئے گئے ہیں۔ یہ کتاب بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں مقبول
ہے تو اس سے پتہ چلتا ہے کہ افضیلت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حق چار یار کا نعرہ بھی

مصطفیٰ کریم ﷺ کی بارگاہ میں مقبول ہے۔

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۷ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(2) سبع سنابل ص ۱۰ مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور

Marfat.com

## سبع سنابل کے متعلق:

حضرت سید شاہ حمزہ حسینی زیدی مارہروی قدس سرہ القوی کتاب مستطاب کاشف الاستار شریف کی ابتدا میں فرماتے ہیں: جاننا چاہئے کہ ہمارے خاندان میں حضرت سندالمحققین میر سید عبد الواحد بلگرامی بہت صاحب کمال شخصیت ہیں۔ وہ فلک ہدایت کے قطب، دائرہ ولایت کے مرکز، ظاہری و باطنی علم میں فوقیت رکھنے والے، اصل تحقیق کے گھاٹوں کو چکھنے والے صاحب تصنیف و تالیف ہیں۔ سلوک عقائد میں آپ کی مشہور تصنیف کتاب سبع سنابل ہے۔ حاجی حرمین سید غلام علی آزاد، اللہ انھیں سلامت رکھے، مآثر االکلام میں لکھتے ہیں جس وقت ۱۱۳۵ھ میں رمضان المبارک میں مؤلف اوراق نے دارالخلافہ شاہجہان آباد میں شاہ کلیم اللہ چشتی قدس سرہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر آپ کی زیارت کی۔ میر عبد الواحد کا ذکر درمیان کلام میں آگیا حضرت شیخ نے کافی دیر تک میر صاحب کے فضائل و مناقب بیان کئے اور فرمایا کہ ایک رات میں مدینہ منورہ میں اپنے بستر پر لیٹا تو خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں اور سید صبغت اللہ بروجی اکٹھے رسول اللہ ﷺ کی مجلس اقدس میں حاضر ہیں، صحابہ کرام اور اولیاء امت کی ایک جماعت بھی حاضر ہے، آپ کی مجلس اقدس میں ایک شخص موجود ہے اور آپ اسکی طرف نظر کرم کرتے ہوئے مسکرا رہے ہیں اور اس سے باتیں کر رہے ہیں اور اس کی طرف بھرپور توجہ فرمارہے جب مجلس ختم ہوئی تو میں نے سید صبغت اللہ سے پوچھا یہ شخص کون ہے جس کی طرف حضور علیہ الصلوۃ والسلام اس قدر توجہ فرماتے ہیں۔ انھوں نے جواب دیا کہ یہ میر عبد الواحد بلگرامی ہیں، اور ان کے اس قدر احترام کی وجہ یہ ہے کہ کتاب سنابل نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں مقبول ہوئی ہے۔ ان کا کلام ختم ہوا۔ اللہ تعالی ان کے سر لطیف کو مقدس بنائے۔[1]

---

(1) فتاوی رضویہ شریف ج۲۸ ص ۴۸۵۔۴۸۶ مطبوعہ رضا فاونڈیشن لاہور

Marfat.com

علامہ علی رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ:

بخصوص آں چہار عنصر دیں
خلفاء رسول حق بیقیں
ہست ابو بکر اول آں چار
پیشوائے مہاجر و انصار
پس عمر آنکہ رائے او بصواب
یافت راہ موافقت بکتاب
بعد ازاں معدن حیا عثمان
کامل الحلم وجامع القرآن
بعد ازاں حامل لواء نبی
شاہ مردان حق علی ولی(1)

استاذ العلماء علامہ عبد الحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ اشعارہ میں سے پہلے شعر کے حا
میں لکھتے ہیں کہ اس میں روافض کا رد ہے جو پہلے تین خلیفوں کی خلافت کے حق ہونے
شک رکھتے ہیں۔

(1) بدائع منظوم ص ۴،۵ مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور

Marfat.com

علامہ عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ:

زانمیان عشرہ مبشرہ افضل اند
پس ازان ایں چار اصحاب اکمل اند
اول ایشاں ابو بکر عتیق
باپیغمبر درہمہ حالت رفیق
بعد ازان فاروق اکبر بہترست
قتل شیطان راچو تیغ وخنجر ست
بعد ازان عثمان معصوم وشہید
جامع آیات قرآن مجید
بعداز ایشان مرتضے فاضل ترست
قاطع کفر وکلید خیبر ست (۱)

شاہ علی کبیر مرحوم نواسہ حضرت شاہ اجمل الہ آبادی متوفی ۱۲۸۴ھ:

صدیق کہ تقوے بودش اصل اصیل
اول تصدیق کرد اودین نبیل
در جملہ صحابہؓ اسبق الایمان شد
صدیقؓ لقب یافتہ از رب جلیل
فارق عمرؓ فارق حق و باطل
گر وید چو با سرور عام یک دل
اسلام بتابید بعزو تمکیں
از دہر بشد کفر سراسر زائل

(۱) ایمان کامل ص ۱۱ مطبوعہ ملتان

Marfat.com

عثمانؓ کہ ملقب شدہ با ذوالنورینؓ
عقدش کردہ نبی بدو نور العین
بوداو کامل حیاو ایمان
باشد بہ نبی رفیق بازینت وزین
شاہے کہ علی است نام پاکش بہ جہاں
ابن عم نبی است آں شاہ شہاں
شد ختم خلافت پیمبر بروے
اولاد نبی زصلب اوگشت عیاں(1)

مولنا عبد الرسول رحمۃ اللہ علیہ:

سیما صدیق اکبر پیشوا ہی اہل دین
حضرت فاروقؓ بنمودش عدالت اقتدا
آنکہ جز بروی نیاید اسم ذوالنورین راست
سراین معنی کہ می فہمد بجز عقل رسا
آن شہ مسند نشین صدر ایوان غدیر
شہسوار عرصۂ حق تاجدار انما
شد بلا گردان اور وح الامین پروانہ وار
آن امیر المؤمنین شمع شبستان ہدا
آنچہ عنوان رابود نسبت معنون راہماں
ہست نسبت مصطفے رابا علی مرتضیٰؓ

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۵ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۳۵

Marfat.com

بندگی ہر چہار اصحاب بیرنگ خلاف
ہمچو بود زگل بدل دارم خفی وبر ملا[1]

**علامہ محمد عبد الصبور منشور بیگ ہزاروی باغدروی فاضل دار العلوم منظر الاسلام بریلی شریف انڈیا:**

اے خدا بہر جناب مصطفیا
چار یار پاک وآل باصفا
پرکن از بخشش تہی دامان ما
از تو بخشیدن زما کردن دعا[2]

**مولوی محمد عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کھیوہ ضلع گجرات:**

چار یار رسول اللہ دے چار دوست سکے
تابع دار رسول اللہ دے وچ شریعت پکے
خدمت اندر ہک دوجے تھیں وڈے بہادر تکے
حضرت پچھے جان دیون تھیں کدی نہ ہر گز جھکے
ابو بکر صدیق تے عمر جو افسر رہندے مکے
شاہ عثمان تے علی اسد اللہ یار نبی دے حقے
چارے یار آسمانی تارے ہمتوں مول نہ تھکے
دین نبی دے چوہاں چینے وانگوں پھکے[3]

---

(1) انوار الصیام ص ۲۵۶ مطبوعہ گوجرانوالہ
(2) مجموعہ نحومیر ص ۶۳ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور
(3) احوال الآخرت ص ۵ مطبوعہ لاہور سن اشاعت ۱۳۴۹ء

Marfat.com

حافظ محمد عنایت اللہ نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ:

عین رحماء بینھم اند چہار سرور
ابو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ حیدرؓ (1)

(غ)

ملک الشعراء جناب شیخ غلام قادر صاحب گرامی مرحوم:

گرامی بلبل باغ بہارم
نو اسنج مدیح چار یار م
محیط یک ولی را چار گوہر
ابو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ وحیدرؓ (2)

ابو الرجاء غلام رسول صاحب قادری متوفی ۱۳۷۴ء جامع قادریہ کمپ کراچی

ہیں الحق چار یاران نبی میں
نشان اولیں صدیق اکبرؓ
دلیل الائمۃ من قریش
ہیں واضح بالیقین صدیق اکبرؓ (3)

(1) تحفۃ الصلوۃ الی النبی المختار ص ۲۷۳
(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۸۲ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشر لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(3) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۱۹ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشر لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

ولانا غلام دستگیر قصوری:

ظلمت کفر از عرب شد دور
از ضیائے تو یا رسول اللہ
چار یار تو حامی دین اند
در قضائے تو یا رسول اللہ (1)

سولنا غلام دستگیر نامی رحمۃ اللہ علیہ:

مناقب کے ہیں لائق چار گوہر
ابو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ
رہی پھولوں میں جب کچھ دیر مٹی
معطر ہو گئی وہ بوئے گُل سے
رسول اللہ کی صحبت یقینا
مؤثر تر تھی گل سے بلکہ کل سے
ابو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ علیؓ کو
نہ کیوں تشبیہ دوں میں چار قل سے
یہ چاروں مصطفٰے کے دین کے رکن
بڑھے ہیں فیض ہادی رسل سے
سرور کل کے فیض صحبت سے
چار یار نبی گرامی ہیں
ان کی تعظیم ہم بجالا کر

(1) منقبت چار یار، ص ۱۶۱ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

کرتے تحصیل نیک نامی ہیں[1]
خدا یا طفیل نبی کریم
کہا جن کو تو نے رؤف و رحیم
طفیل ابو بکرؓ یار نبی
کہ ہیں مقتدی جن کے سارے ولی
عمرؓ اور عثمانؓ کے یار ب طفیل
علیؓ شاہ مرداں کے یارب طفیل
ہمیں صدق دے اور سطوت بھی دے
حیا دے عتا دے شجاعت بھی دے
محمد کے نقش قدم پر چلا
صحابہؓ کی عظمت کا سکہ بٹھا[2]

## پیر سائیں غلام رسول قاسمی:

کوئی چار کا ہے دشمن کوئی پنج کا ہے منکر
سب کا ادب کرے جو مدنی کا یار ہے
نعرۂ حیدری پر ایمان ہے ہمارا
پہلے مگر پیارا حق چار یار ہے[3]

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۶ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۹۲ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(3) ضرب حیدری

Marfat.com

(ف)

## شیخ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۶۷۷ھ:

آنکہ شد یارش ابو بکر و عمر
از سر انگشت اوشق شد قمر
آں یکے اور را رفیق غار بود
واں دگر لشکر کش ابرار بود
صاحبش بود ند عثمان و علی
بہر آں گشتند در عالم ولی
آں یکے کان حیاء و حلم بود
واں دگر باب مدینہ علم بود(1)

خاک تو یاران پاک تو شدند
اہل عالم خاک تو شدند
ہر کہ خاکے نیست یاران شما
دشمن است او دوستداران شما
اولش بو بکرؓ وآخر مرتضےٰ
چار رکن کعبہ صدق وصفا
آں یکے در صدقے ہمراز ووزیر
واں دگرد رعدل خورشید منیر
واں یکے دریائے آزرم وحیا
واں دگر شاہ ابو العلم وسخا(2)

---

(1) پندنامہ ص ۴-۵ مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور
(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۹-۱۰ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

فردوسی طوسی متوفی ۴۱۶ھ:

خدایا توئی داور و دستگیر
بہ بخشائے تقصیر ایں مرد پیر
رواں کن ورا در مقام رضا
فرود آر در ورگہ مصطفے
بگفتار پیغمبر راہ جو
دل از تیر کیہا بدیں آب شو
چہ گفتا خدا وند تنزیل وحی
خدا وند امر وخدا وند نہی
کہ خورشید بعد از رسولان مہ
نتابد بر کس چو بو بکرؓ بہ
عمر کود اسلام را آشکار
بیا راست گیتی جو باغ بہار
پس از ہر دواں بو عثمان گزیں
خدا وند شرم وخدا وند دیں
چہارم علی بو وزوج بتولؓ
کہ اور انجوبی ستاید رسول(۱)

---

(۱) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۶، مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے آستانے پر گونجتی ہوئی آواز:

اللہ محمد چار یار
حاجی ، خواجہ ، قطب ، فرید[1]

پیر فرخ بخش رحمۃ اللہ علیہ مرحوم ۱۸۴۰ء:

سزد با چار ارکان خلافت
صداقت ، معدلت حلم وشجاعت
شد اول از ہمہ چار گو ھر
ثنا سائے نبی صدیق اکبرؓ
زیک شاخ ایں چار گل آمد ند
پس ازیک دگر چار نوبت زدند
شد اول ابو بکرؓ بعد از رسول
خلیفہ بامت بعز وقبول[2]

(ک)

حضرت کافی مؤلف نسیم مطبوعہ کانپور ۱۷۹۳ء:

مجھے الفت ہے یاران نبی سے
ابو بکر وعمر عثمان علی سے
رسول اللہ کے یہ جانشین ہیں
نبی راضی ہیں انسے یہ نبی سے[3]

---

(1) مہر منیر ص ۴۳۱ مقام اشاعت گولڑہ شریف
(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۸۸ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(3) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۹۷ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

(م)

### پیر مراد لاہوری صاحب مراد العاشقین تصنیف ۱۲۰۵ھ:

خریدار متاع عشق تحقیق
شد اول از ہمہ بو بکر صدیق
وزاں پس حضرت فاروق اعظمؓ
بنقد جاں خرید ایں گوہر غم
وزاں پس حضرت عثمانؓ بصد درد
متاع عشق راسود اگری کرد
چہارم شاہ میدان شجاعت
سرو سر دختر علم و بلاغت[1]

### مولنا مظہر الحق صاحب مرحوم:

چار یار اندر جہاں معروف
چوں محمد بہ نظم چار حروف
چار یار اش مدار ہفت فلک
چو بدر گاہ حق چہار ملک
چار یار اند چار حد کمال
مشرق و مغرب و جنوب و شمال
چار یار اند با محبت ہم
چوں محبت بہ چار حرف بہم

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۷ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

چار یار اند با عدالت و داد
چوں ہم خاک و آب و آتش و باد
چار یارا نداز سر آداب
خیمۂ شرع را چہار طناب
نام مصحف کہ چار صرف نہند
انتظامش چہار یار دہند
صدق وعدل وحیا وعلم نبی
بود درہر چہار یار خفی
چو نر انگشت مصطفےٰ است بہ مشت
چار یار ش مثال چار انگشت (1)

## خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ (م ۶۳۳ھ)

ابوبکر جان ما است عمر دیدگان ما است
ست تاج بر سر است عثمان زبان ما ! علی
ابو بکر یار غار عمر میر درہ دار
عثمان شاہ سوار علی فاتح لشکر است
ابو بکر ہمچو کعبہ عمر در طواف اوست
عثمان آب زمزم علی حج اکبر است (2)

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۸۳ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

(2) یاران مصطفےٰ مع وارثا خلافت راشدہ ص ۲۰۶ مطبوعہ نوریہ رضویہ پبلیکیشنز لاہور

Marfat.com

(ن)

**محمد نور علی صاحب نعیم کلکتہ:**

چمن حمد میں خو شرنگ بہار آئی ہے
باغبان نعت کے غنچے کا تماشائی ہے
منقبت بن کے گھٹا چار طرف چھائی ہے
چار آئینہ میں اک شکل نظر آئی ہے
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
صدق کے عدل کے عظمت کے شجاعت کے چاند
چار حرفوں سے ہوا نام محمد مکتوب
چار مرسل ہوئے اللہ کے طالب مطلوب
چار افلاک سے آئیں ہیں کتابیں مرغوب
چار محبوب دو عالم کے تھے اے دل محبوب
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
چار مقبول ہیں درگاہ الٰہی میں فلک
چار ہیں عالم اسباب کے رخ زیر فلک
چار کعبہ میں مصلے ہیں بہ خلاق سمک چار کی
چار طرف کیوں نظر آئے نہ جھلک
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
چار سنت کے طریقے ہیں تو ہیں چار امام
چار مخلوق ہوئے خلق میں رکن اسلام
چار ہیں کشف وکرامت کے ریاضت کے مقام
چار کی بجتی ہے کونین میں نوبت ہر شام
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند

Marfat.com

چار سو چار نے پھیلائی ضیائے اسلام
چار کی تیغ سے کافر ہوئے چو رنگ تمام
چار کے نام سے کافور ہوا کفر کا نام
چار گلزار ہیں سر سبز صحابہؓ کے مدام
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
چار سو صدق میں صدیقؓ جو انمردر ہے
غار ہیں سید کونین کے ہم درد رہے
سامنے آپ کی عظمت کے عدو گردرہے
رنگ کفار کے پھیکے رہے اور زرد رہے
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
چار سو ثور میں سامان حفاظت کا کیا
چا در پاک سے منہ بند کیا غاروں کا
ایک باقی جو رہا اس پہ انگوٹھا رکھا
نیش زن سانپ ہوا منہ سے نہ اف تک نکلا
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
چار سو عدل ہے فاروق کا اے دل مشہور
تھے یہی سرور کونین کے ثانی دستور
آپکے نام سے تھی کفر کی ظلمت کا فور
جو ہر تیغ سے چمکا دیا اسلام کا نور
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
ہاتھ میں حضرت فاروقؓ نے جب لی تلوار
دو ہوئے منکر دین ایک سے اور دو سے چار
جنگ میں آپ کا نعرہ تھا قیامت آثار

Marfat.com

قلعے فاروقؓ نے تسخیر کئے ساٹھ ہزار
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
چار سو شور سخا حضرت عثمانؓ کا ہے
حلم مشہور جہاں جامع قرآن کا ہے
مدح گوئی کرے کیا حوصلہ انسان کا ہے
تیسرا رکن یہ اسلام میں ایمان کا ہے
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
ابن عفان ہیں داماد رسول مدنی
بعد اللہ ونبی جو ہیں زمانہ میں غنی
مخزن حلم وحیا اور مروت کے دھنی
مصدر لطف وعطا مرجع شیریں سخنی
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
شیر میدان شجاعت ہیں جناب حیدر
کردیا زیرو زبر پل میں جنہوں نے خیبر
دیکھ کر آپ کی صورت کو فلک تھا ششدر
تھے جلال آپ خدا کا تو جمال سرور
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
آپ اقلیم ولایت کے شہنشاہ ہوئے
صاحب دبدبہ ومرتبہ وجاہ ہوئے
ہر خفی اور جلی راز سے آگاہ ہوئے
راہ دن پر انہیں لے آئے جو گمراہ ہوئے
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
ہیں یہ چاروں غرض احمد کے گلستان کی بہار

Marfat.com

اس گلستان سے نکالے ہیں انہوں نے خسوخار
انکے جلوہ سے مٹی ظلمت نام کفار
ہیں یہ چار افسر دیں بعد نبی بے تکرار
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
چاند کو ایک اشارہ سے کیا جس نے ودنیم
اسکی عظمت کے تصدق میں مجھے بخش کریم
بخشے چاروں کی محبت مجھ کو رحمان ورحیم
چار کا ذکر رہے آٹھ پہر شغل نعیم
چار ہیں جلوہ نما چرخ نبوت کے چاند
صدق کے عدل کے عظمت کے شجاعت کے چاند[1]

## مولانا نور اللہ صاحب فتح متوفی ۱۳۰۰ھ:

یاراںؓ نبی ﷺ عناصر دیں
غواص محیط عزو تمکیں
رضوان خدا بہ چار یاراں
ابو بکرؓ و عمرؓ علیؓ و عثمانؓ[2]

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۱۷ تا ۲۷، مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۴ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

مولانا ناصر علی دہلوی:

آن بادہ کہ درمے کدہ تحقیق است
از ابن قحافہؓ اش ابریق است
آغاز وجوداز گہر پاک نبی است
تصدیق نخستیں زدل صدیق است
ہر نخل کہ در حدیقہ خیر وشراست
از فیض عدالت است اگر بار وراست
ایں کاہکشاں کہ دیدہ باشی ہر شب
بردوش فلک زدرہ عدل عمر است
آن نور حیا کہ نام او عثمانؓ بود
ازباغ شہاد تش گل ایمان بود
ہر قطرہ خوں کہ ریخت از پیکر او
عنوان آرائے آیہ قرآن بود
اے منکر دلفگار راہت بخطا است
بے جا است کہ ہرچہ می سرائی بیجا است
فرمود نبی لحمک لحمی بہ علیؓ
شق القمراز وجود ایشاں پیدا است (۱)

(۱) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۵ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

حضرت نظامی گنجوی رحمۃ اللہ علیہ ۵۹٦ھ:

بہ مہر علی گرچہ محکم پیم
ز عشق عمرؓ نیز خالی نیم
ہمیاروں دریں چشم روشن دماغ
ابو بکرؓ شمع است و عثمانؓ چراغ(1)

(و)

وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ:

چارے ای یار رسول اللہ دے چار گوہر سب اک تھیں اک چیڑ ہنڈڑے نی
ابو بکرؓ تے عمرؓ عثمانؓ علیؓ آپو اپنی گنیں سو ہند ڑے نی
جنہاں صدق یقین تحقیق کیتا راہ رب دے سیس وکنڈرے نی
ذوق چھڈ کے جنہاں نیں زہد کیتا واہ واہ وہ رب دے بندڑے نی
جنہاں فرق انہاں وچ جاتا اوہ دھروں حضور دے گنڈرے نی
وارث شاہ مدد چار یار والی ربا بخش میرے فعل جو منڈڑے نی(2)

(ھ)

مولنا ہلالی استر آبادی ناظم مثنوی شاہ وگدا:

چار یار تو در مقام نیاز
ہر یکے شاہ چار بالش ناز

---

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۰، مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(2) کلام وارث شاہ ص ۷، مطبوعہ مشتاق بک کارنر لاہور

Marfat.com

چار طاق طرب سرائے وجود
چار باغ ہوائے گلشن جود
من سگ باوفائے ایں ہر چار
ہر دو چشمم برائے ایشاں چار
بندہ کمترین تست ہلال
بلبل باغ دین تست ہلال [1]

(ی)

## حضرت محمد یحییٰ خوب اللہ الہ آبادی متوفی ۱۱۴۴ھ:

بے و لائے چار یارؓ اے دل نہ گردد دیں درست
کہنائے کعبہ بنگر کاں بود نا چار چار [2]

بر صغیر میں اہلسنت وجماعت کی مساجد و مدارس اور خانقاہوں کی بابرکت جبینیں اس قطع
سے بھی نظر آتی ہے۔

بندۂ پر ورد گارم امت احمد نبی
دوستدار چہاریارم تابع اولاد علی
مذہب حنفیہ دارم ملت حضرت خلیل
خاکپائے غوث اعظم زیر سایہ ہر ولی

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۰ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلش
لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(2) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص۸۴ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ س
پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵

Marfat.com

(ایضاً)

چراغ و مسجد و محراب و منبر
ابو بکرؓ عمرؓ عثمانؓ حیدرؓ

(ایضاً)

لا اله الا الله العزیز الجبار
محمد رسول الله النبی المختار
ابو بکر ن الصدیق صاحبه فی الغار
عمر . الفاروق فاتح الامصار
عثمان القتیل فی الدار
علی سیف الله علی الکفار
فعلی مبغضهم لعنة العزیز الجبار
وما واه النار وبئس القرار[1]

اشعار کا ترجمہ:

(۱) اللہ عزیز اور جبار کے سوا کوئی معبود نہیں محمد رسول اللہ اختیار والے نبی ہیں۔

(۲) ابو بکر صدیق یار غار مصطفیٰ ہیں عمر فاروق شہروں کو فتح کرنے والے ہیں۔

(۳) عثمان کو ان کے گھر ہی شہید کر دیا گیا، علی تو کافروں پر اللہ کی تلوار ہیں۔

(۴) ان کے ساتھ بغض رکھنے والوں پر اللہ عزیز و جبار کی لعنت ہو اور ان مبغضین کا ٹھکانہ دوزخ ہے جو بہت برا ٹھکانہ ہے۔

---

(۱) نورالابصار ص ۲۲ مطبوعہ دار المعارفہ بیروت

Marfat.com

## مذکورہ اشعار کے متعلق دلچسپ واقعہ:

امام محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ وہ اشعار ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ اسقف خانہ کعبہ کا طواف کرتے دیکھا اور اس سے پوچھا کہ تو دین اسلام کی طرف کیسے آیا اور ا بڑوں کے دین کو کس طرح چھوڑا؟ تو اس نے جواب دیا کہ میں نے اپنے آباؤاجداد کے کا نعم البدل حاصل کر لیا ہے۔ میں نے پوچھا وہ کیسے؟ تو اس نے کہا میں سمندر میں کش سوار ہو کر جارہا تھا کہ اچانک کشتی ٹوٹ گئی۔ کشتی کے سوار سمندر میں بکھر گئے۔ سمند لہریں ہمیں ایک جزیرے میں لے گئیں جس میں بہت درخت تھے ہم ان کے پھل کھ گزارا کرتے رہے جب رات ہوئی تو میں خطرات سے بچنے کیلئے درخت کے اوپر چڑھ گی اس کی ایک شاخ پر سوار ہو گیا آدھی رات ہوئی تو کیا دیکھتا ہوں کہ سمندر کے پانی کی ایک جانور مندرجہ بالا اشعار پڑھ کر اللہ تعالی کی تسبیح کر رہا ہے اور طلوع فجر تک پڑھ اس کے بعد اس نے مندرجہ ذیل کلمات پڑھے:

"لا اله الا الله الصادق الوعدالوعید محمد رسول الله الهادی الرشید، ابو بکر الموفق لتسدید، عمر بن الخطاب سور من حدید عثمان ن الفضل الشهید علی بن ابی طالب ذی الباس الشدید فعلی مبغضهم لعنة الملك المجيد"۔

اللہ تعالی کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ سچے وعدے، وعید والا ہے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدایت والے ہادی ہیں۔ ابو بکر صدیق درستی کی توفیق دیئے گئے۔ عمر بن خطاب لوہے کی دیوار ہیں، عثمان مجسم فضیلت اور شہید ہیں۔ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم بہت قوت والے ہیں اور ان سب سے بغض رکھنے والوں پر اللہ بزرگ وبرتر کی لعنت ہو۔

امام شافعی فرماتے ہیں کہ اسقف کہتا ہے اس کے بعد میں جنگل میں گیا تو عجیب و غریب دیکھا، جس کی ٹانگیں اونٹ جیسی اور دم مچھلی جیسی تھی میں اس سے ڈر کر بھاگا تو اس

Marfat.com

مجھے فصیح عربی زبان میں کہا ٹھہر جاؤ ورنہ مارے جاؤ گے۔ میں ٹھہر گیا اور اس جانور نے مجھ سے میرا دین پوچھا تو میں نے کہا میں عیسائی ہوں۔ اس نے کہا دین حنیف کی طرف لوٹ آؤ کیوں ہلاک ہوتے ہو؟ میں مسلمان جنوں کے گھروں میں بھی گیا ہوں ان میں سے بھی وہی نجات پائیگا جو مسلمان ہو گا۔ میں نے کہا، میں کیسے مسلمان ہو جاؤں؟ اس نے کہا پڑھو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ میں نے یہ پڑھ کر اسلام قبول کر لیا۔ پھر اس نے کہا ابو بکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم سے محبت کر کے اپنے دین کو کامل کرو۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تمہیں اس دین کی کس نے خبر دی ہے؟ اس نے کہا! ہماری ایک جماعت حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب قیامت کا دن ہو گا تو جنت فصیح زبان میں ندا کرتے ہوئے کہے گی اے اللہ! تو نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ تو میرے ارکان کو مضبوط کرے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میں نے تیرے ارکان ابو بکر، عمر، عثمان اور علی کے ساتھ مضبوط کر دیئے ہیں اور تجھے حسن و حسین کے ساتھ مزین کر دیا ہے۔ اس کے بعد اس جانور نے مجھ سے پوچھا کہ یہاں رہنا چاہتے ہو یا واپس گھر جانا چاہتے ہو؟ میں نے گھر جانے کی خواہش ظاہر کی۔ اس نے کہا! یہیں ٹھہر جاؤ ابھی سواری آتی ہے تھوڑی دیر بعد کشتی آئی جس میں بارہ افراد سوار تھے وہ بھی سارے کے سارے عیسائی تھے۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ یہاں کیسے آئے ہو میں نے ان کو سارا واقعہ سنایا تو وہ بھی کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے۔ (1)

افسوس کا مقام یہ ہے کہ جانور تو حق چار یار کا مرتبہ و مقام جانتے ہیں لیکن یہ دو ٹانگوں والے جانور حق چار یار کے مرتبہ سے ناآشنا ہیں۔

## نا معلوم الاسم:

چار رکن حریم ایمانند
درراہ شرع چار ارکانند

---

(1) نور الابصار ص ۲۲۔ ۲۳ مطبوعہ دار المعارفہ بیروت

Marfat.com

چار جوئے چمن رضوانند
مظہر چار قال قرآنند
چراغ و مسجد و محراب و منبر
ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ(1)

ایضاً

جس کے بلبل ہیں ابوبکرؓ و عمر، عثمان علی
رشک جنت ہے وہ بستان حبیب کبریا
صدیق ہیں جان صداقت کی
فاروق ہیں شان عدالت کی
عثمان ہیں کان مروت کی
حیدر کی ولایت کیا کہنا(2)

جو ان سے دل میں رکھے پیچ و تاب افعی ساں
خدا کی مار ہو اس پر شقی ہو وہ فی النار
الٰہی چاروں خلیفہ کا صدقہ اغفرلی
طفیل سید عالم قنا عذاب النار(3)

(1) مناقب خلفاء راشدین غلام دستگیر نامی ص ۸۴ مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز پبلشرز لاہور سن اشاعت ۱۹۴۵
(2) یاران مصطفے وارثان خلافت راشدہ ص ۳۶۸ مطبوعہ نوریہ رضویہ لاہور
(3) یاران مصطفے ماہ جمادی الاخری ۱۴۲۷ھ

Marfat.com

# باب ششم

# آیت تطہیر کی تفسیر
# اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا
# تذکرہ خیر

Marfat.com

قدرت کا شاہکار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ
اک در شاہ سوار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ
شہرت ہے ان کے حسن تدبر کی چار سو
وہ در آب دار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ
آقا نے سلطنت کی دعا ان کے حق میں کی
وہ مرد باوقار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ
مداح مرتضی کو نوازا انعام سے
ایسے وفا شعار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ
سونپی حسن نے ان کو امامت یہ جان کر
مقبول کردگار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ
ہیں معتمد خاص حسن وحسین کے
شیدائے چار یار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ
جغرافیہ کفر بدل کر ہی رکھ دیا
لائق افتخار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ
کاتب ہیں بارگاہ رسالت میں وحی کے
منشی نامدار ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا"۔

اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے۔ (1)

اے (پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے) گھر والو اللہ تعالی سوا اس کے نہیں چاہتا کہ وہ ناپاکی کو تم سے دور کر دے (رجس بمطلب گناہ، عذاب، ہر عیب) اور تمہیں پاک صاف کر دے۔ (2)

## آیت تطہیر کے دو ترجمے نقل کرنے کی وجہ:

مجدد ماءۃ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ اعلحضرت عظیم البرکت امام الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ نے "لیذھب عنکم الرجس" کا ترجمہ کیا ہے کہ "تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے" اور سید الاولیاء فاتح قادیانیت تاجدار گولڑہ پیر سید مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے "لیذھب عنکم الرجس" کا ترجمہ کیا ہے "کہ وہ ناپاکی کو تم سے دور کر دے" یعنی اہل سنت کی مسلم شخصیات ہیں ان دونوں نے ایک ہی ترجمہ کیا ہے۔ لیکن بعض کج فہم ناقص العقل رافضیوں کی چراگاہوں میں چرنے والوں، ایران کا خمس کھانے والے گمراہ

(1) ترجمہ کنزالایمان شریف
(2) تصفیہ مابین سنی وشیعہ ص ۴۵ مطبوعہ گولڑہ شریف

Marfat.com

لوگوں نے یہاں پر اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ کارد کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور کہا کہ دور کر دے نہیں دور رکھے یعنی دور کر دے ترجمہ درست نہیں ہے بلکہ درست یہی ہے کہ دور رکھے۔ ترجمہ اپنا کرنا ایک الگ بات ہے لیکن وہ بزرگ شخصیات کہ جن کے نام کا کھاتے ہو، جنکی محبت کے دعوے کرتے ہو جنکی طرف اپنے آپکو منسوب کرتے ہو ان کے ترجمہ کارد کرنا یہ کفران نعمت نہیں تو کیا ہے۔ یہ طریقہ اسلاف سے انحراف نہیں تو کیا ہے۔ یہ حرام کھائے ہوئے کا اثر نہیں تو اور کیا ہے شرم تم کو مگر نہیں آتی کسی نے سچ کہا ہے کہ جب دین جاتا ہے تو حماقت آ ہی جاتی ہے۔

اب اعلیحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور اعلیحضرت گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ کارد کریں وہ لوگ کہ جنکی ذاتی حیثیت ہی کیا ہے کہ منطق کے ابتدائی سبق نہ سمجھ پائیں، اصول فقہ سے ناآشنا ہوں اور حدیث کا ضروری علم وذوق بھی نہ رکھنے والے بدبخت اور دوسری طرف اعلیحضرت رحمۃ اللہ علیہ کہ ایک روایت کے مطابق چھپن علوم میں مہارت تامہ اور ایک روایت کے مطابق ۲۱۶ علوم میں مہارت تامہ (کما قال صاحب حسان الھند) اور ان میں سے علوم کے موجد خود اعلیحضرت رحمۃ اللہ علیہ واہ کیا خوب مقابلہ ہے" کیا پدی اور کیا پدی کا شوربہ"

لہذا ان کی یہ حالت دیکھ کر انکی شان میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ بغض صحابہ اور ازواج مطہرات کی کھائی میں ورود کرتے ہوئے جو کرتب دکھائے ہیں وہ ان کا ہی حصہ ہے اور ایسی باتیں ایسی نقل کیں ہے کہ جو من گھڑت داستانیں اور رافضیوں کی کتب سے مستعار زہریلے مواد کی پچکاریاں ہیں جنھیں کوئی بھی سلیم العقل اور صحیح العقیدہ انسان تسلیم نہیں کر سکتا۔ واہ دور نگیوں کے پیشوا واہ۔ واہ سبائی واہ

خوب پردہ ہے کہ چلمن سے لگے بیٹھے ہیں
صاف چھپتے بھی نہیں ،سامنے آتے بھی نہیں

Marfat.com

## آیت تطہیر کے متعلق اہل سنت کا موقف:

اہل سنت و جماعت کا موقف یہ ہے کہ یہ آیت مبارکہ تمام اہل بیت کو شامل ہے چاہے وہ ازواج مطہرات ہوں چاہے پنج تن پاک ہوں یعنی سب کو شامل ہے سب اہل بیت ہیں اور سب کو شان تطہیر حاصل ہے امام ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ سے یہی منقول ہے۔[1]

اور ترجمہ سے بھی واضح ہے بشرطیکہ کسی کو ترجمہ آتا ہو۔ اے نبی کے گھر والو اور گھر والے سب ہیں۔

امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں:

"واختلفت الاقوال فی اهل البیت ، والاولی ان یقال هم اولاده وازواجه والحسن والحسین منهم وعلی رضی اللہ عنہم منهم لانه کان من اهل بیته بسبب معاشرته ببنت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وملازمته للنبی"۔[2]

اہل بیت کے متعلق مختلف اقوال ہیں۔ اور اولی یہ ہے کہ کہا جائے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد اور آپکی صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات ، امام حسن امام حسین رضی اللہ عنہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت ہیں۔ اور مولی علی المرتضی رضی اللہ عنہ بھی ان میں شامل ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کے واسطے سے اور کاشانۂ اقدس میں مستقل رہنے کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بیت سے ہیں۔

امام المفسرین کی تفسیر سے یہ بات واضح ہے کہ ازواج مطہرات اہل بیت میں داخل ہیں۔

---

(1) شان صحابہ ۱۶۰ محمود احمد رضوی مطبوعہ لاہور
(2) تفسیر کبیر جز ۲۵ ص ۲۰۹ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

امام جلال الدین محلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"اہل البیت ای نساء النبی صلی اللہ علیہ وسلم "۔[1]

امام جلال الدین محلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قرآن کریم میں اہل بیت سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات ہیں۔

حضرت ارشاد حسین رام پوری رحمۃ اللہ علیہ جلالین کے حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ:

" اختلف فی المراد باہل البیت والصواب انہا یعمہن وفاطمۃ وعلیا وابنیہما"۔[2]

اہل بیت سے مراد کیا ہے اس میں اختلاف ہے اور درست قول یہ ہے کہ اہل بیت کا لفظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور سیدہ فاطمۃ زہرا رضی اللہ عنہم اور سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ اور ان کے صاحبزادے حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہم سب کو شامل ہے۔

## قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ:

"انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس کلام مستأنف یعم حکمہ نساء النبی ﷺ وغیر ہن من اولا دہ ﷺ ولقصد التعمیم اورد ضمیر المذکر وقد اورد اللہ سبحانہ ہذا الکلام فی مقام التعلیل لما سبق یعنی انما یرید اللہ سبحانہ فیما امر کن بہ ونہا کن عنہ لاذہاب الرجس یعنی عمل الشیطان من الاثم والقبائح الشرعیۃ والطبعیۃ الذی لیس فیہ مرضاۃ اللہ

---

(1) تفسیر جلالین ص ۳۵۴ مطبوعہ مکتبہ غوثیہ کراچی
(2) حاشیہ جلالین ص ۳۵۴ مطبوعہ مکتبہ غوثیہ کراچی

Marfat.com

تعالى عنكن وعن غير كن من اهل البيت اهل البيت بيت النبى ﷺ منصوب على النداء اوالمدح قال عكرمة ومقاتل اراد باهل البيت نساء النبى ﷺ ورضى عنهن لانهن فى بيته وهو رواية سعيد بن جبير عن ابن عباس رضی اللہ عنہم وتلا قوله تعالى-واذ كرن ما يتلى فى بيوتكن من آيات الله والحكمة-رواه ابن ابى حاتم وروى ابن جرير عن عكرمة رضی اللہ عنہم نحوه وهم استدلوا بسياق الاية وسباقها لكن القول بتخصيص الحكم بهن يأباه ضمير المذكرين وذهب ابو سعيد الخدرى رضی اللہ عنہ وجماعة من التابعين منهم مجاهد وقتادة رضی اللہ عنہم وغير هما الى انهم على وفاطمة والحسن والحسين رضی اللہ عنہم لحديث عائشة رضی اللہ عنہا قالت خرج رسول ﷺ وعليه مرط مرحل من شعر اسود فجاء الحسن بن على رضی اللہ عنہ فادخله معه ثم جاء الحسين بن على رضی اللہ عنہ فدخل معه ثم جاء ت فاطمة رضی اللہ عنہا فادخلها ثم جاء على رضی اللہ عنہ فادخله ثم قال انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس اهل البيت ويطهركم تطهيرا- رواه مسلم وحديث سعدبن ابى وقاص رضی اللہ عنہ قال لما نزلت هذه الاية ندع ابنائنا وابناء كم ونسا نا ونساء كم وانفسنا وانفسكم دعا رسول ﷺ عليا وفاطمة وحسن وحسين رضی اللہ عنہم فقال اللهم هؤلاء اهل بيتى رواه مسلم وحديث واثلة بن الاسقع انه ﷺ تلا هذه الاية انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس الاية وقال لعلى وفاطمة رضی اللہ عنہما وابنيهما اللهم هؤلاء اهل بيتى وخاصتى فاذهب عنهم الرجس وطهرهم تطهيرا واخرج الترمذى وغيره عن عمر بن ابى سلمة وابن جرير وغيره عن ام سلمة رضی اللہ عنہم ان النبى ﷺ دعا على وفاطمة وحسن وحسين لما نزلت هذه الاية انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس فحللهم بكساء فقال اللهم هؤلاء اهل بيتى فاذهب عنهم وطهر هم تطهيرا- وهذه

Marfat.com

الاحادیث ونحو ھا لا تدل علے تخصیص الحکم بھؤلاء الاربعة رضی اللہ عنہم ویاباہ ما قبل الایة وما بعد ھا ویاباہ العرف واللغة لان الاصل فی استعمال اھل البیت لغة النساء واماالا ولاد وغیر ھم فانھا یطلق علیھم تبعالان لھم بیوتا متغائرة غالبا وقد قال اللہ تعالی حکایة عن قول الملائکة لسارة امرأةابراھیم علیہ السلام اتعجبین من امر اللہ رحمت اللہ وبرکاتہ علیکم اھل البیت والحق ما ذکر نا ان الایة یعم جمیع اھل البیت وان کان سوق الکلام للنساء عن ام سلمة رضی اللہ عنہا قالت فی بیتی انزلت انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت قالت فارسل رسول اللہ ﷺ الی فاطمة وعلی والحسن والحسین فقال ھؤلا ء اھل بیتی فقلت یارسول اللہ اما انا من اھل البیت قال بلی ان شاء اللہ رواہ البغوی وغیرہ ھذا الحدیث یدل علی ان اھل البیت یعم کلھم وکلمة ان شاء اللہ للتبرک"۔[1]

یہ جملہ مستانفہ ہے۔ اس کا حکم حضور نبی کریم ﷺ کی ازواج مطہرات اور آپ ﷺ کی اولاد میں سے دیگر افراد کو بھی شامل ہے۔ اسی تعمیم کے ارادہ کے لئے ہی عنکم میں ضمیر مذکر ذکر کی گئی ہے۔ اللہ تعالی نے یہ کلام سابقہ کلام کی علت بیان کرنے کے لئے ذکر فرمائی ہے۔ یعنی اللہ تعالی نے تمہیں اوامر ونواہی کی پابندی کرنے کا حکم اس لئے ارشاد فرمایا ہے تاکہ وہ تم سے پلیدی یعنی شیطانی عمل کو دور فرمادے مثلاً گناہ اور ایسی قباحتیں اور برائیاں جو شرعاً یا طبعاً ایسی ہوں جن میں اللہ تعالی کی رضا اور خوشنودی نہ ہو انہیں تم سے اور تمہارے علاوہ دیگر اہل بیت سے دور کر دے۔ ترکیب کلام میں اھل

(1) تفسیر مظہری ج۷، ص۳۳۹، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

Marfat.com

البیت محل نداء یا مدح میں ہونے کے سبب منصوب ہے اہل بیت سے مراد حضور نبی کریم ﷺ کے افراد خانہ ہیں، عکرمہ اور مقاتل نے کہا ہے کہ اہل بیت سے مراد حضور نبی کریم ﷺ کی ازواج مطہرات ہیں کیونکہ وہی آپ ﷺ کے گھر میں تھیں یہی روایت سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہے۔ اور آپ نے یہ آیت کریمہ بھی تلاوت فرمائی "واذ کرن ما یتلی فی بیوتکن من آیات اللہ والحکمة"۔ اسے ابن ابی حاتم نے روایت کیا ہے اور ابن جریر نے عکرمہ سے بھی اسی طرح نقل کیا ہے اور انہوں نے آیت کے سیاق وسباق سے استدلال کیا ہے۔ لیکن کم ضمیر مذکر صرف ازواج مطہرات کے ساتھ حکم کی تخصیص کے مانع ہے (لہذا یہ حکم مردوں کو بھی شامل ہے اور ان کی تغلیب کا اظہار کرنے کے لئے ضمیر مذکر ذکر کی گئی ہے) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ اور تابعین کی ایک جماعت جس میں مجاہد، قتادہ اور دیگر تابعین شامل ہیں، نے کہا ہے کہ اہل بیت حضرت علی، فاطمہ، حسن اور حسین رضی اللہ عنہم ہیں کیونکہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لے گئے اس حال میں کہ آپ ﷺ سیاہ بالوں سے بنا ہوا کمبل اوڑھے ہوئے تھے جس پر کجاوے کی تصویریں تھیں۔ اتنے میں حسن بن علی رضی اللہ عنہما آئے تو آپ ﷺ نے انہیں اپنی چادر کے نیچے لے لیا۔ پھر حسین بن علی رضی اللہ عنہما حاضر ہوئے تو پھر آپ نے انہیں بھی اپنے ساتھ لے لیا۔ پھر حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا حاضر خدمت ہوئیں تو آپ ﷺ نے انہیں بھی اپنی چادر میں لے لیا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے انہیں بھی چادر میں داخل کر لیا۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: "انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا"۔

Marfat.com

اسے مسلم نے روایت کیا ہے اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: "ندع ابنآء نا وابنآء کم ونسآء نا ونسآء کم وانفسنا وانفسکم" تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ۔ حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا اور حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو بلایا اور رب کریم کی بارگاہ میں التجاء کی اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس الایۃ اور پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا اور ان کے دونوں صاحبزادوں کے بارے میں فرمایا اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں اور میرے خاص افراد ہیں پس تو ان سے پلیدی کو دور فرما اور ان کو پوری طرح پاک صاف کردے ترمذی وغیرہ نے حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ سے اور ابن جریر وغیرہ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے یہ نقل کیا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا اور حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کو بلایا۔ جبکہ یہ آیت نازل ہوئی: "انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس"۔ پھر انہیں اپنی چادر مبارک کے نیچے لے کر رب کریم کی بارگاہ میں التجاء کی یہ میرے اہل بیت ہیں ان سے پلیدی دور فرمادے اور انہیں مکمل طور پر پاک صاف کردے۔

## قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کی خوبصورت تحقیق:

آپ فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا اور ان جیسی دیگر احادیث اس پر دلالت نہیں کرتیں آیت کریمہ کا یہ حکم صرف ان چار نفوس رضی اللہ عنہم کے ساتھ خاص ہے۔ اور آیت کریمہ

Marfat.com

ما قبل اور مابعد بھی اس تخصیص کے مانع ہے۔ اور عرف ولغت بھی اس کی تائید نہیں کرتی۔ کیونکہ لغوی طور پر بھی اہل بیت کا اصل اطلاق عورتوں پر ہے اور بچوں اور دیگر افراد خانہ پر اس کا اطلاق تبعا ہوتا ہے۔ کیونکہ اکثر اور اغلب طور پر بیویوں کے لئے گھر علیحدہ علیحدہ بنائے جاتے ہیں۔ اللہ تعالی نے ملائکہ کے اس قول کو بطور حکایت بیان فرمایا ہے جو انہوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ محترمہ حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو پکارتے ہوئے کہا تھا "اتعجبین من امر اللہ رحمت اللہ وبرکتہ علیکم اھل البیت" (کیا تمہیں اللہ تعالی کے حکم پر تعجب ہو رہا ہے تم پر اللہ تعالی کی رحمت اور برکت ہو اے گھر والو) صحیح مفہوم وہی ہے جو ہم نے بیان کیا ہے کہ آیت کریمہ کا حکم تمام اہل بیت کو شامل ہے، اگرچہ کلام ازواج مطہرات کے لئے ذکر کی گئی ہے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آیت طیبہ "انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت" میرے گھر میں نازل ہوئی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کو بلا بھیجا اور فرمایا یہ میرے اہل بیت ہیں۔ تو پھر میں نے عرض کی یارسول االلہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا میں آپ کے اہل بیت میں سے نہیں ہوں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں نہیں ان شاء اللہ اسے علامہ بغوی وغیرہ نے روایت کیا ہے یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ اہل بیت کا لفظ تمام گھر والوں کو شامل ہے۔ اور ان شاء اللہ کا کلمہ محض تبرک کے لئے ہے۔

روافض سے میں پوچھ سکتا ہوں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث میں صراحتاً حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو اہل بیت میں شامل کیا گیا ہے تو پھر تمہارا ان کو اہل بیت سے نکالنے پر اتنا زور کیوں ہے۔

Marfat.com

ازواج مطہرات کا اہل بیت سے ہونا بارگاہ مصطفی ﷺ سے منظور شدہ ہے۔

مقبول بارگاہ مصطفی ﷺ میر سید عبدالواحد بلگرامی فرماتے ہیں:

"واختلف الاقوال فی اهل البيت والاولی ان يقال هم اولاده وازواجه والحسن والحسين منهم وعلی رضی اللہ عنہم منهم"۔ (1)

اہل بیت کے متعلق مختلف اقوال ہیں اور اولی یہ ہے کہ کہا جائے آپ ﷺ کی اولاد آپ ﷺ کی ازواج مطہرات اور حسنین کریمین اور علی المرتضی رضی اللہ عنہم آپ کی اہل بیت ہیں۔

## قاطع رافضیت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ:

**مسئلہ ۱۸:** اہل بیت میں کون کون ہیں؟

**الجواب:** حضرت بتول زہرا کی اولاد امجاد اہل بیت ہیں، پھر علی و عقیل و جعفر و عباس رضی اللہ عنہم کی اولاد اہل بیت ہیں۔ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اہل بیت ہیں۔ "واللہ تعالیٰ اعلم"۔ (2)

## آیت تطہیر کی تفسیر سید الاولیاء پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی:

پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے آیت تطہیر میں اہل بیت کے الفاظ کے متعلق مختلف اقوال نقل فرمائے ہیں:

اور ان میں جس قول کو جمہور کا قول قرار دیا ہے وہ یہ ہے کہ "جمہور کا قول ہے کہ لفظ اہل بیت فریقین یعنی امہات المومنین اور آل عباء علیہم السلام کو بھی شامل ہے۔ (1)

---

(1) سبع سنابل ص ۳۰ مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور
(2) عرفان شریعت ص ۱۲ مطبوعہ پروگریسو بکس لاہور

Marfat.com

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی صفحہ پر آگے ایک اور قول نقل کیا ہے جس کو اولی قرار دیا ہے ملاحظہ ہو۔ آپ فرماتے ہیں کہ پانچواں قول جس کو خطیب شربینی نے بقاعی سے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ قول اولی ہے وہ یہ ہے کہ اہل بیت سے مراد سب تعلق دار ازواج واولاد رضی اللہ عنہن اور وہ خدام ہیں جن کو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ممتازانہ لزوم و تعلق تھا جیسا کہ حدیث شریف میں سلمان فارسی کی نسبت وارد ہے کہ سلمان منا اھل البیت سلمان ہم سے یعنی اہل بیت سے ہے۔(2)

پیر صاحب کی تفسیر بڑی واضح ہے اور قرآن وحدیث کے عین مطابق ہے کیونکہ اگر ازواج اہل بیت نہیں تو اور کون ہو گا؟

## آیت تطہیر کی تفسیر مفسر شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی:

آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ چونکہ لفظ اہل بیت مذکر ہے اس لئے یہاں ضمیر مذکور لائی گی اگرچہ اس میں خطاب ازواج سے ہے جیسے موسی علیہ السلام نے اپنی بیوی سے فرمایا "قال لاھلہ امکثوا" (قصص،۲۹)اور فرمایا "لعلکم تصطلون" (قصص،۲۹) اور جیسے فرشتوں نے حضرت سارا سے کہا "رحمت اللہ وبرکاتہ علیکم اھل البیت"(ھود،۷۳)اور رب نے فرمایا "قالت لھم رسلھم" (ابراھیم،۱۱) اور فرمایا "وقال نسوۃ" (یوسف،۳۰)غرضیکہ ضمیر میں مقصود کا لحاظ نہیں ہوتا بلکہ لفظوں کا لحاظ ہوتا ہے لہذا حضرت فاطمہ اور ساری ازواج اس ضمیر میں داخل ہیں۔ اور حق یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج واولاد سب اہل بیت میں اولاد کا اہل بیت ہونا حدیث کساء سے معلوم ہوتا کہ فرمایا "اللھم ھؤلاء اھل بیتی" اور ازواج پاک خصوصا حضرت عائشہ

---

(1) تصفیہ مابین سنی وشیعہ ص ۵۴ مطبوعہ گولڑہ شریف
(2) تصفیہ ما بین سنی وشیعہ ۵۴ مطبوعہ گولڑہ شریف

Marfat.com

رضی اللہ عنہن کا اہل بیت ہونا اس آیت سے معلوم ہوتا ہے: "واذ غدوت من اھلک تبوئ المؤمنین"

(آل عمران، ۱۲۱) کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت صدیقہ کے گھر سے احد کی طرف تشریف لے گئے تھے جنہیں رب نے اھلک فرمایا۔ (1)

مفسر شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر قرآن کریم سے واضح ہوا کہ اہل سنت کا مؤقف یہ ہے کہ اھل بیت میں ازواج مطہرات پنج تن پاک سب شامل ہیں آپ نے قواعد کے مطابق تفسیر فرمائی اور یہ نہیں کہ قواعد میں ڈنڈی ماری اور حدیث سے انحراف کر دیا بلکہ قرآن وحدیث اور قواعد عربیہ کے مطابق ثابت کیا کہ اھل بیت میں ازواج مطہرات بھی شامل ہیں۔

## آیت تطہیر کی تفسیر شارح بخاری علامہ سید محمود احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی:

"انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا"۔

علما کی ایک جماعت نے تصریح کی ہے کہ اس آیت میں اہل بیت سے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات مراد ہیں۔ کیونکہ اس آیت کے اول اور بعد ازواج مطہرات ہی کا ذکر ہے چنانچہ اس آیت سے پہلے آیات "یایھا النبی قل لازواجک" سے لے کر "وقلن قولا معروفا" تک اور اس کے بعد کی آیت "واذکرن ما یتلی فی بیوتکن من آیات اللہ والحکمۃ" ازواج مطہرات سے ہی متعلق ہیں۔

(1) تفسیر نور العرفان مفتی احمد یار خان نعیمی زیر آیت "انما یر اللہ لیذھب" مطبوعہ نعیمی کتب خانہ گجرات

Marfat.com

سید المفسرین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت عکرمہ کا بیان ہے کہ آیت تطہیر سے مراد حضور کی ازواج مطہرات ہیں۔ حضرت عبد اللہ بن عباس حبر امت اور مفسر قرآن ہیں۔ حضور کے چچازاد بھائی ہیں۔ حضور نے آپ کو سینہ سے لگا کر دعا دی ہے۔ "اللھم علمہ الکتاب، اللھم علمہ الحکمۃ۔ اللھم فقھہ فی الدین"۔ الٰہی ان کو قرآن سکھا (الٰہی انہیں حکمت اور دین کی سمجھ عطا فرما)۔

ایک شبہ یہ پیدا ہوتا ہے کہ "یطھرکم" جمع مذکر کی ضمیر ہے جو مردوں کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس لیے ازواج مطہرات کا مراد لینا درست نہیں ہے، لیکن جواب یہ ہے کہ اگر قرآن مجید ہی سے یہ ثابت ہو جائے کہ جمع مذکر کی ضمیر عورتوں کے لیے آنی درست ہے، تو پھر گنجائش انکار کہاں۔ سورہ قصص پارہ ۲۰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں ہے: "قال لاھلہ امکثوا"۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی بیوی سے فرمایا۔ تم یہیں ٹھہر جاؤ مجھے آگ دکھائی دی ہے۔ اس آیت میں "امکثو" صیغہ جمع مذکر ہے جو کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیوی کے لئے استعمال ہوا ہے۔ اسی طرح سورہ یوسف میں "انک کنت من الخاطئین" میں "خاطئین" جمع مذکر ہے جو زلیخا رضی اللہ عنہا کے لئے استعمال ہوا ہے۔

سورۃ ہود میں فرشتوں نے حضرت سارہ سے کہا۔ "رحمۃ اللہ وبرکاتہ علیکم" "علیکم" میں ضمیر جمع متکلم کی ہے۔ جس سے واضح ہوا۔ قرآن مجید میں جمع مذکر کی ضمیر عورتوں کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے تو اسی طرح تطہیر میں جمع مذکر کی ضمیر حضور کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے لیے آئی ہے۔ (فافہم)

قرآن مجید میں بھی اہل البیت سے بیوی کا مراد ہونا واضح ہے۔ جب عزیز مصر کی بیوی نے جناب یوسف علیہ السلام کو برائی کی طرف بلایا۔ تو آپ دروازے کی طرف بھاگے اس نے آپ کا پیچھا کیا اور آپ کا کرتہ پیچھے سے پکڑ کر کھینچا کہ عزیز مصر دروازے کے پاس مل گیا۔

Marfat.com

زلیخا نے اپنی برأت ظاہر کرنے کے لیے حیلہ تراشا اور عزیز مصر سے کہا:

"قالت ما جزاء من اراد باھلک سوءً "کیا سزا ہے اس کی جس نے تیری گھر وا
سے بدی چاہی اس آیت میں اھل سے مراد بہر حال بیوی ہی ہے، جب فرشتے حضر
ابراہیم خلیل علیہ السلام کو بیٹے کی بشارت سنانے کے لیے آئے، تو ان کی بیوی نے کہا یہ کیسے
سکتا ہے؟ جب کہ میری عمر نوے سے متجاوز ہو چکی ہے اور میرے شوہر بھی بوڑھے ہیں ا
عمر ایک سو بیس سال ہو گئی ہے:

"قالوااتعجبین من امراللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ علیکم اھل البیت"۔
فرشتے بولے کیا اللہ کے کام کا اچنبا کرتی ہو۔ بیشک اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں تم پر اس گھر والو پر۔

اس آیت سے بھی واضح ہوا کہ بیبیاں اہل بیت میں داخل ہیں۔ لہذا اھل بیت سے ازواج
خارج قرار دینا کسی طرح بھی درست نہیں ہے۔ اسی نوع کے دیگر دلائل سے واضح ہوتا
کہ آیت تطہیر کے لفظ اہل بیت سے اولا بالذات تو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہر
ہی مراد ہیں۔ یہ ہی وجہ ہے کہ جن نفوس قدسیہ کا لفظ اہل بیت میں شامل نہ ہونے کا شبہ
سکتا تھا۔ حضور علیہ السلام نے انہیں اہل بیت میں شامل فرما کر اس شبہ کا قلع قمع فرما دیا
چنانچہ مسلم شریف میں حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب آیت ند
ابنائنا وابناء کم نازل ہوئی تو رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب علی سیدہ فاطمہ، حسن و حسی
رضی اللہ عنہم کو بلایا اور فرمایا: "فقال اللھم ھؤلاء اھل بیتی"۔ الہی یہ میرے اہل بی
ہیں۔ (مشکوۃ)

Marfat.com

اور حضرت ابو سعید خدری مجاہد اور قتادہ کا قول یہ ہے کہ اہل بیت سے حضرت علی۔ فاطمہ حسن و حسین رضی اللہ عنہم مراد ہیں۔

بہر حال حق یہ ہے اہل بیت میں ازواج مطہرات بھی داخل ہیں اور جناب علی المرتضی شیر خدا اور سیدہ عفیفہ طیبہ طاہرہ فاطمہ اور شہزادہ کونین امام حسن و حسین رضی اللہ عنہم بھی۔ اور قرآن و حدیث سے بھی یہ ہی نتیجہ نکلتا ہے اور یہ ہی امام ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ سے بھی منقول ہے۔

آیت تطہیر سے اہل بیت کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔ اور اہل بیت نبوت کو نصیحت فرمائی گئی ہے کہ وہ گناہوں سے بچیں اور تقوی و پرہیز گاری کے پابند رہیں۔(1)

شارح بخاری کی تصریحات کے مطابق یہ بات معلوم ہو جاتی ہے کہ اھل سنت کا موقف یہی ہے کہ ازواج مطہرات لازمی طور پر اھل بیت میں داخل ہیں۔ انکو اہل بیت سے خارج کرنا درست نہیں اور جمہور کا بھی یہی مذہب ہے۔ اور خاص کر ماترید یہ کیلئے کہ ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ سے یہی منقول ہے۔

## صاحب بیضاوی کا قول فیصل:

”وتخصیص الشیعة اھل البیت بفاطمة وعلی وابنیھما رضی اللہ عنہم لماروی انه صلی اللہ علیہ وسلم خرج ذات غدوة وعلیه مرط مرجل من شعرا سود فجلس فاتت فاطمة فادخلھا فیه ثم جاء علی فادخله فیه ثم جاء الحسن والحسنین فادخلھما فیه ثم قال انما یرید الله لیذھب عنکم الرجس اھل البیت والاحتجاج بذالک علی

---

(1) شان صحابہ، علامہ سید محمود احمد رضوی ص۱۵۸،۵۹،۶۰مطبوعہ مکتبہ رضوان دربار روڈ لاہور

Marfat.com

عصمتهم وكون اجماعهم حجة ضعيف لان التخصيص بهم لا يناسب ما قبل الاية وما بعدها والحديث يقتضى انهم اهل البيت لا انه ليس غيرهم"۔ (1)

اور اہل تشیع کا اہل بیت کو سیدہ فاطمۃ الزہراء اور علی المرتضی اور انکے صاحبزادوں حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہم کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کی وجہ سے کہ ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت باہر تشریف لے گئے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیاہ بالوں سے بنا ہوا کمبل اوڑھے ہوئے تھے جس پر کجاوے کی تصویریں تھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس چادر میں داخل فرمالیا پھر حضرت علی المرتضی تشریف لائے تو آپ نے ان کو بھی چادر میں داخل فرمالیا پھر حسنین کریمین رضی اللہ عنہم تشریف لائے پس ان دونوں کو بھی داخل فرمالیا اور پھر آپ نے یہ آیت کریمہ پڑھی" انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس" اہل البیت اور اہل تشیع کا دلیل پکڑنا اس آیت مقدسہ سے اور متفق ہونا اس پر یہ ضعیف دلیل ہے کیونکہ اہل بیت کو ان ہی کے ساتھ خاص کرنا مناسب نہیں ہے ماقبل اور مابعد آیات کو مدنظر رکھتے ہوئے اور حدیث مبارکہ اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ بیشک یہ حضرات اہل بیت ہیں نہ کے اس چیز کا تقاضا کرتی ہے کہ ان کے غیر اہل بیت نہیں ہیں۔

علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ نے روح البیان اور قاضی ابو السعود محمد بن محمد العماری نے بھی اس آیت کی تفسیر میں یہی تقریر کی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

(1) حاشیہ محیی الدین شیخ زادہ علی تفسیر البیضاوی ص ۶۳ ج ۴ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ نے بڑے واضح الفاظ میں فرمادیا کہ اہل بیت کو اہل کساء کے ساتھ ہی خاص کرنا یہ اہل تشیع کا طریقہ ہے۔(جیسا کے آج کل بھی اہل تشیع اسی طریقہ پر عمل پیرا ہیں) اور حق سچ پسندیدہ راجح اور جمہور کا قول یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اہل بیت میں شامل ہیں۔

بلکہ صاحب علم حضرات اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ ہر متقی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آل میں شمار کیا ہے ازواج مطہرات سے بڑ کر کون متقی ہو سکتا ہے کہ جن کے بارے میں خود اللہ تعالی آیات قرآنیہ نازل فرما کر انکے تقوی اور پرہیز گاری کی گواہی دے جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے۔"یانساء النبی لستن کاحد من النساء"۔

## ہر متقی حضور کی آل ہے:

اس عنوان کی ضمن میں حدیث نقل کرنے سے قبل میں اس بات کا اظہار بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ بعض ناعاقبت اندیش اور منکریں حدیث نے جس طرح "انا مدینۃ العلم وابو بکر اساسھا وعمر حیطانھا وعثمان سقفھا وعلی بابھا" کا انکار کیا ہے اسی طرح اس حدیث کا بھی انکار کیا ہے اور وجہ وہی ہے کہ جب بازاری عورتوں کی طرح حرام کا پیسہ بیٹ میں جائے تو منہ سے ایسی باتیں ہی نکلا کرتی ہے۔ کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کو ماننا بھی علامات اہلسنت میں سے ہے جیسا کے مقدمہ میں گزر گیا ہے لہذا احادیث کا یوں بڑے طمطراق سے انکار کرنا رافضی دل گردے کا ہی کام ہے اور وہی آدمی کر سکتا ہے جو رافضی ہے اور رافضیوں کی گود میں جا کر بیٹھتا ہے۔

Marfat.com

## حدیث مصطفیٰ کریم ﷺ :

”حدثنا أبو هرمز نافع بن هرمز، قال : سمعت أنسا رضی اللہ عنہ یقول قیل یا نبی اللہ من آل محمدَ قال : کل تقی“۔[1]

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ پوچھا گیا اے اللہ کے نبی ﷺ آل محمد ﷺ کون ہیں ؟ آپ ﷺ نے فرمایا(کل تقی)”ہر متقی شخص (آل محمد ہے)۔

حدیث مذکور سے بالکل واضح ہے کہ ہر متقی حضور ﷺ کی آل میں داخل ہے اور اس حدیث کو نقل کرنے والا کوئی عام شخص نہیں:

بلکہ اپنے زمانے کے بہت بڑے صوفی ، امام ، متقی اور صاحب ورع ہونے کے ساتھ ساتھ بہت بڑے خطیب بھی تھے۔ آپ کے وعظ کی تاثیر سے سخت دل بھی نرم ہو جاتے ۔ امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کا وعظ اگر پتھر سے ٹکرائے تو وہ نرم ہو جائے اور اگر ان کی مجلس میں شیطان کو باندھ دیا جائے تو وہ تائب ہو جائے۔ اس کے علاوہ آپ مفسر، محدث ، مصنف ، ادیب ،شاعر اور فن سپاہ گیری اور خوش نویسی کے اوصاف سے بھی متصف تھے۔[2]

---

(1) طبرانی صغیر ص۱۱۵ ج ۱،طبرانی اوسط ص۲۹۵ ج ۲ حدیث نمبر۳۳۳۲ ۔۔الرسالۃ القشیریہ ص ۱۴۲ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔ مطلع القمرین ص ۲۰ مطبوعہ کھاریاں، مرآۃ العاشقین ۳۲ مطبوعہ تصوف فاونڈیشن لاہور، سنن الکبری للبیہقی رقم ۲۹۸۷، نبراس ص ۱۰ مطبوعہ لاہور، مجمع الزوائد ج۱۰ ص ۲۷۵ رقم ۱۶۹۴۲، المقاصد الحسنہ ص ۲۳ رقم ۳ مرکز اہل سنت برکات رضا انڈیا، شرح شرح نخبۃ الفکر ص ۱۳۵ قدیمی کتب خانہ کراچی ۔

(2) رسالہ قشیریہ مترجم مفتی محمد صدیق ہزاروی ص۳۹ مطبوعہ مکتبہ اعلیحضرت لاہور

Marfat.com

اور آپ کے ہم عصر اولیا میں حضرت سید علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ جیسی عظیم علمی اور روحانی ہستیوں کا نام آتا ہے بلکہ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شہرہ آفاق کتاب "کشف المحجوب" میں آپ کا ذکر بڑی عقیدت کے ساتھ کیا ہے، آپ فرماتے ہیں: میں نے امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا تصوف میں آپ کی ابتداء کس طرح ہوئی؟ انھوں نے فرمایا: ایک مرتبہ مجھے ایک پتھر کی ضرورت تھی، میں تلاش میں نکلا تو جس پتھر کو اٹھاتا وہ گوہر بن جاتا تو میں اس کو پھینک دیتا۔ حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ جیسی عظیم ہستی کا ان کا یہ واقعہ اپنی کتاب میں بیان فرما دینا ہی ان کی عظمت کے اظہار کے لئے کافی ہے۔ (1)

علاوہ ازیں اس کو امام اہل سنت قاطع رافضیت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مطلع القمرین میں نقل کیا اور قبلہ عالم پیر سید مہر علی شاہ صاحب کے مرشد گرامی خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ نے مراۃ العاشقین میں نقل فرمایا، اور رد کرنے والے کی حیثیت یہ کہ فتاویٰ رضویہ کی اردو عبارت کا ایک صفحہ بھی نہیں سمجھ سکتا اور صرف کیسٹوں سے تقریریں رٹ کر بیان کر کے پیسے کمانے کا ذریعہ بنا رکھا ہے۔
بتا او رافضی! تیری ان بزرگوں کے سامنے حیثیت ہی کیا ہے؟

## آل ابو بکر آل رسول ہے:

امام دار قطنی اپنی کتاب فضائل الصحابہ ومناقبھم میں یہ روایت نقل کی ہے۔
امام جعفر اپنے والد امام باقر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ

" قال کان آل ابی بکر رضی اللہ عنہ یدعون علی عھد رسول اللہ ﷺ آل محمد ﷺ" اسنادہ حسن۔ (2)

---

(1) رسالہ قشیریہ مترجم مفتی محمد صدیق ہزاروی ص۳۹ مطبوعہ مکتبہ اعلیحضرت لاہور
(2) فضائل الصحابہ ومناقبھم ص۹۱

Marfat.com

یعنی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خاندان والوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ال رسول کہہ کر پکارا جاتا تھا اور اس کی سند حسن ہے۔

**حضور علیہ السلام نے عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کے گھر والوں پر چادر ڈال کر اہل بیت میں شمار کیا:**

حضرت ابو رسید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے ابو الفضل کل تم اور تمہارے بیٹے اپنے مکان سے نہ جائیں یہاں تک کہ میں تمہارے پاس آؤں کیونکہ مجھے تم سے ایک کام ہے انہوں نے آپ کا انتظار کیا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کے بعد تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا السلام علیکم انہوں نے جواب دیا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے کیونکر صبح کی (کس حال میں صبح کی) اور انہوں نے عرض کی محمد صلی اللہ علیہ وسلم الحمد اللہ ہم نے بخریت صبح کی پس آپ نے ان سے فرمایا نزدیک ہو جاؤ وہ ایک دوسرے کے نزدیک ہو گئے یہاں تک کہ وہ آپ کے متصل ہو گئے تو آپ نے اپنی چادر مبارک سے ان کو ڈھانپ لیا اور یوں دعا فرمائی اے میرے پروردگار یہ میرا چچا اور میرے باپ کا بھائی اور یہ میرے اہل بیت ہیں تو ان کو دوزخ کی آگ سے یوں چھپا لینا جیسا کہ میں نے انکو اپنی چادر میں چھپا لیا ہے اس پر گھر کی چوکھٹ اور دیواروں نے تین بار آمین کہی اس حدیث کو بزار و طبرانی ابو نعیم و بیہقی نے روایت کیا ہے۔ (1)

حدیث مذکور میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صراحتاً انکو اہل بیت میں شمار کیا اور اللھم کہہ کر فرمایا کہ یہ میرے اہلبیت ہیں۔ بلاغت کے قوانین کو بدل کر بیان کر کے عوام اہل سنت کو دھوکہ

---

(1) سیرت رسول عربی ص ۳۲۷ بحوالہ خصائص کبری مواہب الدنیہ

Marfat.com

دینے والے ہوش کے ناخن لیں۔ کیونکہ اب اللھم یہاں آگیا تو مسند الیہ والی بحث کرکے یا صرف انکو داخل کروگے اور ان میں حصر کرکے دوسروں کو نکال دوگے۔ خدا کا خوف کرو۔ قوانین کا جھوٹا سہارا لینے والو کیا تم نے یہ قانون نہیں پڑھا کہ قرآن وحدیث پہلے ہیں اور عربی قوانین بعد میں تو اگر تمہارے بیان کردہ قاعدہ کو صحیح مان بھی لیا جائے تو حدیث رسول کے مطابق اھل بیت ہونا ان پانچ میں بند نہیں ہے لہذا قسمت کی بات ہے ہمیں حدیث رسول کی روشنی میں اھل سنت کا مذہب مبارک اور تمہیں قوانین کی روشنی میں روافض کا مذہب مبارک کیونکہ فن کا امام تو زمخشری معتزلی بھی تھا۔

عوام اہل سنت: آپ کے لئے فیصلہ کرنا آسان ہوگا کہ اب ہم اپنے بزرگوں کی مانیں یا گمراہوں کے پلندوں کی مانیں کیونکہ یہ لوگ تو پیسے لیکر اپنا مذہب بیچنے والے ہیں۔ اور بعید نہیں کہ کل آپکا سودا بھی کردیں لہذا بہتری اسی میں ہے کہ اعلحضرت احمد رضا خاں فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ کا دامن مضبوطی سے تھاما جائے اور احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا حاصل کی جائے جو دنیا میں بھی کامیابی وکامرانی کا سبب اور آخرت میں بھی سرخروئی کا ذریعہ ہے۔

آج لے انکی پناہ آج مدد مانگ ان سے
کل نہ مانیں گے قیامت کو گر مان گیا

اور اعلیحضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت امام الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی نے واضح الفاظ میں اہل سنت کو سمجھا دیا کہ سنیوں مذہب ودین کی سودا بازی نہ کرنا کیونکہ عزت مال ودولت میں نہیں ہے بلکہ نعلین مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو سر کا تاج بنانے میں ہے۔

جو سر پہ رکھنے کو مل جائے نعل پاک حضور صلی اللہ علیہ وسلم
تو پھر کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

لہذا سنیو جاگتے رہنا اور رافضیوں کے جال میں پھنس کر عقیدے کی تجارت شروع نہ کردینا۔

Marfat.com

## شان تطہیر:

رو پڑی صاحب نے بڑی ہی ہی کر کے پہلے تو یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ازواج مطہرات اہل بیت میں داخل نہیں وہ تو آرام آگیا ہو گا کہ قرآن وحدیث اور اہل سنت کی معتبر شخصیات کی تصریحات سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی کہ حضور ﷺ کی ازواج مطہرات اہل بیت میں داخل ہیں۔ پھر بڑا زور لگا کر ہی ہی کر کے (یہ آواز پتہ نہیں زیادہ زور کیوں پکڑ رہی تھی) یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی کہ شان تطہیر صرف ان تک محدود ہے اس میں کسی دوسرے کو شامل نہیں کیا گیا۔ نہ صرف یہ کہ یہاں بات ختم ہو جاتی بلکہ رفض کے وہ وہ کرتب دکھائے جو مداری بھی دکھانے سے قاصر ہیں اور یہاں تک کہہ ڈالا کہ۔

## سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی گستاخی:

فضیلت عطا فرمانا اور ہے اور تطہیر عطا فرمانا اور ہے فضیلت کسی گناہ گار کو بھی دی جاسکتی ہے جیسا صحابی ہے گناہ گار ہو کر بھی باقی ساری امت سے افضل ہے لیکن تطہیر تو نہیں ہے۔[(1)]

## جواب آں غزل:

سب سے پہلے تو ساتھی صاحب (ہزارے والا معنی) سے میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ شان تطہیر کو جو آپ پانچ تن تک محدود کر رہے ہیں کیا تطہیر عطا کرنے کی ڈیوٹی اسوقت آپکی تھی کہ آپ نے ان پانچ کو عطا کر دی اور باقی کسی کو عطا نہیں کی کیونکہ ویسے آپ لگتے بڑے پرانے سباء کے جانشین ہیں لیکن اتنی تو عمر نہیں کہ شان تطہیر عطا کرنے پر تم مامور ہو لہٰ

---

(1) نعرہ حیدری ص ۹ قادریہ جیلانیہ پبلیکشنز

Marfat.com

اپنی پچھڑیاں اپنے پاس رکھو ہمیں اس تحقیق کی ضرورت نہیں ہے جائے جہنم میں ایسی تحقیق بھی اور ایسی تحقیق کرنے والے بھی۔ کیونکہ شان تطہیر عطا کرنے والا رب ذوالجلال اسی کی مرضی جسکو چاہے عطا کرے تم کون ہوتے ہو تطہیر کو پانچ میں منحصر کرنے والے ہی ہی کرنے والے۔

## شان تطہیر ازواج مطہرات کو حاصل ہے:

حضرات گرامی آیت تطہیر نازل ہوئی ہے اہل بیت کے بارے میں کہ اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا:

"انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا"

اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے۔ (1)

شان تطہیر حاصل ہے اہل بیت کو اور یہ بات گزر چکی کہ اہل بیت میں ازواج مطہرات شامل ہیں لہذا ثابت ہوا کہ ازواج مطہرات کو بھی شان تطہیر حاصل ہے۔ جب قرآن کا فیصلہ ہے کہ شان تطہیر ازواج مطہرات کو بھی حاصل ہے تو کسی کی کیا جرأت کہ شان تطہیر کو پانچ تن پاک تک ہی محدود کرے بلکہ اہل سنت وجماعت ازواج مطہرات پنج تن پاک اور جملہ اہلبیت کیلئے شان تطہیر تسلیم کرتے ہیں۔ جیسا کہ ہمارے اکابر نے فرمایا ہے۔

(1) ترجمہ کنزالایمان

Marfat.com

## شان تطہیر از سید الاولیاء پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ:

معلوم ہوا کہ تطہیر بدین معنی یعنی تنزیل احکام وہدایات قرآنیہ سب اہل ایمان کو شامل ہے۔ صرف امہات المومنین وآل عبا علیہم السلام کے ساتھ مخصوص نہیں۔ لہذا ہر دو فریقین یعنی سنی وشیعہ کا اس پر زور لگانا کہ آیۃ تطہیر میں لفظ اہل بیت سے مراد بقرنیہ سیاق وسباق آیت ازواج مطہرات ہی ہیں یا آل عبا ہی ہیں صحیح نہیں اور نہ ہی اس آیت کا مفاد جداگانہ او ممتازانہ تطہیر خاص ازواج مطہرات یا آل کساء یا ہر دو کے لئے ہے۔[1]

## ازواج مطہرات کے لئے شان تطہیر نام سے ہی واضح ہے:

اگر کسی کا دماغ ہو (خمار کی طرح نہ ہو) تو وہ عرف میں ازواج مطہرات کا جو نام لیا جاتا ہے اس سے ہی اندازہ لگا سکتا ہے کہ مطہرات جو کہا جاتا ہے تو اسی لئے کہا جاتا ہے کے ان شان تطہیر حاصل ہے۔

## شان تطہیر صحابہ کرام کو بھی حاصل ہے:

"اذ یغشیکم النعاس امنة منه وینزل علیکم من السماء ماء لیطهرکم به ویذهب عنکم رجز الشیطن ولیربط علی قلوبکم ویثبت به الاقدام"۔[2]

جب اس نے تمہیں اونگھ سے گھیر دیا تو اسکی طرف سے چین (تسکین) تھی اور آسمان سے تم پر پانی اتارا کہ تمہیں اس سے ستھرا کر دے اور شیطان کی ناپاکی تم سے دور فرمادے اور تمہارے دلوں کو ڈھارس بندھائے اور اس سے تمہارے قدم جمادے۔[3]

---

(1) تصفیہ ما بین سنی وشیعہ ص ۵۵ مقام اشاعت گولڑہ شریف
(2) سورۃ الانفال آیت نمبر ۱۱
(3) ترجمہ کنزالایمان

Marfat.com

## نص قرآنی کا انکار:

آیت مذکور میں صراحتاً صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان تطہیر کا بیان ہے:

''لیطھرکم بہ و یذھب عنکم رجز الشیطان''
تمہیں اس سے ستھرا کر دے اور شیطان کی ناپاکی تم سے دور فرمادے۔

موصوف یہاں پر گستاخی صحابہ میں اتنا آگے نکل گئے کہ نص قرآنی کا بھی انکار کر بیٹھے۔ استغفر اللہ۔ اللہ تعالی ایسے لوگوں ان کے چیلوں چانٹوں ان کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے والوں سے تمام اہل سنت کو محفوظ فرمائے۔ (امین)

ہاں البتہ اتنی بات ضرور کہوں گا کہ قرآن سے حق چار یار کی دلیل وہ مانگے جو قرآن کو ماننے والا ہو جو قرآن کی نص صریح کا منکر ہو وہ ہم سے حق چار یار کی دلیل کس منہ سے مانگتا ہے ہاں لوگو پہچانو ان بھیڑیوں کو اور بے نقاب کرو اور انکی سیاہ کاریوں کو سرعام واضح کرو تاکہ اپنے انجام کو پہنچیں۔

## صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں گستاخی:

حضرات گرامی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے تطہیر کی نفی کرنا یہ صحابہ کرام کی گستاخی نہیں تو اور کیا ہے اور یہ کیسی دورنگی ہے کہ پہلے یہی لوگ کہتے ہیں کہ ہم صحابہ کرام کو تحفظ مہیا کرتے ہیں تو کیا یہی تحفظ مہیا کرنا ہے کہ قرآن کی نصوص صریحہ جو صحابہ کی شان تطہیر میں نازل ہوئی ہیں ان کا انکار کر دیا جائے۔ اور یہ کہا جائے کہ صحابہ کو شان تطہیر حاصل نہیں ہے۔

Marfat.com

## سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی گستاخی:

روافض نے بات یہاں تک ہی ختم نہ کی بلکہ رفض کی دلدل میں بہت گہرائی تک چلے گئے اور یہاں تک کہہ دیا کہ "فضیلت تو کسی گناہ گار کو بھی دی جاسکتی ہے جیسا صحابی ہے گناہ گار ہو کر بھی ساری امت سے افضل ہے افضل تو ہے لیکن تطہیر تو نہیں ہے۔(1) (معاذ اللہ ثم معاذاللہ)

عوام اہل سنت آپ توجہ فرمائیں اس عبارت پر کہ "جیسا صحابی ہے گناہ گار ہو کر بھی باقی ساری امت سے افضل ہے" تو بات بالکل واضح ہو جائے گی کہ باقی ساری امت سے افضل تو جناب سیدنا ابو بکر صدیق کی ذات مبارکہ ہے تو آپ کو گناہ گار کہنا یہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی گستاخی نہیں تو اور کیا ہے؟۔

**تنبیہ:** اہل سنت وجماعت معصوم صرف انبیاء کو مانتے ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو گناہوں سے معصوم نہیں مانتے لیکن کسی گمراہ رافضی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ صحابہ کرام کو بالخصوص افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو گناہ گار کہتا پھرے اور اپنے گریبان میں جھانکے تک بھی نہیں۔

مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خطاء اجتہادی صحبت کی برکت سے حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کے صواب سے بہتر ہے۔(2)

---

(1) نعرہ حیدری ص ۹ قادریہ جیلانیہ پبلیکشنز
(2) مکتوبات جلد نمبر ا ص ۲۲۹ مکتوب نمبر ۱۲۰

Marfat.com

اہل سنت و جماعت کے نزدیک جناب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خطاء اجتہادی سیدنا اویس قرنی خیر التابعین اور عمر ثانی عمر بن عبد العزیز کے صواب سے بھی بہتر ہے جب ان کے صواب سے بہتر ہے تو انکو گناہ گار نہیں کہہ سکتے جب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خطاء اجتہادی کے باوجود انکو گناہ گار نہیں کہہ سکتے تو سیدنا صدیق اکبر تو وہ ہیں جن کے بارے میں آقا علیہ السلام فرمائیں میں نے سب کے احسان کا بدلہ جھکا دیا ہے لیکن ابو بکر رضی اللہ عنہ کے احسان کا بدلہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ہی عطا کرے گا۔ اور آپ فرماتے ہیں کہ اگر ابو بکر رضی اللہ عنہ کے ایمان کو میری امت کے ایمان کے ساتھ تولا جائے تو ابو بکر کا ایمان بھاری ہو گا اور فرمائیں کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ میرا غار میں یار ہے اور مزار میں بھی یار ہے اور حوض کوثر پر بھی یار ہو گا اور وہ ابو بکر رضی اللہ عنہ جنکی صحابیت کا منکر کافر ہے روافض کے چیلے کس منہ سے آپ کو گناہ گار کہتے ہیں۔ بہر حال عوام اس بات سے اندازہ لگا سکتی ہے کہ گستاخ صحابہ کون ہے؟

فرمان مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم:

حب ابی بکر وشکرہ واجب علی امتی یعنی ابو بکر کی محبت اور اس کا شکریہ میرے امت پر واجب ہے۔ (1)

فرمان مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو یہ ہے کہ ابو بکر کی محبت اور شکر میری امت پر واجب ہے۔ رافضی کہیں کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ گناہ گار ہیں۔ کیا یہی محبت اور شکر کی ادائیگی کا طریقہ ہے؟

ارشاد باری تعالیٰ:

"وکرہ الیکم الکفر والفسوق والعصیان اولئک ہم الراشدون"۔
اور کفر حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگوار کر دی ایسے ہی لوگ راہ پر ہیں۔

---

(1) الصواعق المحرقہ ص ۴۷ مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان

Marfat.com

قرآن کریم کے اعلان کو غور سے دیکھئے اور ارشاد خداوندی پر یقین کر لیجئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کفر، فسق اور گناہ سے قطعی طور پر محفوظ ہیں، فسق اور گناہ سے محفوظ ہونے سے مراد یہ ہے کہ یا تو اللہ تعالی کمال کرم سے ان کو خود حفاظت فرماتا ہے اور ان سے گناہ ہونے نہیں دیتا، یا اگر ان سے گناہ سرزد ہو جائے تو اس پر قائم نہیں رہنے دیتا اور وہ فوراً تائب ہو جاتے ہیں اور جب وہ تائب ہو جاتے ہیں، تو اللہ تعالی ان کے گناہوں کو نیکیوں میں بدل دیتا ہے، گویا انہوں نے گناہ نہیں بلکہ نیکیاں ہی کی ہیں۔

اس نص قرآنی کے باوجود کوئی صحابہ کے گناہ گار ہونے کی رٹ لگائے تو وہ نص کا منکر نہیں تو اور کیا ہے؟

## اللہ تعالی ابو بکر صدیق سے خطاء کا واقع ہونا نہیں چاہتا:

"ان اللہ عزوجل یکرہ فی السماء ان یخطاء ابوبکر الصدیق فی الارض"۔[1]

یعنی اللہ تعالی آسمانوں میں یہ ناپسند کرتا ہے کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ زمین میں کوئی خطاء کریں۔

واہ کیا عظمت اور شان ہے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی کہ رب تعالی بھی ان سے خطاء کے سرزد ہو جانے کو نہیں چاہتا اور مت ماری گئی ہے رفض نوازوں کی جو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو گناہ گار کہتے ہیں۔

(1) الصواعق المحرقہ ص ۱۷ مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان۔۔۔مجمع الزوائد جلد ۱ ص ۴۸ کنز العمال جلد ۱۱ ص ۲۵۰۔۔۔تاریخ الخلفاء ص ۳۹ مطبوعہ کتب خانہ رشیدیہ پشاور، عمدۃ التحقیق ص ۹۶ دار الکتب العلمیہ بیروت، المعجم الاوسط ج ۴ ص ۱۹۳ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

## ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ امت مصطفوی میں سب سے زیادہ پاکیزہ وطاہر:

"مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ما ولد فی الاسلام مولود ازکی ولا اطھر ولا افضل من ابی بکر وعمر"۔[1]

اسلام میں کوئی شخص ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے پاکیزہ طاہر اور افضل پیدا نہیں ہوا۔ (امت کی بات ہے)

روافض ملعون نہ ہوں تو اور کیا ہوں کہ جن کی پاکیزگی تاجدار کائنات صلی اللہ علیہ وسلم بیان کریں جسکو طاہر و پاک حسنین کے نانا کہیں اور جس ہستی کو افضل مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کہیں اور سبائی ان کے گناہ گار ہونے کی رٹ لگائیں تو عوام یہ جان لے کہ یہ ایمان کے ڈاکو ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے گستاخ اور فرامین مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے منکر ہیں۔ لہذا جس کا جی چاہے تو ان کے ساتھ بیٹھ کر تعلق قائم کر کے جہنم میں داخل ہو جائے اور جس کا جی چاہے تو اعلحضرت علیہ رحمۃ اللہ کی فکر پر چل کر دنیاوی واخروی سرخروئی حاصل کرلے۔

## رب تعالی ابو بکر رضی اللہ عنہ کی رضا کا تذکرہ کس خوب انداز سے فرماتا ہے:

رب تعالی کا ارشاد گرامی ہے:

"ولسوف یرضی"۔

اور بے شک قریب ہے کہ وہ راضی ہو گا۔[2]

یعنی عنقریب رب تعالی ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے راضی ہو جائے گا یہ مطلب نہیں کہ آج ناراض ہے بلکہ دنیا والوں پر اپنی رضا ظاہر فرمادے گا دیکھ لو آج صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو اپنے محبوب کے دامن میں جگہ دی کل قیامت میں ان کا حشر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے ساتھ ہو گا پھر

---

(1) کنز العمال جلد ۱۱ ص ۵۵۸ مطبوعہ بیروت، دیلمی، ابن عساکر، تاریخ دمشق ج ۴۷ ص ۱۶۵ رقم الحدیث ۱۰۷۰۲ دار احیاء التراث العربی بیروت

(2) ترجمہ کنز الایمان

Marfat.com

جنت میں حضور کا قرب یا یہ مطلب ہے کہ عنقریب ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ رب تعالیٰ
راضی ہو جائیں گے اللہ تعالی انہیں اتنا دے گا کہ وہ خوش ہو جائیں گے یہ مطلب نہیں
ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ آج رب سے راضی نہیں سبحان اللہ اپنے حبیب کے لیے فر
''ولسوف یعطیک ربک فترضی'' اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کیلئے فرمایا''ولسوف
یرضی''طرز کلام دونوں مقبولوں کیلئے یکساں ہے۔(1)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ رب کی رضا چاہتے یا رب تعالی ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ
رضا چاہتا ہے تو جس کی رضا رب چاہے اس کا مقام و مرتبہ اہل سنت و جماعت ہی جان
ہیں روافض کیا جانیں کہ مرتبہ و مقام صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کیا ہے۔

برادران اسلام: ضمناً سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بات نکل آئی ہے کہ آپ کی خطاء اجتہاد
ہے اور یہ خطاء اجتہادی اویس قرنی اور عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہم کے صواب سے بہتر
تو میں اس بات کا اظہار بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ بعض ناعاقبت اندیش اور بدترین خلائق
کہتے ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بڑے دور کا صحابی ہے اور امیر معاویہ کی شان بیان کرنا پاگلوں
کام ہے اور آپ رضی اللہ عنہ کی خطاء اجتہادی پر بھی ڈنڈی مار کر عقیدہ اہلسنت سے انحراف کر
ہوئے اپنے خیال پر ضلال میں یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے ہیں لیکن
میں اذا فاتک الحیاء فافعل ماشئت کے مصداق ایسے بے لگام خماروں کو بتا
چاہتا ہوں کہ کسی صحابی کو دور کا صحابی کہنا یہ صحابہ کی گستاخی ہے اور خصوصاً خال المؤمنین
خلیفہ راشد سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق ایسی فرعونیت و نمرودیت کا اظہار کرنا یہ بد بخت
کی علامت ہے۔

ہاں اور افضی: سیدنا امیر معاویہ بڑے قریب کے صحابی ہیں۔

---

(1) نور العرفان محدث شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی مطبوعہ نعیمی کتب خانہ گجرات

Marfat.com

## امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی نسبی قربت:

مفسر شہیر مفتی اہل سنت مفتی احمد یار خان نعیمی یوں ارقام فرماتے ہیں کہ آپ کا نام معاویہ کنیت ابو عبد الرحمن ہے آپ والد کی طرف سے بھی پانچویں پشت میں اور والدہ کی طرف سے بھی پانچویں پشت میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتے ہیں والد کی طرف سے سلسلہ نسب یہ ہے کہ معاویہ ابن ابو سفیان ابن حرب ابن امیہ ابن عبد الشمس ابن عبد مناف اور والدہ کی طرف سے سلسلہ نسب یہ ہے۔ معاویہ ابن ہند بنت عتبہ ابن ربیعہ ابن عبد الشمس ابن عبد مناف ۔ یہ عبد مناف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چوتھے دادا ہیں کیونکہ حضور محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب ابن ہاشم ابن عبد مناف ہیں۔[1]

## امیر معاویہ عبد مناف میں حضور سے مل جاتے ہیں:

لہذا امیر معاویہ نسبی لحاظ سے حضور کے قریبی اہل قرابت میں سے ہیں۔[2]

## امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ:

فرماتے ہیں کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ باعتبار نسب کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بہ نسبت اوروں کے زیادہ قریب تھے کیونکہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عبد مناف میں جا کے ملتے ہیں۔[3]

---

(1) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۴۵ مکتبہ اسلامیہ لاہور
(2) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر، ۳۸،۳ مطبوعہ فیصل آباد
(3) تطہیر الجنان عربی ص ۱۲ مطبوعہ دار الکتب بیروت

Marfat.com

## مفسر قرآن مولانا محمد نبی بخش حلوائی رحمۃ اللہ علیہ:

رقم طراز ہیں کہ اگر ہم حضور نبی کریم ﷺ کے شجرہ نسب پر نظر ڈالیں تو معلوم ہو گا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کے بھائی تھے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ حضرت حسن سے بیس سال اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے اکیس سال بڑے ہیں فتح مکہ کے بعد حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا سارا خاندان مشرف باسلام ہو چکا تھا اب حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو کھل کر اپنی آغوش رحمت میں لے لیا اور آپکی خصوصی تربیت کی۔[1]

عبارات مذکورہ سے ثابت ہوا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بڑے قریب کے صحابی ہیں لہذا جو انکو دور کا صحابی کہے وہ گستاخ صحابہ ہے اور کذاب ہے۔

## فرمان مصطفی ﷺ امیر معاویہ مجھ سے ہے اور میں امیر معاویہ سے:

رسول اقدس سید عالم ﷺ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا:

"انت منی و انا منک تتزاحمنی علی باب الجنۃ کھاتین واشارہ باصبعیہ الوسطی والتی یلیھا"۔[2]

اے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں پھر دست اقدس کی دو انگلیوں درمیانی اور ساتھ والی کی طرف اشارہ کر کے فرمایا جنت میں داخل ہوتے وقت جنت کے دروازے پر میں تجھ سے اور تو

---

(1) النار الحامیہ ص۱۱۰ مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور

(2) سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ لمحدث اعظم پاکستان ص۵،۶ مطبوعہ مکتبہ قادریہ فیصل آباد بحوالہ السیرۃ الحلبیہ ج۲ ص۲۱۹

Marfat.com

مجھ سے اس طرح ملے ہوں گے جس طرح یہ دونوں انگلیاں ملی ہوئی ہیں۔

ہاں او رافضی: جس کو آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرمائیں کہ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے تو وہ بڑے قریب کا صحابی ہوتا ہے۔

## امیر معاویہ رضی اللہ عنہ مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زلف:

سیدنا معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زلف ہیں ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی بہن قریبۃ الصغری سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں۔ (1)

**ہاں او رافضی** :جو حضور کے ہم زلف ہوں وہ بڑے قریب کے صحابی ہوتے ہیں۔

## امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خال المؤمنین:

سیدنا امیر معاویہ کی ہمشیرہ محترمہ ام المؤمنین سیدہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عقد میں تھیں۔ (2)

لہذا اس رشتے سے آپ تمام مومنوں کے ماموں بنتے ہیں اس لئے آپکو خال المؤمنین کہا جاتا ہے۔

**ہاں او رافضی:** جو صحابی مومنوں کے ماموں ہوں وہ بڑے قریب کے صحابی ہوتے ہیں نہ کہ دور کے۔

---

(1) المجرص ۱۰۲تحت اسلاف رسول ا

(2) طبقات ابن سعد ج ۸ ص ۷۷ تحت رملہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا، الاکمال فی اسماء الرجال ص ۹۹ مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ

Marfat.com

## کاتب وحی تھے:

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ یوں ارقام فرماتے ہیں کہ:

"معاویہ بن ابی سفیان الخلیفۃ صحابی اسلم قبل الفتح وکتب الوحی"۔ (1)

حضرت امیر معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ خلیفہ صحابی ہیں فتح مکہ سے قبل مشرف باسلام ہوئے اور آپ کاتب وحی تھے۔

محقق ابن محقق شارح صحیح بخاری سید محمود احمد رضوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بھی آپکو کاتب و[حی] لکھا مفسر شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی آپ کو کاتب وحی لکھا۔ اور متعدد ا[ئمہ] اہل سنت نے اس بات کی تصریح فرمائی۔

**ہاں او رافضی :** جن سے حضور وحی کی کتابت کروائیں وہ بڑے قریب کے صحابی ہو[تے] ہیں۔

## امیر معاویہ رضی اللہ عنہ مشیر رسول صلی اللہ علیہ وسلم :

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کام میں مشورہ کیلئے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فار[وق] رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا مگر دونوں حضرات کوئی مشورہ نہ دے سکے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ار[شاد] فرمایا:

"ادعوہ معاویہ احضروہ امرکم فانہ قوی امین"۔ (1)

---

(1) تقریب التہذیب ج۲ص ۵۹۲ ترجمہ معاویہ ابن ابی سفیان رضی اللہ عنہ

Marfat.com

معاویہ رضی اللہ عنہ کو بلاؤ اور معاملے کو ان کے سامنے رکھو کیونکہ وہ قوی ہیں اور امین ہیں۔

**ہاں او رافضی :** جسے حضور خود مشورے کیلئے طلب فرمائیں اور کہیں کہ یہ قوی اور امین ہے وہ بڑے قریب کا صحابی ہوتا ہے۔

## سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت راشدہ:

غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"وأما خلافة معاوية بن أبى سفيان رضی اللہ عنہ فثابتة صحيحة بعد موت على رضی اللہ عنہ وبعد خلع الحسن بن على رضی اللہ عنہما"۔[2]

حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے وصال اور امام حسن مجتبی رضی اللہ عنہ کے صلح کرنے کے بعد حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہما کی خلافت ثابت اور صحیح ہے۔

## اعلحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:

اعلحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ خلافت راشدہ کس کس کی ہے تو آپ نے ارشاد فرمایا ابو بکر صدیق عمر فاروق عثمان غنی علی المرتضی امام حسن مجتبی سیدنا امیر معاویہ اور عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہم کی خلافت خلافت راشدہ ہے اور پھر سیدنا امام مہدی رضی اللہ عنہ کی خلافت خلافت راشدہ ہوگی۔[3]

ہاں او رافضی: جس کی خلافت خلافت راشدہ ہو وہ بڑے قریب کا صحابی ہوتا ہے۔

---

(1) مجمع الزواند ج ۲ ص ۳۸۰، طبرانی، حافظ ذہبی فی تاریخ الاسلام
(2) غنیۃ الطالبین ج ا ص ۱۶۱ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت
(3) ملفوظات اعلحضرت حصہ سوم ص ۲۸۸ مطبوعہ احمد رضا بریلوی قطب خانہ کراچی

Marfat.com

## شان امیر معاویہ بیان کرنا سنیوں کا کام ہے:

اور رافضی تو کہتا ہے کہ فلاں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان بیان کرتا ہے تو وہ پاگل ہے امیر
معاویہ کی شان تو خود رب ذوالجلال نے بیان فرمائی ہے کیونکہ یہ تم بھی مانتے ہو کہ آپ
شرف صحابیت حاصل ہے لہذا قرآن کریم میں رب ذوالجلال نے جہاں بھی صحابہ کی شان
بیان فرمائی ہے وہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بھی شان بیان ہوئی اور امیر معاویہ کی شان خود تاجد
کائنات نے بیان فرمائی ہے۔ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بیان فرمائی۔
علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے بیان فرمائی ہے عبد اللہ ابن عباس نے بیان فرمائی ہے اور دیگر متعد
صحابہ و تابعین نے بیان فرمائی ہے۔

بول او رافضی یہاں تیرا کیا فتویٰ ہے۔

المختصر یہ کہ تمام آئمہ واسلاف اہل سنت و جماعت نے بیان فرمائی ہے اور میرے ا
اہلسنت مجدد ماءۃ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ اعلحضرت عظیم البرکت نے تو آپکی شان اور تم جی
کتوں سے دفاع کرتے ہوئے چار کتابیں تصنیف فرمائی ہیں:

(۱) الاحادیث الراویۃ لمدح امیر معاویہ
(۲) عرش الاعزاز لاول ملوک الاسلام
(۳) ذب الاھواء الواہیہ فی باب الامیرمعاویہ
(۴) البشریٰ العاجلۃ من تحف آجلہ۔

حیات اعلحضرت میں ایک قول یہ بھی ہے کہ آپ نے سیدنا امیر معاویہ کے متعلق چھ کتا
تصنیف فرمائیں۔واللہ اعلم بالصواب

Marfat.com

اور علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے تطہیر الجنان کے نام سے، امام عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نے، محدث اعظم پاکستان، مفتی احمد یار خان نعیمی، مولانا محمد علی نقشبندی، مولانا نبی بخش حلوائی، مولانا غلام محمود ہزاروی، الحاج ابو داؤد صادق صاحب رضوی، محسن اہل سنت مفتی عبدالرزاق بتھرالوی، حجۃ الاسلام علامہ پیر سید محمد عرفان شاہ صاحب مشہدی موسوی اور استاذ العلماء فضل الدین نقشبندی شیخ الحدیث والتفسیر پیر سائیں غلام رسول قاسمی صاحب رحمۃ اللہ علیہم اور بیسیوں قائدین اہل سنت نے اس اہم موضوع پر کتب تصنیف فرمائیں۔

بتا او رافضی: یہ سارے علماء اہل سنت پاگل ہیں؟

## امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں کوئی صحیح حدیث نہیں ہے کا جواب:

## رافضیوں کا مشہور اعتراض:

امام نسائی اور اسحاق بن راہویہ نے کہا ہے کہ:

"لم یصح فی فضائل معاویہ شئی"

یعنی معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ کے فضائل کی روایات میں سے کوئی روایت صحیح نہیں ہے؟

**الجواب:** اولاً تو قول مذکور نہ تو قرآن کی آیت ہے نہ حدیث رسول ہے نہ کسی صحابی کا فرمان ہے نہ کسی تابعی کا قول ہے اور نہ ہی جمہور علماء امت اس قول پر متفق ہیں۔ یہ بعض بزرگوں کا قول ہے اور محققین اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ بزرگوں کا قول اگر قرآن و حدیث سے ٹکرا رہا ہو تو وہ قابل حجت و قابل تسلیم نہیں ہوتا بلکہ ایسے اقوال کو بزرگوں کے تسامح پر محمول کیا جاتا ہے۔ لہذا اگر اس قول سے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی تنقیص شان مراد ہے۔ تو یہ قرآن و حدیث کے صریح مخالف ہے کیوں کہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا صحابی ہونا محقق و مسلم ہے۔ جب صحابی ہونا مسلم ہے تو قرآن کریم کی جو آیات کریمہ صحابہ کرام

Marfat.com

رضی اللہ عنہم کی شان میں نازل ہوئیں وہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان کو بھی شامل ہیں۔ جب کسی کی شان میں قرآن کی آیات موجود ہوں تو اس کے باوجود حدیث صحیح کا مطالبہ کرنا چہ معنی دارد؟

کیونکہ حدیث کا مقام و مرتبہ اور حجیت مسلم ہے۔ لیکن قرآن کریم کا درجہ اس سے کہیں زیادہ ہے۔ لہذا بزرگوں کا یہ قول تسامح پر محمول کیا جائے گا۔ کیونکہ قرآن و حدیث سے شان واضح ہونے کے بعد بزرگوں کے غیر معتبر اقوال پر کان نہیں دھرے جاتے جیسا کے مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں قول سے واضح ہے۔

### مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

"مخدوما !فقیر راتاب استماع امثال این سخناں ہر گز نیست بے اختیار رگ فارو قیم در حرکت می آیدوفرصت تاویل وتوجیه آں نمی دہد قائل این سخناں شیخ کبیر یمنی باشد یا شیخ اکبر شامی کلام محمد عربی علیه وعلی آله الصلوة والسلام در کار است نه کلام محی الدین عربی وصدر الدین قونیوی وعبد الرزاق کاشی مارا بنص کاریست نه بفص فتوحات مدنیه ازفتوحات مکه مستغی ساخته است"۔ (1)

مخدوم محترم! فقیر کو ہر گز اس طرح کی باتیں سننے کی تاب نہیں، بے اختیار میری رگ فاروقی حرکت میں آجاتی ہے اور ایسے اقوال کی تاویل و توجیہ کی فرصت نہیں دیتی، اس طرح کا مقولہ شیخ کبیر یمنی کا ہو یا شیخ اکبر شامی کا ہمیں کلام محمد عربی درکار ہے نہ کہ محی الدین ابن

(1) مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۱۰۰ مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

Marfat.com

عربی، صدر الدین قونوی اور عبد الرزاق کاشی، ہم کو نص سے کام ہے نہ کہ فص سے فتوحات مدنیہ نے ہم کو فتوحات مکیہ سے مستغنی کر دیا ہے۔

نوٹ: مذکورہ عبارت نقل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر کسی بزرگ کا قول قرآن و حدیث کے موافق نہ ہو تو قابل حجت نہیں نہ کہ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی تنقیص شان۔

**برکتہ الرسول فی الہند شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ:**

"مشرب پیر حجت نیست دلیل ازکتاب وسنت مے باید"۔[1]

محقق علی الاطلاق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کسی پیر کا مسلک حجت نہیں ہوتا دلیل کتاب اور سنت سے پیش کی جاتی ہے۔

ہم شیخ محقق کو ماننے والے ہیں لیکن محض تحریر و تقریر کی حد تک نہیں بلکہ جس طرح ماننے کا حق ہے اس طرح مانتے ہیں لہذا گدھے کی طرح شور ڈالنے والے سن لیں کہ ہمارے لئے کسی بھی ایسے پیر کا مسلک حجت نہیں جو قرآن و حدیث کے مخالف ہو۔

**محدث بریلوی امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:**

باب عقائد میں ضعاف تو درکنار بخاری و مسلم کی صحیح حدیثیں بھی مردود ہیں جب تک قطعی الدلالۃ اور متواتر نہ ہوں۔[2]

---

(1) اخبار الاخیار ص ۹۳
(2) فتاوی رضویہ ج ۲ ص ۵۰۵ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور

Marfat.com

ان ارشادات و تصریحات سے واضح ہوا کہ کسی بزرگ کا قول قرآن و حدیث کے خلاف ہو تو قابل حجت نہیں ہے لہذا بزرگوں کا "لم یصح فی فضائل معاویہ شیء" کا قول کوئی حیثیت نہیں رکھتا کیوں کہ یہ قرآن و حدیث کے مخالف ہے۔

ثانیاً: یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان بزرگوں کو صحیح روایات نہ ملی ہوں کسی محدث کا حدیث سے لاعلم ہونا حدیث کے غیر موجود ہونے پر دلالت نہیں کرتا۔

## مفسر شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

کسی محدث کا حدیث سے بے خبر رہنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ حدیث موجود ہی نہ ہو۔[1] اور اگر بالفرض محال عدم صحت کا قول تسلیم کر بھی لیا جائے تو عدم صحت کا قول صحت عدم کو مستلزم نہیں کہ وہ حدیث کے موضوع ہونے پر دلالت کرے۔

## حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:

"لایلزم من کون الحدیث لم یصح أن یکون موضوعا"۔[2]
کسی حدیث کے صحیح نہ ہونے سے اس کا موضوع ہونا لازم نہیں آتا۔

## حافظ ابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

"وقول من یقول فی حدیث انه لم یصح ان سلم لم یقدح لان الحجة لاتتوقف علی الصحة بل الحسن کاف"۔[3]

---

(1) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۸۹ مطبوعہ لاہور
(2) القول المسدد ص ۴۵ الحدیث السابع
(3) مرقاۃ المفاتیح ج ۳ ص ۸۸، کتاب الصلوۃ الفصل الثانی

Marfat.com

کسی حدیث کی نسبت کہنے والے کا یہ کہنا کہ وہ صحیح نہیں اگر مان لیا جائے تو بھی یہ بات موجب قدح نہیں کیونکہ حجیت صرف صحیح ہونے پر موقوف نہیں بلکہ حسن بھی کافی ہے۔

## علامہ عبد الباقی زرقانی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:

"نفیه الصحة لاینافی انه حسن کما علم"۔[1]

حدیث کا صحیح نہ ہونا حسن کے نہ ہونے پر دلالت نہیں کرتا جیسا کہ معلوم ہے۔

## حافظ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر کلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"قول احمد انه لا یصح أی لذاته،فلا ینفی کونه حسنا لغیره والحسن لغیره یحتج به کما بین فی علم الحدیث"۔[2]

امام احمد کا یہ فرمانا کہ یہ حدیث صحیح نہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ صحیح لذاتہ نہیں تو یہ حسن لغیرہ کی نفی نہ کرے گا اور حسن اگرچہ لغیرہ ہو حجت ہے جیسا کہ علم حدیث میں بیان ہو چکا ہے۔

---

(1) شرح الزرقانی علی المواہب ج ۵ ص ۵۵ تحت ذکر نعلہ ﷺ
(2) الصواعق المحرقہ ص ۱۸۵ الفصل الاول مطبوعہ کتب خانہ مجیدیہ ملتان

Marfat.com

## مجدد دین وملت امام الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:

محدثین کرام کا کسی حدیث کو فرمانا کہ صحیح نہیں، اس کے یہ معنی نہیں ہوتے کہ غلط وباطل ہے، بلکہ صحیح ان کی اصطلاح میں ایک اعلیٰ درجہ کی حدیث ہے جس کے شرائط دشوار و موانع وعوائق کثیر وبسیار حدیث میں ان سب کا اجتماع اور ان سب کا ارتفاع کم ہوتا ہے، اس کمی کے ساتھ اس کے اثبات میں سخت دقتیں، اگر اس مبحث میں تفصیل کی جائے، کلام طویل تحریر میں آئے، ان کے نزدیک جہاں ان باتوں میں کہیں بھی کمی ہوئی فرما دیتے حدیث صحیح نہیں، یعنی اس درجہ علیا کو نہ پہنچی، اس سے دوسرے درجہ کی حدیث کو حسن کہتے ہیں، یہ بآں کہ صحیح نہیں پھر بھی اس میں کوئی قباحت نہیں ہوتی ورنہ حسن ہی کیوں کہلاتی، فقط اتنا ہوتا ہے کہ اس کا پایہ بعض اوصاف میں اس بلند مرتبہ سے جھکا ہوتا ہے، اس قسم کی بھی سینکڑوں حدیثیں صحیح مسلم وغیرہ کتب صحاح بلکہ عند التحقیق بعض صحیح بخاری میں بھی ہیں یہ، قسم بھی استناد واحتجاج کی پوری لیاقت رکھتی ہے وہی علماء جو اسے صحیح نہیں کہتے برابر اس پر اعتماد فرماتے اور احکام حلال وحرام میں حجت بناتے ہیں۔ (1)

## مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

اور صحیح نہ ہونے سے ضعیف ہونا لازم نہیں کیونکہ صحیح کے بعد درجہ حسن باقی ہے لہذا اگر حدیث حسن ہو تب بھی کافی ہے۔ (2)

ان تمام تصریحات سے یہ بات واضح ہو گئی کہ اگر بعض حضرات کی طرف سے سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت کے متعلق 'عدم صحت'' کا قول پایا گیا ہے تو وہ ہرگز مضر نہیں کیونکہ عدم

---

(1) فتاوی رضویہ جلد ۵، منیر العین ص۲۱ افادہ اول رضا فاؤنڈیشن لاہور
(2) جاء الحق ص۳۵۰ تحت انگوٹھے چومنے پر اعتراض

Marfat.com

ـت سے مقبول روایت کی نفی نہیں ہو سکتی لیکن یہ بات اس تقدیر پر ہے جبکہ امام اسحاق
ـن راھویہ کے قول کو پوری تفصیل کے ساتھ درست مانا جائے۔

## ـام نسائی اور اسحاق بن راھویہ کے قول پر محدثین کا تبصرہ:

### ـافظ ابن عساکر اور حافظ ابن کثیر:

”کتب الی ابو نصر القشیری . أنا ابو بکر البیهقی انا ابو عبد الله الحافظ قال سمعت ابا العباس الاصم قال سمعت ابی یقول سمعت اسحاق بن ابراهیم الحنظلی یقول لا یصح عن النبی ﷺ فی فضل معاویة بن ابی سفیان شئی وأصح ماروی فی فضل معاویة حدیث أبی حمزة عن ابن عباس "انه کان کاتب النبی" فقد أخرجه مسلم فی صحیح ، وبعده حدیث العرباض "اللهم علمه الکتاب" وبعده حدیث ابن أبی عمیره: اللهم اجعله هادیا مهدیا“۔(1)

اسحاق بن ابراہیم الحنظلی کہتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں کوئی بھی صحیح روایت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی نہیں ہے اور سب سے صحیح روایت معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں ابی حمزہ رضی اللہ عنہ کی روایت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے کہ وہ کاتب نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور اس کے بعد حدیث عرباض رضی اللہ عنہ ہے ” اے اللہ! معاویہ رضی اللہ عنہ کو کتاب کا علم سکھادے“ اور اس کے بعد ابن ابی عمیرۃ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے ” اے اللہ! معاویہ رضی اللہ عنہ کو ہدایت یافتہ اور ہدایت دینے والا بنادے“۔

---

(1) تاریخ مدینہ دمشق ج۲۱ ص ۱۹۳ تحت ترجمہ معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما

Marfat.com

## امام حافظ جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

"وقال السیوطی الشافعی اصح ماورد فی فضل معاویة حدیث ابن عباس " انه کاتب النبی ﷺ " فقد اخرجه مسلم فی صحیحه وبعده حدیث العرباض رضی اللہ عنہ اللهم علمه الکتاب" وبعده حدیث ابن أبی عمیرة : اللهم اجعله هادیا ومهدیا"۔ (1)

"امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں صحیح تر روایت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ بیشک وہ کاتب نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے اس کو مسلم نے اپنی کتاب میں روایت کیا ہے اور اس کے بعد حدیث عرباض رضی اللہ عنہ ہے اے اللہ! معاویہ رضی اللہ عنہ کو کتاب کا علم سکھا دے اور ان کے بعد ابن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اے اللہ اس کو ھادی اور مھدی بنادے"۔

## حافظ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

"قیل عبر البخاری بقوله باب ذکر معاویة ولم یقبل فضا ئله ولا مناقبه لأنه لم یصح فی فضائله شئی کما قاله ابن راهویه وذلک أن تقول : أن المراد من هذه العبارة انه لم یصح منهاشی علی وفق شرط البخاری فاکثر الصحابة کذلک اذا لم یصح شئی عنها ،وان لم یعتبر ذلک القید فلا یضره ذلک لما یأتی أن من فضائله ما حدیثه حسن حتی عند الترمذی کما صرح به جامعه وستعلمه مما یاتی . والحدیث الحسن

---

(1) تنزیة الشریعه ج ۲ ص ۱۸ الفصل الاول تحت باب فی طائفة من الصحابة رضی اللہ عنہم مطبوعه مکتبه التوفیقیه قاہره مصر

Marfat.com

لذاته كما هنا حجة اجماعا بل الضعيف فى المناقب حجّة أيضا، وحينئذ فماج ذكره ابن راهويه بتقدير صحته لايخدش فى فضائل معاوية"۔ (1)

بعض لوگوں نے بیان کیا ہے کہ بخاری نے جس باب میں حضرت معاویہ کے حالات بیان کیے ہیں اس باب کا عنوان "باب ذکر معاویہ" رکھا ہے" باب فضائل معاویہ" نہیں رکھا نہ یہ کہا کہ "باب مناقب معاویہ" اس کا سبب یہ ہے کہ حضرت معاویہ کے فضائل میں کوئی صحیح حدیث وارد ہی نہیں ہوئی جیسا کہ ابن راھویہ نے بیان کیا، اس کا جواب یہ ہے کہ اگر یہ مراد ہے کہ بخاری کی شرط کے مطابق کوئی روایت صحیح نہیں تو اکثر صحابہ کی یہی حالت ہے اور اگر " شرط بخاری "کی قید نہ لگائی جائے تو یہ بات غلط ہوگی کیونکہ ان کے فضائل میں بعض حدیثیں حسن ہیں، جیسا کہ امام ترمذی نے جامع ترمذی میں بیان کیا اور عنقریب تم کو معلوم ہوگا کہ حدیث" حسن لذاتہ " بالاجماع حجت ہے، بلکہ مناقب میں تو ضعیف حدیث بھی حجت ہوتی ہے۔"المختصر ابن راھویہ "نے جو کچھ بیان کیا وہ فضائل معاویہ رضی اللہ عنہ میں قادح نہیں ہو سکتا۔

اقول: اگر امام بخاری کے عنوان باب ذکر معاویہ کو دلیل بنایا جائے تو پھر ذکر عباس بن عبد المطلب بخاری جلد ا صفحہ ۵۲۶، ذکر طلحہ بن عبید اللہ صفحہ ۵۲۷، ذکر اصہار النبی صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ ۵۲۵، ذکر اسامہ بن زید صفحہ ۵۲۸ وغیر ہم جو عنوانات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے قائم کئے ہیں، ان کے بارے میں آپ کی منطق کیا کہتی ہے؟

---

(1) تطهیر الجنان واللسان ص ۱۲۔۱۱، الفصل الثانی مطبوعه دار الکتب العلمیه بیروت

Marfat.com

مندرجہ بالا تصریحات کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے کاتب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کی فضیلت کو جو حضرت امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کی ہے علمائے کرام " اصح " چیز فرمارہے ہیں معلوم ہوا کہ علماء کے نزدیک فضیلت کتابت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں صحیح تر فضیلت ہے اور صحیح حدیث سے ثابت ہے سوان کی فضیلت کے عدم صحت کا قول درست نہیں اور جو روایات اس سے کم درجہ کی ہیں ان کے حق میں اکابر محدثین "حسن" ہونے کا حکم لگا رہے ہیں جس سے شرعی مسائل اور فقہی احکام ثابت ہوتے ہیں۔

## علامہ عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:

"فان ارید بعدم الصحة عدم الثبوت فهو مردود ، لما مر بين المحدثين فلا ضير فان فسحتها ضيقة وعامة الاحكام والفضائل انما تثبت بالا حاديث الحسان لعزة الصحاح ولاينحط ما في المسند والسنن عن درجة الحسن وقد تقرر في فن الحديث جواز العمل بالحديث الضعيف في الفضائل فضلا عن الحسن وقد رأيت في بعض الكتب المعتبرة من كلام الامام مجد الدين بن الاثير صاحب ميزان الجامع حديث مسند احمد في فضيلة معاوية صحيح الاانى لا استحضر الكتاب في الوقت"۔ (1)

سو اگر عدم صحت سے مراد ہے کہ فضائل معاویہ رضی اللہ عنہ میں کوئی حدیث ثابت ہی نہیں تو یہ قول مردود ہے اور اگر صحت سے صحت مصطلح عند المحدثین مراد ہے تو کوئی حرج نہیں ، کیونکہ اس کا دائرہ تنگ ہے ۔ احادیث صحیحہ کی قلت کے باعث بیشتر احکام وفضائل

(1) الناهية ص ۳۲ مطبوعه مكتبة الحقيقيه استنبول

Marfat.com

احادیث حسان ہی سے ثابت ہوتے ہیں اور مسند احمد اور سنن کی حدیث درجۂ حسن سے کم تر نہیں اور فن حدیث میں طے ہو چکا ہے کہ فضائل کے باب میں ضعیف حدیث پر بھی عمل جائز ہے، حسن کی تو کیا بات ہے اور میں نے کسی معتبر کتاب میں امام مجد الدین ابن الاثیر رحمۃ اللہ علیہ کا قول دیکھا تھا کہ سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کی فضیلت میں مسند احمد کی حدیث صحیح ہے۔

## فرمان اعلحضرت:

آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعض جاہل بول اٹھتے ہیں کہ امیر معاویہ کی فضیلت میں کوئی صحیح حدیث نہیں یہ انکی نادانی ہے علماء محدثین اپنی اصطلاح پر کلام فرماتے ہیں، عزیز و مسلم کہ صحت نہیں (حدیث) پھر حسن کیا کم ہے۔ حسن بھی نہ سہی یہاں ضعیف بھی مستحکم ہے۔ (1)

**ثالثاً:** ہو سکتا ہے کہ یہ قول ان بزرگوں کا نہ ہو اور روافض جو عیاری مکاری حیاداری کے مصداق ہیں نے ان اقوال والی کتب ان بزرگوں کی طرف منسوب کر دی ہوں یا ان کی کتابوں میں ایسے اقوال شامل کر دیئے ہوں۔ کیونکہ روافض نے بہت سی غیر معتبر کتب ائمہ اہل سنت کی طرف منسوب کر دیں ہیں اور اسی طرح بعض خیال پر ضلال معتمد علماء کی کتابوں میں شامل کیے ہیں جیسے کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

**مجدد دین وملت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:**

"آنکہ کتابی رانسبت کند بیکے از کبرای اہل سنت ودران مطاعن صحابۂ وبطلان مذہب اہل سنت درج

---

(1) براہین صادق بحوالہ منیر العین ص۴۰ مطبوعہ گوجرانوالہ

Marfat.com

نمایند کتب بسیار تصنیف کرده اندو بهریک از معتبرین اہل سنت نسبت نموده"۔[1]

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں روافض اکیسواں دھوکہ یہ دیتے ہیں کہ ایسی کتاب جس میں صحابہ پر لعن طعن ہو اور مذہب اہل سنت کا بطلان ہو خود تصنیف کر کے اس کو اہل سنت کے کسی جلیل المرتبہ عالم کی طرف منسوب کر دیتے ہیں۔

"آنکه جمعے کثیراز علمای ایشان سعی بلیغ نموده اندودرکتب اہل سنت خصوصاً تفاسیروسیر که بیشتردستمال علماء وطلباء نمیبا شندوبعضی از کتب احادیث که شهرت ندارندو نسخ آن کتب متعدد بدست نمی آیند اکاذیب موضوعه که مؤید مذہب شیعه ومبطل مذہب سنیان باشد"۔[2]

روافض بتیسواں دھوکہ یہ دیتے ہیں کہ شیعہ علماء کی ایک جماعت بڑی سعی و کوشش سے اہل سنت کی تفاسیر اور سیرت کی ان کتابوں میں جو علماء و طلباء میں بہت کم معروف و مشہور ہوں، یانا درالوجود ہوں ایسی جھوٹی باتیں ملا دیتے ہیں جو شیعہ مذہب کی تائید اور اہل سنت کے مذہب کی تردید کرتی ہوں۔

نہ ہم آئے نہ تم سمجھے کہیں سے
پسینہ پونچھیئے اپنی جبیں سے

---

(1) تحفہ اثنا عشریہ ص ۴۰ مطبوعہ دہلی انڈیا
(2) تحفہ اثنا عشریہ ص ۴۴ مطبوعہ دہلی انڈیا

Marfat.com

مذکورہ بالا تصریحات کے باوجود اگر کوئی طوطے کی طرح یہ رٹ لگاتا پھرے کہ سیدنا امیر معاویہ کے فضائل میں کوئی صحیح حدیث نہیں تو سمجھ لیجئے کہ دال میں کچھ کالا کالا ہے یا پھر دال ہی کالی ہے۔

سوال: بعض ذاکرین کہتے ہیں کہ No Demand Mohavia ہمیں معاویہ کی ضرورت نہیں ہے؟

جواب: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق ایسی بات کہنا یہ رافضیوں کا شیوہ ہے کیوں کہ ان کو صحابہ کی ضرورت نہیں یہ تو پیسے کے پتر ہیں ان کو پیسہ چاہیئے جہاں تک بات ہے اہل سنت وجماعت کی تو اس جماعت حقہ کو ہر ہر صحابی کی ضرورت ہے کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کا مفہوم ہے میرے تمام صحابہ ستاروں کی مانند ہیں تم جس کی پیروی کروگے ہدایت پا جاؤ گے لہذا ہدایت کے لیے صحابہ کی ہمیں ضرورت ہے اور خصوصا سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی کیوں کہ امام المشارق والمغارب سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ فرمان ہے۔

## فرمان مولا مرتضی رضی اللہ عنہ:

"یایها الناس لاتکرهوا امارة معاوية فانكم لو فقدتموه رایتم لروس تندرعن کواهلها كانها الحنظل"۔ (1)

حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ جنگ صفین سے واپس تشریف لائے تو فرمایا لوگو تم حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی امارات وگورنری کو برامت جانو دیکھو اگر تم نے انہیں کھو دیا تو تم اپنے سروں کو اپنے شانوں سے کٹ کٹ کر اس طرح گرتے دیکھو گے جس طرح خنظل کا پھل پک کر گرتا ہے۔

(1) البدایہ والنہایہ ج۸ ص ۱۳۱مطبوعہ مصر۔تاریخ الخلفاء ص۱۵۰مطبوعہ پشاور، تاریخ دمشق ج۶ ص ۴۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت، الناہیہ ص ۳۳ مکتبۃ الحقیقیہ استنبول، حاشیہ العواصم من القواصم ص ۲۱۲ قاہرہ مصر

Marfat.com

سن اور افضی!

سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ تو فرمارہے ہیں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو نہ کھونا کیونکہ معاویہ کی مسلمان کو ضرورت ہے اب تو ہی بتا رافضی ہم "باب مدینۃ العلم" کی مانیں یا تیری مانیں؟

فرمان سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ:

فرماتے ہیں لوگو تم قیصر و کسری کی اور ان کی حکومت وسیاست کی تعریف کرتے نہیں تھکتے حالانکہ خود امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تم میں موجود ہیں۔ (1)

مراد رسول صلی اللہ علیہ وسلم مزید فرماتے ہیں اے لوگو تم میرے بعد آپس میں فرقہ بندی سے بچو اگر تم نے ایسا کیا تو سمجھ رکھو کہ معاویہ رضی اللہ عنہ شام میں موجود ہیں۔ (2)

فرمان سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ:

"ما رأيت اخلق للملك من معاوية"۔ (3)

میں نے معاویہ سے بڑھ کر سلطنت اور بادشاہت کے لائق کسی نے نہیں پایا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فرامین سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی کتنی شان ہے اور مسلمانوں کو ان کی کتنی ضرورت ہے، اس کے باوجود کوئی رافضی واویلا کرتا پھرے کہ ہمیں معاویہ رضی اللہ عنہ کی ضرورت نہیں تو جہنم میں جائے ہمیں کیا ہے اور یہ کہنے والے رافضی گٹروں کی پیداوار ہیں۔

---

(1) الاصابہ فی تمیز الصحابہ
(2) الاصابہ ج ۳ ص ۴۱۴ مطبوعہ مصر
(3) البدایہ والنھایہ ج ۸ ص ۱۳۵ مطبوعہ مصر۔ تاریخ کامل ج ۴ ص ۵۔ الاصابہ ج ۳ ص ۴۱۳ مطبوعہ مصر

Marfat.com

سوال: بعد نام نہاد سنی کہتے ہیں کہ ہم معاویہ کے مخالف ہیں کیونکہ انھوں نے سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے جنگ کی ہے؟

جواب: ابھی یہ رافضی پیدا ابھی نہیں ہوئے تھے کہ کئی صدیاں قبل سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا قصاص عثمان رضی اللہ عنہ میں اختلاف ہوا تھا، اس میں صلح ہو گئی تھی۔

## سیدنا علی المرتضیٰ اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کی صلح:

”عن عمر بن عبدالعزيز:رأيت رسول الله ﷺ وأبوبكر وعمر جالسان عنده،فلسمت،وجلست،فبينما أنا جالس اذ أتى بعلي ومعاوية فأدخلا بيتا وأجيف عليهما الباب وأنا أنظر،فما كان بأسرع من أن يخرج علي وهو يقول:قضى لي ورب الكعبة ،وما كان بأسرع من أن خرج معاويه على أثره وهو يقول:غفرلي ورب الكعبة“۔ (1)

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، میں نے خواب میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، میں نے سلام عرض کیا اور بیٹھ گیا اس دوران حضرت علی المرتضی اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کو لایا گیا، انہیں دروازے سے اندر داخل کیا گیا اور دروازہ بند کر دیا گیا، تھوڑی دیر بعد علی المرتضی رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے اور کہہ رہے تھے، خدا کی قسم! میرے حق میں فیصلہ کیا گیا ہے، پھر تھوڑی دیر کے بعد امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بھی آ گئے اور وہ کہہ رہے تھے رب کعبہ کی قسم! مجھے معاف کیا گیا ہے۔

(1) کتاب الروح ص۳۲ مطبوعہ بیروت، تاریخ دمشق ص ۹۸ ج ۶۲ مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت

Marfat.com

جب سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے صلح کر لی اور اللہ تعالی نے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو معاف فرما دیا تو اس کے باوجود آپ رضی اللہ عنہ کی مخالفت کرنا رافضیت ہے کیونکہ مخالفت صحابہ بغض صحابہ ہے اور بغض صحابہ رافضیت ہے نتیجہ یہ نکلا کہ مخالفت صحابہ رافضیت ہے لہذا جو شخص اب یہ کہے کہ ہم امیر معاویہ کے مخالف ہیں تو وہ رافضی ہے اور رافضی کی مخالفت کرنے سے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا کچھ بھی نہیں بگڑتا البتہ ایسا کہنے والا رافضی رافضیت میں بڑھ جاتا ہے کیونکہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالی راضی ہے تو رب رضا کے مقابلے میں کسی کی مخالفت کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔

دلیل: صغری سیدنا امیر معاویہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔
کبری ہر صحابی سے اللہ تعالی راضی ہے۔
نتیجہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالی راضی ہے۔

## صغری پر دلیل:

"عن ابن ابی ملیکة قال اوترمعاویة بعدالعشاء برکعة وعنده مولے لا بن عباس فاتی ابن عباس فقال دعه فانه قد صحب رسول اللہ ﷺ"۔ (1)

ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے عشاء کے بعد ایک رکعت وتر کی نماز ادا کی ان کے پاس عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے غلام بھی موجود تھے انھوں نے آکر حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے شکایت کی تو آپ نے فرمایا چھوڑ دو بیشک وہ صحابی رسول ہیں۔

---

(1) بخاری شریف ص ۵۳۱ ج ۱ مطبوعہ لاہور، نبراس ص ۵۵۰ مطبوعہ لاہور، الناہیہ ص ۱۵ مکتبۃ الحقیقیہ استنبول

Marfat.com

## کبری پر دلیل:

"رضی اللہ عنہم ورضوعنہ"۔ اللہ ان سے راضی وہ اس سے راضی۔

اصول الشاشی پڑھنے والا طالب علم بھی جانتا ہے کہ یہ آیت مبارکہ عام غیر مخصوص منہ البعض ہے لہذا ثابت ہوا کہ اللہ تعالی سب صحابہ سے راضی ہے بلکہ سب صحابہ کے ساتھ جنت کا وعدہ بھی فرمایا ہے۔

جب امیر معاویہ سے اللہ تعالی راضی ہے تو آپ کی مخالفت کرنا چہ معنی دارد

پڑھ اور افضی:

## قول باب مدینۃ العلم رضی اللہ عنہ:

فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ایک دیہاتی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا مجھ سے کشتی لڑیں، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پاس موجود تھے، انہوں نے فرمایا میں تم سے کشتی لڑتا ہوں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا دی کہ معاویہ کبھی مغلوب نہیں ہو گا، حضرت امیر معاویہ نے اس سے کشتی لڑی اور اسے بچھاڑ دیا، مولا علی رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر مجھے یہ حدیث یاد ہوتی تو میں معاویہ سے کبھی جنگ نہ لڑتا۔[1]

## کوئی مسلمان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مخالف نہیں ہو سکتا:

قرآن کریم میں اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا:

"والذین جاء و من ، بعدھم یقولون ربنا ،اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولاتجعل فی قلوبنا غلا للذین امنوا ربنا انک رء وف رحیم"۔[2]

---

(1) الخصائص الکبری ج۲ ص ۱۸۸ مطبوعہ شبیر برادرز لاہور۔۔۔ازالۃ الخفاء ج۲ ص ۲۷۸
(2) الحشر:۱۰

Marfat.com

اور وہ جو ان کے بعد آئے عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ۔اے رب ہمارے لئے بے شک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے۔[1]

## مفسر شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد:

فرماتے ہیں: اس آیت میں رب نے قیامت تک کے مسلمانوں کی پہچان یہ بتائی کہ وہ تمام صحابہ کے لئے دعاگو ہیں اور ان کے سینے صحابہ کے کینوں سے صاف ہیں، یعنی مسلمانوں کی کل تین جماعتیں ہوئیں، صحابہ مہاجر، صحابہ انصار اور ان سب کے دعاگو خیر خواہ سچے غلام۔اب بتاؤ کسی صحابی سے بغض رکھنے والا کس زمرہ میں ہے، صحابہ سے بغض رکھنے والا تو مسلمانوں کی تینوں جماعتوں سے خارج ہے۔[2]

## امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مخالف خدا اور رسول کا مخالف ہے:

ایک مرتبہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اپنی ہمشیرہ محترمہ ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف فرما تھے اور آپ امیر معاویہ کو چوم رہی تھیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور پوچھا کیا تو اس سے محبت کرتی ہے؟انہوں نے عرض کیا: میرا بھائی ہے میں اس سے محبت کیوں نہ کروں، پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فان اللہ ورسولہ یحبانہ۔
پھر سن لے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بھی اس سے محبت فرماتے ہیں۔[3]

---

(1) کنزالایمان
(2) امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر ص ۲۴
(3) تطہیر الجنان ص ۱۴ مطبوعہ ملتان

Marfat.com

## فرمان مصطفی کریم ﷺ:

حضور سرور دو عالم نبی اکرم ﷺ نے ایک موقع پر فرمایا:

"فانی احب معاویة واحب من یحب معاویة وجبریل ومیکائیل یحبان معاویة والله اشد حبا لمعاویة من جبریل ومیکائیل۔[1]

میں معاویہ سے بھی محبت کرتا ہوں اور اس شخص سے بھی محبت کرتا ہوں جو معاویہ سے محبت رکھتا ہو اور جبرائیل و میکائیل بھی معاویہ سے محبت رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ جبرائیل و میکائیل سے بھی زیادہ معاویہ سے محبت فرماتا ہے۔

حدیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ حضرت امیر معاویہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور جبرئیل و میکائیل کے محبوب ہیں اور محبوب کا مخالف بالواسطہ محب کا مخالف ہے لہذا اب صلح کے بعد امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی مخالفت کرنے والا در حقیقت اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہے اور اللہ اور اس کے رسول کا مخالف مستحق نار ہے۔

## سیدنا امیر معاویہ کا مخالف ہدایت کا مخالف یعنی گمراہ ہے:

صحاح ستہ کی مشہور کتاب جامع ترمذی شریف میں ہے کہ ایک بار نبی کریم ﷺ نے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو یہ دعا دی:

"اللهم اجعله هاديا مهديا واهدبه"۔[1]

---

(1) ابن عساکر ج ۲۵ ص ۹ مطبوعہ بیروت

Marfat.com

اے اللہ معاویہ کو ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنا دیجئے، اور اس کے ذریعہ سے لوگوں کو ہدایت دیجئے۔

نبی کریم ﷺ مستجاب الدعوات ہیں جس کی بنا پر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ہادی ہیں اور جو ہادی کا مخالف ہو وہ گمراہی کو چاہنے والا ہو گا اور گمراہی کو گلے سے لگانے والا گمراہ لہذا ثابت ہوا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مخالف گمراہ ہے۔

## سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مخالف رافضی ہے:

حافظ ابن کثیر نے نقل کیا ہے کہ ایک اللہ کے ولی نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی، آپ ﷺ کے پاس ابو بکر، عمر، عثمان، علی اور معاویہ رضی اللہ عنہم موجود تھے۔ راشد الکندی نامی ایک شخص آیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ یہ شخص ہم میں نقص نکالتا ہے کندی نے کہا یارسول اللہ میں ان سب میں عیب نہیں نکالتا بلکہ صرف اس ایک معاویہ میں عیب نکالتا ہوں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تیرا برا ہو، کیا یہ میرا صحابی نہیں ہے؟ آپ نے یہ بات تین بار فرمائی، پھر آپ ﷺ نے ایک نیزہ پکڑا اور معاویہ کو دے دیا اور فرمایا یہ اس کے سینے میں مارو، انہوں نے اسے نیزہ مار دیا، میری آنکھ کھل گئی صبح ہوئی تو معلوم ہوا کہ راشد کندی کو رات کے وقت سچ مچ کسی نے مار دیا ہے۔[2]

مذکورہ عبارت سے یہ بات ثابت ہوئی کہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا گستاخ حق چار یار کا گستاخ ہے اور حق چار یار کا گستاخ رافضی ہے لہذا ثابت ہوا کہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا گستاخ رافضی ہے۔

---

(1) جامع ترمذی شریف ج۲ ص ۲۴۷ مطبوعہ ایچ ایم سعید کراچی ـــ اسد الغابۃ ج ۴ ص ۳۸۶ مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ طہران ـــ تاریخ بغداد ج ۱ ص ۲۰۸ مطبوعہ دار الکتاب بیروت، نبراس ص ۵۵۰ مطبوعہ لاہور

(2) البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۱۴۷

Marfat.com

ول اور افضی منطق کیا کہتی ہے۔

سوال: بعض جہلاء کہتے ہیں کہ اگر چہ سیدنا امام حسن مجتبی نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے صلح کر لی تھی لیکن پھر بھی وہ تھے باغی کیونکہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمار کو فرمایا تمہیں باغی جماعت قتل کرے گی۔[1]

چونکہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے ان کو معاویہ رضی اللہ عنہ کی جماعت نے قتل کیا لہذا حدیث پاک سے ان کا باغی ہونا سمجھ آتا ہے؟

جواب اول:

حجۃ الاسلام پیر سید عرفان شاہ صاحب مشہدی مدظلہ العالی کے قلم سے:

آپ فرماتے ہیں کے مناظرہ مانچسٹر میں فریق مخالف کے مناظر کی بڑی دلیل جس نے اسے بہت بڑی غلط فہمی میں مبتلا کر رکھا تھا یہی دلیل تھی ہم کہتے ہیں یہ محض الزام ہے۔ پہلی بات ہے کہ یہ الزام اس وقت صحیح ہو گا جب اس کی کوئی تاویل نہ کی جا سکتی ہو لیکن یہ حدیث اگر صحیح نہ ہو پھر اسے استدلال درست نہ ہو گا۔

"والامر کذلک فان فی سندہ ضعفا لیسقط الاستدلال بہ"۔

اور چونکہ اس کی سند میں ضعف ہے اس لئے اس روایت سے استدلال ساقط ہو گیا۔

رہی یہ بات کہ ابن حنان نے روایت بخاری کی توثیق کی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ ان کی توثیق، اس کی تضعیف کرنے والے حضرات کے ہم پلہ نہیں ہو سکتی، کیونکہ ابن حنان توثیق میں بہت ست شمار ہوتے ہیں۔[2]

---

(1) مسلم ج ۲ ص ۴۰۳ کتاب الفتن
(2) تطہیر الجنان ص ۳۵

Marfat.com

مزید تفصیل کے لیے شاہ صاحب کی کتاب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اہل حق کی نظر میں ملاحظہ ہو

جب حدیث مذکور کی سند ضعیف ہے تو اس کو بنیاد بنا کر سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر باغی جیسے الفاظ کسنا درست نہیں اور ستم بالائے ستم تو یہ ہے کہ جب شان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرنے کی باری آتی ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں صحیح حدیث نہیں ملتی لہذا ہم شان نہیں بیان کرتے لیکن جب آپ رضی اللہ عنہ کے خلاف دریدہ دہنی کا وقت آتا ہے تو ضعیف احادیث کو بنیاد بنا لیا جاتا ہے۔

**بتا او رافضی :** کیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ ایسا سلوک یہی معیار ایمان ہے

**جواب دوم:**

روافض جس عظیم ہستی کی محبت میں غلو کرنے کی وجہ سے گمراہی کا پٹہ اپنے گلہ میں ڈال چکے ہیں ان کے سامنے جب سیدنا امیر معاویہ کے لئے باغی کا لفظ استعمال کیا گیا تو آپ نے اس لفظ کے قائل کو منع فرمایا کے ان کے متعلق سوائے خیر کے کوئی جملہ نہ کہو۔

"سمع علی یوم الجمل ویوم الصفین رجلا یغلوا فی دالقول فقال ولا تقولو الا خیرا انما هم قوم زعمو انا بغینا علیهم وزعمنا انهم بغوا علینا فقا تلنا هم"۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جنگ جمل و جنگ صفین کے موقع پر ایک شخص کو سنا، وہ مقابل لشکر پر باغی و قاتل کے فتوے لگا رہا تھا۔ اس پر آپ نے فرمایا: ان حضرات کے بارے میں کلمہ خیر کے سوا کوئی بات نہ کہو دراصل ان حضرات نے یہ سمجھا ہے کہ ہم نے ان کے خلاف بغاوت

Marfat.com

کے اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی۔ اس بنا پر ہم ان سے لڑتے ہیں۔ (1)

کیوں خناس صاحب! آپ کی فکر ٹھکانے آئی کہ نہیں ؟ جب حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ مخالفین کو باغی نہ کہیں تو آپ مدعی ست گواہ چست کے مصداق ہیں کہ نہیں؟۔ (2)

**جواب سوم:**

## شیخ الحدیث پیر سائیں غلام رسول قاسمی زید مجدہ کی قلم سے:

قطع نظر اس کے کہ باغی کا لفظ حدیث مبارکہ میں ہے اور اس کا معنی کیا ہے کسی مسلمان کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ مقبول بارگاہ مصطفی سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کیلئے یہ لفظ استعمال کرے کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کسی غلام کے لئے یہ لفظ استعمال فرمائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بڑے ہیں اور چھوٹوں کے تنبیہ کر سکتے ہیں۔ جس طرح اللہ کریم نے حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کے بارے میں فرمایا ہے کہ "فعصی آدم ربه فغوی" (طٰہٰ:۱۲۱) اس آیت کا ترجمہ علماء نے اس طرح فرمایا ہے کہ آدم سے اپنے رب کا حکم بجا لانے میں بھول ہوئی تو جنت سے بے راہ ہو گئے۔ حالانکہ قرآن کے اصل الفاظ عصی اور غوی بڑے سخت الفاظ ہیں۔ عصی کے لفظی معنی ہے نافرمان ہوا اور غوی کہ لفظی معنی ہے گمراہ ہوا۔ کیا آپ یہ جرأت کر سکتے ہیں کہ جس طرح آپ نے حضرت امیر معاویہ کو بغاوت کے لفظ کی وجہ سے باغی کہا ہے اسی طرح حضرت آدم علیہ السلام کو بھی عاصی اور غاوی کہہ دیں؟ اگر آپ کو حضرت آدم علیہ السلام کی نبوت تاویل پر مجبور کر رہی ہے تو اس طرح ہمیں بھی

(1) منہاج السنہ ج ۳ ص ۶۱ مطبوعہ مصر
(2) سیدنا امیر معاویہ اہل حق کی نظر میں ص ۱۰۲، مطبوعہ لاہور

Marfat.com

حضرت امیر معاویہ کی صحابیت اور ان کے فضائل تاویل پر مجبور کر رہے ہیں۔[1] ادب
درس دینے والے لوگوں کو بتائیں کہ ادب کا دامن یہاں کیوں چھوڑ دیا ہے۔

## جواب چہارم:

امام راغب اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ بغاوت کے لفظ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"البغی قد یکون محمودا ومذموما"
یعنی بغاوت اچھی بھی ہوتی ہے اور بری بھی۔[2]

المنجد میں بغاوت کے دو معنی لکھے ہیں:

۱) تلاش کرنا یا مطالبہ کرنا
۲) ظلم اور نافرمانی کرنا۔[3]

اہل سنت وجماعت کا ایمان تو یہی کہتا ہے کہ اس لفظ کا جو بہتر اور صحابہ کی شان کے لا
معنی ہے وہی لیا جائے جیسے تلاش کرنا یا تو آپ کر باغی اس معنی میں کہا گیا تھا کہ آپ خو
عثمان کا مطالبہ کرنے والے تھے۔[4]

مطالبہ کرنا، ہاں اگر کوئی فی الواقع سنی ہی نہیں بلکہ محض سنیت کا لبادہ اڑھے ہوئے
اس کی بات اہل سنت کے لئے کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔

---

(1) صافیہ لما وقع بین علی ومعاویہ رضی اللہ عنہ ص۷، مطبوعہ سرگودھا
(2) مفردات ص ۵۳
(3) المنجد اردو ص ۹۴
(4) تبصرۃ الادلہ ج۲ ص ۱۱۷۳

Marfat.com

## مفسر قرآن مفتی عبد الرزاق بھترالوی کے قلم سے:

امام حق کی مخالفت کی چار وجوہ ہیں، اگرچہ بظاہر سب پر بغاوۃ کا اطلاق ہوتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر حرام بغاوۃ کا اطلاق نہیں، آیئے ذرا تفصیل دیکھئے: باغی ماخوذ ہے: بغی سے، اس کا لغوی معنی ہے "طلب کرنا" جیسے کہا جائے "بغیت کذا" یعنی میں نے اسے طلب کیا رب تعالیٰ کے ارشاد گرامی میں "ماکنا نبغی" بھی اسی معنی میں استعمال ہے۔

پھر عرف میں جو چیز حلال نہ ہو یعنی ظلم وغیرہ کو طلب کرنے والے کو باغی کہتے ہیں، لیکن فقہاء کرام کے عرف میں "الباغی ھو الخارج عن طاعۃ امام الحق" باغی اسے کہا جاتا ہے جو امام حق کی طاعت سے نکل جائے۔

پھر اس کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ "احدھا الخارجون بلاتأویل بمنعۃ وبلامنعۃ یأخذون أموال الناس ویقتلونھم ویخیفون الطریق وھم قطاع الطریق"۔

ایک قسم یہ ہے کہ وہ امام کی طاعت سے خارج ہوں ان کے پاس لشکری قوت ہو بادشاہ سے مقابلہ کی یا نہ ہو، اور ان کے پاس کوئی تاویل بھی نہ ہو، وہ لوگوں کا مال چھین لیتے ہوں اور لوگوں کو قتل کر دیتے ہوں، اور راستے میں لوگوں کو ڈراتے ہوں، ان کو قطاع الطریق کہا جاتا ہے، یعنی ایک قسم باغیوں کی ڈاکو ہے۔

۲۔ "والثانی قوم کذلک الاانھم لامنعۃ لھم لکن لھم تأویل فحکمھم حکم قطاع الطریق ان قتلوا قتلوا وصلبوا وان اخذوا مال المسلمین قطعت أیدیھم وأرجلھم علی ماعرف"

Marfat.com

دوسری قسم باغیوں کی یہ ہے کہ ان کو لشکری قوت تو حاصل نہ ہو، لیکن ان کے پاس مخالفت کی کوئی وجہ پائی جائے یعنی تاویل ان کے پاس ہو، ان کا حکم بھی ڈاکوؤں والا ہے، اگر یہ لوگوں کو قتل کریں تو ان کو قتل کر دیا جائے اور اگر یہ لوگوں کا مال چھینیں تو ان کا دایاں ہاتھ اور بائیاں پاؤں کاٹ دیا جائے، دوسری قسم کے باغی بھی ڈاکو ہیں۔

۳۔ "والثالث قوم لهم منعة وحمية خرجوا عليه بتأويل يرون أنه على باطل كفر اومعصية يوجب قتاله بتأويلهم وهؤلاء يسمون بالخوارج يستحلون دماء المسلمين وأموالهم ويسبون نساء هم ويكفرون اصحاب رسول اللهﷺوحكمهم عند جمهورالفقهاء وجمهور اهل الحديث حكم البغاة"۔

تیسری قسم باغیوں کی یہ ہے کہ ایک قوم کو لشکری قوت حاصل ہو امام کی مخالفت کی، وہ مخالفت کر رہے ہوں کسی تاویل کی وجہ سے (ان کی تاویل سراسر باطل ہوگی) یہ لوگ اپنے خیال کے مطابق امام کو کافر یا گنہگار مانتے ہیں، اس لیئے سمجھتے ہیں کہ قتال کرنا واجب ہے، یہ لوگ خارجی ہیں جو مسلمانوں کے قتل کو جائز سمجھتے ہیں، اور ان کے مال کو جائز سمجھتے ہیں، اور ان کی عورتوں کو قید کر لیتے، اور صحابہ کرام کو کافر کہتے ہیں، جمہور علماء کے نزدیک ان کا حکم باغیوں والا ہے یعنی تیسری قسم باغیوں کی خارجی ہیں۔

۴۔ "والرابع قوم مسلمون خرجوا على امام العدل ولم يستبيحوا مااستباده الخوارج من دماء المسلمين وسبى ذراريهم وهم البغاة"۔

چوتھی قسم باغیوں کی یہ ہے کہ مسلمان قوم عادل بادشاہ کی طاعت سے نکل جائے، لیکن خارجیوں کی طرح مسلمانوں کے قتل کو جائز نہیں سمجھتے، اور نہ ہی مسلمانوں کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے ہیں، یہ (مشہور) باغی ہیں یہ بغاوت بھی ناجائز ہے۔(1)

(1) فتح القدیرج ۵ ص ۳۳۵ باب البغاۃ

Marfat.com

## صحابہ کرام کی بغاوت علیحدہ قسم:

صحابہ کرام (معاذ اللہ) ڈاکو نہیں تھے کہ ان کو قطاع الطریق والی بغاوت کا نام دیا جائے، لہذا پہلی دو قسموں والی بغاوت صحابہ کرام پر سچی نہیں آسکتی، اور نہ ہی وہ خارجی تھے کہ ان کو خارجیوں والی بغاوت کا نام دیا جائے، خارجی تو کافر ہیں، کسی صحابی کو (معاذ اللہ) کافر نہیں کہا جاسکتا، ہاں کوئی کافر کسی صحابی کو باغی بمعنی خارجی کہے تو وہ کہہ سکتا ہے کہ وہ ہے ہی کافر، کافر کا مسلمان کو کافر کہنا کوئی باعث تعجب نہیں۔

ہمارے ذہنوں میں جو بغاوت ہے وہ بھی صحابہ کرام میں نہیں تھی، کیونکہ مشہور بغاوت ناجائز ہے، صحابہ کرام کسی حرام کے مرتکب نہیں ہوئے، لہذا صحابہ کرام میں مذکور چوتھی قسم کی بغاوت بھی نہیں تھی۔

## صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں کون سی بغاوت تھی؟

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اجتہادی اختلاف تھا، ایک فریق کا اجتہاد درست تھا، دوسرے کا اجتہاد درست نہ تھا، جس فریق کا اجتہاد درست نہیں تھا اور وہ درست اجتہاد والے مجتہد مصیب فریق سے جنگ کر رہے تھے، اجتہاد مخطئ فریق کو میرے پیارے مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رب تعالی کے عطاء کردہ علوم غیبیہ کی وجہ سے باغی فرما دیا تھا، کہ وہ فریق جو مصیب نہیں ہوگا ان کی اجتہادی خطاء کی وجہ سے ان کا مطالبہ زیادتی ہوگا، اسی مطالبہ کی زیادتی کو بغاوت کا نام دیا گیا۔

## صرف بغاوت بغاوت کی رٹ نہ لگائی جائے:

بلکہ اس بغاوت کی وضاحت بھی کریں، صحابہ کرام کو مطلقا باغی کہنے والے اور اس بغاوت کی صحیح ترجمانی نہ کرنے والے درحقیقت صحابہ کرام سے بغض رکھنے والے ہیں، ان کو ہی علماء

Marfat.com

سوء کہا جاتا ہے، بلکہ راقم کے نزدیک وہی جہلاء مطلق ہیں، بغض صحابہ رکھنے کی وجہ سے ان کو نہ دین حنیف حاصل ہے اور نہ ہی ان کا دین منور ہے بلکہ ان کا دین باطل ہونے کی وجہ سے مظلم ہے، ایسے لوگوں کو دین میں امتیازی شان حاصل نہیں ہوتی، ہاں البتہ وہ رفض وخروج میں ممتاز ہو جاتے ہیں، ہاں یقین کیجئے ایسے لوگوں کو دینی عظمت حاصل نہیں ہو سکتی بلکہ ذلت ہی حاصل ہوتی ہے ایسے لوگ دین اسلام میں مخدوم کیا ان منحوسوں کو تو کوئی خادم کہنے کیلئے تیار نہیں کیونکہ بغض صحابہ رکھنے ولا خادم بھی حقیقی مخدوم کی شان کو برباد کر دیتا ہے، بغض صحابہ رکھنے والے جہلاء کیا دین اسلام کی وضاحت کریں گے وہ تو منافقانہ انداز سے دین اسلام کا حلیہ بگاڑ دیں گے؟

تقیہ کرنے والے جہلاء سوء یاروں سے بچ کر رہیں، ان کی بدگو زبان کی زد میں تو ''اسد اللہ الغالب'' حضرت علی رضی اللہ عنہ شیر خدا جیسا بہادر شخص بھی آتا ہے، اور تقیہ کے من گھڑت قول سے انہوں نے شیر خدا کو ڈرپوک بنا دیا اور تقیہ کی لعنت سے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو ''مذلة المسلمين'' (مسلمانوں کو ذلت عطاء کرنے والے) کے درجہ میں کھڑا کر دیا حقیقت تو یہ ہے کہ تقیہ کی تلوار سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ بھی بچ نہیں سکتے، تقیہ والے حسین حسین کہتے بھی رہیں تو ان سے لوگ پوچھیں گے کہ جو کام حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے کیا کہ تقیہ کر کے باطل خلفاء کی باطل خلافتوں کو (معاذ اللہ) تسلیم کر لیا، اور جو کام حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے تقیہ سے کیا کہ ایک باغی، ظالم باطل راہ پر چلنے والے شخص کو (معاذ اللہ) خلیفہ برحق بنا کر اپنے آپ کو بچا لیا، وہ کام حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے کیوں نہ کیا کہ آپ بھی اپنے آپ کو اور اپنے خاندان کو بچا لیتے۔

تقیہ در حقیقت منافقت کا دوسرا نام ہے، حضرت علی اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہما اس سے پاک وصاف تھے وہ تو سچے اور کھرے مسلمان تھے، بہادر تھے، ڈرپوک نہ تھے تقیہ والے بدیاروں سے علماء کرام وطلباء کرام بچ کر رہیں، وہ تمہارے دین وایمان کے

Marfat.com

لٹیرے ہیں، ایسا نہ ہو کہ دین برباد کر بیٹھو، پھر کف دست (ہتھیلیاں) ملنے سے کچھ حاصل نہیں ہو گا۔

## علماء حق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی بغاوت کی وضاحت کرتے ہیں:

"عن ابی بکر قال قال رسول الله ﷺ اذا التقی المسلمان بسیفیهما فالقاتل والمقتول فی النار"۔ (1)

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب دو مسلمان ایک دوسرے سے تلواروں کا سامنا کرتے ہیں تو اس حال میں قتل کرنے والا اور قتل کیا جانے والا دونوں جہنمی ہیں۔

اسی حدیث سے پہلے ایک اور حدیث میں اس کی مزید وضاحت دیکھئے، پھر صحابہ کرام کی بغاوت کو سمجھئے۔

"عن الاحنف بن قیس قال خرجت وانا ارید هذا الرجل فلقینی ابو بکر فقال این ترید یا احنف قال قلت ارید نصر ابن عم رسول الله ﷺ یعنی علیا قال فقال لی یا احنف ارجع فانی سمعت رسول الله ﷺ یقول اذا تواجه المسلمان بسیفیهما فالقاتل والمقتول فی النار قال فقلت أوقیل یارسول الله هذا القاتل فما بال المقتول قال أنه قد اراد قتل صاحبه"۔ (2)

احنف بن قیس کہتے ہیں میں نکلا، اس شخص (حضرت علی رضی اللہ عنہ کو امداد کا) ارادہ رکھتا تھا، تو مجھے ابو بکر (رضی اللہ عنہ) ملے تو انہوں نے پوچھا اے

---

(1) مسلم ج ٦ ص ٣٩٧ کتاب الفتن
(2) مسلم ج ٦ س ٣٩٧ کتاب الفتن

Marfat.com

احنف کہاں جانے کا ارادہ رکھتے ہو، میں نے کہا میں رسول اللہ ﷺ کے چچا کے بیٹے یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امداد کا ارادہ رکھتا ہوں، تو انہوں نے مجھے کہا اے احنف لوٹ جاؤ، بیشک میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جب دو مسلمان تلواروں سے ایک دوسرے کا سامنا کریں تو قتل کرنے والا اور قتل کیا جانے والا دونوں جہنمی ہیں، آپ سے پوچھا گیا یارسول اللہ قتل کرنے والا تو قتل کرنے والا ہے، لیکن قتل کئے جانے والے کا کیا حال ہے؟ (یعنی وہ کیوں جہنمی ہے) تو آپ نے فرمایا وہ بھی اپنے صاحب کو قتل کرنے کا ارادر کھتا تھا۔

تنبیہ:

شروع میں اختلاف صحابہ کی بحث میں بیان کیا جاچکا ہے کہ صحابہ کرام کہ "حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہما" کے اختلاف میں تین فریق تھے، ایک فریق حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حق سمجھ رہا تھا اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو باغی قرار دے رہا تھا اس فریق پر واجب ہو چکا تھا کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیں اور باغی سے قتال کریں دوسرا فریق حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو حق سمجھ رہا تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو باغی قرار دے رہا تھا اس فریق پر واجب ہو چکا تھا کہ وہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ساتھ دے اور باغی سے قتال کرے تیسرا فریق دونوں کو غلط سمجھ رہا تھا، اس فریق پر لازم ہو چکا تھا کہ وہ کسی ایک کا بھی ساتھ نہ دے، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ تیسرے فریق سے تھے۔

**علماء ربانیین نے تحقیق و تدقیق، چھانٹ بینٹ کے بعد یہ فیصلہ کیا:**

"واما كون القاتل والمقتول من اهل النار فمحمول على من لاتاويل له ويكون قتالهما عصبية ونحوها"

Marfat.com

قاتل اور مقتول کا جہنمی ہونا اس وقت ہو گا جب ان کی لڑائی کی کوئی تاویل نہ ہو، ان کی لڑائی خاندانی اختلاف کی وجہ سے ہو یا دنیاوی اغراض و مقاصد اس میں پائے جائیں، صرف مال بٹورنے کیلئے لڑائی ہو۔

"ثم كونه فى النار معناه مستحق لها وقد يجازى بذلك وقد يعفوالله تعالىٰ عنه هذا هومذهب اهل الحق"

پھر آگ میں جانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ آگ کا مستحق ہو گا، اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے معاف کر دے تو اس کی مرضی ہو گی اہل حق کا یہی مذہب سے ہے۔

"واعلم ان الدماء التى جرت بين الصحابة رضی اللہ عنہم ليست بداخلة فى هذاالوعيد،ومذهب اهل السنة والحق احسان انطق بهم والامساك عما شجربينهم وتاويل قتالهم وانهم مجتهدون متأولون لم يقصدوامعصية ولا محض الدنيا بل اعتقد كل فريق أنه المحق ومخالفه باغ فوجب عليه قتاله ليرجع الى امرالله وكان بعضهم مصيبا وبعضهم مخطئا معذورا فى الخطأ لأنه باجتهاد والمجتهد اذا اخطأ لاأثم عليه وكان على رضی اللہ عنہ هو المحق المصيب فى ذلك الحروب هذا مذهب اهل السنة وكانت القضايا مشتبهة حتى ان جماعة من الصحابة تحيروافيها فاعتزلوا لطائفتين ولم يقاتلوا ولو تيقنوا الصواب لم يتأخروا عن مساعدته"۔[1]

---

(1) نووی شرح مسلم ج٦ ص ٣٩٨ کتاب الفتن

Marfat.com

یقین کر لو صحابہ کرام کے درمیان خونریزی (جنگیں) اس وعید (قاتل و مقتول جہنمی ہیں) میں نہیں آتیں۔ مذہب اہل سنت کا یہی ہے کہ حق یہی ہے کہ صحابہ کرام کے متعلق اچھا گمان کرنا چاہئے، اور ان کے اختلافات کے متعلق زبان نہ کھولی جائے، اور ان کے قتال کی تاویل بیان کی جائے، وہ تاویل یہ ہے کہ صحابہ کرام اجتہاد سے کام لے رہے تھے اور تاویل سے کام لے رہے تھے، کسی فریق کا معصیت (گناہ) کا کوئی ارادہ نہ تھا، اور نہ ہی فقط دنیا کیلئے وہ قتال (جنگ) تھی، بلکہ ہر فریق کا اعتقاد یہ تھا کہ میں حق پر ہوں، اور میرا مخالف باغی ہے، تو اس پر قتال لازم ہو جاتا تھا، تاکہ اس کے نزدیک جو باغی ہے وہ اللہ تعالی کے حکم کی طرف لوٹ آئے، ایک فریق ان میں سے اپنے اجتہاد میں درست راہ پر تھا، اور دوسرا فریق اجتہادی خطاء میں تھا، وہ اپنی اجتہادی خطاء میں معذور تھا، کیونکہ مجتہد سے جو اجتہاد میں خطاء واقع ہو اس میں اس سے گناہ نہیں ہوتا حضرت علی رضی اللہ عنہ ان لڑائیوں میں حق اور صواب راہ پر تھے، یہی اہل سنت وجماعت کا مذہب ہے، لیکن لڑائیوں میں دلائل واجتہادات مشتبہ تھے، اسی وجہ سے صحابہ کرام کی ایک جماعت ان جنگوں میں حیران تھی، وہ دونوں گروہوں سے جدا تھے، وہ قتال نہیں کر رہے تھے، اگر انہیں کسی ایک فریق کے حق ہونے کا یقین ہوتا تو وہ اس کی ضرور امداد کرتے۔

## اب حدیث عمار کی شرح میں استعمال الفاظ کو دیکھیں:

"قال العلماء هذا الحديث حجة ظاهرة فی ان عليا رضی اللہ عنہ كان محقا مصيبا والطائفة الأخرى بغاة لكنهم

Marfat.com

مجتہدون فلا اثم علیهم لذلک کما قد مناه فی مواضع،منها هذاالباب"۔(1)

علماء نے بیان فرمایا ہے یہ حدیث(حضرت عمار کے قتل ہونے والی)واضح دلیل ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حق اور صواب راہ پر تھے،دوسرا گروہ باغی تھا،لیکن دوسرے گروہ کی بغاوت بمعنی اجتہادی خطاء کے تھی،دوسرے گروہ پر کوئی گناہ نہیں تھا،یہ وجہ ہم نے کئی جگہ پر بیان کی ہے،ابھی اس باب میں بھی بیان کر چکے ہیں۔(جوراقم نے قریب ہی بیان کر دیا ہے)

## دونوں فرقوں کی حقانیت تقریبا مندرجہ ذیل حدیث سے سمجھ آرہی ہے:

"عن أبی هريرة قال قال رسول الله ﷺ لاتقوم الساعة حتی تقتتل فئتان عظيمتان تکون بينهما مقتلة عظيمة ودعواهما واحدة"۔(2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی یہاں تک دو بڑی جماعتوں کے درمیان شدید لڑائی ہوگی،حالانکہ دونوں کا دعوی ایک ہوگا۔

یعنی ایک فریق بھی کہے گا میں حق پر ہوں،میرا مطالبہ شرعی ہے،دوسرا بھی کہے گا میں حق پر ہوں میرا موقف شرعی ہے۔

---

(1) نووی شرح مسلم ج ۶ ص ۴۰۴ کتاب الفتن
(2) مسلم ج ۶ س ۳۹۸) کتاب الفتن

Marfat.com

## غلطی کی بنیادی وجہ:

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مخالفین خارجی بھی تھے جو بے دین اور کافر تھے، اور آپ کے مخالفین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی تھے جو اجتہادی خطاء پر تھے، دونوں فریقوں کو باغی کہا گیا، اور فقہاء کرام دونوں کا ذکر بعض اوقات ایک ہی بحث میں کر دیتے ہیں، ضال اور مضل مبلغین لوگوں کو وہم میں ڈال دیتے ہیں۔

ابو داؤد کی ایک طویل حدیث کے مختصر الفاظ سے فرق دیکھئے حدیث پاک مروی ہے زید بن وہب جہنی سے جس میں یہ مذکور ہے

"افتذهبون الى معاوية واهل الشام وتتركون هؤلاء يخلفونكم الى ذراريكم وأموالكم والله انى لأرجوان يكونوا هؤلاء القوم فانهم قد سفكوا الدم الحرام واغاروا فى سرح الناس فيسرد على اسم الله"۔ (1)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا تم معاویہ اور اہل شام کی طرف جاتے ہو، کیا تم ان کو (خارجیوں کو) اپنے پیچھے اپنے اولاد اور اپنے مالوں میں چھوڑ رہے ہو، قسم ہے اللہ تعالی کی کہ بیشک میں اس قوم کے بارے میں یہی امید کرتا ہوں کہ یہ حرام خون بہائیں گے اور لوگوں کی چراگاہوں (کھیتی اور درختوں) کو لوٹیں گے، اللہ کا نام لے کر ان کی طرف چلو۔ اس حدیث سے بہت واضح ہے کہ خارجی باغی اور تھے اجتہادی خطا والے اور تھے۔

---

(1) ابو داؤد کتاب السنہ باب قتل الخوارج ص ۳۱۳

Marfat.com

علماء سوء کو چھوڑیں، علماء حق کی طرف آئیں:

"لایجوزان ینسب الی احد من الصحابة خطأ مقطوع به اذ کانوا کلهم اجتهد وافیما فعلوه وارادوا الله عزوجل وهم کلهم لنا آئمة وقد تعبد نا بالکف عما شجر بینهم وان لانذکرهم الابأحسن الذکر لحرمة الصحبة ولنهی النبی ﷺ عن سبهم وان الله غفرلهم وأخبر بالرضاء عنهم"۔[1]

یہ جائز نہیں کہ صحابہ کرام میں سے کسی ایک کی طرف قطعی خطاٗ کی نسبت کی جائے، اس لئے کہ سب صحابہ کرام اپنے اجتہاد کے مطابق کام کررہے تھے، ہر ایک کا مقصد اللہ تعالی کی رضاء حاصل کرنا تھا وہ تمام کے تمام ہمارے امام (پیشوا اور راہنما) ہیں اور تحقیق ہمیں عجز اختیار کرتے ہوئے صحابہ کرام کے اختلافات سے باطل ذکر سے زبانوں کو روک کر رکھنا چاہئے، ہمیں ان کی صحابیت کی حرمت (عزت) کالحاظ کرتے ہوئے سوائے ان کے اچھے ذکر کے اور کوئی ذکر نہیں کرنا چاہئے، نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرام کو گالی دینے سے منع فرمایا، اور بیشک اللہ تعالی نے ان کی مغفرت فرمادی اور ان سے راضی ہونے کی خبر دے دی۔

ذرا غور تو کریں نبی کریم ﷺ تو صحابہ کرام کو گالی دینے سے منع کریں لیکن نام نہاد امت مصطفی ﷺ ان کے خلاف زبانیں کھولیں، اور اللہ تعالی جن کی مغفرت کا اعلان فرمائے نام نہاد مسلمان کہیں کہ ان کی بخشش نہیں ہوگی، اور رب تعالی تو ان سے راضی ہونے کا اعلان

(1) الجامع لأحکام القرآن للقرطبی سورۃ الحجرات زیر آیة وان طائفتان من المؤمنین الآیة

Marfat.com

فرمائے لیکن رب کا نام لینے کے دعوید اران سے ناراض رہ کر اپنی عاقبت برباد کر دیں تو اس پر تعجب نہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ: "یضل به کثیرا و یهدی به کثیرا"

کی جلوہ گری واضح نظر آ رہی ہے۔(راقم)

عقیدہ اہل سنت:

اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ تمام صحابہ کرام گناہوں کی آلودگی سے پاک وصاف تھے، ان کی تعریف کرنا ہم پر اسی طرح لازم ہے جیسے ان کی تعریف اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ نے فرمائی، اور جو اختلاف جاری ہوا حضرت امیر معاویہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے درمیان وہ اجتہاد پر مبنی تھا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا جھگڑا امامت کا نہیں تھا۔ (1)

نتیجہ واضح ہوا: صحابہ کرام کا اختلاف حکومت حاصل کرنے کیلئے نہیں تھا، بلکہ ہر فریق کا اجتہاد تھا، اجتہادی اختلاف میں گناہ نہیں، بلکہ ہر فریق کو ثواب ملتا ہے مصیب (درست اجتہاد والے) کو دو ثواب ملتے ہیں، اور مخطیٔ (اجتہاد میں خطاء والے) کو ایک ثواب اجتہاد کا ملتا ہے۔

صحابہ کرام کی تعریف کرنا مسلمانوں پر لازم ہے، اس لئے کہ ان کی تعریف تو اللہ تعالیٰ نے کی اور اس کے رسول ﷺ نے ان کی تعریف کی، جن کی تعریف اللہ اور اسکے رسول کریں ان سے بغض رکھنا حماقت نہیں تو اور کیا ہے۔

(1) حوالہ احیاء العلوم الربع الاول جلد1 کتاب قواعد الاعتقاد

Marfat.com

مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

گروہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر حسب اصطلاح شرح اطلاق فئہ باغیہ آیا ہے مگر اب کہ باغی بمعنی مفسد ومعاند وسرکش ہوگیا اور دشنام سمجھا جاتا ہے اب کسی صحابی پر اس کا اطلاق جائز نہیں۔ (1)

## گستاخ امیر معاویہ گستاخ رسول ہے:

"عن عبداللہ بن مغفل قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ اللہ فی اصحابی لا تتخذوھم غرضا من بعدی فمن احبھم فبحبی احبھم ومن ابغضھم فببغضی ابغضھم ومن آذاھم فقد آذانی ومن آذانی فقد آذی اللہ ومن آذی اللہ فیوشک ان یاخذہ"۔ (2)

عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ سے ڈرتے رہو، اللہ سے ڈرتے رہو میرے صحابہ کے بارے میں، ان کو میرے بعد (طعن و تشنیع) کا نشانہ نہ بنانا، جس شخص نے ان سے محبت کی اس نے میری محبت کی وجہ سے ہی تو ان سے محبت کی اور جس شخص نے ان سے بغض رکھا، اس نے میرے ساتھ بغض رکھنے کی وجہ سے ہی ان سے بغض رکھا، اور جس شخص نے صحابہ کو اذیت پہنچائی تو تحقیق اس نے مجھے اذیت پہنچائی، اور جس شخص نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے اللہ کو اذیت دی، جس نے اللہ کو اذیت دی قریب ہے کہ اللہ اسے اپنی گرفت میں لے لے۔

---

(1) بہار شریعت جلد اول صفحہ ۶۲ مطبوعہ ضیاء العلوم پبلی کیشنز راولپنڈی

(2) رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب

Marfat.com

## حدیث پاک سے حاصل ہونے والے فوائد:

۱۔ نبی کریم ﷺ کو یہ علم حاصل تھا کہ میرے بعد صحابہ کرام کی شان میں گستاخی کرنے والے لوگ آئیں، اسی لئے فرمایا کہ "میرے بعد صحابہ کو (طعن و تشنیع) کا نشانہ نہ بنانا۔

۲۔ صحابہ کرام کی محبت حقیقت میں محبت رسول اللہ ﷺ ہے صحابہ کرام سے محبت نہ کرنے والا محبت مصطفی کے دعوی میں کذاب ہے۔

۳۔ بغض صحابہ بغض رسول اللہ ﷺ ہے، صحابہ کرام سے بغض رکھنے والا ہزار دعوے کرے کہ مجھے تو نبی کریم ﷺ سے کوئی بغض نہیں، یہ کیسے ہو سکتا ہے میں رسول اللہ ﷺ سے بغض رکھوں؟ تو کیا میں اس جھوٹے، مکار، تقیہ کرنے والے کی بات کو مانوں، یا اپنے آقا و مولی مصطفی کریم ﷺ کی بات کو مانوں جنہوں نے واضح طور پر فرمادیا "صحابہ سے بغض رکھنے والا میرے ساتھ بغض رکھنے کی وجہ سے ہی تو ان سے بغض رکھ رہا ہے۔

۴۔ صحابہ کرام کو کسی طرح بھی اذیت پہنچانا، خواہ بغض رکھ کر اذیت پہنچائے، خواہ کسی اور طریقہ سے ان کو اذیت پہنچائے وہ در حقیقت مصطفی کریم ﷺ کو اذیت پہنچا رہا ہے، اور جو رسول اللہ ﷺ کو اذیت پہنچائے وہ در حقیقت اللہ تعالی کو اذیت پہنچا رہا ہے، اور جو اللہ تعالی کو اذیت پہنچائے وہ اللہ تعالی کی گرفت میں آئے گا۔

یعنی صحابہ کرام سے بغض رکھنے اور اذیت پہنچانے والا کسی کا کوئی نقصان نہیں کر رہا ہے، بلکہ وہ اپنی عاقبت برباد کر رہا ہے، دشمنان صحابہ کا انجام ہم نے پہلے بھی دیکھا، آئندہ بھی ان شاء اللہ دیکھتے رہیں گے۔

Marfat.com

"ویمدھم فی طغیانھم یعمھون"۔
اللہ ان کو مہلت دیتا ہے کہ وہ سر کشی میں اور زیادہ سر گرداں رہیں۔

عقل کے اندھوں کا انجام ان شاءاللہ دنیا دیکھے گی، رب تعالیٰ انہیں انجام کو پہنچائے گا ہمیں کیا فکر۔

## سیدنا امیر معاویہ کی خطاء اجتہادی ہے:

اب ہم اہل سنت وجماعت کے نزدیک سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خطاء اجتہادی ہے اور اجتہادی خطاء پر بھی ثواب ملتا ہے گناہ نہیں لہذا اس خطاء میں بھی سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ثواب کے مستحق ہیں اور کیوں نہ ہوں جیسا کہ مجدد صاحب نے فرمادیا کہ آپکی خطاء خیر التابعین اویس قرنی اور عمر ثانی عمر بن عبد العزیز کے صواب سے بہتر ہے۔ اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ "سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے مقابلے میں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خطاء پر تھے اور اہل سنت کے نزدیک انکی خطاء اجتہادی ہے"۔

## قارئین کرام:

یہاں اہل سنت کا مسلک تو واضح ہے کہ خطاء اجتہادی ہے لیکن پہلے الگ کہا گیا کہ آپ رضی اللہ عنہ خطاء پر تھے تو یہاں اجتہادی کا ذکر نہیں اور عوام اہل سنت کے ساتھ دغابازی اور دھوکہ دھی سے کام لیا گیا اور سنیوں پہچانوں ان لوگوں کو کہ جو کبھی کچھ اور کبھی کچھ کہتے ہیں دورنگی اپناتے ہیں۔ رئیس المنافقین کے جانشین ہونے کا ثبوت دیتے ہیں کہ جب محفل میں کوئی دجال کی اولاد ان کو مخاطب کر کے کہے کہ باپ کے ساتھ لڑائی اجتہاد نہیں ہوتا تو یہ عقیدہ اہلسنت کے خلاف بولے جانے پر آخر کیوں سکوت اختیار کر جاتے ہیں؟ اور ایسے ہی لوگوں کی محفلوں میں جب مقبول بارگاہ مصطفےٰ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے

Marfat.com

خلاف نعرے لگائے جاتے ہیں تو ان کی بولتی کیوں بند ہو جاتی ہے۔ اس کا رد کیوں نہیں کیا جاتا؟

سنیو: عقیدہ اہل سنت واضح ہے کہ جیسا کہ امام ابوالحسن اشعری نے الابانہ میں، امام ابواسحق اسفرائنی نے شرح عقائد اسفرائنی میں، امام محمد غزالی نے احیاء العلوم میں، علامہ ابن اثیر نے جامع الاصول میں، علامہ قرطبی مالکی نے تفسیر قرطبی میں، امام محی الدین شرف نووی نے شرح صحیح مسلم میں، حافظ ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں، علامہ تفتازانی نے شرح مقاصد میں، حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری میں، علامہ ابن ہمام نے المسایرہ میں، علامہ ابن حجر مکی نے الصواعق المحرقہ میں، حضرت مجدد الف ثانی نے مکتوبات شریف میں، علامہ الشہاب الدین خفاجی نے نسیم الریاض میں، ملا علی قاری نے مرقاۃ میں، علامہ عبدالعزیز برہاروی نے نبراس میں، امام اہل سنت فاضل بریلوی نے فتاویٰ رضویہ میں اور خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ نے مراۃ العاشقین میں اسکی وضاحت فرمائی ہے کہ آپکی خطاء اجتہادی تھی۔ اور بالخصوص فارق حق وباطل اعلیحضرت عظیم البرکت نے فرمایا ہے کہ جو خطاء اجتہادی نہیں مانتا اس کا اہل سنت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ اسکی وضاحت کیلئے فقیر فتاوی رضویہ شریف سے امور عشرین کی نقل پیش کرتا ہے کیونکہ اعلیحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

> آج کل بہت لوگ ادعائے سنیت کرتے ہیں اور عوام بیچارے دھوکے میں پڑتے ہیں بعض۔ مصلحت وقت کے لئے زبان سے کچھ کہہ جاتے ہیں اور موقع پاکر پلٹا کھاتے ہیں اکثر جگہ ان شاء اللہ العزیز یہ امور عشرین بطور نمونہ کافی ہیں جو بعونہ تعالی فرار سنیت پر سچا فائز

Marfat.com

ہے بے تکلف دستخط کر دے گا ورنہ پانی مرنا آپ ہی نشیب ضلالت کی خبر دے گا۔(1)

## امور عشرین سے موضوع کے متعلق چند امور

۱۔ سید احمد خان علی گڑھی اور اس کے متبعین سب کفار ہیں۔

۲) رافضی کہ قرآن کریم کو ناقص کہے یا مولی علی کرم اللہ وجہ یا کسی غیر نبی کو انبیاء سابقین علیہم السلام میں سے کسی سے افضل بتائے کافر و مرتد ہے۔

رافضیو! غور سے پڑھو۔ کیونکہ میں آگے نقل کرنے والا ہوں کہ انہوں نے مولی علی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی فضیلت دی ہے۔

۳۔ رافضی تبرائی فقہاء کے نزدیک کافر ہے اور اس کے گمراہ بدعتی، جہنمی ہونے پر اجماع ہے۔

غور سے پڑھو اور عبرت حاصل کرو۔ کر کچھ ہوش اے نادان گستاخ۔

۴۔ جو مولی علی رضی اللہ عنہ کو حضرات شیخین پر قرب الہی میں تفضیل دے وہ گمراہ مخالف سنت ہے۔

اور افضی: غور سے۔ بار بار پڑھ مجھے معلوم ہے کہ اعلحضرت کی یہ باتیں تجھے ہضم نہیں ہوں گی۔

۵۔ جنگ جمل و صفین میں حق بدست حق پرست امیر المؤمنین کرم اللہ وجہہ تھا مگر حضرات صحابہ کرام مخالفین کی خطاء خطائے اجتہادی تھی جسکی وجہ سے ان پر طعن سخت حرام انکی نسبت کوئی کلمہ اس سے زائد گستاخی کا نکالنا بیشک رفض ہے اور خروج از دائرہ اہلسنت جو کسی صحابی کی شان میں کلمہ طعن و توہین کہے انہیں برا جانے فاسق مانے ان میں سے کسی سے بغض رکھے مطلقا رافضی ہے۔(2)

---

(1) فتاوی رضویہ جلد ۲۹ ص ۶۱۷
(2) فتاوی رضویہ شریف ج۲۹ص ۶۱۳ مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور

Marfat.com

پنج تن پاک کی نسبت سے پانچویں نمبر پر اعلحضرت نے جو طمانچہ روافض کے منہ پر مارا ہے اسکی کیفیت وہ خود ہی بیان کر سکتے ہیں۔ کیونکہ خطاء اجتہادی سے زائد کلمہ گستاخی کا نکالنا رفض ہے بقول اعلحضرت کے تو خطاء منکر کا قول کرنے والے غور کریں کیونکہ خطاء منکر پر ثواب نہیں ملتا بلکہ ۔۔۔تو یہ گستاخی نہیں تو کیا ہے اور اعلحضرت نے فرمایا جو کسی صحابی کی شان میں کلمہ طعن وتوہین کہے مطلقارافضی ہے تو کیا حضرت امیر معاویہ کو دور کا صحابی کہنا، انکی شان بیان کرنے والوں کو پاگل کہنا، اور خلفائے ثلثہ کی شان میں حدیث کا مذاق اڑانا اور توہین امیز لہجہ میں انکار کرنا اور امیر معاویہ کے خلاف لگائے جانے والے نعرہ پر خاموش رہنا۔ صحابی کی گستاخی نہیں تو کیا ہے؟

## محدث اعظم پاکستان کا فیصلہ:

آپ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ میں نے اپنے رب سے صحابہ کے اپنے بعد اختلاف کے متعلق سوال کیا اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی بھیجی کہ اے محمد ﷺ تحقیق آپ کے اصحاب میرے نزدیک آسمان میں ستاروں کی طرح ہیں بعض ان کے بعض سے زیادہ قوت والے ہیں اور ہر ایک کے لئے نور ہے تو جس نے ان کے اختلاف سے کسی چیز پر عمل کیا تو وہ میرے نزدیک ہدایت پر ہے اور فرمایا رسول اللہ نے کہ میرے صحابہ ستاروں کی مثل ہیں جس کی پیروی کروگے ہدایت پاؤگے۔

یہ حدیث شریف صراحۃ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے اختلافی مسائل میں ہدایت پر تھے اور حضرت سیدنا علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ اور حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں جو اختلاف تھا وہ بھی اس اختلاف میں شامل ہے لہذا اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حضور سیدنا علی شیر خدا رضی اللہ عنہ اور حضرت سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ میں جو اجتہادی اختلاف ہوا اس میں یہ دونوں حضرات ہدایت پر تھے مگر مولا علی رضی اللہ عنہ ہدایت میں بہت زیادہ قوی تھے اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ان کے برابر قوی نہ تھے مگر ہدایت پر دونوں تھے دونوں

Marfat.com

ہدایت کے چمکتے ستارے تھے حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ بہت زیادہ روشن اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بھی ہدایت کے روشن ستارے تھے مگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ہدایت میں ان کے برابر کے مرتبہ میں نہ تھے، بلکہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مرتبہ ومقام ان سے اعلیٰ وارفع ہے تمام صحابہ کرام چونکہ ہدایت کے ستارے ہیں۔ (1)

قارئین کرام: مذکورہ بحث سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ ایسے لوگ جنکی نمرودیات وفرعونیات وسبائیات کا ذکر کیا۔
گیا بقول آئمہ اہل سنت وجماعت سے کوئی تعلق نہیں رکھتے بلکہ صرف سنیت کا لبادہ اوڑھ کر سادہ لو مسلمانوں کو رافضیت کے کرتب دکھا کر رافضیت کی دلدل میں پھنسار ہے ہیں یہ راگ الاپ کر کہ جھگڑا سنی شیعہ کا نہیں ہے بلکہ جھگڑا وہابی شیعہ کا ہے۔ اپنی عاقبت کے ساتھ ساتھ عوام اہل سنت کے گلے میں بھی گمراہی کا طوق ڈال کر نار جہنم کی طرف دھکیل رہے ہیں۔

ہم تو ڈوبے ہیں صنم
تمہیں بھی لے ڈوبیں گے

**سیدنا امیر معاویہ دیگر صحابہ کیلئے پردہ ہیں:**

حضرت ربیعہ بن نافع نے تنبیہ فرمائی ہے کہ:

"معاویة ابن ابی سفیان ستر اصحاب رسول الله ﷺ
فاذا کشف الرجل السترا اجتری علی ما وراء ہ"۔ (2)

---

سیدنا امیر معاویہ از محدث اعظم پاکستان ص ۸
تاریخ بغداد ج۱ ص ۲۲۳

Marfat.com

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی مثال صحابہ کرام کیلئے ایک پردے جیسی ہے، جس شخص نے آپ پر زبان درازی کر دی، اس کی جھجک اتر گئی اور اس کیلئے باقی صحابہ پر زبان درازی کا دروازہ کھل گیا۔

## صرف محبت باعث نجات نہیں:

حق چار یار کی اصطلاح کے مخالفین کی ایک اور عبارت کو واضح کرنا چاہتا ہوں جسمیں انہوں نے (معاذاللہ ثم معاذ اللہ) مولی علی پاک کی محبت میں اتنا غلو کر دیا ہے کہ آپ کو امام الانبیاء سید الاولین والاخرین جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی فضیلت دے دی ہے۔ ملاحظہ ہو۔

"اور اس پر اتفاق ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سارے بنی ہاشم سے افضل ہیں۔ یہ بات ہمارے بزرگوں کے سوا ابن تیمیہ متوفی ۷۲۸ھ جو دوسرے طبقے کے ہیں مجموعۃ الفتاوی جلد دوم ص ۵۶۳ پر لکھتا ہے۔ ساری دنیا سے قریش افضل قریش سے ہاشمی افضل ہاشمیوں میں حضرت علی افضل اور افضل کا افضل، افضل ہوتا ہے"۔ (1)

فقیر دعوت فکر دیتا ہے کہ اس عبارت کو غور سے پڑھیں کہ ساری دنیا سے قریش افضل قریش سے ہاشمی افضل ہاشمیوں میں حضرت علی افضل۔ عبارت مذکور میں ایک تو ساری دنیا اور دوسرا حضرت علی سارے بنی ہاشم سے افضل ہیں۔

ان دو جملوں کو دیکھئے تو بات بالکل واضح ہو جائے گی کہ سارے ہاشمیوں میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو افضل کہا جائے تو مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہاشمی ہیں تو تمام ہاشمیوں سے مولی علی کو افضل کہنے میں مولی علی کی افضلیت مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر لازم آ رہی ہے۔ کیونکہ ہاشمیوں

---

(1) نعرہ حیدری ص ۱۵ قادریہ جیلانیہ پبلیکشنز

Marfat.com

میں حضرت علی افضل ہیں بغیر تخصیص اور وضاحت کے کہہ دیا جائے تو ہاشمیوں میں حضور سید عالم بھی شامل ہیں ۔ آپ بھی ہاشمی ہیں تو یہاں ان لوگوں نے (معاذ اللہ ثم معاذاللہ) مولی علی پاک کو حضور پاک ﷺ پر بھی فضیلت دے دی۔

ایسوں کو کہا جائے:

تف بر تو اے چرخ گردان تف

پہلی بات تو یہ ہے کہ مذکورہ عبارت کا حوالہ دیا گیا ابن تیمیہ کے مجموعۃ الفتاوی کا۔ اہل سنت وجماعت کے نزدیک ابن تیمیہ جیسے ملعون و گمراہ و بد طینت کی حیثیت ہی کیا ہے، ایسے گمراہ کو ہم نہیں مانتے جس نے امت مسلمہ میں ایک نئے فرقے کو ہوا دیکر پروان چڑھایا ہے اور سارے عقائد گمراہ کن ہوں۔ ایسے گمراہوں کے حوالے تم کو مبارک ہوں۔

Marfat.com

# ابن تیمیہ پر سرسری نظر

## ابن تیمیہ کے عقائد:

ا۔ اللہ تعالیٰ محل حوادث ہے حالانکہ وہ برتر ہے اس سے جو یہ کہہ دیا ہے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ مرکب ہے اور محتاج ہے (ہاتھ آنکھ، ساق وغیرہ کا) جیسا کہ کل جزء کا محتاج ہوتا ہے۔

۳۔ قرآن اللہ تعالیٰ کی ذات میں محدث ہے۔

۴۔ اللہ تعالیٰ کی جسمیت وجہت وانتقال کا قائل ہے۔

۵۔ انبیاء علیہم السلام معصوم نہیں۔

۶۔ رسول ﷺ کے لئے کوئی جاہ و منزلت نہیں اور نہ ان سے توسل جائز ہے۔

۷۔ رسول اللہ ﷺ کی زیارت کیلئے سفر کرنا معصیت ہے (معاذ اللہ) اس سفر میں نماز قصر نہ کرنی چاہئے۔

۸۔ اہل دوزخ کا عذاب منقطع ہو جائے گا دائم نہ ہو گا (آگ فنا ہو جائے گی)۔

۹۔ سجدہ تلاوت کے لئے وضوء کی شرط نہیں۔ (1)

۱۰۔ تین طلاقیں معاً واقع نہیں ہوتیں وہ ایک شمار ہو گی (اسی لئے منقطع النسب پیدا ہو کر گستاخ رسول بن رہے ہیں کیونکہ حلالی کبھی بھی رسول اللہ ﷺ کا گستاخ نہیں ہو سکتا)

۱۱۔ حائض بیت اللہ شریف کا طواف کرے تو جائز ہے اس پر کوئی کفارہ نہیں۔

۲۱۔ پانی میں چوہا وغیرہ مر جائے تو ناپاک نہیں ہوتا۔ (2)

---

(1) سرگزشت ابن تیمیہ بحوالہ تکملۃ الرد علی نونیہ ابن القیم للکوثری ص ۲۱،۲۳ مطبوعہ نوری کتب خانہ

(2) سر گزشت ابن ابن تیمیہ ص ۲۱،۲۲ مطبوعہ نوری کتب خانہ

Marfat.com

جو شخص ایسے رذیل عقائد کا مالک ہو یعنی اللہ تعالی کا رسول ﷺ کا گستاخ ہو اسلاف کا گستاخ ہو اہلسنت وجماعت کے اجماعی عقائد کی پختہ دیواروں میں شگاف ڈالنے والا ہو تو ایسے بد طینت کا حوالہ چہ معنی دارد۔ اور ابن تیمیہ اگر شیخ الاسلام ہے تو خارجیوں کا ہے۔ لہذا ابن تیمیہ کے لکھی ہوئی باتوں کو اپنا عقیدہ بنانا خارجیوں کا کام ہے ہم اہل سنت کا نہیں۔

## روافض ابن تیمیہ کو کیوں مانتے ہیں:

فقیر کو دیگر باتیں تو معلوم نہیں کہ اصل راز کیا ہے اشتراک ابن تیمیہ و روافض کا لیکن ایک بات یہ ہے کہ ابن تیمیہ جانشین رئیس المنافقین ہے اور روافض جانشین عبد اللہ ابن سباء ہیں تو یہ دونوں بڑے قریب قریب ہیں تو اسوجہ سے ان کو ماننے والے بھی قریب قریب ہو گئے۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ ابن تیمیہ نے صرف شان علی المرتضی رضی اللہ عنہ کا انکار کیا ہے اور انامدینۃ العلم وعلی بابھا کو موضوع کہا ہے اور روافض اس چیز میں اس سے تین ہاتھ آگے نکل گئے کہ خلفا اربعہ کی شان میں وارد حدیث انا مدینۃ العلم وابو بکر اساسھا وعمر حیطانھا وعثمان سقفھا وعلی بابھا کا انکار کر دیا ہے۔ بہر حال صحابہ کے گستاخ ہونے میں دونوں شریک ہیں۔

اگر اس مقام پر روافض ابن تیمیہ سے آگے نکل گئے ہیں تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بیٹا باپ سے آگے بڑھ جاتا ہے جیسا کہ حضور بنی کریم ﷺ کی حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ شیطان میری مثل نہیں بن سکتا لیکن شیطان کی اولاد نجدی خارجی کہتے ہیں حضور ہم جیسے ہیں (معاذ اللہ) تو یہاں یہ اپنے باپ سے بھی آگے بڑھ گئے ہیں۔ اور تیسری بات یہ ہے کہ ابن تیمیہ توبہ کر کے پھر جاتا تھا یہی شعار روافض کا بھی ہے کہ مصلحت کے تحت توبہ اور پھر موقع پاکر عقیدہ اہل سنت سے انحراف۔

Marfat.com

اعلحضرت نے خوب فرمایا:

آج کل بہت لوگ ادعائے سنیت کرتے اور عوام بیچارے دھوکے میں پڑتے ہیں بعض مصلحت وقت کے لئے زبان سے کچھ کہہ جاتے اور موقعہ پاکر پھر پلٹا کھاتے ہیں۔[1]

اور چوتھی وجہ یہ ہے کہ جسطرح ابن تیمیہ اور اس کے اصحاب اہل سنت و جماعت کے سامنے ٹھہر نہیں سکتے بھاگ جاتے ہیں اسی طرح روافض بھی مسلک حقہ اہل سنت و جماعت کے سامنے ٹھہر نہیں سکتے جیسا کہ علامہ نور بخش توکلی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمایا ہے:

" ابن تیمیہ کے اصحاب میں اس کی دعوت دینے والے ارذل ہیں اور جب اس بارے میں ان سے مخاصمہ کیا جاتا ہے تو اس سے انکار کر جاتے ہیں اور یوں اس سے بھاگتے ہیں جیسا کہ مکروہ سے بھاگتے ہیں۔[2]

بوجہ عجلت واختصار چار وجوہ ذکر کر دی ہیں، باقی متعدد ایسی چیزیں ہیں جو ان دونوں کے درمیان مابہ الاشتراک ہیں۔ فتامل

اب آیئے اس بات کی وضاحت کر دوں کہ محبت گمراہ بھی کر دیتی ہے جیسا کہ روافض اس کی روشن دلیل ہیں۔

فرمان مصطفی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حق ہے:

"وعن علی قال قال رسول اللہ ﷺ فیک مثل من عیسی ابغضته الیھود حتی بھتوا امه واحبته النصاری حتی انزلوہ بالمنزلة التی لیست له ثم قال

---

(1) فتاوی رضویہ ج۲۹ ص۶۱۷ مطبوعہ رضا فائونڈیشن لاہور
(2) سرگزشت ابن تیمیہ ص۲۵ مطبوعہ رضا فائونڈیشن لاہور

Marfat.com

یهلک فی رجلان محب مفرط یقرظنی بمالیس فی ومبغض یحمله شنانی علی ان یبهتنی رواہ احمد"۔ (1)

سیدنا علی المرتضی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی تیری مثال ایسے ہے جیسے عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ ان سے یہودیوں نے بغض رکھا اور ان کی والدہ پر الزام لگا دیا اور عیسائیوں نے محبت رکھی اور ان کو وہ مرتبہ دے دیا جس کے وہ حق دار نہ تھے۔

پھر مولا علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے بارے میں دو طرح کے آدمی ہلاک ہو جائیں گے۔ ایک حد سے زیادہ محبت کرنے والا جو میری ایسی شان بیان کرے گا جس کا میں حق دار نہیں۔ دوسرا گروہ مجھ سے بغض رکھنے والا جسے میری دشمنی مجھ پر بہتان لگانے پر آمادہ کرے گی۔ اور ایک دوسرے مقام پر مولی علی مشکل کشاء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"سیهلک فی صنفان محب مفرط یذهب به الحب الی غیر الحق ومبغض مفرط یذهب به البغض الی غیر الحق وخیر الناس حالا النمط الاوسط الزموه والزموا السواد الاعظم فان ید الله علی الجماعة وایاکم والفرقة"۔

سیدنا علی المرتضی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں "میرے بارے میں دو طرح کے لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔ ایک حد سے زیادہ محبت کرنے والا جسے یہ محبت حق سے دور لے جائے گی۔ اور دوسرا مجھ سے بغض رکھنے والا جسے یہ بغض حق سے دور لے جائے گا۔ میرے بارے میں درمیانی راہ پر چلنے والے ہی صحیح ہوں گے۔ ہمیشہ بڑے گروہ کی پیروی

---

(1) مشکوۃ شریف ص۵۶۲ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور

Marfat.com

کرو۔ بے شک اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے۔ تفرقہ بازی سے ہمیشہ بچو۔
جماعت سے الگ ہونے والا شیطان کا شکار بن جاتا ہے جس طرح اکیلی
بکری ریوڑ سے بچھڑ کر بھیڑیے کا شکار بن جاتی ہے۔[1]

فرمان مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمان علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جو محبت علی رضی اللہ عنہ میں حد سے بڑھ جاتا ہے وہ گمراہ وہلاک ہو جاتا ہے جیسا کہ ماقبل میں یہ بات گزر چکی ہے کہ روافض نے گمراہی کا طوق گلے میں ڈالتے ہوئے مولا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر فضیلت دے دی۔

## فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا فتوی:

رافضی کہ قرآن عظیم کو ناقص کہے یا مولی علی کرم اللہ وجہہ یا کسی غیر نبی کو انبیاء سابقین علیہم السلام میں سے کسی سے افضل بتائے کافر و مرتد ہے۔[2]

## امام ابو شکور سالمی رحمۃ اللہ علیہ:

اور جو یہ عقیدہ رکھے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور اقدس سے افضل و اعلم تھے تو وہ قطعا کافر ہو جائے گا۔[3]

فیصلہ عوام پر: جب کوئی شخص کبھی ادھر اور کبھی ادھر ہو یعنی کبھی سنی کبھی رافضی کبھی صحابہ کے تحفظ کی بات کبھی مذکورہ سبائیات تو فیصلہ کرنا عوام کے لئے آسان ہے آیئے اعلحضرت رحمۃ اللہ علیہ کے ایک فتوی پر اختتام کرتے ہیں۔

---

(1) نہج البلاغہ خطبہ نمبر ۱۲۷ مطبوعہ ایران۔قم
(2) فتاوی رضویہ شریف ج۲۹ ص۶۱۵ مطبوعہ مکتبہ رضا فاؤنڈیشن لاہور
(3) تمہید ابو شکور سالمی ص۲۵۷ مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور

Marfat.com

مسئلہ: از سیتاپور ذی الحجہ ۱۳۳۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص پر رفض کا شبہ ہے اس کی نشست ان لوگوں کے پاس ہے اور ان کی خاص مجلسوں میں جاتے بھی اسے دیکھا اور اس سے توبہ کو کہا جائے تو توبہ بھی نہیں کرتا اور حالت اس کی یہ ہے کہ رافضیوں میں رافضی، سنیوں میں سنی اور اسے بعض لوگوں نے اپنے لڑکوں کا معلم اور مسجد کا امام مقرر کیا ہے اس صورت میں اس کا اور اس کے مقرر کرنے والوں کا کیا حکم ہے اور اس کا معزول کرنا بوجہ شبہ کے واجب ہے یا نہیں، اگر ہے تو کس دلیل سے، حالانکہ وہ اہلسنت کے سامنے کوئی بات عقیدہ روافض کی زبان سے نہیں نکالتا اور اگر وہ توبہ کر لے تو اس کے بعد بھی رکھا جائے یا نہیں؟ "بینواتوجروا"

**الجواب:** جبکہ ثابت و محقق ہو کہ رافضیوں میں رافضی اور سنیوں میں سنی بنتا ہے جب تو ظاہر ہے کہ وہ رافضی بھی ہے اور منافق بھی اور اس کے پیچھے نماز باطل محض، جیسے کسی یہودی نصرانی ہندو مجوسی کے پیچھے کما بیناہ فی النھی الاکید (جیسا کہ ہم نے اسے "النھی الاکید" میں بیان کیا ہے) بلکہ تبرائی روافض زمانہ ان سے بھی بدتر ہیں کہ وہ کافران اصلی ہیں اور یہ مرتد، اور مرتد کا حکم سخت تر واشد کما "حققناہ فی المقالۃ المسفرۃ" (اس کی تحقیق ہم نے اپنے مقالے مسفرہ میں کی ہے) اور اگر صرف اسی قدر ہو کہ اس کی حالت مشکوک و مشتبہ ہے جب بھی اسے امامت سے معزول کرنا بدلائل کثیرہ واجب ہے۔[1]

(1) فتاوی رضویہ شریف ج۶ ص۵۲۸، ۵۲۷ مطبوعہ رضا فاونڈیشن لاہور

Marfat.com

# حق چار یار اور مسائل مذکور فتاوی جات کے تناظر میں

اس باب میں حق چار یار اور مسائل مذکور کے متعلق اہل سنت وجماعت کے مدارس سے حاصل کئے گئے چند فتاوی نقل کئے جارہے ہیں تاکہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ حق چار یار اور مسائل مذکور فقیر کے تفردات میں سے ہے بلکہ یہ اہل سنت وجماعت کا متفقہ فیصلہ ہے اسلئے ہم سب سے پہلے مدارس کو ارسال کیا گیا استفتاء نقل کرتے ہیں۔ اور اس کے بعد فتاوی جات۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین در ایں مسائل:

ا۔ کہ کوئی شخص سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو گنہگار کہے۔

۲۔ اور افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا انکار کرے یا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو محض سیاسی خلیفہ بلا فاصلہ کہے اور روحانی خلیفہ بلافصل علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سمجھے۔

۳۔ اور ازواج مطہرات کو خارج از اہل بیت کہے اور کہے کہ قرآن کی بولی کے مطابق ازواج مطہرات کو اہل بیت میں شمار کرنا درست نہیں پنج تن پاک ہی اہل بیت ہیں اور شان تطہیر ان کے ماسوا کسی کو بھی حاصل نہیں۔

۴۔ نعرہ تحقیق کے جواب میں (حق چار یار) سے اختلاف کرتے ہوئے کہے کہ یہ نعرہ 1953 کی پیداوار ہے اور مزید برآں یہ کہ حق چار یار کہنے سے بغض اہل بیت کی بو آتی ہے تو نہایت ادب سے گزارش ہے کہ جو شخص یہ عقیدہ رکھے قرآن و سنت کی رو سے اس شخص پر کیا حکم شرعی صادر ہوگا؟

المستفتی
فدا حسین رضوی

Marfat.com

## فتوی مرکزی دار العلوم حزب الاحناف لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب
ھو الموفق للصدق والصواب

ایسا شخص گمراہ و بے دین ہے اگر چہ اسکو کافر تو نہیں کہا جائے گا تاہم اہل سنت سے اس کا کوئی تعلق نہیں اس سے میل جول رکھنا سراسر نقصان و خسارے کا باعث ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لے کر آخر تک ہمارے ہاں محفوظ ہیں یہی عقیدہ ہمارا ازواج مطہرات اور ائمہ اہل بیت کے متعلق ہے جبکہ شیعہ حضرات اہل بیت کے بارے میں عصمت کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ باقی باتیں بھی مذکورہ شخص کی بیہودہ اور فضول ہیں بہر حال مذکورہ شخص راہ راست سے بھٹکا ہوا ہے اور عقیدہ حقہ سے ہٹ کر باتیں کر رہا ہے اسکی صحبت سے صحیح العقیدہ لوگوں کو بچنا چاہیے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فلا تقعد بعد الذکریٰ مع القوم الظالمین
واللہ تعالی اعلم و رسولہ بالصواب جل جلالہ ﷺ

غلام حسن قادری حزب الاحناف
6.3.2010

Marfat.com

# فتوی جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب بعون اللہ الملک الوھاب

(۲) مجمع الانھر شرح ملتقی الابحر مطبوعہ قسطنطنیہ ج اول ص ۱۰۵ پر درج ہے:

الرافضی ان فضل علیا فھو مبتدع وان انکر خلافۃ الصدیق فھو کافر۔

اگر کوئی شیعہ رافضی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر فضیلت کا یقین رکھے وہ بدعتی گمراہ بدعقیدہ جاہل ہے۔اور اگر خلافت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا انکار کرے وہ کافر ہو جاتا ہے

الغلاۃ الروافض الذین یدعون الاولوھیۃ لعلی رضی اللہ عنہ وان النبوۃ کانت لہ فغلط جبرئیل ونحو ذلک حتما ھو کفر وکذا من یقذف الصدیقۃ او ینکر صحبۃ الصدیق او خلافۃ او یسب الشیخین

حد سے بڑھنے اور تجاوز کرنے والے رافضی شیعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اللہ مانتے ہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نبوت کے دعویدار ہیں کہ جبریل کو وحی لے آنے میں غلطی ہوئی ہے حضرت کے بجائے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی جبریل امین نازل کر گئے اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگاتے ہیں اسی طرح حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کے

Marfat.com

سرے سے منکر ہیں حتیٰ کہ ابو بکر و عمر کو گالی دیتے "نعوذ با اللہ من ذالک" ان پر لعنت کرتے ہیں یہ کافر ہیں۔

جواب سوال نمبر ۱:

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خطا اور گناہ سے ہم پاکیزہ منزہ نہیں مانتے کیونکہ آیت کریمہ سے "ان الانسان لفی خسر" والمشہور الانسان مرکب من الخطاء والنسیان" ہاں البتہ مسئلہ خلافت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ میں ہم ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو گنہگار نہیں کہتے کیونکہ آنحضرت کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی میں ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امیر حج قائم فرمایا اور مسجد نبوی میں امام متعین کیا۔

جواب سوال نمبر ۴:

نعرہ تحقیق اور اس کے جواب حق چار یار کا مطلب یہ ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم چاروں یار رسول صلی اللہ علیہ وسلم حق ہیں کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منافق نہیں چاروں کی ترتیب افضیلت و خلافت حق ہے رافضیوں کا رد ہے کہ وہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے ماسواء کو یار اور صحابی نہ مان کر" نعوذ باللہ تبرا "اور لعنت کرتے ہیں حق چار یار کی حقیت واصلیت رسول کریم کے زمانے سے علمائے اہل بیت اور تمام اہل سنت و جماعت کا مذہب ہے نہ کہ اہل بیت سے بغض کا احتمال بلکہ ابو بکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم پوری زندگیوں میں اہل بیت کے خادم رہے اور اہل بیت کی محبت ان کے دلوں میں گھٹی تھی اور محبت اہل بیت کے پیکر رہے ہیں۔

Marfat.com

**جواب سوال نمبر ۳:**

سورت احزاب میں پارہ نمبر ۲۲ کی ابتدائی آیات میں ازواج نبی کریم ﷺ کا خاص تذکرہ مو
جود ہے انہیں ازواج مطہرات کے لئے "یا نساء النبی لستن کا حد من النساء
وقرن فی بیوتکن" کے بعد آیت تطہیر کا ترتیب سے آنا ازواج مطہرات امہات المؤمنین
کو اہل بیت ماننا حق اور سچ ہے علاوہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے گھر والوں کے متعلق "یا اہل
البیت" کا لفظ قرآن میں موجود ہے تو آنحضرت کریم ﷺ اور ازواج امہات المؤمنین
بھی اہل بیت قطعاً یقیناً ہیں۔

اقبال مصطفوی

2010-03-08

رئیس التبلیغ داتا دربار لاہور

محکمہ مذہبی امور و اوقاف گورنمنٹ آف پنجاب

Marfat.com

## فتویٰ دارالعلوم انجمن نعمانیہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"الجوا ب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب" الحمد لله الذى هدانا و كفانا واوانا عن الرفض والخروج وكل بلا ء نجا نا والصلوة والسلام على سيد نا ومولانا و ملجانا و ما وانا محمد واله وصحبه الاولين ايمانا و الا حسنين احسانا والا مكنين ايقا نا (آمين)

سید نا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان رفیع میں تنقیص کرنا رافضیوں کا معمول ہے اللہ تعالیٰ کے کرم سے سید نا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ گناہ سے محفوظ ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سورہ حدید میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی دو قسمیں فرمائیں ہیں۔

۱۔ مومنین قبل فتح۔

۲۔ مومنین بعد فتح اور ان کو ان پر تفضیل دی اور فرمایا دیا" وكلا وعدالله الحسنى" سب سے اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا وعدہ فرمالیا اور ساتھ ہی ارشاد فرمایا" والله بما تعلمون خبير"( پارہ ۲۷ آیت نمبر ۱۰) یعنی اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کرو گے۔ تو جب اس نے ان کے تمام اعمال جان کر حکم فرما دیا کہ سب سے ہم جنت اور بے حساب کرامت وثواب کا وعدہ فرما چکے تو دوسرے کو کیا حق رہا کے ان کی کسی بات پر طعن کرے۔ کیا طعن کرنے والا اللہ تعالیٰ سے جدا اپنی مستقل حکومت قائم کرنا چاہتا ہے۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا:

وسيجنبها الا تقى الذى يؤتى ماله يتزكى وما لاحد عنده من نعمة تجزى الاابتغا ء وجه ر به الا على ولسوف يرضى"

(پارہ ۳۰ سورہ لیل)

اور بہت دور رکھا جائے گا اس سے جو سب سے بڑا پرہیز گار ہے جو اپنا مال دیتا ہے کہ ستھرا ہو اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جسکا بدلہ دیا جائے صرف اپنے رب کی رضا چاہتا جو سب سے بلند ہے اور بیشک وہ قریب ہے کہ راضی ہوگا۔

اہل سنت وجماعت کے مفسرین کا اجماع ہے اس پر کہ یہ آیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی اور "الا تقی" سے وہ ہی مراد ہیں۔

(فتاوی رضویہ شریف جلد ۲۹ ص ۵۰۵)

جسکو اللہ تعالیٰ سب سے بڑا پرہیز گار فرمائے اسکے بارے میں کوئی بدبخت زبان دراز کرے تو وہ کس قدر گمراہ و بد مذہب ہے۔اور اگر یہ کلمات یعنی گنہگار) بطور طعن کہے تو کافر ہے۔جیسا کہ فتاوی رضویہ شریف جلد ۶ ص ۳۷ قدیم میں ہے۔

" قال الصدر الشريعة من سب الشيخين اولعنهما يكفرولا يقبل توبته واسلامه"

۲) جو شخص سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فضلیت کا انکار کرے وہ گمراہ و بد مذہب ہے اور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فضلیت کا انکار نہیں کرتا مگر رافضی۔اور اگر خلافت کا انکار کرے تو انہیں خلیفہ برحق نہ مانے تو مطلقاً کافر ہے۔

Marfat.com

جیسا کہ فتاویٰ رضویہ شریف جلد نمبر ۶ قدیم میں ہے۔

من فضل علیا علی الثلا ثة رضی اللہ عنہم فمبتدع وان
انکرخلافة الصدیق اوعمر رضی اللہ عنہما فھو کافر۔

یعنی جو مولیٰ علی شیر خدا رضی اللہ عنہ کو تینوں یاروں سید نا صدیق اکبر، سید نا عمر فاروق، سید نا عثمان غنی رضی اللہ عنہم پر فضلیت دے تو گمراہ بدعتی ہے اور اگر صدیق اکبر یا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی خلافت کا انکار کرے تو کافر ہے۔

اسی طرح فتاویٰ رضویہ شریف جلد ۱۴ ص ۵۰ میں ہے۔ ایسے ہی فتح القدیر شرح ھدایہ حاشیہ تبیین العلامہ احمد الشلبی وجیز کردری میں ہے۔ ان فقہاء کرام و بزرگان دین نے سیاسی و روحانی کی تقسیم نہیں فرمائی۔ کیا یہ سیاسی و روحانی تقسیم کرنے والا ان سے زیادہ سمجھدار ہے۔ اہل سنت و جماعت کا عقیدہ ہے سید نا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے سب سے افضل ہیں جیسا کہ فتاویٰ رضویہ شریف ج ۲۸ ص ۸۷ میں ہے کہ شرح مقاصد للتفتا زانی میں ہے۔ "قال اہل السنته الا فضل ابو بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم جو یہ" عقیدہ نہ رکھے وہ اہل سنت سے خارج ہے۔

۳) ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن بھی اہل بیت میں داخل ہیں اگر صرف چار نفوس مقدسہ ہی مراد لیے جائیں اور ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو شامل نہ کیا جائے تو یہ اول درجہ کی جہالت ہے۔ کیونکہ قرآن پاک میں اگر غور کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ اہل بیت سے مراد بیوی بھی ہے مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ پاک حضرت صفوراء رضی اللہ عنہا کے لیے "اھل" استعمال کیا گیا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب آگ کو دیکھا تو فرمایا "فقال لا ھلہ امکثو انی انست نارا لعلی اتیکم منھا بخبر اوجذوۃ من النار لعلکم تصطلون" (پ ۲۰) اس آیت کریمہ میں بیوی کو اھل کہا گیا ہے۔

Marfat.com

۲) حضرت یوسف علیہ السلام کے بارے میں جب زلیخا رضی اللہ عنہا نے عزیز مصر سے کہا حالانکہ قطعاً آپ ( یوسف علیہ السلام) کی طرف سے کوئی غلط خیال تک بھی نہ تھا "قالت ما جزاء من اراد باھلک سوء" یعنی کیا جزا ہے اس کے لیے جو تیری بیوی سے برائی کا ارادہ کرے (پارہ ۱۲ یوسف) اس آیت کریمہ میں بھی بیوی کے لیے کلمہ اھل استعمال کیا گیا۔

۳) حضرت موسی علیہ السلام جب شیر خوار بچے کی حیثیت سے فرعون کے محل میں پہنچے تو انکو ایسی عورت کی ضرورت تھی جو ان کو دودھ پلائے آپکی ہمشیرہ نے آکر کہا "فقالت هل ادلكم على اهل بيت يكفلونه لكم" ( پ ۱۰ القصص) یعنی میں تم ایسے گھر والے نہ بتاؤں جو اس بچہ کی کفالت کا ذمہ لیں۔

اس آیت کریمہ سے بھی اہل بیت سے مراد حضرت موسی علیہ السلام کی والدہ ماجدہ رضی اللہ عنہا ہیں ان کو گھر والی فرمایا گیا ان آیات بینات سے (اختصار کرتے ہوئے) معلوم ہوا کہ لفظ اہل بیت بیوی گھر والی اور گھر والوں کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ لہذا آیت تطہیر میں ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن شامل ہیں دیکھو تفسیر خازن۔ نیشاپوری۔ معالم التنزیل وغیرہ۔

(۴) نعرہ تحقیق کے جواب سے بغض اہل بیت کی بو آتی ہے کہنے والے کے قول سے خود بغض خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کی بو آرہی ہے چاروں یاروں رضی اللہ عنہم سے بغض رکھنا اہل سنت و جماعت سے خروج کی علامت ہے

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

محمد حبیب رضا رضوی صاحب

22 ربیع الاول شریف ۱۴۳۱ھ بمطابق ۹ مارچ ۲۰۱۰

Marfat.com

# فتوی جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب:

مسؤلہ صورت میں حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر گناہ کا بہتان فضلیت کا اور خلافت کا انکار یہ سب صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہے اور خلافت کا انکار ہے اور ازواج مطہرات کو اہل بیت سے خارج کرنا اور نعرۂ تحقیق سے اختلاف یہ سب رافضیت کی علامات ہیں، فتح القدیر میں ہے۔

" فی الروافض من فضل علیا علی الثلثه رضی اللہ عنہم فمبتدع وان انکر خلافة الصدیق او عمر رضی اللہ عنہما فهو کافر"

یعنی رافضیوں میں سے جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو باقی تین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر فضلیت دی وہ بدعتی اور اگر کسی نے خلافت صدیقی اور خلافت فاروقی رضی اللہ عنہما کا انکار کیا تو وہ کافر ہے۔ فتاوی خلاصہ میں ہے:

"فی الروافض ان فضل علیا علی غیره فمبتدع وان انکر خلافة الصدیق رضی اللہ عنہ فهو کافر"

Marfat.com

در مختار میں ہے:

" کل مسلم ارتد وتوبته مقبولة الا الكافر بسب نبی او الشیخین او احدهما"

یعنی ہر وہ مسلمان جو مرتد ہو گیا اس کی توبہ قبول ہے مگر وہ کافر جس نے کسی نبی یا ابو بکر و عمر یا ان میں سے کسی ایک کو گالی دی۔ اسی میں ہے "من سب الشیخین او طعن فیهما كفر ولا تقبل توبته" یعنی جس نے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو گالی دی یا ان پر طعن کیا تو وہ کافر ہے اس کی توبہ قبول نہ کی جائیگی الغرض کہ اس شخص کے مذکورہ عقائد مشیر ہیں کہ یہ شخص رافضیت کی پیداوار ہے۔ عقود الدریہ میں ہے۔

"الروافض كفرة جمعوا بين اصناف الكفر عنها انهم ينكرون خلافة الشيخين وعنها انهم يسبون الشيخين سود الله وجوهم فی الدارين فمن اتصف بواحد من هذه الامور فهو كافر"

یعنی رافضی کافر ہیں یعنی طرح طرح کے کفروں کے مجمع میں از انجملہ خلافت شیخین کا انکار کرتے ہیں۔ از انجملہ شیخین کو برا کہتے ہیں اللہ تعالیٰ دونوں جہانوں میں رافضیوں کا منہ کالا کرے جو ان میں سے کسی بات سے متصف ہو کافر ہے۔

تو ثابت ہو گیا کہ یہ عقائد رکھنے والا بد مذہب رافضی ہے اس کو سنیت سے کچھ تعلق نہیں۔

واللہ اعلم بالصواب

محمد تنویر القادری

نائب مفتی جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

07.03.2010

Marfat.com

فتوی مفتی محمد ابراھیم چشتی دامت برکاتھم العالیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون اللہ الوھاب وھو الموفق للصواب

مستفتی نے استفتاء میں چار سوال ذکر کئے ہیں۔ ان میں سے سوال اول میں شبہ کفر پایا جاتا ہے اور باقی تین سوالوں میں شبہ کفر نہیں پایا جاتا اور ایسا عقیدہ رکھنے والا آدمی بدعقیدہ اور فاسق ہے جس کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز نہیں۔

کتبہ العبید الذلیل

محمد ابراھیم عفی عنہ الرحیم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایک مسلمان پر جس طرح نبی اکرم ﷺ کی تعظیم و تکریم واجب ہے اسی طرح نبی اکرم ﷺ کی ہر نسبت کی تعظیم و تکریم واجب اور لازم ہے۔ اہل بیت، ازواج مطہرات اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یہ سب کے سب اسی پاکیزہ نسبت کے مختلف عنوانات ہیں۔ اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے اپنے محبوب مکرم جناب محمد مصطفی ﷺ کے لئے ہمیشہ ایسی چیز کا انتخاب فرمایا ہے جو آپ کے شایان شان ہو اس لئے نبی اکرم ﷺ کو عطا کی جانے والی چیزوں میں سے کسی کو بھی عیب دار قرار دینا درحقیقت نبی اکرم ﷺ کو ایذا پہنچانا ہے۔ اور نبی اکرم ﷺ کو ایذا پہنچانا درحقیقت اللہ کو ایذا پہنچانا ہے۔ لہذا جس طرح نبی اکرم ﷺ کے والدین کریمین اور اولاد امجاد کی تعظیم واجب ہے اسی طرح آپ ﷺ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کی تعظیم واحترام بھی واجب اور لازم ہے۔ جو لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور اہل بیت اطہار کی تعظیم پر زور دیتے ہیں اور ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کی شان میں بے ادبی کا ارتکاب کرتے ہیں یا دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو لعن وطعن کرتے ہیں انہیں سوچنا چاہیے کہ وہ نسبت رسول کے معاملہ میں اس دوسری پالیسی کا شکار کیوں ہیں؟ قرآن کریم "رضی اللہ عنہم" فرما کر تمام صحابہ رضی اللہ عنہم سے راضی ہونے کا اعلان فرماتا ہے تو پھر بعض لوگوں کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ناراضگی اور قلبی تکالیف کیوں ہے؟ اور اسی طرح جو لوگ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو اہل بیت کا حصہ نہیں مانتے وہ اس پر غور کیوں نہیں کرتے کہ ازواج رضی اللہ عنہن کے بغیر اہل بیت کا وجود میں آنا ظاہراً ممکن نہیں ہے کیونکہ زوجہ کے بغیر گھر کی تشکیل اور اولاد کا سلسلہ کیونکر ہو سکتا ہے! لہذا ازواج مطہرات تو اہل بیت میں لازماً اور قطعاً شامل ہیں۔ سوال میں جس شخص کے متعلق پوچھا گیا ہے وہ چونکہ

Marfat.com

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان میں نازیبا کلمات کا مرتکب ہوا ہے اور آپ کی شخصیت پر سب و شتم کیا ہے۔ اس لئے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔[1]

میں ہے کہ جو شخص حضرت ابو بکر و عمر میں سے کسی کی خلافت کا انکار کرے یا ان کے بارے میں نازیبا کلمات کہے وہ کافر ہے۔ در مختار[2] میں بھی اسی طرح ہے۔

مزید تفصیل و تحقیق امام احمد رضا فاضل بریلوی کا رسالہ "رد الرفضہ" ملاحظہ فرمائیں۔ فتاوی رضویہ: ۲۵۰/ ۱۴ پر رسالہ موجود ہے۔[3]

واللہ ورسولہ اعلم بالصواب

کتب محمد اسماعیل قادری نورانی غفرلہ
۷ ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ ۲۴ مارچ ۲۰۱۰

---

(1) عقود الدریہ ۱/۹۲
(2) در مختار (۱/۳۵۷)
(3) فتاوی رضویہ ج ۱۴ ص ۲۵۰ مطبوعہ لاہور

Marfat.com

مانو نہ مانو آپ کو یہ اختیار ہے
ہم نیک وبد جناب کو سمجھائے جاتے ہیں

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں حضور نبی کریم ﷺ اور آپ اہل بیت کرام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ پکی سچی محبت کرنے اور ان کے گستاخوں کا رد کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور فقیر کی حقیر سی سعی کو حق چار یار کے توسل سے اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرما کر بخشش کا ذریعہ بنائے۔(آمین ثم آمین)

وما علینا الا البلاغ

والصلوة والسلام
علی سیدنا ومولنا محمد
وعلی آله واصحابه خصوصا علی خلفاۂ الاربعة
ابی بکر وعمر وعثمان وعلی جمیع امته
وعلینا معهم اجمعین

Marfat.com

Marfat.com

# ﴿مآخذ و مراجع﴾


- القرآن الکریم
- صحیح بخاری شریف
- صحیح مسلم شریف
- سنن ابی داؤد
- سنن ابن ماجه
- جامع ترمذی
- ریاض النضرة فی مناقب العشرة
- الشفاء فی تعریف حقوق المصطفٰی ﷺ
- کتاب الشریعة للآجری
- عقائد نسفی
- تکمیل الایمان
- حدائق بخشش
- مہر منیر
- سنی شیعه بھائی بھائی کیسے
- مشکوة المصابیح
- مسند الشامین
- الفتاویٰ الحدیثیه
- تفسیر قرطبی
- شرح مشکل الآثار
- البدر المنیر
- الضعفاء
- الحاوی للکبیر
- تہذیب اللغة
- قوة القلوب فی معاملة المحبوب
- الصواعق المحرقة
- مکتوبات امام ربانی
- الکشف والبیان فی تفسیر القرآن
- تفسیر اللباب لابن عادل
- تفسیر مظہری
- لباب التاویل فی معانی التنزیل
- تفسیر السراج المنیر
- نبراس شرح شرح عقائد
- نور العرفان
- الصارم المسلول علی شاتم الرسول
- شم العوارض فی ذم الروافض
- المعجم الاوسط
- السنة لابن ابی عاصم
- السنن الواردة


Marfat.com

- مجمع الزوائد
- العلل الواردۃ فی الاحادیث النبویہ
- الکامل فی الضعفاء
- الاسامی والکنی
- الفتح الکبیر فی ذم زیادۃ الی جامع الصغیر
- الجامع الاحادیث
- کنز العمال
- جمع الجوامع
- غنیۃ الطالبین
- فتاوی رضویہ شریف
- خطرہ کی گھنٹی
- ملفوظات اعلی حضرت
- شرح العقیدۃ الطحاوی
- رسائل ابن عابدین شامی
- الاصل فی تمییز الصحابہ
- اصول السرخسی
- شرح شفاء لعلی قاری
- وصایا شریف
- نجوم الفرقان
- شان صحابہ مسند ابی یعلی
- المعجم الکبیر
- جامع الاصول من احادیث الرسول ﷺ
- مناقب الاسد الغالب
- سبل الھدی والرشاد
- شرح الامام نووی علی صحیح مسلم
- الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ
- ارشاد الساری علی البخاری
- تفسیر جلالین
- حاشیہ جلالین
- تفسیر مدارک التنزیل
- شرح شمس العلماء علی المرقاۃ
- دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ
- سوالات مؤمنین جوابات 33 علمائے دین
- نعرہ حیدری
- تاجدار صداقت
- مفتی اعظم ھند
- ملفوظات مہریہ
- تصفیہ مابین سنی وشیعہ
- مختصر المعانی
- شروح التلخیص

Marfat.com

- دسوقی شرح مختصر المعانی
- الاتقان فی علوم القرآن
- حاشیہ چلپی علی المطول
- مرقاۃ
- سلم العلوم
- بحر العلوم علی سلم العلوم
- شرح الشمسیہ
- حاشیہ شریف خان علی حمد اللہ
- حمد اللہ شرح سلم العلوم
- شرح تہذیب لعبد اللہ یزدی
- مجموعہ منطق
- البیان الشافی فی حل ایساغوجی
- ہدیہ شاہجہانیہ شرح مرقاۃ میزانیہ
- شرح تہذیب فارسی
- قطبی شرح شمسیہ
- مراۃ الشروع علی سلم العلوم
- حاشیہ شیخ حسن عطار علی ایساغوجی
- الحاشیۃ الجدیدۃ علی میر ایساغوجی
- تعلیقات المفتی عبد اللہ التونکی علی الحاشیۃ الجدیدۃ علی میر ایساغوجی
- حاشیہ عبد الحکیم علی القطبی و علی حاشیہ المیر علی القطبی
- شرح الشمسیہ
- تحریر کند یا شرح سلم العلوم
- سعدیہ شرح شمسیہ
- دفع الاشتباہ شرح حمد اللہ
- فتح اللہ شرح حمد اللہ
- رفع الغواشی شرح حمد اللہ
- ازالۃ الخفاء شرح حمد اللہ
- تعلیقات علامہ احمد حسن علی حمد اللہ
- تعلقیات مفتی عبد اللہ ٹونکی علی حمد اللہ
- التعلیقات علی حمد اللہ لملا احمد حسن کانپوری
- شرح عبد الحق خیر آبادی علی حمد اللہ
- کافیہ ابن حاجب
- شرح ملاجامی
- حاشیہ عبد الغفور علی الجامی
- محرم آفندی علی شرح الجامی

Marfat.com

حاشیہ ملا جمال وعبد
الرحمن علی شرح جامی
حاشیہ ملا عصام الدین
اسفرائنی علی الجامی
حاشیہ محمد بن محمد
البسنوی علی بامش محرم
آفندی علی الجامی
- علوم الاولیاء
- تذکرۃ اکابر اہل سنت
- تقدیس الوکیل
- زاد المسیر
- روح المعانی
- تفسیر خازن
- کنز الایمان شریف
- نور الابصار
- نزہۃ المجالس
- تفسیر کبیر
- تفسیر الجامع لاحکام القرآن
- تفسیر ابن کثیر
- تفسیر سمرقندی
- شرف المصطفٰے ﷺ
- تفسیر حسنات
- فضائل چہار یار
- منقبت چار یار مع حسنین
- قصص الانبیاء
- مسند الفردوس
- مرقاۃ المفاتیح
- حواشی اشعۃ اللمعات
- فتاویٰ بہرهند
- مراۃ المناجیح
- مناقب خلفاء راشدین
- تمہید ابوشکور سالمی
- سخن رضا
- میلاد خیر الانام
- المقاصد الحسنہ
- کشف الخفاء
- تہذیب تاریخ دمشق
- اللآلی المصنوعہ
- حضرات القدس
- الفتح المبین
- ہدایۃ المسلمین
- مؤطا امام مالک
- مستدرک للحاکم علی
الصحیحین
- قلائد الجواہر
- الروض الفائق
- مدارج النبوت
- اسد الغابہ


Marfat.com

- تاریخ ابن عساکر
- مصباح الظلام
- شواھد الحق
- حلیۃ الاولیاء
- طبرانی کبیر
- فضائل الصحابہ لامام احمد بن حنبل
- فضائل الخلفاء الراشدین لابن نعیم اصفہانی
- روح البیان
- الاسالیب البدیعہ
- محض الصواب فی فضائل امیر المؤمنین عمر ابن الخطاب
- الوھم والایہام
- کشف الاستار عن زوائد البزار
- تاریخ بغداد
- تہذیب الکمال
- تہذیب التہذیب
- شرح مذاھب اھل السنۃ ابن شاھین
- اصول السنۃ ابن ابی زمنین
- موضع اوھام الجمع والتصریف
- تاریخ الاسلام لامام ذھبی
- منہاج القاصدین موفق الدین
- الروض الانیق فی فضائل الصدیق
- فتح المغیث
- الخصائص الکبری
- روداد مناظرہ
- لسان المیزان
- العبر
- الوافی بالوفیات
- طبقات الحفاظ
- شذرات الذھب
- النجوم الزھرۃ
- الثقات لابن حبان
- اللباب
- معجم البلدان
- الجرح والتعدیل
- الانساب
- تذکرۃ الحفاظ
- میزان الاعتدال
- البدایہ والنہایہ
- خلاصہ تہذیب الکمال
- تقریب التہذیب
- طبقات ابن سعد

Marfat.com

- تاریخ الدوری
- طبقات حلیفه
- تاریخ الکبیر للبخاری
- الکنی للمسلم
- سیر اعلام النبلاء
- المدخل الی الصحیح
- الکاشف
- السابق و اللاحق
- الثقات العجلی
- تاریخ ابو زرعة الدمشقی
- رجال صحیح مسلم لابن سنجویہ
- رجال بخاری للباجی
- اکمال مغلطائی
- تاریخ یحیی بروایة الروری
- معرفة التابعین
- کتاب الفوائد
- ازالة الخفاء
- سبع سنابل
- السنن الکبری للنسائی
- مسند احمد بن حنبل
- مسند بزار
- سنن دار قطنی
- مصنف ابن ابی شیبہ
- الطبقات الکبری
- الادب المفرد للبخاری
- حیات اعلی حضرت
- الحاوی للفتاوی
- سچی حکایات
- مسند ابی حنیفہ
- تاریخ الخلفاء
- مرقاة الصعود
- التمہید لمانی الموطا من المعانی والمسانید
- المستند المعتمد نجاة الابد
- تفسیر ابن عباس
- تفسیر القشیری
- مجالس المومنین
- احیاء العلوم
- مطلع القمرین
- الیواقیت والجواهر
- فتح الباری
- شرح فقہ اکبر
- سیف العطاء
- مناقب ابن شہر آشوب
- بحر الفوائد المشہور بمعانی الاخبار
- شرح معانی الآثار


Marfat.com

- آثار السنن
- شرح العقائد النسفیہ
- التمہید فی بیان التوحید
- الاقتصاد فی الاعتقاد
- تبیین کذاب المفتری
- تفہیمات الٰہیہ
- عقائد نظامیہ
- مرآۃ العاشقین
- فقہی اسلام کا
انسائیکلوپیڈیا
- اسلام کی گیارہ کتابیں
- شان حبیب الرحمن
- سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
ازمحدث اعظم پاکستان
- سوانح کربلا
- بہار شریعت
- مظہر العقائد
- توضیح العقائد
- ریاض شریعت
- دین مصطفٰی ﷺ
- خطبات سلطان الواعظین ۔
ابوالنور محمد بشیر
- ہاتھ پاؤں چومنے کا ثبوت
- انفاس العارفین
- الدر الثمین
- القول الممجد فی برکات اسم
محمد
- مسند ابی یعلی
- السنن الکبری للبیہقی
- مصنف عبد الرزق
- دیوان سالک
- یاران مصطفے ﷺ مع
وارثان خلافت راشدہ
- پردیس جنڈری
- کلیات امدادیہ
- نیر اعظم
- کلام میاں محمد بخش
- گلشن رنگیلا
- جبل نور
- حافظ الایمان
- مثنوی مولانا روم
- مناقب صحابہ
- نام حق
- قصیدہ بردہ شریف
- صلوۃ العارفین فی اسرار
معرفت
- بدائع منظوم
- ایمان کامل


Marfat.com

- انوار الصیام
- مجموعہ نحو میر
- احوال الآخرت
- تحفۃ الصلوۃ الی النبی المختار
- ضرب حیدری
- پندنامہ
- کلام وارث شاہ
- عرفان شریعت
- حاشیہ محمد الدین شیخ زادہ علی تفسیر البیضاوی
- طبرانی صغیر
- الرسالۃ القشیریہ
- شرح شرح نخبۃ الفکر
- فضائل الصحابہ و مناقبہم
- سیرت رسول عربی ﷺ
- مواہب اللدنیہ
- عمدۃ التحقیق
- امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر
- تطہیر الجنان
- النار الحامیہ
- السیرۃ الحلبیہ
- الاکمال فی اسماء الرجال
- اخبار الاخیار
- شرح الزرقانی علی المواہب
- جاء الحق
- تنزیۃ الشریعۃ
- الناھیۃ
- براہین صادق
- تحفہ اثنا عشریہ
- حاشیۃ العواصم من القواصم
- تاریخ کامل
- کتاب الروح
- منہاج السنۃ
- صافیہ لما وقع بین علی و معاویہ
- مفردات
- المنجد (اردو)
- تبصرۃ الادلہ
- فتح القدیر
- سرگزشت ابن تیمیہ
- نہج البلاغہ


Marfat.com

## امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

جو شخص خلفاء اربعہ کو برابر جانے اور ان کے مابین ایک کو دوسرے پر فضلیت دینے کو فضول سمجھے وہ خود بڑا فضول اور احمق ہے کتنا عجیب بو الفضول ہے وہ شخص جو اہل حق کے اجماع کو فضول سمجھتا ہے

(مکتوبات امام ربانی ج ا ص ۴۸۸ مکتوب نمبر ۲۶۶)

## فاتح قادیانیت پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

پاکپتن شریف عرس کے موقع پر زائرین کا پورا نعرہ یہ ہوتا ہے

اللہ محمد چار یار حاجی خواجہ قطب فرید (مہر منیر ص ۴۳۱)

## ملک المدرسین عطا محمد بندیالوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

نعرۂ تحقیق حق چار یار اہل سنت کی علامت ہے اور اس سے منع کرنیوالے کا باطن رافضی ہے اور تقیہ کے طور پر بظاہر اہل سنت کہلاتا ہے اگر نعرۂ تحقیق حق چار یار کی مخالفت کرنے والوں کی منطق تسلیم کرلی جائے تو محمد رسول اللہ سے لازم آئے گا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی رسول اللہ نہیں تو اس طرح آدمی دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے

ان سب خرابیوں کا سبب جہالت ہے۔

لہذا نعرۂ تحقیق حق چار یار سے کوئی منافق، رافضی ہی منع کریگا، بلکہ اس نعرہ کا مرتبہ نعرۂ حیدری اور نعرۂ غوثیہ سے بھی مقدم تر اور بلند تر ہے۔

سیف العطا، ص ۱۴۱، ۱۴۲

مکتبہ ضیائیہ راولپنڈی

Marfat.com